گنجینۂ معنی کا طلسم

(اشاریۂ دیوانِ غالب)



مرتب: رشید حسن خاں

مجلس ترقی ادب، لاہور

گنجینۂ معنی کا طلسم

(اشاریۂ دیوانِ غالب)

مرتب:

رشید حسن خاں

مجلسِ ترقّیِ ادب ○ ۲۔ نرسنگھ داس گارڈن، کلب روڈ، لاہور

ویب سائٹ: www.mtalahore.com

گنجینۂ معانی کا طلسم (اشاریۂ دیوانِ غالب)

مرتب: رشید حسن خاں

(میرزا اسد اللہ خان غالب کے ایک سو پچاس ویں سالِ وفات کی مناسبت سے)

طبع اوّل: فروری ۲۰۱۹ء/ جمادی الثانی ۱۴۴۰ھ

تعداد: ۶۰۰

ناشر : ڈاکٹر تحسین فراقی
ناظم مجلسِ ترقّیِ ادب، لاہور

مطبع : مکتبہ جدید پریس، لاہور

قیمت : -/۱۶۰۰ روپے

فون : 99200856 , 99200857

ای میل : majlista2014@gmail.com

یہ کتاب محکمۂ اطلاعات و ثقافت حکومتِ پنجاب کے تعاون سے شائع ہوئی

فہرست

حرفِ چند

رشید حسن خاں (۱۹۲۵-۲۰۰۶ء) ہمارے عہد کے ایسے نامور محقق تھے جن کی پوری زندگی قلم و قرطاس سے ان کے مسلسل اور شکست ناپذیر تعلق کی گواہی دیتی ہے۔ انھیں اُردو قواعد، املا اور لغت و زبان سے طبعی مناسبت تھی۔ ان موضوعات اور ان کے علاوہ تدوینِ متن وغیرہ سے اسی فطری مناسبت کے باعث اُنھوں نے متعدد اہم کتابیں تحریر کیں جو اُردو زبان کے چاہنے والوں، دانشوروں اور دانشگاہوں کے اساتذہ اور طلبہ و طالبات کے لیے انمول گنجینے کی حیثیت رکھتی ہیں۔ رشید حسن خاں کلاسیکی اُردو متون میں پیرے ہوئے اور لفظ و لسان کے تہ رس پارکھ اور محقق تھے۔ ان کا عربی اور فارسی زبانوں کا علم کافی و وافی تھا، اُردو کے نامور قدیم و جدید تخلیق کاروں کے عشاق میں سے تھے۔ انھی میں غالب بھی شامل ہیں جن کے دیوان کا ایک بے مثال اشاریہ ''گنجینۂ معنی کا طلسم'' کے زیرِ عنوان اُنھوں نے سالہاسال کی جگر توڑ کاوش و محنت کے بعد اپنی وفات سے کچھ عرصہ پہلے تیار کر لیا تھا اور اشاعت کے لیے انجمن ترقی اُردو (ہند) کے سپرد کر دیا تھا۔ پھر نہ معلوم کیا بجوگ پڑا کہ کتاب سالہاسال تک اشاعت سے محروم رہی تا آنکہ انجمن کے موجودہ جنرل سیکرٹری ممتاز ادیب محی اطہر فاروقی صاحب کی کاوشوں سے اس کی پہلی جلد غالب انسٹی ٹیوٹ کے زیرِ اہتمام اور انجمن کے اشتراک سے چند سال پہلے شائع ہوگئی۔ (واضح رہے کہ ''گنجینۂ معنی کا طلسم'' کا کمپوزشدہ مسودہ تین جلدوں پر مشتمل ہے)۔ میری خوش قسمتی ہے کہ مجھے بھی فاروقی صاحب کی طرح رشید حسن خاں سے گہرا تعلق خاطر رہا۔ ان سے چند خطوں کا تبادلہ بھی ہوا، ملاقاتیں تو متعدد رہیں۔ میرے اشتیاق کو دیکھتے ہوئے فاروقی صاحب نے کمال مہربانی سے ''گنجینۂ معنی کا طلسم'' کی تینوں جلدوں کا کمپوز شدہ مسودہ مجھے بھیج دیا اور اب یہ تینوں جلدیں اُن کی باقاعدہ اجازت سے ایک ہی جلد میں ان کے شکریے کے ساتھ شائع کی جارہی ہیں۔

اُردو کے بے مثل اور طرحدار شاعر غالب کا کلام، کیا اُردو، کیا فارسی، واقعی ''گنجینۂ معنی کا طلسم'' اور ''نقش ہائے رنگ رنگ'' سے عبارت ہے۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ ان کے کلام کا ایک مفصل، مُحشّٰی اور محققانہ اشاریہ تیار کیا جائے۔ رشید حسن خاں نے اس ضرورت کو بہ طریقِ احسن پورا کیا۔ یقین ہے کہ ان کا یہ آخری کام بھی ان کے اعلیٰ تحقیقی و علمی کارناموں میں شمار ہوگا۔ اپنے مفصل اور عالمانہ مقدمے میں اُنھوں نے اپنی غیر معمولی شعرفہمی اور محققانہ زیرکی کا جابجا ثبوت مہیا کیا ہے۔ اُنھوں نے کس قدر درست لکھا ہے:

> ''کسی لفظ کو ہم کاغذ پر لکھیں تو وہ محض ایک نقش معلوم ہوگا، ایک شکل ہوگی غیر متحرک۔ اس وقت ہم صرف اس کے متعارف معنی سے واقف ہوں گے۔ اسی لفظ کو جب ہم کسی شعر میں پڑھتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ

اس کے باطن میں چھپی ہوئی معنویت نمایاں ہونے لگی ہے... کسی بڑے شاعر کے مجموعۂ کلام میں کتنے لفظ ہیں؟ ان کا اشاریہ بنانا بھی دل چسپ کام ہے لیکن یہ دیکھنا اس سے بھی زیادہ دل چسپ اور ضروری ہے کہ مختلف الفاظ نے کیسی کیسی نسبتوں کی تشکیل کی ہے۔"

حقیقت یہ ہے کہ بڑے شاعر کے ہاں لفظ ایک مجرد آواز نہیں، متعدد اور معنی خیز آوازوں اور تلازموں کا ایک حیرت آفریں مجموعہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شاعر لغت کا نہیں، لغت شاعر کا محتاج ہوتا ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ بڑا تخلیق کار لفظ گر اور خلاقِ معانی ہوتا ہے۔ وہ اپنی فکر کی کارگاہ میں لفظوں کے چاند سورج ڈھالتا ہے جن سے لغت ولسان کو نئی زندگی اور طرفہ تازگی ملتی ہے۔ غالب کا شمار بھی ایسے ہی لفظ گروں اور معانی کے لعل وگہر ڈھالنے والوں میں ہوتا ہے۔

پیشِ نظر کتاب میں رشید حسن خاں نے دیوانِ غالب کے نسخۂ عرشی (طبع اوّل ۱۹۵۸ء) کو بنیادی نسخے کے طور پر استعمال کیا ہے۔ ان کے خیال میں بعض کمیوں اور فروگذاشتوں کے باوجود نسخۂ عرشی طبع اوّل ہی کو کتابِ حوالہ کی حیثیت حاصل ہے۔ طبع ثانی میں جو اضافے ہیں، ان میں بہت سا دخل اکبر علی خاں عرشی زادہ کو ہے۔ گو کہ رشید حسن خاں نے اشاریے کی بنیاد طبع اوّل ہی کو بنایا ہے مگر ہر شعر کا طبع ثانی کے متن سے تقابل ضرور کیا ہے اور بعض جگہ طبع ثانی سے استناد بھی کیا ہے۔ علاوہ ازیں اُنھوں نے غالب پر ڈاکٹر گیان چند کی کتاب "تفسیرِ غالب" کو بھی پیشِ نظر رکھا ہے اور متنِ اشعار کے سلسلے میں اس سے بھی استفادہ کیا ہے۔ رشید حسن خاں نے اپنے مقدمے میں متنِ غالب کے سلسلے میں جو دادِ تحقیق دی ہے اس کا اعتراف نہ کرنا ظلم کے مترادف ہے۔ اس ضمن میں اُنھوں نے غالب کے دیگر آثار کو بھی پیشِ نگاہ رکھا ہے۔ انھیں اس بات کی توقع تھی اور بجا طور پر کہ نقد ونظر سے تعلق رکھنے والے اصحاب ان کی اس [آخری] کاوش کو بہ نظرِ استحسان دیکھیں گے اور اس میں شامل بعض تنقیدی مباحث کو اس کے مندرجات سے نئی روشنی ملے گی۔

"گنجینۂ معنی کا طلسم" ڈاکٹر اطہر فاروقی کے مکرر شکریے کے ساتھ شائع کی جارہی ہے۔ ان کا یہ ایثار کچھ کم قابلِ داد نہیں کہ اُنھوں نے کم وبیش چودہ سو صفحات پر مشتمل کمپوز شدہ مسودہ مجلس ترقی ادب کو ہدیہ کیا۔ مجلسِ ترقی ادب کے اربابِ علم کے لیے یہ امر باعثِ افتخار ہے کہ "گنجینۂ معنی کا طلسم" غالب کے ایک سو پچاسویں سالِ وفات کے موقعے کی مناسبت سے شائع کی جارہی ہے۔ یقین ہے کہ اس کتاب سے نہ صرف غالب شناسی کی کئی نئی راہیں کھلیں گی بلکہ خود رشید حسن خاں کی روح بھی آسودہ ہوگی کہ اپنی تکمیل کے چودہ برس بعد بالآخر یہ کتاب ایک ہی مجلّد میں اشاعت کی روشنی دیکھ رہی ہے۔

۱۵ر فروری ۲۰۱۹ء

——ڈاکٹر تحسین فراقی

☆☆☆

حرفِ آغاز

رشید حسن خاں صاحب مرحوم کی یہ کتاب نہ جانے کتنے حادثات سے گزری بالآخر شائع ہورہی ہے۔ یہ کتاب تقریباً 13 برس تک کیوں شائع نہ ہوئی اس کی کہانی نہایت پُراسرار ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ یہ کتاب اس عبرت ناک انجام کو نہ پہنچی جو حشر سیکشن اکبرآبادی کی انجمن ترقی اردو (ہند) کی دعوت پر تیار کردہ فرہنگِ نظیر اکبرآبادی کا ہوا تھا۔ یہ اُس زمانے کی بات ہے جب انجمن علی گڑھ میں پناہ گزیں تھی۔ اس کی اشاعت کسی نہ کسی بہانے سے موخر ہوتی رہی اور آخر میں کہا گیا کہ کتاب کا مسودہ ہی ضائع ہوگیا۔

رشید حسن خاں صاحب کے مزاج کی سخت گیری اور لوگوں کو ناراض کرنے کے ان کے شوق کے باوجود ان کے نیاز مندوں کا ایک ایسا حلقہ بھی تھا جسے ان کے جاں نثاروں سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔ انجمن میں بھی ایسے لوگ تھے جو رشید صاحب سے بے لوث اور بے پناہ محبت کرتے تھے۔ انھوں نے ہی اس کتاب کو ضائع ہونے سے بچایا۔

میں اپنا شمار بھی رشید صاحب کے نیازمندوں میں کرتا ہوں۔ رشید صاحب کا طریقہ یہ تھا کہ وہ اپنے پاس آنے والے خطوط فوراً ہی ضائع کردیا کرتے تھے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی کہ وہ جن لوگوں کے ساتھ بے تکلف تھے ان سے وہ کسی قسم کی رازداری نہیں رکھتے تھے۔ میں نے بھی اس طریقے کو اختیار کیا مگر جانے کیسے ان کے میرے نام لکھے ہوئے خطوط کی ایک بڑی تعداد جو نہایت ذاتی نوعیت کے تھے اور جن میں خود میری زندگی کے کئی برہنہ باب بھی تھے، محفوظ رہ گئے اور یہ تمام خطوط جناب ٹی۔ آر۔ رینا کی کتاب ''رشید حسن خاں کے خطوط'' میں شامل ہیں۔ ان خطوط کو پڑھ کر یہ احساسِ تفاخر ضرور ہوتا ہے کہ اردو کے ایک عہد ساز محقق کی مجھ پر کیسی بے پایاں نوازشات تھیں۔

بہرکیف یہ کتاب رشید حسن خاں صاحب کی دیگر کتابوں کی طرح اردو ادب میں بیش بہا اضافہ ثابت ہوگی۔

کتاب کے بار بار پروف پڑھنے کی ذمے داری ڈاکٹر ارجمند آرا صاحبہ نے اپنے ذمے لی۔ یہ ایک نہایت مشکل کام تھا جو اُن کی توجہ سے پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ کتاب کا آخری پروف جس میں خصوصاً اشعار کی قرأت پر توجہ دی گئی تھی، ڈاکٹر سرورالہدیٰ صاحب نے نہایت دیدہ ریزی کے ساتھ پڑھا۔ انجمن ترقی اردو (ہند) اور میں ذاتی طور پر ڈاکٹر ارجمند آرا صاحبہ اور ڈاکٹر سرورالہدیٰ صاحب کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جب اس کتاب کی اشاعت کی کوئی صورت نظر نہیں آرہی تھی تو میں نے غالب انسٹی ٹیوٹ سے درخواست کی تھی کہ وہ کسی طرح اس کتاب کو شائع کردیں جسے انسٹی ٹیوٹ نے قبول فرمالیا تھا۔ اب یہ کتاب غالب انسٹی ٹیوٹ اور انجمن ترقی اردو (ہند) کی مشترکہ اشاعت (تین جلدوں میں) ہے جس کے لیے میں خصوصاً انسٹی ٹیوٹ کے جواں سال ڈائرکٹر ڈاکٹر رضا حیدر صاحب کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انسٹی ٹیوٹ کے سکریٹری پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی صاحب تو انجمن کے صدر بھی ہیں اور رشید صاحب کے بے تکلف دوست بھی، اس لیے، ان کی فراخ دلی کا شکریہ ادا کرنا کس حد تک صحیح ہے، یہ بات تو رشید صاحب ہی بتا سکتے تھے۔ یہ کتاب تین جلدوں میں شائع ہوگی۔

ڈاکٹر اطہر فاروقی
جنرل سکریٹری
انجمن ترقی اردو (ہند)

مئی 2017

مقدّمہ

کسی لفظ کو ہم کاغذ پر لکھیں تو وہ محض ایک نقش معلوم ہوگا، ایک شکل ہوگی غیر متحرک۔ اُس وقت ہم صرف اُس کے متعارف معنی سے واقف ہوں گے۔ اُسی لفظ کو جب ہم کسی شعر میں پڑھتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ اُس کے باطن میں چھپی ہوئی معنویت نمایاں ہونے لگی ہے۔ اس کی وجہ شاید یہ ہوتی ہے کہ شعر میں وہ لفظ ایک خاص انداز سے، کسی طرح کی مناسبت رکھنے والے کئی لفظوں کے ساتھ مل کر آیا ہے۔ بارہا ایسا ہوا کہ کسی اچھے شعر کا کوئی ایک لفظ یادداشت میں محفوظ نہیں رہا۔ مفہوم اور وزنِ شعر کی مناسبت سے دوسرا لفظ شامل کر کے شعر مکمل کر لیا گیا؛ مگر ایک نامعلوم سی عدمِ مناسبت کا احساس خلش پیدا کرتا رہا۔ جب اصل لفظ یاد آ گیا تو یہ محسوس ہوا جیسے روشنی کی ایک کرن شاملِ مفہوم ہو گئی ہے۔ اصل لفظ کی جگہ ایک اجنبی لفظ کے آ جانے سے جو مناسبتیں بگڑ گئی تھیں، اُن کا رشتہ بحال ہو گیا ہے۔

بہت سے اشعار پہلی خواندگی میں اپنی تہ داری کو ذہن کی سطح پر پوری طرح نمایاں نہیں کرتے۔ کبھی دو بار اور کبھی کئی بار پڑھنے پر معنویت کی تہیں کھلتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ شاید اسی بات کو غالبؔ نے اپنے انداز میں کہا ہے:

جو لفظ کہ غالبؔ مرے اشعار میں آوے　　گنجینۂ معنی کا طلسم اُس کو سمجھیے

کسی بڑے شاعر [یہاں "بڑے" حقیقی معنی میں استعمال کیا گیا ہے] کے مجموعۂ کلام میں کتنے لفظ ہیں؟ اُن کا اشاریہ بنانا بھی دل چسپ کام ہے؛ لیکن یہ دیکھنا اس سے بھی زیادہ دل چسپ اور ضروری ہے کہ مختلف الفاظ نے کیسی کیسی نسبتوں کی تشکیل کی ہے۔ ایک لفظ بیس بار آیا ہے، کیا ہر جگہ ایک ہی معنی اور ایک ہی مفہوم میں آیا ہے یا معنویت نے نئے نئے انداز سے بھی خود کو نمایاں کیا ہے؟ ایسے مقامات کون سے ہیں؟ اس طرح لفظ شماری کا سادہ عمل وسیلہ بن سکتا ہے رنگا رنگ معنویت کی بازیافت اور دریافت کا۔ یہ اُسی صورت میں ہو سکتا ہے جب نگاہیں لفظوں کی صرف ظاہری شکل صورت کو نہ دیکھیں، اُس کے متعلقات کے ساتھ اُسے پڑھیں بھی۔ اس کے لیے یہ ضروری ہوگا کہ ہر لفظ کے ساتھ متعلقہ شعر بھی نظر کے سامنے رہے۔ میں اپنی بات کی کچھ وضاحت کرنا چاہوں گا۔

(۱) بیان کی وسعت بھی مرزا صاحب کی شاعری کا ایک وصف ہے۔ اس صفت کی کارفرمائی نے مرکبات کی شکل میں ایک خاص طرزِ ادا کی صورت گری کی ہے۔ مثلاً "یک" اور "دو" سادہ سے لفظ ہیں۔ ترکیبی صورت میں ان لفظوں سے ایسے ٹکڑوں کی تشکیل ہوئی ہے جن میں بے کراں وسعت سما گئی ہے۔ ان مرکبات کو دیکھیے:

> یک بختِ اوج، یک بیاباں بیضۂ قمری، یک بیاباں تپشِ بالِ شرر۔ یک بیاباں جلوۂ گل، یک بیاباں حسرتِ تعمیر، یک بیاباں ماندگی، یک جہاں اُمید، یک جہاں چینِ جبیں، یک جہاں زانو تأمل، یک جہاں قماشِ ہوس، یک جہاں ہنگامہ، یک چمن جلوۂ یوسف، ماتمِ یک شہر آرزو، یک عالم چراغاں، یک گلستاں دل، یک نیستاں عالم، یک عالم افسردگاں، یک عالم گریباں چاکیِ گل، یک عالم گلستاں۔

دو جہاں ابر، دو جہاں خوابِ پریشاں، دو جہاں ریگِ رواں، دو جہاں کیفیت، دو جہاں لالہ زار، دو جہاں ناز و نیاز، دو جہاں وسعت، دو عالم آداب، دو عالم آگہی، دو عالم اوہام، دو عالم دشت، دو عالم شورِ محشر، دو عالم فتنہ، دو عالم نیرنگ۔

اب اِن (چند) مصرعوں کو پڑھیے:

ع: اسدؔ خستہ گرفتارِ دو عالم اوہام۔

ع: دو عالم آگہی: سامانِ یک خوابِ پریشاں ہے

ع: اب میں ہوں اور ماتمِ یک شہرِ آرزو۔

ع: ہر بیاباں، یک بیاباں حسرتِ تعمیر ہے

ع: یک جہاں گل تختۂ مشقِ شگفتن ہے اسدؔ

ع: یک چمن جلوۂ یوسفؔ ہے بہ چشمِ یعقوبؔ

ع: ہوائے صبح یک عالم گریباں چاکیِ گل ہے

ان مصرعوں میں [اور ایسے دوسرے مصرعوں میں] جس بے کرانی کا عکس اُتر آیا ہے، وہ بیان کے ایک خاص انداز کی نشان دہی کر رہا ہے۔ ''یک'' اور ''دو'' کے ساتھ ایسے سب مرکبات بھی بہ یک نظر سامنے ہوں اور وہ شعر بھی جن میں یہ آئے ہیں تو ایسے مرکبات کی معنویت کا بھرپور احساس غالبؔ کے اندازِ فکر کو اور اُن کے ذہن کو (خاص کر اُن کی شاعری کے دورِ اوّل کو) سمجھنے میں کس قدر معاون ثابت ہوگا!۔

(۴) مرزا صاحب کے بہت سے اشعار میں روشنی اور رنگ کی رنگا رنگ کیفیات تہ نشیں ہیں، مثلاً:

ع: چمن کا جلوہ باعث ہے مری رنگیں نوائی کا

ع: جلوۂ گل نے کیا تھا وھاں چراغاں آبجو

ع: فرش سے تا عرش وھاں طوفاں تھا موجِ رنگ کا

ع: بہ عنقا پہ رنگِ رفتہ سے کھینچی ہیں تصویریں

ع: آج رنگِ رفتہ دورِ گردشِ ساغر ہوا

ع: رنگِ شکستہ صبحِ بہارِ نظارہ ہے

ع: باندھتا ہے رنگِ گل آئینۂ تا چاکِ قفس

ع: بہارِ نالہ و رنگینیِ فغاں تجھ سے

جلوہ، گل، غنچہ، بہار، رنگ جیسے لفظ اِس صفت کی آئینہ داری کرتے ہیں۔ مثلاً ''جلوہ'' ایک عام لفظ ہے: یہ دیوانِ غالبؔ میں ایک سو اُنتالیس (۱۳۹) بار آیا ہے۔ بہ طورِ مفرد صرف اکیس (۲۱) بار اور بہ طورِ مرکب ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) بار۔ یہ لفظ مفرد اور مرکب

صورتوں میں، خاص کر مرکّب طور پر اشعار میں جس طرح آیا ہے اگر یہ سب معنوی جہتیں بہ یک نظر سامنے آجائیں تو کیا اِس خاص صفت کو اچھی طرح سمجھنے میں مدد نہیں ملے گی؟

(۳) متداول دیوانِ غالبؔ کے پہلے شعر [نقش فریادی ہے...] کی تشریح میں اہلِ نظر نے بہت کچھ خیال آرائی کی ہے۔ مرزا صاحب نے ''فریاد'' اور ''کاغذ'' کے تلازموں کے ساتھ کئی اشعار میں اِس خیال کو الگ الگ انداز سے نظم کیا ہے۔ ایسے جتنے اشعار ہیں وہ سب لفظِ ''کاغذ'' کے تحت نظر کے سامنے ہوں تو کیا اِس خیال کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد نہیں ملے گی؟ یہاں ایسے صرف دو شعر نقل کرتا ہوں:

یہ تنک مایہ ہے فریادیِ جوشِ ایثار   پنبے ہے پیرہنِ کاغذِ ابری، نیساں   (ص ۴)

کاغذِ سرمہ ہے جامہ ترے بیماروں کا   داد خواہِ تپش و مُہرِ خموشی بر لب   (ص ۲۸)

(۴) مرزا صاحب کا معروف شعر ہے:

میں ہوں اپنی شکست کی آواز   نہ گُلِ نغمہ ہوں نہ پردۂ ساز   (ص ۱۷۲)

''گُلِ نغمہ'' تشبیہی مرکّب ہے یا موسیقی کی اصطلاح ہے، اِس پر کئی صاحبوں نے اظہارِ خیال کیا ہے؛ لیکن کسی نے یہ معلوم کرنا ضروری نہیں سمجھا کہ یہ مرکّب اِسی شعر میں آیا ہے یا اُن کے کسی اور شعر میں بھی ملتا ہے؟ لفظِ ''گُل'' کے تحت اُس کے جملہ مرکّبات بھی نظر کے سامنے ہوں تو بہ آسانی معلوم ہو جائے گا کہ یہ مرکّب مرزا صاحب کے ایک اور شعر میں موجود ہے:

شاخِ گُلِ نغمہ ہے نالۂ بلبل ہنوز   شغلِ ہوس در نظر، لیک حیا بے خبر   (ص ۴۴)

اگر یہ شعر بھی سامنے ہو تو کیا ''گُلِ نغمہ'' کی معنویت[1] روشن نہیں ہوگی؟

---

[1] ''گُلِ نغمہ سے مراد نغمے کا بہترین جزو ہے۔ دوسری ترکیب ''شاخِ گُل'' ہے، غالبؔ نے دونوں کو ملا کر ایک کر دیا ہے۔ شاخِ گُلِ نغمہ: وہ ٹہنی جس میں بہترین نغمہ موجود ہو، یعنی خود نغمہ'' [گیان چند جین: تفسیرِ غالب، ص ۲۱۷]۔ اِسی سلسلے میں یہ بھی نظر میں رہنا چاہیے کہ غالبؔ نے ایک شعر میں ''شاخِ گُلِ نقشِ پا'' بھی لکھا ہے:

آ اے بہارِ ناز! کہ تیرے خرام سے   دستار گردِ شاخِ گُلِ نقشِ پا کروں   [ص ۵۶]

اِس بحث میں اِس طرف بھی توجہ نہیں کی گئی کہ یہ ترکیب کسی اور شاعر کے یہاں بھی ملتی ہے؟ میری ناتمام معلومات کے مطابق غالبؔ سے پہلے میر حسن نے سحرالبیان میں اِس مرکّب کو نظم کیا ہے:

بجاتی وہ جوگن جہاں جوگیا   تو وھاں بیٹھتی خلق دھونی رما
گُلِ نغمہ جو اُس سے گرتے ہزار   تو لیتا اُنھیں دشت دامن پسار
گُلِ نغمۂ تر کی تھی یہ بہار   کہ صحرا کے گُل اُس کے آگے تھے خار

[سحرالبیان مرتبۂ راقم الحروف، ص ۲۳۳]

جو حضرات اِس پر اصرار کرتے ہیں کہ ''گُلِ نغمہ'' موسیقی کی اصطلاح ہے، اُنھیں اِن سب اشعار کو ایک بار غور سے پڑھ لینا چاہیے، تب محسوس ہوگا کہ اُن کا یہ اصرار بے جا ہے۔ یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ فارسی اور اردو میں جو کتابیں ہندستانی اور ایرانی موسیقی پر لکھی گئی ہیں، کسی میں بھی ''گُلِ نغمہ'' بہ طورِ اصطلاحِ موسیقی موجود نہیں۔ میر حسن کے پہلے شعر میں ''دشت اپنے دامن میں نغموں کے پھول بھر لیتا تھا'' سامنے کی بات ہے: پھر ''گُلِ نغمہ'' کو موسیقی کی اصطلاح کہنا، اِس کو خیال آرائی کے سوا اور کیا کہا جائے!

غالب صدی کے سلسلے میں فروری ۱۹۷۰ء میں شعبۂ اردو دہلی یونی ورسٹی کی طرف سے ایک کتاب اشاریۂ کلامِ غالب شائع ہوئی تھی جس میں غالب کے اردو فارسی کلام کے منتخب مرکبات کو یک جا کیا گیا تھا۔ اِس کے پیش لفظ میں لکھا گیا تھا:

''غالب کے ذہن کے نقش و نگار بغیر اُن کی شاعرانہ ترکیبوں کے سمجھ میں نہیں آسکتے۔ اُن میں جو ندرت اور طرفگی ہے، وہ ہمارے ادب کی دولت اور شاعری میں اُن کی وسعتِ فکر کی دلیل ہے''۔

اس مجموعے کے تین مرتبین میں میرا نام بھی شامل تھا۔ یہ نا تمام کام تھا، مگر اپنے انداز کی منفرد کتاب تھی۔ اُس وقت تک ایسا کوئی جائزہ کتابی شکل میں سامنے نہیں آیا تھا۔ یہ نا تمام کام ایک مکمل کام کا اشاریہ نما ضرور تھا۔

میرے ذہن میں یہ خیال اُسی وقت بیٹھ گیا تھا کہ یہ کام بھی کرنے کا ہے؛ لیکن دوسرے ضروری کاموں نے مہلت نہیں دی۔ اِس پر تیس بتیس سال گزر گئے۔ زندگی کی محدود مدت میں سب ضروری کاموں کی تکمیل کون کرسکا ہے؛ یہ سوچ کر، اب سے دو سال پہلے میں نے اِس کام کا ڈول ڈالا۔ یہ بات عام ہے کہ ایسے کاموں میں بہت سی اُلجھنیں سامنے آتی رہتی ہیں، ایسا ہی ہوا۔ بہ ہر طور، زورقِ اندیشہ بہ ساحل رسید۔

اِس کام کا جو خاکہ بنایا گیا تھا، اُس کے مطابق دیوانِ غالب نسخۂ عرشی کے جملہ مفرد اور مرکب الفاظ اور کلیاتِ نظمِ فارسی کے صرف مرکبات کو شاملِ کتاب کیا جانا تھا۔ قواعد کی پرانی کتابوں میں [یعنی اُس زمانے کی کتابوں میں جو زمانہ مرزا غالب کا ہے، مل کر اُس کے کچھ بعد تک کی کتابوں میں] لفظ کی تین قسمیں بتائی گئی ہیں: اسم، فعل، حرف۔ اِس تقسیم کے مطابق یہ خیال کیا گیا تھا کہ پہلے حصّے میں اسموں کے مفردات اور مرکبات ہوں اور دوسرے حصّے میں افعال، حروف اور فارسی مرکبات۔ ہر مفرد اور مرکب اسم کے ساتھ متعلقہ شعر بھی لکھا جائے تا کہ دو فائدے ایک ساتھ حاصل ہوسکیں: الفاظ شماری کی بھی تکمیل ہوجائے اور لفظی شمار کے ساتھ ساتھ لفظوں کی معنوی وسعت بھی نگاہوں کے سامنے آجائے۔ آنکھیں لفظوں کو دیکھیں بھی اور پڑھیں بھی ـــــــــ لیکن ہوا یہ کہ اسموں کا احاطہ کرنے میں زیادہ صفحات مرتب ہوگئے، دو جلدیں بن گئیں۔ اِس کے نتیجے میں افعال اور حروف کو بعد کے لیے اُٹھا رکھا گیا اور فارسی مرکبات کو بھی۔ اُس تیسری جلد میں افعال اور حروف کے ساتھ متعلقہ شعر نہیں لکھے جائیں گے۔ اشعار تو سب اسما کے تحت آہی گئے ہیں؛ بس اشعار کا صفحہ نمبر لکھ دیا جائے گا۔ اِس طرح متعلقہ شعر کو تلاش کرنے میں کسی طرح کی مشکل پیش نہیں آئے گی۔ اندراجات کی تکمیل بھی ہوجائے گی اور ضخامت بھی کم رہے گی۔ ہاں، فارسی مرکبات کے ساتھ اشعار ضرور نقل کیے جائیں گے۔ چوں کہ فارسی کے مفردات شامل نہیں ہوں گے، یوں سارے اندراجات ایک جلد میں بہ آسانی سما سکیں گے۔

بُنیادی ماخذ

میں نے دیوانِ غالب نسخۂ عرشی کو اپنے کام کی بُنیاد بنایا ہے۔ اِس نسخے کی دو اشاعتیں ہیں: طبعِ اوّل ۱۹۵۸ء، طبعِ ثانی ۱۹۸۲ء۔ بُنیادی نسخے کے طور پر اشاعتِ اوّل کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے، اشاعتِ ثانی کو صرف معاون نسخے کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ طبعِ ثانی میں نو دریافت دیوانِ غالب کے وہ اشعار بھی شامل ہیں جو طبعِ اوّل میں موجود نہیں؛ ایسے اشعار اشاعتِ ثانی سے

منقول ہیں۔ میں نے اپنی کتاب املاے غالب میں لکھا تھا:

''اردو اشعار کے لیے بہ طورِ عموم دیوانِ غالب نسخۂ عرشی...... کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ یہ وضاحت کردی جائے کہ اشاعتِ اوّل کے حوالے دیے گئے ہیں؛ ایک دو ضمنی حوالوں سے قطعِ نظر، اس نسخے کی اشاعتِ ثانی کو بہ طورِ کتابِ حوالہ استعمال نہیں کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس اشاعت کے سرورق پر بہ طورِ مرتب نام تو عرشی صاحب ہی کا چھپا ہوا ہے، مگر یہ مجھے معلوم ہے کہ اشاعتِ اوّل پر نظرِ ثانی کا کام اُن کی طویل علالت کے دوران ہوتا رہا جو مکمل طور پر اُن کا کام نہیں۔ اِس نسخے میں کچھ اضافے بھی ہیں اور اُن کے ذمّے دار بھی وہ نہیں۔ بعض کمیوں اور کچھ فروگذاشتوں کے باوجود کتابِ حوالہ کی حیثیت نسخۂ اشاعتِ اوّل کو حاصل ہے جو مکمل طور پر عرشی صاحب کا مرتب کیا ہوا ہے'' [ص ۱۹]۔

دیوانِ غالب نسخۂ عرشی کی اشاعتِ ثانی میں ''گزارش'' کے تحت عرشی زادہ [اکبر علی خاں فرزندِ عرشی صاحب] نے جو کچھ لکھا ہے، اُس سے صورتِ حال کسی حد تک سامنے آجاتی ہے۔ اِس تحریر کے آخر میں اُنھوں نے یہ بھی لکھا ہے:

''یہ بھی عرض کرنا ضروری ہے کہ طباعتِ دیوان کا بڑا حصّہ مولانا عرشی کی موجودہ علالت کے دوران میں انجام پایا ہے اور اِس کے پروف میں نے پڑھے ہیں۔ اُس زمانے میں ڈاکٹروں کی ہدایت کی وجہ سے میں بعض دریافت طلب مقامات کے بارے میں مولانا عرشی سے ہدایت بھی نہ لے سکا تھا، اِس لیے کچھ غلطیاں میری وجہ سے بھی راہ پاگئیں'' [ص ۴۶۷]۔

نسخۂ عرشی طبعِ ثانی کا مقدمہ ایک بار پڑھ لیا جائے تو واضح طور پر معلوم ہوجائے گا کہ اِس نسخے میں عرشی زادہ نے کس قدر دخل اندازی کی ہے۔ یہ بات کم لوگوں کو معلوم ہوگی کہ نسخۂ عرشی کا جو مسوّدہ طبعِ ثانی کے لیے آیا تھا؛ اُس کے سرورق پر عرشی صاحب کے نام کے نیچے عرشی زادہ نے اپنا نام بھی لکھا تھا۔ انجمن ترقیِ اردو (ہند) کے ناظم ڈاکٹر خلیق انجم اور صدر مالک رام (مرحوم) نے اِس پر اعتراض کیا۔ دونوں کی متفقہ راے تھی کہ سرورق پر بہ حیثیتِ مرتب صرف عرشی صاحب کا نام ہونا چاہیے۔ اِس جھگڑے نے طول کھینچا۔ اِس نسخے (طبعِ ثانی) کی خرابی میں اس کا بھی کچھ نہ کچھ دخل رہا ہے۔

نقلِ اشعار کے لیے میں نے بنیادی نسخے کے طور پر نسخۂ عرشی طبعِ اوّل کو سامنے رکھا؛ البتہ اِس کا التزام کیا کہ ہر شعر کا طبعِ ثانی کے متن سے مقابلہ کرلیا جائے۔ اِن دونوں نسخوں کے ساتھ ساتھ تفسیرِ غالب کو بھی پیشِ نظر رکھا گیا ہے [کچھ اشعار کے متن کے تحت اِس کتاب کے مندرجات کو بھی سامنے رکھا جانا چاہیے]۔ نسخۂ عرشی طبعِ اوّل اور طبعِ ثانی کے تقابلی مطالعے سے معلوم ہوا کہ دونوں نسخوں کے بہت سے اشعار کا متن باہم مختلف ہے اور کچھ اختلافات بہت پریشان کن ہیں۔ اِس کی اصل وجہ یہ ہے کہ ایسے مقامات پر وہ وضاحتی حواشی موجود نہیں جن سے ایسے اختلافات کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے [اور جو تدوین کے طریقۂ کار کا ضروری حصّہ ہے] یوں قاری یہ فیصلہ نہیں کرپاتا کہ وہ اُس اختلاف کو تبدیلیِ متن مانے یا غلطیِ کتابت۔ [طبعِ ثانی میں ایسے اغلاطِ متن اچھی خاصی تعداد میں ہیں جن سے غلط نامہ اور استدراک کا حصّہ خالی ہے]۔ میں دو مثالوں سے اِس کی وضاحت کرنا چاہوں گا۔ طبعِ ثانی میں

ص ۴۵۲ پر ایک شعر یوں چھپا ہوا ہے:

نقشِ سطرِ صد تبسم ہے بر آبِ زیرِ گاہ   حُسن کا خط پر نہاں خندیدنی انداز ہے

یہ شعر نو دریافت خود نوشت دیوانِ غالبؔ میں ہے [جس کا عکس نقوشؔ (لاہور) میں بھی شائع ہوا تھا]۔ ڈاکٹر گیان چند جین نے اپنی کتاب تفسیرِ غالبؔ میں پہلے مصرعے کو اِس طرح لکھا ہے: نقشِ صد سطرِ تبسم ہے بر آبِ زیرِ کاہ [ص ۱۵۵]۔ نقوشؔ کا مذکورہ نسخہ میرے سامنے نہیں؛ میرے استفسار پر ڈاکٹر حنیف نقوی نے مطلع کیا کہ اُس میں پہلا مصرع اُسی طرح ہے جس طرح تفسیرِ غالبؔ میں ہے۔

دیوانِ غالبؔ نسخۂ گپتا رضا میں پہلا مصرع طبعِ ثانی کے مطابق ہے، مرتب نے پہلے مصرعے کے حوالے سے یہ ضرور لکھا ہے: "نخ: صد سطرِ تبسم (شاید سہوِ کتابت)" ص ۲۳۹۔ "نخ" سے مراد ہے: "نسخۂ بھوپال قدیم بہ خطِ غالبؔ" (ایضاً ص ۱۳)۔ یہاں یہ الجھن پیدا ہوتی ہے کہ سہوِ کتابت کہاں ہے؟ اگر مراد یہ ہے کہ نسخۂ عرشی طبعِ ثانی میں سہوِ کتابت ہے اور صحیح متن "نقشِ صد سطرِ تبسم" ہے [جس طرح نخ میں ہے] تو اُسے متن میں لکھا جانا چاہیے تھا، حاشیے میں کیوں لکھا گیا؟ اگر مراد یہ ہے کہ اصل ماخذ "نخ" میں سہوِ کتابت ہے (یعنی صحیح متن وہی ہے جو نسخۂ عرشی طبعِ ثانی میں ہے) تو یہ کیسے معلوم ہوا؟ اِس کا ماخذ کیا ہے؟ مرتب نے دوسرے مصرعے کے "آبِ زیرِ گاہ" کے متعلق کچھ نہیں لکھا (یعنی یہی صحیح متن ہے) تو پھر خود اُنھوں نے "آبِ زیرِ کاہ" کیوں لکھا؟ آپ نے دیکھا، نسخۂ عرشی طبعِ ثانی کی ایک غلطیِ کتابت نے کیا گل کھلائے ہیں!!

(۲)   انجم چرخ: گوہر آگیں فرش   نور ئے، ماہ ساغرِ سیمیں

یہ ایک قصیدے کا شعر ہے۔ طبعِ ثانی میں یہی ہے [ص ۳۸۲]۔ طبعِ اوّل میں "انجمیں چرخ" ہے [ص ۲۸۰]۔ طبعِ اوّل کے متن میں اِس قصیدے کو رسالہ کمالؔ (دہلی) کے حوالے سے درج کیا گیا ہے۔ اِسی اشاعت کے حصّہ "شرحِ غالبؔ" سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ اِس قصیدے کا ماخذِ اوّل یہی رسالہ ہے اور یہ کہ دیوانِ غالبؔ نسخۂ نظامی (بدایوں) میں اِسے وہیں سے نقل کیا گیا ہے [ص ۲۷۹]۔ پھر ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں اِس قصیدے کے اختلافِ متن کے لیے کمالؔ، البلاغؔ، دیوانِ غالبؔ نسخۂ نظامیؔ اور دیوانِ غالبؔ طاہر اڈیشن کا حوالہ دیا گیا ہے اور متعلقہ شعر کے تحت لکھا گیا ہے کہ ماخذِ اوّل کمالؔ (دہلی) میں اس شعر میں "انجمِ چرخ" ہے اور البلاغؔ اور نسخۂ نظامیؔ میں بھی "انجمِ چرخ" ہے [ص ۳۶۸]۔ اگر ماخذِ اوّل کمالؔ میں "انجمِ چرخ" ہے تو پھر طبعِ اوّل کے متن میں "انجمیں چرخ" کیوں لکھا گیا؟ یہ کہاں سے منقول ہے؟ یہ بہت اُلجھن میں ڈالنے والی بات ہے۔

تفسیرِ غالبؔ میں طبعِ اوّل کے مطابق "انجمیں چرخ" ہے۔ اِس کی تشریح اِس طرح کی گئی ہے: "نواب کی بزم کا موتیوں سے ٹنکا ہوا فرش تاروں بھرے آسمان کی طرح ہے" [ص ۳۸۲]۔ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق "انجمِ چرخ" ہے [ص ۳۸۳]۔ طبعِ ثانی کے حواشیِ اختلافِ نسخ میں اِس شعر میں کسی طرح کے اختلافِ متن کا حوالہ نہیں دیا گیا، اِس کا مطلب یہی ہوا کہ چاروں مذکورۂ بالا ماٰخذ میں "انجمِ چرخ" ہے۔ اِس صورت میں طبعِ اوّل کے متن اور ضمیمۂ اختلافِ نسخ کے منقولہ اندراج کے متعلق کیا کہا جائے گا؟ یہاں وضاحتی حاشیہ ازبس ضروری ہے۔ اِس کے بغیر قاری اور ناقل، دونوں مبتلائے اُلجھن رہیں گے۔ میں

نے اس کتاب میں اس شعر میں "انجمِ چرخ" لکھا ہے لیکن میں پوری طرح مطمئن نہیں۔ ضروری وضاحت کے بغیر میری طرح دوسرے لوگ بھی اسی الجھن میں مبتلا رہیں گے۔

نہایت ضروری وضاحتی حواشی کے نہ ہونے سے بہت سے مقامات پر یہی صورتِ حال سامنے آتی ہے۔ میں مزید وضاحت کے لیے ایسی اور چند مثالیں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ طبعِ اوّل میں ص ۳۰۵ پر یہ شعر ہے:

طرزِ بیدلؔ میں ریختہ کہنا

اسداللہ خاں! قیامت ہے

اسی نسخے میں ص ۳۲۰ پر بھی یہ شعر ملتا ہے اور وہاں اس شعر میں "ریختہ لکھنا" ہے؛ مگر اس کے متعلق غلط نامے میں یہ ہدایت ملتی ہے کہ اُس سطر کو جس میں یہ شعر لکھا ہوا ہے، اُس سے پہلے کی سطر کے ساتھ یہاں سے قلم زد کر دیا جائے۔ اس سے بہ ظاہر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مرتب نے "ریختہ کہنا" کو برقرار رکھا ہے۔ طبعِ ثانی میں "ریختہ کہنا" ہے [ص ۴۲۷]۔

طبعِ اوّل نیز طبعِ ثانی کے دیباچۂ مرتب میں بھی یہ شعر آیا ہے [طبعِ اوّل ص ۲۳۔ طبعِ ثانی ص ۲۴]۔ اور وہاں بھی اس شعر میں "ریختہ کہنا" ہے۔ اس طرح بہ ظاہر یہ مسلّم ہو جاتا ہے کہ مرتب نے "ریختہ کہنا" کو درست قرار دیا ہے ــــــــــ طبعِ اوّل میں ص ۳۲۰ پر اس شعر کے ذیل میں یہ بھی لکھا گیا ہے: "اس مقطعے کو میرزا صاحب نے اپنے ایک مکتوب بہ نام مولوی عبدالرزاق شاکرؔ میں اس تمہید کے ساتھ نقل کیا ہے: قبلہ! ابتداے فکرِ سخن میں بیدلؔ و اسیرؔ و شوکتؔ کی طرز پر ریختہ لکھتا تھا، چناں چہ ایک غزل کا مقطع یہ تھا"۔ اس خط کے لیے حوالہ دیا ہے: "عود: ۱۵۹"۔ یہی عبارت طبعِ ثانی میں بھی ہے [ص ۴۲۷]۔ اس طرح یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اس شعر کا واحد ماخذ مرزا صاحب کا محوّلۂ بالا خط بہ نام شاکرؔ ہے اور یہ کہ مرزا صاحب کا یہ خط عودِ ہندی میں ہے۔ اس کتاب کا پہلا اڈیشن میرے پاس نہیں تھا۔ میرے دریافت کرنے پر حنیف نقوی صاحب نے مطلع کیا کہ عودِ ہندی کی اشاعتِ اوّل میں اس شعر میں "ریختہ لکھنا" ہے۔

مرزا صاحب کا یہ خط خطوطِ غالب [مرتبہ ڈاکٹر خلیق انجم] میں شامل ہے۔ مرتب کی وضاحت کے مطابق یہ عودِ ہندی طبعِ اوّل سے ماخوذ ہے؛ اس میں بھی اس شعر میں "ریختہ لکھنا" ہے [جلدِ دوم، ص ۸۴۶]۔

اس طرح یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ اس شعر میں "ریختہ لکھنا" درست ہے اور "ریختہ کہنا" قابلِ قبول نہیں۔ [میں نے اسی بنا پر اس کتاب میں اس شعر میں "ریختہ لکھنا" لکھا ہے]۔

ایک ضمنی بات ــــــــــ: مرزا صاحب نے اس خط میں ایک جگہ "ریختہ لکھتا تھا" لکھا ہے: "بیدلؔ ...... کی طرز پر ریختہ لکھتا تھا" پھر زیرِ بحث شعر لکھا ہے اور اُس کے بعد لکھا ہے:: "پندرہ برس کی عمر سے پچیس برس کی عمر تک مضامینِ خیالی لکھا کیا"۔ یعنی مرزا صاحب نے اپنے قلم سے نثر میں ریختہ کہنا کے مفہوم میں "لکھتا تھا" اور "لکھا کیا" لکھا ہے۔ یہ بھی تائید مزید کے ذیل میں آتا ہے۔

جب تک مکتوبِ غالب بہ نام شاکرؔ کے مقابلے میں کوئی ایسی مضبوط سند نہ پیش کی جائے جس سے اس شعر میں "ریختہ لکھنا"

کے بجائے ''ریختہ کہنا'' کا ثبوت ملے، اُس وقت تک اس شعر میں ''ریختہ لکھنا'' کو درست مانا جائے گا اور ''ریختہ کہنا'' کو نادرست کہا جائے گا۔

نسخۂ رضا میں بھی ''ریختہ کہنا'' ہے [ص ۱۳۸]۔ اُنھوں نے بھی اِس کے لیے اِسی مکتوبِ غالب بہ نام شاکر کا حوالہ دیا ہے، اِس طرح: ''دیکھیے مکتوب بہ نامِ عبدالرزاق شاکر۔ عودِ ہندی ص ۱۵۹''۔ یعنی اُنھوں نے عودِ ہندی میں اس خط کو پڑھا نہیں، نسخۂ عرشی سے حوالہ نقل کرلیا۔

(۲) چمن زارِ تمنا ہوگیا صرفِ خزاں لیکن بہارِ نیم رنگِ آوِ حسرتناک باقی ہے

طبعِ اوّل میں اِسی طرح ہے [ص ۱۰۷]۔ طبعِ ثانی میں ''چمن زارِ تمنا ہوگئی'' ہے۔ اِس نسخے کے غلط نامے یا کسی ضمیمے میں یہ حوالہ نہیں ملتا کہ طبعِ اوّل کے ''ہوگیا'' کو ''ہوگئی'' بنایا گیا ہے۔ اِس صورت میں لامحالہ اِسے کتابت کی غلطی مانا جائے گا۔ میں نے طبعِ اوّل کے مطابق ''ہوگیا'' لکھا ہے۔

نسخۂ رضا میں ''ہوگئی'' ہے [ص ۲۳۴]۔ اور یہ محض طبعِ ثانی کی نقل ہے۔ ہاں تفسیرِ غالب میں طبعِ اوّل کے مطابق ''ہوگیا'' ہے [ص ۴۵۳]۔ شان الحق حقی نے اپنے قابلِ قدر مضمون ''کلامِ غالب کا لسانی تجزیہ'' میں اِس شعر میں ''چمن زارِ تمنا ہوگئی'' لکھا ہے۔ یہ بھی لکھا ہے: ''ممکن ہے کتابت میں ''ہوگئے''، ''ہوگئی'' بن گیا ہو'' [غالب۔ جدید تنقیدی تناظرات، مرتبۂ اسلوب احمد انصاری، ص ۱۳۹]۔ غالباً حقی صاحب نے طبعِ ثانی یا نسخۂ رضا سے شعر نقل کیا، یوں متن کی یہ غلطی بھی نقل ہوگئی۔

(۳) اُن کے دیکھے سے جو آجاتی ہے منہ پر رونق وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے

طبعِ اوّل میں ''رونق منہ پر'' ہے [ص ۲۳۹]۔ یہی طبعِ ثانی میں ہے [ص ۳۱۸]۔ رضا میں ''منہ پر رونق'' ہے [ص ۴۰۲]۔ اِس غزل کے متعلق عرشی صاحب نے لکھا ہے کہ یہ غزل ''آخرِ ما'' سے ماخوذ ہے۔ ''ما'' سے مراد ہے دیوانِ غالب طبعِ دوم، مطبوعۂ ۱۸۴۸ء۔ رضا لائبریری میں موجود اِس کے ایک نسخے کا تعارف کراتے ہوئے لکھا ہے: ''اس کے آخری سادہ اوراق پر مرزا صاحب کا وہ کلام نقل کیا گیا ہے جو اُنھوں نے اِس دیوان کی اشاعت کے بعد کہا تھا'' [طبعِ اوّل، ص ۹۷]۔ اُنھوں نے اِس کلام کی تفصیل پیش کی ہے، اُس میں یہ غزل [کمال اچھا ہے ـــ جمال اچھا ہے] بھی شامل ہے۔ یہ بات واضح ہے کہ یہ کلام مطبوعہ دیوان کے آخر میں شامل سادہ اوراق پر کسی دوسرے شخص کا لکھا ہوا ہے، یہ غالب کے قلم کا لکھا ہوا نہیں؛ اِس بات کو پیشِ نظر رہنا چاہیے۔

عرشی صاحب نے طبعِ اوّل کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں اِس غزل کے پانچویں شعر (اُن کے دیکھے سے ......) کے تحت لکھا ہے کہ دیوانِ غالب کے تیسرے اور چوتھے مطبوعہ اڈیشن میں اِس شعر میں ''منہ پر رونق'' ہے (ص ۳٦۱)۔

اب صورتِ حال یہ ہے کہ ''رونق منہ پر'' صرف دیوانِ غالب طبعِ دوم کے ایک نسخے کے آخر میں شامل سادہ اوراق پر کسی مجہول الاحوال شخص کے قلم کی لکھی ہوئی اِس غزل میں ہے۔ اِس کے مقابلے میں دیوانِ غالب کے تیسرے اور چوتھے مطبوعہ اڈیشن میں، جو غالب کی تصحیح کے ساتھ چھپے ہیں، ''منہ پر رونق'' ہے۔ اِن دو نسخوں کے مقابلے میں ایک نامعلوم الاحوال شخص کی تحریر کو کسی

معقول وجہ کے بغیر ترجیح نہیں دی جاسکتی۔ اِس لحاظ سے نسخۂ رضا کا متن مرجّح حیثیت رکھتا ہے اور کسی دوسرے معتبر ماخذ کی عدم موجودگی میں اُسی کو اختیار کیا جانا چاہیے۔ میں نے اِسی بنا پر اِس شعر میں ''منہ پر رونق'' لکھا ہے۔

(۴) جامِ ہر ذرّہ ہے سرشارِ تمنّا مجھ سے کس کا دل ہوں کہ دوعالم سے لگایا ہے مجھے

طبعِ اوّل میں ''دوعالم میں'' ہے (ص ۱۰۸)۔ طبعِ ثانی میں ''دوعالم سے'' ہے (ص ۱۱۵)۔ دونوں نسخوں میں اِس شعر کے دوسرے مصرعے میں کسی طرح کے اختلافِ نسخ کا حوالہ نہیں ملتا؛ اِس صورت میں کسی وضاحت کے بغیر طبعِ ثانی کے متن کو کس بنا پر قبول کیا جاسکتا ہے؟ نسخۂ رضاؔ میں طبعِ ثانی کے مطابق ''دوعالم سے'' ہے (ص ۲۵۳)۔ ڈاکٹر نقوی نے مطلع کیا کہ نسخۂ خودنوشت (نسخۂ بھوپال قدیم) میں ''دوعالم سے'' ہے۔ میں نے اِسی بنا پر طبعِ ثانی کے مطابق ''دوعالم سے'' لکھا ہے۔ عدمِ وضاحت نے خواہ مخواہ پریشانی کا سامان پیدا کردیا ہے۔

(۵) سبحہ گرداں ہے اُسی کے کفِ اُمید کا ابر نَم سے جس کے صبا توڑے ہے صد جا زُنّار

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۴]۔ طبعِ ثانی میں ''اُسی کی'' ہے [ص ۴]۔ اِس سلسلے میں یہ بات توجہ طلب ہے کہ ''چکنی ڈلی'' والے قطعے میں ''صاحب کے کفِ دست'' آیا ہے۔ طبعِ اوّل اور طبعِ ثانی، دونوں میں یہی ہے۔ اِس طرح یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ طبعِ ثانی میں ''اُسی کی کفِ اُمید'' میں ''کی'' غلطیِ کتابت ہے۔ نسخۂ رضاؔ میں ''اُسی کی'' ہے [ص ۳۰۷] اور یہ نتیجہ ہے طبعِ ثانی کی نقل کا۔ اگر طبعِ اوّل سے مقابلہ کرلیا جاتا تو معلوم ہوجاتا کہ ''اُسی کے'' ہونا چاہیے۔ ہاں، ''چکنی ڈلی'' والے قطعے میں نسخۂ رضاؔ میں بھی ''صاحب کے کفِ دست'' ہے [ص ۳۷۸]۔

(۶) نظّارہ دیگر و دلِ خونیں نفس دِگر آئینہ دیکھ، جوہرِ برگِ حنا نہ مانگ

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۵۱]۔ طبعِ ثانی میں ''جوہرِ برگِ دعا'' ہے [ص ۵۴]۔ ''برگِ حنا'' کو حاشیے میں اختلافِ نسخ کے ذیل میں لکھا گیا ہے۔ طبعِ اوّل کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں ''برگِ دعا'' ہے [ص ۲۰۸]، یعنی عرشی صاحب نے ''برگِ حنا'' کو مرجّح قرار دیا تھا۔ طبعِ ثانی میں یہ نہیں لکھا گیا کہ اب ''برگِ دعا'' کو کس بنا پر ترجیح دی گئی ہے اور اِس کے بغیر اِس تبدیلی کو کس بنا پر مان لیا جائے؟ پہلے مصرعے کے ''خونیں نفس'' کی رعایت اور مناسبت سے برگِ حنا مناسب تر معلوم ہوتا ہے۔ نسخۂ رضاؔ میں یہاں طبعِ اوّل کے مطابق ''برگِ حنا'' ہے [ص ۱۹۴]۔ تفسیرِ غالب میں بھی ''برگِ حنا'' ہے۔ جیؔن صاحب نے لکھا ہے: ''جوہرِ برگِ حنا سرخ رنگ یعنی خون ہے...... نسخۂ شیرانی میں ''حنا'' کی جگہ ''دعا'' بنادیا گیا ہے۔ میرے نزدیک ''برگِ دعا'' کا کوئی محل نہیں۔ میں اِس موقعے پر نسخۂ شیرانیؔ کی ترمیم کو سہو قرار دوں گا'' [۲۴۱]۔ یہ ایسی صورتِ حال ہے کہ وضاحتی حاشیے کے بغیر ذہن کو روشنی نہیں ملے گی۔ میں نے یہاں طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۷) آتشِ رنگِ رُخِ ہر گُل کو بخشے ہے فروغ ہے دمِ سردِ صبا سے گرمیِ بازارِ باغ

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۴۸]۔ طبعِ ثانی میں ''دلِ سردِ صبا'' ہے [ص ۵۱]۔ اِس کے غلط نامے یا ضمیمۂ استدراک میں اِس کا کوئی حوالہ نہیں ملتا۔ ''صبا'' کی نسبت سے واضح طور پر ''دم'' کا محل ہے۔ بہ ظاہر اِسے غلطیِ کتابت مانا جائے گا۔ نسخۂ رضاؔ میں یہاں طبعِ

اوّل کے مطابق "دمِ سردِ صبا" ہے [ص ۱۹۲]۔ تفسیرِ غالب میں بھی "دمِ سرد" ہے۔ اُس میں لکھا گیا ہے: "ٹھنڈی ہوا سے باغ میں رونق ہے...... دمِ سرد اور گرمیِ بازار میں تضاد ہے" [ص ۳۳۴]۔ میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۸) مگر آتش ہمارا کوکبِ اقبال چمکا دے — وگرنہ مثلِ خارِ خشک مردودِ گلستاں ہیں

طبعِ اوّل میں واضح طور پر "چمکادے" ہے [ص ۶۲]۔ طبعِ ثانی میں "چمکاوے" ہے [ص ۶۷]۔ اِس تبدیلی سے متعلق حواشی میں کسی طرح کی صراحت نہیں ملتی۔ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق "چمکاوے" ہے [ص ۳۳۷]۔ تفسیرِ غالب میں "چمکادے" ہے [ص ۲۸۴]۔ طبعِ اول کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ کے مطابق اِس شعر میں متن کا کوئی اختلاف نہیں؛ اِس بنا پر میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت میں "چمکادے" لکھا ہے۔

(۹) دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صدکامِ نہنگ — دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہوتے تک

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۱۷۵]۔ طبعِ ثانی میں "صدگامِ نہنگ" ہے [ص ۲۱۳]۔ اِس کے حاشیے میں [بہ خیالِ غالب عرشی زادہ نے] لکھا ہے: قا، گل، قب، ج، م، مد، ح، لط: کام۔ مگر اِن میں سے اکثر میں گاف کے دونوں مرکزوں کے لکھنے کا التزام نہیں"۔ اِس صراحت کے مطابق آٹھ نسخوں میں "کام" ہے۔ مگر یہ نہیں لکھا گیا کہ "گام" کس نسخے میں ہے؟ اور یہ کہ کیا اُس نسخے میں التزام کے ساتھ گ پر دونوں مرکز لگائے گئے ہیں؟ اِن دونوں صراحتوں کے بغیر "گام" کو کس بنیاد پر قبول کیا جائے گا؟ نہیں قبول کیا جاسکتا۔ نسخۂ رضا میں طبعِ اوّل کے مطابق "کام" ہے۔ میں نے بھی طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۱۰) کچھ نہ کی اپنے جنونِ نارسانے ورنہ یہاں — ذرہ ذرہ روکشِ خرشیدِ عالم تاب تھا

طبعِ اوّل میں "اپنے جنونِ نارسا" ہے [ص ۱۳۵]۔ اِس کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں اِس شعر کے حوالے سے لکھا گیا ہے: "مد: اپنی"۔ "مد" سے مراد ہے دیوانِ غالب کا پانچواں اڈیشن [نسخۂ شیونرائن، مطبوعۂ مابعد ۱۸۶۳ء]۔ یعنی عرشی صاحب نے "اپنی" کو متن میں جگہ نہیں دی اور بجا طور پر۔ یہ دراصل غلطیِ کتابت ہے۔

طبعِ ثانی میں "اپنی جنونِ نارسا" ہے [ص ۱۶۵]۔ اِس کے حاشیے میں لکھا گیا ہے: "ح، لط: اپنے (سہوِ کاتب)" یعنی نسخۂ حمیدیہ مطبوعۂ ۱۹۲۱ء اور لطیف اڈیشن ۱۹۳۸ء میں "اپنے" ہے، مگر اِسے سہوِ کاتب مانا گیا ہے۔ بہ ظاہر یہ اضافہ عرشی زادہ نے کیا ہے۔ عرشی صاحب نے تو "اپنی" کو ناقابلِ قبول مانا تھا۔ یہ نہیں لکھا گیا کہ اب "اپنے" کو کس بنا پر سہوِ کاتب مانا گیا ہے؟ "اپنے" اور "اپنی" محض قرائت کا مسئلہ ہے یوں کہ اب سے پہلے آخرِ لفظ میں شامل ی کے لکھنے میں آج کل کی طرح امتیازِ صورت کو ملحوظ نہیں رکھا جاتا تھا۔ نسخۂ رضا میں "اپنی جنونِ نارسا" ہے [ص ۱۶۰] یہ طبعِ ثانی کی نقل ہے۔ میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۱۱) بہ عجز آبادِ وہمِ مدعا تسلیمِ شوخی ہے — تغافل کو نہ کر مغرور تمکیں آزمائی کا

طبعِ اوّل ص ۱۶ —— طبعِ ثانی میں "تسلیمِ شوخی" (مع اضافت) ہے [ص ۱۶]۔ نسخۂ رضا میں طبعِ اوّل کے مطابق ہے۔ میں نے بھی طبعِ اوّل کی مطابقت میں "تسلیم" کو بغیرِ کسرۂ اضافت لکھا ہے۔

(۱۲) بے دماغی شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہیں یار تیرا جامِ مے، خمیازہ میرا آشنا
شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہ رہنا چاہیے میرا زانو مونس اور آئینہ تیرا آشنا

طبعِ اوّل میں یہ دونوں شعر دو الگ الگ غزلوں میں ملتے ہیں [ص ۱۹ ـــ ص ۱۳۹]۔ طبعِ ثانی میں بھی یہ دونوں غزلیں الگ الگ ملتی ہیں [ص ۲۰ ـــ ص ۱۷۱]۔ لیکن پہلے شعر کو، جو طبعِ اوّل میں پہلی غزل میں تھا [ص ۱۹ پر] اِس غزل میں شامل نہیں کیا گیا، اُس کو دوسری غزل کے تحت حاشیے میں اختلافِ نسخ کے ذیل میں لکھا گیا ہے [ص ۱۷۱]۔ نسخۂ رضا میں طبعِ اوّل کے مطابق اِن دونوں شعروں کو شاملِ غزل کیا گیا ہے۔ میں نے بھی طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۱۳) مفت کا کس کو بُرا ہے بدرقہ رہبری میں پردۂ رہبر کھلا

طبعِ اوّل میں ''رہ روی'' ہے: رہ روی میں پردۂ رہبر کھلا [ص ۱۴۰]۔ طبعِ ثانی میں مصرع یوں ہے: رہبری میں پردۂ رہبر کھلا [ص ۱۵۷]۔ طبعِ اوّل کے ضمیمۂ اختلافِ نسخ سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس شعر میں کوئی اختلافِ متن موجود نہیں، طبعِ ثانی میں بھی حاشیے میں یا کہیں اور کسی اختلاف کا حوالہ نہیں ملتا؛ ہاں متن میں طبعِ اوّل کے ''رہ روی'' کے بجائے ''رہبری'' ہے۔ حاشیے میں لکھا گیا ہے کہ یہ (خ) یعنی انتخابِ غالب سے منقول ہے۔ محض اِس کی بنیاد پر یہ مان لیا گیا ہے کہ (غالباً) انتخابِ غالب میں مرزا صاحب نے ''رہ روی'' کو ''رہبری'' بنا دیا ہے۔ میں نے یہ یہاں طبعِ ثانی کی مطابقت اختیار کی ہے، لیکن یہ ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ وضاحتی حاشیے کے بغیر بہت سے لوگ الجھن میں مبتلا رہیں گے اور میں بھی پوری طرح مطمئن نہیں۔

(۱۴) ظاہر ہیں میری شکل سے افسوس کے نشاں جوں شانہ پشتِ دست بہ دنداں گزیدہ ہوں

اوّل میں یہی ہے [ص ۶۱]۔ ثانی میں دوسرا مصرع یوں ہے: خارِ الم سے پشت بہ دنداں گزیدہ ہوں [ص ۶۵]۔ اِس کے حاشیے میں لکھا گیا ہے: ''ق، ح، قا: جوں شانہ پشتِ دست۔ موجودہ متن دیوانِ غالب حسرتؔ اڈیشن سے نقل کیا گیا ہے جو گلِ رعنا پر مبنی ہے'' [ص ۶۵]۔

مالک رامؔ صاحب کے لکھنے کے مطابق گلِ رعنا کے نسخۂ لاہور میں [جو غالبؔ کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے] یہ مصرع اُسی طرح ہے جس طرح نسخۂ عرشی طبعِ اوّل میں ہے [گلِ رعنا مرتبۂ مالک رامؔ، ص ۱۷۳]۔ نیز نسخۂ حمیدیہ اور نسخۂ شیرانی میں بھی یہی متن ہے۔ ایسی صورت میں یہ کہنا کہ ''موجودہ متن دیوانِ حسرتؔ سے نقل کیا گیا ہے جو گلِ رعنا پر مبنی ہے'' کس طرح قابلِ قبول ہوسکتا ہے؟ جب گلِ رعنا کے اصل نسخے (بہ خطِ غالبؔ) میں ''جوں شانہ پشتِ دست بہ دنداں گزیدہ ہوں'' لکھا ہوا ہے، تب نسخۂ حسرتؔ کا حوالہ قابلِ قبول نہیں رہتا؛ اِس بنا پر کہ یہ معلوم نہیں کہ حسرتؔ کے پاس جو نسخۂ گلِ رعنا تھا، اُس کا احوال کیا تھا؟ غالبؔ کے خودنوشت نسخۂ گلِ رعنا کے متن پر اُس مجہول الاحوال نسخے کے متن کو ترجیح نہیں دی جا سکتی [گلِ رعنا کا نسخۂ لاہور چھپ چکا ہے، ہاں فی الوقت یہ میرے سامنے نہیں]۔ میں نے اِسی بنا پر اِس شعر میں نسخۂ عرشی طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

تفسیرِ غالبؔ میں بھی طبعِ اوّل کے مطابق ہے [ص ۲۷۹]۔ رضاؔ میں ثانی کے مطابق ہے [ص ۲۱۱]۔ یہاں وضاحتی حاشیہ ازبس ضروری تھا اور ضروری ہے۔

(۱۵) برقِ سامانِ نظر ہے جلوۂ بیباکِ حُسن شمعِ خلوت خانہ کیجیے، ہرچہ باداباد، گُل

طبعِ اوّل میں اسی طرح ہے [ص ۵۲]۔ طبعِ ثانی میں ''برقِ سامانِ نظر'' ہے [ص ۵۶]۔ ''برق'' میں اضافت کا زیر بہ ظاہر کرشمۂ کتابت معلوم ہوتا ہے، یوں کہ حواشی میں کہیں بھی اس کی وضاحت نہیں ملتی۔ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ''برقِ سامانِ نظر'' ہے [ص ۱۹۷]۔ تفسیرِ غالب میں طبعِ اوّل کے مطابق ''برق'' بغیرِ کسرۂ اضافت ہے [ص ۲۴۸]۔ میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

(۱۶) اضطرابِ عمر بے مطلب نہیں آخر، کہ ہے جستجوے فرصتِ ربطِ سر و زانو مجھے

طبعِ اوّل میں ''فرصتِ ربطِ سرِ زانو'' ہے [ص ۸۷]۔ طبعِ ثانی میں بھی یہی ہے [ص ۸۴]؛ لیکن اس کے ضمیمۂ استدراک میں نسخۂ نو دریافتِ دیوانِ غالبؔ کے حوالے سے ''سروزانو'' کو صحیح بتایا گیا ہے [ص ۴۸۸]۔ نسخۂ رضا کے متن میں ''سرِ زانو'' ہے [ص ۲۳۶] اور حاشیے میں اسی نسخۂ نو دریافتِ دیوانِ غالبؔ کے حوالے سے ''سروزانو'' لکھا گیا ہے۔ یعنی مرتّب نے طبعِ ثانی کے استدراک کو دیکھا تو، مانا نہیں۔ بہ ظاہر اس کی وجہ مجھے یہ معلوم ہوتی ہے کہ تفسیرِ غالبؔ میں ''سرِ زانو'' ہے اور مرتّب نے اُس کو بہتر سمجھا ہے۔

تفسیرِ غالبؔ کے متنِ شعر میں ''سرِ زانو'' ہے اور جبیںؔ صاحب نے یہاں معنی آفرینی کا کمال دکھایا ہے، لکھا ہے:

''ربطِ سرِ زانو: دونوں زانوؤں کے سروں کا ملانا جو قیام کے وقت ہی ممکن ہے۔ چلنے میں دونوں زانو الگ الگ رہتے ہیں، زانوؤں کا مستقل ربط مرنے ہی پر ممکن ہے۔ شاعر کہتا ہے کہ میری زندگی کے بے چینی بے مطلب نہیں، کیوں کہ میں ایسی فرصت چاہتا ہوں کہ دونوں زانوؤں کو ملائے رہوں۔ 'ربطِ سروزانو' ہوتا تو معنی کچھ اور ہوتے'' [ص ۳۴۸]۔

جبیںؔ صاحب نے طبعِ ثانی کے ضمیمۂ استدراک کو دیکھ لیا ہوتا تو اُن کو معلوم ہوجاتا کہ اصلاً متن میں ''سروزانو'' ہی ہے اور اُن کو اس دوراز کار معنی آفرینی کی ضرورت نہیں محسوس ہوتی۔ میں نے استدراک کے مطابق ''ربطِ سروزانو'' لکھا ہے۔

(۱۷) صبا! لگا وہ تپانچہ طرف سے بلبل کے کہ روے غنچۂ گل سوے آشیاں پھر جاے

طبعِ اوّل کے متن میں مصرع یوں ہے: صبا، لگا وہ طمانچہ طرف سے بلبل کی [ص ۳۰۵]؛ لیکن اس کے غلط نامے میں لکھا گیا ہے کہ ''بلبل کی'' غلط ہے، صحیح ''بلبل کے'' ہے۔ طبعِ ثانی کے متن میں یہ مصرع یوں لکھا ہوا ہے: صبا، لگا وہ طپانچے طرف سے بلبل کی [ص ۳۲۷]۔ اس نسخے کے استدراک میں یا متعلقہ حاشیے میں یہ نہیں لکھا گیا کہ طبعِ اوّل کے غلط نامے میں ''بلبل کے'' کو صحیح لکھا گیا ہے اور یہ کہ اُسے نہ ماننے کی وجہ کیا ہے۔ یہ بھی نہیں بتایا گیا کہ طبعِ اوّل میں ''طپانچہ'' ہے، اُسے ''طپانچے'' کیوں بنایا گیا۔

عرشیؔ صاحب نے مقدمۂ مکاتیبِ غالبؔ میں لکھا ہے: ''بیتابؔ نے ''طمانچہ'' لکھا تھا، میرزا صاحب نے ''طمانچہ'' کو تپانچہ بنادیا'' [مکاتیبِ غالب، طبعِ ششم ص ۲۲۳]۔ یہ مرزا صاحب کا وہی نقطۂ نظر ہے کہ فارسی الفاظ میں ت لکھنا چاہیے، ط نہیں لکھنا چاہیے۔ مرزا صاحب کی اس اصلاح کے بعد متعلقہ شعر میں ''طپانچہ'' یا ''طپانچے'' نہیں لکھا جاسکتا۔ ''تپانچہ'' لکھا جائے یا ''تپانچے''

لکھا جائے۔ میں نے اِسی بنا پر ''تپانچہ'' اور طبعِ اوّل کی اصلاحِ غلط نامہ کے مطابق ''بلبل کے'' لکھا ہے۔ نسخۂ رضا کا متن طبعِ ثانی کے مطابق ہے [ص ۱۳۸]۔ یہاں وضاحتی حاشیہ ازبس ضروری ہے۔

(۱۸) علم ہی سے قدر ہے انسان کی ہے وہی انسان جو جاہل نہیں

طبعِ اوّل میں یہی ہے [ص ۲۷۵]۔ طبعِ ثانی میں ''علم سے ہی'' ہے [ص ۳۷۴]۔ اِس نسخے کے حواشی میں اِس شعر میں اختلافِ متن کی نشان دہی نہیں کی گئی، اِس صورت میں طبعِ اوّل کے متن کو درست مانا جائے گا۔ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ''علم سے ہی'' ہے [ص ۳۶۸]۔

(۱۹) فریبِ بہرِ تسکینِ ہوس درکار ہے، ورنہ بہ وہمِ زر گرہ میں باندھتے ہیں برقِ حاصل ہا

طبعِ اوّل میں ''غریبی بہرِ تسکینِ ہوس'' ہے [ص ۴۳]۔ طبعِ ثانی میں بھی یہی ہے [ص ۴۴]؛ مگر اِس کے ضمیمۂ استدراک میں اِس شعر کے حوالے سے لکھا گیا ہے کہ صحیح ''فریبے'' ہے [ص ۴۷۱]۔ تفسیرِ غالب میں لکھا گیا ہے: ''نسخۂ عرشی میں پہلا لفظ ''غریبی'' ہے، لیکن خودنوشت دیوان میں ''فریبے'' ہے اور یہی صحیح ہے'' [۱۲۶]۔ نسخۂ رضا میں پہلا لفظ ''غریبی'' ہے، یہ طبعِ ثانی کے متن کی نقل ہے۔ میں نے استدراک کے مطابق ''فریبے'' لکھا ہے۔ دوسرے مصرعے میں تفسیرِ غالب اور نسخۂ رضا دونوں میں ''برقِ حاصل ہا'' ہے۔ تفسیرِ غالب میں اِس کے معنی لکھے گئے ہیں: ''برقِ حاصل: وہ بجلی جو خرمن کو جلادے''۔ ''برق حاصل'' اور ''برقِ حاصل'' دونوں بامعنی ٹکڑے ہیں، یوں میں نے طبعِ اوّل وثانی کے مطابق ''برق حاصل ہا'' لکھا ہے۔

(۲۰) زلف، تحریرِ پریشانِ تقاضا ہے مگر شانہ ساں مو بہ زباں خامۂ مانی مانگے

طبعِ اوّل [ص ۸۷] میں ''زلف'' کے بعد کاما لگا ہوا ہے اور ''تحریر'' کے نیچے اضافت کا زیر لگا ہوا ہے۔ طبعِ ثانی میں پہلا مصرع یوں ہے: زلفِ تحریر پریشانِ تقاضا ہے، مگر [ص ۸۴]؛ مگر اِس نسخے کے کسی اندراج سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ طبعِ اوّل میں درج مصرعے کی قرائت کو بدلا گیا ہے [یہ قرائت کی تبدیلی ہے، متن کی تبدیلی نہیں]۔ وضاحت کے بغیر یہ بات کیسے معلوم ہوگی اور اُسے کس بنیاد پر مانا جائے گا؟

رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ہے، تفسیر میں طبعِ اوّل کے مطابق ہے۔ میں نے طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔

ایسے سب الفاظ کا احاطہ کرنا مقصود نہیں، بس اِس طرف توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ضروری حذف اور اضافوں کے ساتھ نسخۂ عرشی کا نیا اڈیشن شائع کیا جانا ازبس ضروری ہے۔ اِس کے بغیر مجھ جیسے بہت سے کام کرنے والوں کو نقلِ اشعار میں طرح طرح کی اُلجھنوں سے دوچار ہوتا رہنا پڑے گا اور بہت سے مقامات پر اعتماد کے ساتھ یہ نہیں کہا جاسکے گا کہ نقل کردہ متن واقعتاً درست ہے۔

طبعِ ثانی میں بہت سے مقامات پر متن طبعِ اوّل کے متن سے مختلف ہے اور حواشی میں حوالہ دیا گیا ہے؛ میں نے یہ فرض کرلیا ہے کہ یہ تبدیلیاں عرشی صاحب کی ہدایت کے مطابق کی گئی ہوں گی [یوں کہ ضروری توضیحات نہ ہونے کی صورت میں فرض کرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں] اِس بنا پر ایسے مقامات پر طبعِ ثانی کی مطابقت اختیار کی ہے۔ ہاں، جہاں صاف طور پر وہ تبدیلی

ناقابلِ قبول معلوم ہوتی ہے، وہاں طبعِ اوّل کی مطابقت اختیار کی ہے۔ انجمن ترقیِ اردو کے ناظمِ اعلا نے مطلع کیا ہے کہ انجمن کی طرف سے نسخۂ عرشی کا نیا اڈیشن جلد ہی شائع ہوگا اور اُس میں ضروری وضاحتوں پر مبنی ایک ضمیمہ آخر میں شامل ہوگا۔ اگر ایسا ہوسکا تو یہ مناسب اور بہتر صورت ہوگی۔

ایک وضاحت: یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ بنیادی لفظ [مفرد ہو یا مرکب] اگر شعر کا پہلا حصّہ ہے، ایسی صورت میں اُس لفظ کے آگے بیانیہ کا نشان (:) بنانے کے بجائے تیر کا نشان بنایا گیا ہے تاکہ بہ یک نظر معلوم ہوجائے کہ زیرِ نظر لفظ اُس شعر کا پہلا جز ہے۔ مثلاً ''و م ع ل'' کے ذیل میں ''ہلاک بے خبری'':

ہلاکِ بے خبری   نغمۂ وجود و عدم   جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد

اس سے بہ یک نظر یہ معلوم ہوجائے گا کہ ''ہلاک بے خبری'' [یا ایسے ہی دوسرے ٹکڑے] متعلقہ مصرعِ اوّل کا شروع کا حصّہ ہیں۔

املا

اسی سلسلے کا ایک مسئلہ الفاظ کی شکل صورت (املا) کا بھی ہے۔ طبعِ اوّل کا اگر نیا اڈیشن تیار کیا جائے تو اس طرف توجّہ کرنا ازبس ضروری ہے۔ میں محض بہ طورِ مثال دو لفظوں کے اختلافاتِ املا کی نشان دہی کرتا ہوں، اِسی سے صورتِ حال کا بہ خوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

(۱)   مرا شمول ہر اک دل کے پیچ و تاب میں ہے   میں مدعا ہوں تپشِ نامۂ تمنّا کا

طبعِ اوّل میں ''پیچ و تاب'' ہے [ص ۱۷]۔ طبعِ ثانی میں ''پیچ تاب'' ہے [ص ۱۷]۔ اِس کے حاشیے میں اختلافِ نسخ کے تحت ''پیچ و تاب'' لکھا گیا ہے، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مرتب کے نزدیک مرجح صورت ''پیچ تاب'' ہے؛ لیکن آگے بڑھ کر اس کی تردید ہوجاتی ہے، یوں کہ اِس اشاعت میں پانچ اشعار کے متن میں ''پیچ و تاب'' ملتا ہے۔

یہ لفظ طبعِ اوّل میں شامل پندرہ اشعار میں ملتا ہے۔ اِن میں سے گیارہ اشعار میں ''پیچ و تاب'' لکھا ہوا ہے: مرا شمول ہر اک دل کے پیچ و تاب میں ہے [ص ۱۷]، جوہرِ شمشیر کو ہے پیچ و تاب آئینے پر [ص ۳۰]، پیچ و تاب جادہ ہے خطِ کفِ افسوس و بس [ص ۳۶]، پیچ و تاب جادہ ہے بھاں جوہرِ تیغِ عسس [ص ۵]، پیچ و تابِ دل نصیبِ خاطرِ آگاہ ہے [ص ۹۳]، ڈالا ہے تم کو وہم نے کس پیچ و تاب میں [۱۸۹]، جتنا کہ وہمِ غیر سے ہوں پیچ و تاب میں [ص ۱۸۹]، بہ پیچ و تابِ ہوس سلکِ عافیت مت توڑ [ص ۲۱۳]، دل نے سن کر، کانپ کر، کھا پیچ و تاب [ص ۲۶۶]، معاف پیچ و تابِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے [ص ۸۵]، ہے دلِ شوریدۂ غالب طلسمِ پیچ و تاب [ص ۲۳۲]۔

چار اشعار میں ''پیچتاب'' لکھا ہوا ہے: ہے پیچتابِ رشتۂ شمعِ سحر گہی [ص ۷۶]، مبادا اے پیچتابِ طبعِ الفتِ مدعا گم ہو [ص ۶۸]، اسدؔ کو پیچتابِ طبعِ برق آہنگ مسکن ہے [ص ۲۲]، تدبیرِ پیچتابِ نفس کیا کرے کوئی [ص ۸۸]۔

طبعِ ثانی کا احوال یہ ہے کہ اُس میں منقولۂ بالا پندرہ مصرعوں میں سے چھے مصرعوں میں ''پیچ و تاب'' ہے، پانچ مصرعوں میں

"پیچ تاب" ہے اور چار مصرعوں میں "پیچتاب" لکھا ہوا ہے۔ طبعِ ثانی میں شامل حصۂ "بادآورد" [یا نودریافت نسخۂ دیوانِ غالب] کے ایک مصرعے میں یہ لفظ آیا ہے اور اُس میں "پیچتاب" لکھا گیا ہے [جورِ زلف کی تقریر پیچتابِ خاموشی، ص ۴۵۳]۔ اِس طرح طبعِ ثانی میں چھے جگہ "پیچ وتاب" ہے، پانچ مصرعوں میں "پیچ تاب" ہے اور پانچ مصرعوں میں "پیچتاب" ملتا ہے: ایک لفظ کی تین شکلیں۔

اِس اُلجھن میں یوں اور اضافہ ہوتا ہے کہ طبعِ اوّل کے ص ۱۷ پر جس شعر میں "پیچ وتاب" لکھا ہوا ہے، اُس کے حوالے سے ضمیمۂ اختلافِ نسخ میں بتایا گیا ہے کہ ق (نسخۂ بھوپال قدیم) میں یہاں "پیچتاب" ہے۔ اِس کے بعد لکھا گیا ہے: "یہی غالب کا پسندیدہ لفظ ہے" (ص ۴۰۲)۔ اگر "پیچتاب" غالب کا پسندیدہ لفظ ہے تو متن میں اِسی کو لکھا جانا چاہیے تھا، اِسے متن میں نہ لکھنے کی وجہ کیا ہے؟ یہ معلوم نہیں ہوتا۔ پھر یہ کیسے معلوم ہوا کہ لفظ کی یہ شکل غالب کی پسندیدہ صورتِ املا ہے؟ جب تک اِس کی وضاحت نہ کی جائے، اِس قول کو کس بنا پر مانا جائے گا؟۔ نسخۂ لاہور بہ قولِ عرشی صاحب نواب فخرالدین محمد خاں دہلوی کا لکھا ہوا ہے جو میرزا صاحب کے مشہور کاتب تھے (مقدمۂ طبعِ اوّل، ص ۸۴) اِس نسخے کا عکس شائع ہو چکا ہے، اِس میں چار اشعار میں یہ لفظ آیا ہے اور ہر جگہ "پیچ وتاب" لکھا گیا ہے: ص ۱۳۲، ۱۳۲، ۱۸۲، ۲۲۸۔ بہ خوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ عدمِ تعیّن، عدمِ یکسانی اور عدمِ وضاحت نے کس قدر اُلجھن کا سامان فراہم کردیا ہے اشعار نقل کرنے والوں کے لیے!۔

اصل لفظ "پیچ وتاب" ہے [پیچ وخم کی طرح] اور طبعِ اوّل میں بھی بیش تر یہی ملتا ہے، یوں میں نے اِس لفظ کے اِسی املا کو ترجیح دی ہے۔

(۲) رام پور ایک بڑا باغ ہے از روے مثال — دل کش و تازہ و شاداب و وسیع و خوّرم

یہ ایک قطعے کا شعر ہے اور طبعِ اوّل میں اِس شعر میں "خُرّم" لکھا ہوا ہے [ص ۲۶۵]۔ یہی طبعِ ثانی میں ہے [ص ۳۶۰]۔ یہ قطعہ مرزا صاحب نے نواب کلب علی خاں کی خدمت میں بھیجا تھا اور یہ بہ خطِ غالب ملتا ہے۔ اِس کا عکس مرقعِ غالب میں شامل ہے [ص ۱۸۱] اور اِس میں مرزا صاحب نے اپنے قلم سے "خوّرم" لکھا ہے۔ مکاتیبِ غالب میں عرشی صاحب نے اِسے شامل کیا ہے اور اُس میں بھی اصل کے مطابق "خوّرم" لکھا ہوا ہے [طبعِ ششم، ص ۷۶]۔ املا کا یہ اختلاف اُلجھن پیدا کرے گا۔ اِسے "خوّرم" لکھا جانا چاہیے تھا۔ میں نے اِس کتاب میں متعلقہ شعر میں اصل کے مطابق "خوّرم" ہی لکھا ہے [اِس لفظ کے سلسلے میں مزید تفصیل کے لیے دیکھیے املاے غالب، ص ۸۵]۔

مرزا صاحب نے املا سے متعلق بھی بہت کچھ لکھا ہے، خطوں میں اُن کے ایسے اقوال بکھرے ہوئے ہیں۔ اصلاحِ کلام کے ذیل میں املا کی غلطیوں کی طرف شاگردوں کی توجہ مبذول کراتے رہتے تھے۔ لفظوں کی جن املائی شکلوں کو درست سمجھتے تھے، اُن کی بھی نشان دہی کرتے رہتے تھے اور بار بار ٹوکتے تھے۔ املا کی صحت کے اہتمام کو ملحوظ رکھنا تو ویسے بھی ضروری ہے، مگر جس مصنف کی نظر اور ذہن میں املا کی یہ اہمیت ہو، اُس کے کلام میں تو ازبس ضروری ہے۔ مرزا صاحب کے قلم کی لکھی ہوئی بہت سی تحریریں موجود ہیں اور خطوطِ غالب میں اُن کے اقوال بھی محفوظ ہیں۔

اِس خیال کے پیشِ نظر کہ مرزا صاحب کے کلام میں اُن کے منشا کے خلاف املائی صورتیں جگہ نہ پاسکیں، میں نے املاے غالب کے نام سے ایک کتاب مرتب کی تھی جو چھپ چکی ہے [دہلی میں اِسے غالب انسٹی ٹیوٹ نے چھاپا ہے اور کراچی میں ادارۂ یادگارِ غالب نے]۔ مقصود یہ تھا کہ مرزا صاحب کے اردو فارسی کلام کے مرتبین اور ناقلین جن مشکلات اور مسائل سے دوچار ہوسکتے ہیں، اُن کی نشان دہی کی جائے۔ یہ بھی واضح کیا جائے کہ مرزا صاحب نے اپنے قلم سے کس لفظ کو کس طرح لکھا ہے یا کس طرح لکھنے کی ہدایت کی ہے۔ میں نے اپنی اِس کتاب میں املاے غالب کے مندرجات کی پابندی کی ہے۔ اِس کتاب میں شامل اشعارِ غالب کے کسی لفظ کے املا سے متعلق کوئی بات دریافت طلب ہو تو املاے غالب کو دیکھا جائے۔ یہاں املاے الفاظ (جیسے: آور، تراز، تڑپھنا، زرا، یہاں، وہاں وغیرہ) سے متعلق تفصیلات لکھنا بے محل ہوگا۔ نیز اُن سے متعلق تفصیلات یہاں سما بھی نہیں پائیں گی، اِتنی گنجایش نہیں۔

تدوین میں توقیف نگاری (پنکچویشن) کی بھی اہمیت ہے اور ضروری مقامات پر اُس سے متعلق وضاحت کی بھی۔ دیوانِ غالب میں تو اِس کی بہت اہمیت ہے۔ میں اِس کی بس ایک مثال پیش کروں گا۔

طبعِ اوّل میں ص ۷۰ پر یہ شعر ہے:

حیرت ہجوم، لذّتِ غلطانیِ تپش سیماب بالش و کمرِ دل ہے آئنہ

طبعِ ثانی میں پہلے مصرعے کی صورت یہ ہے:

حیرت، ہجوم لذّتِ غلطانیِ تپش (ص ۷۵)۔

اِس کے حاشیے میں یا استدراک میں یہ نہیں بتایا گیا کہ طبعِ اوّل کے برخلاف "حیرت" کے بعد کاما کیوں لگایا گیا؟ نسخۂ رضا میں طبعِ ثانی کے مطابق ہے (ص ۲۲۳)۔ تفسیرِ غالب میں طبعِ اوّل کے مطابق ہے۔ اُس میں تفسیرِ شعر کے ذیل میں یہ بھی لکھا گیا ہے: "دل میں حیرت کا ہجوم ہے...... آئینہ، حیرت ہجوم ہوتا ہے، اِس لیے دل بھی حیرت ہجوم ہے......" (ص ۳۱۴)۔ کاما کی جگہ بدلے گی تو معنی بھی بدل جائیں گے۔ سوال یہ ہے کہ طبعِ ثانی میں اس مصرعے کے کیا معنی متعین کر کے کاما کی جگہ بدلی گئی ہے؟ ہاں، طبعِ اوّل اور طبعِ ثانی میں "غلطانی" ہے۔ میں نے اِس کتاب میں اِس مصرعے میں "غلطانی" لکھا ہے (فرمودۂ غالب کے مطابق)۔ تفصیل کے لیے املاے غالب کو دیکھا جاسکتا ہے۔ جب تک اِس کی وضاحت نہیں کی جائے گی، طبعِ ثانی کے مصرعے کو مرجّح نہیں کہا جاسکتا۔ مرجّح حیثیت طبعِ اوّل کے مصرعے کو حاصل رہے گی۔ یہ بھی سوال پیدا ہوگا کہ یہ تبدیلی کس نے کی ہے، عرشی صاحب نے یا عرشی زادہ نے؟

ترتیبِ الفاظ

پہلے مفرد لفظوں کو حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق لکھا گیا ہے۔ ہر لفظ کے ساتھ نمبر شمار بھی لکھا گیا ہے۔ مقابل میں وہ شعر لکھا گیا ہے جس میں وہ لفظ آیا ہے اور ہر شعر کے آخر میں صفحہ نمبر درج کیا گیا ہے۔ یہ پہلا حصّہ ہوا۔

مرکبات کو دو حصّوں میں بانٹا گیا ہے: (۱) وہ مرکب جن میں متعلقہ لفظ مرکب کا جُزوِ اوّل ہے؛ جیسے ''اشک'' کے تحت ''اشکِ چشمِ سرمہ آلود''۔ (۲) وہ مرکب جن میں متعلقہ لفظ درمیان میں آیا ہے یا آخر میں؛ جیسے: بارانِ اشک، نازِ گراں مایگیِ اشک اور قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق۔ ہر مرکب کے ساتھ دائرے میں نمبر شمار لکھا گیا ہے؛ لیکن متعلقہ شعر نہیں لکھا گیا، یوں کہ ہر مرکب کے حرفِ اوّل کے تحت اُس شعر کو بہ آسانی اپنی جگہ دیکھا جاسکتا ہے۔ شعر بھی لکھا جاتا تو محض تکرار ہوتی۔ یہ دوسرا حصّہ ہوا۔ تیسرے حصّے میں وہ مرکبات ہیں جن میں متعلقہ لفظ مرکب کا پہلا جُز ہے۔ ایسے ہر مرکب کے ساتھ وہ شعر بھی لکھا گیا ہے جس میں وہ مرکب آیا ہے۔ ہر شعر کے ساتھ صفحہ نمبر کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ چوں کہ نسخۂ عرشی طبعِ اوّل کو بنیادی نسخہ مانا گیا ہے [اس کی وضاحت کی جاچکی ہے] اس لیے سب اشعار کے ساتھ صفحات نمبر بھی طبعِ اوّل کے ہیں۔ ہاں جن اشعار کا طبعِ ثانی میں اضافہ کیا گیا ہے، وہ طبعِ ثانی سے منقول ہیں اور اُن کے آگے ''ثانی'' یا ''طبعِ ثانی'' لکھا گیا ہے۔

جیسا کہ لکھا جاچکا ہے، لفظ شماری بھی مقصود ہے۔ اس خیال سے کہ شمارِ الفاظ میں کسی طرح کی خرابی پیدا نہ ہو، یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ ہر حرف کے تحت حصّۂ اوّل کے مفرد الفاظ کو اور تیسرے حصّے کے مرکبات کے پہلے لفظ کو (جو شمار میں آئے گا) جلی لکھا جائے۔ دوسرے حصّے کے مرکبات میں شمار کے لیے، نمبر شمار کے دائرے کو اور اُس میں مندرج نمبر شمار کو جلی لکھا جائے گا۔ اس طرح سب لفظوں کو بہ آسانی شمار کیا جاسکتا ہے۔ مزید یہ کہ حاشیے میں ہر لفظ کے متعلق یہ لکھا گیا ہے کہ وہ کُل کتنی بار آیا ہے۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کتنی بار بہ طور مفرد آیا ہے اور کتنی بار بہ طور مرکب۔ مثلاً الفِ ممدودہ کے تحت پہلا لفظ ''آب'' ہے۔ اس کے حاشیے میں لکھا گیا ہے کہ یہ لفظ کُل باون بار آیا ہے؛ بہ طور مفرد نو بار اور بہ طور مرکب تینتالیس بار —— اس طرح یہ بات بھی سامنے آسکے گی کہ مرزا صاحب کے کلام میں مفرد اور مرکب الفاظ کا عمومی تناسب کیا ہے۔ یہ معلوم ہوسکے گا کہ مفردات کے مقابلے میں مرکبات کا اوسط زیادہ اور بہت زیادہ ہے۔ اس تناسب کو نظر میں رکھ کر مرزا صاحب کی شاعری میں خیال اور اظہار کے کئی اہم پہلوؤں پر گفتگو کی جاسکتی ہے۔ اس سلسلے میں اس کا لحاظ رکھا جانا چاہیے کہ جن الفاظ کے ساتھ مفرد یا مرکب نہ لکھا ہو، اُنھیں مفرد سمجھا جائے۔

ایک وضاحت —— : مفردات اور مرکبات کے شمار سے متعلق ایک ضروری وضاحت کی جاتی ہے۔ جیسا کہ لکھا جاچکا ہے، اس جلد میں حروف (حروفِ جار، حروفِ عطف، حروفِ ربط وغیرہ) کو شامل نہیں کیا گیا۔ کسی لفظ کا پہلا جُز کوئی حرف ہو جیسے: تا قیامت، برزمیں، بہ دل (وغیرہ) تو اصولاً وہ مرکب لفظ ہے؛ مگر مشکل یہ ہے کہ اُس کو مرکبات کے تحت درج نہیں کیا جاسکتا؛ اس لیے یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ جن اشعار میں ایسے لفظ آئیں، اُن کو مفردات کے حصّے میں لکھا جائے؛ مگر شمارِ الفاظ کے تحت اُن کو مرکبات کی گنتی میں شامل رکھا جائے۔ دو مثالوں سے اس کی وضاحت کی جاتی ہے۔

(۱) حرفِ فَ کے تحت لفظِ ''فانوس'' کے حصّۂ مفردات میں کُل دو شعر ہیں، جن میں سے ایک شعر میں ''بہ فانوس'' آیا ہے۔ حصّۂ مرکبات میں کُل چار شعر ہیں۔ اس کے حاشیے میں لکھا گیا ہے کہ ''فانوس'' بہ طور مفرد ایک بار آیا ہے اور بہ طور مرکب پانچ بار۔

(۲) حرفِ قَ کے تحت لفظِ ''قیامت'' کے حصّۂ مفردات کے دو شعروں میں ''تا قیامت'' آیا ہے [تا قیامت شبِ فرقت میں گزر جائے گی عمر —— رہا گر کوئی تا قیامت سلامت]۔ اس لفظ (قیامت) کے حصّۂ مفردات میں کُل پچیس شعر ہیں اور حصّۂ

مرکبات میں پانچ شعر ہیں۔ حاشیے میں شمار کے تحت لکھا گیا ہے کہ لفظِ ''قیامت'' مفرد طور پر تیئیس بار آیا ہے اور مرکب طور پر سات بار۔ لفظِ ''جوں''، ''سار'' اور ''ساں'' کو ایسے حروف کی فہرست میں شامل نہیں کیا گیا۔

بہ سلسلۂ مرکبات

(۱) ایسے الفاظ بہت ہیں جو دو یا زیادہ اجزا سے مل کر بنے ہیں، لیکن ایک کلمے کے طور پر استعمال میں آتے ہیں۔ ایسے لفظ جو کسی اسم اور فارسی کے فعلِ امرِ حاضر سے مل کر بنے ہیں، جنھیں قواعد کی زبان میں اسم فاعل سماعی کہا جاتا تھا، جیسے: دل کش، راہ رَو، رہ نما، خوں فشاں، نامہ رساں، شانہ کش، غاشیہ بردار، دل نواز، محفل آرا، مے پرست، بت پرست، غریب نواز، ستار نواز، ذائقہ شناس (وغیرہ)۔

ایسے مرکبات میں یائے مصدری (ی۔ئی) کا لاحقہ شامل کرلیا گیا ہو، جیسے: بت پرستی، دل نوازی، رہ نمائی، صبا خرامی، خوں فشانی، دل ربائی (وغیرہ)۔ یا حروفِ جمع کا لاحقہ آیا ہو، جیسے: مے پرستاں، بت پرستوں، دل نوازوں (وغیرہ)؛ ایسے بھی کلموں کو، جو اصلاً مرکب ہیں لیکن استعمال میں ایک کلمے کے طور پر آتے ہیں، ایک کلمہ مان کر (مفرد لفظ کی طرح) جلی لکھا گیا ہے۔

(۲) اِسی فہرست میں ایسے مرکبات بھی آتے ہیں جو دو یا زیادہ لفظوں سے مل کر بنے ہوں۔ خواہ دو اسموں سے مل کر بنے ہوں، یا اسم اور فارسی کے کسی مصدر سے مل کر بنے ہوں، جیسے: سیہ مست، کم سخن، جاں پناہ، سرخوش، ضبط آشنا، سردمہر، سخن گفتن (وغیرہ)۔ یا ایسے مرکبات میں یائے مصدری یا حروفِ جمع کے لاحقے شامل ہوگئے ہوں، جیسے: اضطراب انجامی، تغافل مشربی، غفلت نگاہی، تنگ پیرہنی، بے پروا نگاہاں، خونیں نگاہاں، چمن رویاں، نازک خیالی، سردمہری، قطرہ سامانی، کم فرصتی (وغیرہ)۔ یہ اور اِسی انداز کے دوسرے مرکبات مرزا صاحب کے کلام میں بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ ایسے لفظوں نے کلام کی معنویت اور بیان کی رنگارنگی میں بہت اضافہ کیا ہے۔ یہ سب بہ لحاظ اصل مرکب الفاظ ہیں؛ مگر اِن کی ساخت ایسی ہے کہ یہ ایک کلمے کے طور پر استعمال میں آتے ہیں اور اِسی طرح اشعار میں آئے ہیں۔ ایسے بھی مرکب ٹکڑوں کو، جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، ایک کلمے کے طور پر جلی لکھا گیا ہے مگر شمار میں اِن سب کو مرکب کلمے مانا گیا ہے۔

چند وضاحتیں

(۱) اصل لفظ اور اُس کی مخفف شکل کو دو مستقل الفاظ مانا گیا ہے اور مستقل لفظوں کے طور پر درج کیا گیا ہے، جیسے: راہ، رہ؛ شاہ، شہ؛ ماہ، مہ؛ راہگذر، رہگذر (وغیرہ)۔

(۲) اسمائے جمع کو بھی مستقل الفاظ کے طور پر درج کیا گیا ہے، جیسے: لالہ ہا، گل ہا، سخنوراں، راتیں، باتیں، فرشتوں، لوگوں (وغیرہ)۔

(۳) اسمائے اعداد [جیسے: ایک، اک، یک، دو، دوسرا، دونوں، چار، چاروں، اوّل، اوّلیں، سَو، صد، ہزار، لاکھوں، کروڑ،

سینکڑوں، دگر، دیگر (وغیرہ)] کو شامل کیا گیا ہے۔ "ہر" اور "ہمہ" کو بھی اِسی ذیل میں رکھا گیا ہے۔

(۴) کلماتِ تحسین و تعجب [جیسے: خوشا، اے خوشا، حبذا، مرحبا، واہ واہ، ہائے ہائے (وغیرہ) کو شامل کیا گیا ہے۔ اِسی طرح کلماتِ تاسّف [جیسے: دریغ، دریغا، اے دریغا، وائے، اے وائے، حیف، ہیہات، ہائے، ہائے ہائے] کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ یہ وضاحت ضروری ہے کہ "ہائے" اور "ہائے ہائے" بہ طورِ کلماتِ تاسّف بھی آتے ہیں اور بہ طورِ کلماتِ تحسین و تعجب بھی۔ مرزا صاحب کے یہاں "ہائے ہائے" دونوں کلمات کے طور پر آیا ہے [دیکھیے یہ غزل: درد سے میرے، ہے تجھ کو بے قراری، ہائے ہائے/ص ۲۰۴، اور یہ غزل: وہ بادہ ہائے ناب گوارا کہ ہائے ہائے/ص ۱۲۳]۔

(۵) دوسرے شاعروں کے جن مصرعوں یا اشعار کو تضمین کیا گیا ہے، اُن کو الفاظ شماری کے تحت نہیں لایا گیا۔

(۶) قادرنامہ نصابی رسالہ ہے، اِس بنا پر اُس کے الفاظ کو شمار میں شامل نہیں کیا گیا؛ البتہ اُس میں شامل دو غزلوں کے اشعار کو شاملِ لفظ شماری کر لیا گیا ہے۔

(۷) جن اشعار کے صفحات نمبر ۴۴۴ سے ۴۵۷ تک ہیں، وہ سب اشعار طبعِ ثانی سے منقول ہیں۔ یہ صفحات نو دریافت نسخۂ دیوانِ غالب کے متن کے ہیں جو طبعِ اوّل میں شامل نہیں تھا، طبعِ ثانی میں اُسے شامل کیا گیا ہے۔

(۸) میں نے اِس کا التزام کیا ہے کہ متن میں کسی طرح کی تبدیلی نہ کی جائے، طبعِ اوّل یا پھر طبعِ ثانی کی مطابقت کو لازماً ملحوظ رکھا جائے۔ ہاں ایک مقام ایسا ہے جہاں قرائت کی ایک غلطی کی تصحیح کی ہے۔ طبعِ اوّل میں ص ۳۱۳ پر یہ رباعی ہے:

اے منشیِ خیرہ سر! سخن ساز نہ ہو　　　عصفور ہے تو، مقابلِ باز نہ ہو
آواز تری نکلی اور آواز کے ساتھ　　　لاٹھی وہ لگی کہ جس میں آواز نہ ہو

طبعِ ثانی میں بھی یہی ہے (ص ۴۴۱)۔ "آواز نہ ہو" پر نظر رکھی جائے تو واضح طور پر معلوم ہوگا کہ "آواز تری نکلے" اور "لاٹھی وہ لگے" ہونا چاہیے۔ یہ متن کی تبدیلی نہیں، یہ محض قرائت کا معاملہ ہے۔ "لگی" اور "لگے"، اِسی طرح "نکلی" اور "نکلے" کی کتابت میں اُس زمانے میں آخرِ لفظ میں شامل یائے معروف و مجہول کی صورت نگاری میں آج کل کی طرح امتیاز نہیں کیا جاتا تھا۔ لکھا کسی طرح جائے، پڑھا جاتا تھا صحیح طور پر لفظ و معنی کی مطابقت کو ملحوظ رکھتے ہوئے۔ اِسی بنا پر یہاں "نکلے" اور "لگے" لکھا گیا ہے۔

(۹) "بے" کلمۂ نفی ہے۔ یہ بہت سے لفظوں کے ساتھ اِس طرح آیا ہے کہ جُزوِ لفظ بن گیا ہے، جوڑ نمایاں نہیں، جیسے: بیباک، بیدرد، بے خواب، بے فیض وغیرہ؛ ایسے لفظوں کو ایک لفظ مانا گیا ہے اور ایک لفظ کے طور پر درج کیا گیا ہے۔ جن لفظوں کے ساتھ اِس طرح آیا ہے کہ جُزوِ لفظ نہیں معلوم ہوتا، جیسے یہ مصرع: بے مے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی؛ ایسے مقامات پر صرف اصل لفظ کو اُس کے مقام پر لکھا گیا ہے۔ مثلاً "بے مے" میں "مے" کو میم مع ی کے تحت لکھا گیا ہے، اوّل الذکر الفاظ کی تعداد دو سو ترانوے[۹۳] ہے۔

(۱۰) کبھی مصرعے کے دو مستقل بالمعنی ٹکڑوں (جملوں) کے درمیان واو حرفِ عطف کے طور پر آتا ہے، اُسی طرح جس طرح

دو جملوں کے درمیان آتا ہے؛ اور کبھی دو لفظوں کے درمیان آتا ہے، جسے مرکّب عطفی کہتے ہیں۔ مثلاً یہ دو مصرعے: دشتِ اُلفت چمن و آبلہ مہماں پرور (ص ۴)۔ کون گل سے ضعف و خاموشیِ بلبل کہہ سکے (ص ۴۸)۔ پہلے مصرعے میں عطف کا واو اُسی طرح آیا ہے جس طرح دو جملوں کے درمیان آتا ہے اور دوسرے مصرعے میں "ضعف و خاموشیِ بلبل" مرکّبِ عطفی ہے۔ پہلی صورت میں واوِ عطف کو شامل شمار نہیں کیا گیا۔

(۱۱) متعدد لفظ ہیں جو کہیں ایک معنی میں بہ طور حرف آئے ہیں اور کہیں بہ طور اسم۔ جیسے: پئے نذر کرم تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا (ص ۱۳۶) یہاں "پئے" لیے، واسطے کے معنی میں آیا ہے اور مثلاً یہ مصرع: ضعف سے نقشِ پئے مور ہے طوقِ گردن (ص ۱۹۵)۔ یہاں یہ لفظ پیر کے معنی میں آیا ہے۔ ایسے لفظ جہاں حرف کے طور پر آئے ہیں، اُنھیں شامل نہیں کیا گیا۔ جہاں کسی دوسرے معنی میں آئے ہیں، اُنھیں شامل کرلیا گیا ہے۔ ایسے قابلِ ذکر الفاظ یہ ہیں:

آپ: ع: آپ آتے تھے مگر کوئی عناں گیر بھی تھا، اس مصرعے میں "آپ" بہ طور ضمیر کے "تم" کے مفہوم میں آیا ہے۔ اور مثلاً یہ شعر:

پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا   آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہوگئے   (ص ۲۲۸)

اس میں یہ لفظ خود، اپنے آپ کے مفہوم میں آیا ہے۔ یا جیسے یہ شعر:

گر جوہر امتیاز ہوتا ہم میں   رُسوا کرتے نہ آپ کو عالم میں

یعنی اپنے آپ کو۔ جہاں جہاں "آپ" اِن معنوں میں آیا ہے، اُسے شامل کیا گیا ہے۔

اَور ـــــ: ایک معنی میں یہ کلمۂ عطف ہے، جیسے: دین اور دُنیا۔ یا جیسے ع: اُٹھا اور اُٹھ کے قدم میں نے پاسباں کے لیے۔ اور کہیں یہ مزید، دیگر کے معنوں میں آیا ہے، جیسے: بنیں گے اَور ستارے اب آسماں کے لیے۔ یا جیسے: اَور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا۔ جہاں یہ اِن معنوں میں آیا ہے اِسے شامل کیا گیا ہے۔ اِس لفظ کی اِسی معنوی نسبت سے "اَوروں" کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

سِوا ـــــ: جب یہ لفظ زیادہ کے معنی میں آیا ہے، تو اِسے شامل کیا گیا ہے، جیسے:

رنجِ طاقت سے سوا ہو تو نہ پیٹوں کیوں کر   ذہن میں خوبیِ تسلیم و رضا ہے تو سہی   (ص ۳۱۱)

جب یہ بجز کے معنی میں آیا ہے، جیسے:

سوا تاج کے، جو ہے مطلوبِ جاں   نہ وھاں آم پائیں، نہ انگور پائیں   (ص ۲۶۴)

اِن معنوں میں اِسے شامل نہیں کیا گیا۔

گویا ـــــ: یہ لفظ بہ طور حرفِ تشبیہ کئی جگہ آیا ہے جیسے کے معنی میں، مثلاً:

طبع کی واشد نے رنگِ یک گلستاں گل کیا   یہ دلِ وابستہ گویا بیضۂ طاؤس تھا   (ص ۴۳)

اور ایک جگہ کہنے والا کے معنی میں آیا ہے ع: نے زبانِ غنچہ گویا، نے زبانِ خار باغ۔ اِس معنی میں اِسے شامل کیا گیا ہے۔

استثنا

از، اور اس کی مخفف صورت ز، با، بر، برائے، بہ، در؛ یہ سب حرفِ جار ہیں۔ یہ بہ کثرت آئے ہیں۔ عام صورتوں میں ان کو شمار میں شامل نہیں کیا گیا؛ لیکن کچھ ایسے لفظ ہیں جو ان حرفوں سے مل کر ایک کلمے کے طور پر اس طرح استعمال میں آتے ہیں جیسے ایک کلمے کے سانچے میں ڈھل گئے ہوں۔ ایسے لفظوں کو مستثنا لفظوں کے طور پر شامل شمار کر لیا گیا ہے:

از ـــــــ: صرف دو لفظوں میں اسے جزوِ لفظ مانا گیا ہے: از روے [تین بار]۔ از سر (تین بار)۔ بہ طورِ مثال ایسے چار شعر:

گرچہ از روے ننگِ بے ہنری ۔۔۔ ہوں خود اپنی نظر میں اتنا خوار ۔۔۔ ص(۱۲۵)

اُس بزم پُر فروغ میں اِس تیرہ بخت کو ۔۔۔ لبریز ملا نشیب میں از روے اہتمام ۔۔۔ ص(۲۸۲)

کیا کس شوخ نے ناز از سرِ تمکیں نشستن کا ۔۔۔ کہ شاخِ گل کا خم، انداز ہے بالیں شکستن کا ۔۔۔ (ص ۲۷)

دی مرے بھائی کو حق نے از سرِ نو زندگی ۔۔۔ میرزا یوسف، ہے غالبؔ یوسفِ ثانی مجھے ۔۔۔ (ص ۲۳۲)

ایسے دوسرے کلمے ہیں: باوجود، باوصف، باہم، بجاے خود، بخود [بخود بالیدنی، بخود لرزیدن]۔ برآر، براندا ختنی، برافگندہ، برجستہ، برچیدن، برخاستن، برخود غلط [برخود غلطِ شوخیِ تاثیر]، برخود غلطی [برخود غلطی ہاے تحمل، برخود غلطی ہاے عزیزاں]، برسبیل [برسبیلِ دوام، برسبیلِ شکایت]، برگردیدنی، برگزیدہ، برمحل، بروے [بروے زمیں، بروے سفرہ، بروے کار، بروے گردوں]، بدستور، بقدر [بقدرِ لفظ و معنی، بقدرِ مصلحت وغیرہ]۔ درپردہ، درپے [درپَے حصولِ شرف، درپَے دیوار و در]، درمیاں۔

''از'' سے مرکب جو دوسرے کلمے ہیں جن میں ترکیبی صورت نمایاں ہے، جیسے: از خود رفتگاں از خود رفتگی، از خود گزشتن، ز خود رفتۂ بیداے خیال، از خویش بیروں آمدن؛ ایسے کلمات کو حرف ''خ'' کے تحت درج کیا گیا ہے۔ متعلقہ شعر اِن کے ساتھ ضرور لکھا گیا ہے، جس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اصل کلمہ کیا تھا۔ اِسی طرح ''زپا افتادگی'' کو ''پ'' کے تحت لکھا گیا ہے۔

غیر معتبر کلام

نسخۂ عرشی طبعِ اوّل میں کچھ غیر معتبر کلام شامل ہو گیا تھا۔ طبعِ ثانی میں یہ اہتمام کیا گیا کہ ایسے کلام کو شامل نہ کیا جائے۔ اس اہتمام کے باوجود کچھ غیر معتبر اشعار طبعِ ثانی میں باقی رہ گئے۔ طبعِ ثانی کے غلط نامے اور استدراک میں اور نسخۂ رضا کے مقدمے میں ''حرفِ نامعتبر'' کے عنوان سے اِس کی نشان دہی کی گئی ہے (ص ۵۱)۔ میں نے اِس غیر معتبر کلام کو اِس کتاب میں شامل نہیں کیا۔ ذیل میں اس کی تفصیل لکھی جاتی ہے۔

(۱) ایک قطعہ۔ کُل سات شعر، مصرعِ اوّل: اُٹھا اک دن بگولا سا جو کچھ میں جوشِ وحشت میں (ص ۳۵۱)

(۲) ایک قطعہ۔ کُل دو شعر، پہلا مصرع: ایک اہلِ درد نے سنسان جو دیکھا قفس (ص ۳۵۲)۔ [رضا نے لکھا ہے کہ یہ قطعہ غالبؔ کے شاگرد ذاکر کا ہے اور اُن کے دیوان میں موجود ہے]۔

(۳) ص ۴۰۳ پر چار شعر۔ مصرع ہاے اوّل: [۱] دو رنگیاں یہ زمانے کی جیتے جی ہیں سب۔ [۲] پیری میں بھی کمی نہ ہوئی تاک جھانک کی۔ [۳] وہ مرغ ہے خزاں کی صعوبت سے بے خبر۔ [۴] وصل میں ہجر کا ڈر یاد آیا۔

(۴) ص ۴۱۱ — ۴۱۴: ایک غزل کے چار شعر، مصرعِ اوّل: اس قدر ضبط کہاں ہے کبھی آ بھی نہ سکوں۔

(۵) ص ۴۱۹: ایک شعر۔ پہلا مصرع: جو معشوق زلفِ دوتا باندھتے ہیں۔

(۶) ص ۴۲۰: ایک غزل کے پانچ شعر اور چار مصرعے۔ مصرعِ اوّل: نسخۂ سوزشِ دل درخورِ عتاب نہیں۔ یہ غزل تفسیرِ غالب میں بھی شامل ہوگئی ہے [ص ۵۱۵]۔

(۷) ص ۴۲۲: ایک شعر۔ مصرعِ اوّل: نتیجہ اپنی آہوں کا ہے شکلِ مستوی پورا۔

(۸) ص ۴۲۹: ایک شعر۔ پہلا مصرع: جو حدِّ تقویٰ ادا نہ ہووے تو اپنا مذہب یہی ہے غالبؔ۔

(۹) ص ۴۳۰: چھے شعر۔ مصرع ہائے اوّل: [۱] مزہ تو جب ہے کہ اے آوِ نارسا ہم سے۔ [۲] حالت ترے عاشق کی یہ اب آن بنی ہے۔ [۳] گھر سے نکلنا ہے اگر ہاں نکالیے۔ [۴] لیں بوسہ یا مصیبتِ ہجراں بیاں کریں۔ [۵] ذرا کر زور سینے پر کہ تیرِ پُرستم نکلے۔ [۶] اگر ہوتا تو کیا ہوتا، یہ کہیے۔

(۱۰) ص ۴۵۳: ایک شعر۔ پہلا مصرع: کرتا ہے گل جنونِ تماشا کہیں جسے۔

(۱۱) ص ۴۵۶: نو شعر کی ایک غزل۔ پہلا مصرع: سمجھاؤ اسے یہ وضع چھوڑے۔ یہ نو دریافت نسخۂ دیوانِ غالبؔ کی غزل ہے۔ اس کے حاشیے میں یہ لکھا گیا ہے: ''یہ غزل مخطوطے کے حاشیے پر بہ خطِ غیر نقل ہوئی ہے''۔ نسخۂ رضا میں اس کے متعلق حاشیے میں لکھا گیا ہے: ''غزل کا اسلوب غالبؔ کے اسلوب سے میل نہیں کھاتا'' (ص ۲۹۶)۔ اس طرح یہ غزل شک کے دائرے میں آجاتی ہے۔ میں نے اسے مشکوک کلام میں رکھا ہے۔ ہاں، تفسیرِ غالب میں یہ شامل ہے (ص ۵۵۴)۔

یہ کام صبر آزما ثابت ہوا، بارے، اتمام کو پہنچا۔ میں محبّ مکرم الحاج عبدالوہاب خاں سلیم کا خاص طور پر شکر گزار ہوں جن کے پیہم تقاضوں نے اور اصرار نے کام کی رفتار کو سُست نہیں ہونے دیا۔ دراصل اس موضوع پر اس انداز کی کتاب مرتّب کرنے کی فرمائش اُنھی نے کی تھی۔ میں اُن کی بات ٹال نہیں، یوں ہامی بھر لی تھی۔ عبدالوہاب خاں صاحب میرے مخلص کرم فرما اور غم گسار ہیں۔ یہ اُن کے پیہم اصرار کا فیضان ہے کہ درمیان میں کام رُکا نہیں۔ سچّی بات یہ ہے کہ خاں صاحب کی کتاب دوستی اور اُن کا بے مثال خلوص شاملِ حال نہ رہتا تو میں موجودہ حالات میں اس کام کو شاید نہ کر پاتا۔

کتاب کا نام برادرِ عزیز ڈاکٹر اسلم پرویز کا تجویز کیا ہوا ہے۔ اگر یہ کتاب چھپ بھی گئی، تو یہ لطفِ خاص ہوگا ڈاکٹر خلیق انجم کا، ورنہ اتنی ضخیم کتاب اس زمانے میں اور کون چھاپ سکتا تھا۔ خلیق صاحب کی کرم فرمائی میرے شاملِ حال رہتی ہے اور اس طرح کام کرنے کا حوصلہ بڑھتا رہتا ہے اور یقین رہتا ہے کہ ہر کتاب چھپے گی ضرور اور قاعدے قرینے کے ساتھ چھپے گی۔

توقع کرتا ہوں کہ نقد و نظر سے تعلّقِ خاطر رکھنے والے اصحاب اسے پسندیدگی کی نظر سے دیکھیں گے اور کلامِ غالبؔ سے متعلق بعض تنقیدی مباحث کو اس کے مندرجات سے نئی روشنی ملے گی۔

رشید حسن خاں

۱۶ر اپریل ۲۰۰۵ء

آ

آب[1]: (۱) بازگشتِ جادہ پیمائے رہِ حیرت کہاں — غافلاں غش جان کر چھڑکے ہیں آب آئینے پر — ص ۳۹

(۲) شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا — شعلۂ جوالہ، ہر یک حلقۂ گرداب تھا — ص ۱۳۵

(۳) ہوئی ہیں آب شرمِ کوششِ بیجا سے تدبیریں — عرق ریزِ تپش ہیں موج کے مانند زنجیریں — ص ۹۳

(۴) آب ہو جاتے ہیں ننگِ ہمتِ باطل سے مرد — اشک پیدا کر اسدؔ، گر آہ بے تاثیر ہے — ص ۹۶

(۵) تو آب سے گر سلب کرے طاقتِ سیلاں — تو آگ سے گر دفع کرے تابِ شرارت — ص ۱۲۷

(۶) زہرہ گر ایسا ہی شامِ ہجر میں ہوتا ہے آب — پرتوِ مہتاب سیلِ خانماں ہو جائے گا — ص ۱۵۰

(۷) کرے ہے قتل لگاوٹ میں تیرا رُو دینا — تری طرح کوئی تیغِ نگہ کو آب تو دے — ص ۲۲۳

(۸) گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے — زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا — ص ۲۶۰

(۹) چھڑکے ہے شبنم آئنۂ برگِ گل پہ آب — اے عندلیب! وقتِ وداعِ بہار ہے — ص ۲۱۷

دیکھیے ـــــــ: (۱۰) آتش و آب و باد و خاک۔ (۱۱) آسیائے آب۔ (۱۲) آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب۔ (۱۳) بروئے آب۔ (۱۴) خواہشِ آب۔ (۱۵) روئے آب۔ (۱۶) سازِ صدائے آب۔ (۱۷) محیطِ آب۔ (۱۸) مشتِ آب۔ (۱۹)، (۲۰)، (۲۱) موجِ آب [تین بار]۔ (۲۲)، (۲۳)، (۲۴) نقش بر آب [تین بار]۔ (۲۵) نمد در آب۔ [نیز دیکھیے: میر آب۔ بے آب]۔

آبِ آئنہ: (۱) در آبِ آئنہ از جوشِ عکسِ گیسوے مشکیں — بہارِ سنبلستاں جلوہ گر ہے آں سوے دریا — ص ۲۲۷

(۲) ضبط سے مطلب بجز وارستگی دیگر نہیں — دامنِ تمثال آبِ آئنہ سے تر نہیں — ص ۲۶

۱؎ آب : باون بار [مفرد: نو بار، مرکب: تینتالیس بار]۔ آبے : ایک بار۔

آبِ بخشیدن زدریا: اسدؔ! جو آب بخشیدن ز دریا، خضرؔ کو کیا تھا — ڈبوتا چشمۂ حیواں میں گر کشتی سکندرؔ کی — ص ۷۷

آبِ برجاماندہ: صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر — تغیر آبِ برجا ماندہ کا پاتا ہے رنگ آخر — ص ۱۹۸

آبِ بقا: (۱) مجھ کو وہ دو کہ جسے کھا کے نہ پانی مانگوں — زہر کچھ اَور سہی، آبِ بقا اَور سہی — ص ۳۱۱

(۲) دیکھیے: دمِ آبِ بقا۔ (۳) چشمۂ آبِ بقا۔

آبِ تیغِ ناز: زخم ہائے کہنہ دل رکھتے ہیں جوں افسردگی — اے خوشا! گر آبِ تیغِ ناز تیزابی کرے — ص ۱۰۰

آبِ تیغِ نگاہ: نہ پوچھ سینۂ عاشق سے آبِ تیغِ نگاہ — کہ زخمِ روزنِ در سے ہَوا نکلتی ہے — ص ۲۱۸

آبِ چشمۂ آئینہ: اسدؔ! تاثیرِ صافی ہائے حیرت جلوہ پرور ہو — گر آبِ چشمۂ آئینہ دھووے عکس زنگی کا — ص ۲۶

آبِ حیات: (۱) لبِ نگار میں آئینہ، دیکھ آبِ حیات — بہ گمرہیٔ سکندرؔ ہے محوِ حیرانی — ص ۹۶

(۲) یا خضرؔ نے لگا کے شاخِ نبات — مدّتوں تک دیا ہے آبِ حیات — ص ۱۳۱ [آم کے لیے]

آبِ حیواں: دیکھیے: نسخۂ آبِ حیواں۔

آبِ دمِ شمشیرِ ابرو: زخم میں ستم کوشوں کے ہے سامانِ خوں ریزی — سرشکِ چشمِ یار آبِ دمِ شمشیرِ ابرو ہے — ص ۹۸

آبِ رفتہ در جو: نہیں ہے بازگشتِ سیل غیر از جانبِ دریا — ہمیشہ دیدۂ گریاں کو آبِ رفتہ در جو تھا — ص ۲۲

آبِ روانِ اشک: دل خستگاں کو ہے طربِ صد چمن بہار — باغِ بہ خوں تپیدن و آبِ روانِ اشک — ص ۵۰

آبِ روئے کار: (۱) شرر ہے رنگ بعد اظہار تابِ جلوۂ تمکیں — کرے ہے سنگ پر خرشید آبِ روئے کار آتش — ص ۴۷

(۲) دیکھیے: فروغ افزائے آبِ روئے کار۔

آبِ زندگانیٔ شمع: رخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیٔ شمع — ہوئی ہے آتشِ گل آبِ زندگانیٔ شمع — ص ۱۶۳

آبِ زیرِ کاہ: نقشِ صد سطرِ تبسم ہے برآبِ زیرِ کاہ — حُسن کا خط پر نہاں خندیدنی انداز ہے — ص ۳۵۲

آبِ طراوت: بس کہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے — ریشے سے ہر تخم کا دلو اندرونِ چاہ ہے — ص ۹۲

آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ: دیکھیے: عالمِ آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ۔

آب گردیدن: شرم، آئینہ تراشِ جبہۂ طوفان ہے — آب گردیدن روا لیکن چکیدن منع ہے — ص ۱۱۳

آبِ گل: وہ نہا کر آبِ گل سے سایۂ گل کے تلے — بال کس گرمی سے سُکھلاتا تھا سنبل کے تلے — ص ۳۵۳

آبِ گہر: (۱) صاف آتی ہیں نظر آبِ گہر کی لہریں — جنبشِ بادِ سحر نے جو ہلایا سہرا — ص۲۸۸

(۲) نہ رکھ چشمِ حصولِ نفعِ صحبت ہائے مُمسک سے — لبِ خشکِ صدف آبِ گہر سے تر نہیں ہوتا — ص۲۲۵

آبِ ہفت دریا: بقدرِ حسرتِ دل چاہیے ذوقِ معاصی بھی — بھروں یک گوشۂ دامن گر آبِ ہفت دریا ہو — ص۱۹۳

آبے بروے کار آوردن: دیکھیے: حسرتِ آبے بروے کار آوردن۔

آب وتاب[1]: اِس کتابِ طرب نصاب نے جب — آب و تابِ انطباع کی پائی — ص۲۶۳

آب ودانہ[2]: (۱) یہاں آب و دانہ موسمِ گل میں حرام ہے — زُنّار واگسستہ ہے موجِ صبا مجھے — ص۷۶

(۲) سرشکِ بر زمیں اُفتادہ آسا — اُٹھا یہاں سے نہ میرا آب و دانہ — ص۳۵۱

آب ورنگِ گل[3]: حسرت سے دیکھ رہتے ہیں ہم آب و رنگِ گل — مانندِ شبنم اشک ہیں مژگانِ خار کے — ص۸۰

آب وگل[4]: (۱) جلوہ زارِ آتشِ دوزخ ہمارا دل سہی — فتنۂ شورِ قیامت کس کی آب وگل میں ہے — ص۲۳۳

(۲) دیکھیے: طوفانِ آب وگل۔

آب وہوا[5]: (۱) کوئی دُنیا میں مگر باغ نہیں ہے زاہد؟ — خلد بھی باغ ہے، خیر، آب و ہوا اور سہی — ص۳۱۱

(۲) یہاں اشک جدا گرم ہے اور آہ جدا گرم — حسرت کدۂ عشق کی ہے آب و ہوا گرم — ص۳۲۸

دیکھیے ______: (۳) دعوتِ آب وہوا۔ (۴) نازشِ دودمانِ آب وہوا۔

آب وہوائے زندگی: زہر لگتی ہے مجھے آب و ہوائے زندگی — یعنی تجھ سے تھی اِسے ناسازگاری، ہائے ہائے! — ص۲۰۳

آبی[6] پیرہن: کی ہیں کس پانی سے یہاں یعقوب نے آنکھیں سفید — ہے جو آبی پیرہن ہر موجِ زودِ نیل کی — ص۹۱

آبا[7]: دیکھیے: پیشۂ آبا۔

آباد[8]: (۱) اے اسدؔ! آباد ہے مجھ سے جہانِ شاعری — خامہ میرا، تختِ سلطانِ سخن کا پایہ ہے — ص۱۰۳

(۲) کم نہیں جلوہ گری میں ترے کوچے سے بہشت — یہی نقشا ہے، ولے اِس قدر آباد نہیں — ص۱۸۶

---

[1] آب وتاب : ایک بار۔

[2] آب ودانہ : دوبار۔

[3] آب ورنگ : ایک بار [مرکب]۔

[4] آب وگل : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

[5] آب وہوا : پانچ بار [مفرد: دوبار، مرکب: تین بار]۔

[6] آبی : ایک بار [مرکب]۔

[7] آبا : ایک بار [مرکب]۔

[8] آباد : پچیس بار [مفرد: چار بار، مرکب: اکیس بار]۔

(۳) رہا آباد عالم اہلِ ہمت کے نہ ہونے سے　　بھرے ہیں جس قدر جام و سبو، مے خانہ خالی ہے　　ص ۲۰۹

(۴) یہ کون کہوے ہے آباد کر ہمیں لیکن　　کبھی زمانہ مرادِ دلِ خراب تو دے　　ص ۳۲۰

دیکھیے ـــــ: (۵) الم آبادِ جہاں۔ (۶) انتظار آبادِ حیرانی۔ (۷) تپش آبادِ شوق۔ (۸) تعزیت آبادِ عشق۔ (۹) حسرت آبادِ جہاں۔ (۱۰) حیرت آبادِ تغافل ہائے شوق۔ (۱۱) حیرت آبادِ جنوں۔ (۱۲) حیرت آبادِ غربت۔ (۱۳) خضر آباد۔ (۱۴) خیال آباد۔ (۱۵) شرر آبادِ تحیر۔ (۱۶) شمع خیال آباد۔ (۱۷) عجز آباد۔ (۱۸) عزلت آبادِ صدف۔ (۱۹) فضائے حیرت آبادِ تمنا۔ (۲۰) گلشن آباد۔ (۲۱) نفس آبادِ گیتی۔ (۲۲) وحشت آباد۔ (۲۳) وحشت آبادِ تسلی۔

آبادی[۱]: (۱) نگہ معمارِ حسرت ہا، چہ آبادی چہ ویرانی؟　　کہ مژگاں جس طرف وا ہو، بہ کفِ دامانِ صحرا ہے　　ص ۸۳

(۲) نظر میں کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی　　ہمیشہ روتے ہیں ہم دیکھ کر در و دیوار　　ص ۱۶۷

(۳) اسدؔ از بس کہ فوجِ درد و غم سرگرمِ جولاں ہے　　غبارِ راہِ ویرانی ہے ملکِ دل کی آبادی　　ص ۲۵۱

(۴) دیکھیے: آرزوے خانہ آبادی۔

آبادیِ صحرا: پریشانی اسدؔ! در پردہ ہے سامانِ جمعیت　　کہ ہے آبادیِ صحرا ہجومِ خانہ بردوشاں　　ص ۳۳۹

آبجو[۲]: جلوۂ گل نے کیا تھا واں چراغاں آبجو　　یاں رواں مژگانِ چشمِ تر سے خونِ ناب تھا　　ص ۱۳۵

آبدار[۳]: (۱) قاتل بہ عزمِ ناز و دل از زخم در گداز　　شمشیر آبدار و نگہِ آبدار تر　　ص ۴۰

(۲) موجِ سرابِ دشتِ وفا کا نہ پوچھ حال　　ہر ذرہ مثلِ جوہرِ تیغ آبدار تھا　　ص ۱۵۴

آبدار تر: دیکھیے: آبدار (۱)۔

آبداریِ صمصام[۴]: مرحبا! موشگافیِ ناوک　　آفریں! آبداریِ صمصام　　ص ۱۳۸

آبرو[۵]: (۱) نہ وفا کو آبرو ہے، نہ جفا تمیز جو ہے　　چہ حسابِ جاں فشانی! چہ غرورِ دل ستانی!　　ص ۹

(۲) تشنگیِ مے نے تکلف کی مے کدے کی آبرو　　کاسۂ دریوزہ ہے پیمانہ دستِ سبو　　ص ۶۸

---

[۱] آبادی : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دو بار]۔
[۲] آبجو : ایک بار۔
[۳] آبدار : تین بار [مرکب: ایک بار]۔
[۴] آبداری : ایک بار [مرکب]۔
[۵] آبرو : دس بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: پانچ بار]۔

(۳) تم نے مجھ کو جو آبرو بخشی — ہوئی میری وہ گرمیِ بازار — ص۱۳۵

(۴) آبرو کیا خاک اُس گُل کی کہ گلشن میں نہیں — ہے گریباں ننگِ پیراہن جو دامن میں نہیں — ص۱۸۳

(۵) ہوا ہے شہ کا مصاحب، پھرے ہے اتراتا — وگرنہ شہر میں غالبؔ کی آبرو کیا ہے! — ص۲۳۲

دیکھیے ـــــــ: (۶) پاسِ آبرو۔ (۷) پاسِ ضبطِ آبرو۔

آبروے زر: دیکھیے: عیارِ آبروے زر۔

آبروے شیوۂ اہلِ نظر: ہر بُلہوس نے حُسن پرستی شعار کی — اب آبروے شیوۂ اہلِ نظر گئی — ص۲۳۲

آبروے عشق: کیا آبروے عشق جہاں عام ہو جفا — رُکتا ہوں، تم کو بے سبب آزار دیکھ کر — ص۱۶۸

آبستنیِ[۱] تیر: مثلِ گُل زخم ہے میرا بھی سناں سے تُوأم — تیرا ترکش ہی کچھ آبستنیِ تیر نہیں — ص۵۷

آبشارِ[۲] نغمہ: دیکھیے: کوکِ صداے آبشارِ نغمہ۔

آگینہ[۳]: (۱) ہے شکستن سے بھی دل نومید، یارب! کب تلک — آگینہ کوہ پر عرضِ گراں جانی کرے — ص۲۱۱

(۲) ہاتھ دھو دل سے، یہی گرمی گر اندیشے میں ہے — آگینہ تندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے — ص۲۲۱

آگینہ فام: دیکھیے: فلکِ آگینہ فام۔

آگینہ گداز: ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے — کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آگینہ گداز — ص۴۳

آبلوں: (۱) بہ وقتِ سرنگونی ہے تصور انتظارستاں — نگہ کو آبلوں سے شغل ہے اختر شماری کا — ص۱۹

(۲) اِن آبلوں سے پاؤں کے گھبرا گیا تھا میں — جی خوش ہوا ہے راہ کو پُرخار دیکھ کر — ص۱۶۹

(۳) اہلِ تدبیر کی واماندگیاں! — آبلوں پر بھی حنا باندھتے ہیں — ص۱۸۱

(۴) نہیں گرداب جُز سرگشتگی ہاے طلب ہرگز — حبابِ بحر کے ہے آبلوں میں خارِ ماہی کا — ص۲۶

(۵) نہ ہووے آبلوں میں گر، سرشکِ دیدۂ نم سے — بہ جولاں گاہِ نومیدی نگاہِ عاجزاں پا ہے — ص۸۵

---

۱ آبستنی : ایک بار [مرکب]۔
۲ آبشار : ایک بار [مرکب]۔
۳ آگینہ : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

آبلہ[1]: (۱) دشتِ اُلفت چمن و آبلہ مہماں پرور   دلِ جبریل کفِ پا پہ مَلے ہے رخسار   ص ۴

(۲) عزلت گزینِ بزم ہیں واماندگانِ دید   مینائے مے ہے آبلہ پائے نگاہ کا   ص ۱۹

(۳) آبلہ پیمانۂ اندازۂ تشویش تھا   اے دماغِ نارسا! خُم خانۂ منزل نہ پوچھ   ص ۴۲

(۴) دی لطفِ ہوا نے بہ جنوں طرفہ نزاکت   تا آبلہ دعوائے تنک پیرہنی ہے   ص ۱۱۱

(۵) اے ہرزہ دوی! منتِ تمکینِ جنوں کھینچ   تا آبلہ محمل کشِ موجِ گہر آوے   ص ۱۱۳

(۶) ہرگام آبلے سے ہے دل در تہِ قدم   کیا بیم اہلِ درد کو سختیِٔ راہ کا   ص ۱۹

(۷) اے آبلے! کرم کر، یہاں رنجہ یک قدم کر   اے نورِ چشمِ وحشت! اے یادگارِ صحرا!   ص ۳۶

(۸) رفتار سے شیرازۂ اجزائے قدم باندھ   اے آبلے! محمل پئے صحرائے عدم باندھ   ص ۱۷

دیکھیے ______: (۹) اثرِ آبلہ۔ (۱۰) چشمِ آبلہ۔ (۱۱) خلوتِ آبلہ۔ (۱۲) شیرازۂ صد آبلہ۔ (۱۳) گہرِ آبلہ۔

آبلہ پا: (۱) وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سرتا سرِ خاک   گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہربار ہنوز   ص ۱۶۲

(۲) عشق کی راہ میں ہے چرخِ مکوکب کی وہ چال   سست رو جیسے کوئی آبلہ پا ہوتا ہے   ص ۲۳۰

(۳) ہووے ہے جادۂ رہ رشتۂ گوہر ہرگام   جس گزرگاہ سے میں آبلہ پا جاتا ہوں   ص ۲۹۷

(۴) دیکھیے: اک آبلہ پا۔

آبلہ پایانِ صحرائے نظر بازی: عجب اے آبلہ پایانِ صحرائے نظر بازی!   کہ تارِ جادۂ رہ رشتۂ گوہر نہیں ہوتا   ص ۲۲۵

آبلہ دار: دیکھیے: کفِ آبلہ دار۔

آبلہ منزل: دیکھیے: باریک قافلۂ آبلہ منزل۔

آبلۂ پا: (۱) ہے تنگ ز واماندہ شدن حوصلۂ پا   جو اشک گرا خاک میں، ہے آبلۂ پا   ص ۲۹

(۲) آیا نہ بیانِ طلبِ کام، زباں تک   تبخالۂ لب ہو نہ سکا آبلۂ پا   ص ۲۹

(۳) واماندگی بہانہ و دل بستگی فریب   دردِ طلب بہ آبلۂ پا نہ کھینچیے   ص ۱۰۶

دیکھیے ______: (۴) جرسِ آبلۂ پا۔ (۵) خلوتِ آبلۂ پا۔ (۶) طرفِ آبلۂ پا۔

---

[1] آبلہ : ستائیس بار [مفرد: سات بار، مرکب: بیس بار]۔   آبلے : دو بار [بطور جمع]۔ آبلوں : پانچ بار [بطور جمع]۔

آبلۂ نادمیدہ: یک مشتِ خوں ہے پرتوِ خور سے تمام دشت — دردِ طلب بہ آبلۂ نادمیدہ کھینچ ص۳٦

آبلے: (۱) گو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز؟ — آبلے پا کے ہیں یہاں رفتار کو دندانِ عجز ص۴۴

(۲) عروجِ نشۂ واماندگی پیمانہ محمل تر — بہ رنگِ ریشۂ تاک آبلے جادے میں پنہاں ہیں ص۹۲

آبنوسی[1] شانہ: بس کہ سودائے خیالِ زلف وحشت ناک ہے — تا دلِ شب آبنوسی شانہ آسا چاک ہے ص۱۰٦

آبیار تر[2]: بینش بہ سعیِ ضبطِ جنوں نوبہار تر — دل در گدازِ نالہ، نگہ آبیار تر ص۴۰

آبیارِ صد تمنا: اسدؔ! یاسِ تمنا سے نہ رکھ اُمیدِ آزادی — گدازِ ہر تمنا: آبیارِ صد تمنا ہے ص۸۵

آبیارِ فرصتِ رنگِ دمیدہ: دیکھیے: برق آبیارِ فرصتِ رنگِ دمیدہ۔

آبیارِ نغمہ: شوخیِ مضرابِ جولاں: آبیارِ نغمہ ہے — برگ ریزِ ناخنِ مطرب: بہارِ نغمہ ہے ص۸٦

آپ[3]: (۱) بہ فریبِ آشنائی، بہ خیالِ بے وفائی — نہ رکھ آپ سے تعلق مگر ایک بدگمانی ص۹

(۲) رہا نظارہ وقتِ بے نقابی آپ پر لرزاں — سرشک آگیں مژہ سے دست از جاں شستہ بر رو تھا ص۲۲

(۳) گر جوہرِ امتیاز ہوتا ہم میں — رُسوا کرتے نہ آپ کو عالم میں ص۱۱۸

(۴)، (۵) وائے دیوانگیِ شوق! کہ ہردم مجھ کو — آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا ص۱۵۰

(٦) لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگِ گلستاں ہونا ص۱۵۰

(۷) یہ غزل اپنی، مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ — ہے ردیفِ شعر میں غالبؔ زبس تکرارِ دوست ص۱٦۵

(۸) جب وہ جمالِ دل فروز، صورتِ مہرِ نیم روز — آپ ہی ہو نظارہ سوز، پردے میں مُنہ چھپائے کیوں؟ ص۱۹۳

(۹) پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا؟ — آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہو گئے ص۲۲۸

(۱۰) دیکھنا قسمت کہ آپ اپنے پہ رشک آجائے ہے — میں اُسے دیکھوں، بھلا کب مجھ سے دیکھا جائے ہے ص۲۲۱

(۱۱) کہتے ہیں: کہیں خدا سے، اللہ اللہ! — وہ آپ ہیں صبح و شام کرنے والے ص۲۵۳

(۱۲)، (۱۳) اور تو رکھنے کو ہم دہر میں کیا رکھتے تھے — فقط اک، شعر میں اندازِ رسا رکھتے تھے

اُس کا یہ حال کہ کوئی نہ ادا سنج ملا — آپ لکھتے تھے ہم اور آپ اُٹھا رکھتے تھے ص۳۲۷ [طبعِ ثانی]

---

[1] آبنوسی: ایک بار [مرتب]۔ [2] آبیار: چار بار [مرتب]۔ [3] آپ: سولہ بار۔

(۱۴) میں آپ سے جا چکا ہوں، اب بھی — اے بے خبری! اُسے خبر کر — ص۴۴۸

(۱۵) اے دل! بہ خیالِ عارضِ یار — بیر شامِ غم آپ پہ سحر کر — ص۴۴۸

(۱۶) پوچھے ہے کیا معاشِ جگر تفتگانِ عشق — جوں شمع آپ اپنی وہ خُوراک ہوگئے — ص۱۴۴ [طبعِ ثانی]

آپ سے:[۱] آپ سے وہ مرا احوال نہ پوچھے تو اسدؔ! — حسبِ حال اپنے پھر اشعار کہوں یا نہ کہوں؟ — ص۲۹۸

آپس:[۲] رشک سے لڑتی ہیں آپس میں اُلجھ کر لڑیاں — باندھنے کے لیے جب سر پہ، اُٹھایا سہرا — ص۲۸۸

آتش:[۳] (۱) لذّتِ ایجادِ ناز افسونِ عرضِ ذوقِ قتل — نعل آتش میں ہے تیغِ یار سے نخچیر کا — ص۱۱

(۲) زبس آتش نے فصلِ رنگ میں رنگِ دگر پایا — چراغِ گل سے ڈھونڈھے ہے چمن میں شمع خار اپنا — ص۱۵

(۳) مگر آتش ہمارا کوکبِ اقبال چمکا دے — وگرنہ مثلِ خارِ خشک مردودِ گلستاں ہیں — ص۶۴

(۴) طاقتِ فسانۂ باد، اندیشہ شعلہ ایجاد — اے غم ہنوز آتش! اے دل ہنوز خامی! — ص۱۹

(۵) مجھے اب، دیکھ کر ابرِ شفق آلودہ، یاد آیا — کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر — ص۱۶۷

(۶) عشق پر زور نہیں، ہے یہ وہ آتش غالبؔ! — کہ لگائے نہ لگے اور بُجھائے نہ بنے — ص۴۳۶

(۷) شعلہ رُخسارا! تحیّر سے تری رفتار کے — خارِ شمعِ آئنہ آتش میں جوہر ہوگیا — ص۳۰

(۸) کیا ضعف میں اُمید کو دل تنگ نکالوں — میں خار ہوں، آتش میں چبھوں، رنگ نکالوں — ص۶۰

[آٹھ بار بہ طورِ ردیف، ص۳۴۶]:

(۹)،(۱۰) ہوئی ہے بس کہ صرفِ مشقِ تمکینِ بہار آتش — بہ اندازِ حنا ہے رونقِ دستِ چنار آتش

(۱۱) شرر ہے رنگ، بعد اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں — کرے ہے سنگ پر خرشید آبِ روئے کار آتش

(۱۲) گدازِ موم ہے افسونِ ربطِ پیکر آرائی — نکالے کب نہالِ شمع بے تخمِ شرار آتش

(۱۳) خیالِ دود تھا سر جوشِ سودائے غلط فہمی — اگر رکھتی نہ خاکسترنشینی کا غبار آتش

(۱۴) ہوائے پرفشانی برقِ خرمن ہائے خاطر ہے — بہ بالِ شعلۂ بیتاب ہے پروانہ زار آتش

---

۱ آپ سے : ایک بار۔
۲ آپس : ایک بار۔
۳ آتش : اٹھتر بار [مفرد: چونتیس بار، مرکب: چوالیس بار]۔

آتش خانہ : ایک بار۔
آتش کدہ : پانچ بار [مرکب: ایک بار]۔
آتشیں : چار بار [مرکب]۔

(۱۵) نہیں برق و شرر جز وحشت و ضبطِ تپیدن ہا　　بلا گردانِ بے پروا خرامی ہائے یار آتش

(۱۶) دھویں سے آگ کے اک ابرِ دریا بار ہو پیدا　　اسدؔ! حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش

[چھے بار بہ طورِ ردیف، ص ۴۷]:

(۱۷)،(۱۸) بہ اقلیمِ سخن ہے جلوۂ گردِ سوادِ آتش　　کہ ہے دودِ چراغاں سے ہیولائے مدادِ آتش

(۱۹) اگر مضمونِ خاکستر کرے دیباچہ آرائی　　نہ باندھے شعلۂ جوّالہ غیر از گرد باد، آتش

(۲۰) کرے ہے لطفِ اندازِ برہنہ گوٗ خوباں　　بہ تقریبِ نگارش ہائے سطرِ شعلہ یاد آتش

(۲۱) دیا داغِ جگر کو آہ نے ساماں شگفتن کا　　نہ ہو بالیدہ غیر از جنبشِ دامانِ باد آتش

(۲۲) اسدؔ! قدرت سے حیدر کی ہوئی ہر گبر و ترسا کو　　شرارِ سنگِ بت ہی، بر بنائے اعتقاد، آتش

[دو بار بہ طورِ ردیف، ص ۱۷۳]:

(۲۳) نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے　　لگاوے خانۂ آئینہ میں روئے نگار آتش

(۲۴) فروغِ حسن سے ہوتی ہے حلِ مشکلِ عاشق　　نہ نکلے شمع کے پا سے، نکالے گر نہ خار آتش

دیکھیے ـــــــ: (۲۵) دلِ پُر آتش۔ (۲۶)،(۲۷) شعلۂ آتش [دو بار]۔ (۲۸) صحبتِ خس و آتش۔ (۲۹) نعل در آتش۔

آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما: آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما تجھ سے　　چشمک آرائیِ صد شہر چراغاں مجھ سے　　ص ۸۳

آتش افشانی: سخن میں خامۂ غالبؔ کی آتش افشانی　　یقیں ہے ہم کو بھی لیکن اب اس میں دم کیا ہے　　ص ۲۵۱

آتش انگیزِ تپش: ہے مساسِ دستِ افسوس آتش انگیزِ تپش　　بے تکلف آپ پیدا کر کے تف، جلتا ہوں میں　　ص ۳۳

آتش بار: جی جلے ذوقِ فنا کی ناتمامی پر نہ کیوں؟　　ہم نہیں جلتے، نفس ہر چند آتش بار ہے　　ص ۲۱۴

آتش بجاں: (۱) سایہ میرا مجھ سے مثلِ دود بھاگے ہے اسدؔ!　　پاس مجھ آتش بجاں کے کس سے ٹھہرا جائے ہے　　ص ۲۲۲

(۲) دیکھیے: بیتابیِ تجلیِ آتش بجاں۔

آتش پرست: آتش پرست کہتے ہیں اہلِ جہاں مجھے　　سرگرمِ نالہ ہائے شرر بار دیکھ کر　　ص ۱۶۸

آتشِ پنہاں: دیکھیے: صہبائے آتشِ پنہاں۔

آتشِ خاموش: (۱) دل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا — آتشِ خاموش کے مانند گویا جل گیا ص۱۵۱

(۲) غیروں سے اُسے گرمِ سخن دیکھ کے غالبؔ! — میں رشک سے جوں آتشِ خاموش رہا گرم ص۴۴۸

آتش خانہ: رہتے ہیں افسردگی سے سخت بیدردانہ ہم — شعلہ ہا نذرِ سمندر بلکہ آتش خانہ ہم ص۵۳

آتش خیز: کس نے دیکھا نفسِ اہلِ وفا آتش خیز؟ — کس نے پایا اثرِ نالۂ دل ہائے حزیں؟ ص۱۳۴

آتشِ داغ تمنا: دیکھیے: سوزِ آتشِ داغِ تمنا۔

آتشِ دل: (۱) شب دراز و آتشِ دل تیز، یعنی مثلِ شمع — مہ زِ سر تا ناخنِ پا رزقِ یک شبگیر ہے ص۹۶

(۲) دیکھیے: وحشتِ آتشِ دل۔

آتشِ دوزخ: آتشِ دوزخ میں یہ گرمی کہاں! — سوزِ غم ہائے نہانی اَور ہے ص۲۳۷

(۲) دیکھیے: جلوہ زارِ آتشِ دوزخ۔

آتش دیدہ: دیکھیے: موئے آتش دیدہ۔

آتشِ رُخسار: دیکھیے: سوزِ عشقِ آتشِ رخسار۔

آتشِ رنگِ حنا: بیتابِ سیرِ دل ہے سرِ ناخنِ نگار — یعنی نعل ہے بہ آتشِ رنگِ حنا گرو ص۶۹

آتشِ رنگِ رُخِ ہر گل: آتشِ رنگِ رُخِ ہر گل کو بخشے ہے فروغ — ہے دمِ سردِ صبا سے گرمیِ بازارِ باغ ص۴۸

آتش زبانی: چارسوئے عشق میں صاحب دُکانی مفت ہے — نقد ہے داغِ دل اور آتش زبانی مفت ہے ص۱۱۳

آتش زدہ: دیکھیے ـــــــ : (۱) رنگِ کاغذِ آتش زدہ۔ (۲) حیرتِ کاغذِ آتش زدہ۔ (۳) دامِ ہر کاغذِ آتش زدہ۔ (۴)، (۵) کاغذِ آتش زدہ [دو بار]۔

آتش زنِ نامِ نکو: گرمیِ دولت ہوئی آتش زنِ نامِ نکو — خانۂ خاتم میں یاقوتِ نگیں، اخگر ہوا ص۲۰

آتش زیرِ پا: بس کہ ہوں غالبؔ اسیری میں بھی آتش زیرِ پا — موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا ص۱۳۲

آتشِ سوزاں: ڈھونڈھے نہ ملے موجۂ دریا میں روانی — باقی نہ رہے آتشِ سوزاں میں حرارت ص۱۲۷

آتشِ غم: بہ یادِ قامت اگر ہو بلند آتشِ غم — ہر ایک داغِ جگر آفتابِ محشر ہو ص۶۷

آتش فگن: برق بہ جانِ حوصلہ آتش فگن اسدؔ! — اے دلِ فسردہ! طاقتِ ضبطِ فغاں نہیں ص۵۷

آتش کدہ: (۱) ہے بہاراں میں خزاں حاصل خیالِ عندلیب — رنگِ گُل آتش کدہ ہے زیرِ بالِ عندلیب — ص ۳۲

(۲) جاری تھی اسدؔ! داغِ جگر سے مری تحصیل — آتش کدہ جاگیرِ سمندر نہ ہوا تھا — ص ۱۵۳

(۳) ہے ننگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو — ہے عارِ دل، نَفَس اگر آذر فشاں نہیں — ص ۱۸۸

(۴) آتش کدہ ہے سینہ مرا رازِ نہاں سے — اے وائے! اگر معرضِ اظہار میں آوے — ص ۲۳۴

آتش کدۂ صدتب: نالہ ہا حاصلِ اندیشہ کہ جوں رِکشتِ سپند — دلِ ناسوختہ آتش کدۂ صد تب تھا — ص ۴۳

آتشِ گل: آتشِ گل پہ قند کا ہے قوام — شیرے کے تار کا ہے ریشہ نام [آم کے لیے] — ص ۱۳۱

(۲) رُخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیِ شمع — ہوئی ہے آتشِ گل آبِ زندگانیِ شمع — ص ۱۶۳

(۳) دیکھیے: ذوقِ آتشِ گل۔

آتش سوے دماغِ شوق: آتش سوے دماغِ شوق ہے تیرا تپاک — ورنہ ہم کس کے ہیں اے داغِ تمنّا! آشنا — ص ۱۹

آتشِ مے: (۱) لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا ہے اسدؔ! — آتشِ مے سے بہارِ گرمیِ بازارِ دوست — ص ۳۳

(۲) کہوں کیا گرم جوشی مے کشی میں شعلہ رویاں کی — کہ شمعِ خانۂ دل آتشِ مے سے فروزاں کی — ص ۷۶

آتش نفَس: دیکھیے: مغنّیِ آتش نفَس۔

آتش و آب و باد و خاک: آتش و آب و باد و خاک نے لی — وضعِ سوز و نم و رم و آرام — ص ۱۳۸

آتشِ ہمسایہ: یہ آتشِ ہمسایہ کہیں گھر نہ جلادے — کی ہے دلِ سوزاں نے مرے پہلو میں جا گرم — ص ۲۲۸

آتشیں: دیکھیے ـــــ: (۱) شیشۂ آتشیں۔ (۲) آہِ آتشیں۔

آتشیں پائی: دیکھیے: عرضِ آتشیں پائی۔

آتشیں رُخ: دیکھیے: نگارِ آتشیں رخ۔

آتش باز[1]: دیکھیے: دکانِ آتشباز۔

آتش بازی[2]: آتش بازی ہے جیسے شغلِ اطفال — ہے سوزِ جگر کا بھی اِسی طور کا حال — ص ۲۵۳

آثار[3]: دیکھیے ـــــ: (۱) باغِ ہمایونِ تقدس آثار۔ (۲) جہاں دارا آفتاب آثار۔ (۳) خطِ قدرت آثار۔

---

[1] آتشباز : ایک بار۔
[2] آتشبازی : ایک بار۔
[3] آثار : چھے بار [مرتّب]۔

آثارِ جلالی و جمالی: ہیں شب میں صفاتِ ذوالجلالی باہم | آثار جلالی و جمالی باہم ص۲۵۳

آثارِ زخمِ دنداں: دیکھیے: جلوۂ آثارِ زخمِ دنداں۔

آثارِ ظہورِ شام: صبح سے معلوم آثارِ ظہورِ شام ہے | غافلاں! آغازِ کار آئینۂ انجام ہے ص۱۰۱

آج[1]: (۱) نشے میں گم کردہ رہ آیا وہ مستِ فتنہ خو | آج رنگِ رفتہ، دورِ گردشِ ساغر ہوا ص۲۰

(۲) دُوْد کو آج اُس کے ماتم میں سیہ پوشی ہوئی | وہ دلِ سوزاں کہ کل تک شمعِ ماتم خانہ تھا ص۲۵

(۳) صورتِ دیبا تپش سے میری غرقِ خوں ہے آج | خارِ پیراہن، رگِ بستر کو نشتر ہوگیا ص۲۹

(۴) اے اسدؔ! ہے مستعدِ شانۂ گیسو شدن | پنجۂ مژگاں بخود بالیدنی رکھتا ہے آج ص۳۵

[چھے بار بہ طور جزوِ ردیف، ص۳۴]:

(۵) معزولیِ تپش ہوئی افراطِ انتظار | چشمِ کشودہ حلقۂ بیرونِ در ہے آج

(۶) حیرت فروشِ صد نگرانی ہے اضطرار | ہر رشتہ چاکِ جیب کا تارِ نظر ہے آج

(۷) ہوں داغِ نیم رنگیِ شامِ وصالِ یار | نورِ چراغِ بزم سے جوشِ سحر ہے آج

(۸) کرتی ہے عاجزیِ سفرِ سوختن تمام | پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج

(۹) تا صبح ہے بہ منزلِ مقصد رسیدنی | دُودِ چراغ خانہ غبارِ سفر ہے آج

(۱۰) دور اوفتادۂ چمنِ فکر ہے اسدؔ | مرغِ خیالِ بلبلِ بے بال و پر ہے آج

[چار بار بہ طور جزوِ ردیف، ص۱۶۵]:

(۱۱)،(۱۲) گلشن میں بند وبست بہ رنگِ دگر ہے آج | قمری کا طوق حلقۂ بیرونِ در ہے آج

(۱۳) آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ | تارِ نفس کمندِ شکارِ اثر ہے آج

(۱۴) اے عافیت! کنارہ کر، اے انتظام! چل | سیلابِ گریہ در پئے دیوار و در ہے آج

[تین بار بہ طور جزوِ ردیفِ رباعی، ص۳۵۷]:

(۱۵)،(۱۶)،(۱۷) گلخن، شرر اہتمام بستر ہے آج | یعنی تبِ عشق شعلہ پرور ہے آج

---

[1] آج : ہفدہ بار۔

ہوں دردِ ہلاکِ نامہ بر سے بیمار قارورہ مرا خونِ کبوتر ہے آج

[تین بار بہ طورِ جزو ردیفِ رباعی، ص ۱۱۸]:

(۱۸)، (۱۹)، (۲۰) دل، سوزِ جنوں سے جلوہ منظر ہے آج نیرنگِ زمانہ فتنہ پرور ہے آج
یک تارِ نفس میں جوں طنابِ صبّاغ ہر پارۂ دل بہ رنگِ دیگر ہے آج

(۲۱) شوقِ بے پروا کے ہاتھوں شکلِ سازِ نادرست کھنچتا ہے آج نالے خارج از آہنگِ دل ص ۵۳
(۲۲) چرب ہے پہلوے خیال، رزقِ دو عالم احتمال کل ہے جو وعدۂ وصال، آج بھی اے خدا! مجھ ص ۷۳
(۲۳) مرا دل مانگتے ہیں عاریت اہلِ ہوس، شاید یہ جایا چاہتے ہیں آج دعوت میں سمندر کی ص ۷۷
(۲۴) عرش پر تیرے قدم سے ہے دماغِ گردِ راہ آج تنخواہِ شکستن ہے کُلہِ جبریل کی ص ۹۱
(۲۵) ساقیا! دے ایک ہی ساغر میں سب کو، کہ آج آرزوے بوسۂ لب ہاے مے گوں ہے مجھے ص ۱۰۰
(۲۶) عجز و نیاز سے تو نہ آیا وہ راہ پر دامن کو اُس کے آج حریفانہ کھینچیے ص ۱۰۵
(۲۷) اسدؔ! ہے آج مژگانِ تماشا کی حنا بندی چراغانِ نگاہ و شوخیِ اشکِ جگر گوں ہے ص ۱۱۲
(۲۸) مژدۂ دیدار سے رُسوائیِ اظہار دور آج کی شب چشمِ کوکب تک پریدن منع ہے ص ۱۱۳
(۲۹) آج مجھ سا نہیں زمانے میں شاعرِ نغز گوے، خوش گفتار ص ۱۲۶
(۳۰) جانتا ہوں کہ آج دنیا میں ایک ہی ہے اُمید گاہِ انام ص ۱۳۶
(۳۱) غنچہ پھر لگا کھلنے، آج ہم نے اپنا دل خوں کیا ہوا دیکھا، گم کیا ہوا پایا ص ۱۳۳
(۳۲) نوروز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں نظّارگیِ صنعتِ حق اہلِ بصارت ص ۱۲۷
(۳۳) آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے؟ کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا ص ۱۴۵
(۳۴) بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں، ورنہ سبب کیا خواب میں آ کر تبسّم ہاے پنہاں کا؟ ص ۱۵۷
(۳۵) نے وہ کیوں بہت پیتے بزمِ غیر میں، یارب! آج ہی ہوا منظور اُن کو امتحاں اپنا ص ۱۵۹
(۳۶) کیوں اندھیری ہے شبِ غم؟ ہے بلاؤں کا نزول آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کھلا ص ۱۶۱
(۳۷) ہے خبر گرم اُن کے آنے کی آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا ص ۱۶۳

(۳۸) کچھ تو پڑھیے کہ لوگ کہتے ہیں	آج غالبؔ غزل سرا نہ ہوا	ص۱۶۳
(۳۹) آئے ہو کل اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں؟	مانا کہ ہمیشہ نہیں، اچھا کوئی دن اور	ص۱۷۰
(۴۰) تیرے ہی جلوے کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک	بے اختیار دوڑے ہے گل در قفائے گل	ص۱۷۶
(۴۱) شورِ جولاں تھا کنارِ بحر پر کس کا؟ کہ آج	گردِ ساحل ہے بہ زخمِ موجۂ دریا، نمک	ص۱۷۵
(۴۲) لے گئی ساقی کی نخوت قلزم آشامی مری	موجِ مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں	ص۱۸۵
(۴۳) آج ہم اپنی پریشانیِ خاطر اُن سے	کہنے جاتے تو ہیں، پر دیکھیے کیا کہتے ہیں	ص۱۸۷
(۴۴) کل کے لیے کر آج نہ خست شراب میں	یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثرؔ کے باب میں	ص۱۸۹
(۴۵) ہیں آج کیوں ذلیل؟ کہ کل تک نہ تھی پسند	گستاخیِ فرشتہ ہماری جناب میں	ص۱۸۹
(۴۶) کوئی کہے کہ شبِ مہ میں کیا بُرائی ہے!	بلا سے، آج اگر دن کو ابر و باد نہیں	ص۱۹۲
(۴۷) کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں تو کہتے ہیں	کہ آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں	ص۱۹۳
(۴۸) شب کو کسی کے خواب میں آیا نہ ہو کہیں	دُکھتے ہیں آج اُس بتِ نازک بدن کے پانْو	ص۱۹۶
(۴۹) دل و مژگاں کا جو مقدمہ تھا	آج پھر اُس کی روبکاری ہے	ص۲۲۳
(۵۰) ساقی گری کی شرم کرو آج، ورنہ ہم	ہر شب پیا ہی کرتے ہیں مے جس قدر ملے	ص۲۳۶
(۵۱) رکھیو غالبؔ مجھے اس تلخ نوائی میں معاف	آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے	ص۲۴۱
(۵۲) یہ ضد کہ آج نہ آوے اور آئے بِن نہ رہے	قضا سے شکوہ ہمیں کس قدر ہے، کیا کہیے!	ص۲۴۷
(۵۳) بس کہ فعّالِ مایُرید ہے آج	ہر سلحشور انگلستاں کا	ص۲۶۰
(۵۴) رام پور آج ہے وہ بُقعۂ معمور کہ ہے	مرجع و مجمعِ اشرافِ نژادِ عالم	ص۲۶۵
(۵۵) آج یہ قدر دانِ معنی ہے	بادشاہِ جہانِ معنی ہے	ص۲۶۸
(۵۶) پایا قادر نامے نے آج اختتام	اک غزل تم اور پڑھ لو والسلام	ص۲۷۵
(۵۷) میری سنو کہ آج تم اس سرزمین پر	حق کے تفضلات سے ہو مرجعِ انام	ص۲۸۳
(۵۸) خوش ہوا اے بخت! کہ ہے آج ترے سر سہرا	باندھ شہزادہ جواں بخت کے سر پر سہرا	ص۲۸۷

(۵۹) خراج بادشہِ چیں سے کیوں نہ مانگوں آج — کہ بن گیا ہے خمِ جعدِ پُرشکن، تکیہ — ص ۳۰۳

(۶۰) تحریر ہے یہ غالبِ یزداں پرست کی — تاریخ اس کی: آج نویں ہے اگست کی — ص ۳۱۲

(۶۱) دیدہ خوں بار ہے مدت سے و لے آج ندیم! — دل کے ٹکڑے بھی کئی، خون کے شامل آئے — ص ۳۱۲

(۶۲) آج یک شنبے کا دن ہے، آؤ گے؟ — یا فقط رستا ہمیں جتلاؤ گے — ص ۳۱۲

(۶۳) شہر میں چھڑیوں کے میلے کی ہے بھیڑ — آج عالم اور ہے بازار کا — [قادرنامہ]

(۶۴) لال ڈگی پر کرے گا جا کے کیا؟ — پُل پہ چل، ہے آج دن اتوار کا — [قادرنامہ]

(۶۵) کیا کہیں کھائی ہے حافظ جی کی مار — آج ہنستے آپ جو کھِل کھِل نہیں — [قادرنامہ]

آخر:[ا]

(۱) جوشِ بیداد و تپش سے ہوئی عریاں آخر — شاخِ گلبن پہ صبا، چھوڑ کے پیراہنِ خار — ص ۳

(۲) شوخیِ رنگِ حنا خونِ وفا سے کب تک؟ — آخر اے عہد شکن! تو بھی پشیماں نکلا — ص ۱۳

(۳) کچھ کھٹکتا تھا مرے سینے میں لیکن آخر — جس کو دل کہتے تھے سو تیر کا پیکاں نکلا — ص ۱۳

(۴) ضبطِ گریہ گہرِ آبلہ لایا آخر — پاے صد موج بہ طوفاں کدۂ دل باندھا — ص ۱۳

(۵) نہ بھولا اضطرابِ دم شماری انتظار اپنا — کہ آخر شیشۂ ساعت کے کام آیا غبار اپنا — ص ۱۵

(۶) اُگی اک پنبۂ روزن سے تھی چشم سفید آخر — حیا کو انتظارِ جلوہ ریزی کے کمیں پایا — ص ۲۲

(۷) دیدار طلب ہے دلِ وامانده کہ آخر — نوکِ سرِ مژگاں سے رقم ہو گئۂ پا — ص ۲۹

[پانچ بار بہ طورِ ردیف، ص ۴۰]:

(۸) خطِ نوخیز: نیلِ چشم زخمِ صافیِ عارض — لیا آئینے نے حرزِ پرِ طوطی بہ چنگ آخر

(۹) ہلال آسا تہی رہ گر کشادن ہاے دل چاہے — ہوا مہ کثرتِ سرمایہ اندوزی سے تنگ آخر

(۱۰) تڑپ کر مر گیا وہ صیدِ بال افشاں کہ مضطر تھا — ہوا ناسورِ چشمِ تعزیت زخمِ خدنگ آخر

(۱۱) لکھی یاروں کی بدمستی نے مے خانے کی پامالی — ہوئی قطرہ فشانی ہاے مے بارانِ سنگ آخر

(۱۲) اسدؔ! پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے — نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہاے چنگ آخر

[ا] آخر : اڑتالیس بار [متفرد: سینتالیس بار، مرکب: ایک بار]۔ آخرکار : ایک بار۔

[چھے بار بہ طور ردیف، ص ۴۱، ۱۶۸]:

(۱۳)، (۱۴) دیا یاروں نے بے ہوشی میں درماں کا فریب آخر   ہوا سکتے سے میں آئینۂ دستِ طبیب آخر

(۱۵) رگِ گل، جادۂ تارِ نگہ سے حد موافق ہے   ملیں گے منزلِ الفت میں ہم اور عندلیب آخر

(۱۶) غرورِ ضبط وقتِ نزع ٹوٹا بے قراری سے   نیازِ پرفشانی ہوگیا صبر و شکیب آخر

(۱۷) اسد کی طرح میری بھی، بغیر از صبحِ رخساراں   ہوئی شامِ جوانی اے دلِ حسرت نصیب! آخر

(۱۸) ستم کش مصلحت سے ہوں کہ خوباں تجھ پہ عاشق ہیں   تکلف برطرف، مل جائے گا تجھ سا رقیب آخر   ص ۱۶۸

[تین بار بہ طور ردیف، ص ۱۶۸]:

(۱۹)، (۲۰) صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر   تغیر آبِ برجا ماندہ کا پاتا ہے رنگ آخر

(۲۱) نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی   ہوا جامِ زمرد بھی مجھے داغِ پلنگ آخر

(۲۲) ہم غلط سمجھے تھے، لیکن زخمِ دل پر رحم کر   آخر اس پردے میں تو ہنستی تھی اے صبحِ وصال!   ص ۵۲

(۲۳) ڈر نالہ ہائے زار سے میرے، خدا کو مان   آخر نوائے مرغِ گرفتار بھی نہیں   ص ۱۸۳

(۲۴) بوسہ نہیں، نہ دیجیے، دشنام ہی سہی   آخر زباں تو رکھتے ہو تم، گر دہاں نہیں   ص ۱۸۸

(۲۵) حد چاہیے سزا میں عقوبت کے واسطے   آخر گناہگار ہوں، کافر نہیں ہوں میں   ص ۱۹۰

(۲۶) بیدادِ وفا دیکھ کہ جاتی رہی آخر   ہر چند مری جان کو تھا ربط لبوں سے   ص ۲۰۱

(۲۷) دلا! یہ درد و الم بھی تو مغتنم ہے کہ آخر   نہ گریۂ سحری ہے نہ آہِ نیم شبی ہے   ص ۲۰۵

(۲۸) رونے سے اے ندیم! ملامت نہ کر مجھے   آخر کبھی تو عقدۂ دل وا کرے کوئی   ص ۲۱۵

(۲۹) عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اور شخص پر   آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے   ص ۲۱۹

(۳۰) ہستی ہے نہ کچھ عدم ہے غالب!   آخر تو کیا ہے اے نہیں ہے!   ص ۲۲۹

(۳۱) دلِ ناداں! تجھے ہوا کیا ہے؟   آخر اس درد کی دوا کیا ہے؟   ص ۲۳۸

(۳۲) کریں گے کوہکن کے حوصلے کا امتحاں آخر   ابھی اس خستہ کے نیروے تن کی آزمائش ہے   ص ۲۴۴

(۳۳) اب تو مل جائے گی تیری ان سے سانٹھ   لیکن آخر کو پڑے گی ایسی گانٹھ   ص ۲۶۶

(۳۴) اُلفتِ زر ہمہ نقصاں ہے کہ آخر قاروں — زیرِ بارِ غمِ دام و درم چند رہا — ص۲۲۶

(۳۵) روشن ہوئی یہ بات دمِ نزع کہ آخر — فانوس، کفن بہرِ چراغِ سحری ہے — ص۲۵۳

(۳۶) ہوا شرمِ تہی دستی سے وہ بھی سرنگوں آخر — بس اے زخمِ جگر! اب دیکھ لی شورشِ نمک داں کی — ص۷۷

(۳۷) اضطرابِ عمر بے مطلب نہیں آخر کہ ہے — جستجوے فرصتِ ربطِ سرو زانو مجھے — ص۷۸

(۳۸) ہے دلِ افسردہ، داغِ شوخیِ مطلب اسدؔ! — شعلہ آخر فالِ مقصودِ چراغِ کشتہ ہے — ص۸۰

(۳۹) رہا بے قدر دل در پردۂ جوشِ ظہور آخر — گل و نرگس بہم، آئینہ و اقلیمِ کوراں ہے — ص۸۱

(۴۰) جس طرف سے آئے ہیں آخر اُدھر ہی جائیں گے — مرگ سے وحشت نہ کر، راہِ عدم بیہودہ ہے — ص۱۰۳

(۴۱) عرضِ حیرانیِ بیمارِ محبت معلوم! — عیسیٰ آخر بہ کفِ آئینہ تصویر آوے — ص۱۱۳

(۴۲) کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر — تا نہ دے بادِ زمہریر آزار — ص۱۲۶

(۴۳) فائدہ کیا، سوچ، آخر تو بھی دانا ہے اسدؔ! — دوستی ناداں کی ہے، جی کا زیاں ہو جائے گا — ص۱۵۱

(۴۴) ذکر اُس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا — بن گیا رقیب آخر، تھا جو رازداں اپنا — ص۱۵۹

(۴۵) ہم تھے مرنے کو کھڑے، پاس نہ آیا نہ سہی — آخر اُس شوخ کے ترکش میں کوئی تیر بھی تھا! — ص۱۵۹

(۴۶) عشق میں بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے — کشتۂ دشمن ہوں آخر، گرچہ تھا بیمار دوست — ص۱۶۳

(۴۷) نہ لڑ ناصح سے غالبؔ! کیا ہوا گر اُس نے شدت کی — ہمارا بھی تو آخر زور چلتا ہے گریباں پر — ص۱۶۷

آخرِ کار: آخرِ کار گرفتارِ سرِ زلف ہوا — دلِ دیوانہ کہ وارستۂ ہر مذہب تھا — ص۲۳

آخرِ ماہِ صفر: ہے چار شنبہ آخرِ ماہِ صفر، چلو — رکھ دیں چمن میں، بھر کے مئے مشک بو کی ناند — ص۱۲۸

آداب[1]: دیکھیے: (۱) گردابِ دوعالم آداب۔ (۲) رہ و رسمِ طرحِ آداب۔

آدابِ وقار و تمکیں: دیکھیے: خارجِ آدابِ وقار و تمکیں۔

آذر فشاں[2]: ہے تنگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو — ہے عارِ دل، نفس اگر آذر فشاں نہیں — ص۱۸۸

آدم[3]: (۱) چاہے گر جنت، جز آدم وارثِ آدم نہیں — شوخیِ ایمانِ زاہد سستیِ تدبیر ہے — ص۹۵

---

[1] آداب : تین بار [مرکب]۔

[2] آذر : ایک بار [مرکب]۔

[3] آدم : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔

(۲) نہ کھاتے گیہوں، نکلتے نہ خلد سے باہر — جو کھاتے حضرتِ آدم یہ بیسنی روٹی — ص۱۲۳

(۳) نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن — بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے — ص۲۲۹

(۴) دیکھیے: مرجع و مجمعِ اشراف نژادِ آدم۔

آدم[۱]: (۱) دیکھیے: آدم[۱]۔ (۲) دیکھیے: یک قدِ آدم۔

آدمی[۲]: (۱) یقیں ہے آدمی کو دستگاہِ فقر حاصل ہو — دمِ تیغِ توکّل سے اگر پائے سبب کاٹے — ص۹۸

(۲) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا — آدمی کو بھی میسّر نہیں انساں ہونا — ص۱۵۰

(۳) پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق — آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا؟ — ص۱۵۹

(۴) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں — موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں! — ص۱۹۳

(۵) ہے آدمی بجائے خود اک محشرِ خیال — ہم انجمن سمجھتے ہیں، خلوت ہی کیوں نہ ہو — ص۱۹۳

(۶) یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے — ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو — ص۲۰۰

(۷) عشق نے غالبؔ! نکمّا کر دیا — ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے — ص۲۵۰

(۸) کوئی وھاں سے نہ آسکے یھاں تک — آدمی وھاں نہ جا سکے یھاں کا — ص۲۶۰

(۹) سب سے یہ گوشہ کنارے ہے، گلے لگ جا مرے — آدمی کو کیوں پکارے ہے، گلے لگ جا مرے — ص۲۹۱

(۱۰) تو نے دیکھا، مجھ پہ کیسی بن گئی اے رازدار! — خواب و بیداری پہ کب ہے آدمی کو اختیار — ص۲۸۹

آدھی[۳]: [تین بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۲۸۹ (تضمین)]:

(۱)،(۲)،(۳) گھستے گھستے پانو میں زنجیر آدھی رہ گئی — مر گئے، پر قبر کی تعمیر آدھی رہ گئی

سب ہی پڑھتا کاش! کیوں تکبیر آدھی رہ گئی۔

آدینہ[۴]: دیکھیے: خونِ آدینہ۔

آراستہ[۵]: بزمِ سلطانی ہوئی آراستہ — کعبۂ امن و اماں کا در کھلا — ص۱۳۹

آرام[۶]: (۱) عکسِ رُخِ افروختہ تھا تصویر بہ پشتِ آئینہ — شوخ نے وقتِ حُسن طرازی تمکیں سے آرام کیا — ص۲۶

---

۱ آدم : دوبار [مرکب]۔
۲ آدمی : دس بار۔
۳ آدھی : تین بار۔
۴ آدینہ : ایک بار [مرکب]۔
۵ آراستہ : ایک بار۔
۶ آرام : دس بار [مفرد: چھے بار، مرکب: چار بار]۔

(۲) آتش و آب و باد و خاک نے لی　　وضعِ سوز و نم و رم و آرام　　ص۱۳۸

(۳) حُسن،غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد　　بارے، آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد　　ص۱۶۶

(۴) ہوسِ گل کا تصوّر میں بھی کھٹکا نہ رہا　　عجب آرام دیا بے پر و بالی نے مجھے　　ص۲۲۲

(۵) اپنا وہ نہیں شیوہ کہ آرام سے بیٹھیں　　اُس در پہ نہیں بار تو کعبے ہی کو ہو آئے　　ص۲۳۹

(۶) نے تیر کماں میں ہے نہ صیاد کمیں میں　　گوشے میں قفس کے مجھے آرام بہت ہے　　ص۲۴۵

(۷) سامانِ خور و خواب کہاں سے لاؤں　　آرام کے اسباب کہاں سے لاؤں　　ص۲۵۲

(۸) دیکھیے: فرصتِ آرام۔

آرامِ جان وتن: دیکھیے: موجبِ آرامِ جان وتن۔

آرامِ فنا: قطعِ سفرِ ہستی و آرامِ فنا ہیچ　　رفتار، نہیں بیش تر از لغزشِ پا، ہیچ　　ص۳۶

آرامیدگی: دیکھیے: محوِ آرامیدگی۔

آرامیدن[۱]: دیکھیے: جمعیتِ آرامیدن۔

آرامیدنی: خوشا مستی! کہ جوشِ حیرتِ اندازِ قاتل سے　　نگہ شمشیر میں جوں جوہر آرامیدنی جانے　　ص۱۱۵

آرامیدہ: دیکھیے: دلِ آرامیدہ۔

آرائش[۲]: (۱) تیری آرائش کا استقبال کرتی ہے بہار　　جوہرِ آئینہ ہے یھاں نقشِ احضارِ چمن　　ص۵۹

(۲) خطِ نوخیز کی آئینے میں دی کس نے آرائش　　کہ ہے تہ بندیِ پرہاے طوطی رنگ جوہر کا　　ص۲۲۲

(۳) نہیں ہے خالی آرائش سے بے سامانیِ عاشق　　شکستِ حال، اندازِ آفرینِ کج کلاہی ہے　　ص۲۵۵

دیکھیے ــــــ: (۴) وقتِ آرائش۔ (۵) محوِ آرائش۔

آرائشِ بزمِ وصال: رہنِ خاموشی میں ہے آرائشِ بزمِ وصال　　ہے پرِ پروازِ رنگِ رفتۂ خوں، گفتگو　　ص۶۹

آرائشِ بیداد: ہے ترحم آفریں آرائشِ بیداد یھاں　　اشکِ چشمِ دام ہے ہر دانۂ صیاد یھاں　　ص۵۷

آرائشِ جمال: آرائشِ جمال سے فارغ نہیں ہنوز　　پیشِ نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں　　ص۱۸۹

---

۱ آرامیدن : ایک بار [مرکب]۔　　آرامیدہ : ایک بار [مرکب]۔
آرامیدگی : ایک بار [مرکب]۔　　آرامیدنی : ایک بار۔　　۲ آرائش : بارہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: نو بار]۔

آرائشِ خمِ کاکل: تو اور آرائشِ خمِ کاکل / میں اور اندیشہ ہائے دور دراز! ص۱۷۲

آرائشِ سر و دستار: پیر و مرشد! اگرچہ مجھ کو نہیں / ذوقِ آرائشِ سر و دستار ص۱۲۶

آرائشِ فردوسِ بریں: کس سے ہوسکتی ہے مدّاحیِ ممدوحِ خدا؟ / کس سے ہوسکتی ہے آرائشِ فردوسِ بریں؟ ص۳۵

آرائشِ وصل: بہ تحیّر کدۂ فرصتِ آرائشِ وصل / دلِ شب آئنہ دارِ تپشِ کوکب تھا ص۲۲

آرزو[۱]: (۱) اگر آرزو ہے راحت، تو عبث بہ خوں تپیدن / کہ خیال ہو تعب کش بہ ہوائے کامرانی ص۱۰

(۲) اگر آرزو رسا ہو، پئے دردِ دل دوا ہو / وہ اجل کہ خونبہا ہو بہ شہیدِ ناتوانی ص۱۰

(۳) گر شہادت آرزو ہے، نشّے میں گستاخ ہو / بالِ شیشے کا، رگِ سنگِ فساں ہوجائے گا ص۲۰

(۴) مژہ فرشِ رہ و دل ناتوان و آرزو مضطر / بہ پائے خفتہ سیرِ وادیِ پُرخار بستر ہے ص۸۵

(۵) میں ہوں اور افسردگی کی آرزو غالبؔ! کہ دل / دیکھ کر طرزِ تپاکِ اہلِ دُنیا جل گیا ص۱۵۱

(۶) غالبؔ! مجھے ہے اُس سے ہم آغوشی آرزو / جس کا خیال ہے گُلِ جَیبِ قبائے گل ص۱۷۶

(۷) دل لگی کی آرزو بے چین رکھتی ہے ہمیں / ورنہ یہاں بے رونقی سودِ چراغِ کشتہ ہے ص۲۱۰

(۸) مرتے مرتے دیکھنے کی آرزو رہ جائے گی / وائے ناکامی! کہ اُس قاتل کا خنجر تیز ہے ص۲۱۳

(۹) طبع ہے مشتاقِ لذّت ہائے حسرت، کیا کروں! / آرزو سے ہے شکستِ آرزو مطلب مجھے ص۲۱۳

(۱۰) بجز زخمِ تیغِ ناز، نہیں دل میں آرزو / جَیبِ خیال بھی ترے ہاتھوں سے چاک ہے ص۲۱۹

(۱۱) چاہے ہے پھر کسی کو مقابل میں آرزو / سرمے سے تیز دشنۂ مژگاں کیے ہوئے ص۲۲۶

(۱۲) مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی / موت آتی ہے، پر نہیں آتی ص۲۳۸

(۱۳) رہی نہ طاقتِ گفتار، اور اگر ہو بھی / تو کس اُمید پہ کہیے کہ آرزو کیا ہے ص۲۴۲

(۱۴) ہے بندے کو اعادۂ عزّت کی آرزو / چاہیں اگر حضور تو مشکل نہیں یہ کام ص۲۸۳

دیکھیے ــــــ : (۱۵) انجمنِ آرزو۔ (۱۶) اوّلِ درسِ آرزو۔ (۱۷) پست فطرتیِ طبعِ آرزو۔ (۱۸) تپشِ نبضِ آرزو۔ (۱۹) جوشِ خونِ آرزو۔ (۲۰) جَیبِ آرزو۔ (۲۱) خارِ پیرہنِ آرزو۔ (۲۲) دستِ آرزو۔ (۲۳) ساغر

---

۱ آرزو : چونتیس بار [مفرد: چودہ بار، مرکب: بیس بار]۔ آرزوئیں : ایک بار۔
آرزوہا : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

کشِ خونِ آرزو۔ (۲۴) سلسلۂ آرزو۔ (۲۵) سروبرگِ آرزو۔ (۲۶)، (۲۷)، (۲۸) شکستِ آرزو [تین بار]۔ (۲۹) شرو شورِ آرزو۔ (۳۰) فریبِ آرزو۔ (۳۱) قافلۂ آرزو۔ (۳۲) ماتمِ یک شہر آرزو۔ (۳۳) نازکیِ طبعِ آرزو۔ (۳۴) وبالِ ہزار آرزو۔

آرزو تاویل: دیکھیے: جرمِ آرزو و تاویل۔

آرزو خرامی: حاصل سے ہاتھ دھو بیٹھ اے آرزو خرامی! — دل جوشِ گریہ میں ہے ڈوبی ہوئی اسامی — ص ۲۰۳

آرزو شہیدِ وفا: اے آرزو شہیدِ وفا! خوں بہا نہ مانگ — جز بہرِ دست و بازوے قاتل دعا نہ مانگ — ص ۵۰

آرزوہا: سرنوشتِ خلق ہے طغراے عجزِ اختیار — آرزوہا خار خارِ چینِ پیشانی عبث — ص ۳۲

آرزوئیں: دیکھیے: لاکھوں آرزوئیں۔

آرزوے بخششِ خاص: ہے مجھے آرزوے بخششِ خاص — گر تجھے ہے امیدِ رحمتِ عام — ص ۱۳۶

آرزوے بوس: دیکھیے: داغِ آرزوے بوس۔

آرزوے بوسۂ لب ہاے مے گوں: ساقیا! دے ایک ہی ساغر میں سب کو ئے کہ آج — آرزوے بوسۂ لب ہاے مے گوں ہے مجھے — ص ۱۰۰

آرزوے خانہ آبادی: آرزوے خانہ آبادی نے ویراں تر کیا — کیا کروں، گر سایۂ دیوار سیلابی کرے — ص ۱۰۰

آرزوے دوست: نہیں گر ہمدمی آساں، نہ ہو، یہ رشک کیا کم ہے — نہ دی ہوتی خدایا! آرزوے دوست، دشمن کو — ص ۱۹۸

آرزوے گلچینی: مے کدے میں ہو اگر آرزوے گلچینی — بھول جا یک قدحِ بادہ بہ طاقِ گلزار — ص ۱۳۲

آرزوے مرگِ غالب: تیغ درکف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اِس طرف — مژدہ باد اے آرزوے مرگِ غالب! مژدہ باد! — ص ۳۸

آرمیدگی: (۱) ہے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے — صبحِ وطن ہے خندۂ دنداں نما مجھے — ص ۲۰۶

(۲) دیکھیے: ہوسِ آرمیدگی۔

آرمیدن[1]: حکمِ بیتابی نہیں اور آرمیدن منع ہے — باوجودِ مشقِ وحشت ہا رمیدن منع ہے — ص ۱۱۳

آرمیدہ: (۱) ممکن نہیں کہ بھول کے بھی آرمیدہ ہوں — میں دشتِ غم میں آہوے صیاد دیدہ ہوں — ص ۲۹۹

(۲) دیکھیے: یک نفسِ آرمیدہ۔

---

[1] آرمیدن : ایک بار۔
آرمیدگی : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
آرمیدہ : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

آرے[۱]: کس روز تہمتیں نہ تراشا کیے عدو؟ — کس دن ہمارے سر پہ نہ آرے چلا کیے؟ ص۲۴۳

آزاد[۲]: (۱) قید میں بھی ہے اسیری، آزاد — چشمِ زنجیر کو وا باندھتے ہیں ص۵۸

(۲) سو بار بندِ عشق سے آزاد ہم ہوئے — پر کیا کریں کہ دل ہی عدو ہے فراغ کا ص۱۵۰

دیکھیے ـــــ: (۳) خاطرِ آزاد۔ (۴) نشۂ مینا آزاد۔

آزادمرد: یہ لاشِ بے کفن اسدِ خستہ جاں کی ہے — حق مغفرت کرے! عجب آزاد مرد تھا ص۱۵۵

آزادگی: دیکھیے: سررشتۂ آزادگی۔

آزادوں: غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس — برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم ص۱۷۷

آزادہ: دیکھیے: دلِ آزادہ۔

آزادہ رَو: آزادہ رو ہوں اور مرا مسلک ہے صُلحِ کُل — ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے ص۱۲۵

آزادہ وخودبیں: بندگی میں بھی وہ آزادہ وخودبیں ہیں کہ ہم — اُلٹے پھر آئے، درِ کعبہ اگر وا نہ ہوا ص۱۶۲

آزادی[۳]: (۱) بہ تختی ہائے قیدِ زندگی معلوم آزادی — شرر بھی صیدِ دامِ رشتۂ رگ ہائے خارا ہے ص۸۵

دیکھیے ـــــ: (۲) اُمیدِ آزادی۔ (۳) باوصفِ آزادی۔ (۴) رہنِ آزادی۔ (۵) سعیِ آزادی۔ (۶) لطفِ آزادی۔

آزادیِ عشق: دیکھیے: دعویِ آزادیِ عشق۔

آزادیِ نسیم: ~~آزادیِ نسیم مبارک~~! کہ ہر طرف — ٹوٹے پڑے ہیں حلقۂ دامِ ہوائے گُل ص۱۷۶

آزار[۴]: (۱) یعنی تک انصاف نوازی کہ اگر ریزۂ سنگ — بے خبر، دے بہ کفِ پائے مسافر آزار

یک بیاباں تپشِ بالِ شرر ہے، صحرا — مغزِ کہسار میں کرتا ہے فرو نشترِ خار ص۴

(۲) کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر — تا نہ دے بادِ زمہریر آزار ص۱۲۶

(۳) دے مجھ کو شکایت کی اجازت کہ ستمگر! — کچھ تجھ کو مزا بھی مرے آزار میں آوے ص۲۳۴

دیکھیے ـــــ: (۴) بقدرِ لذّتِ آزار۔ (۵) بے سبب آزار۔ (۶) جگر تشنۂ آزار۔ (۷) حریصِ لذّتِ آزار۔

---

۱ آرے : ایک بار۔

۲ آزاد : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکب: تین بار]۔

آزادگی : ایک بار [مرکب]۔

آزادوں : ایک بار۔

آزادوں : ایک بار۔

آزادہ : تین بار [مرکب]۔

۳ آزادی : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: سات بار]۔

۴ آزار : نو بار [مفرد: تین بار، مرکب: چھے بار]۔

(۸) حسرتِ لذّتِ آزار۔ (۹) سپاسِ لذّتِ آزار دوست [مزید دیکھیے: کم آزار]۔

آزر[۱]: دیکھیے: بُت خانۂ آزر۔

آزردگاں: دیکھیے ____: (۱) بے موجب آزردگاں۔ (۲) دلِ آزردگاں۔ (۳) غبارِ خاطرِ آزردگاں۔

آزردگی: ہرچند عمر گزری آزردگی میں لیکن | ہے شرحِ شوق کو بھی جوں شکوہ ناتمامی ص ۷۵

آزردگیِ یار: میں سادہ دل آزردگیِ یار سے خوش ہوں | یعنی سبقِ شوق مکرر نہ ہوا تھا ص ۱۵۲

آزردہ[۲]: (۱) ہے بزمِ بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے | تنگ آئے ہیں ہم ایسے خوشامد طلبوں سے ص ۲۰۱

(۲) رہے اُس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلّف سے | تکلّف برطرف، تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی ص ۲۰۲

دیکھیے ____: (۳)، (۴) دلِ آزردہ [دو بار]۔ (۵) عنوانِ بیانِ دلِ آزردہ۔

آزمائش[۳]: [بارہ مرتبہ بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۲۴۴]:

(۱)، (۲) حضورِ شاہ میں اہلِ سخن کی آزمائش ہے | چمن میں خوش نوایانِ چمن کی آزمائش ہے

(۳)، (۴) قد و گیسو میں قیس و کوہکن کی آزمائش ہے | جہاں ہم ہیں، وہاں دار و رسن کی آزمائش ہے

(۵) کریں گے کوہکن کے حوصلے کا امتحاں آخر | ابھی اُس خستہ کے نیروے تن کی آزمائش ہے

(۶) نسیمِ مصر کو کیا پیرِ کنعاں کی ہوا خواہی | اُسے یوسف کی بوے پیرہن کی آزمائش ہے

(۷) وہ آیا بزم میں، دیکھو نہ کہیو پھر کہ غافل تھے! | شکیب و صبرِ اہلِ انجمن کی آزمائش ہے

(۸) رہے دل ہی میں تیر، اچھا! جگر کے پار ہو، بہتر | غرض شستِ بُتِ ناوک فگن کی آزمائش ہے

(۹) نہیں کچھ سُبحہ و زُنّار کے پھندے میں گیرائی | وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمائش ہے

(۱۰) پڑا رہ اے دلِ وابستہ! بیتابی سے کیا حاصل | مگر پھر تابِ زلفِ پُرشکن کی آزمائش ہے

(۱۱) رگ و پے میں جب اُترے زہرِ غم تب دیکھیے کیا ہو | ابھی تو تلخیِ کام و دہن کی آزمائش ہے

۱۔ آزر : ایک بار [مرکّب]۔
۲۔ آزردہ : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکّب: تین بار]۔
آزردگاں : تین بار [مرکّب]۔
آزردگی : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔
۳۔ آزمائش : بارہ بار۔

(۱۲) وہ آویں گے مرے گھر، وعدہ کیسا، دیکھنا غالبؔ	نئے فتنوں میں اب چرخِ کہن کی آزمائش ہے	
آس[۱]: سرگشتگی میں عالمِ ہستی سے یاس ہے	تسکیں کو دے نوید کہ مرنے کی آس ہے	ص ۲۰۲
آسان[۲]: (۱) بہ ہوس دردِ سرِ اہلِ سلامت تا چند!	مشکلِ عشق ہوں، مطلب نہیں آساں میرا	ص ۲۱
(۲) نہیں ہے باوجودِ ضعف سیرِ بے خودی آساں	رہِ خوابیدہ میں افگندنی ہے طرحِ منزل ہا	ص ۲۳
(۳) تکلف برطرف، فرہاد اور اتنی سبکدستی	خیال آساں تھا لیکن خوابِ خسرو نے گرانی کی	ص ۷۷
(۴) اسدؔ کو زیست تھی مشکل، اگر نہ سُن لیتا	کہ قتلِ عاشقِ دل دادہ تجھ کو آساں ہے	ص ۱۰۲
(۵) بہ فیضِ بے دلی نومیدیِ جاوید آساں ہے	کشائش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا	۱۳۳
(۶) تھی نوآموزِ فنا ہمتِ دشوار پسند	سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا	ص ۱۳۳
(۷) تھا گریزاں مژۂ یار سے دل تا دمِ مرگ	دفعِ پیکانِ قضا اِس قدر آساں سمجھا	ص ۱۳۷
(۸) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا	آدمی کو بھی میسّر نہیں انساں ہونا	ص ۱۵۰
(۹) ایسا آساں نہیں لہو رونا	دل میں طاقت، جگر میں حال کہاں!	ص ۱۸۲
(۱۰) ملنا ترا اگر نہیں آساں تو سہل ہے	دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں	ص ۱۸۳
(۱۱) رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج	مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں	ص ۱۹۲
(۱۲) ابھی ہم قتل گہ کا دیکھنا آساں سمجھتے ہیں	نہیں دیکھا شناور جوئے خوں میں تیرے توسن کو	ص ۱۹۸
(۱۳) نہیں گر ہمدمی آساں، نہ ہو، یہ رشک کیا کم ہے	نہ دی ہوتی خدایا! آرزوئے دوست دشمن کو	ص ۱۹۸
(۱۴) لپٹنا پرنیاں میں شعلۂ آتش کا آساں ہے	ولے مشکل ہے حکمت دل میں سوزِ غم چھپانے کی	ص ۲۰۳
(۱۵) مشکل ہے زبس کلام میرا اے دل!	سُن سُن کے اُسے، سخنورانِ کامل	
آساں کہنے کی کرتے ہیں فرمائش	''گویم مشکل وگر نگویم مشکل''	ص ۲۵۲
آساں کُن: اسدِ خستہ گرفتارِ دو عالم اوہام	مشکل آساں کُنِ یک خلق! تغافل تا چند؟	ص ۳۹

۱۔ آس : ایک بار۔

۲۔ آسان : سولہ بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: ایک بار]۔

آسائش[1]: (۱) یارب! اس آشفتگی کی داد کس سے چاہیے — رشک آسائش پہ ہے زندانیوں کی اب مجھے — ص۲۱۳

دیکھیے ـــــ : (۲) خضر آبادِ آسائش۔ (۳) سامانِ آسائش۔

آسائشِ اربابِ غفلت: رشک ہے آسائشِ اربابِ غفلت پر اسدؔ! — پیچ و تابِ دل نصیبِ خاطرِ آگاہ ہے — ص۹۳

آسائشِ درد: مژہ خواب سے کرتا ہوں بہ آسائشِ درد — بخیۂ زخمِ دل، چاک بہ یک دستہ شرار — ص۷

آسائشِ فنا: دیکھیے: تکیۂ آسائشِ فنا۔

آسائشِ وفاہا: پروانے سے ہو شاید تسکینِ شعلۂ شمع — آسائشِ وفاہا بیتابیِ جفا ہے — ص۹۳

آستاں[2]: (۱) خلوتِ دل میں نہ کر دخل بجز سجدۂ شوق — آستاں میں صفتِ آئنہ در پنہاں ہے — ص۱۰۹

(۲) نیاز، پردۂ اظہار خود پرستی ہے — جبینِ سجدہ فشاں تجھ سے، آستاں تجھ سے — ص۱۱۳

(۳) آستاں پر ہے ترے جوہرِ آئینۂ سنگ — رقمِ بندگیِ حضرتِ جبریلِ امیں — ص۱۳۵

(۴) دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں — بیٹھے ہیں رہگزر پہ ہم، غیر ہمیں اٹھائے کیوں — ص۱۹۳

(۵) نصیرِ دولت و دیں اور معینِ ملت و ملک — بنا ہے چرخِ بریں جس کے آستاں کے لیے — ص۲۳۶

(۶) ہر مہینے میں جو یہ بدر سے ہوتا ہے ہلال — آستاں پر ترے مہ ناصیہ سا ہوتا ہے — ص۲۴۱

(۷)،(۸) دیکھیے: سنگِ آستاں [دوبار]۔

آستانِ یار: موجِ خوں سر سے گزر ہی کیوں نہ جائے — آستانِ یار سے اٹھ جائیں کیا؟ — ص۱۶۱

آستانہ[3]: (۱) سرشکِ آشفتہ سر تھا قطرہ زنِ مژگاں سے جانے میں — رہے یہاں شوخیِ رفتار سے پا آستانے میں — ص۵۸

(۲) بہ حکمِ عجزِ ابروے مہِ نَو حیرت ایما ہے — کہ یہاں گم کر جبینِ سجدہ فرسا آستانے میں — ص۵۸

آستانۂ بیدل: دل کارگاہِ فکر و اسدؔ بینواے دل — یہاں سنگِ آستانۂ بیدلؔ ہے آئنہ — ص۴۰

آستر[4]: بس کہ ہیں در پردہ مصروفِ سیہ کاری تمام — آستر ہے خرقۂ زہاد کا صوفِ مداد — ص۳۸

آستیں[5]: (۱) گریہ ہاے بے دلاں گنجِ شرر در آستیں — قہرمانِ عشق میں حسرت سے لیتے ہیں خراج — ص۳۵

---

[1] آسائش : سات بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چھے بار]۔
[2] آستاں : نو بار [مفرد: چھے بار، مرکب: تین بار]۔
[3] آستانہ : تین بار [مرکب: ایک بار]۔
[4] آستر : ایک بار۔
[5] آستیں : پانچ بار [مرکب: تین بار]۔

(۲) گرچہ ہوں دیوانہ، پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب | آستیں میں دشنہ پنہاں، ہاتھ میں نشتر کھلا | ص۱۶۰

(۳) ٹکڑے ہوا ہے دیکھ کے تحریر کو جگر | کاتب کی آستیں ہے مگر تیغ کا نیام | ص۲۸۲

(۴) دیکھیے: نصیبِ آستیں۔

آستیں فشانی: بہ ہزار اُمیدواری رہی ایک اشک باری | نہ ہوا حصولِ زاری بجز آستیں فشانی | ص۱۰

آسماں[1]: (۱) لے زمیں سے آسماں تک فرش تھیں بیتابیاں | شوخیِ بارش سے مہ، فوارۂ سیماب تھا | ص۱۵

(۲) توڑ بیٹھے جب کہ ہم جام و سبو، پھر ہم کو کیا | آسماں سے بادۂ گلفام گر برسا کرے | ص۱۰۱

(۳) اُڑ کے جاتا کہاں کہ تاروں کا | آسماں نے بچھا رکھا تھا دام | ص۱۳۵

(۴) آسماں کو، کہا گیا کہ کہیں | گنبدِ تیز گرد نیلی فام | ص۱۳۸

(۵) فرش سے تا عرش وہاں طوفاں تھا موجِ رنگ کا | یہاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا | ص۱۳۵

(۶) ہم کہاں کے دانا تھے؟ کس ہنر میں یکتا تھے؟ | بے سبب ہوا غالبؔ دشمن آسماں اپنا | ص۱۵۹

(۷) کرتے ہو مجھ کو منعِ قدم بوس کس لیے؟ | کیا آسمان کے بھی برابر نہیں ہوں میں؟ | ص۱۹۱

(۸) کیا تنگ ہم ستم زدگاں کا جہان ہے! | جس میں کہ ایک بیضۂ مُور آسمان ہے | ص۲۰۳

(۹) یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے | ہوئے تم دوست جس کے دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو! | ص۲۰۰

(۱۰) ہے وہی بدمستیِ ہر ذرّہ کا خود عذر خواہ | جس کے جلوے سے زمیں تا آسماں سرشار ہے | ص۲۱۲

(۱۱) نالہ سرمایۂ یک عالم و عالم کفِ خاک | آسماں، بیضۂ قمری نظر آتا ہے مجھے | ص۲۱۶

(۱۲) نویدِ امن ہے بیدادِ دوست جاں کے لیے | رہی نہ طرزِ ستم کوئی آسماں کے لیے | ص۲۳۵

(۱۳) زمانہ عہد میں اُس کے ہے محوِ آرائش | بنیں گے اور ستارے اب آسماں کے لیے | ص۲۳۶

(۱۴) زمیں پہ ایسا تماشا ہوا برات کی رات | کہ آسماں پہ کواکب بنے تماشائی | ص۲۶۲

(۱۵) اُس سے اندازِ شوکتِ تحریر | اخذ کرتا ہے آسماں کا دبیر | ص۲۶۷

(۱۶) خود آسماں ہے مہاراو راجہ پہ صدقے | ص۲۷۸

---

[1] آسماں : چوبیس بار [مفرد: سترہ بار، مرکب: سات بار]۔ آسمانی : ایک بار [مرکب]۔

(۱۷) جن کی مسند کا آسماں: گوشہ جن کی خاتم کا آفتاب: نگیں ص۲۸۰

(۱۸) جس بزم میں کہ ہو اُنھیں آہنگِ مے کشی وھاں آسمان شیشہ بنے، آفتاب جام ص۲۸۲

دیکھیے ـــــــ: (۱۹) جامِ آسماں۔ (۲۰) سات آسماں۔ (۲۱) صد دامن آسماں۔ (۲۲) یک آسماں۔

آسماں اور رنگ: دیکھیے: شہنشاہِ آسماں اور رنگ۔

آسمانِ سفلہ: دیکھتے تھے ہم بہ چشمِ خود وہ طوفانِ بلا آسمانِ سفلہ جس میں یک کفِ سیلاب تھا ص۱۵

آسمانی: دیکھیے: بلائے آسمانی۔

آسودگی[۱]: اگر آسودگی ہے مدعائے رنجِ بیتابی نثارِ گردشِ پیمانۂ مے روزگار اپنا ص۱۵

آسودہ[۲]: جوہرِ آئینہ ساں مژگاں بہ دل آسودہ ہے قطرہ جو آنکھوں سے ٹپکا، سونگہِ آلودہ ہے ص۱۰۳

دیکھیے ـــــــ: (۲) دلِ از اضطراب آسودہ۔ (۳) فریبِ خاطرِ آسودہ۔

آسودۂ مژگاں: دیکھیے: تبِ آسودۂ مژگاں۔

آسیائے آب[۳]: شکستِ گوشہ گیراں، ہے فلک کو حاصلِ گردش صدف سے آسیائے آب میں ہے دانہ گوہر کا ص۳۲۲

آشتیِ[۴] چشم و گوش: نے مژدۂ وصال، نہ نظارۂ جمال مدت ہوئی کہ آشتیِ چشم و گوش ہے ص۳۳۰

آشفتگاں: دیکھیے: دلِ آشفتگاں۔

آشفتگی: آشفتگی نے نقشِ سویدا کیا درست ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دود تھا ص۱۲۳

(۲) یارب! اِس آشفتگی کی داد کس سے چاہیے؟ رشک آسائش پہ ہے زندانیوں کی اب مجھے ص۲۱۳

(۳) دیکھیے: ہزار آشفتگی۔

آشفتگیِ جلوہ: دیکھیے: حُسنِ آشفتگیِ جلوہ۔

آشفتہ[۵]: دیکھیے: یک شبِ آشفتہ۔

آشفتہ بیانی: (۱) کیا بیاں کرکے مرا روئیں گے یار! مگر آشفتہ بیانی میری ص۲۳۱

۱ـ آسودگی : ایک بار۔

۲ـ آسودہ : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔

۳ـ آسیا : ایک بار [مرکب]۔

۴ـ آشتی : ایک بار [مرکب]۔

۵ـ آشفتہ : گیارہ بار [مرکب]۔ آشفتگاں: ایک بار [مرکب]۔
آشفتگی : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

(۲) تو وہ بدخو کہ تحیّر کو تماشا جانے　　غم وہ افسانہ کہ آشفتہ بیانی مانگے　　ص۲۰۹

آشفتہ جولانی: جب کہ نقشِ مدعا ہووے نہ جز موجِ سراب　　وادیِ حسرت میں پھر آشفتہ جولانی عبث　　ص۳۳

آشفتہ سر: (۱) سرشکِ آشفتہ سر تھا قطرہ زن، مژگاں کے جانے میں　　رہے یہاں شوخیِ رفتار سے پا آستانے میں　　ص۵۸

(۲) کہا ہے کس نے کہ غالبؔ برا نہیں؟ لیکن　　سوائے اس کے کہ آشفتہ سر ہے، کیا کہیے　　ص۲۴۷

دیکھیے ــــــــ: (۳)، (۴) غالبِؔ آشفتہ سر [دو بار]۔

آشفتہ سروں: پیشے میں عیب نہیں، رکھیے نہ فرہاد کو نام　　ہم ہی آشفتہ سروں میں وہ جواں میرؔ بھی تھا　　ص۱۵۹

آشفتہ نوا: وحشتؔ و شیفتہؔ اب مرثیہ کہویں شاید　　مر گیا غالبِؔ آشفتہ نوا، کہتے ہیں　　ص۱۸۷

آشفتۂ رم: بہ بوئے زلفِ مشکیں سیہ دماغِ آشفتۂ رم ہیں　　کہ شاخِ آہواں، دودِ چراغ آسا پریشاں ہے　　ص۸۱

آشکار[۱]: (۱) جوں غنچہ و گل آفتِ فالِ نظر نہ پوچھ　　پیکاں سے تیرے جلوۂ زخم آشکار تھا　　ص۱۷

(۲) امواج کی جو یہ شکنیں آشکار ہیں　　ہے چشمِ اشک ریز سے دریا شکستہ دل　　ص۵۱

(۳) گو نفس و چہ غبار؟ جرأتِ عجز آشکار　　در تپش آبادِ شوق سرمہ، صدا نام ہے　　ص۹۹

(۴) گرہ کی ہے یہی گنتی کہ تا بہ روزِ شمار　　ہوا کرے گی ہر اک سال آشکار گرہ　　ص۲۷۸

آشنا[۲]: (۱) دلِ نااُمید کیوں کر بہ تسلی آشنا ہو　　جو اُمیدوار رہیے نہ بہ مرگِ ناگہانی　　ص۱۰

(۲) آشنا، غالبؔ نہیں ہیں دردِ دل کے آشنا　　ورنہ کس کو میرے افسانے کی تابِ استماع!　　ص۲۸

(۳) نے سرو برگِ آرزو، نے رہ و رسمِ گفتگو　　اے دل و جانِ خلق! تو ہم کو بھی آشنا سمجھ　　ص۴۳

(۵) دریائے مے ہے ساقی لیکن خمار باقی　　تا کوچہ دادنِ موجِ خمیازہ آشنا ہے　　ص۹۳

(۶)، (۷) گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں　　دربار دار لوگ بہم آشنا نہیں

کانوں پہ ہاتھ دھرتے ہیں، کرتے ہوئے سلام　　اس سے ہے یہ مراد کہ ہم آشنا نہیں　　ص۱۲۹

(۸) دے وہ جس قدر ذلت، ہم ہنسی میں ٹالیں گے　　بارے، آشنا نکلا اُن کا پاسباں، اپنا　　ص۱۵۹

---

۱ آشکار : چار بار۔　　آشکارا: ایک بار۔

۲ آشنا : سینتیس بار [مفرد: انیس بار، مرکب: اٹھارہ بار]۔

(۹) وہ نیشتر سہی، پر دل میں جب اُتر جاوے — نگاہِ ناز کو پھر کیوں نہ آشنا کہیے — ص ۲۲۸

[بہ طورِ ردیف چار بار — کُل پانچ بار ص ۱۹]:

(۱۰) خود پرستی سے، رہے باہدگر ناآشنا — بیکسی میری شریک، آئینہ تیرا آشنا

(۱۱) آتشِ موے دماغِ شوق ہے تیرا تپاک — ورنہ ہم کس کے ہیں اے داغِ تمنا! آشنا

(۱۲) بے دماغی شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہیں — یار تیرا جامِ مے، خمیازہ میرا آشنا

(۱۳)،(۱۴) جوہرِ آئینہ جز رمزِ سرِ مژگاں نہیں — آشنا کی ہمدگر سمجھے ہے ایما آشنا

[پانچ بار بہ طورِ ردیف، ص ۱۴۹]:

(۱۵) رشک کہتا ہے کہ اُس کا غیر سے اخلاص، حیف! — عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا!

(۱۶) ذرّہ ذرّہ ساغرِ مے خانۂ نیرنگ ہے — گردشِ مجنوں بہ چشمک ہاے لیلا آشنا

(۱۷) میں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی کہ ہے — عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا

(۱۸) شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہ رہنا چاہیے — میرا، زانو مونس اور آئینہ، تیرا آشنا

(۱۹) کوہکن نقاشِ یک تمثالِ شیریں تھا اسدؔ! — سنگ سے سر مار کر ہووے نہ پیدا آشنا

دیکھیے ـــــــ: (۲۰) آوازآشنا۔ (۲۱) حق آشنا۔ (۲۲) خطِ جام آشنا۔ (۲۳) دریا آشنا۔ (۲۴) سراغِ یک نگہِ قہر آشنا۔ (۲۵) شبنم آشنا۔ (۲۶) نگاہ آشنا۔ (۲۷)، (۲۸) نگہِ آشنا [دو بار]۔ (۲۹) نمِ شرمِ جبیں آشنا۔ (۳۰) نوازش آشنا۔ (۳۱) یک نگاہ آشنا۔

آشنا تعبیرِ خوابِ سبزۂ بیگانہ: مشقِ از خود رفتگی سے ہیں بہ گلزارِ خیال — آشنا تعبیرِ خوابِ سبزۂ بیگانہ ہم — ص ۵۳

آشنا دشمن: ہم اور وہ بے سبب رنج، آشنا دشمن کہ رکھتا ہے — شعاعِ مہر سے تہمت نگہ کی چشمِ روزن پہ — ص ۱۶۸

آشنا کُش: ترے نوکر ترے در پر اسدؔ کو ذبح کرتے ہیں — ستمگر، ناخدا ترس، آشنا کُش! ماجرا کیا ہے؟ — ص ۸۴

آشناے خندہ: شورشِ باطن کے ہیں احباب منکر، ورنہ یھاں — دل محیطِ گریہ و لب آشناے خندہ ہے — ص ۲۱۵

آشناے گل: مژگاں تلک رسائیِ لختِ جگر کہاں — اے واے! گر نگاہ نہ ہو آشناے گل — ص ۵۳

آشناے گل و خار: دیکھیے: نگہِ آشناے گل و خار۔

آشایاں: دیکھیے: ضبطِ آشایاں۔

آشنائی[۱]: (۱) نظر بازی، طلسمِ وحشت آبادِ پرستاں ہے — رہا بیگانۂ تاثیر افسوں آشنائی کا — ص۱۶

(۲) نہ مارا جان کر بے جرم، غافل! تیری گردن پر — رہا مانندِ خونِ بے گنہ حق آشنائی کا — ص۱۳۶

دیکھیے ـــــ: (۳) حقِ آشنائی۔ (۴) فریبِ آشنائی۔

آشوب[۲] آگہی: بے مے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی — کھینچا ہے عجزِ حوصلہ نے خط ایاغ کا — ص۱۳۹

آشوبِ غم: تیرے دل میں گر نہ تھا آشوبِ غم کا حوصلہ — تو نے پھر کیوں کی تھی میری غمگساری، ہائے ہائے! — ص۲۰۳

آشیاں[۳]: (۱) گزرا جو آشیاں کا تصور بہ وقتِ بند — مژگانِ چشمِ دام ہوئے خار و خس تمام — ص۵۵

(۲) قفس میں مجھ سے رودادِ چمن کہتے نہ ڈر ہمدم! — گری ہے جس پہ کل بجلی وہ میرا آشیاں کیوں ہو — ص۲۰۰

(۳) اے عندلیب! یک کفِ خس بہرِ آشیاں — طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار ہے — ص۲۱۸

(۴) پنہاں تھا دام، سخت قریب آشیان کے — اُڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوئے — ص۲۳۶

(۵) مثال یہ مری کوشش کی ہے کہ مرغِ اسیر — کرے قفس میں فراہم خس آشیاں کے لیے — ص۲۳۶

(۶) نہ دیکھا کوئی ہم نے آشیاں بلبل کا گلشن میں — کہ جس کے در پہ غنچہ شکلِ قفلِ زر نہیں ہوتا — ص۲۲۵

دیکھیے ـــــ: (۷) دستِ مشتِ پر و خار آشیاں۔ (۸) سوے آشیاں۔ (۹) گرمیِ نبضِ خار و خسِ آشیاں۔ (۱۰) ہر جُزوِ آشیاں۔

آشیاں بندِ بہارِ عیش: آشیاں بندِ بہارِ عیش ہوں ہنگامِ قتل — بسملِ بے پروازِ رنگِ رفتہ، بال تیر ہے — ص۹۵

آشیانِ طائرِ رنگِ پریدہ: خوں در جگر نہفتہ، بہ زردی رسیدہ ہوں — خود آشیانِ طائرِ رنگِ پریدہ ہوں — ص۶۱

آشیانِ طائرِ رنگِ حنا: یاد رکھیے ناز ہائے التفاتِ اوّلیں — آشیانِ طائرِ رنگِ حنا ہو جائیے — ص۸۸

آشیاں گم کردہ: نواے طائرانِ آشیاں گم کردہ آتی ہے — تماشا ہے کہ رنگِ رفتہ برگردیدنی جانے — ص۱۱۵

آشیانہ[۴]: (۱) ہجومِ مژدۂ دیدار و پروازِ تماشاہا — گلِ اقبال خس ہے چشمِ بلبل آشیانے میں — ص۵۸

۱؎ آشنائی : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

۲؎ آشوب : دو بار [مرکب]۔

۳؎ آشیاں : چودہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: نو بار]۔

۴؎ آشیانہ : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔

(۲) دیکھیے: کنجِ آشیانہ۔

آشیانۂ عنقاے ناز: دیکھیے: پروازِ آشیانۂ عنقاے ناز۔

آصف[۱]: آصف کو سلیماں کی وزارت سے شرف تھا — ہے فخرِ سلیماں جو کرے تیری وزارت — ص۱۲۷

آغاز[۲]: (۱) گر کرے انجام کو آغاز ہی میں یاد، گل — غنچے سے منقارِ بلبل وار ہو فریاد گل — ص۵۲

(۲) ایک میں کیا کہ سب نے جان لیا — تیرا آغاز اور ترا انجام — ص۳۶

دیکھیے ____: (۳) خار خارِ خاطرِ آغاز۔ (۴) روائیِ آغاز۔ (۵) سر خطِ آغاز۔ (۶) شعلۂ آغاز۔

آغازِ کار: صبح سے معلوم آثارِ ظہورِ شام ہے — غافلاں! آغازِ کار آئینۂ انجام ہے — ص۱۰۰

آغوش[۳]: (۱) مستیِ ابر سے گلچینِ طرب ہے حسرت — کہ اِس آغوش میں ممکن ہے دو عالم کا فشار — ص۱۳۲

دیکھیے ____: (۲) چشمِ تحیر آغوش۔ (۳) شش جہت آغوش۔

آغوشِ بلا: غم، آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ہے عاشق کو — چراغِ روشن اپنا، قلزمِ صرصر کا مرجاں ہے — ص۲۱۰

آغوشِ خمار: شعلہ آغاز، ولے حیرتِ داغ انجام — موجِ مے، لیک ز سر تا قدم آغوشِ خمار — ص۹

آغوشِ خمِ حلقۂ زنّار: مرجاؤں نہ کیوں رشک سے، جب وہ تنِ نازک — آغوشِ خمِ حلقۂ زنّار میں آوے — ص۲۳۳

آغوشِ خوباں: دیکھیے: حیرتِ آغوشِ خوباں۔

آغوشِ رقیب: نقشِ نازِ بتِ طناز بہ آغوشِ رقیب — پاے طاؤس پئے خامۂ مانی مانگے — ص۲۰۹

آغوش کشا: تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بہ صد ذوق — آئینہ بہ اندازِ گل آغوش کشا ہے — ص۲۱۹

آغوش کشائی: گلشن کو تری صحبت از بس کہ خوش آئی ہے — ہر غنچے کا گل ہونا آغوش کشائی ہے — ص۲۱۰

آغوشِ گل: آغوشِ گل کشودہ براے وداع ہے — اے عندلیب! چل کہ چلے دن بہار کے — ص۲۱۰

آغوشِ گل: آغوشِ گل ہے آئنۂ ذرہ ذرہ خاک — عرضِ بہار، جوہرِ پرواز ہے مجھے — ص۹۷

آغوشِ نقشِ پا: یک گام بے خودی سے لوٹیں بہارِ صحرا — آغوشِ نقشِ پا میں کیجے فشارِ صحرا — ص۲۶

آغوشِ وداع: (۱) خشت، پشتِ دستِ عجز و قالب، آغوشِ وداع — پُر ہوا ہے سیل سے پیمانہ کس تعمیر کا؟ — ص۱۱

۱۔ آصف : ایک بار۔
۲۔ آغاز : سات بار [مفرد: دو بار، مرکب: پانچ بار]۔
۳۔ آغوش : اکیس بار [مفرد: ایک بار، مرکب: بیس بار]۔

	(۲) بازماندن ہاے مژگاں ہے یک آغوشِ وداع	عید در حیرت سوادِ چشمِ قربانی عبث	ص ۳۴
	(۳) ہے جنوں اہلِ جنوں کے لیے آغوشِ وداع	چاک ہوتا ہے گریباں سے جُدا میرے بعد	ص ۱۲۶
	(۴) جادۂ رہ خُور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع	چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع	ص ۱۷۴
آغوشِ وداعِ جلوہ:	تا کجا اے آگہی! رنگِ تماشا باختن؟	چشمِ وا گردیدہ: آغوشِ وداعِ جلوہ ہے	ص ۲۱۵

آغوشِ وداعِ دل: دیکھیے: فراغت گاہِ آغوشِ وداعِ دل۔

آغوشِ وداعِ نظر:	جمعیتِ آوارگیِ دید نہ پوچھو	دل تا مژہ آغوشِ وداعِ نظر آوے	ص ۱۱۳
آغوشِ وداعِ یوسفستاں:	تکلف برطرف، ذوقِ زلیخا جمع کر ورنہ	پریشاں خواب آغوشِ وداعِ یوسفستاں ہے	ص ۸۱
آفات[۱]:	تا مجھے پہنچائے کاہش، بختِ بد ہے گھات میں	ہاں، فراوانی اگر کچھ ہے تو ہے آفات میں	ص ۲۹۰

آفاق[۲]: دیکھیے ______: خسروِ آفاق۔ عرصۂ آفاق۔ روے شش جہت آفاق۔

آفت[۳]:	(۱) مَیں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی کہ ہے	عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا	ص ۱۳۹
	(۲) خطر ہے، رشتۂ الفت رگِ گردن نہ ہو جاوے	غرورِ دوستی آفت ہے، تو دشمن نہ ہو جاوے	ص ۲۱۳

دیکھیے ______: (۳) اک آفت۔ (۴) ہزار آفت۔ (۵) فقیرِ آفت رسیدہ۔ (۶) مبتلاے آفتِ رشک۔

آفتِ جولانِ ہوس:	عذرِ لنگ آفتِ جولانِ ہوس ہے، یارب!	جل اُٹھے گرمیِ رفتار سے پاے چوبیں	ص ۸
آفت زدۂ عرضِ دو عالم نیرنگ:	حیرت، آفت زدۂ عرضِ دو عالم نیرنگ	مومِ آئینۂ ایجاد ہے مغزِ تمکیں	ص ۸
آفتِ فالِ نظر:	جوں غنچہ و گل آفتِ فالِ نظر نہ پوچھ	پیکاں سے تیرے جلوۂ زخم آشکار تھا	ص ۱۷
آفتِ گیرائی:	وحشتِ زخمِ وفا دیکھ کہ سر تا سرِ دل	بخیہ جوں جوہرِ تیغ آفتِ گیرائی ہے	ص ۱۰۳
آفتِ لب:	ہوا ترکِ لباسِ زعفرانی دل کشا لیکن	ہنوز آفت لبِ یک خندہ، یعنی چاک باقی ہے	ص ۱۰۷
آفتِ نظارہ:	اگر وہ آفتِ نظارہ جلوہ گستر ہو	ہلال، ناخنِ دیدہ ہاے اختر ہو	ص ۶۷
آفتاب[۴]:	(۱) سیلِ بناے ہستیِ شبنم ہے آفتاب	چھوڑے نہ چشم میں تپشِ دل نشانِ اشک	ص ۵۰

۱۔ آفات : ایک بار۔
۲۔ آفاق : تین بار [مرکب]۔
۳۔ آفت : بارہ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: گیارہ بار]۔
۴۔ آفتاب : اکیس بار [مفرد: گیارہ بار، مرکب: دس بار]۔

(۲) بٹتے ہیں سونے روپے کے چھلّے حضور میں ہے جن کے آگے سیم و زر مہر و ماہ ماند

یوں سمجھیے کہ بیچ سے خالی کیے ہوئے لاکھوں ہی آفتاب ہیں اور بے شمار چاند ص ۱۳۸

(۳) وہ نالہ دل میں خس کے برابر جگہ نہ پائے! جس نالے سے شگاف پڑے آفتاب میں ص ۱۸۹

(۴) ہے کائنات کو حرکت تیرے ذوق سے پرتو سے آفتاب کے، ذرّے میں جان ہے ص ۲۰۳

(۵) رفتارِ عمر قطعِ رہِ اضطراب ہے اِس سال کے حساب کو برق، آفتاب ہے ص ۲۰۶

(۶) جیسا کہ آفتاب نکلتا ہے شرق سے اخلاص کا ہوا ہے اِسی ملک سے ظہور ص ۲۶۳

(۷)،(۸) نہ آفتاب، ولے آفتاب کا ہم چشم نہ بادشاہ، ولے مرتبے میں ہمسرِ شاہ ص ۲۷۷

(۹) جن کی مسند کا آسماں، گوشہ جن کی خاتم کا آفتاب، نگیں ص ۲۸۰

(۱۰) سچ ہے تم آفتاب ہو جس کے فروغ سے دریائے نور ہے فلکِ آبگینہ فام ص ۲۸۲

(۱۱) جس بزم میں کہ ہو انھیں آہنگِ مے کشی وھاں آسمان شیشہ بنے، آفتاب جام ص ۲۸۲

دیکھیے ____: (۱۲) اجزاے نگاہِ آفتاب۔ (۱۳) تارِ شعاعِ آفتاب۔ (۱۴) عکسِ خطِ جامِ آفتاب۔ (۱۵) غیرتِ صد آفتاب۔

آفتاب آثار: دیکھیے: جہاں دارِ آفتاب آثار۔

آفتابِ بام: بس کہ تیرے جلوۂ دیدار کا ہے اشتیاق ہر بتِ خرشید طلعت آفتابِ بام ہے ص ۱۰۱

آفتاب پرست: ہر ایک ذرۂ عاشق ہے آفتاب پرست گئی نہ خاک ہوئے پر ہوائے جلوۂ ناز ص ۱۴۲

آفتابِ روزِ محشر: ہے سوا نیزے پہ، اُس کے قامتِ نوخیز سے آفتابِ روزِ محشر ہے گُلِ دستار دوست ص ۳۳

آفتابِ صبحِ محشر: دیکھیے: شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر۔

آفتابِ محشر: بہ یادِ قامت اگر ہو بلند آتشِ غم ہر ایک داغِ جگر آفتابِ محشر ہو ص ۶۷

آفریں[۱]: مرحبا موشگافیِ ناوک! آفریں آبداریِ صمصام! ص ۱۳۸

آفرینش[۲]: آفرینش کو ہے وھاں سے طلبِ مستیِ ناز عرضِ خمیازۂ ایجاد ہے ہر موجِ غبار ص ۱۳۳

۱۔ آفریں: ایک بار۔

۲۔ آفرینش: تین بار [مفرد: دوبار، مرکب: ایک بار]۔

(۲) ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام	مہرِ گردوں ہے چراغِ رہگذارِ باد یہاں	ص ۱۷۹
(۳) دیکھیے: طلسمِ آفرینش۔		
آقائے[۱] نامور: اس کشمکش میں آپ کا مدّاح دردمند	آقائے نامور سے نہ کچھ کرسکا کلام	ص ۲۸۳
آگ[۲]: (۱) ہے شفق، سوزِ جگر کی آگ کی بالیدگی	ہر یک اختر، ہے فلک پر قطرۂ اشکِ کباب	ص ۳۱
(۲) رات کو آگ اور دن کو دھوپ	بھاڑ میں جائیں ایسے لیل و نہار!	ص ۱۲۶
(۳) آگ تاپے کہاں تلک انساں!	دھوپ کھاوے کہاں تلک جاں دار!	ص ۱۲۶
(۴) دھوپ کی تابش، آگ کی گرمی	وَقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ النَّار	ص ۱۲۶
(۵) سوزِ دل کا کیا کرے بارانِ اشک	آگ بھڑکی، مینہ اگر دم بھر کھلا	ص ۱۳۰
(۶) دل میں ذوقِ وصل و یادِ یار تک باقی نہیں	آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا، جل گیا	ص ۱۵۱
(۷) کیا غم خوار نے رسوا، لگے آگ اس محبت کو!	نہ لاوے تاب جو غم کی وہ میرا رازداں کیوں ہو	ص ۱۹۹
(۸) تم اپنے شکوے کی باتیں نہ کھود کھود کے پوچھو	حذر کرو مرے دل سے کہ اس میں آگ دبی ہے	ص ۲۰۵
(۹) نگہِ گرم سے اک آگ ٹپکتی ہے اسدؔ	ہے چراغاں خس و خاشاکِ گلستاں مجھ سے	ص ۲۱۲
(۱۰) پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا	آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہوگئے	ص ۲۲۹
(۱۱) بگڑی ہے بہت بات بنائے نہیں بنتی	اب گھر کو بغیر آگ لگائے نہیں بنتی	ص ۲۸۳
(۱۲) تو آب سے گر سلب کرے طاقتِ سیلاں	تو آگ سے گر دفع کرے تابِ شرارت	ص ۱۲۷
(۱۳) دھوئیں سے آگ کے اک ابرِ دریا بار ہو پیدا	اسدؔ حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش	ص ۴۷
(۱۴) اک شرر دل میں ہے، اُس سے کوئی گھبرائے گا کیا	آگ مطلوب ہے ہم کو، جو ہوا کہتے ہیں	ص ۱۸۸
(۱۵) آگ سے، پانی میں بجھتے وقت اُٹھتی ہے صدا	ہر کوئی درماندگی میں نالے سے ناچار ہے	ص ۲۱۲
آگاہ[۳]: (۱) کوئی آگاہ نہیں باطنِ ہمدیگر سے	ہے ہر اک فرد جہاں میں ورقِ ناخواندہ	ص ۷۱

۱۔ آقا : ایک بار [مرتّب]۔
۲۔ آگ : پندرہ بار۔
۳۔ آگاہ : چار بار [مفرد: ایک بار، مرتّب: تین بار]۔

دیکھیے ــــــ ب : (۲)، (۳) دلِ آگاہ [دو بار]۔ (۴) نصیبِ خاطرِ آگاہ۔

آگاہی[1]: (۱) ہوئی جس کو بہارِ فرصتِ ہستی سے آگاہی   بہ رنگِ لالہ جامِ بادہ بر محمل پسند آیا   ص۳۱۸

دیکھیے ــــــ : (۲) افسونِ آگاہی۔ (۳) تعبیرِ آگاہی۔ (۴) تمہیدِ آگاہی۔ (۵) جادۂ صحرائے آگاہی۔ (۶) شہیدِ دردِ آگاہی۔ (۷) گردن کشِ یک درسِ آگاہی۔ (۸) وحشت کشِ درسِ سرابِ سطرِ آگاہی۔

آگاہیِ دیدارِ خوباں: دیکھیے: نامحرمِ آگاہیِ دیدارِ خوباں۔

آگہ[2]: دیکھیے: طبعِ آگہ۔

آگہی[3]: (۱) تپشِ دلِ شکستہ پئے عبرت آگہی ہے   کہ نہ دے عنانِ فرصت بہ کشاکشِ زبانی   ص۹

(۲) گل، غنچگی میں غرقۂ دریائے رنگ ہے   اے آگہی! فریبِ تماشا کہاں نہیں!   ص۵۷

(۳) ہے طلسمِ دہر میں صد حشرِ پاداشِ عمل   آگہی غافل! کہ ایک امروز بے فردا نہیں   ص۶۵

(۴) آگہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے   مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا   ص۱۳۲

(۵) تا کجا اے آگہی! رنگِ تماشا باختن   چشمِ واگردیدہ: آغوشِ وداعِ جلوہ ہے   ص۲۱۵

(۶) اپنی ہستی ہی سے ہو جو کچھ ہو   آگہی گر نہیں، غفلت ہی سہی   ص۲۲۰

دیکھیے ــــــ : (۷) ایمان و آگہی۔ (۸) حلِّ معمائے آگہی۔ (۹) خانۂ آگہی۔ (۱۰) دو عالم آگہی۔ (۱۱) طاقتِ آشوبِ آگہی۔ (۱۲) عیارِ آگہی۔

آگہی مخمور: بہ غفلت عطرِ گل ہم آگہی مخمور ملتے ہیں   چراغانِ تماشا چشمِ صد ناسور ملتے ہیں   ص۹۳

آگے[4]: (۱) بٹتے ہیں سونے روپے کے چھلے حضور میں   ہے جن کے آگے سیم و زر مہر و ماہ ماند   ص۱۲۸

(۲) شاہ کے آگے دھرا ہے آئنہ   اب مآلِ سعیِ اسکندر کھلا   ص۱۳۰

(۳) دل تا جگر کہ ساحلِ دریائے خوں ہے اب   اس رہ گزر میں جلوۂ گل، آگے گرد تھا   ص۱۵۳

(۴) بجلی اک کوند گئی آنکھوں کے آگے تو کیا؟   بات کرتے کہ میں لب تشنۂ تقریر بھی تھا   ص۱۵۸

---

[1] آگاہی : نو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: آٹھ بار]۔
[2] آگہ : ایک بار [مرکب]۔
[3] آگہی : تیرہ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: سات بار]۔
[4] آگے : تیس بار۔

(۵) ہوئے اُس مہروش کے جلوۂ تمثال کے آگے پرافشاں جوہر آئینے میں، مثلِ ذرّہ روزن میں ص۱۸۰

(۶) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی اب کسی بات پر نہیں آتی ص۲۳۷

(۷) پر، یار کے آگے بول سکتے ہی نہیں غالبؔ! منہ بند ہوگیا ہے گویا ص۲۵۳

[آٹھ بار بہ طورِ ردیف، ص۲۲۷]:

(۸)، (۹) عجب نشاط سے جلّاد کے چلے ہیں ہم آگے کہ اپنے سایے سے سر، پانْو سے ہے دو قدم آگے

(۱۰) قضا نے تھا مجھے چاہا خرابِ بادۂ الفت فقط خراب لکھا، بس نہ چل سکا قلم آگے

(۱۱) غمِ زمانہ نے جھاڑی نشاطِ عشق کی مستی وگرنہ ہم بھی اُٹھاتے تھے لذّتِ الم آگے

(۱۲) خدا کے واسطے! داد اِس جنونِ شوق کی دینا کہ اُس کے در پہ پہنچتے ہیں نامہ بر سے ہم آگے

(۱۳) یہ عمر بھر جو پریشانیاں اُٹھائی ہیں ہم نے تمھارے آئیو اے طرّہ ہاے خم بہ خم! آگے

(۱۴) دل و جگر میں پرافشاں جو ایک موجۂ خوں ہے ہم اپنے زعم میں سمجھے ہوئے تھے اُس کو دم آگے

(۱۵) قسم جنازے پہ آنے کی میرے کھاتے ہیں، غالبؔ! ہمیشہ کھاتے تھے جو میری جان کی قسم آگے

[بہ طورِ جزوِ ردیف، پندرہ بار، ص۲۳۸]:

(۱۶)، (۱۷) بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے

(۱۸) اک کھیل ہے اورنگِ سلیماں مرے نزدیک اک بات ہے اعجازِ مسیحا مرے آگے

(۱۹) جز نام، نہیں صورتِ عالم مجھے منظور جز وہم نہیں، ہستیِ اشیا مرے آگے

(۲۰) ہوتا ہے نہاں گرد میں صحرا، مرے ہوتے گھستا ہے جبیں خاک پہ دریا، مرے آگے

(۲۱) مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے

(۲۲) سچ کہتے ہو، خودبین و خودآرا ہوں، نہ کیوں ہوں؟ بیٹھا ہے بتِ آئنہ سیما مرے آگے

(۲۳) پھر دیکھیے اندازِ گل افشانیِ گفتار رکھ دے کوئی پیمانۂ صہبا مرے آگے

(۲۴) نفرت کا گماں گزرے ہے، میں رشک سے گزرا کیوں کر کہوں، لو نام نہ اُن کا مرے آگے

(۲۵) ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے مجھے کفر کعبہ مرے پیچھے ہے، کلیسا مرے آگے

(٢٦) عاشق ہوں پہ معشوق فریبی ہے مرا کام — مجنوں کو برا کہتی ہے لیلا مرے آگے

(٢٧) خوش ہوتے ہیں، پر وصل میں یوں مر نہیں جاتے — آئی شبِ ہجراں کی تمنا مرے آگے

(٢٨) ہے موج زن اک قلزمِ خوں، کاش یہی ہو! — آتا ہے ابھی دیکھیے کیا کیا مرے آگے

(٢٩) گو ہاتھ کو جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے — رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے

(٣٠) ہم پیشہ و ہم مشرب و ہم راز ہے میرا — غالب کو برا کیوں کہو، اچھا، مرے آگے

(٣١) آم کے آگے پیش جاوے خاک — پھوڑتا ہے جلے پھپولے تاک ص١٣٠

آلِ [١] عبا: دیکھیے: خاصِ آلِ عبا۔

آلِ نبی: دیکھیے ـــــ: (١) دشمنِ آلِ نبی۔ (٢) قبلۂ آلِ نبی۔

آلاتِ [٢] مے کشی: صرف بہائے مے ہوئے آلاتِ مے کشی — تھے یہ ہی دو حساب، سو یوں پاک ہو گئے ص٢٢٩

آلود [٣]: دیکھیے ـــــ: (١) جیبِ اشکِ چشمِ سرمہ آلود۔ (٢) چشمِ حسرت آلود چراغِ کشتہ۔ (٣) زبانِ سرمہ آلود۔

آلودہ [٤]: زمزم ہی پہ چھوڑو، مجھے کیا طوفِ حرم سے — آلودہ بہ مے جامۂ احرام بہت ہے ص٢٢٥

دیکھیے ـــــ: (٢) ابرِ شفق آلودہ۔ (٣) خوابِ آلودہ مژگاں۔ (٤) دستِ حنا آلودہ۔ (٥) سرشک آلودہ۔
(٦) غبار آلودہ۔ (٧) قفلِ زنگ آلودہ۔ (٨)، (٩) مسی آلودہ [دو بار]۔ (١٠)، (١١) نگہ آلودہ [دو بار]۔

آلودۂ عصیاں: دیکھیے: دامنِ آلودۂ عصیاں۔

آلودۂ مسی: دیکھیے: موجِ تبسمِ لبِ آلودۂ مسی۔

آلودۂ وحشت: دیکھیے: داغِ مشک آلودۂ وحشت۔

آم [٥]: (١) آم کا کون مردِ میداں ہے؟ — ثمر و شاخ: گوے و چوگاں ہے ص١٣٠

(٢) آم کے آگے پیش جاوے خاک — پھوڑتا ہے جلے پھپولے تاک ص١٣٠

(٣) مجھ سے پوچھو، تمھیں خبر کیا ہے — آم کے آگے نیشکر کیا ہے! ص١٣٠

(٤) آم کو دیکھتا اگر یک بار — پھینک دیتا طلائے دست افشار ص١٣١

---

١ آل : تین بار [مرکب]۔
٢ آلات : ایک بار [مرکب]۔
٣ آلود : تین بار [مرکب]۔
٤ آلودہ : چودہ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تیرہ بار]۔
٥ آم : دس بار۔
آموں : ایک بار۔

(۵)،(۶) صاحبِ شاخ و برگ و بار ہے آم — ناز پروردۂ بہار ہے آم — ص۳۱

(۷) خاص وہ آم جو نہ ارزاں ہو — نو بر نخلِ باغِ سلطاں ہو — ص۳۱

(۸) خوشی ہے یہ آنے کی برسات کے — پئیں بادۂ ناب اور آم کھائیں — ص۲۶۳

(۹) سوا تاج کے، جو ہے مقلوبِ جاں — نہ وھاں آم پائیں نہ انگور پائیں — ص۲۶۳

(۱۰) کھاتا نہ اِنھیں کہ یہ پرائے ہیں آم — ص۳۱۳

آموں: بارے، آموں کا کچھ بیاں ہوجائے — خامہ، نخلِ رطب فشاں ہوجائے — ص۳۰

آمادہ[۱]: (۱) تیرے در کے لیے اسبابِ نثار آمادہ — خاکیوں کو جو خدا نے دیے جان و دل و دیں — ص۱۳۵

(۲) ابر روتا ہے کہ بزمِ طرب آمادہ کرو — برق ہنستی ہے کہ فرصت کوئی دم ہے ہم کو — ص۱۹۵

دیکھیے ____: (۳) دُزدیدنِ دلِ ستم آمادہ۔ (۴) زوال آمادہ۔ (۵) شکست آمادہ۔ (۶) وحشتِ شوقِ خروش آمادہ۔

آمد[۲]: (۱) آمد بہار کی ہے جو بلبل ہے نغمہ سنج — اُڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی — ص۲۴۳

(۲) دیکھیے: سنگ آمد و سخت آمد۔

آمدِ خط: آمدِ خط ہے، نہ کر خندۂ شیریں کہ مباد — چشمِ مور آئنۂ دل نگرانی مانگے — ص۷۸

(۲) آمدِ خط سے ہوا ہے سرد جو بازارِ دوست — دودِ شمعِ کشتہ تھا شاید خطِ رخسارِ دوست — ص۱۶۳

آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب: آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب ہے — نقشِ پا جو کان میں رکھتا ہے اُنگلی جادہ سے — ص۲۱۷

آمدِ فصلِ بہاری: دیکھیے: نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری۔

آمدِ فصلِ لالہ کاری: پھر جگر کھودنے لگا ناخن — آمدِ فصلِ لالہ کاری ہے — ص۲۴۳

آمد و رفتِ نَفَس: ویرانیٔ مجو آمد و رفتِ نفس نہیں — ہے کوچہ ہائے نے میں غبارِ صدا بلند — ص۳۸

(۲) کس کو دوں یارب! حسابِ سوزنا کی ہائے دل؟ — آمد و رفتِ نفس جز شعلہ پیمائی نہیں — ص۶۵

آمد آمد[۳]: (۱) یہ کس بہشت شمائل کی آمد آمد ہے! — کہ غیرِ جلوۂ گل رہ گزر میں خاک نہیں — ص۱۸۳

---

۱ آمادہ : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔

۲ آمد : نو بار [مفرد: تین بار، مرکب: چھے بار]۔

۳ آمد آمد : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

(۲) دیکھیے: طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار۔

آمدنامہ[۱] : جس نے قادرنامہ سارا پڑھ لیا — اُس کو آمدنامہ کچھ مشکل نہیں — ص۲۷۵

آمدن[۲] : دیکھیے: از خویش بیروں آمدن۔

آمدہ[۳] : دیکھیے ــــــ: (۱) جانِ برلب آمدہ۔ (۲) دستِ تہِ سنگ آمدہ۔

آموختن[۴] : دیکھیے: سرابِ یک تپش آموختن۔

آمیزش[۵] : یہ اُس کے عدل سے اضداد کو ہے آمیزش — کہ دشت و کوہ کے اطراف میں بہ ہر سرِ راہ — ص۲۷۷

آمین[۶] : (۱) غم و عشرت قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں ہے — دعاے مدعا گم کردگاں لبریزِ آمیں ہے — ص۸۹

(۲) دے دعا کو مری وہ مرتبۂ حُسنِ قبول — کہ اجابت کہے ہر حرف پہ سو بار آمیں — ص۱۳۵

(۳) ہے دعا بھی یہی کہ دُنیا میں — تم رہو زندہ جاوداں، آمیں! — ص۲۸۱

آنسو[۷] : آنسو کہوں کہ آہ! سوارِ ہوا کہوں — ایسا عناں گسیختہ آیا کہ کیا کہوں! — ص۵۶

(۲) غالبؔ! زبس کہ سوکھ گئے چشم میں سرشک — آنسو کی بوند گوہرِ نایاب ہوگئی — ص۹۶

(۳) نہ نکلا آنکھ سے تیری اک آنسو اُس جراحت پر — کیا سینے میں جس نے خوں چکاں مژگانِ سوزن کو — ص۱۹۸

آنکھ[۸] : (۱) باغ تجھ بن گلِ نرگس سے ڈراتا ہے مجھے — چاہوں گر سیرِ چمن، آنکھ دکھاتا ہے مجھے — ص۸۸

(۲) تھا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ — جب آنکھ کھل گئی، نہ زیاں تھا نہ سود تھا — ص۱۳۳

(۳) نہ نکلا آنکھ سے تیری اک آنسو اُس جراحت پر — کیا سینے میں جس نے خوں چکاں مژگانِ سوزن کو — ص۱۹۸

(۴) آنکھ کی تصویر سرنامے پہ کھینچی ہے کہ تا — تجھ پہ کھل جاوے کہ اِس کو حسرتِ دیدار ہے — ص۲۱۲

(۵) جوشِ جنوں سے کچھ نظر آتا نہیں اسدؔ! — صحرا ہماری آنکھ میں یک مشتِ خاک ہے — ص۲۱۶

(٦) مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے — بھَوں پاس آنکھ قبلۂ حاجات! چاہیے — ص۲۱۹

---

۱ آمدنامہ : ایک بار۔
۲ آمدن : ایک بار [مرکب]۔
۳ آمدہ : دو بار [مرکب]۔
۴ آموختن : ایک بار [مرکب]۔
۵ آمیزش : ایک بار۔
۶ آمین : تین بار [مفرد: دو بار، مرکب: ایک بار]۔
۷ آنسو : تین بار۔
۸ آنکھ : دس بار۔
آنکھوں : سترہ بار۔
آنکھیں : آٹھ بار۔

	(۷) رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل	جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا، تو پھر لہو کیا ہے	ص ۲۳۲
	(۸) اک خوں چکاں کفن میں کروڑوں بناؤ ہیں	پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حور کی	ص ۲۳۳
	(۹) خوں ہو کے جگر آنکھ سے ٹپکا نہیں اے مرگ!	رہنے دے مجھے یہاں کہ ابھی کام بہت ہے	ص ۲۳۵
	(۱۰) دیکھیے: ہزار آنکھ۔		
آنکھوں:	(۱) مہِ اختر فشاں کی، بہرِ استقبال، آنکھوں سے	تماشا، کشورِ آئینہ میں آئینہ بند آیا	ص ۱۱
	(۲) ناتوانی ہے تماشائیِ عمرِ رفتہ	رنگ نے آئینہ آنکھوں کے مقابل باندھا	ص ۱۳
	(۳) جو کچھ ہے محوِ شوخیِ ابروئے یار ہے	آنکھوں کو رکھ کے طاق پہ دیکھا کرے کوئی	ص ۸۸
	(۴) خیر خواہِ دید ہوں، از بہرِ دفعِ چشمِ زخم	کھینچتا ہوں اپنی آنکھوں میں سلائی نیل کی	ص ۹۱
	(۵)،(۶) زبس نکلا غبارِ دل بہ وقتِ گریہ آنکھوں سے	اسدؔ! کھائے ہوئے سُرمے نے آنکھوں میں بصارت کی	ص ۹۷
	(۷) جوہرِ آئینہ ساں مژگاں بہ دل آسودہ ہے	قطرہ جو آنکھوں سے ٹپکا سُو نگہ آلودہ ہے	ص ۱۰۳
	(۸) توفیق بہ اندازۂ ہمت ہے ازل سے	آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا	ص ۱۵۲
	(۹) بجلی اک کوند گئی آنکھوں کے آگے تو کیا!	بات کرتے کہ میں لب تشنۂ تقریر بھی تھا	ص ۱۵۸
	(۱۰) رکھتے ہو تم قدم مری آنکھوں سے کیوں دریغ؟	رُتبے میں مہر و ماہ سے کم تر نہیں ہوں میں	ص ۱۹۱
	(۱۱) جوے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق	میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہوگئیں	ص ۱۹۱
	(۱۲) یہ کہہ سکتے ہو، ہم دل میں نہیں ہیں، پر یہ بتلاؤ	کہ جب دل میں تمھیں تم ہو تو آنکھوں سے نہاں کیوں ہو	ص ۲۰۰
	(۱۳) گو ہاتھ کو جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے	رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے	ص ۲۲۹
	(۱۴) دل کو آنکھوں نے پھنسایا، کیا مگر	یہ بھی حلقے ہیں تمھارے دام کے؟	ص ۲۵۰
	(۱۵) جسے کہتے ہیں خوشی، اُس نے بلائیں لے کر	کبھی چوما، کبھی آنکھوں سے لگایا سہرا	ص ۲۹۳
	(۱۶) خواب و بیداری پہ کب ہے آدمی کو اختیار	مثلِ زخم آنکھوں کو سی دیتا جو ہوتا ہوشیار	ص ۲۹۰
	(۱۷) آنکھوں میں انتظار سے جاں پُرشتاب ہے	آتا ہے آ، وگرنہ یہ پا در رکاب ہے	ص ۳۵۳
آنکھیں:	(۱) اسدؔ! بزمِ تماشا میں تغافل، پردہ داری ہے	اگر ڈھانپے تو آنکھیں ڈھانپ، ہم تصویرِ عریاں ہیں	ص ۶۲

(۲) نہ گلِ نغمہ ہوں نہ پردۂ ساز | میں ہوں اپنی شکست کی آواز | ص۱۴۲

(۳) پیکرِ عشاق، سازِ طالعِ ناساز ہے | نالہ، گویا گردشِ سیارہ کی آواز ہے | ص۲۲۷

(۴) کیوں نہ چیخوں کہ یاد کرتے ہیں | میری آواز گر نہیں آتی | ص۲۳۷

(۵) لڑتا ہے مجھ سے حشر میں قاتل کہ کیوں اُٹھا؟ | گویا ابھی سُنی نہیں آواز صور کی | ص۲۴۳

(۶)،(۷)،(۸) آواز تری نکلے اور آواز کے ساتھ | لاٹھی وہ لگے کہ جس میں آواز نہ ہو | ص۳۴۳

دیکھیے ـــــــ: (۹) تاثیرِ سحرِ شعلۂ آواز۔(۱۰) دوُدِ شعلۂ آواز۔(۱۱) سرمۂ آواز۔(۱۲) شعلۂ آواز۔

آوازِ آشنا: ربطِ تمیزِ اعیاں دُردِ مئے صدا ہے | اَعمیٰ کو سرمۂ چشم، آواز آشنا ہے | ص۹۳

آوازِ پرعنقا: جو عزادارِ شہیدانِ نفَس دُزدیدہ ہو | نوحۂ ماتم بہ آوازِ پرِ عنقا کرے | ص۱۰۱

آوازِ خوباں: دیکھیے: شعلۂ آوازِ خوباں۔

آوازہ[۱]: دیکھیے: بلند آوازہ۔

آوردگاں: دیکھیے: سخن برلب آوردگاں۔

آوردن[۲]: دیکھیے ـــــــ: (۱) حسرتِ آبِ بہ روے کار آوردن۔

(۲) (بہ) دست آوردنِ دل۔

آوردہ: دیکھیے: بہم آوردہ۔

آہ[۳]: (۱) طاؤس در رکاب ہے ہر ذرّہ آہ کا | یارب! نفَس غبار ہے کس جلوہ گاہ کا؟ | ص۱۹

(۲) ہر چند میں ہوں طوطیِ شیریں سخن، ولے | آئینہ آہ! میرے مقابل نہیں رہا | ص۲۱

(۳) اے آہ! میری خاطرِ وابستہ کے سوا | دُنیا میں کوئی عقدۂ مشکل نہیں رہا | ص۲۱

(۴) دیا داغِ جگر کو آہ نے ساماں شگفتن کا | نہ ہو بالیدہ، غیر از جُنبشِ دامانِ بادہ، آتش | ص۳۷

(۵) کہتا تھا کل وہ محرمِ راز اپنے سے کہ آہ! | دردِ جدائیِ اسداللہ خاں نہ پوچھ | ص۴۰

---

۱ آوازہ : ایک بار [مرکب]۔
۲ آوردن : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
آوردہ : ایک بار [مرکب]۔
آوردگاں : ایک بار [مرکب]۔
۳ آہ : چونتیس بار [مفرد: اٹھارہ بار، مرکب: سولہ بار]۔
آہیں : چار بار۔

(۲) نہ گُلِ نغمہ ہوں نہ پردۂ ساز — میں ہوں اپنی شکست کی آواز — ص۱۷۲

(۳) پیکرِ عشاق، سازِ طالعِ ناساز ہے — نالہ، گویا گردشِ سیارہ کی آواز ہے — ص۲۲۷

(۴) کیوں نہ چیخوں کہ یاد کرتے ہیں — میری آواز گر نہیں آتی — ص۲۳۷

(۵) لڑتا ہے مجھ سے حشر میں قاتل کہ کیوں اُٹھا؟ — گویا ابھی سُنی نہیں آواز صور کی — ص۲۴۳

(۶)،(۷)،(۸) آواز تری نکلے اور آواز کے ساتھ — لاٹھی وہ لگے کہ جس میں آواز نہ ہو — ص۳۱۳

دیکھیے ـــــــ: (۹) تاثیرِ سحرِ شعلۂ آواز۔(۱۰) دودِ شعلۂ آواز۔(۱۱) سرمۂ آواز۔(۱۲) شعلۂ آواز۔

آوازِ آشنا: ربطِ تمیزِ اعیاں دُردِ مَےِ صدا ہے — اَعمیٰ کو سرمۂ چشم، آوازِ آشنا ہے — ص۹۳

آوازِ پرِ عنقا: جو عزادارِ شہیدانِ نفَس دُزدیدہ ہو — نوحۂ ماتم بہ آوازِ پرِ عنقا کرے — ص۱۰۱

آوازِ خوباں: دیکھیے: شعلۂ آوازِ خوباں۔

آوازہ[۱]: دیکھیے: بلند آوازہ۔

آوردگاں: دیکھیے: سخن برلب آوردگاں۔

آوردن[۲]: دیکھیے ـــــــ: (۱) حسرت آب بہ روے کار آوردن۔

(۲) (بہ) دست آوردنِ دل۔

آوردہ: دیکھیے: بہم آوردہ۔

آہ[۳]: (۱) طاؤس در رکاب ہے ہر ذرہ آہ کا — یارب! نفَس غبار ہے کس جلوہ گاہ کا؟ — ص۱۹

(۲) ہر چند میں ہوں طوطیِ شیریں سخن، ولے — آئینہ آہ! میرے مقابل نہیں رہا — ص۲۱

(۳) اے آہ! میری خاطرِ وابستہ کے سوا — دُنیا میں کوئی عقدۂ مشکل نہیں رہا — ص۲۱

(۴) دیا داغِ جگر کو آہ نے ساماں شگفتن کا — نہ ہو بالیدہ، غیر از جُنبشِ دامانِ باد، آتش — ص۴۷

(۵) کہتا تھا کل وہ محرمِ راز اپنے سے کہ آہ! — دردِ جدائیِ اسداللہ خاں نہ پوچھ — ص۷۰

---

[۱] آوازہ : ایک بار [مرکب]۔

[۲] آوردن : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

آوردہ : ایک بار [مرکب]۔

آوردگاں : ایک بار [مرکب]۔

[۳] آہ : چونتیس بار [مفرد: اٹھارہ بار، مرکب: سولہ بار]۔

آہیں : چار بار۔

(۶) آب ہو جاتے ہیں ننگِ ہمتِ باطل سے مرد — اشک پیدا کر اسدؔ! گر آہ بے تاثیر ہے — ص۹۶

(۷) ہے عرضِ شکست، آئینۂ جرأتِ عاشق — جُز آہ کہ سر لشکرِ وحشت علمی ہے — ص۷۰

(۸) دوست دارِ دشمن ہے، اعتمادِ دل معلوم! — آہ بے اثر دیکھی، نالہ نارسا پایا — ص۱۳۳

(۹) دل میں پھر گریے نے اک شور اُٹھایا غالبؔ! — آہ! جو قطرہ نہ نکلا تھا سُو طوفاں نکلا — ص۱۳۴

(۱۰) اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا — غیر نے کی آہ لیکن وہ خفا مجھ پر ہوا — ص۱۵۱

(۱۱) آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہوتے تک — کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہوتے تک — ص۱۷۵

(۱۲) آہ وہ جُرأتِ فریاد کہاں! — دل سے تنگ آ کے جگر یاد آیا — ص۱۵۲

(۱۳) آہ کا کس نے اثر دیکھا ہے؟ — ہم بھی ایک اپنی ہَوا باندھتے ہیں — ص۱۸۱

(۱۴) کیا دے صدا کہ الفتِ گم گشتگاں سے آہ! — ہے سرمہ، گردِ رہ بہ گلوے جرس تمام — ص۵۵

(۱۵) آنسو کہوں کہ آہ! سوارِ ہَوا کہوں — ایسا عناں گسیختہ آیا کہ کیا کہوں! — ص۵۶

(۱۶) وھاں اُس کو ہولِ دل ہے تو یھاں میں ہوں شرمسار — یعنی یہ میری آہ کی تاثیر سے نہ ہو — ص۱۹۵

(۱۷) نہیں ہے آہ کو ایمائے تیر باریدن — وگرنہ ہے خمِ تسلیم سے کماں پیدا — ص۳۳۶

(۱۸) یھاں اشک جدا گرم ہے اور آہ جدا گرم — حسرت کدۂ عشق کی ہے آب و ہوا گرم — ص۳۳۸

دیکھیے ______ : (۱۹) شرارِ آہ۔ (۲۰) ضبطِ آہ۔ (۲۱) فغان و آہ۔

آہِ آتشیں: میں عدم سے بھی پرے ہوں، ورنہ غافل! بارہا — میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا — ص۱۵۱

آہِ بے تاثیر: (۱) عروجِ نا اُمیدی چشمِ زخمِ چرخ کیا جانے — بہارِ بے خزاں از آہِ بے تاثیر ہے پیدا — ص۳۰

(۲) دیکھیے: آئینہ دارِ آہِ بے تاثیر۔

آہِ حسرتناک: دیکھیے: بہارِ نیم رنگِ آہِ حسرتناک۔

آہِ سحر گہ: دریغ! آہِ سحر گہ کارِ بادِ صبح کرتی ہے — کہ ہوتی ہے زیادہ سرد مہری شمع رویاں کی — ص۷۶

آہِ خاموشاں: نہیں ہے ضبط، جُز مشاقگی ہاے غم آرائی — کہ میلِ سرمۂ چشمِ داغ میں ہے آہِ خاموشاں — ص۳۳۹

آہِ شعلہ ریز: تھی میرے ہی جلانے کو اے آہِ شعلہ ریز! — گھر پر پڑا نہ غیر کے کوئی شرار، حیف! — ص۳۹

آہِ گرم: دیکھیے: اک آہِ گرم۔

آہِ نارسا: دیکھیے: یک آہِ نارسا۔

آہِ نیم شبی: دلا! یہ درد و الم بھی تو مغتنم ہے کہ آخر — نہ گریۂ سحری ہے، نہ آہِ نیم شبی ہے — ص۲۰۵

آہ وزاری: دیکھیے: فریاد و آہ و زاری۔

آہ وفریاد: کچھ تو دے اے فلکِ ناانصاف! — آہ و فریاد کی رُخصت ہی سہی — ص۲۲۱

آہ وفغاں: لیتا، نہ اگر دل تمھیں دیتا، کوئی دم چین — کرتا، جو نہ مرتا، کوئی دن آہ و فغاں اور — ص۱۷۰

آہیں: (۱) حسرت کشِ یک جلوۂ معنی ہیں نگاہیں — کھینچوں ہوں سویدائے دلِ چشم سے آہیں — ص۵۹

(۲) جوں مردمکِ چشم میں ہوں جمع نگاہیں — خوابیدہ بہ حیرت کدۂ داغ ہیں آہیں — ص۵۹

(۳) مت مردمکِ دیدہ میں سمجھو یہ نگاہیں — ہیں جمع سویدائے دلِ چشم میں آہیں — ص۱۸۳

(۴) بس کہ روکا میں نے اور سینے میں اُبھریں پے بہ پے — میری آہیں بخیۂ چاکِ گریباں ہوگئیں — ص۱۹۲

آہن[ا]: ہوا چرچا جو میرے پانْو کی زنجیر بننے کا — کیا بیتاب کاں میں جُنبشِ جوہر نے آہن کو — ص۱۹۸

آہنگ[۲]: (۱) نے کوچۂ رُسوائی و زنجیرِ پریشاں — اے نالہ! میں کس پردے میں آہنگ نکالوں؟ — ص۶۰

(۲) فریاد اسدؔ! غفلتِ رسوائیِ دل سے — کس پردے میں فریاد کی آہنگ نکالوں — ص۶۰

دیکھیے ــــــ: (۳) افسردگی آہنگ۔ (۴) پیچ و تابِ طبعِ برق آہنگ۔ (۵) تپش آہنگ۔ (۶) خارج از آہنگ۔ (۷) نشاط آہنگ۔

آہنگِ اسدؔ: آہنگِ اسدؔ میں نہیں جُز نغمۂ بیدلؔ — "عالم ہمہ افسانۂ ما دارد و ما ہیچ" — ص۳۶

آہنگِ زمیں بوسِ قدم: وھاں پہنچ کر جو غش آتا پئے ہم ہے ہم کو — صدرہ آہنگِ زمیں بوسِ قدم ہے ہم کو — ص۱۹۵

آہنگِ شکایت: دیکھیے: سازِ آہنگِ شکایت۔

آہنگِ شوقِ یار: اسدؔ! پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے — نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہائے چنگ آخر — ص۳۰

آہنگِ عدمِ نالہ: آہنگِ عدم نالہ بہ کہسار گرو ہے — ہستی میں نہیں شوخیِ ایجادِ صدا ہیچ — ص۳۶

ا۔ آہن : ایک بار۔ — آہنگی : دوبار [مرکّب]۔

۲۰۔ آہنگ : چودہ بار [مفرد: دوبار، مرکّب: بارہ بار]۔

آہنگِ مضراب پہ پروانہ: شب تری تاثیرِ سحرِ شعلۂ آواز سے — تارِ شمع آہنگِ مضراب پہ پروانہ تھا ص۲۵

آہنگِ مےکشی: جس بزم میں کہ ہو اُنھیں آہنگِ مےکشی — وھاں آسمان شیشہ بنے، آفتاب جام ص۲۸۲

آہنگیِ پرواز: جُو غبار کردہ سیر، آہنگیِ پرواز گو؟ — بلبلِ تصویر و دعوائے پر افشانی عبث ص۳۳

آہنگیِ ہستی: دیکھیے سینہ آہنگیِ ہستی۔

آہو[1]: (۱) کسو کو ز خود رستہ کم دیکھتے ہیں — کہ آہو کو پابندِ رم دیکھتے ہیں ص۵۶

دیکھیے ____: (۲) بیاضِ دیدۂ آہو۔ (۳) پابہ زنجیرِ رمِ آہو۔ (۴) تمثالِ سوادِ چشمِ آہو۔ (۵) دوشِ رمِ آہو۔ (۶)، (۷) رمِ آہو [دوبار]۔ (۸) سوادِ چشمِ آہو۔ (۹) سوادِ چشمِ آہو۔ (۱۰) سوادِ دیدۂ آہو۔ (۱۰) سرپنجۂ مژگانِ آہو۔ (۱۱) مژگانِ آہو۔ (۱۲) ہرچشمِ آہو۔

آہواں: دیکھیے: شاخِ آہواں۔

آہوہا: دیکھیے: سوجِ رمِ آہوہا۔

آہوے بیابانِ حسن: حجر الاسود دیوارِ حرم کیجے فرض — نافہ آہوے بیابانِ حسن کا کہیے ص۱۲۲ [چھٹی زائی]

آہوے حسن: کیجے آہوے حسن کو خضرِ صحراے طلب — مشک ہے سُنبلستانِ زلف میں گردِ سواد ص۳۸

آہوے دشتِ تتار: دیکھیے: دماغِ آہوے دشتِ تتار۔

آہوے رم خوردہ: دیکھیے: عکسِ چشمِ آہوے رم خوردہ۔

آہوے صیاد دیدہ: ممکن نہیں کہ بھول کے بھی آرمیدہ ہوں — میں دشتِ غم میں آہوے صیاد دیدہ ہوں ص۲۹۹

آئنہ[2]: (۱) ناتوانی ہے تماشائیِ عمرِ رفتہ — رنگ نے آئنہ آنکھوں کے مقابل باندھا ص۱۳

(۲) بےخبر مت کہ ہمیں، بیدردا! خود بینی سے پوچھ — قلزمِ ذوقِ نظر میں آئنہ پایاب تھا ص۱۵

(۳) چشم بندِ خلق غیر از نقشِ خود بینی نہیں — آئنہ ہے قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست ص۳۳

(۴) آئنہ دام کو سبزے میں چھپاتا ہے عبث — کہ پری زادِ نظر قابلِ تسخیر نہیں ص۵۷

---

۱ آہو : سترہ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: سولہ بار]۔
آہواں : ایک بار [مرکب]۔
آہوہا : ایک بار [مرکب]۔

۲ آئنہ : ایک سو بارہ بار [مفرد: اکتالیس بار، مرکب: اکہتر بار]۔

(۵) تمثالِ ناز: جلوۂ نیرنگِ اعتبار	ہستی عدم ہے، آئنہ گر روبرو نہ ہو	ص۶۸
(۶) ریگِ روان و ہر تپش درسِ تسلیِ شعاع	آئنہ توڑ اے خیال! جلوے کو خوںبہا سمجھ	ص۷۲
(۷) جلوہ نہیں ہے دردِ سر، آئنہ صندلی نہ کر	عکس کجا و کو نظر، نقش کو مدعا سمجھ	ص۷۳
(۸) لغزشِ پا کو ہے بلد نغمۂ ''یا علی مدد''	ٹوٹے گر آئنہ اسدؔ! سبحہ کو خوںبہا سمجھ	ص۷۳
(۹) بجز دیوانگی، ہوتا نہ انجامِ خود آرائی	اگر پیدا نہ کرتا آئنہ زنجیر جوہر کی	ص۷۷
(۱۰) تشنۂ خونِ تماشا جو وہ پانی مانگے	آئنہ رخصتِ اندازِ روانی مانگے	ص۷۸
(۱۱) حسنِ خوباں بس کہ بے قدرِ تماشا ہے اسدؔ!	آئنہ، یک دستِ ردِّ امتناعِ جلوہ ہے	ص۸۷
(۱۲) وہ شوخ اپنے حسن پہ مغرور ہے اسدؔ!	دکھلا کے اُس کو آئنہ توڑا کرے کوئی	ص۸۸
(۱۳) شورِ تمثال ہے کس رشکِ چمن کا یارب!	آئنہ، بیضۂ بلبل نظر آتا ہے مجھے	ص۸۸
(۱۴) حسرتِ چیدن ہا، خوںبہائے دیدن ہا	رنگِ گل کے پردے میں آئنہ پرافشاں ہے	ص۸۸
(۱۵) عکسِ خط تا سخنِ ناصحِ دانا سرسبز	آئنہ، بیضۂ طوطی نظر آیا ہے مجھے	ص۱۰۷
(۱۶) تمثالِ تماشاہا، اقبالِ تمناہا	عجزِ عرقِ شرمے اے آئنہ! حیرانی	ص۱۰۸
(۱۷) جوہرِ دستِ دعا آئنہ، یعنی تاثیر	یک طرف نازشِ مژگان و دگر سو غمِ خار	ص۱۳۳
(۱۸) شاہ کے آگے دھرا ہے آئنہ	اب مآلِ سعیِ اسکندر کھلا	ص۱۴۰
(۱۹) اب میں ہوں اور ماتمِ یک شہرِ آرزو	توڑا جو تو نے آئنہ، تمثال دار تھا	ص۱۵۲
(۲۰) آرائشِ جمال سے فارغ نہیں ہنوز	پیشِ نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں	ص۱۸۹
(۲۱)،(۲۲) از مہر تا بہ ذرہ دل و دل ہے آئنہ	طوطی کو شش جہت سے مقابل ہے آئنہ	ص۲۰۱
(۲۳) نہ جانوں کیونکے مٹے داغِ طعنِ بدعہدی	تجھے کہ آئنہ بھی ورطۂ ملامت ہے	ص۲۱۳
(۲۴) حسن بے پروا خریدارِ متاعِ جلوہ ہے	آئنہ، زانوے فکرِ اختراعِ جلوہ ہے	ص۲۱۵
(۲۵) دل مت گنوا، خبر نہ سہی سیر ہی سہی	اے بے دماغ! آئنہ تمثال دار ہے	ص۲۱۸
(۲۶) اُس چشمِ فسوں گر کا اگر پائے اشارہ	طوطی کی طرح آئنہ گفتار میں آوے	ص۲۳۲

(۲۷) نہ دیجے ضبطِ پاسِ آبرو وقتِ شکستن بھی	تحمل پیشۂ تمکین رہیے آئنہ آسا	ص۲۲۷
(۲۸) وحشتِ دل سے پریشاں ہے چراغانِ خیال	باندھوں ہوں آئنے پر چشمِ پری سے آئیں	ص۸
(۲۹) کھینچوں ہوں آئنے پر خندۂ گل سے مسطر	نامہ، عنوانِ بیانِ دلِ آزردہ نہیں	ص۸
(۳۰) حیرت اگر خرام ہے، کارِ نگہ تمام ہے	گر کفِ دست بام ہے، آئنے کو ہُوا سمجھ	ص۴۳
(۳۱) ہنر پیدا کیا ہے میں نے حیرت آزمائی میں	کہ جوہر آئنے کا، ہر پلک ہے چشمِ حیراں کی	ص۷۶
(۳۲) غضب شرم آفریں ہے رنگ ریزی ہائے خود بینی	سفیدی آئنے کی پنبۂ روزن نہ ہوجاوے	ص۸۵
(۳۳) تا کہ تجھ پر کھلے اعجازِ ہوائے صیقل	دیکھ برسات میں سبز آئنے کا ہوجانا	ص۱۵۶
(۳۴) کمالِ گرمیِ سعیِ تلاشِ دید نہ پوچھ	بہ رنگِ خار مرے آئنے سے جوہر کھینچ	ص۱۶۵
(۳۵) پانی سے سگ گزیدہ ڈرے جس طرح اسدؔ	ڈرتا ہوں آئنے سے کہ مردم گزیدہ ہوں	ص۲۹۹

[چھے بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۷۰]:

(۳۶) حیرت ہجومِ لذتِ غلطانیِ تپش	سیماب بالش و کمرِ دل ہے آئنہ
(۳۷) غفلت بہ بالِ جوہرِ شمشیر پرفشاں	یہاں پشتِ چشمِ شوخیِ قاتل ہے آئنہ
(۳۸) حیرت نگاہ برق، تماشا بہار شوخ	در پردۂ ہُوا پرِ بسمل ہے آئنہ
(۳۹) یہاں رہ گئے ہیں ناخنِ تدبیر ٹوٹ کر	جوہر طلسمِ عقدۂ مشکل ہے آئنہ
(۴۰) ہم زانوئے تأمل و ہم جلوہ گاہِ گل	آئینہ بندِ خلوت و محفل ہے آئنہ
(۴۱) دل کارگاہِ فکر و اسدؔ بے نوائے دل	یہاں سنگِ آستانۂ بیدلؔ ہے آئنہ

دیکھیے ـــــ: (۴۲)،(۴۳) آبِ آئنہ [دوبار]۔ (۴۴) تپشِ آئنہ۔ (۴۵) تمثال گدازِ آئنہ۔ (۴۶) تمِ خاکسترِ صد آئنہ۔ (۴۷) جنونِ آئنہ۔ (۴۸)،(۴۹)،(۵۰) جوہرِ آئنہ [تین بار]۔ (۵۱) خارِ شمع آئنہ۔ (۵۲) دلِ آئنہ۔ (۵۳) رقیبِ آئنہ۔ (۵۴) زانوئے آئنہ۔ (۵۵) زنگار خوردہ آئنہ۔ (۵۶) صد آئنہ زانوئے گلستاں زدہ۔ (۵۷) صفتِ آئنہ۔ (۵۸) صفحۂ آئنہ۔ (۵۹) طلسمِ آئنہ۔ (۶۰) عکسِ آئنہ۔ (۶۱) نقش بندِ آئنہ۔ (۶۲) نگہِ آئنہ۔ (۶۳) یک عرق آئنہ۔

آئنہ انجامِ جنوں:	حیرتِ آئنہ انجامِ جنوں ہوں جوں شمع	کس قدر داغِ جگر شعلہ اُٹھاتا ہے مجھے	ص۸۸
آئنہ ایجادِ درد:	ہر رنگ گردش، آئنہ ایجادِ درد ہے	اشکِ سحاب جُز بہ وداعِ خزاں نہیں	ص۵۷
آئنہ ایجادِ کفِ گوہربار:	جوشِ طوفانِ کرم، ساقیِ کوثرؔ ساغر	نُہ فلک، آئنہ ایجادِ کفِ گوہربار	ص۳
آئنہ پرداز:	(۱) بہ فکرِ حیرتِ رم آئنہ پردازِ زانو ہے	کہ مُشکِ نافہ، تمثالِ سوادِ چشمِ آہو ہے	ص۹۸
	(۲) کس پردے میں ہے آئنہ پرداز اے خدا!	رحمت کہ عذر خواہِ لبِ بے سوال ہے	ص۲۰۵
آئنہ پردازِ داغِ ماہ:	عکسِ گل ہائے سمن سے چشمہ ہائے باغ میں	فلسِ ماہی آئنہ پردازِ داغِ ماہ ہے	ص۹۲
آئنہ پردازیِ دستِ دگراں:	ضعف، آئنہ پردازیِ دستِ دگراں ہے	تصویر کے پردے میں مگر رنگ نکالوں	ص۶۱
آئنہ تعمیر:	دید، حیرت کش و خرشید، چراغانِ خیال	عرضِ شبنم سے چمن آئنہ تعمیر آیا	ص۲۷
آئنہ خانہ:	آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں یکسر	بس کہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گل و صبح	ص۳۷
	(۲) پروازِ نقشِ دامِ تمنائے جلوہ تھا	طاؤس نے اک آئنہ خانہ رکھا گرو	ص۶۹
	(۳) ذوقِ خود داری خرابِ وحشتِ تسخیر ہے	آئنہ خانہ مری تمثال کو زنجیر ہے	ص۹۵
	(۴) شکلِ طاؤس کرے آئنہ خانہ پرواز	ذوق میں جلوے کے تیرے بہ ہوائے دیدار	ص۱۳۳
	(۵) مدعا محوِ تماشائے شکستِ دل ہے	آئنہ خانے میں کوئی لیے جاتا ہے مجھے	ص۲۱۶
آئنہ دار:	(۱) بالِ رعنائیِ دُم: موجۂ گل بندِ قبا	گردشِ کاسۂ سُم: چشمِ پری آئنہ دار	ص۵ [گھوڑے کے لیے]
	(۲) مردمک سے ہو عزا خانۂ اقبالِ نگاہ	خاکِ در کی ترے جو چشم نہ ہو آئنہ دار	ص۱۳۳
	(۳) کب مجھے کوئے یار میں رہنے کی وضع یاد تھی	آئنہ دار بن گئی حیرتِ نقشِ پا کہ یوں	ص۱۷۸
آئنہ دارِ تپشِ کوکب:	بہ تحیر کدۂ فرصتِ آرایشِ وصل	دلِ شب، آئنہ دارِ تپشِ کوکب تھا	ص۲۳
آئنہ دارِ خموشیِ دل:	تغافل، آئنہ دارِ خموشیِ دل ہے	ہوئی ہے محو بہ تقریبِ امتحاں فریاد	ص۳۷
آئنہ دارِ ہنرگر:	شوخیِ حُسن و عشق ہے آئنہ دارِ ہنرگر	خار کو بے نیام جان، ہم کو برہنہ پا سمجھ	ص۷۳
آئنہ داریِ یک دیدۂ حیراں:	گردشِ ساغرِ صد جلوۂ رنگیں تجھ سے	آئنہ داریِ یک دیدۂ حیراں مجھ سے	ص۲۱۲

آئنۂ رخساروں: فروِ آئینہ میں بخشیں شکنِ خندۂ گل — دلِ آزردہ، پسند آئنہ رخساروں کا — ص ۲۸

آئنہ ساز: فریبِ صنعتِ ایجاد کا تماشا دیکھ — نگاہ عکس فروش و خیال آئنہ ساز — ص ۴۳

آئنہ ساماں: ساغرِ جلوۂ سرشار ہے ہر ذرۂ خاک — شوقِ دیدار بلا آئنہ ساماں نکلا — ص ۳

آئنہ سیما: دیکھیے ـــــ: (۱، ۲) بُتِ آئنہ سیما [دوبار]۔

آئنہ فتراکِ دماغِ دل ہا: گرد باد: آئنہ فتراکِ دماغِ دل ہا — تیرا صحرائے طلب: محفلِ پیمانہ شکار — ص ۷

آئنہ کیفیتِ صد رنگ: درد، آئنہ کیفیتِ صد رنگ ہے، یارب! — خمیازہ طرب ساغرِ زخمِ جگر آوے — ص ۱۱۳

آئنہ منزل: دیکھیے: زیورِ صد آئنہ منزل۔

آئنۂ استغنا: دیکھیے: تمثالِ بہار آئنۂ استغنا۔

آئنۂ اعتبار: دیکھیے: گدازِ آئنۂ اعتبار۔

آئنۂ امتحاں: آئنۂ امتحاں نذرِ تغافل اسدؔ — شش جہت اسباب ہے وہمِ توکل ہنوز — ص ۴۳

آئنۂ انتظار: (۱) کس کا خیال آئنۂ انتظار تھا؟ — ہر برگِ گل کے پردے میں دل بے قرار تھا — ص ۱۷

(۲) وصال جلوہ تماشا ہے پر دماغ کہاں — کہ دیجے آئنۂ انتظار کو پرواز — ص ۱۸۱

آئنۂ برگِ گل: چھڑکے ہے شبنم آئنۂ برگِ گل پہ آب — اے عندلیب! وقتِ وداعِ بہار ہے — ص ۲۱۷

آئنۂ جراتِ عاشق: ہے عرضِ شکست آئنۂ جراتِ عاشق — جز آہ کہ سر لشکرِ وحشت علمی ہے — ص ۱۰۶

آئنۂ حسنِ یقیں: دیکھیے: زنگارِ رخِ آئنۂ حسنِ یقیں۔

آئنۂ خوابِ گرانِ شیریں: کوہکن: گرسنہ مزدورِ طرب گاہِ رقیب — بیستوں: آئنۂ خوابِ گرانِ شیریں — ص ۱۳۳

آئنۂ دل نگرانی: آمدِ خط ہے، نہ کر خندۂ شیریں کہ مباد — چشمِ مور آئنۂ دل نگرانی مانگے — ص ۷۷

آئنۂ دوجہاں مدارا: تکلف، آئنۂ دوجہاں مدارا ہے — سراغ یک نگہِ قہر آشنا معلوم! — ص ۵۳

آئنۂ ذرہ ذرہ خاک: آغوشِ گل، ہے آئنۂ ذرہ ذرہ خاک — عرضِ بہار، جوہرِ پرواز ہے مجھے — ص ۹۷

آئنۂ زانو: ساقِ گل رنگ سے اور آئنۂ زانو سے — جامہ زیبوں کے سدا ہیں تہِ داماں گل و صبح — ص ۳۷

آئینۂ شوخی: جس ادب گاہ میں تو آئینۂ شوخی ہو — جلوہ ہے ساقیِ مخموریِ تابِ دیدار — ص۶

آئینۂ صفحۂ افشاں زدہ: سازِ وحشت رقمی ہا کہ بہ اظہار اسدؔ — دشت و ریگ، آئینۂ صفحۂ افشاں زدہ ہے — ص۱۰۹

آئینۂ فرقِ جنون و تمکیں: ہرزہ ہے نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم — لغو ہے آئینۂ فرقِ جنون و تمکیں — ص۱۳۲

آئینۂ گل: حُسنِ خود آرا کو ہے مشقِ تغافل ہنوز — ہے کفِ مشاطہ میں آئینۂ گل ہنوز — ص۴۳

آئینۂ محشرِ خاکِ مجنوں: گردباد، آئینۂ محشرِ خاکِ مجنوں — یک بیاباں دلِ بیتاب اُٹھایا ہے مجھے — ص۱۰۷

آئینۂ ناز: ہر رنگِ سوز پردۂ یک ساز ہے مجھے — بالِ سمندر آئینۂ ناز ہے مجھے — ص۹۶

آئینۂ نازِ توکّل: سادگی، ہے عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا — ناکسی، آئینۂ نازِ توکّل تاچند؟ — ص۳۹

آئینۂ نشانِ حال: سوختگاں کی خاک میں ریزشِ نقشِ داغ ہے — آئینۂ نشانِ حال شکلِ گلِ چراغ ہے — ص۱۱۵

آئین[۱]: (۱) دادِ دیوانگیِ دل! کہ ترا مدحت گر — ذرّے سے باندھے ہے خرشیدِ فلک پر آئیں — ص۹

(۲) کس سے ممکن ہے تری مدح، بغیر از واجب — شعلۂ شمع مگر شمع پہ باندھے آئیں — ص۱۳۵

دیکھیے ـــــــ : (۳) سالِ فرخی آئیں۔ (۴) سراپا شبنم آئیں۔ (۵) رسوائے آئیں۔ (۶) شرع و آئین۔ (۷) قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں۔

آئیں بندِ رنگینی: عدم: وحشت سُراغ و ہستی: آئیں بندِ رنگینی — دماغِ دو جہاں پر سُنبل و گل یک شکنجوں ہے — ص۱۱۱

آئینِ غزل خوانی: میں جو گستاخ ہوں آئینِ غزل خوانی میں — یہ بھی تیرا ہی کرم ذوق فزا ہوتا ہے — ص۲۲۱

آئینِ گلستانِ ارم: حیرت، حدِ اقلیمِ تمنائے پری ہے — آئینے پہ آئینِ گلستانِ ارم باندھ — ص۷۱

آئینِ نکتہ دانی: دیکھو اس دفترِ معانی کو — سیکھو آئینِ نکتہ دانی کو — ص۲۶۸

آئینہ[۲]: (۱) عیشِ بسمل کدۂ عیدِ حریفاں معلوم — خوں ہو آئینہ کہ ہو جامۂ طفلاں رنگیں — ص۷

(۲) توڑے ہے عجزِ تنک حوصلہ بر روے زمیں — سجدہ تمثال وہ آئینہ، کہیں جس کو جبیں — ص۷

(۳) جلوۂ برق سے ہو جائے نگہ عکس پذیر — اگر آئینہ بنے حیرتِ صورتگرِ چیں — ص۹

---

۱ آئین : گیارہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: نو بار]۔

۲ آئینہ : ایک سو پینتالیس بار [مفرد: چوّن بار، مرکب: اکیانوے بار]۔ آئینہ خانہ : پانچ بار۔ آئینہ داں : ایک بار۔

(۴) جوشِ تکلیفِ تماشا محشرستانِ نگاہ	فتنۂ خوابیدہ کو آئینہ مشتِ آب تھا	ص ۱۵
(۵) خود پرستی سے رہے باہمدگر نا آشنا	بیکسی میری شریک، آئینہ تیرا آشنا	ص ۱۹
(۶) جیبِ نیازِ عشق نشاں دارِ ناز ہے	آئینہ ہوں شکستنِ طرفِ کلاہ کا	ص ۱۹
(۷) ہر چند میں ہوں طوطیِ شیریں سخن، ولے	آئینہ آہ! میرے مقابل نہیں رہا	ص ۲۱
(۸) بہ شیرینیِ خواب آلودہ مژگاں، نشترِ زنبور	خودآرائی سے آئینہ طلسمِ مومِ جادو تھا	ص ۲۲
(۹)،(۱۰) جوہرِ فکر، پر افشانیِ نیرنگِ خیال	حُسن، آئینہ و آئینہ، چمن مشرب تھا	ص ۲۴
(۱۱) آئینہ، داغِ حیرت و حیرت، شکنجِ یاس	سیماب بے قرار و اسدؔ بے قرار تر	ص ۴۱
(۱۲) کیوں نہ طوطیِ طبیعت نغمہ پیرائی کرے	باندھتا ہے رنگِ گل آئینہ تا چاکِ قفس	ص ۴۵
(۱۳) نظارہ دیگر و دلِ خونیں نفس دگر	آئینہ دیکھ، جوہرِ برگِ حنا نہ مانگ	ص ۵۱
(۱۴) اے اسدؔ! خارش ہے طوطیِ شکر گفتار طبع	ظاہرا، رکھتا ہے آئینہ اسیرِ زنگ، دل	ص ۵۳
(۱۵) دل دے کفِ تغافلِ ابروئے یار میں	آئینہ ایسے طاق پہ گم کر کہ تو نہ ہو	ص ۶۸
(۱۶) مُجو دل، سُراغِ درد بہ دل خفتگاں نہ پوچھ	آئینہ عرض کر، خط و خالِ بیاں نہ پوچھ	ص ۷۰
(۱۷) ہوا آئینہ جامِ بادہ عکسِ روئے گل گوں سے	نشانِ خالِ رُخ، داغِ شرابِ پرتگالی ہے	ص ۷۹
(۱۸) آئینہ نفس سے بھی ہوتا ہے کدورت کش	عاشق کو غبارِ دل اک وجہِ صفائی ہے	ص ۸۰
(۱۹) تماشا سرخوشِ غفلت ہے باوصفِ حضورِ دل	ہنوز آئینہ خلوت گاہِ نازِ ربطِ مژگاں ہے	ص ۸۱
(۲۰) نہاں ہے گوہرِ مقصود جَیبِ خود شناسی میں	کہ یہاں غوّاص ہے تمثال اور آئینہ دریا ہے	ص ۸۴
(۲۱) بھونچال میں گرا تھا یہ آئینہ طاق سے	حیرت، شہیدِ جُنبشِ ابروئے یار ہے	ص ۹۰
(۲۲) لبِ نگار میں آئینہ، دیکھ آبِ حیات	بہ گریۂ سکندر ہے محوِ حیرانی	ص ۹۶
(۲۳) فرصت آئینہ و پروازِ عدم تا ہستی	یک شررِ بالِ دل و دیدہ چراغاں زدہ ہے	ص ۱۰۹
(۲۴) گلستاں، بے تکلف پیش پا اُفتادہ مضموں ہے	جو تو باندھے کفِ پا پر حنا، آئینہ موزوں ہے	ص ۱۱۱
(۲۵) پری بہ شیشہ و عکسِ رُخ اندر آئینہ	نگاہِ حیرتِ مشاطہ خوں فشاں تجھ سے	ص ۱۱۳

(۲۶) قتلِ عشاق نہ غفلت کشِ تدبیر آوے	یارب! آئینہ بہ طاقِ خمِ شمشیر آوے	ص ۱۱۳
(۲۷) تمثالِ بتاں گر نہ رکھے پنبۂ مرہم	آئینہ بہ عریانیِ زخمِ جگر آوے	ص ۱۱۳
(۲۸) آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لے کے رہ گئے	صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا!	ص ۱۲۸
(۲۹) شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہ رہنا چاہیے	میرا، زانو مونس اور آئینہ، تیرا آشنا	ص ۱۲۹
(۳۰) اپنے کو دیکھتا نہیں، ذوقِ ستم تو دیکھ	آئینہ تاکہ دیدۂ نخچیر سے نہ ہو	ص ۱۹۵
(۳۱) اُلجھتے ہو تم اگر دیکھتے ہو آئینہ	جو تم سے شہر میں ہوں ایک دو تو کیوں کر ہو؟	ص ۱۹۷
(۳۲) کس کا سُراغ جلوہ ہے حیرت کو اے خدا!	آئینہ، فرشِ شش جہتِ انتظار ہے	ص ۲۱۷
(۳۳) آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں جسے	ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے	ص ۲۱۸
(۳۴) دل خوں شدۂ کشمکشِ حسرتِ دیدار	آئینہ بہ دستِ بُتِ بدمستِ حنا ہے	ص ۲۱۹
(۳۵) تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بہ صد ذوق	آئینہ بہ اندازِ گُل آغوش کُشا ہے	ص ۲۱۹
(۳۶) جوہر ایجادِ خطِ سبز ہے خود بینیِ حُسن	جو نہ دیکھا تھا سو آئینے میں پنہاں نکلا	ص ۱۳
(۳۷) بس کہ آئینے نے پایا گرمیِ رُخ سے گداز	دامنِ تمثال مثلِ برگِ گُل تر ہو گیا	ص ۳۰
(۳۸) خطِ نوخیز، نیلِ چشمِ زخمِ صافیِ عارض	لیا آئینے نے حرزِ پرِ طوطی بہ چنگ آخر	ص ۴۰
(۳۹) کس دل پہ ہے عزمِ صفِ مژگانِ خود آرا؟	آئینے کے پایاب سے اُتری ہیں سپاہیں	ص ۵۹
(۴۰) یہ کس بے مہر کی تمثال کا ہے جلوہ سیمابی	کہ مثلِ ذرہ ہائے خاک آئینے پَرافشاں ہیں	ص ۶۲
(۴۱) حیرت، حدِ اقلیمِ تمنائے پری ہے	آئینے پہ آئینِ گلستانِ ارم باندھ	ص ۷۱
(۴۲) کیا بدگماں ہے مجھ سے! کہ آئینے میں مرے	طوطی کا عکس سمجھے ہے، زنگار دیکھ کر	ص ۱۶۹
(۴۳) ہوئے اُس مہروش کے جلوۂ تمثال کے آگے	پَرافشاں جوہر آئینے میں، مثلِ ذرہ روزن میں	ص ۱۸۰
(۴۴) خطِ نوخیز کی آبِ آئینے میں دی کس نے آرائش	کہ ہے تہ بندیِ پرہائے طوطی، رنگ جوہر کا	ص ۳۳۳
(۴۵) ناتوانی نے نہ چھوڑا بس کہ بیش از عکسِ جسم	مفتِ واگستردنی ہے فرشِ خواب آئینے پر	ص ۳۳۷
(۴۶) بیضۂ قمری کے آئینے میں پنہاں صیقل	سروِ بے دل سے عیاں عکسِ خیالِ قدِ یار	ص ۴

[آٹھ بار بہ طور جزوِ ردیف، ص۳۹]:

(۴۷)، (۴۸) بس کہ مائل ہے وہ رشکِ ماہ تاب آئینے پر — ہے نفس، تارِ شعاعِ آفتاب آئینے پر

(۴۹) بازگشتِ جادہ پیمائے رہِ حیرت کہاں! — غافلاں غش جان کر چھڑکے ہیں آب آئینے پر

(۵۰) بدگماں کرتی ہے عاشق کو خود آرائی تری — بے دلوں کو ہے براتِ اضطراب آئینے پر

(۵۱) مدعی میری صفائے دل سے ہوتا ہے خجل — ہے تماشا زشت رویوں کا عتاب آئینے پر

(۵۲) نازِ خود بینی کے باعث مجرمِ صد بے گناہ — جوہرِ شمشیر کو ہے پیچ و تاب آئینے پر

(۵۳) سدِّ اسکندر ہے بہرِ نگاہِ گل رخاں — گر کرے یوں امر، نہی بوتراب آئینے پر

(۵۴) دل کو توڑا جوشِ بیتابی سے، غالبؔ کیا کیا! — رکھ دیا پہلو بہ وقتِ اضطراب آئینے پر

دیکھیے ــــــــ: (۵۵) آبِ چشمۂ آئینہ۔ (۵۶) پسِ زانوے آئینہ۔ (۵۷) پشت گرمیِ آئینہ۔ (۵۸) پشت و رُخِ آئینہ۔ (۵۹) تصویر بہ پشتِ آئینہ۔ (۶۰) تمثال درآئینہ۔ (۶۱) جانشینِ جوہرِ آئینہ۔ (۶۲)۔۔(۶۹) جوہرِ آئینہ [آٹھ بار]۔ (۷۰) چمن چمن گلِ آئینہ۔ (۷۱) حبابِ چشمۂ آئینہ۔ (۷۲) حیرتِ آئینہ۔ (۷۳)، (۷۴)، (۷۵) خانۂ آئینہ [تین بار]۔ (۷۶) دامِ جوہرِ آئینہ۔ (۷۷) دامنِ آئینہ۔ (۷۸) درِ آئینہ۔ (۷۹) درونِ جوہرِ آئینہ۔ (۸۰) دلِ آئینہ۔ (۸۱) صد جلوۂ آئینہ۔ (۸۲) صفائے حیرتِ آئینہ۔ (۸۳) صورتِ آئینہ۔ (۸۴) صیقلِ آئینہ۔ (۸۵) فردِ آئینہ۔ (۸۶) قبلۂ آئینہ۔ (۸۷) کشورِ آئینہ۔ (۸۸) معزولیِ آئینہ۔ (۸۹) ہزارِ آئینہ۔ (۹۰) ہوسِ گستاخیِ آئینہ۔

(۶) تجھے بہانۂ راحت ہے انتظار اے دل! — کیا ہے کس نے اشارہ کہ نازِ بستر کھینچ ص۱۶۵

(۷) تا پھر نہ انتظار میں نیند آئے عمر بھر — آنے کا عہد کر گئے، آئے جو خواب میں ص۱۸۸

(۸) بچ آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی مجھے — وہ آئے یا نہ آئے، پہ یہاں انتظار ہے ص۲۱۷

(۸) غفلت کفیلِ عمرو اسدؔ ضامنِ نشاط — اے مرگِ ناگہاں! تجھے کیا انتظار ہے؟ ص۲۱۸

(۹) آنکھوں میں انتظار سے جاں پُرشتاب ہے — آتا ہے آ، وگرنہ یہ پا در رکاب ہے ص۲۵۳

دیکھیے ______: (۱۰)، (۱۱) آئینۂ انتظار [دوبار]۔ (۱۲) اثرِ انتظار۔ (۱۳) اسدِ فتنۂ انتظار۔ (۱۴) افراطِ انتظار۔ (۱۵) افسونِ انتظار۔ (۱۶) بیدادِ انتظار۔ (۱۷) حاملِ طومارِ انتظار۔ (۱۸) خلوتِ فسردگیِ انتظار۔ (۱۹) سرِ سودائے انتظار۔ (۲۰) سرمہ سازِ انتظار۔ (۲۱) سروکارِ انتظار۔ (۲۲) صحرائے انتظار۔ (۲۳) طاقتِ بیدادِ انتظار۔ (۲۴) فرشِ شش جہتِ انتظار۔ (۲۵) گرمِ انتظار۔ (۲۶) لطفِ زخمِ انتظار۔ (۲۷) مژگانِ انتظار۔

---

[1] انتخاب : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔

[2] انتظار : اُنتالیس بار [مفرد: نو بار، مرکب: تیس بار]۔

انتظارستان : دوبار۔

(۲۸) یک دلِ داغِ انتظار۔

انتظار آوارۂ دشتِ خیال: ہوں بہ وحشت انتظار آوارۂ دشتِ خیال — اک سفیدی مارتی ہے دور سے چشمِ غزال — ص۵۲

انتظار آبادِ حیرانی: تماشا کردنی ہے انتظار آبادِ حیرانی — نہیں غیر از نگہ، جوں نرگستاں، فرشِ محفل ہا — ص۴۳

انتظارِ تماشائے حُسنِ دوست: رکھتا ہے انتظارِ تماشائے حُسنِ دوست — مژگانِ باز ماندہ سے، دستِ دعا بلند — ص۳۸

انتظارِ جلوۂ کاکل: انتظارِ جلوۂ کاکل میں ہر شمشادِ باغ — صورتِ مژگانِ عاشق صرفِ عرضِ شانہ تھا — ص۲۵

انتظارِ جلوہ ریزی: اُگی اک پنبۂ روزن سے تھی چشمِ سفید آخر — حیا کو انتظارِ جلوہ ریزی کے کہیں پایا — ص۲۲

انتظارِ خوش خطاں: بس کہ چشم از انتظارِ خوش خطاں بے نور ہے — یکقلم شاخِ گلِ نرگس عصائے کور ہے — ص۹۳

انتظارِ ساغر: نفس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ — اگر شراب نہیں، انتظارِ ساغر کھینچ — ص۱۹۵

انتظارِ صید: یاد کر وہ دن کہ ہر یک حلقہ تیرے دام کا — انتظارِ صید میں اک دیدۂ بے خواب تھا — ص۱۳۵

انتظارِ طرفہ: وصل میں دل انتظارِ طرفہ رکھتا ہے مگر — فتنہ، تاراجِ تمنا کے لیے درکار ہے — ص۸۳

انتظارِ قدومِ بتاں: دیکھیے: ہنگامِ انتظارِ قدومِ بتاں۔

انتظارِ مہ وشاں: دیکھیے: شغلِ انتظارِ مہ وشاں۔

انتظارستاں: بہ وقتِ سرنگونی ہے تصور انتظارستاں — نگہ کو آبلوں سے شغل ہے اختر شماری کا — ص۱۹

(۲) دیکھیے: شب زندہ دارِ انتظارستاں۔

انتظام[1]: (۱) اے عافیت! کنارہ کر، اے انتظام! چل — سیلابِ گریہ درپئے دیوار و در ہے آج — ص۱۹۵

(۲) سب صورتیں بدل گئیں ناگاہ یکقلم — لبر رہا، نہ نذر، نہ خلعت کا انتظام — ص۲۸۲

اِنتعاشِ غم[2]: مجھے انتعاشِ غم نے پئے عرضِ حال بخشی — ہوسِ غزل سرائی، تپشِ فسانہ خوانی — ص۱۰

اِنتفاع: دیکھیے: خیالِ انتفاع۔

انتقام[3]: (۱) اِن پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام — قدرتِ حق سے یہی حوریں اگر واں ہو گئیں — ص۱۹۱

---

[1] انتظام : دوبار۔
[2] انتعاش : ایک بار [مرتب]۔
[3] انتفاع : ایک بار [مرتب]۔
[4] انتقام : دوبار۔

(۲) تھا ایک گونہ ناز جو اپنے کمال پر — اُس ناز کا فلک نے لیا مجھ سے انتقام — ص۲۸۲

انجاحِ[1] مقاصد: تیری دانش: مری اصلاحِ مفاسد کی رہین — تیری بخشش: مرے انجاحِ مقاصد کی کفیل — ص۱۲۲

انجام[2]: (۱) گر کرے انجام کو آغاز ہی میں یادِ گل — غنچے سے منقارِ بلبل وار ہو فریادِ گل — ص۵۲

(۲) ایک میں کیا کہ سب نے جان لیا — تیرا آغاز اور ترا انجام — ص۱۳۶

دیکھیے ـــــــ: (۳) آئینۂ انجام۔ (۴) حیرتِ داغِ انجام۔ (۵) رسائیِ انجام۔

انجامِ جنوں: دیکھیے: حیرت آئینۂ انجامِ جنوں۔

انجامِ خود آرائی: بجز دیوانگی، ہوتا نہ انجامِ خود آرائی — اگر پیدا نہ کرتا آئنہ زنجیر جوہر کی — ص۷۷

انجامِ شمارِ غم: انجامِ شمارِ غم نہ پوچھو — یہ مصرفِ تا کجے نہیں ہے — ص۳۲۰

انجامِ غافل: مت رکھ اے انجام غافل! سازِ ہستی پر غرور — چیونٹی کے پر سرو برگِ خود آرائی نہیں — ص۶۵

انجامِ گل: دیکھیے: بحوِ عبرتِ انجامِ گل۔

انجم[3]: (۱) وہ مہرباں ہو تو انجم کہیں: الٰہی شکر! — وہ خشمگیں ہو تو گردوں کہے: خدا کی پناہ! — ص۲۷۷

دیکھیے: (۲) خسروِ انجم۔ (۳) نقدِ انجم۔

انجمِ چرخ: انجمِ چرخ گوہر آگیں فرش — نور: مے؛ ماہ: ساغرِ سیمیں — ص۲۸۰

انجمِ رخشندہ: شب ہوئی، پھر انجمِ رخشندہ کا منظر کھلا — اِس تکلف سے کہ گویا بت کدے کا در کھلا — ص۱۶۰

انجمن[4]: (۱) رونقِ ہستی ہے عشقِ خانہ ویراں ساز سے — انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں — ص۱۸۵

(۲) ہے آدمی بجائے خود اک محشرِ خیال — ہم انجمن سمجھتے ہیں، خلوت ہی کیوں نہ ہو — ص۱۹۳

دیکھیے ـــــــ: (۳) اہلِ انجمن۔ (۴) تپشِ انجمن۔ (۵) چراغِ انجمن۔ (۶) شکیب و صبرِ اہلِ انجمن۔
(۷) وداعِ انجمن۔ (۸) وحشتِ انجمن۔

انجمنِ آرزو: نفس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ — اگر شراب نہیں، انتظارِ ساغر کھینچ — ص۱۶۵

انجمنِ رنگ: دیکھیے: عرضِ انجمنِ رنگ۔

---

[1] انجاح : ایک بار [مرکب]۔
[2] انجام : دس بار [مفرد: دو بار، مرکب: آٹھ بار]۔
[3] انجم : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔
[4] انجمن : تیرہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: گیارہ بار]۔

انجمن طوے میرزا جعفر:	دیکھیے: خجستہ انجمن طوے میرزا جعفر۔		
انجمنِ کبریا:	دیکھیے: شمعِ انجمنِ کبریا۔		
انجمنِ ناز:	اُس انجمنِ ناز کی کیا بات ہے غالبؔ!	ہم بھی گئے وھاں اور تری تقدیر کو رُو آئے	ص۲۳۸
انحصار[1]:	فقط ہزار برس پر کچھ انحصار نہیں	کئی ہزار برس بلکہ بے شمار برس	ص۲۶۴
انجیل[2]:	مدعا در پردہ، یعنی جو کہوں، باطل سمجھ	وہ فرنگی زادہ کھاتا ہے قسم انجیل کی	ص۹۱
انداختنی[3]:	ہے شعلۂ شمشیرِ فنا حوصلہ پرواز	اے داغِ تمنّا! سپر انداختنی ہے	ص۱۱۱
	[نیز دیکھیے: بر انداختنی]۔		
انداز[4]:	(۱) کیا کس شوخ نے ناز از سرِ تمکیں نشستن کا	کہ شاخِ گل کا خم، انداز ہے بالیں شکستن کا	ص۲۷
	(۲) نہاں ہے مردمک میں شوقِ رخسارِ فروزاں سے	سپندِ شعلہ نادیدہ صفت انداز جَستن کا	ص۲۷
	(۳) اسدؔ بسمل ہے کس انداز کا؟ قاتل سے کہتا تھا	کہ مشقِ ناز کر، خونِ دو عالم میری گردن پر	ص۱۲۸
	(۴) وہ دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح	یہی انداز اور یہی اندام	ص۱۳۵
	(۵) فلک کو دیکھ کے، کرتا ہوں اُس کو یاد اسدؔ	جفا میں اُس کی، ہے انداز کارفرما کا	ص۱۳۸
	(۶) گر کیا ناصح نے ہم کو قید، اچھا، یوں سہی	یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جاویں گے کیا؟	ص۱۵۵
	(۷) اے ترا غمزہ یکقلم انگیز	اے ترا ظلم سر بسر انداز	ص۱۶۲
	(۸) وعدہ آنے کا وفا کیجے، یہ کیا انداز ہے؟	تم نے کیوں سونپی ہے میرے گھر کی دربانی مجھے؟	ص۲۳۲
	(۹) پھر اس انداز سے بہار آئی	کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی	ص۲۵۱
	(۱۰) سات دریا کے فراہم کیے ہوں گے موتی	تب بنا ہوگا اِس انداز کا گز بھر سہرا	ص۲۸۷
	دیکھیے ــــــ: (۱۱) پامردیک انداز۔ (۱۲) خندیدنی انداز۔		
انداز آفرینِ کج کلاہی:	نہیں ہے خالی آرائش سے بے سامانیِ عاشق	شکستِ حال، انداز آفرینِ کج کلاہی ہے	ص۲۵۳

---

[1] انحصار : ایک بار۔
[2] انجیل : ایک بار۔
[3] انداختنی : ایک بار۔
[4] انداز : اڑتالیس بار [مفرد: دس بار، مرکب: اڑتیس بار]۔

اندازِ اثر: نالۂ دل میں شب اندازِ اثر نایاب تھا — تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر، گو بیتاب تھا — ص۱۳۵

اندازِ استغنائے حُسن: دیکھیے: رسوائیِ اندازِ استغنائے حُسن۔

اندازِ برہنہ گوئیِ خوباں: دیکھیے: لطفِ اندازِ برہنہ گوئیِ خوباں۔

اندازِ بہ خوں غلتیدنِ بسمل: ہوائے سیرِ گل آئینۂ بے مہریِ قاتل — کہ اندازِ بہ خوں غلتیدنِ بسمل پسند آیا — ص۱۳۳

اندازِ بیاں: ہیں اور بھی دُنیا میں سخنور بہت اچھے — کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اَور — ص۱۷۰

اندازِ پرافشانی: دیکھیے: بسملِ اندازِ پرافشانی۔

اندازِ تغافل: (۱) تیرا اقبالِ ترحّم: مرے جینے کی نوید — تیرا اندازِ تغافل: مرے مرنے کی دلیل — ص۱۳۲

(۲) دیکھیے: موقوفِ اندازِ تغافل۔

اندازِ جنوں: رہے اُس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلّف سے — تکلّف برطرف، تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی — ص۲۰۲

اندازِ چراغ از چشم جستن ہا: نزاکت ہے فسونِ دعویِ طاقت شکستن ہا — شرارِ سنگ اندازِ چراغ از چشم جستن ہا — ص۲۲

اندازِ چکیدن: بساطِ عجز میں تھا ایک دل، یک قطرہ خوں وہ بھی — سو رہتا ہے بہ اندازِ چکیدن سرنگوں وہ بھی — ص۲۰۲

اندازِ چکیدن ہائے خوں: ہے گدازِ موم اندازِ چکیدن ہائے خوں — نیشِ زنبورِ عسل ہے نشترِ فصاد یہاں — ص۵۷

اندازِ حباب: دیکھیے: سرشاریِ اندازِ حباب۔

اندازِ حُسن: دیکھیے: صفادِ شوخی واندازِ حُسن۔

اندازِ حنا: ہوئی ہے بس کہ صرفِ مشقِ تمکینِ بہار آتش — بہ اندازِ حنا ہے رونقِ دستِ چنار آتش — ص۳۶

اندازِ دگر: لطفِ عشق ہر یک، اندازِ دگر دکھلائے گا — بے تکلّف یک نگاہ آشنا ہوجائیے — ص۸۸

اندازِ رسا: اَور تو رکھنے کو ہم دہر میں کیا رکھتے تھے — فقط اک، شعر میں اندازِ رسا رکھتے تھے — ص۲۳۷ (طبع ثانی)

اندازِ روانی: دیکھیے: رخصتِ اندازِ روانی۔

اندازِ رہبر: دیکھیے: حیرتِ اندازِ رہبر۔

اندازِ سخن: تیرا اندازِ سخن: شانۂ زلفِ الہام — تیری رفتارِ قلم: جنبشِ بالِ جبریل — ص۱۳۳

اندازِ شوکتِ تحریر: اِس سے اندازِ شوکتِ تحریر — اخذ کرتا ہے آسماں کا دبیر ص۲۶۷

اندازِ شہِ دلدل سوار: دیکھیے: صیدِ اندازِ شہِ دُلدُل سوار۔

اندازِ عتاب: مُنہ نہ دکھلاوے، نہ دکھلا؛ پر بہ اندازِ عتاب — کھول کر پردہ ذرا آنکھیں ہی دکھلا دے مجھے ص۲۳۵

اندازِ عیادت: پیامِ تعزیت پیدا ہے اندازِ عیادت سے — شبِ ماتم، تہِ دامانِ دودِ شمع بالیں ہے ص۸۹

اندازِ فتح الباب: دل کو اظہارِ سخن اندازِ فتح الباب ہے — یہاں صریرِ خامہ، غیر از اصطکاکِ در نہیں ص۶۶

اندازِ قاتل: دیکھیے: جوشِ حیرت اندازِ قاتل۔

اندازِ گفتگو: ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے؟ — تمھیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے؟ ص۲۳۱

اندازِ گل: تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بہ صد ذوق — آئینہ بہ اندازِ گل آغوش کشا ہے ص۲۱۹

اندازِ گل افشانیِ گفتار: پھر دیکھیے اندازِ گل افشانیِ گفتار — رکھ دے کوئی پیمانۂ صہبا مرے آگے ص۲۲۹

اندازِ نقشِ پا: دیکھیے: دل فریبیِ اندازِ نقشِ پا۔

اندازِ نگاہِ سُرمگیں: دویدن کے کمیں جوں ریشۂ زیرِ زمیں پایا — بہ گردِ سرمہ اندازِ نگاہِ سُرمگیں پایا ص۲۲

انداز و ادا: دیکھیے: (۱) شیوہ و انداز و ادا۔ (۲) معزولیِ انداز و ادا۔

اندازِ ہلال: کاٹ کر پھینکیے ناخن تو بہ اندازِ ہلال — قوتِ نامیہ اُس کو بھی نہ چھوڑے بیکار ص۳۳

اندازِ یادِ حسنِ سبز: دیکھیے: پا اُفتادۂ اندازِ یادِ حسنِ سبز۔

اندازہ[1]: دیکھیے: رستخیزِ اندازہ۔

اندازۂ تشویش: دیکھیے: پیمانۂ اندازۂ تشویش۔

اندازۂ تقریر: سر کھجاتا ہے، جہاں زخمِ سر اچھا ہو جائے — لذتِ سنگ بہ اندازۂ تقریر نہیں ص۱۸۲

اندازۂ خمار: دیتے ہیں جنت حیاتِ دہر کے بدلے — نشہ بہ اندازۂ خمار نہیں ہے ص۲۰۸

اندازۂ ہمت: توفیق بہ اندازۂ ہمت ہے ازل سے — آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا ص۱۵۲

اندازے: از بس کہ سکھاتا ہے غم، ضبط کے اندازے — جو داغ نظر آیا، اک چشم نمائی ہے ص۲۰۱

---

[1] اندازہ: پانچ بار [مرکب]۔ اندازے: ایک بار [بطور جمع]۔

اَندام[1]: دو دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح | یہی انداز اور یہی اندام (بہ نوٹ کے لیے) ص ۱۳۵

اِندر[2]: راجہ اِندر کا جو اکھاڑا ہے | ہے وہ بالائے سطحِ چرخِ بریں ص ۲۸۰

اَندر[3]: (۱) اللہ رے ذوقِ دشت نوردی! کہ بعدِ مرگ | ہلتے ہیں خود بہ خود مرے اندر کفن کے پانو ص ۱۹۶

(۲) ہے تیوری چڑھی ہوئی اندر نقاب کے | ہے اک شکن پڑی ہوئی طرفِ نقاب میں ص ۱۸۸

(۳) ہے خیالِ حُسن میں حُسنِ عمل کا سا خیال | خلد کا اک در ہے میری گور کے اندر کھلا ص ۱۶۱

اندرونِ[4] چاہ: بس کہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے | ریشے سے ہر تخم کا دلو اندرونِ چاہ ہے ص ۹۲

اندوختن[5]: دیکھیے: کشتِ سینۂ صد جگر اندوختن۔

اَندود[6]: دیکھیے: داغِ شعلہ اندود۔

اندودہ[7]: دیکھیے ـــــــ: (۱) سیم مس اندودہ۔ (۲)، (۳) مشک اندودہ [دوبار]۔

اندوہ[8]: دیکھیے: (۱) کثرتِ اندوہ۔ (۲) غم واندوہ۔

اندوہ رُبا: اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ، اِنھیں کچھ نہ کہو | جو مے و نغمہ کو اندوہ رُبا کہتے ہیں ص ۱۸۷

اندوہِ شبِ فرقت: گر نہ اندوہِ شبِ فرقت بیاں ہو جائے گا | بے تکلف داغِ مہ مُہرِ دہاں ہو جائے گا ص ۱۵۰

اندوہِ عشق: جاتی ہے کوئی کشمکش اندوہِ عشق کی | دل بھی اگر گیا، تو وہی دل کا درد تھا ص ۱۵۳

اندوہِ وفا: میں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں | وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا ص ۱۴۳

اندھے[9]: سر آغاز موسم میں اندھے ہیں ہم | کہ دلّی کو چھوڑیں، لوہارو کو جائیں ص ۲۶۳

اَندھیر[10]: (۱) کیا کہوں تاریکیِ زندانِ غم، اندھیر ہے | پنبہ نورِ صبح سے کم جس کے روزن میں نہیں ص ۱۸۵

(۲) ہو رہا ہے جہان میں اندھیر | زلف کی پھر سرشتہ داری ہے ص ۲۲۳

اندھیری[11]: کیوں اندھیری ہے شبِ غم؟ ہے بلاؤں کا نزول | آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کھلا ص ۱۶۱

---

[1] اندام : ایک بار۔
[2] اِندر : ایک بار۔
[3] اَندر : تین بار۔
[4] اندروں : ایک بار [مرکب]۔
[5] اندوختن : ایک بار [مرکب]۔
[6] اَندود : ایک بار [مرکب]۔
[7] اندودہ : تین بار [مرکب]۔
[8] اندوہ : چھے بار [مرکب]۔
[9] اندھے : ایک بار۔
[10] اندھیر : دوبار۔ [11] اندھیری : ایک بار۔

اندیشہ[۱]: (۱) نفس در سینہ ہائے ہدگر رہتا ہے پیوستہ — نہیں ہے رشتۂ الفت کو اندیشہ گسستن کا — ص۲۶

(۲) ہر اشکِ چشم سے یک حلقۂ زنجیر بڑھتا ہے — بہ بندِ گریہ ہے نقشِ برآب اندیشہ رستن کا — ص۲۷

(۳) طاقت فسانۂ باد، اندیشہ شعلہ ایجاد — اے غم ہنوز آتش! اے دل ہنوز خامی! — ص۴۲

(۴) ہاتھ دھو دل سے، یہی گرمی گر اندیشے میں ہے — آبگینہ تندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے — ص۲۲۱

(۵)،(۶)،(۷) اے کثرتِ فہم بے شمار اندیشہ — ہے اصلِ خرد سے شرمسار اندیشہ

یک قطرۂ خون و دعوتِ صد نشتر — یک وہم و عبادتِ ہزار اندیشہ — ص۱۱۸

دیکھیے ـــــــ: (۸) پہلوے اندیشہ۔ (۹) جوہرِ اندیشہ۔ (۱۰) حاصلِ اندیشہ۔ (۱۱) خارخارِ وحشتِ اندیشہ۔

(۱۲) دلِ اندیشہ۔ (۱۳) شوخیِ اندیشہ۔ (۱۴) غفلت نقدِ اندیشہ۔ (۱۵) مآلِ اندیشہ۔ (۸) وحشتِ اندیشہ۔

اندیشہ‌ہاے دور دراز: تو اور آرائشِ خمِ کاکل — میں اور اندیشہ ہاے دور دراز! — ص۱۶۲

اندیشۂ ششدر شدن: اسدؔ! اندیشۂ ششدر شدن ہے — نہ پھریے مُہرہ ساں خانہ بہ خانہ — ص۳۵۱

اندیشۂ شوق: دیکھیے: گلبازیِ اندیشۂ شوق۔

اِنس[۲]: دیکھیے: جن وانس وملک۔

انسان[۳]: (۱) آگ تاپے کہاں تلک انساں — دھوپ کھاوے کہاں تلک جاں دار — ص۱۲۶

(۲) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا — آدمی کو بھی میسّر نہیں انساں ہونا — ص۱۵۰

(۳) کیوں گردشِ مدام سے گھبرا نہ جائے دل — انسان ہوں پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں — ص۱۹۰

(۴) رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج — مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں — ص۱۹۱

(۵) گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے — زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا — ص۲۶۰

(۶)،(۷) علم ہی سے قدر ہے انسان کی — ہے وہی انسان جو جاہل نہیں — [قادرنامہ]

(۸) انساں نیازِ مندِ ازل ہے کہ جوں کماں — مطلب ہے ربط سے رگ وپَے کی خمیدگی — ص۳۵۳

---

[۱] اندیشہ : اٹھارہ بار[مفرد: پانچ بار، مرکب: تیرہ بار]۔
اندیشہ‌ہا: ایک بار۔

[۲] اِنس : ایک بار[مرکب]۔

[۳] انساں : آٹھ بار۔

انشا[1]: (۱) نہ انشا معنیِ مضموں، نہ املا صورتِ موزوں — عنایت نامہ ہاے اہلِ دُنیا ہرزہ عنواں ہیں — ص ۶۳

(۲) وحشت کہاں کہ بے خودی انشا کرے کوئی — ہستی کو لفظِ معنیِ عنقا کرے کوئی — ص ۸۷

(۳) گر دکھاؤں صفحۂ بے نقشِ رنگِ رفتہ کو — دستِ رَد، سطرِ تبسم یکقلم انشا کرے — ص ۱۰۱

(۴) دیکھیے: یک انشا۔

انشاے التفات: دیکھیے: طرب انشاے التفات۔

انشاے مضموں تحیر: دیکھیے: کثرتِ انشاے مضمونِ تحیر۔

انشراحِ جشنِ جمشید[2]: کہا غالبؔ سے تاریخ اِس کی کیا ہے؟ — تو بولا: ''انشراحِ جشنِ جمشید'' (۱۲۷۰ھ) — ص ۱۳۹

انصاف[3]: (۱) کماں ہم بھی رگ و پے رکھتے ہیں، انصاف بہتر ہے — نہ کھینچے طاقتِ خمیازہ تہمت ناتوانی کی — ص ۷۷

(۲) اسدؔ! بہ نازکیِ طبعِ آرزو انصاف! — کہ ایک وہمِ ضعیف و غمِ دوعالم ہے — ص ۱۰۲

(۳) واے! گر میرا ترا انصاف محشر میں نہ ہو — اب تلک تو یہ توقع ہے کہ وھاں ہوجائے گا — ص ۱۵۱

دیکھیے ____: (۴) شب خونِ انصاف۔ (۵) شہ سوارِ طریقۂ انصاف۔

انصاف نوازی: یھاں تک انصاف نوازی کہ اگر ریزۂ سنگ — بے خبر دے بہ کفِ پاے مسافر آزار — ص ۴

انطباع[4]: (۱) اِس کتابِ طرب نصاب نے جب — آب و تاب انطباع کی پائی — ص ۲۶۲

(۲) دیکھیے: چشمۂ انطباع۔

انعام[5]: (۱) ماہ بن، ماہ تاب بن، میں کون — مجھ کو کیا بانٹ دے گا تو انعام؟ — ص ۱۳۶

(۲) اُسے فضائلِ علم و ہنر کی افزایش — ہوئی ہے مبدعِ عالم سے اس قدر انعام — ص ۲۶۳

اَنفاس[6]: دیکھیے: سر رشتۂ پاسِ انفاس۔

انفعال[7]: (۱) فلکِ سفلہ بے محابا ہے — اِس ستمگر کو انفعال کہاں! — ص ۶۶

---

[1] انشا : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔
[2] انشراح : ایک بار [مرکب]۔
[3] انصاف : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔
[4] انطباع : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
[5] انعام : دو بار۔
[6] انفاس : ایک بار [مرکب]۔
[7] انفعال : تین بار [مرکب: ایک بار]۔

(۲) ہنگامۂ زبونیِ ہمت ہے انفعال — حاصل نہ کیجے دہر سے عبرت ہی کیوں نہ ہو — ص ۱۹۲

دیکھیے: عرقِ انفعال۔

انکار[۱]: (۱) بوسہ دینے میں اُن کو ہے انکار — دل کے لینے میں جن کو تھا ابرام — ص ۱۳۷

(۲) ہے قہر گر اب بھی نہ بنے بات کہ اُن کو — انکار نہیں اور مجھے ابرام بہت ہے — ص ۲۲۵

(۳) یارانِ رسول، یعنی اصحابِ کبار — ہیں گرچہ بہت، خلیفہ اُن میں ہیں چار

ان چار میں ایک سے ہو جس کو انکار — غالبؔ! وہ مسلمان نہیں ہے زنہار — ص ۳۲۹

انگبیں[۲]: انگبیں کے، بہ حکمِ ربّ الناس — بھر کے بھیجے ہیں سر بہ مُہر گلاس — ص ۳۳۱ [آم کے لیے]

(۲) دیکھیے: بے و انگبیں۔

انگشت[۳]:

[سات بار بہ طور ردیف، ص ۳۲]:

(۱)، (۲) جاتا ہوں جدھر، سب کی اُٹھے ہے اُدھر انگشت — یکدست جہاں مجھ سے پھرا ہے، مگر انگشت

(۳) میں اُلفتِ مژگاں میں جو انگشت نما ہوں — لگتی ہے مجھے تیر کے مانند ہر انگشت

(۴) گرمی ہے زباں کی سببِ سوختنِ جاں — ہر شمعِ شہادت کو ہے یعنی سر بسر انگشت

(۵) خوں دل میں جو میرے نہیں باقی تو پھر اُس کی — جوں ماہیِ بے آب تڑپتی ہے ہر انگشت

(۶) شوخی تری کہہ دیتی ہے احوال ہمارا — رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ در انگشت

(۷) کس رتبے میں باریکی و نرمی ہے کہ جوں گل — آتی نہیں پنجے میں بس اُس کے نظر انگشت

[تین بار بہ طور ردیف، ص ۱۶۳]:

(۸) افسوس! کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے — جن لوگوں کی تھی درخورِ عقدِ گہر انگشت

(۹) کافی ہے نشانی، ترا چھلّے کا نہ دینا — خالی مجھے دکھلا کے بہ وقتِ سفر انگشت

(۱۰) لکھتا ہوں اسدؔ سوزشِ دل سے سخنِ گرم — تا رکھ نہ سکے کوئی مرے حرف پر انگشت

دیکھیے ـــــــ: (۱۱) ناخنِ انگشت۔ (۱۲) ہر سرِ انگشت۔ [مزید دیکھیے: سرِ انگشت]۔

---

۱ انکار : تین بار۔

۲ انگبیں : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

۳ انگشت : اُنیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: گیارہ بار]۔
انگشت نما : ایک بار۔

انگشت بہ دنداں: خامہ انگشت بہ دنداں کہ اِسے کیا لکھیے — ناطقہ سر بہ گریباں کہ اِسے کیا کہیے ص۱۱۲

انگشتِ تحیّر: شمع سے ہے بزمِ انگشتِ تحیّر در دہن — شعلۂ آوازِ خوباں پر بہ ہنگامِ سماع ص۴۷

انگشتِ حسابِ اشک: ہجومِ گریہ سوے دل، خوشا! سرمایۂ طوفاں — برانگشتِ حسابِ اشک ناخن، نعلِ واژوں ہے ص۱۱۱

انگشتِ حنائی: دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال — ہوگیا گوشت سے ناخن کا جدا ہوجانا ص۱۵۶

انگشتِ حیرت: ہے عجب مُردوں کو غفلت ہاے اہلِ دہر سے — سبزہ جوں انگشتِ حیرت در دہانِ گور ہے ص۹۳

انگشتِ خوباں: دیکھیے: ناخنِ انگشتِ خوباں۔

انگشتِ سوزن: تکلّف، خار خارِ التماسِ بے قراری ہے — کہ رشتہ باندھتا ہے پیرہن انگشتِ سوزن پر ص۴۱

انگشت نما: میں اُلفتِ مژگاں میں جو انگشت نما ہوں — لگتی ہے مجھے تیر کے مانند ہر انگشت ص۳۲

انگشتان[1]: بس کہ فعّالِ مایُرید ہے آج — ہر سلحشور انگشتاں کا ص۲۶۰

اُنگلی[2]: آمدِ سیلابِ طوفانِ صداے آب ہے — نقشِ پا جو کان میں رکھتا ہے اُنگلی، جادہ سے ص۲۱۷

اُنگلیاں: درد دل لکھوں کب تک، جاؤں اُن کو دکھلادوں — انگلیاں فگار اپنی، خامہ خوں چکاں اپنا ص۱۵۹

انگور[3]: (۱) موسمِ گل میں مَیِ گلگوں حلالِ مے کشاں — عقدِ وصلِ دُخترِ رز انگور کا ہر دانہ تھا ص۲۵

(۲) محتسب سے تنگ ہے ازبس کہ کارِ مے کشاں — رز میں جو انگور نکلا، عقدۂ مشکل ہوا ص۲۹

(۳) انگور سعیِ بے سروپائی سے سبز ہے — غالبؔ بہ دوشِ دل خُمِ مستاں اُٹھائیے ص۴۷

(۴) آم کے آگے پیش جاوے خاک — پھوڑتا ہے جلے پھپھولے تاک

نہ چلا جب کسی طرح مقدور — بادۂ ناب بن گیا انگور[3] ص۲۳۱

(۵) ہوا ناج کے، جو ہے مقلوبِ جاں — نہ وھاں آم پائیں نہ انگور پائیں ص۲۶۳

(۶) نشّۂ مے کے اُتر جانے کے غم سے انگور — صورتِ اشک بہ مژگانِ رگِ تاک چڑھا ص۳۳۵

دیکھیے: (۷) افشردۂ انگور۔ (۸)، (۹) دانۂ انگور [دوبار]۔ (۱۰) ریشۂ رز انگور۔ (۱۱) شیرۂ انگور۔

انگیز[4]: اے ترا غمزہ: یکقلم انگیز — اے ترا ظلم: سر بسر انداز ص۱۷۲

---

[1] انگشتان: ایک بار۔

[2] اُنگلی: ایک بار۔ انگلیاں: ایک بار۔

[3] انگور: گیارہ بار [مفرد: چھے بار، مرکّب: پانچ بار]۔

[4] انگیز: ایک بار۔

انیسِ نیزۂ کاہ[1]: وہ عینِ عدل کہ دہشت سے جس کی پُرسش کی — بنے ہے شعلۂ آتش انیسِ نیزۂ کاہ — ص ۲۷۷

اوج[2]: (۱) گوہر کو عقدِ گردنِ خوباں میں دیکھنا — کیا اوج پر ستارۂ گوہر فروش ہے! — ص ۲۳۰

(۲) دیکھیے: یک بخت اوج۔

اوجِ بنائے عالمِ امکاں: دیکھیے: غزّہ اوجِ بنائے عالمِ امکاں۔

اوجِ حصار: دیکھیے: یک اوجِ حصار۔

اوجِ دو مرتبۂ معنی و لفظ: بہ سخن: اوجِ دو مرتبۂ معنی و لفظ — بہ کرم: داغِ نمِ ناصیۂ قلزم و نیل — ص ۱۲۳

اوجِ ریزی چشمِ حیا پرست: دیکھیے: قربانِ اوجِ ریزیِ چشمِ حیا پرست۔

اوجِ طالعِ لعل و گہر: ترے جواہرِ طرفِ کُلہ کو کیا دیکھیں! — ہم اوجِ طالعِ لعل و گہر کو دیکھتے ہیں — ص ۱۸۷

اوجِ عرضِ اظہار: شررِ اسیرِ دل کو ملے اوجِ عرضِ اظہار — جو بہ صورتِ چراغاں کرے شعلہ زربانی — ص ۱۰

اَور[3]: (۱) کیجیے جوں اشک اَور قطرہ زنی — ص ۴۲

(۲) دیتا ہے اَور جوں گل و شبنم بہار داغ — ص ۴۸

(۳) اَور کے لین دین سے کیا کام — ص ۱۳۶

(۴) مرنے کی اے دل اَور ہی تدبیر کر کہ میں — ص ۱۵۳

(۵) اپنے پہ اعتماد ہے، اَور کو آزمائے کیوں — ص ۱۹۳

(۶) امتحاں اَور بھی باقی ہو تو یہ بھی نہ سہی — ص ۲۰۹

(۷) یھاں نالے کو اَور اُلٹا دعوائے رسائی ہے — ص ۲۱۰

(۸) کچھ اَور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے — ص ۲۳۶

(۹) بنیں گے اَور ستارے اب آسماں کے لیے — ص ۲۳۶

---

[1] انیس : ایک بار [مرکب]۔

[2] اوج : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: سات بار]۔

[3] اور : چھتیس بار۔

اوروں : دو بار۔

(۱۰) اُور بازار سے لے آئے، اگر ٹوٹ گیا — ص۲۳۹

(۱۱) زرِ قیمت کا ہوگا اُور حساب — ص۲۶۸

(۱۲) زباں تک آکے، ہوئی اُور استوار گرہ — ص۷۹

(۱۳) اک غزل تم اُور پڑھ لو، وَالسّلام — [قادرنامہ]

(۱۴) کچھ اُور ہی عالم ہے دل وچشم وزباں کا — کچھ اُور ہی نقشا نظر آتا ہے جہاں کا — ص۲۸۴

(۱۵) اُور تو رکھنے کو ہم دہر میں کیا رکھتے تھے — ص۳۰۵

(۱۶) یہ خبط نہیں تو اُور کیا ہے — ص۳۰۵

(۱۷) ضد کی ہے اُور بات، مگر خو بری نہیں — ص۲۲۳

(۱۸) عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اور شخص پر — ص۲۹۱

(۱۹) علاوہ عید کے، ملتی ہے اُور دن بھی شراب — ص۱۹۲

[بارہ بار بہ طور ردیف، کُل تیرہ بار، ص۱۷۰]:

(۲۰)، (۲۱) ہے بس کہ ہر اک اُن کے اشارے میں نشاں اُور — کرتے ہیں محبت، تو گزرتا ہے گماں اُور

(۲۲)، (۲۳) دے اُور دل اُن کو، جو نہ دے مجھ کو زباں اُور

(۲۴) ہے تیر مقرّر، مگر اُس کی ہے کماں اُور

(۲۵) لے آئیں گے بازار سے جا کر دل وجاں اُور

(۲۶) ہم ہیں تو ابھی راہ میں ہے سنگِ گراں اُور

(۲۷) ہوتے جو کئی دیدۂ خونابہ فشاں اُور

(۲۸) جلّاد کو لیکن وہ کہے جائیں کہ ہاں اُور

(۲۹) ہر روز دکھاتا ہوں میں اک داغِ نہاں اُور

(۳۰) کرتا، جو نہ مرتا، کوئی دن آہ وفغاں اُور

(۳۱) رُکتی ہے مری طبع تو ہوتی ہے رواں اَور

(۳۲) کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اَور

(۳۳) [گیارہ بار جزوِ ردیف کے طور پر، ص ۱۷۰]:

(۳۴)، (۳۵) لازم تھا کہ دیکھو مرا رستا کوئی دن اور   تنہا گئے کیوں؟ اب رہو تنہا کوئی دن اَور

(۳۶) ہوں در پہ ترے ناصیہ فرسا کوئی دن اور

(۳۷) مانا کہ ہمیشہ نہیں، اچھا کوئی دن اور

(۳۸) کیا خوب، قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

(۳۹) کیا تیرا بگڑتا جو نہ مرتا کوئی دن اور

(۴۰) پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشا کوئی دن اور

(۴۱) کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور

(۴۲) بچوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اور

(۴۳) کرتا تھا جواں مرگ! گزارا کوئی دن اور

(۴۴) قسمت میں ہے مرنے کی تمنا کوئی دن اور

[سات بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۲۳۷]:

(۴۵)، (۴۶) کوئی دن گر زندگانی اور ہے   اپنے جی میں ہم نے ٹھانی اور ہے

(۴۷) سوزِ غم ہائے نہانی اور ہے

(۴۸) پر، کچھ اب کے سرگرانی اور ہے

(۴۹) کچھ تو پیغامِ زبانی اور ہے

(۵۰) وہ بلائے آسمانی اور ہے

(۵۱) ایک مرگِ ناگہانی اور ہے

[دس بار بہ طورِ جزوِ ردیف، کُل گیارہ بار، ص ۳۱۱]:

(۵۲)، (۵۳) میں ہوں مشتاقِ جفا، مجھ پہ جفا اور سہی   تم ہو بیداد سے خوش، اِس سے سوا اور سہی

(۵۴) ہیں ہوس پیشہ بہت، وہ نہ ہوا اور سہی

(۵۵) تم خداوند ہی کہلاؤ، خدا اور سہی

(۵۶) آپ کا شیوہ و انداز و ادا اور سہی

(۵۷)،(۵۸) کعبہ ایک اور سہی، قبلہ نما اور سہی

(۵۹) خلد بھی باغ ہے، خیر آب و ہوا اور سہی

(۶۰) سیر کے واسطے تھوڑی سی فضا اور سہی

(۶۱)،(۶۲) زہر کچھ اور سہی، آبِ بقا اور سہی

(۶۳) ایک بیدادگرِ رنج فزا اور سہی

(۶۴) اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا — ص۱۵۹

(۶۵) بجز قیس اور کوئی نہ آیا بروے کار — ص۱۴۳

اُوروں: (۱) نہ اَوروں کی سنتا، نہ کہتا ہوں اپنی — سرِ خستہ و شورِ وحشت سلامت — ص۳۳

(۲) تو دوست کسی کا بھی ستمگر! نہ ہوا تھا — اَوروں پہ ہے وہ ظلم کہ مجھ پر نہ ہوا تھا — ص۱۵۲

اوراق[1]: اور اُن اوراق میں بہ کلکِ قضا — مجملاً مندرج ہوئے احکام — ص۱۳۸

اوراقِ لختِ دل: نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بہ باد — یادگارِ نالہ یک دیوانِ بے شیرازہ تھا — ص۱۲۷

اورنگ[2]: (۱) پانو سے تیرے ملے فرقِ ارادت اورنگ — فرق سے تیرے کرے کسبِ سعادت اکلیل — ص۱۴۳

(۲) دیکھیے: شہنشاہِ آسماں اورنگ۔

اورنگِ سلیماں: اک کھیل ہے اورنگِ سلیماں مرے نزدیک — اک بات ہے اعجازِ مسیحا مرے آگے — ص۲۲۸

اُورنگزیبی[3]: نشاں باقی نہیں ہے سلطنت کا — مگر ہاں نام کو اورنگزیبی — ص۲۶۲

اُوستاد[4]: بزم میں میزبانِ قیصر و جم — رزم میں اوستادِ رستم و سام — ص۱۳۷

---

[1] اوراق : دوبار [مرتب: ایک بار]۔

[2] اورنگ : تین بار [مرتب: دو بار]۔

[3] اورنگ زیبی : ایک بار۔

[4] اُوستاد : ایک بار [مرتب]۔

اوضاعِ ابنائے زماں:[1] دیکھیے: خوبیِ اوضاعِ ابنائے زماں۔

اُفتادگی:[2] خوش اوفتادگی کہ بہ صحرائے انتظار — جوں جادہ گردِ رہ سے نگہ سرمہ ساکروں — ص ۵۶

اُفتادگیِ کشتگانِ عشق: برخاک اوفتادگیِ کشتگانِ عشق — ہے سجدۂ سپاس بہ منزل رسیدگی — ص ۳۵۳

اُفتادہ:[3] (۱) تن بہ بندِ ہوس در ندادہ رکھتے ہیں — دل ز کارِ جہاں اوفتادہ رکھتے ہیں — ص ۶۰

(۲) دور اوفتادۂ چمنِ فکر ہے اسدؔ — مرغِ خیالِ بلبلِ بے بال و پر ہے آج — ص ۳۵

اوقات:[4] (۱) اور میں وہ ہوں کہ گر جی میں کبھی غور کروں — غیر کیا، خود مجھے نفرت مری اوقات سے ہے — ص ۱۲۸

اوقات:[5] (۲) دیکھیے: سررشتۂ اوقات۔

اُوک:[6] پلادے اوک سے ساقی! جو ہم سے نفرت ہے — پیالہ گر نہیں دیتا نہ دے، شراب تو دے — ص ۲۲۳

اوّل:[7] دیکھیے: یوسف بہ قیمتِ اوّل خریدہ۔

اوّلِ درسِ آرزو: ہے خطِ عجزِ ما و تو، اوّلِ درسِ آرزو — ہے یہ سیاقِ گفتگو، کچھ نہ سمجھ فنا سمجھ — ص ۴۳

اوّلاً: اوّلاً عمرِ طبیعی بہ دوامِ اقبال — ثانیاً دولتِ دیدارِ شہنشاہِ اُمم — ص ۲۶۵

اوّلیں: دیکھیے: نازہائے التفاتِ اوّلیں۔

اوّلیں دورِ امامت: رنگریزِ گل و جامِ دو جہاں ناز و نیاز — اوّلیں دورِ امامت طرب ایجادِ بہار — ص ۴

اولاد:[8] تیری اولاد کے غم سے ہے بروئے گردوں — سلکِ اختر میں مہِ نو، مژۂ گوہر بار — ص ۱۳۳

اوہام:[9] دیکھیے ــــــ: (۱) شاہراہِ اوہام۔ (۲) شورِ اوہام۔ (۳) گرفتارِ دو عالم اوہام۔

اہتزاز:[10] ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے — بہ جلوہ ریزیِ بادو بہ پرفشانیِ شمع — ص ۱۴۳

اہتمام:[11] (۱) بہ رہنِ شرم ہے باوصفِ شوخی اہتمام اُس کا — نگیں میں جوں شرارِ سنگ ناپیدا ہے نام اُس کا — ص ۲۲

---

[1] اوضاع : ایک بار [مرکّب]۔
[2] اُفتادگی : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
[3] اُفتادہ : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
[4] اوقات (۱) : ایک بار۔
[5] اوقات (۲) : ایک بار [مرکّب]۔
[6] اُوک : ایک بار۔
[7] اوّل : دوبار [مرکّب]۔
اوّلاً : ایک بار۔ اوّلیں : دوبار [مرکّب]۔
[8] اولاد : ایک بار۔
[9] اوہام : تین بار [مرکّب]۔
[10] اہتزاز : ایک بار۔
[11] اہتمام : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دوبار]۔

(۲) اُس بزمِ پُرفروغ میں اِس تیرہ بخت کو — لبریز ملا نشیب میں از روے اہتمام ص۲۸۲

(۳) دیکھیے: شررا اہتمام بستر۔

اہلِ[۱] انجمن: (۱) یہ رات بھر کا ہے ہنگامہ، صبح ہوتے تک — رکھو نہ شمع پہ اے اہلِ انجمن! تکیہ ص۳۰۳

(۲) دیکھیے: شکیب وصبرِ اہلِ انجمن۔

اہلِ باغ: داغِ ربطِ ہم ہیں اہلِ باغ، گر گل ہو شہید — لالہ، چشمِ حسرت آلودِ چراغِ کشتہ ہے ص۸۰

اہلِ بزم: کیا شمع کے نہیں ہیں ہوا خواہ اہلِ بزم؟ — ہو غم ہی جاں گداز تو غم خوار کیا کریں! ص۱۹۱

اہلِ بصارت: نوروز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں — نظارگیِ صنعتِ حق اہلِ بصارت ص۱۴۷

اہلِ بینش: (۱) نقابِ یار ہے غفلت نگاہی اہلِ بینش کی — مژہ پوشیدنی ہا: پردۂ تصویرِ عریاں ہے ص۸۱

(۲) اہلِ بینش نے بہ حیرت کدۂ شوخیِ ناز — جوہرِ آئنہ کو طوطیِ بسمل باندھا ص۱۳۵

(۳) اہلِ بینش کو ہے طوفانِ حوادث، مکتب — لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں ص۱۸۶

اہلِ تدبیر: اہلِ تدبیر کی واماندگیاں! — آبلوں پر بھی حنا باندھتے ہیں ص۱۸۱

اہلِ تسنّن: ہند میں اہلِ تسنّن کی ہیں دو سلطنتیں — حیدر آباد دکن رشکِ گلستانِ ارم

رام پور اہلِ نظر کی ہے نظر میں وہ شہر — کہ جہاں ہشت بہشت آ کے ہوئے ہیں باہم ص۲۶۵

اہلِ تمنّا: دیکھیے: عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنّا۔

اہلِ جفا: حُسن غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد — بارے، آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد ص۱۶۶

اہلِ جنوں: ہے جنوں اہلِ جنوں کے لیے آغوشِ وداع — چاک ہوتا ہے گریباں سے جدا میرے بعد ص۱۶۶

اہلِ جہاں: (۱) ہلاکِ بے خبری نغمۂ وجود و عدم — جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد ص۴۷

(۲) آتش پرست کہتے ہیں اہلِ جہاں مجھے — سرگرمِ نالہ ہاے شرربار دیکھ کر ص۱۶۸

(۳) کی ہے وا اہلِ جہاں نے بہ گلستانِ جہاں — چشمِ غفلت نظرِ شبنمِ خورنادیدہ ص۴۷

(۴) یوں ہی گر روتا رہا غالبؔ تو اے اہلِ جہاں! — دیکھنا اِن بستیوں کو تم کہ ویراں ہو گئیں ص۱۹۳

---

۱ اہل : باشتباہ [مرتب]۔

(۵) وہ مخزنِ رحمت و رافت کہ بہرِ اہلِ جہاں نیابتِ دمِ عیسیٰ کرے ہے جس کی نگاہ ص۲۷۷

دیکھیے ———:(۲) سامعِ زمزمۂ اہلِ جہاں۔(۲) غفلتِ اہلِ جہاں۔

اہلِ خاک: سیہ مستی ہے اہلِ خاک کو ابرِ بہاری سے زمیں جوشِ طرب سے جام لبریزِ سفالی ہے ص۷۹

اہلِ خرابات: اس پہ گزرے نہ گماں ریو و ریا کا زنہار! غالبِ خاک نشیں اہلِ خرابات سے ہے ص۱۲۸

اہلِ خرد: ہیں اہلِ خرد کس روشِ خاص پہ نازاں؟ پابستگیِ رسم و رہِ عام بہت ہے ص۲۲۵

اہلِ درد: ہر گام آبلے سے ہے دل در تہِ قدم کیا بیم اہلِ درد کو سختیِ راہ کا ص۲۰

اہلِ دل: ہے وطن سے باہر اہلِ دل کی قدر و منزلت عزلت آبادِ صدف میں قیمتِ گوہر نہیں ص۲۶

اہلِ دُنیا: دیکھیے:(۱) طرزِ تپاکِ اہلِ دُنیا۔(۲) عنایت نامہ ہائے اہلِ دنیا۔

اہلِ دہر: (۱) اپنے پہ کر رہا ہوں قیاس اہلِ دہر کا سمجھا ہوں دل پذیر متاعِ ہنر کو میں ص۱۹۰

(۲) دیکھیے: غفلت ہائے اہلِ دہر۔

اہلِ ریا: دیکھیے: بے حاصلیِ اہلِ ریا۔

اہلِ زباں: دیکھیے: زبانِ اہلِ زباں۔

اہلِ سخن: (۱) حضورِ شاہ میں اہلِ سخن کی آزمائش ہے چمن میں خوش نوایانِ چمن کی آزمائش ہے ص۲۴۲

(۲) مدح کے بعد دُعا چاہیے اور اہلِ سخن اِس کو کرتے ہیں بہت بڑھ کے بہ اغراق رقم ص۲۶۵

(۳) روا رکھو نہ رکھو، تھا جو لفظ ''تکیہ کلام'' اب اُس کو کہتے ہیں اہلِ سخن ''سخن تکیہ'' ص۳۰۳

اہلِ سلامت: دیکھیے: دردِ سرِ اہلِ سلامت۔

اہلِ شوق: پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہو گئے ص۲۲۹

اہلِ طلب: ہاں اہلِ طلب! کون سُنے طعنۂ نایافت دیکھا کہ وہ ملتا نہیں، اپنے ہی کو کھو آئے ص۲۳۸

اہلِ عزا: دیکھیے: پریشاں موئِ اہلِ عزا۔

اہلِ عناد: امامِ وقت کی یہ قدر ہے کہ اہلِ عناد پیادہ لے چلیں اور ناسزا کہیں اُس کو ص۲۸۵

اہلِ غفلت: عیش، گرمِ اضطراب و اہلِ غفلت سرد مہر دورِ ساغر یک گلستاں برگ ریزِ تاک ہے ص۱۰۷

اہلِ فنا: دیکھیے: طرزِ اہلِ فنا۔

اہلِ کرم: دیکھیے: (۱) تماشائے اہلِ کرم۔ (۲) عاشقِ اہلِ کرم۔

اہلِ کنشت: دیکھیے: حقِ صحبتِ اہلِ کنشت۔

اہلِ نام: عزت پہ اہلِ نام کی ہستی کی ہے بِنا — عزت جہاں گئی، تو نہ ہستی رہی نہ نام ص ۲۸۲

اہلِ نظر: (۱) بازی خورِ فریب ہے اہلِ نظر کا ذوق — ہنگامہ گرمِ حیرتِ بود و نبود تھا ص ۱۲

(۲) خدایا! کس قدر اہلِ نظر نے خاک چھانی ہے — کہ ہیں صد رخنہ جوں غربال دیواریں گلستاں کی ص ۷۶

(۳) ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود — قبلے کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں ص ۱۸۷

(۴) رام پور اہلِ نظر کی ہے نظر میں وہ شہر — کہ جہاں ہشت بہشت آ کے ہوئے ہیں باہم ص ۲۶۵

دیکھیے: (۵) آبروئے شیوۂ اہلِ نظر۔ (۶) قبلۂ اہلِ نظر۔

اہلِ نیاز: دیکھیے: تحفۂ اہلِ نیاز۔

اہلِ ورع: اہلِ ورع کے حلقے میں ہر چند ہوں ذلیل — پر عاصیوں کے زمرے میں مَیں برگزیدہ ہوں ص ۳۰۰

اہلِ وفا: دیکھیے ———: (۱) قتلِ اہلِ وفا۔ (۲) نفَسِ اہلِ وفا۔

اہلِ وہم وخیال: دیکھیے: نظرگاہِ اہلِ وہم وخیال۔

اہلِ ہمت: رہا آباد عالم اہلِ ہمت کے نہ ہونے سے — بھرے ہیں جس قدر جام وسبو، مے خانہ خالی ہے ص ۲۰۹

اہلِ ہوس: (۱) مرا دل مانگتے ہیں عاریت اہلِ ہوس، شاید — یہ جایا چاہتے ہیں آج دعوت میں سمندر کی ص ۷۷

(۲) اہلِ ہوس کی فتح ہے ترکِ نبردِ عشق — جو پانو اُٹھ گئے، وہی اُن کے علم ہوئے ص ۲۲۷

(۳) دیکھیے: سینۂ اہلِ ہوس۔

اہلِ یقیں: (۱) زمامِ ناقہ کف اُس کے میں ہے کہ اہلِ یقیں — پس از حسینِ علی پیشوا کہیں اُس کو ص ۲۸۵

(۲) دیکھیے: ضیا بخشِ چشمِ اہلِ یقیں۔

اہم[1]: دل کے خوں کرنے کی کیا وجہ ولیکن ناچار — پاسِ بے رونقیِ دیدہ اہم ہے ہم کو ص ۱۹۵

اتمہ[2]: اُن کو غالبؔ یہ سال اچھا ہے — جو اتمہ کے ہیں تولائی ص ۲۶۳

---

[1] اہم : ایک بار۔ [2] اتمہ : ایک بار۔

ایاغ[1]: (۱) بے مئے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی — کھینچا ہے عجزِ حوصلہ نے خط ایاغ کا — ص۱۳۹

(۲) دیکھیے: لبِ ایاغ۔

ایام[2]: (۱) ہمیشہ مجھ کو طفلی میں بھی مشقِ تیرہ روزی تھی — سیاہی ہے مرے ایام میں لوحِ دبستاں کی — ص۷۶

دیکھیے ـــــ: (۲) صفحہ ہائے لیالی و ایام۔ (۳) فتنۂ ایام۔ (۴) گردشِ ایام۔

ایامِ جوانی: پس از اتمامِ بزمِ عیدِ اطفال — ایامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال — ص۲۵۲

ایامِ خاکسترنشینی: نازشِ ایامِ خاکسترنشینی کیا کہوں — پہلوئے اندیشہ وقفِ بسترِ سنجاب تھا — ص۱۲۵

ایامِ گل: چاک مت کر جَیب بے ایامِ گل — کچھ اُدھر کا بھی اشارا چاہیے — ص۲۲۳

ایائے: دیکھیے: یاد ایائے۔

ایثار[3]: دیکھیے: فریادیِ جوشِ ایثار۔

ایجاد[4]: (۱) بس کہ یک رنگ ہیں دل، کرتی ہے ایجاد نسیم — لالے کے داغ سے جوں نقطہ و خط، سنبل زار — ص۳

(۲) ایجاد کرتی ہے اسے تیرے لیے بہار — میرا رقیب ہے نفَسِ عطر سائے گل — ص۱۷۶

دیکھیے ـــــ: (۳) دمِ ایجاد۔ (۴) رقمِ ایجاد۔ (۵) زباں ایجاد۔ (۶) ستم ایجاد۔ (۷) سراسر رویِ عالمِ ایجاد۔ (۸) سرمایۂ ایجاد۔ (۹) سررشتۂ ایجاد۔ (۱۰) شعلہ ایجاد۔ (۱۱) عرضِ خمیازۂ ایجاد۔ (۱۲) فریبِ ایجاد۔ (۱۳) سومِ آئینۂ ایجاد۔ (۱۴) وحشتِ طبیعتِ ایجاد۔ (۱۵) رنگِ بہار ایجادیِ بیدل۔

ایجادِ ازل: دیکھیے: نقشۂ ایجادِ ازل۔

ایجادِ بلبل: دیکھیے: کسوتِ ایجادِ بلبل۔

ایجادِ بہار: دیکھیے: طرب ایجادِ بہار۔

ایجادِ تمنا: دیکھیے: سرمایۂ ایجادِ تمنا۔

ایجادِ صدا: دیکھیے: شوخیِ ایجادِ صدا۔

ایجادِ جلوہ: دیکھیے: کاوشِ ایجادِ جلوہ۔

---

[1] ایاغ : دوبار [مرکب: ایک بار]۔

[2] ایام : سات بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چھے بار]۔

ایائے : ایک بار [مرکب]۔

[3] ایثار : ایک بار [مرکب]۔

[4] ایجاد : بتیس بار [مفرد: دوبار، مرکب: تیس بار]۔

ایجادِ خطِ سبز: دیکھیے: جوہرِ ایجادِ خطِ سبز۔

ایجادِ داغِ تازہ: دیکھیے: گرمِ کوششِ ایجادِ داغِ تازہ۔

ایجادِ درد: دیکھیے: آئنہ ایجادِ درد۔

ایجادِ سیہ مستی: وہمِ طربِ ہستی: ایجادِ سیہ مستی تسکیں دو صد محفل یک ساغرِ خالی ہے ص۱۱۵

ایجادِ غنا: دیکھیے: عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا۔

ایجادِ کفِ گوہربار: دیکھیے: آئنہ ایجادِ کفِ گوہربار۔

ایجادِ گریباں ہا: دریوزۂ ساماں ہا اے بے سروسامانی! ایجادِ گریباں ہا در پردۂ عریانی ص۱۰۸

ایجادِ جنوں: دیکھیے: دماغِ نشۂ ایجادِ جنوں۔

ایجادِ ناز: دیکھیے: لذّتِ ایجادِ ناز۔

ایجادِ یک نگاہ: دیکھیے: کمیں گرِ ایجادِ یک نگاہ۔

ایجادِ یقیں: دیکھیے: کعبۂ ایجادِ یقیں۔

اے خوشا:[۱] اے خوشا فیضِ ہوائے چمنِ نشوونما! بادہ پُرزور و نفَس مست و مسیحا بیمار ص۳

(۲) اے خوشا مکتبِ شوق و بلد ستانِ مراد! سبقِ نازکی ہے عجز کو صد جا تکرار ص۴

(۳) اے خوشا ذوقِ تمنائے شہادت! کہ اسدؔ بے تکلف بہ سجودِ خمِ شمشیر آیا ص۲۸

(۴) اے خوشا وقتے! کہ ساقی یک خمستاں وا کرے تار و پودِ فرشِ محفل پنبۂ مینا کرے ص۱۰۱

(۵) زخم ہائے کہنۂ دل رکھتے ہیں جوں عُمرِ دگی اے خوشا! گر آبِ تیغِ ناز تیزابی کرے ص۱۰۰

(۶) کچھ نہیں حاصل تعلّق میں، بغیر از کشمکش اے خوشا رندے! کہ مرغِ گلشنِ تجرید ہے ص۱۰۳

اے دریغا:[۲] اسد اللہ خاں تمام ہوا اے دریغا! وہ رندِ شاہد باز ص۱۷۲

ایذا:[۳] دیکھیے: باعثِ ایذا۔

ایرا:[۴] آئی اگر بلا تو جگہ سے ٹلے نہیں ایرا ہی دے کے ہم نے بچایا ہے کشت کو ص۳۲۲[ثانی]

---

[۱] اے خوشا : چھے بار۔
[۲] اے دریغا : ایک بار۔
[۳] ایذا : ایک بار[مرتّب]۔
[۴] ایرا : ایک بار۔

ایرج[1]: وارث ملک جانتے ہیں تجھے   ایرج و تور و خسرو و بہرام   ص ۱۳۷

ایک[2]: (۱) اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے   ص ۱۸۹

(۲)،(۳) لاکھوں لگاو ایک چرانا نگاہ کا   لاکھوں بناو ایک بگڑنا عتاب میں   ص ۱۸۹

(۴) ہم بھی ایک اپنی ہوا باندھتے ہیں   ص ۱۸۱

(۵) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں   ص ۱۹۳

(۶) ایک چکر ہے مرے پانو میں زنجیر نہیں   ص ۱۸۲

(۷) رسم ہے مُردے کی چھماہی ایک   ص ۱۳۵

(۸) تھا ترنج زر ایک خسرو پاس   ص ۱۳۱

(۹) تو اور ایک وہ نشنیدن کہ کیا کہوں!   ص ۱۷۸

(۱۰) ایک فریاد و آہ و زاری ہے   ص ۲۲۲

(۱۱) ایک مرگِ ناگہانی اور ہے   ص ۲۳۷

(۱۲) عجب نسخۂ نادر لکھا ہے ایک اُس نے   ص ۲۶۳

(۱۳) تحریر ایک جس سے ہوا بندہ تلخ کام   ص ۲۸۲

(۱۴) چاہیے پھولوں کا بھی ایک مقرر سہرا   ص ۲۸۷

[بہ طور ردیف بارہ بار، کل ۲۳ بار]:

(۱۵)،(۱۶) دیکھنے میں ہیں گرچہ دو، پر ہیں یہ دونوں یار ایک   وضع میں گو ہوئی دو سر، تیغ ہے ذوالفقار ایک

(۱۷) ہم سخن اور ہم زباں حضرتِ قاسم و طپاں   ایک طپش کا جانشیں، درد کا یادگار ایک

(۱۸)،(۱۹) نقدِ سخن کے واسطے ایک، عیارِ آگہی   شعر کے فن کے واسطے مایۂ اعتبار ایک

(۲۰)،(۲۱) ایک، وفا و مہر میں تازگیِ بساطِ دہر   لطف و کرم کے باب میں زینتِ روزگار ایک

(۲۲-۲۵) گل کدۂ تلاش کو ایک ہے رنگ، ایک بو   ریختے کے قماش کو پود ہے ایک، تار ایک

۱؎ ایرج : ایک بار [مرتب]۔

۲؎ ایک : ایک سو ایک بار۔

(۲۶)،(۲۷) مملکتِ کمال میں ایک، امیرِ نامور
عرصۂ قیل و قال میں خسروِ نام دار ایک

(۲۸)،(۲۹) گلشنِ اتفاق میں ایک، بہارِ بے خزاں
مے کدۂ وفاق میں بادۂ بے خمار ایک

(۳۰)،(۳۱) زندۂ شوقِ شعر کو ایک، چراغِ انجمن
کشتۂ ذوقِ شعر کو شمعِ سرِ مزار ایک

(۳۲)،(۳۳) دونوں کے دل حق آشنا، دونوں رسول پر فدا
ایک محبِّ چار یار، عاشقِ ہشت و چار ایک

(۳۴)،(۳۵) جانِ وفاپرست کو ایک، شمیمِ نوبہار
فرقِ ستیزہ مست کو ابرِ تگرگ بار ایک

(۳۶)،(۳۷) لایا ہے کہہ کے یہ غزل شائبۂ ریا سے دور
کرکے دل و زبان کو غالبؔ خاکسار ایک

[جتنے بار بہ طور جز و ردیف، ص ۱۷۹]:

(۳۸)،(۳۹) ہم سے کھل جاؤ بہ وقتِ مے پرستی ایک دن
ورنہ ہم چھیڑیں گے، رکھ کر عذرِ مستی، ایک دن

(۴۰) غرۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہ ہو
اس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن

(۴۱) قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

(۴۲) نغمہ ہائے غم کو بھی اے دل! غنیمت جانیے
بے صدا ہوجائے گا یہ سازِ ہستی ایک دن

(۴۳) دھول دھپّا اُس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
ہم ہی کر بیٹھے تھے غالبؔ پیش دستی ایک دن

(۴۴) ایک مرگِ ناگہانی اور ہے ص ۲۳۷

(۴۵) ان چاروں میں ایک سے ہو جس کو انکار ص ۳۱۳

(۴۶) میری قسمت کا نہ ایک آدھ گریباں نکلا ص ۱۳

(۴۷) میں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی کہ ہے ص ۱۳۹

(۴۸) ہزار دل پہ ہم ایک اختیار رکھتے ہیں ص ۶۳

(۴۹) گر ایک ادا ہو تو اُسے اپنی قضا کہوں ص ۱۷۸

(۵۰) آگہی غافل! کہ ایک امروز بے فردا نہیں ص ۶۵

(۵۱) تکلف برطرف، تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی ص ۲۰۲

(۵۲) کعبہ ایک اور سہی، قبلہ نما اور سہی ص ۳۱۱

(۵۳) عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اور شخص پر — ص ۲۹۱

(۵۴)،(۵۵) ایک ایک قطرے کا مجھے دینا پڑا حساب — ص ۱۵۴

(۵۶) گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں — ص ۱۲۹

(۵۷) رونے نے طاقت اتنی نہ چھوڑی کہ ایک بار — ص ۵۰

(۵۸) مجھے کیا برا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا — ص ۱۶۰

(۵۹) گفتۂ غالبؔ ایک بار پڑھ کے اُسے سنا کہ یوں — ص ۱۷۸

(۶۰) حسرت میں رہے ایک بُتِ عربدہ جو کی — ص ۲۲۸

(۶۱) جس میں کہ ایک بیضۂ مور آسمان ہے — ص ۲۰۳

(۶۲) ایک بیدادگرِ رنج فزا اور سہی — ص ۳۱۱

(۶۳) اُبھرا ہوا نقاب میں ہے اُن کے ایک تار — ص ۱۹۶

(۶۴) لے جاتی ہے کہیں ایک توقع غالبؔ — ص ۱۹۵

(۶۵) ہے ایک تیر جس میں دونوں چھدے پڑے ہیں — ص ۱۵۸

(۶۶) آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ — ص ۱۶۵

(۶۷) یہ ایک پیرہنِ زرنگار رکھتے ہیں — ص ۹۳

(۶۸) ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا سو بھی مٹ گیا — ص ۳۱۲

(۶۹) میں تو دیوانہ ہوں اور ایک جہاں ہے غماز — ص ۲۹۸

(۷۰) ہر گلِ تر ایک چشمِ خوں فشاں ہو جائے گا — ص ۱۵۱

(۷۱) جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز — ص ۱۷۲

(۷۲) یہ اجتہاد عجب ہے کہ ایک دشمنِ دیں — ص ۲۸۵

(۷۳) بساطِ عجز میں تھا ایک دل، یک قطرہ خوں وہ بھی — ص ۲۰۲

(۷۴) ایک دل تس پر یہ ناامیدواری، ہائے ہائے! — ص ۲۰۳

(۷۵) ایک دل تھا کہ بہ صد رنگ دکھایا ہے مجھے — ص۱۰۷

(۷۶) صبحِ قیامت ایک دُمِ گرگ تھی اسدؔ! — ص۱۷

(۷۷) جاتا وگرنہ ایک دن اپنی خبر کو میں — ص۱۹۰

(۷۸) ایک دن گر نہ ہوا بزم میں ساقی، نہ سہی — ص۲۰۹

(۷۹) موت کا ایک دن معیّن ہے — ص۲۳۷

(۸۰) ایک دن مثلِ پتنگِ کاغذی — ص۲۶۶

(۸۱) ایک دن تجھ کو لڑا دیں گے کہیں — ص۲۲۶

(۸۲) جو تم سے، شہر میں ہوں ایک دو، تو کیوں کر ہو — ص۱۹۷

(۸۳) گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد — ص۳۸

(۸۴) کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب — ص۲۲۳

(۸۵) ایک صورت نئی نظر آئی — ص۲۶۴

(۸۶) سنجیدنی ہے ایک طرف رنجِ کوہکن — ص۳۹

(۸۷) ایک عالم پہ ہیں طوفانیٔ کیفیتِ فصل — ص۱۹۳

(۸۸) کہ ایک عمر سے حسرت پرستِ بالیں ہے — ص۲۱۳

(۸۹) میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہوتے تک — ص۱۷۵

(۹۰) ہر سینکڑے کو ایک گرہ فرض کریں — ص۲۵۳

(۹۱) تھا ایک گونہ ناز جو اپنے کمال پر — ص۲۸۲

(۹۲) وہ ایک مشتِ خاک کہ صحرا کہیں جسے — ص۲۱۸

(۹۳) دل وجگر میں پرافشاں جو ایک موجۂ خوں ہے — ص۲۲۸

(۹۴) ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا — ص۱۲

(۹۵) کہ ایک وہمِ ضعیف وغمِ دو عالم ہے — ص۱۰۲

(۹۶) ایک ہنگامے پہ موقوف ہے گھر کی رونق ص۲۰۹

(۹۷) ایک ہی ہے اُمید گاہِ انام ص۱۳۶

(۹۸) عمر بھر ایک ہی پہلو پہ سُلاتا ہے مجھے ص۳۰۴

(۹۹) ساقیا! دے ایک ہی ساغر میں سب کو ئے کہ آج ص۱۰۰

(۱۰۰) طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا ص۱۵۵

(۱۰۱) کی ایک ہی نگاہ کہ بس خاک ہوگئے ص۲۲۹

ایمن بروں[1]: ملاذ کشور و لشکر، پناہِ شہر و سپاہ جنابِ عالیِ ایمن بروں والا جاہ ص۲۷۷

ایما[2]: (۱) جوہرِ آئینہ جز رمزِ سرِ مژگاں نہیں آشنا کی ہم دگر سمجھے ہے ایما آشنا ص۱۹

دیکھیے ــــــــ: (۲) آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما۔ (۳) حیرت ایما۔

ایمائے تیرباریدن: نہیں ہے آہ کو ایمائے تیر باریدن وگرنہ ہے خمِ تسلیم سے کماں پیدا ص۴۳۶

ایمائے شعلہ: کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ قصہ تمام بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع ص۱۷۳

ایمائے فنا: دیکھیے: سازِ ایمائے فنا۔

ایمان[3]: (۱) کیونکر اُس بت سے رکھوں جان عزیز کیا نہیں ہے مجھے ایمان عزیز ص۱۷۳

(۲) ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے مجھے کفر کعبہ مرے پیچھے ہے، کلیسا مرے آگے ص۲۲۹

(۳) روزہ مرا ایمان ہے غالبؔ! لیکن خسخانہ و برفاب کہاں سے لاؤں ص۲۵۴

(۴) اور بارہ امام ہیں بارہ جن سے ایماں کو ہے توانائی ص۲۶۳

دیکھیے ــــــــ: (۵) اجزائے ایماں۔ (۶) اصلِ ایماں۔ (۷) فروغِ جوہرِ ایماں۔ (۸) شوخیِ ایمانِ زاہد۔

ایمانِ عجز: ہو قبولِ کم نگاہی تحفۂ اہلِ نیاز اے دل وا ے جانِ ناز! اے دین وا ے ایمانِ عجز! ص۴۴

ایمان و آگہی: دیکھیے: دشمنِ ایمان و آگہی۔

---

[1] ایمن بروں : ایک بار۔

[2] ایما : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔

[3] ایمان : دس بار [مفرد: چار بار، مرکب: چھے بار]۔

اے واے:[۱]	اے واے غفلتِ نگہِ شوق! ورنہ یہاں	ہر پارہ سنگ لختِ دلِ کوہِ طور تھا	ص ۱۸
	(۲) مژگاں تلک رسائیِ لختِ جگر کہاں	اے واے! گر نگاہ نہ ہو آشناے گل	ص ۵۳
	(۳) جو تھا سو موجِ رنگ کے دھوکے میں رہ گیا	اے واے! نالۂ لبِ خونیں نواے گل	ص ۱۷۶
	(۴) آتش کدہ ہے سینہ مرا رازِ نہاں سے	اے واے! اگر معرضِ اظہار میں آوے	ص ۲۳۲
ایوب:[۲]	آپ نے مَسّنی الضُّرّ کہا ہے تو سہی	یہ بھی یا حضرتِ ایوب! گِلا ہے تو سہی	ص ۳۱۰

---

[۱] اے واے: چار بار۔

[۲] ایوب: ایک بار [مرتب]۔

ب

باب[۱]: (۱) فرش سے تا عرش وحاں طوفاں تھا موجِ رنگ کا — یعھاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا — ص ۱۳۵

(۲) آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے؟ — کل تلک تیرا بھی دل مہرو وفا کا باب تھا — ص ۱۳۵

(۳) جو منکرِ وفا ہو، فریب اُس پہ کیا چلے — کیوں بدگماں ہوں دوست سے دشمن کے باب میں — ص ۱۸۸

(۴) کل کے لیے کر آج نہ خست شراب میں — یہ سوء ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں — ص ۱۸۹

(۵) ایک، وفا و مہر میں تازگیِ بساطِ دہر — لطف و کرم کے باب میں زینتِ روزگار، ایک — ص ۲۹۶

(۶) دیکھیے: اندازِ فتح الباب۔

بابِ نبرد: دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا — عشقِ نبرد پیشہ طلبگارِ مرد تھا — ص ۱۵۳

بات[۲]: (۱) کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنا! — سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دعا ہیچ — ص ۳۶

(۲)، (۳) وہ بات چاہتے ہو کہ جو بات چاہیے — صاحب کے ہم نشیں کو کرامات چاہیے — ص ۱۱۶

(۴) نصرت الملک بہادر! مجھے بتلا کہ مجھے — تجھ سے جو اتنی ارادت ہے تو کس بات سے ہے؟ — ص ۱۴۷

(۵) تجھ سے، قسمت میں مری، صورتِ قفلِ ابجد — تھا لکھا، بات کے بنتے ہی جدا ہو جانا — ص ۱۵۶

(۶) بجلی اک کوند گئی آنکھوں کے آگے تو کیا! — بات کرتے کہ میں لب تشنۂ تقریر بھی تھا — ص ۱۵۸

(۷) بہرا ہوں میں تو چاہیے دونا ہو التفات — سنتا نہیں ہوں بات مکرر کہے بغیر — ص ۱۶۹

(۸) یارب! وہ نہ سمجھے ہیں نہ سمجھیں گے مری بات — دے اور دل اُن کو، جو نہ دے مجھ کو زباں اور — ص ۱۷۰

---

۱ باب : سات بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: دو بار]۔

۲ بات : پینتالیس بار۔

۳ باتوں : ایک بار۔
باتیں : چار بار۔

(۹) ذکر میرا بہ بدی بھی اُسے منظور نہیں	غیر کی بات بگڑ جائے تو کچھ دور نہیں	ص۱۸۵
(۱۰) زبانِ اہلِ زباں میں ہے مرگ، خاموشی	یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانیِ شمع	ص۱۷۴
(۱۱) ضعف میں طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے	بات کچھ سر تو نہیں ہے کہ اُٹھا بھی نہ سکوں	ص۱۸۶
(۱۲) میں اور حظِّ وصل! خدا ساز بات ہے	جاں نذر دینی بھول گیا اضطراب میں	ص۱۸۹
(۱۳) گئی وہ بات کہ ہو گفتگو تو کیوں کر ہو	کہے سے کچھ نہ ہوا، پھر کہو تو کیوں کر ہو	ص۱۹۷
(۱۴) ہمیں پھر اُن سے اُمید اور اُنھیں ہماری قدر	ہماری بات ہی پوچھیں نہ وو تو کیوں کر ہو	ص۱۹۷
(۱۵) گر خامشی سے فائدہ اخفائے حال ہے	خوش ہوں کہ میری بات سمجھنی محال ہے	ص۲۰۵
(۱۶) نشوونما ہے اصل سے غالبؔ! فروع کو	خاموشی ہی سے نکلے ہے جو بات چاہیے	ص۲۱۹
(۱۷) دشنے نے کبھی مُنہ نہ لگایا ہو جگر کو	خنجر نے کبھی بات نہ پوچھی ہو گلو کی	ص۲۲۸
(۱۸) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی	اب کسی بات پر نہیں آتی	ص۲۳۷
(۱۹)،(۲۰) ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں	ورنہ کیا بات کر نہیں آتی؟	ص۲۳۷
(۲۱) اُس انجمنِ ناز کی کیا بات ہے غالبؔ!	ہم بھی گئے وہاں اور تری تقدیر کو رو آئے	ص۲۳۹
(۲۲) بات پر وھاں زبان کٹتی ہے	وہ کہیں اور سنا کرے کوئی	ص۲۴۲
(۲۳) واعظ! نہ تم پیو نہ کسی کو پلا سکو	کیا بات ہے تمھاری شرابِ طہور کی!	ص۲۴۳
(۲۴) گرمی سہی کلام میں لیکن نہ اس قدر	کی جس سے بات، اُس نے شکایت ضرور کی	ص۲۴۴
(۲۵) ہے قہر، گر اب بھی نہ بنے بات کہ اُن کو	انکار نہیں اور مجھے ابرام بہت ہے	ص۲۴۵
(۲۶)،(۲۷) نکتہ چیں ہے، غمِ دل اُس کو سنائے نہ بنے	کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے	ص۲۴۶
(۲۸) گرہ کا نام لیا، پر نہ کر سکا کچھ بات	زباں تک آ کے ہوئی اور اُستوار گرہ	ص۲۷۹
(۲۹) بگڑی ہے بہت بات بنائے نہیں بنتی	اب گھر کو بغیر آگ لگائے نہیں بنتی	ص۲۸۴
(۳۰) عدو کے سمعِ رضا میں جگہ نہ پائے وہ بات	کہ جن و انس و ملک سب بجا کہیں اُس کو	ص۲۸۵
(۳۱) کیوں کہا تو نے کہ: کہہ دل کا غم اُس کے روبرو	بات کرنے میں نکلتا ہے دم اُس کے روبرو	ص۲۸۹

(۳۲) اُس بُتِ مغرور کو کیا ہو کسی پر التفات — جس کے حُسن روز افزوں کی یہ اک ادنیٰ ہے بات — ص۹۰

(۳۳) روشن ہوئی یہ بات دمِ نزع کہ آخر — فانوس، کفن بہرِ چراغِ سحری ہے — ص۲۵۳

[تین بار بہ طور جزوِ ردیف، ص۲۹۱]:

(۳۶،۳۵،۳۴) ناگہاں یاد آ گئی ہے مجھ کو یارب! کب کی بات — کچھ نہیں کہتا کسی سے، سن رہا ہوں سب کی بات

کس لیے تجھ سے چھپاؤں ہاں وہ پرسوں شب کی بات — ص۲۹۱[تضمین]

دیکھیے ـــــــ: (۳۷)،(۳۸) اک بات [دوبار]۔ (۳۹) اور بات۔ (۴۰) سخن گسترانہ بات۔ (۴۱)، (۴۲) ہر بات [دوبار]۔ (۴۳)،(۴۴) ہر یک بات [دوبار]۔ (۴۵) ہر ایک بات۔

باتوں: لے تو لوں سوتے میں اُس کے پاؤں کا بوسہ، مگر — ایسی باتوں سے وہ کافر بدگماں ہو جائے گا — ص۱۵۱

باتیں: (۱) گو نہ سمجھوں اُس کی باتیں، گو نہ پاؤں اُس کا بھید — پر یہ کیا کم ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھلا — ص۱۶۱

(۲) تم اپنے شکوے کی باتیں نہ کھود کھود کے پوچھو — حذر کرو مرے دل سے کہ اِس میں آگ دبی ہے — ص۲۰۵

(۳) جان کی پاؤں اماں، باتیں یہ سب سچ ہیں مگر — ص۲۹۲[تضمین]

(۴) دیکھیے: لاکھ باتیں۔

باج[1]: (۱) سیرِ ملکِ حُسن کر، ے خانہ ہا نذرِ خمار — چشمِ مستِ یار سے ہے گردنِ مینا پہ باج — ص۳۵

(۲) برگ ریزی ہائے گل ہے وضعِ زر افشاندنی — باج لیتی ہے گلستاں سے گل اندامی تری — ص۹۳

(۳) بلند رُتبہ وہ حاکم، وہ سرفراز امیر — کہ باج تاج سے لیتا ہے جس کا طرفِ کُلاہ — ص۲۷۷

باج خواہِ تسکیں: کیوں نہ وحشتِ غالبؔ باج خواہِ تسکیں ہو — کشتۂ تغافل کو خصمِ خوں بہا پایا — ص۱۳

باجا[2]: پڑھوں میں شکوے سے یوں، راگ سے جیسے باجا — اک ذرا چھیڑیے پھر دیکھیے کیا ہوتا ہے — ص۲۳۰

باختن[3]: دیکھیے: رنگِ تماشا باختن۔

باختنی: ہے سادگیِ ذہن تمنائے تماشا — جائے کہ اسدؔ رنگِ چمن باختنی ہے — ص۱۱۱

---

[1] باج : چار بار[مفرد: تین بار، مرکب: ایک بار]۔

[2] باجا : ایک بار۔

[3] باختن : ایک بار۔

باختنی : ایک بار۔

باختہ : ایک بار[مرکب]۔

باختہ: دیکھیے: رنگِ باختہ۔

باد[1] (۱): (۱) آتش و آب و باد و خاک نے لی — وضعِ سوز و نم و رم و آرام ص ۱۳۸

(۲) نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بہ باد — یادگارِ نالہ یک دیوانِ بے شیرازہ تھا ص ۱۴۷

دیکھیے ____: (۳) ابر و باد۔ (۴) جلوہ ریزیِ باد۔ (۵) جنبشِ دامانِ باد۔ (۶) چراغانِ سرِ رہگذرِ باد۔

(۷) چراغِ رہگذارِ باد۔ (۸) بہ باد دادۂ دعویٰ۔ (۹) صورتِ کاغذِ باد۔ (۱۰) فسانۂ باد۔

بادِ افسانۂ بیمار: بادِ افسانۂ بیمار ہے عیسیٰؑ کا نفس — استخواں ریزۂ موراں ہے سلیماں کا نگیں ص ۷

بادِ بہار: شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے — مینائے بے شراب و دلِ بے ہوائے گل ص ۱۷۶

بادِ بہاری: (۱) اُس شعلے نے گلگوں کو جو گلشن میں کیا گرم — پھولوں کو ہوئی بادِ بہاری وہ ہوا گرم ص ۳۴۸

(۲) دیکھیے: آئینۂ بادِ بہاری۔

باد بہ دستِ تسلیم: شکلِ مضمونِ وفا، باد بہ دستِ تسلیم — صورتِ نقشِ قدم، خاک بہ فرقِ تمکیں ص ۱۳۳

بادِ پیمائی: ہے ہوا میں شراب کی تاثیر — بادہ نوشی ہے بادپیمائی ص ۲۵۱

بادِ زمہریر: کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر — تا نہ دے بادِ زمہریر آزار ص ۱۳۶

بادِ سحر: دیکھیے: (۱) جنبشِ بادِ سحر۔ (۲) نفَسِ بادِ سحر۔

بادِ صبا: دیکھیے: (۱) مستیِ بادِ صبا۔ (۲) نفَسِ بادِ صبا۔

بادِ صبح: دیکھیے کاربادِ صبح۔

بادباں[2]: خامے سے پائی طبیعت نے مدد — بادباں بھی، اُٹھتے ہی لنگر، کھلا ص ۱۳۰

بادبانِ کشتیِ مے: یہ پروانہ شاید بادبانِ کشتیِ مے تھا — ہوئی مجلس کی گرمی سے روانی دورِ ساغر کی ص ۲۰۶

بادبانی: دیکھیے: سازِ بادبانی۔

باد[3] (۲): (۱، ۲) تیغ در کف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اِس طرف — مژدہ باد! اے آرزوے مرگ غالبؔ مژدہ باد! ص ۳۸

بادا باد: دیکھیے: ہرچہ بادا باد۔

---

۱ باد (۱): بائیس بار [مرکب]۔
۲ بادباں: ایک بار [مرکب]۔
بادبانی: ایک بار [مرکب]۔
۳ باد (۲): دو بار [مرکب]۔
بادا باد: ایک بار۔

بادام[1]: دیکھیے: پردۂ بادام۔

بادامی: دیکھیے: دستارِ بادامی۔

بادشا[2]: سلام اُسے کہ اگر بادشا کہیں اُس کو — تو پھر کہیں کہ کچھ اِس سے سوا کہیں اُس کو ص۲۸۵

بادشاہ[3]: (۱) گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں — دربار دار لوگ بہم آشنا نہیں ص۱۲۹

(۲) غالبؔ بھی گر نہ ہو تو کچھ ایسا ضرر نہیں — دُنیا ہو یارب اور مرا بادشاہ ہو ص۱۹۷

(۳) جب اُس کے دیکھنے کے لیے آئیں بادشاہ — لوگوں میں کیوں نمود نہ ہو لالہ زار کی ص۲۵۱

(۴) نہ آفتاب، ولے آفتاب کا ہم چشم — نہ بادشاہ، ولے مرتبے میں ہمسرِ شاہ ص۲۷۷

(۵) نہ بادشاہ، نہ سلطاں، یہ کیا ستائش ہے؟ — کہو کہ خاسِ آلِ عبا کہیں اُس کو ص۲۸۵

(۶) دیکھیے: مدحِ بادشاہ۔

بادشاہِ جہانِ معنی: آج یہ قدردانِ معنی ہے — بادشاہِ جہانِ معنی ہے ص۲۶۷

بادشاہِ دہلی: دیکھیے: مطیعِ بادشاہِ دہلی۔

بادشاہی: بادشاہی کا جہاں یہ حال ہو غالبؔ! تو پھر — کیوں نہ دلّی میں ہر اک ناچیز نوابی کرے ص۱۰۱

بادشہ[4]: (۱) شاد ہوں لیکن اپنے جی میں کہ ہوں — بادشہ کا غلامِ کار گزار ص۱۲۵

(۲) مہر کانپا، چرخ چکّر کھا گیا — بادشہ کا رایتِ لشکر کھلا ص۱۳۰

(۳) بادشہ کا نام لیتا ہے خطیب — اب علوِ پایۂ منبر کھلا ص۱۳۰

بادشہِ چیں: (۱) یہ ترکتاز سے برہم کرے گا کشورِ روس — یہ لے گا بادشہِ چیں سے چھین تخت و کلاہ ص۲۷۸

(۲) خراجِ بادشہِ چیں سے کیوں نہ مانگوں آج — کہ بن گیا ہے خمِ جعدِ پُرشکن، تکیہ ص۳۰۳

بادہ[5]: (۱) اے خوشا فیضِ ہوائے چمنِ نشوونما! — بادہ پُرزور و نفَس مست و مسیحا بیمار ص۳

---

[1] بادام : ایک بار [مرکّب]۔
بادامی : ایک بار [مرکّب]۔
[2] بادشا : ایک بار۔
[3] بادشاہ : آٹھ بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: تین بار]۔
بادشاہی : ایک بار۔
[4] بادشہ : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: دو بار]۔
[5] بادہ : چالیس بار [مفرد: سات بار، مرکّب: تینتیس بار]۔
بادہا : ایک بار۔

(۲) گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلّی، نہ طور پر — دیتے ہیں بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھ کر — ص ۱۶۹

(۳) صاف دُردی کشِ پیمانۂ جم ہیں ہم لوگ — وائے! وہ بادہ کہ افشردۂ انگور نہیں — ص ۱۸۶

(۴) جاں فزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آگیا — سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہوگئیں — ص ۱۹۲

(۵) کرے ہے بادہ ترے لب سے کسبِ رنگِ فروغ — خطِ پیالہ سراسر نگاہِ گلچیں ہے — ص ۲۱۳

(۶) دیدارِ بادہ، حوصلہ ساقی، نگاہ مست — بزمِ خیال مے کدۂ بے خروش ہے — ص ۲۳۰

(۷) مے کشی کو نہ سمجھ بے حاصل — بادہ غالبؔ! عرقِ بید نہیں — ص ۶۷

دیکھیے ـــــ: (۸)،(۹)،(۱۰) جامِ بادہ [تین بار]۔(۱۱) جوشِ بادہ۔(۱۲) دُردِ بادہ۔(۱۳) کفِ بادہ۔
(۱۴) محیطِ بادہ۔(۱۵)،(۱۶) موجِ بادہ۔(۱۷) شیشۂ بے بادہ۔(۱۸) یک قدحِ بادہ۔

بادہ آشامی: ہوئی اِس دور میں منسوب مجھ سے بادہ آشامی — پھر آیا وہ زمانہ جو جہاں میں جامِ جم نکلے — ص ۲۵۰

بادہ پرستوں: دیکھ کر بادہ پرستوں کی دل افسردگیاں — موجِ مے شکلِ خطِ جام ہے برجا ماندہ — ص ۱۷

بادہ پیمائی: دیکھیے: بہارِ بادہ پیمائی۔

بادہ خوار: یہ مسائلِ تصوف، یہ ترا بیان غالبؔ! — تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا — ص ۱۶۰

بادہ کشی: دیکھیے: مانعِ بادہ کشی۔

بادہ نوشی: ہے ہوا میں شراب کی تاثیر — بادہ نوشی ہے باد پیمائی — ص ۲۵۱

بادہ نوشیِ رنداں: دیکھیے: جاداد بادہ نوشیِ رنداں۔

بادہ ہائے ناب گوارا: وہ میوہ ہائے تازۂ شیریں کہ واہ واہ! — وہ بادہ ہائے نابِ گوارا کہ ہائے ہائے! — ص ۱۲۳

بادہ وساغر: ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو — بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر — ص ۱۶۹

بادۂ اُلفت: دیکھیے: خرابِ بادۂ الفت۔

بادۂ بے خمار: گلشنِ اتفاق میں ایک، بہارِ بے خزاں — مے کدۂ وفاق میں بادۂ بے خمار، ایک — ص ۲۹۶

بادۂ جوشِ اسرار: مدح میں تیری نہاں زمزمۂ نعتِ نبی — جام سے تیرے عیاں بادۂ جوشِ اسرار — ص ۱۳۳

بادۂ دوشینہ: ظاہر ہے کہ گھبرا کے نہ بھاگیں گے نکیرین — ہاں، منہ سے مگر بادۂ دوشینہ کی بو آئے — ص ۲۳۹

بادۂ شبانہ: وہ بادۂ شبانہ کی سر مستیاں کہاں! اُٹھیے بس اب کہ لذتِ خوابِ سحر گئی ص۲۳۳

بادۂ طرب: مجھے بادۂ طرب سے بہ خمار گاہِ قسمت جو ملی تو تلخ کامی، جو ہوئی تو سرگرانی ص۱۰

بادۂ گل رنگ: صبح آیا جانبِ مشرق نظر اک نگارِ آتشیں رخ، سر کھلا
تھی نظر بندی، کیا جب ردِّ سحر بادۂ گل رنگ کا ساغر کھلا ص۳۹

بادۂ گل فام: توڑ بیٹھے جب کہ ہم جام و سبو، پھر ہم کو کیا آسماں سے بادۂ گل فام گر برسا کرے ص۱۰۱

بادۂ گل فام مشک بو: وہ چیز جس کے لیے ہم کو ہو بہشت عزیز سوائے بادۂ گل فامِ مشک بو، کیا ہے؟ ص۲۳۲

بادۂ مرد آزما: یک بار امتحانِ ہوس بھی ضرور ہے اے جوشِ عشق! بادۂ مرد آزما مجھے ص۷۶

بادۂ ناب: (۱) نہ چلا جب کسی طرح مقدور بادۂ ناب بن گیا انگور ص۳۰

(۲) خوشی ہے یہ آنے کی برسات کے پئیں بادۂ ناب اور آم کھائیں ص۲۶۳

(۳) دیکھیے: گریباں چاکیِ موجِ بادۂ ناب۔

بادۂ نظارۂ گلشن: منع مت کر حسن کی ہم کو پرستش سے کہ ہے بادۂ نظارۂ گلشن حلالِ عندلیب ص۳۲

بار[۱] (۱): (۱) بعدِ یک عمر ورع بار تو دیتا بارے کاش! رضواں ہی درِ یار کا درباں ہوتا ص۱۵۸

(۲) اپنا وہ نہیں شیوہ کہ آرام سے بیٹھیں اُس در پہ نہیں بار تو کعبے ہی کو ہو آئے ص۲۳۹

(۳) دیکھیے: منعِ بارِ باغ۔

بار[۲] (۲): (۱) بار لائی ہے دانہ ہائے سرشک مژہ، ہے ریشۂ رزِ انگور ص۳۱

(۲) نہ گل اُس میں نہ شاخ و برگ نہ بار جب خزاں آئے تب ہو اُس کی بہار ص۳۰

(۳) دیکھیے: صاحبِ شاخ و برگ و بار۔

باروَر: ہے یہ وہ گلشنِ ہمیشہ بہار باروَر جس کا سرو، گل بے خار ص۲۶۷

بار[۳] (۳): (۱) چھوڑا نہ مجھ میں ضعف نے رنگ اختلاط کا ہے دل پہ بار، نقشِ محبت ہی کیوں نہ ہو ص۱۹۳

(۲) دیکھیے: گراں بارِ مشتِ زر۔

۱۔ بار (۱) : تین بار [مفرد: دو بار، مرکب: ایک بار]۔

۲۔ بار (۲) : چار بار [مرکب: دو بار]۔

۳۔ بار (۳) : نو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: آٹھ بار]۔

بارِ بستر:	(۱) بہ ذوقِ شوخیِ اعضا، تکلف بار بستر ہے	معاف پیچ و تابِ کشمکش ہر تار بستر ہے	ص ۸۵
	(۲) تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تار بستر ہے	مرا سر رنجِ بالیں ہے، مرا تن بارِ بستر ہے	ص ۲۱۲
بارِ خاطر:	کوہ کے ہوں بارِ خاطر، گر صدا ہو جائیے	بے تکلف اے شرارِ جستہ! کیا ہو جائیے؟	ص ۲۱۹
بارِ علائق:	ہوا چرخِ خمیدہ ناتواں بارِ علائق سے	کہ ظاہر پنجۂ خرشید، دستِ زیرِ پہلو ہے	ص ۹۸
بارِ منتِ درباں:	دیکھیے: زیرِ بارِ منتِ درباں۔		
بارِ منتِ مزدور:	دیوار، بارِ منتِ مزدور سے ہے خم	اے خانماں خراب! نہ احساں اٹھائیے	ص ۲۰۱
بارِ یک قافلۂ آبلہ منزل:	شبِ اختر، قدحِ عیش نے محمل باندھا	بارِ یک قافلۂ آبلہ منزل باندھا	ص ۱۳
بار[۱] خدایا:	زباں پہ بارِ خدایا یہ کس کا نام آیا!	کہ میرے نطق نے بوسے مری زباں کے لیے	ص ۲۳۶
بارانِ[۲] اشک:	سوزِ دل کا کیا کرے بارانِ اشک؟	آگ بھڑکی، مینہ اگر دم بھر کھلا	ص ۱۳۰
بارانِ سنگ:	لکھی یاروں کی بدمستی نے مے خانے کی پامالی	ہوئی قطرہ فشانی ہائے مے بارانِ سنگ آخر	ص ۴۰
باربار[۳]:	(۱) یہی بار بار جی میں مرے آئے ہے کہ غالبؔ!	کروں خوانِ گفتگو پر دل و جاں کی میہمانی	ص ۱۰
بھوُلا[3]: اُس کو بھولا نہ چاہیے کہنا — صبح جو جاوے اور آوے شام — ص۳۶

بُھوں[4]: مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے — بھوں پاس آنکھ قبلۂ حاجات چاہیے — ص۲۱۹

بُھونچال[5]: بُھونچال میں گرا تھا یہ آئینہ طاق سے — حیرت، شہیدِ جُنبشِ ابروے یار ہے — ص۹۰

بھید[6]: (۱) گو نہ سمجھوں اُس کی باتیں، گو نہ پاؤں اُس کا بھید — پر یہ کیا کم ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کُھلا — ص۱۶۰

(۷) رازِ معشوق نہ رُسوا ہوجائے — ورنہ مرجانے میں کچھ بھید نہیں — ص۱۸۳

بھیڑ[7]: فقط گوشت سو بھیڑ کا ریشے دار — کہو، اُس کو، کیا کھاکے، ہم حظ اُٹھائیں — ص۲۶۳

بھیڑ[8]: شہر میں چھڑیوں کے میلے کی ہے بھیڑ — آج عالم اور ہے بازار کا — [قادرنامہ]

بھیس[9]: (۱) جلّاد سے ڈرتے ہیں نہ واعظ سے جھگڑتے — ہم سمجھے ہوئے ہیں اُسے، جس بھیس میں جو آئے — ص۲۳۸

(۲) بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ! — تماشاے اہلِ کرم دیکھتے ہیں — ص۱۷۹

بے آب[10]: خوں دل میں جو میرے نہیں باقی تو پھر اُس کی — جوں ماہیِ بے آب تڑپتی ہے ہر انگشت — ص۳۲

بے آبرو: نکلنا خلد سے آدم کا سُنتے آئے ہیں لیکن — بہت بے آبرو ہوکر ترے کوچے سے ہم نکلے — ص۲۳۹

---

[1] بہمن : ایک بار [مرکب]۔
[2] بھوکے : ایک بار۔
[3] بھُولا : ایک بار۔
[4] بُھوں : ایک بار۔
[5] بھونچال : ایک بار۔
[6] بھید : دو بار۔
[7] بھیڑ : ایک بار۔
[8] بھیڑ : ایک بار۔
[9] بھیس : دو بار۔
[10] بے (کلمۂ نفی) سے مرکب الفاظ: دو سو تراسی ہے۔

بے آرام :	کل اس کتاب کے سالِ تمام میں جو مجھے	کمالِ فکر میں دیکھا خرد نے بے آرام	ص۲۶۴
بے اثر :	(۱) وحشتِ دردِ بیکسی بے اثر اِس قدر نہیں	رشتۂ عمرِ خضر کو نالۂ نارسا سمجھ	ص۴۲
	(۲) دوستدارِ دشمن ہے، اعتمادِ دل معلوم!	آہ بے اثر دیکھی، نالہ نارسا پایا	ص۱۴۳
	(۳) کہتا ہے کون نالۂ بلبل کو بے اثر	پردے میں گل کے لاکھ جگر چاک ہوگئے	ص۲۲۹
	(۴) بھلا اُسے نہ سہی، کچھ مجھی کو رحم آتا	اثر مرے نفَسِ بے اثر میں خاک نہیں	ص۱۸۴
بے اثری:	دیکھیے: داغِ بے اثری۔		
بے اختیار:	(۱) ہوتے ہیں محوِ جلوۂ نور سے ستارگاں	دیکھا اُس کو، دل سے مٹ گئے بے اختیار، داغ	ص۴۸
	(۲) منت کشی میں حوصلہ بے اختیار ہے	دامانِ صد کفن تہِ سنگِ مزار ہے	ص۹۰
	(۳) تیرے ہی جلوے کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک	بے اختیار دوڑے گل در قفائے گل	ص۱۷۶
	(۴) جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے	سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا	ص۱۳۲
بے اختیاری :	اسدؔ! ہے طبع مجبورِ تمنا آفرینی ہا	فغاں! بے اختیاریٔ و فریبِ آرزو خوردن	ص۲۴۹
بے ادبوں :	رندانِ درِ مے کدہ گستاخ ہیں، زاہد!	زنہار! نہ ہونا طرف اِن بے ادبوں سے	ص۲۰۱
بے ادبی :	(۱) یہ بھی اک بے ادبی تھی کہ قبا سے بڑھ جائے	رہ گیا آن کے دامن کے برابر سہرا	ص۲۸۷
	(۲) دیکھیے: کمالِ بے ادبی۔		
بے اعتدالیوں:	بے اعتدالیوں سے سبک سب میں ہم ہوئے	جتنے زیادہ ہوگئے، اُتنے ہی کم ہوئے	ص۲۲۶
بے التفاتی :	کیوں نہ ہو بے التفاتی، اُس کی خاطر جمع ہے	جانتا ہے محوِ پرسش ہائے پنہانی مجھے	ص۲۳۲
بے بنیاد :	وفا مقابل و دعوائے عشق بے بنیاد	جنونِ ساختہ و فصلِ گل قیامت ہے!	۲۱۳
بے پایاں :	بس کہ بے پایاں ہے صحرائے محبت اے اسدؔ!	گرد باد اِس راہ کا، ہے عقدۂ پیمانِ عجز	ص۳۴
بے پردہ :	(۱) ذوقِ سرشار سے بے پردہ ہے طوفاں میرا	موجِ خمیازہ ہے ہر زخم نمایاں میرا	ص۲۱
	(۲) بے پردہ سوئے وادیِ مجنوں گزر نہ کر	ہر ذرّے کے نقاب میں دل بے قرار ہے	ص۲۱۷
	(۳) دلِ نالاں سے ہے بے پردہ پیدا	نوائے بربط و چنگ و چغانہ	ص۲۵۱

(۳) دیکھیے: شعلۂ بے پردہ۔

بے پروا : (۱) فضائے خندۂ گل تنگ و ذوقِ عیش بے پروا — فراغت گاہِ آغوشِ وداعِ دل پسند آیا — ص ۱۲

دیکھیے ـــــــ : (۲) حُسنِ بے پروا۔ (۳) شوقِ بے پروا۔ (۴) صیادِ بے پروا۔ (۵) طفلانِ بے پروا۔

بے پروا خرام : اسدؔ! سودائے سرسبزی سے ہے تسلیم رنگیں تر — کہ کشتِ خشک اُس کا، ابرِ بے پروا خرام اُس کا — ص ۲۲

بے پروا خرامی : دیکھیے: عرق افشانِ بے پروا خرامی۔

بے پروا خرامی ہائے یار: نہیں برق و شرر جز وحشت و ضبطِ تپیدن ہا — بلا گردانِ بے پروا خرامی ہائے یار، آتش — ص ۲۷

بے پروا نگاہاں: خموشی: خانہ زادِ چشمِ بے پروا نگاہاں ہے — غبارِ سرمہ: یعنی گردِ سوادِ نرگستاں ہے — ص ۸۱

بے پروائِ قاتل: سوادِ چشمِ بسمل انتخابِ نقطہ آرائی — خرامِ نازِ بے پروائِ قاتل پسند آیا — ص ۱۲

بے پروبالی: ہوسِ گل کا تصور میں بھی کھٹکا نہ رہا — عجب آرام دیا بے پر و بالی نے مجھے — ص ۲۲۲

بے پناہ : دشنۂ غمزہ جاں ستاں، ناوکِ ناز بے پناہ — تیرا ہی عکسِ رُخ سہی سامنے تیرے آئے کیوں — ص ۱۹۳

بے تاثیر: (۱) آب ہوجاتے ہیں تنگِ ہمتِ باطل سے مرد — اشک پیدا کر اسدؔ! گر آہ بے تاثیر ہے — ص ۹۶

(۲) دلِ آگاہ تسکیں خیزِ بیدردی نہ ہو یارب! — نفس آئینہ دارِ آہِ بے تاثیر بہتر ہے — ص ۱۰۸

(۳) عروجِ نا اُمیدی چشم زخمِ چرخ کیا جانے — بہارِ بے خزاں از آہِ بے تاثیر ہے پیدا — ص ۳۰

بے تحاشا : روانی ہائے موجِ خونِ بسمل سے ٹپکتا ہے — کہ لطفِ بے تحاشا رفتنِ قاتل پسند آیا — ص ۱۲

بے تعبیر : خدایا! چشم تا دل درد ہے افسونِ آگاہی — نگہ حیرت سوادِ خوابِ بے تعبیر بہتر ہے — ص ۱۰۸

بے تعلق : اسدؔ! وارستگاں باوصفِ ساماں بے تعلق ہیں — صنوبر گلستاں میں بادلِ آزادہ آتا ہے — ص ۹۸

بے تکلف : (۱) اے خوشا ذوقِ تمنائے شہادت! کہ اسدؔ — بے تکلف بہ سجودِ خمِ شمشیر آیا — ص ۲۸

(۲) ہے مساسِ دستِ افسوس آتش انگیزِ تپش — بے تکلف آپ پیدا کر کے تُف جلتا ہوں میں — ص ۴۳

(۳) مجھے اپنے جنوں کی بے تکلف پردہ داری تھی — ولیکن کیا کروں آوے جو رُسوائی گریباں کی — ص ۷۶

(۴) لطفِ عشقِ ہر یک، انداز دگر دکھلائے گا — بے تکلف یک نگاہِ آشنا ہوجائیے — ص ۸۸

(۵) گلستاں بے تکلف پیش پا افتادہ مضموں ہے — جو تو باندھے کفِ پا پر حنا، آئینہ موزوں ہے — ص ۱۱۱

(۶) گر نہ اندوہِ شبِ فرقت بیاں ہو جائے گا | بے تکلف داغِ مہ مُہرِ دہاں ہو جائے گا | ص ۱۵۰

(۷) تھی وطن میں شان کیا غالبؔ! کہ ہو غربت میں قدر | بے تکلف ہوں وہ مشتِ خس کہ گلخن میں نہیں | ص ۱۸۵

(۸) کوہ کے ہوں بارِ خاطر گر صدا ہو جائیے | بے تکلف اے شرارِ جستہ کیا ہو جائیے! | ص ۲۲۶

بے تکلف خاک گردیدن: اسدؔ باوصفِ مشق بے تکلف خاک گردیدن | غضب ہے گر غبارِ خاطرِ احباب ہو جاوے | ص ۱۰۵

بے تکلف دوست: غیر یوں کرتا ہے میری پرسش اُس کے ہجر میں | بے تکلف دوست ہو جیسے کوئی غم خوارِ دوست | ص ۱۶۳

بے تکلف فصل: مبادا! بے تکلف فصل کا برگ و نوا گُم ہو | مگر طوفانِ نے میں پیچشِ موجِ صبا گُم ہو | ص ۶۸

بے تمیز: دیوانگاں ہیں حاملِ رازِ نہانِ عشق | اے بے تمیز! گنج کو ویرانہ چاہیے | ص ۸۲

بے ثمراں: اے بے ثمراں! حاصلِ تکلیفِ دمیدن | گردن بہ تماشائے گُل افراختنی ہے | ص ۱۱۱

بے جُرم: نہ مارا جان کر بے جُرم، قاتل! تیری گردن پر | رہا مانندِ خونِ بے گُنہ حق آشنائی کا | ص ۱۳۶

بے چین: دل لگی کی آرزو بے چین رکھتی ہے ہمیں | ورنہ یہاں بے رونقی سودِ چراغِ کشتہ ہے | ص ۲۰۱

بے حاصل: (۱) ہے کشی کو نہ سمجھ بے حاصل | بادہ غالبؔ! عرقِ بید نہیں | ص ۳۱۹

(۲) بس ہجومِ نا اُمیدی! خاک میں مل جائے گی | یہ جو اک لذّت ہماری سعیِ بے حاصل میں ہے | ص ۳۲۱

بے حاصلی: کیا ہے ترکِ دُنیا کاہلی سے | ہمیں حاصل نہیں بے حاصلی سے | ص ۹۱

بے حاصلی ادا: وحشت اگر رسا ہے، بے حاصلی ادا ہے | پیمانہ ہُوا ہے مشتِ غبارِ صحرا | ص ۲۶

بے حاصلیِ اہلِ ریا: حیف! بے حاصلیِ اہلِ ریا پر غالبؔ | یعنی ہیں ماندہ از آں سو و ازیں سو راندہ | ص ۷۱

بے حجاب: (۱) شرم اک ادائے ناز ہے اپنے ہی سے سہی | ہیں کتنے بے حجاب کہ یوں ہیں حجاب میں | ص ۱۸۹

(۲) مَے نے کیا حُسنِ خود آرا کو بے حجاب | اے شوق! ہاں، اجازتِ تسلیمِ ہوش ہے | ص ۳۰۰

بے حجابِ ناز: تغافل، بدگمانی بلکہ میری سخت جانی سے | نگاہِ بے حجابِ ناز کو بیمِ گزند آیا | ص ۱۱

بے حجابانہ: کہاں ہے دیدۂ روشن کہ دیکھے بے حجابانہ | نقابِ یار ہے از پردہ ہائے چشمِ نابینا | ص ۳۴۷

بے حجابیاں: کرتا ہے بس کہ باغ میں تو بے حجابیاں | آنے لگی ہے نکہتِ گُل سے حیا مجھے | ص ۲۰۶

بے حِس: ہوا جب غم سے یوں بے حِس تو غم کیا سر کے کٹنے کا | نہ ہوتا گر جُدا تن سے تو زانو پر دھرا ہوتا | ص ۱۵۰

بے حواس : کیا غم ہے اُس کو جس کا علی سا امام ہو — اِتنا بھی اے فلک زدہ کیوں بے حواس ہے! ص ۷۵

بے حوصلگی :(۱) کیوں ڈرتے ہو عشاق کی بے حوصلگی سے — یہاں تو کوئی سنتا نہیں فریاد کسو کی ص ۲۲۸

(۲) خو نے تری افسردہ کیا وحشتِ دل کو — معشوقی و بے حوصلگی طرفہ بلا ہے ص ۲۱۹

بے حوصلۂ دل : دیکھیے: ساغرِ بے حوصلۂ دل۔

بے خار : (۱) یک چمن جلوۂ یوسف ہے بہ چشمِ یعقوب — لالہ ہا داغ براگندہ و گل ہا بے خار ص ۳

(۲) ہے یہ وہ گلشن ہمیشہ بہار — بارور جس کا سرو، گل بے خار ص ۲۶۷

بے خبر : (۱) یہاں تک انصاف نوازی کہ اگر ریزۂ سنگ — بے خبر دے بہ کفِ پائے مسافر آزار ص ۳

(۲) بے خبرمت کہہ ہمیں، بیدرد! خود بینی سے پوچھ — قلزمِ ذوقِ نظر میں آئنہ پایاب تھا ص ۱۵

(۳) شغلِ ہوس در نظر لیک حیا بے خبر — شاخِ گلِ نغمہ ہے نالۂ بلبل ہنوز ص ۴۴

(۴) تسلیم سے یہ نالۂ موزوں ہوا حصول — اے بے خبر! میں نغمۂ چنگِ خمیدہ ہوں ص ۶۱

(۵) نہ لٹتا دن کو تو کب رات کو یوں بے خبر سوتا — رہا کھٹکا نہ چوری کا، دعا دیتا ہوں رہزن کو ص ۱۹۹

بے خبراں : اے بے خبراں! میرے لبِ زخمِ جگر پر — بخیہ جسے کہتے ہو، شکایت ہے رفو کی ص ۱۱۶

بے خبری : (۱) میں آپ سے جاچکا ہوں، اب بھی — اے بے خبری! اُسے خبر کر ص ۲۲۸

دیکھیے (۲) طلسمِ بے خبری۔ (۳) ہلاکِ بے خبری۔

بے خروش : دیکھیے: مے کدۂ بے خروش۔

بے خزاں : دیکھیے: بہارِ بے خزاں [دو بار]۔

بے خطر : تھی نگہ میری نہاں خانۂ دل کی نقاب — بے خطر جیتے ہیں اربابِ ریا میرے بعد ص ۳۸

بے خمار : (۱) ہے بے خمار نشۂ خونِ جگر اسدؔ! — دستِ ہوس بہ گردنِ مینا نہ کھینچیے ص ۱۰۶

(۲) دیکھیے: بادۂ بے خمار۔

بے خواب : دیکھیے: اک دیدۂ بے خواب۔

بے خوابی : (۱) یہاں سرِ پُرشور بے خوابی سے تھا دیوار جُو — وہاں وہ فرقِ ناز محوِ بالشِ کمخواب تھا ص ۱۳۵

(۲) دیکھیے: فرطِ بے خوابی۔

بے خود : (۱) بے خود بہ لطفِ چشمکِ عبرت ہے چشمِ صید　　یک داغِ حسرتِ نفسِ ناکشیدہ کھینچ　　ص۳۶

(۲) بے خود ز بسکہ خاطرِ بیتاب ہوگئی　　مژگانِ باز ماندہ رگِ خواب ہوگئی　　ص۹۶

(۳) آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں یکسر　　بس کہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گلِ صبح　　ص۳۷

بے خوداں : دیکھیے: احوالِ بے خوداں۔

بے خودوں : ستایشگر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا　　وہ اک گلدستہ ہے ہم بے خودوں کے طاقِ نسیاں کا　　ص۱۵۶

بے خودی : (۱) بہ نظر گاہِ گلستانِ خیالِ ساقی　　بے خودی دامِ رگِ گل سے ہے پیمانہ شکار　　ص۳

(۲) ہوئی یہ بے خودی چشم و زباں کو تیرے جلوے سے　　کہ طوطی قفلِ زنگ آلودہ ہے آئینہ خانے میں　　ص۵۸

(۳) وحشت کہاں کہ بے خودی انشا کرے کوئی　　ہستی کو لفظِ معنیِ عنقا کرے کوئی　　ص۸۷

(۴) بے خودی فرماں روائے حیرت آبادِ جنوں　　زخم دوزیِ جرم و پیراہن دریدن منع ہے　　ص۱۱۳

(۵) مجھ سے کہا جو یار نے جاتے ہیں ہوش کس طرح؟　　دیکھ کے میری بے خودی چلنے لگی ہوا کہ یوں　　ص۱۷۸

(۶) پھر بے خودی میں بھول گیا راہِ کوئے یار　　جاتا وگرنہ ایک دن اپنی خبر کو میں　　ص۱۹۰

(۷) بے خودی، بسترِ تمہیدِ فراغت ہو جو!　　پُر ہے سایے کی طرح میرا شبستاں مجھ سے　　ص۲۱۱

(۸) بے خودی بے سبب نہیں غالبؔ!　　کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے　　ص۲۲۳

(۹) چمنِ دہر میں ہوں سبزۂ بیگانہ اسدؔ!　　وائے اے بے خودی و تہمتِ آرامیدن!　　ص۲۵۰

دیکھیے ـــــــ : (۱۰) اک گونہ بے خودی۔ (۱۱) تمنائے بے خودی۔ (۱۲) تہمتِ بے خودی کفر۔ (۱۳) حلقۂ فتراکِ بے خودی۔ (۱۴) خندۂ بے خودیِ کبک۔ (۱۵) سیرِ بے خودی۔ (۱۶) شمعِ بزمِ بے خودی۔ (۱۷) شیرازہ بندِ بے خودی۔ (۱۸) طرحِ بہارِ بے خودی۔ (۱۹) فنا تعلیمِ درسِ بے خودی۔ (۲۰) کنارِ بے خودی۔ (۲۱) موجِ محیطِ بے خودی۔ (۲۲) مستِ بے خودی۔ (۲۳) موے دماغِ بے خودی۔ (۲۴) ہنگامِ بے خودی۔ (۲۵) یک گامِ بے خودی۔

بے خودیِ عیشِ مقدمِ سیلاب: نہ پوچھ بے خودیِ عیشِ مقدمِ سیلاب　　کہ ناچتے ہیں پڑے سر بسر در و دیوار　　ص۱۶۷

بے خودی و ہشیاری: سادگی و پرکاری، بے خودی و ہشیاری — حُسن کو تغافل میں جرأت آزما پایا — ص ۱۴۳

بے دست و پا: (۱) تھا کا جب قطرۂ بے دست و پا بالادویدن سے — ز بہرِ یادگاری ہا گرہ دیتا ہے گوہر کی — ص ۲۵۲

(۲) سرشکِ سر بہ صحرا دادہ: نورالعینِ دامن ہے — دلِ بے دست و پا اُفتادہ: برخوردارِ بستر ہے — ص ۲۱۲

بے دست و پائی: دیکھیے: شکوۂ بے دست و پائی۔

بے دل: (۱) شعر کی فکر کو اسدؔ! چاہیے ہے دل و دماغ — وائے! کہ یہ فسردہ دل بے دل و بے دماغ ہے — ص ۱۱۶

(۲) اے کرم! نہ ہو غافل، ورنہ ہے اسدؔ بے دل — بے گہر صدف گویا پشتِ چشمِ نیساں ہے — ص ۸۹

(۳) نہ پوچھ کچھ سروسامان و کاروبار اسدؔ — جنوں معاملہ، بے دل، فقیرِ مسکیں ہے — ص ۲۵۳

(۴) بے دل نہ نازِ وحشتِ جَیبِ دریدہ کھینچ — جوں بوے غنچہ یک نفسِ آرمیدہ کھینچ — ص ۳۶

(۵) بیگانگیِ خلق سے بے دل نہ ہو غالبؔ! — کوئی نہیں تیرا، تو مری جان! خدا ہے — ص ۲۱۹

(۶) یارو! اسدؔ کا نام و نشاں کیا — بے دل، فقیرِ آفت رسیدہ — ص ۲۵۱

(۷) اسدؔ! قربانِ لطفِ جورِ بے دل — خبر لیتے ہیں لیکن بے دلی سے — ص ۹۱

(۸) بیضۂ قمری کے آئینے میں پنہاں صیقل — سرو بے دل سے عیاں عکسِ خیالِ قدِ یار — ص ۴

بے دلاں: (۱) فسردگی میں ہے فریادِ بے دلاں تجھ سے — چراغِ صبح و گلِ موسمِ خزاں تجھ سے — ص ۱۱۴

دیکھیے ـــــــــ: (۲) گریہ ہاے بے دلاں۔ (۳) نغمۂ بے دلاں۔

بے دلوں: بے دلوں سے ہے تپش جوں خواہش آب از سراب — بے شرر سو ہوم، گر رکھتا نہ ہووے سنگ، دل — ص ۵۳

(۲) بدگماں کرتی ہے عاشق کو خود آرائی تری — بے دلوں کو ہے برات اضطراب آئینے پر — ص ۳۹

بے دلی: (۱) دیکھیے: تحتِ "بے دل"۔

(۲) سازِ عیشِ بے دلی ہے خانہ ویرانی مجھے — سَیل، یہاں کوکِ صداے آبشارِ نغمہ ہے — ص ۸۷

(۳) بہ فیضِ بے دلی نومیدیِ جاوید آساں ہے — کشائش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا — ص ۱۴۳

دیکھیے ـــــــــ: (۴) غمِ بے دلی۔ (۵) کنارِ بے دلی۔ (۶) کوے تمناے بے دلی۔

بے دلی ہاے اسدؔ: بے دلی ہاے اسدؔ افسردگی آہنگ تر — یاد ایّامے کہ ذوقِ صحبتِ احباب تھا — ص ۱۵

بے دلی ہائے تماشا: بے دلی ہائے تماشا! کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق — بیکسی ہائے تمنا! کہ نہ دنیا ہے نہ دیں — ص ۱۳۳

بے دماغ: (۱) گراں جانی سبکسار و تماشا بے دماغ آیا — کفِ افسوسِ فرصت سنگ کو و طور ملتے ہیں — ص ۶۳

(۲) کثرتِ جور و ستم سے ہوگیا ہوں بے دماغ — خوب رویوں نے بنایا عاقبت بدخو مجھے — ص ۷۸

(۳) ہوں خلوتِ فسردگیِ انتظار میں — وہ بے دماغ جس کو ہوس بھی تپاک ہے — ص ۱۱۰

(۴) دل مت گنوا، خبر نہ سہی سیر ہی سہی — اے بے دماغ! آئنہ تمثال دار ہے — ص ۲۱۸

(۵) شعر کی فکر کو اسدؔ! چاہیے ہے دل و دماغ — وائے! کہ یہ فسردہ دل بے دل و بے دماغ ہے — ص ۱۱۶

بے دماغِ تپش: بے دماغِ تپش و عرضِ دو عالم فریاد — ہوں میں وہ خاک کہ ماتم میں اُڑایا ہے مجھے — ص ۱۰۸

بے دماغِ تپشِ رشک: بے دماغِ تپشِ رشک ہوں اے جلوۂ حسن — تشنۂ خونِ دل و دیدہ ہے پیماں میرا — ص ۲۱

بے دماغِ خجلت: بے دماغِ خجلت ہوں، رشکِ امتحاں تا کے — ایک بیکسی! تجھ کو عالم آشنا پایا — ص ۱۲

بے دماغِ شوخیِ مطلب: ہوئی ہے ناتوانی بے دماغِ شوخیِ مطلب — فرو ہوتا ہے سر سجدے میں، اے دستِ دعا! گم ہو — ص ۶۸

بے دماغِ منتِ اقبال: وہ بے دماغِ منتِ اقبال ہوں کہ میں — وحشت بہ داغِ سایۂ بالِ ہما کروں — ص ۵۶

بے دماغانِ خود آرائی: غرورِ دستِ رد نے شانہ توڑا فرقِ ہدہد پر — سلیمانی ہے ننگ بے دماغانِ خود آرائی — ص ۹۲

بے دماغی: (۱) کروں عذرِ ترکِ صحبت سو کہاں وہ بے دماغی — نہ غرورِ میرزائی، نہ فریبِ ناتوانی — ص ۱۰

(۲) بے دماغی شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہیں — یار تیرا جامِ مے، خمیازہ میرا آشنا — ص ۱۹

(۳) بے دماغی حیلہ جوئے ترکِ تنہائی نہیں — ورنہ کیا موجِ نفس زنجیرِ رسوائی نہیں؟ — ص ۶۵

(۴) محبت تھی چمن سے لیکن اب یہ بے دماغی ہے — کہ موجِ بوئے گل سے ناک میں آتا ہے دم میرا — ص ۱۳۶

دیکھیے ــــــــ: (۵) پاسبانِ بے دماغی۔ (۶) تکلیفِ عرضِ بے دماغی۔

بے دماغی ہا: نہیں ہے سرنوشتِ عشق غیر از بے دماغی ہا — جبیں پر میری مدِ خامۂ قدرت خطِ چیں ہے — ص ۸۹

بے دماغی ہائے دل: دیکھیے: علاجِ بے دماغی ہائے دل۔

بے دوا: دیکھیے: درد بے دوا۔

بے ربطیِ پیچ و خمِ ہستی: دیکھیے: وحشتِ بے ربطیِ پیچ و خمِ ہستی۔

بے ربطیِ دل: دیکھیے: زنجیری بے ربطیِ دل۔

بے ربطیِ شورِ جنوں: نکوہش مانعِ بے ربطیِ شورِ جنوں آئی — ہوا ہے خندۂ احباب بخیہ جیب و دامن میں — ص۱۸۰

بے ربطیِ شیرازۂ اجزاے حواس: عشق: بے ربطیِ شیرازۂ اجزاے حواس — وصل: زنگارِ رخِ آئینۂ حُسنِ یقیں — ص۱۳۳

بے ربطیِ عنواں: وہ مری چینِ جبیں سے غمِ پنہاں سمجھا — رازِ مکتوب بہ بے ربطیِ عنواں سمجھا — ص۱۴۷

بے رنگ: (۱) دامانِ شفق طرفِ نقابِ مہِ نو ہے — ناخن کو جگر کاوی میں بے رنگ نکالوں — ص۶۰

(۲) گر جلوۂ خرشید خریدارِ وفا ہو — جوں ذرہ صد آئینہ بے رنگ نکالوں — ص۶۱

بے رونقی: دل لگی کی آرزو بے چین رکھتی ہے ہمیں — ورنہ یہاں بے رونقی سودِ چراغِ کشتہ ہے — ص۲۰۱

بے رونقیِ دیدہ: دل کے خوں کرنے کی کیا وجہ؟ ولیکن ناچار — پاسِ بے رونقیِ دیدہ اہم ہے ہم کو — ص۱۹۵

بے زباں: (۱) خموشی میں نہاں خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں — چراغِ مردہ ہوں میں بے زباں گورِ غریباں کا — ص۱۵۷

(۲) دیکھیے: اسیرِ بے زباں۔

بے زبانوں: ہوگئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر — عشق کا اُس کو گماں ہم بے زبانوں پر نہیں — ص۱۸۳

بے زبانی: دیکھیے: (۱) کمینِ بے زبانی۔ (۲) محوِ سپاسِ بے زبانی۔

بے ساحل: دیکھیے: مے خانۂ دریاے بے ساحل۔

بے سامانیِ فرعون: اسدؔ! یہ عجز و بے سامانیِ فرعون توأم ہے — جسے تو بندگی کہتا ہے، دعویٰ ہے خدائی کا — ص۱۶

بے سامانیِ عاشق: نہیں ہے خالی آرایش سے بے سامانیِ عاشق — شکستِ حال، انداز آفرینِ کج کلاہی ہے — ص۳۵۵

بے سبب: (۱) ہم کہاں کے دانا تھے؟ کس ہنر میں یکتا تھے؟ — بے سبب ہوا غالبؔ! دشمن آسماں اپنا — ص۱۵۹

(۲) نہیں ہے بے سبب قطرے کو شکلِ گوہر افسردن — گرہ ہے حسرتِ آبِ بروے کار آوردن — ص۳۴۹

(۳) بے خودی بے سبب نہیں غالبؔ! — کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے — ص۲۲۳

بے سبب آزار: کیا آبروے عشق، جہاں عام ہو جفا — رُکتا ہوں، تم کو بے سبب آزار دیکھ کر — ص۱۶۸

بے سبب آزاروں: اسدؔ اے ہرزہ درا! نالہ بہ غوغا تا چند — حوصلہ تنگ نہ کر بے سبب آزاروں کا — ص۲۸

بے سبب رنج: ہم اور وہ بے سبب رنج، آشنا دشمن، کہ رکھتا ہے — شعاعِ مہر سے تہمت نگہ کی چشمِ روزن پر — ص۱۶۸

بے سخن: ہے زپا اُفتادگیِ نشہ بیماری مجھے — بے سخن، تبخالۂ لب دانۂ انگور ہے — ص۹۳

بے سروپا: (۱) قیدِ ہستی سے رہائی معلوم! — اشک کو بے سروپا باندھتے ہیں — ص۱۸۱

(۲) دیکھیے: گدائے بے سروپا۔

بے سروپائی : دیکھیے: (۱) پرکارسعیِ بے سروپائی۔ (۲) سعیِ بے سروپائی۔

بے سروساماں : گریۂ طوفاں رکاب، نالۂ محشر عناں — بے سروساماں اسدؔ فتنہ سر انجام ہے — ص۹۹

بے سروسامانی: دریوزۂ ساماں ہا اے بے سر و سامانی! — ایجاد گریباں ہا دَر پردۂ عریانی — ص۱۰۸

بے سروسامانیِ فرصت: دیکھیے: عالمِ بے سروسامانیِ فرصت۔

بے سوال: دیکھیے: عذرخواہ لبِ بے سوال۔

بے شراب : دیکھیے: مینائے بے شراب۔

بے شمار: (۱) بٹتے ہیں سونے، روپے کے چھلّے حضور میں — ہے جن کے آگے سیم و زر مہر و ماہ ماند
یوں سمجھیے کہ بیچ سے خالی کیے ہوئے — لاکھوں ہی آفتاب ہیں اور بے شمار چاند — ص۱۲۸
(۲) یقین جان، برس گانٹھ کا جو تاگا ہے — یہ کہکشاں ہے کہ ہیں اس میں بے شمار گرہ — ص۲۷۸

بے شمار اندیشہ: اے کثرتِ فہم بے شمار اندیشہ! — ہے اصلِ خرد سے شرمسار اندیشہ — ص۱۱۸

بے شمار برس: فقط ہزار برس پر کچھ انحصار نہیں — کئی ہزار برس بلکہ بے شمار برس — ص۲۶۳

بے شیرازہ : نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بہ باد — یادگارِ نالہ یک دیوانِ بے شیرازہ تھا — ص۱۳۷

بے صبر: دلِ خونیں جگر بے صبر و فیضِ عشق مستغنی — الٰہی! یک قیامت خاور آ ٹوٹے بدخشاں پر — ص۳۰

بے صدا : (۱) نغمہ ہائے غم کو بھی اے دل! غنیمت جانیے — بے صدا ہو جائے گا یہ سازِ ہستی ایک دن — ص۱۷۹
دیکھیے ـــــ : (۲) زنجیرِ بے صدا۔ (۳) یک تخنِ بے صدا۔

بے صرفہ: بے صرفہ ہی گزرتی ہے ہو گرچہ عمرِ خضرؔ — حضرت بھی کل کہیں گے کہ ہم کیا کیا کیے! — ص۲۲۳

بے صرفہ گو: دیکھیے: ناصحِ بے صرفہ گو۔

بے غبار : خجلت کشِ وفا کو شکایت نہ چاہیے — اے مدعی! طلسمِ عرق بے غبار ہے — ص۹۰

بے فائدہ : (۱) زندانِ تحمل میں مہمانِ تغافل ہیں — بے فائدہ یاروں کو فرقِ غم و شادی ہے — ص۱۱۵
(۲) دیکھیے: خاک بہ سر کردنِ بے فائدہ۔

بے قدر : رہا بے قدر دل در پردۂ جوشِ ظہور آخر
گل و نرگس بہم، آئینۂ و اقلیم کوراں ہے ص۸۱

بے قدرِ تماشا: حُسنِ خوباں بس کہ بے قدرِ تماشا ہے اسدؔ
آئنہ یک دستِ ردِّ امتناعِ جلوہ ہے ص۸۷

بے قرار : (۱) کس کا خیال آئنۂ انتظار تھا
ہر برگِ گل کے پردے میں دل بے قرار تھا ص۱۷

(۲) آئینہ، داغِ حیرت و حیرت، شکنجِ یاس
سیماب بے قرار و اسدؔ بے قرار تر ص۴۱

(۳) بے پردہ سوے وادیِ مجنوں گزر نہ کر
ہر ذرّے کے نقاب میں دل بے قرار ہے ص۲۱۷

دیکھیے ـــــــ : (۴) اظہارِ بے قرار۔ (۵) دلِ بے قرار۔

بے قرار تر: دیکھیے: بے قرار (۲)۔

بے قرارِ جلوۂ مہتاب: دیکھیے: وحشت بے قرارِ جلوۂ مہتاب۔

بے قرارِ داغِ ہم طرحی: رہا کس جرم سے میں بے قرارِ داغِ ہم طرحی؟
سمندر کو پرِ پروانہ سے کافور ملتے ہیں ص۹۳

بے قرارِ شوق: دیکھیے: نشانِ بے قرارِ شوق۔

بے قرارِ نغمہ: کس سے اے غفلت! تجھے تعبیرِ آگاہی ملے؟
گوش ہا سیمابی و دل بے قرارِ نغمہ ہے ص۸۷

بے قراری: (۱) غرورِ ضبط وقتِ نزع ٹوٹا بے قراری سے
نیازِ پرفشانی ہوگیا صبر و شکیب آخر ص۴۱

(۲) درد سے میرے ہے تجھ کو بے قراری، ہاے ہاے!
کیا ہوئی ظالم! تری غفلت شعاری، ہاے ہاے! ص۲۰۳

(۳) پھر کچھ اک دل کو بے قراری ہے
سینہ، جویاے زخمِ کاری ہے ص۲۲۳

دیکھیے ـــــــ : (۴) خارخارِ التہابِ بے قراری۔ (۵) ذوقِ بے قراری۔ (۶) محشرستانِ بے قراری۔

بے کراں : دیکھیے: بحرِ بے کراں۔

بے کفن: دیکھیے: نعشِ بے کفن۔

بے کم و کاست : آج جو دیدہ ور کرے درخواست
تمن بھیجے زرِ پے وہ بے کم و کاست ص۲۶۸

بے کیفیتی: جوشِ بے کیفیتی ہے اضطراب آرا اسدؔ!
ورنہ بسمل کا تڑپھنا، لغزشِ مستانہ تھا ص۲۵

بے گرہ : درماندگی میں غالبؔ کچھ بن پڑے تو جانوں
جب رشتہ بے گرہ تھا، ناخن گرہ کشا تھا ص۱۵۸

بے گناہ : دیکھیے: مجرمِ صد بے گناہ۔

بے گناہی : دیکھیے: غرورِ بے گناہی۔

بے گنہ: (۱) خانمانِ جبریانِ غافل از معنی خراب! جب ہوئے ہم بے گنہ رحمت کی کیا تقصیر ہے؟ ص۹۵

(۲) دیکھیے: خونِ بے گنہ۔

بے گنہ کُش: کیا وہ بھی بے گنہ کُش و حق ناشناس ہیں؟ مانا کہ تم بشر نہیں، خرشید و ماہ ہو ص۱۹۶

بے گہ: دیکھیے: گہ و بے گہ۔

بے محابا: (۱) فلک سفلہ بے محابا ہے اِس ستمگر کو انفعال کہاں! ص۶۶

(۲) دل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا آتشِ خاموش کے مانند گویا جل گیا ص۱۵۱

(۳) اثر سوزِ محبت کا قیامت بے محابا ہے کہ رگ سے سنگ میں تخمِ شرر کا ریشہ پیدا ہے ص۸۳

(۴) نگاہِ بے محابا چاہتا ہوں تغافل ہائے تمکیں آزما کیا! ص۱۵۷

بے محل : شمع ہوں تو بزم میں جا پاؤں غالبؔ کی طرح بے محل اے مجلس آرائے تجھے! جلتا ہوں میں ص۹۳

بے مدعا : (۱) نہ ہو وحشت کشِ درسِ سراب سطرِ آگاہی غبارِ راہ ہوں، بے مدعا ہے پیچ و خم میرا ص۱۹

(۲) دیکھیے: یک دلِ بے مدعا۔

بے مدعا رسا : دیکھیے: اقبالِ کلفتِ دلِ بے مدعا رسا۔

بے مدعائی : دیکھیے: ہمہ بے مدعائی۔

بے مزہ / بے مزا: کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب گالیاں کھا کے بے مزا نہ ہوا ص۱۹۲

(۲) شورِ اوہام سے مت ہو شبخونِ انصاف گفتگو بے مزہ و زخمِ تمنا تمکیں ص۸

بے مقصداں : فنا کو عشق ہے بے مقصداں! حیرت پرستاراں! نہیں رفتارِ عمرِ تیز رو پابندِ مطلب ہا ص۲۳

بے موجب آزردگاں : شکفتن: کمیں گاہِ تقریب جوئی تصور ہوں بے موجب آزردگاں کا ص۱۸

بے مہر : (۱) یہ کس بے مہر کی تمثال کا ہے جلوہ سیمابی کہ مثلِ ذرہ ہاے خاک آئینے پرافشاں ہیں ص۶۲

(۲) رشک کہتا ہے کہ اُس کا غیر سے اخلاص، حیف! عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا! ص۱۳۹

(۳) نکالا چاہتا ہے کام کیا طعنوں سے تو غالبؔ!	ترے بے مہر کہنے سے وہ تجھ پر مہرباں کیوں ہو	ص ۲۰۰
(۴) شکوے کے نام سے بے مہر خفا ہوتا ہے	یہ بھی مت کہہ کہ جو کہیے تو گلا ہوتا ہے	ص ۲۲۰
بے مہریِ یارانِ وطن: کرتے کس منہ سے ہو غربت کی شکایت غالبؔ!	تم کو بے مہریِ یارانِ وطن یاد نہیں؟	ص ۱۸۶
بے مہریِ قاتل : دیکھیے: آئینۂ بے مہریِ قاتل۔		
بے نقابی : دیکھیے: (۱) جلوہ ریزِ بے نقابی۔ (۲) وقتِ بے نقابی۔		
بے نگاہی: دیکھیے: نگاہ و بے نگاہی۔		
بے نگہی ہائے بتاں: فریاد اسدؔ! بے نگہی ہائے بتاں سے	سچ کہتے ہیں واللہ کہ اللہ غنی ہے	ص ۱۱۱
بے ننگ و نام : لو، وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ بے ننگ و نام ہے	یہ جانتا اگر تو لٹاتا نہ گھر کو میں	ص ۱۹۰
بے نور : بس کہ چشم از انتظارِ خوش خطاں بے نور ہے	یک قلم شاخِ گلِ نرگس عصائے کور ہے	ص ۹۳
بے نیاز : نغمہ ہے، محوِ ساز رہ؛ نشہ ہے، بے نیاز رہ	رندِ تمام ناز رہ، خلق کو پارسا سمجھ	ص ۷۳
بے نیازی :(۱) رہے غالبؔ خستہ مغلوبِ گردوں!	یہ کیا بے نیازی ہے حضرت سلامت!	ص ۳۳
(۲) بے نیازی حد سے گزری، بندہ پرور! کب تلک	ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرمادیں گے: کیا؟	ص ۱۵۵
(۳) ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے	بے نیازی تری عادت ہی سہی	ص ۲۲۱
بے نیام: (۱) شوخیِ حُسن و عشق ہے آئنہ دارِ ہم دگر	خار کو بے نیام جان، ہم کو برہنہ پا سمجھ	ص ۷۳
(۲) دیکھیے: تیغِ بے نیام۔		
بے نیامی : دیکھیے: پابندِ بے نیامی۔		
بے وجہ: (۱) خود بے تدارک اس کا گورمنٹ کو ضرور	بے وجہ کیوں ذلیل ہو غالبؔ ہے جس کا نام	ص ۲۸۳
(۲) حاجی کلو کو دے کے بے وجہ جواب	غالبؔ کا پکا دیا کلیجا تم نے	ص ۳۱۳
بے وفا : (۱) شکوہ و درد و درد و داغ، اے بے وفا! معذور رکھ	خوں بہائے یک جہاں امید ہے تیرا خیال	ص ۵۲
(۲) دہانِ ہر بتِ پیغارہ جو زنجیرِ رُسوائی	عدم تک، بے وفا! چرچا ہے تیری بے وفائی کا	ص ۱۳۶
(۳) ظالم! مرے گماں سے، مجھے منفعل نہ چاہ	ہے ہے! خدا نہ کردہ تجھے بے وفا کہوں!	ص ۱۲۸

(۴) ہاں وہ نہیں خدا پرست، جاؤ وہ بے وفا سہی جس کو ہو دین و دل عزیز، اُس کی گلی میں جائے کیوں؟ ص ۱۹۳

(۵) اسدؔ ہے نزع میں، چل بے وفا برائے خدا! مقامِ ترکِ حجاب و وداعِ تمکیں ہے ص ۲۱۳

(۶) پھر اُسی بے وفا پہ مرتے ہیں پھر وہی زندگی ہماری ہے ص ۲۲۴

بے وفائی : (۱) کرتے ہو شکوہ کس کا؟ تم اور بے وفائی! سر پیٹتے ہیں اپنا، ہم اور نیک نامی! ص ۴۷

(۲) نہ ہو حُسنِ تماشا دوست رسوا بے وفائی کا بہ مُہرِ صد نظر ثابت ہے دعویٰ پارسائی کا ص ۱۳۶

(۳) دہانِ ہر بُتِ پیغارہ جو زنجیرِ رسوائی عدم تک بے وفا! چرچا ہے تیری بے وفائی کا ص ۱۳۶

دیکھیے ــــــــ : (۴) خیالِ بے وفائی۔ (۵) عرضِ دردِ بے وفائی۔

بے ہُنر : میں بے ہُنر کہ جوہرِ آئینہ تھا، عبث پائے نگاہِ خلق میں خارِ خلیدہ ہوں ص ۶۳

بے ہُنری: گرچہ از روئے ننگِ بے ہُنری ہوں خود اپنی نظر میں اتنا خوار ص ۱۲۵

بے ہوشی: دیا یاروں نے بے ہوشی میں درماں کا فریب آخر ہوا سکتے سے میں آئینۂ دستِ طبیب آخر ص ۴۱

بیاباں[1]: (۱) میں بھی معذورِ جنوں ہوں اسدؔ اے خانہ خراب! پیشوا لینے مجھے گھر سے بیاباں نکلا ص ۱۳

(۲) خلوتِ آبلۂ پا میں ہے جولاں میرا خوں ہے، دل تنگیِ وحشت سے بیاباں میرا ص ۶۱

(۳) خراجِ دیہِ ویراں: یک کفِ خاک بیاباں خوش ہوں تیری عاملی سے ص ۹۱

(۴) اُس بیاباں میں گرفتارِ جنوں ہوں کہ جہاں موجۂ ریگ سے دل پائے بہ زنجیر آوے ص ۱۱۳

(۵) گھر ہمارا، جو نہ روتے بھی تو ویراں ہوتا بحر گر بحر نہ ہوتا تو بیاباں ہوتا ص ۱۵۸

(۶) نقصاں نہیں، جنوں میں بلا سے ہو گھر خراب سو گز زمیں کے بدلے بیاباں گراں نہیں ص ۱۸۸

(۷) ہر قدم دوریِ منزل ہے نمایاں مجھ سے میری رفتار سے بھاگے ہے بیاباں مجھ سے ص ۲۱۱

(۸) اُگ رہا ہے در و دیوار سے سبزہ غالبؔ! ہم بیاباں میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے ص ۲۳۳

(۹) گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا ص ۱۵۰

دیکھیے ــــــــ : (۱۰) خارِ بیاباں۔ (۱۱) سویدائے بیاباں۔ (۱۲) صحنِ بیاباں۔ (۱۳) مختصر سا بیاباں۔

---

[1] بیاباں : اٹھائیس بار [مفرد: نوبار، مرکب: انیس بار]۔

(۱۴) ہر بیاباں۔ (۱۵) ۔۔(۱۹) یک بیاباں [پانچ بار]۔

بیابانِ تمنا: کو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز! — آبلے پا کے، ہیں یہاں رفتار کو دندانِ عجز — ص ۴۴

بیابانِ ختن: دیکھیے: آہوے بیابانِ ختن۔

بیابانِ خراب: بس کہ ہے ےخانہ ویراں جوں بیابانِ خراب — عکسِ چشمِ آہوے رم خوردہ ہے داغِ شراب — ص ۳۱

بیاباں زدہ: دیکھیے: سرشاریِ شوق بہ بیاباں زدہ۔

بیابانِ فنا: بیابانِ فنا ہے بعدِ صحراے طلب، غالب! — پسینا توسنِ ہمت کا، سیلِ خانۂ زیں ہے — ص ۸۹

بیاباں ماندگی: دیکھیے: یک بیاباں ماندگی۔

بیاباں مرگ: ہزار قافلۂ آرزو بیاباں مرگ — ہنوز محملِ حسرت بہ دوشِ خود رائی — ص ۱۱۰

بیاباں نُورد: احباب چارہ سازیِ وحشت نہ کر سکے — زنداں میں بھی خیال بیاباں نورد تھا — ص ۱۵۵

بیاباں نُوردِ وہمِ وجود: نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود — ہنوز تیرے تصور میں ہے نشیب و فراز — ص ۱۷۱

بیاضِ[۱] دیدۂ آہو: اگر وحشت عرق افشانِ بے پروا خرامی ہو — بیاضِ دیدۂ آہو کفِ سیلاب ہوجاوے — ص ۱۰۵

بیاضِ دیدۂ نخچیر: بتانِ شوخ کی تسکینِ بعد از قتل کی حیرت — بیاضِ دیدۂ نخچیر پر کھینچے ہے تصویریں — ص ۶۵

بیان[۲]: (۱) زلفِ خیال نازک و اظہار بے قرار — یارب! بیان شانہ کشِ گفتگو نہ ہو — ص ۶۸

(۲) غالب یہ کیا بیاں ہے؟ بجز مدحِ بادشاہ — بھاتی نہیں ہے اب مجھے کوئی نوشت خواند — ص ۱۲۸

(۳) بارے، آموں کا کچھ بیاں ہوجائے — خامہ، نخلِ رطب فشاں ہوجائے — ص ۱۳۰

(۴) گر نہ اندوہِ شبِ فرقت بیاں ہوجائے گا — بے تکلف داغِ مہ، مُہرِ دہاں ہوجائے گا — ص ۱۵۰

(۵) کیا کہوں بیماریِ غم کی فراغت کا بیاں — جو کہ کھایا خونِ دل، بے منتِ کیموس تھا — ص ۱۵۴

(۶) بیاں کیا کیجیے بیدادِ کاوش ہاے مژگاں کا — کہ ہر یک قطرۂ خوں، دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا — ص ۱۵۶

(۷) ذکر اُس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا — بن گیا رقیب آخر، تھا جو رازداں اپنا — ص ۱۵۹

(۸) یہ مسائلِ تصوف، یہ ترا بیان غالب! — تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا — ص ۱۶۰

---

[۱] بیاض : دو بار [مرکب]۔

[۲] بیان : اکتیس بار [مفرد: تیئس بار، مرکب: آٹھ بار]۔

(۹) کیجے بیاں سرورِ تبِ غم کہاں تلک — ہر مو مرے بدن پہ زبانِ سپاس ہے ص۲۰۵

(۱۰) بیاں کس سے ہو ظلمت گستری میرے شبستاں کی — شبِ مہ ہو جو رکھ دوں پنبہ دیواروں کے روزن میں ص۱۸۰

(۱۱) کیا بیاں کر کے مرا، روئیں گے یار — مگر آشفتہ بیانی میری ص۲۳۱

(۱۲) بقدرِ شوق نہیں ظرفِ تنگنائے غزل — کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے ص۲۳۶

(۱۳) مہربانی ہائے دشمن کی شکایت کیجیے — یا بیاں کیجے سپاسِ لذتِ آزارِ دوست ص۱۶۵

دیکھیے ______: (۱۴) اندازِ بیاں۔ (۱۵) پیرایۂ بیاں۔ (۱۶) خط و خالِ بیاں۔ (۱۷) سببِ گفت و بیاں۔

بیانِ حسنِ طبیعت: منظور ہے گزارشِ احوالِ واقعی — اپنا بیانِ حُسنِ طبیعت نہیں مجھے ص۱۲۳

بیانِ دلِ آزردہ: دیکھیے: عنوانِ بیانِ دلِ آزردہ۔

بیانِ شوخیِ گفتارِ دوست: چپکے چپکے مجھ کو روتے دیکھ پاتا ہے اگر — ہنس کے کرتا ہے بیانِ شوخیِ گفتارِ دوست ص۱۹۳

بیانِ طلبِ کام: آیا نہ بیانِ طلبِ کام، زباں تک — تبخالۂ لب ہو نہ سکا آبلۂ پا ص۲۹

بیباک[۱]: (۱) رونے سے، اور عشق میں بیباک ہو گئے — دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہو گئے ص۲۲۹

(۲) بیباک ہوں از بس کہ بہ بازارِ محبت — سمجھا ہوں زرہ جوہرِ شمشیرِ عسس کو ص۲۵۰

دیکھیے ______: (۳) تمثالِ شوقِ بیباک۔ (۴) گریۂ بیباک۔ (۵) نالۂ بیباک۔ (۶) جلوۂ بیباکِ حُسن۔

بیباکی[۲]: جب کرم رخصتِ بیباکی و گستاخی دے — کوئی تقصیر بجز خجلتِ تقصیر نہیں ص۱۸۲

بیتاب[۳]: (۱) شب کہ ذوقِ گفتگو سے تیری دل بیتاب تھا — شوخیِ وحشت سے افسانہ، فسونِ خواب تھا ص۱۵

(۲) نوائے خفتۂ الفت اگر بیتاب ہو جاوے — پرِ پروانہ تارِ شمع پر مضراب ہو جاوے ص۱۰۵

(۳) نالۂ دل میں شب، اندازِ اثر نایاب تھا — تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر، گو بیتاب تھا ص۱۳۵

(۴) عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب — دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہوتے تک ص۱۷۵

(۵) ہوا چرچا جو میرے پانْو کی زنجیر بننے کا — کیا بیتاب کاں میں جنبشِ جوہر نے آہن کو ص۱۹۸

(۶) دیکھ وہ برقِ تبسم بس کہ دل بیتاب ہے — دیدۂ گریاں مرا فوارۂ سیماب ہے ص۳۰۳

---

۱ بیباک : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔

۲ بیباکی : ایک بار [مرکب]۔

۳ بیتاب : سولہ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: دس بار]۔

دیکھیے ـــــــ : (۷) بالِ شعلۂ بیتاب۔ (۸) خاطرِ بیتاب۔ (۹)، (۱۰) دلِ بیتاب [دوبار]۔ (۱۱) یک بیاباں دلِ بیتاب۔

بیتابِ استقبال: کون آیا؟ جو چمن بیتابِ استقبال ہے　جُنبشِ موجِ صبا، ہے شوخیِ رفتارِ باغ　ص ۴۸

بیتابِ اظہارِ تپش: بلبلِ تصویر ہوں بیتابِ اظہارِ تپش　جُنبشِ نالِ قلم، جوشِ پرافشانی مجھے　ص ۸۶

بیتابِ تردد شکنی: کوشش ہمہ بیتابِ تردد شکنی ہے　صد جُنبشِ دل، یک مژہ برہم زدنی ہے　ص ۱۱۰

بیتابِ دورانِ خمار: دیکھیے: جنوں بیتابِ دورانِ خمار۔

بیتابِ سیرِ دل: بیتابِ سیرِ دل ہے سرِ ناخنِ نگار　یعنی نعل ہے بہ آتشِ رنگِ حنا گرو　ص ۶۹

بیتابی[1]: (۱) حسرتِ جلوۂ ساقی ہے کہ ہر پارۂ ابر　سینۂ بیتابی سے ملتا ہے بہ تیغِ کہسار　ص ۲

(۲) کروں گر عرضِ سنگینیِ کہسار اپنی بیتابی　رگِ ہر سنگ سے نبضِ دلِ بیمار ہو پیدا　ص ۳۱

(۳) خدایا! خوں ہو رنگِ امتیاز اور نالہ موزوں ہو　جنوں کو سخت بیتابی ہے تکلیفِ شکیبائی　ص ۹۲

(۴) کہوں کیا، دل کی کیا حالت ہے ہجرِ یار میں غالبؔ　کہ بیتابی سے ہر یک تارِ بستر، خارِ بستر ہے　ص ۲۱۳

(۵) پڑا رہ اے دلِ وابستہ! بیتابی سے کیا حاصل　مگر پھر تابِ زلفِ پُرشکن کی آزمائش ہے؟　ص ۲۲۵

دیکھیے ـــــــ : (۶) جوشِ بیتابی۔ (۷) جوشِ بیتابی زدن۔ (۸) حکمِ بیتابی۔ (۹) دریاے بیتابی۔ (۱۰) رنجِ بیتابی۔ (۱۱) زندانِ بیتابی۔ (۱۲) سامانِ بیتابی۔ (۱۳) عیشِ بیتابی۔ (۱۴) فتراکِ بیتابی۔ (۱۵) گردبادِ رہِ بیتابی۔ (۱۶) مدعاے رنجِ بیتابی۔ (۱۷) نیرنگِ بیتابی۔

بیتابیِ تجلی آتش بہ جاں: تو مشقِ ناز کر، دلِ پروانہ ہے بہار　بیتابیِ تجلیِ آتش بہ جاں نہ پوچھ　ص ۷۰

بیتابیِ جفا: پروانے سے ہو شاید تسکینِ شعلۂ شمع　آسائشِ وفا ہا بیتابیِ جفا ہے　ص ۹۳

بیتابیِ دل: دیکھیے: سررشتۂ بیتابیِ دل۔

بیتابیِ دل تپش انگیز: ہر مو بدن پہ شہپرِ پرواز ہے مجھے　بیتابیِ دلِ تپش انگیز یک طرف　ص ۴۹

---

[1] بیتابی : پچیس بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: بیس بار]۔
بیتابیاں : ایک بار۔

بیتابیِ دیدار: دیکھیے: ذوقِ بیتابیِ دیدار۔

بیتابیِ رشک: دل تھا کہ جو جانِ درد تمہید سہی — بیتابیِ رشک و حسرتِ دید سہی ص۲۵۲

بیتابیِ کمند: جنوں گرمِ انتظار و نالہ بیتابیِ کمند آیا — سویدا تا بہ لب زنجیریِ دودِ سپند آیا ص۱۱

بیتابیِ یادِ دوست: بیتابیِ یادِ دوست ہم رنگِ تسلی ہے — غافل! تپشِ مجنوں محمل کشِ لیلیٰ ہے ص۱۱۳

بیتابیاں: لے زمیں سے آسماں تک فرش تھیں بیتابیاں — شوخیِ بارش سے مہ فوارۂ سیماب تھا ص۱۵

بیجا[1]: (۱) پشتِ لب تہمتِ خط کھینچے ہے بیجا، یعنی — سبز ہے موجِ تبسم بہ ہوائے گفتار ص۳

(۲) اے اسدؔ! بیجا ہے نازِ سجدۂ عرضِ نیاز — عالمِ تسلیم میں یہ دعوئ آرائی عبث ص۳۴

(۳) بہ بزمِ مے پرستی حسرتِ تکلیف بیجا ہے — کہ جامِ بادہ کف برلب بہ تقریب تقاضا ہے ص۸۴

(۴) یہ کیا وحشت ہے اے دیوانے! پیش از مرگ واویلا — رکھی بیجا بنائے خانۂ زنجیرِ شیون پر ص۴۱

(۵) دردِ ناپیدا و بیجا تہمتِ وارستگی — پردہ دارِ سادگی ہے وسعتِ مشرب مجھے ص۸۶

(۶) سر بہ زانوئے کرم رکھتی ہے شرمِ ناکسی — اے اسدؔ! بیجا نہیں ہے غفلت آرائی تری ص۹۳

(۷) تم سے بیجا ہے مجھے اپنی تباہی کا گلہ — اُس میں کچھ شائبۂ خوبیِ تقدیر بھی تھا ص۱۵۸

(۸) رقعے کا جواب کیوں نہ بھیجا تم نے؟ — ثاقبؔ! حرکت یہ کی ہے بیجا تم نے ص۳۱۳

دیکھیے ـــــ: (۹) خجالتِ بیجا۔ (۱۰) خندۂ بیجا۔ (۱۱) خندہ ہائے بیجا۔ (۱۲) داغِ مُہرِ ضبطِ بیجا۔ (۱۳) شرمِ کوششِ بیجا۔ (۱۴) نوازش ہائے بیجا۔ (۱۵) وحشتِ بیجا۔

بیجوں[2]: اِن بیم کے بیجوں کو کوئی کیا جانے — بھیجے ہیں جو ارمغاں شہِ والا نے

گن کر دیویں گے ہم دُعائیں سو بار — فیروزے کی تسبیح کے ہیں یہ دانے ص۲۵۲

بیچ[3]: (۱) یوں سمجھیے کہ بیچ سے خالی کیے ہوئے — لاکھوں ہی آفتاب ہیں اور بے شمار چاند ص۱۲۸

(۲) مزا ملے کہو کیا خاک ساتھ سونے کا — رکھے جو بیچ میں وہ شوخ سیم تن تکیہ ص۳۰۳

بیچارہ[4]: (۱) دِلّی کے رہنے والو! اسدؔ کو ستاؤ مت — بیچارہ چند روز کا یہاں میہماں ہے ص۷۵

---

[1] بیجا : پندرہ بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: سات بار]۔
[2] بیجوں : ایک بار۔
[3] بیچ : دو بار۔
[4] بیچارہ : تین بار۔

(۲) بیچارہ کتنی دور سے آیا ہے، شیخ جی! کعبے میں کیوں دبائیں نہ ہم برہمن کے پانْو ص۳۲۲[ثانی]

(۳) گو زندگیِ زاہدِ بیچارہ عبث ہے اِتنا ہے کہ رہتی تو ہے تدبیر وضو کی ص۳۲۰

بید[۱]: دیکھیے ـــــ: (۱) برگِ بید۔ (۲) شجرِ بید۔ (۳) عرقِ بید۔

بیدِ مجنوں: دیکھیے برگِ بیدِ مجنوں۔

بیداد[۲]: میں ہوں مشتاقِ جفا، مجھ پہ جفا اَور سہی تم ہو بیداد سے خوش، اِس سے سوا اور سہی ص۳۱۱

دیکھیے ـــــ: (۲) آرایشِ بیداد۔ (۳) التماسِ لذّتِ بیداد۔ (۴) جوہرِ بیداد۔ (۵) شکوۂ بیداد۔ (۶) گلشنِ بیداد۔ (۷) لذّتِ بیداد۔ (۸) ہدفِ ناوکِ بیداد۔

بیدادِ انتظار: بیدادِ انتظار کی طاقت نہ لا سکی اے جانِ برلب آمدہ بیتاب ہوگئی! ص۹۶

(۲) دیکھیے: طاقتِ بیدادِ انتظار۔

بیدادِ تپش: دیکھیے: جوشِ بیدادِ تپش۔

بیدادِ خو: جانِ عاشق حالِ صد غلبۂ تاثیر ہے دل کو اے بیداد خو! تعلیمِ خارائی عبث ص۳۲

بیدادِ دلبر: دیکھیے: فریادیِ بیدادِ دلبر۔

بیدادِ دوست: نویدِ امن ہے بیدادِ دوست جاں کے لیے رہی نہ طرزِ ستم کوئی آسماں کے لیے ص۲۳۵

بیدادِ ذوقِ پرفشانی: کروں بیدادِ ذوقِ پرفشانی عرض، کیا قدرت! کہ طاقت اُڑگئی، اُڑنے سے پہلے میرے شہپر کی ص۲۰۷

بیدادِ رشکِ غیر: عشق میں بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے کشتۂ دشمن ہوں آخر، گرچہ تھا بیمار دوست ص۱۹۳

بیدادِ عشق: بیدادِ عشق سے نہیں ڈرتا مگر اسدؔ! جس دل پہ ناز تھا مجھے وہ دل نہیں رہا ص۱۵۳

بیدادِ فن: دیکھیے: بُتِ بیدادِ فن۔

بیدادِ کاوش ہاے مژگاں: (۱) بیاں کیا کیجیے بیدادِ کاوش ہاے مژگاں کا کہ ہر یک قطرۂ خوں، دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا ص۱۵۶

(۲) دیکھیے: ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہاے مژگاں۔

بیدادگر: دیکھیے: بُتِ بیدادگر۔

بیدادگرِ رنج فزا: مجھ سے غالبؔ! یہ علائی نے غزل لکھوائی ایک بیدادگرِ رنج فزا اور سہی ص۳۱۱

۱۔ بید : چار بار [مرکّب]۔

۲۔ بیداد : اکیس بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: بیس بار]۔

بیدادگر : دو بار [مرکّب]۔

بیدادِ وفا: بیدادِ وفا دیکھ کہ جاتی رہی آخر — ہرچند مری جان کو تھا ربط لبوں سے ص ۲۰۱

بیدار[۱]: (۱) پر یہ دولت تھی نصیبِ نگہِ معنیِ ناز — کہ ہوا صورتِ آئینہ میں جوہر بیدار ص ۳

(۲) کوہ و صحرا ہمہ معموریِ شوقِ بلبل — راہِ خوابیدہ، ہوئی خندۂ گل سے بیدار ص ۱۳۲

دیکھیے ــــــ: (۳) شب بیدار۔ (۴) آئینۂ بختِ بیدار۔ (۵) جامِ سیہ مستیِ چشمِ بیدار۔ (۶) ساغرِ بختِ بیدار۔ (۷) فتنۂ بیدار۔ (۸) طالعِ بیدار بستر۔ (۹) چشمِ بیدار رکاب۔

بیداری[۲]: (۱) نشاطِ دیدۂ بینا ہے، گو خواب و چہ بیداری — بہم آوردہ مژگاں روے بر روے تماشا ہے ص ۸۳

(۲) دیکھتا ہوں اُسے، تھی جس کی تمنا مجھ کو — آج بیداری میں ہے خوابِ زلیخا مجھ کو ص ۳۰۱

(۳) دیکھیے: خواب و بیداری۔

بیدا[۳]ے خیال: دیکھیے: خود رفتۂ بیداے خیال۔

بیدرد[۴]: (۱) بے خبر مت کہہ ہمیں، بیدرد! خود بینی سے پوچھ — قلزمِ ذوقِ نظر میں آئنہ پایاب تھا ص ۱۵

(۲) چشمِ ما روشن! کہ اُس بیدرد کا دل شاد ہے — دیدۂ پُرخوں ہمارا، ساغرِ سرشارِ دوست ص ۱۹۳

(۳) شبنم بہ گلِ لالہ نہ خالی ز ادا ہے — داغِ دلِ بیدرد نظر گاہِ حیا ہے ص ۲۱۸

(۴) دیکھیے: نالۂ بیدرد۔

بیدرداں: دیکھیے: تسکینِ نکوہش ہاے بیدرداں۔

بیدردانہ: رہتے ہیں افسردگی سے سخت بیدردانہ ہم — شعلہ ہا نذرِ سمندر، بلکہ آتش خانہ ہم ص ۵۳

بیدردی[۵]: (۱) اسدؔ! ہنستے ہیں میرے گریہ ہاے زار پر مردم — بھرا ہے دہر بیدردی سے، دل کیجے کہاں خالی ص ۳۵۵

دیکھیے ــــــ: (۲) تسکیں خیزِ بیدردی۔ (۳) تُہمتِ بیدردی۔

بیدل[۶]: (۱) اسدؔ! ہر جا سخن نے طرحِ باغِ تازہ ڈالی ہے — مجھے رنگِ بہار ایجادیِ بیدلؔ پسند آیا ص ۱۲

(۲) مطربِ دل نے مرے، تارِ نفس سے، غالبؔ — ساز پر رشتہ پئے نغمۂ بیدلؔ باندھا ص ۱۳

(۳) مجھے راہِ سخن میں خوفِ گم راہی نہیں غالبؔ — عصاے خضرِ صحراے سخن ہے خامہ بیدلؔ کا ص ۱۸

(۴) آہنگِ اسدؔ میں نہیں جز نغمۂ بیدلؔ — (تضمین) ص ۳۶

---

۱ بیدار : نو بار [مفرد: دو بار، مرکّب: سات بار]۔

۲ بیداری : تین بار [مرکّب: ایک بار]۔

۳ بیدا : ایک بار [مرکّب]۔

۴ بیدرد : چار بار [مفرد: دو بار، مرکّب: دو بار]۔

بیدرداں : ایک بار۔

بیدردانہ : ایک بار۔

۵ بیدردی : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دو بار]۔

۶ بیدل : گیارہ بار [مفرد: دو بار، مرکّب: نو بار]۔

(۵) دل کارگاہِ فکر و اسدؔ بے نوائے دل ۔۔۔ یہاں سنگِ آستانۂ بیدلؔ ہے آئنہ ۔۔۔ ص ۷۰

(۶) جوشِ دل ہے، مجھ سے حُسنِ فطرتِ بیدلؔ نہ پوچھ ۔۔۔ قطرے سے مےخانۂ دریائے بے ساحل نہ پوچھ ۔۔۔ ص ۷۲

(۷) گر ملے حضرتِ بیدلؔ کا خطِ لوحِ مزار ۔۔۔ اسدؔ آئینۂ پروازِ معانی مانگے ۔۔۔ ص ۷۸

(۸) ہے خامہ فیضِ بیعتِ بیدلؔ بہ کفِ اسدؔ ۔۔۔ یک نیستاں قلمروِ اعجاز ہے مجھے ۔۔۔ ص ۹۷

(۹) جوشِ فریاد سے لوں گا دیتِ خواب اسدؔ ۔۔۔ شوخیِ نغمۂ بیدلؔ نے جگایا ہے مجھے ۔۔۔ ص ۱۰۸

(۱۰) ہر غنچہ اسدؔ بارگہِ شوکتِ گل ہے ۔۔۔ دل فرشِ رہِ ناز ہے، بیدلؔ اگر آوے ۔۔۔ ص ۱۱۳

(۱۱) طرزِ بیدلؔ میں ریختہ لکھنا ۔۔۔ اسداللہ خاں قیامت ہے! ۔۔۔ ص ۳۲۰

بیروں[1]: کرے گر فکرِ تعمیرِ خرابی ہائے دل گردوں ۔۔۔ نہ نکلے خشت مثلِ استخواں بیروں زقالب ہا ۔۔۔ ص ۳۳

بیروں آمدن: شوخ ہے مثلِ حباب از خویش بیروں آمدن ۔۔۔ ہے گریباں گیرِ فرصت ذوقِ عریانی مجھے ۔۔۔ ص ۸۶

بیروں دادہ: دیکھیے: عشقِ داغ بیروں دادہ۔

بیرونِ در: دیکھیے ____: (۱)، (۲) حلقۂ بیرونِ در [دوبار]۔ (۳) زنجیریِ صد حلقۂ بیرونِ در۔

بیرونِ دل: میں دور گردِ قربِ بساطِ نگاہ تھا ۔۔۔ بیرونِ دل نہ تھی تپشِ انجمن ہنوز ۔۔۔ ص ۳۲

بیروں ریختن: نقدِ انجم تا یکے از کیسہ بیروں ریختن ۔۔۔ یعنی اے پیرِ فلک! شامِ جوانی مفت ہے ۔۔۔ ص ۱۱۳

بیزار[2]: (۱) وہاں کے خاشاک سے حاصل ہو جسے یک پرِ کاہ ۔۔۔ وہ رہے مروحۂ بالِ پری سے بیزار ۔۔۔ ص ۱۳۳

(۲) مجھ سے مت کہہ تو ہمیں کہتا تھا اپنی زندگی ۔۔۔ زندگی سے بھی مرا جی اِن دنوں بیزار ہے ۔۔۔ ص ۲۱۲

(۳) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار ۔۔۔ یاالٰہی یہ ماجرا کیا ہے! ۔۔۔ ص ۲۳۸

(۴) شکر سمجھو اِسے، یا کوئی شکایت سمجھو ۔۔۔ اپنی ہستی سے ہوں بیزار، کہوں یا نہ کہوں ۔۔۔ ص ۲۹۸

دیکھیے ____: (۵) دلِ وارستۂ ہفتاد و دو ملت بیزار۔ (۶) عاقبت بیزار۔

بیژن[3]: زورِ بازو میں مانتے ہیں تجھے ۔۔۔ گیو و گودرز و بیژن و رُہّام ۔۔۔ ص ۱۳۷

---

[1] بیروں : آٹھ بار [مفرد: چار بار، مرکب: چار بار]۔

[2] بیزار : چھے بار [مفرد: چار بار، مرکب: دو بار]۔

[3] بیژن : ایک بار۔

بیں بار[۱]:	گنی ہیں سال کے رشتے میں بیں بار گرہ	ابھی شمار میں باقی ہیں سو ہزار گرہ	ص۲۷۸
بیستوں[۲]	کشتۂ افعیِ زلفِ سیہِ شیریں کو	بیستون سبزے سے ہے سنگِ زمرد کا مزار	ص۲
	(۲) ہو سکے کیا خاک دست و بازوے فرہاد سے	بیستوں، خوابِ گرانِ خسروِ پرویز ہے	ص۸۵
	(۳) کوہکن: گرسنہ مزدورِ طرب گاہِ رقیب	بیستوں: آئنۂ خوابِ گرانِ شیریں	ص۳۴
بیسن[۳]:	نہ پوچھ اُس کی حقیقت، حضورِ والا نے	مجھے جو بھیجی ہے بیسن کی روغنی روٹی	ص۱۲۳
بیسنی روٹی[۴]:	نہ کھاتے گیہوں، نکلتے نہ خلد سے باہر	جو کھاتے حضرتِ آدم یہ بیسنی روٹی	ص۱۲۳
بیش[۵]:	(۱) زندگانی نہیں بیش از نفسِ چند، اسدؔ!	غفلت آرائیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح	ص۳۷
	(۲) بیش از نفَس بتاں کے کرم نے وفا نہ کی	تھا محملِ نگاہ بہ دوشِ شرار، حیف!	ص۴۹
	(۳) یک الف بیش نہیں صیقلِ آئینہ ہنوز	چاک کرتا ہوں میں جب سے کہ گریباں سمجھا	ص۱۳۷
	(۴) گرچہ ہے بعد عید کے نوروز	لیک بیش از سہ ہفتہ بُعد نہیں	ص۲۸۰
	(۵) ناتوانی نے نہ چھوڑا بس کہ بیش از عکسِ جسم	مُفتِ واگستردنی ہے فرشِ خواب آئینے پر	ص۳۴۷
	(۶) یک نظر بیش نہیں فرصتِ ہستی غافل!	گرمیِ بزم ہے اک رقصِ شرر ہوتے تک	ص۱۷۳
	(۷) غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفَس	برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم	ص۱۷۷
بیش بہا:	دیکھیے: لعلِ بیش بہا۔		
بیش تر:	(۱) عیادت سے اسدؔ! میں بیش تر بیمار رہتا ہوں	سبب ہے، ناخنِ دخلِ عزیزاں سینہ خستن کا	ص۲۷
	(۲) ہرچند اُمید دور تر ہو	اے حوصلے! سعی بیش تر کر	ص۳۲۸
	(۳) قطعِ سفرِ ہستی و آرامِ فنا ہیچ	رفتار نہیں بیش تر از لغزشِ پا، ہیچ	ص۳۶
بیضہ[۶]:	(۱) کرے گر حیرتِ نظارہ طوفاں نکتہ گوئی کا	حبابِ چشمۂ آئینہ ہووے بیضہ طوطی کا	ص۲۶
	(۲) چمن میں کون ہے طرز آفرینِ شیوۂ عشق؟	کہ گل ہے بلبلِ رنگین و بیضہ شبنم ہے	ص۱۰۲

---

۱ بیں : ایک بار۔
۲ بیستوں : تین بار۔
۳ بیسن : ایک بار۔
۴ بیسنی روٹی : ایک بار۔
۵ بیش : گیارہ بار [مرکب: چار بار]۔
۶ بیضہ : سترہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: تیرہ بار]۔

(۳) فکرِ پرواز جنوں ہے، سبب ضبط نہ پوچھ — اشک جوں بیضہ، مژہ سے تہِ پر پنہاں ہے — ص۱۰۹

(۴) بیضہ آسا تنگ بال و پر یہ ہے کنجِ قفس — از سرِ نو زندگی ہو، گر رہا ہو جائیے — ص۲۱۶

بیضۂ بلبل: پرورشِ نالہ ہے وحشتِ پرواز سے — ہے تہِ بالِ پری بیضۂ بلبل ہنوز — ص۴۴

(۲) شورِ تمثال ہے کس رشکِ چمن کا یارب! — آئنہ بیضۂ بلبل نظر آتا ہے مجھے — ص۸۸

بیضۂ طاؤس: (۱) طبع کی واشد نے رنگِ یک گلستاں گل کیا — یہ دلِ وابستہ گویا بیضۂ طاؤس تھا — ص۲۱

(۲) ہے تصور میں نہاں سرمایۂ صد گلستاں — کاسۂ زانو ہے مجھ کو بیضۂ طاؤس و بس — ص۴۶

(۳) دیکھیے: یک بیضۂ طاؤس۔

بیضۂ طاؤس خلوتاں: بزمِ نظر ہیں بیضۂ طاؤس خلوتاں — فرشِ طرب بہ گلشنِ ناآفریدہ کھینچ — ص۳۹

بیضۂ طوطی: عکسِ خط تا سخنِ ناصحِ دانا سرسبز — آئنہ بیضۂ طوطی نظر آیا ہے مجھے — ص۱۰۷

بیضۂ طوطیِ ہند: کہ ہم بیضۂ طوطیِ ہند غافل! — تہِ بالِ شمعِ حرم دیکھتے ہیں — ص۲۲۸

بیضۂ قمری: بیضۂ قمری کے آئینے میں پنہاں صیقل — سرو بیدل سے عیاں عکسِ خیالِ قدِ یار — ص۴

(۲) چمن میں کچھ نہ چھوڑا تو نے غیر از بیضۂ قمری — عدم میں بہرِ فرقِ سرو مشتِ خاک باقی ہے — ص۱۰۷

(۳) نالہ سرمایۂ یک عالم و عالم کفِ خاک — آسماں بیضۂ قمری نظر آتا ہے مجھے — ص۲۱۶

(۴) دیکھیے: یک بیاباں بیضۂ قمری۔

بیضۂ مور: کیا تنگ ہم ستم زدگاں کا جہان ہے — جس میں کہ ایک بیضۂ مور آسمان ہے — ص۲۰۳

بیعتِ[۱] بیدل: ہے خامہ، فیضِ بیعتِ بیدل بہ کف اسد! — یک نیستاں قلمرو اعجاز ہے مجھے — ص۱۰۳

بیکار[۲]: (۱) حیرت سے ترے جلوے کی از بس کہ ہیں بیکار — نور، قطرۂ شبنم میں ہے جوں شمع بہ فانوس — ص۴۶

(۲) ساز یک ذرہ نہیں فیضِ چمن سے بیکار — سایۂ لالۂ بے داغ، سویدائے بہار — ص۱۳۲

(۳) کاٹ کر پھینکیے ناخن تو بہ اندازِ ہلال — قوتِ نامیہ اُس کو بھی نہ چھوڑے بیکار — ص۱۳۲

(۴) یک ذرۂ زمیں نہیں بیکار باغ کا — یہاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا — ص۱۳۹

---

۱ بیعت : ایک بار [مرتب]۔

۲ بیکار : پانچ بار [مرتب: ایک بار]۔

(۵) دیکھیے: دستِ بیکار۔

بیکاریِ تسلیم: بیکاریِ تسلیم بہ ہر رنگ چمن ہے گر خاک ہو، گلدستۂ صد نقشِ قدم باندھ ص۱۷

بیکاریِ جنوں: بیکاریِ جنوں کو ہے سر پیٹنے کا شغل جب ہاتھ ٹوٹ جائیں تو پھر کیا کرے کوئی؟ ص۲۱۶

بیکاریِ خود آرائی: نظر پرستی و بیکاریِ خود آرائی رقیبِ آئنہ ہے حیرتِ تماشائی ص۱۱۰

بیکساں[1]: دیکھیے ـــــــ: شاہِ بیکساں۔

بیکسی[2]: (۱) بے دماغِ خجلت ہوں، رشکِ امتحاں تا کے؟ ایک بیکسی تجھ کو عالم آشنا پایا ص۱۲

(۲) خود پرستی سے، رہے باہدگر نا آشنا بیکسی میری شریک، آئینہ تیرا آشنا ص۱۹

(۳) ہاتھ آیا زخمِ تیغِ یار سا پہلو نشیں کیوں نہ ہووے آج کے دن بیکسی کی روح شاد ص۳۹

(۴) مجھ کو دیارِ غیر میں مارا وطن سے دور رکھ لی مرے خدا نے میری بیکسی کی شرم ص۱۷۷

(۵) دل لگا کر، لگ گیا اُن کو بھی تنہا بیٹھنا بارے، اپنی بیکسی کی ہم نے پائی داد یہاں ص۱۷۹

(۶) ڈالا نہ بیکسی نے کسی سے معاملہ اپنے سے کھینچتا ہوں، خجالت ہی کیوں نہ ہو ص۱۹۳

(۷) ناچار بیکسی کی بھی حسرت اُٹھایئے دُشواریِ رہ و ستمِ ہمرہاں نہ پوچھ ص۲۰۱

دیکھیے ـــــــ: (۸) جنونِ بیکسی۔ (۹) وحشتِ دردِ بیکسی۔

بیکسی افسردہ: بیکسی افسردہ ہوں، اے ناتوانی کیا کروں! جلوۂ خرشید سے ہے گرم پہلوے ہلال ص۵۲

بیکسیِ عشق: آئے ہے بیکسیِ عشق پہ رونا غالبؔ! کس کے گھر جائے گا سیلابِ بلا میرے بعد! ص۱۲۶

بیکسی ہاے تمنا: بیدلی ہاے تماشا! کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق بیکسی ہاے تمنا! کہ نہ دُنیا ہے نہ دیں ص۱۳۳

بیکسی ہاے شبِ ہجر: بیکسی ہاے شبِ ہجر کی وحشت، ہے ہے! سایہ، خرشیدِ قیامت میں ہے پنہاں مجھ سے ص۲۱۲

بیگانہ[3]: دیکھیے ـــــــ: (۱) آشنا تعبیرِ خوابِ سبزۂ بیگانہ۔ (۲)، (۳) سبزۂ بیگانہ [دوبار]۔ (۴) مستِ بیگانہ۔ (۵) ہر بیگانہ۔

---

[1] بیکاری : تین بار [مرکب]۔
بیکساں : ایک بار [مرکب]۔

[2] بیکسی : گیارہ بار [مفرد: سات بار، مرکب: چار بار]۔
بیکسی ہا : دوبار [مرکب]۔

[3] بیگانہ : آٹھ بار [مرکب]۔

بیگانۂ تاثیر: نظر بازی: طلسمِ وحشت آبادِ پرستاں ہے — رہا بیگانۂ تاثیر افسوں آشنائی کا — ص۱۹

بیگانۂ وفا: بیگانۂ وفا ہے ہوائے چمن ہنوز — وہ سبزہ سنگ پر نہ اُگا کوہکن ہنوز — ص۴۲

(۲) ہے وہ غرورِ حُسن سے بیگانۂ وفا — ہر چند اُس کے پاس دلِ حق شناس ہے — ص۲۰۵

بیگانگی[1]: (۱) دوستی کا پردہ ہے بیگانگی — مُنہ چھپانا ہم سے چھوڑا چاہیے — ص۲۲۳

(۲) دیکھیے: بہانۂ بیگانگی۔

بیگانگیِ خلق: بیگانگیِ خلق سے بے دل نہ ہو غالبؔ — کوئی نہیں تیرا تو مری جان! خدا ہے — ص۲۱۹

بیگانگیِ خوہا: بیگانگیِ خوہا موجِ رمِ آہو ہا — دامِ گلۂ الفت زنجیرِ پشیمانی — ص۱۰۹

بیگم[2]: گاتی تھیں شمرو کی بیگم: تتّا ہا یا ہو — دودھ میں پکے تھے شلغم، تتّا ہا یا ہو — ص۲۰۱

بیم[3]: (۱) سبحہ گرداں ہے اُسی کے کفِ اُمید کا ابر — بیم سے جس کے صبا توڑے ہے صد جا زنّار — ص۴

(۲) موجِ ابروے قضا جس کے تصور سے دو نیم — بیم سے جس کے دلِ شحنۂ تقدیر فگار — ص۵

(۳) کوہ کو بیم سے اُس کے، ہے جگر باختگی — نہ کرے نذرِ صدا ورنہ متاعِ تمکیں — ص۸

(۴) ہر گام آبلے سے ہے دل در تہِ قدم — کیا بیم اہلِ درد کو سختیِ راہ کا — ص۱۹

(۵) یک جانب اے اسدؔ! شبِ فرقت کا بیم ہے — دامِ ہوس ہے زلفِ دل آویز یک طرف — ص۳۹

(۶) اللہ رے تیری تُندیِ خو! جس کے بیم سے — اجزائے نالہ دل میں مرے رزقِ ہم ہوئے — ص۲۲۶

(۷) دیکھیے: پریشانیِ بیم۔

بیمِ خزاں: گل، چہرہ ہے کسو خفقانی مزاج کا — گھبرا رہی ہے بیمِ خزاں سے بہار، حیف! — ص۳۹

بیمِ رسوائی: خرابِ نالۂ بلبل، شہیدِ خندۂ گل — ہنوز دعویِ تمکین و بیمِ رسوائی! — ص۱۱۰

بیمِ رقیب: بیمِ رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش — مجبور یہاں تلک ہوئے، اے اختیار حیف! — ص۱۴۲

بیمِ طبعِ نازکِ خوباں: بیمِ طبعِ نازکِ خوباں سے وقتِ سیرِ باغ — ریشۂ زیرِ زمیں کو بھی دویدن منع ہے — ص۱۴۳

بیمِ گزند: تغافل، بدگمانی، بلکہ میری سخت جانی سے — نگاہِ بے حجابِ ناز کو بیمِ گزند آیا — ص۱۱

---

[1] بیگانگی : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔

[2] بیگم : ایک بار۔

[3] بیم : پندرہ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: نو بار]۔

بیمِ ملامت: نہ فکرِ سلامت، نہ بیمِ ملامت ز خود رفتگی ہاے حیرت سلامت ص۳۳

بیمناک: گاہ بہ خلد اُمیدوار، گہ بہ جحیم بیمناک گرچہ خدا کی یاد ہے، کُلفتِ ماسوا سمجھ ص۴۲

بیم واُمید: شکوہ و شکر کو ثمر بیم و اُمید کا سمجھ خانۂ آگہی خراب! دل نہ سمجھ، بلا سمجھ ص۴۲

بیمار[1]: (۱) اے خوشا! فیضِ ہواے چمنِ نشوونما بادہ پُرزور و نفَس مست و مسیحا بیمار ص۳

(۲) عیادت سے اسدؔ! میں بیش تر بیمار رہتا ہوں سبب ہے ناخنِ دخلِ عزیزاں سینہ خستن کا ص۲۷

(۳) تیرے بیمار پہ ہیں فریادی وہ جو کاغذ میں دوا باندھتے ہیں ص۵۸

(۴) پڑیے گر بیمار تو کوئی نہ ہو بیمار دار [دیکھیے: بیماردار]۔ ص۱۹۶

(۵) کم نہیں نازشِ ہم نامیِ چشمِ خوباں تیرا بیمار، بُرا کیا ہے، گر اچھا نہ ہوا ص۱۹۲

(۶) کیوں نہ ہو چشمِ بتاں محوِ تغافل، کیوں نہ ہو یعنی اس بیمار کو نظارے سے پرہیز ہے ص۲۱۳

(۷) اُن کے دیکھے سے جو آجاتی ہے منہ پر رونق وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے ص۲۳۹

(۸) ہوں دردِ ہلاکِ نامہ بر سے بیمار قارورہ مرا خونِ کبوتر ہے آج ص۲۵۷

دیکھیے ــــــ: (۹) یادِ افسانۂ بیمار۔ (۱۰) تبخالِ لبِ بیمار۔ (۱۱) عاشقِ بیمار۔ (۱۲) نبضِ بیمار۔ (۱۳) نبضِ دلِ بیمار۔

بیمارِ محوِ خودرفتہ: دیکھیے: دلِ بیمار از خودرفتہ۔

بیمارِ بدخو: دیکھیے: نالۂ بیمارِ بدخو۔

بیمار پُرسی: نیاز جلوہ ریزی طاقتِ بالیں شکستن ہا تکلف کو خیال آیا ہو گر بیمار پُرسی کا ص۲۹

بیماردار: (۱) لو، ہم مریضِ عشق کے بیمار دار ہیں اچھا اگر نہ ہو تو مسیحا کا کیا علاج ص۱۹۵

(۲) پڑیے گر بیمار تو کوئی نہ ہو بیماردار اور اگر مرجایئے تو نوحہ خواں کوئی نہ ہو ص۱۹۶

بیمارِ دوست: عشق میں بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے کشتۂ دشمن ہوں آخر، گرچہ تھا بیمارِ دوست ص۱۹۳

بیمارِ محبت: دیکھیے: عرضِ حیرانیِ بیمارِ محبت۔

---

[1] بیمار : اُنیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: گیارہ بار]۔
بیماروں : ایک بار۔
بیمارداری : دو بار۔
بیماری : ایک بار [مرکب]۔

بیمارِ وفا: دیکھیے: نبضِ بیمارِ وفا۔

بیماروں: داد خواہِ تپش و مُہرِ خموشی برلب / کاغذِ سرمہ ہے جامہ ترے بیماروں کا ص۲۸

بیماریِ غم: کیا کہوں بیماریِ غم کی فراغت کا بیاں / جو کہ کھایا خونِ دل، بے منتِ کیموس تھا ص۱۵۲

بینا[1] : دیکھیے ___: (۱) چشمِ بینا۔ (۲) دیدۂ بینا۔ (۳) نشاطِ دیدۂ بینا۔

بینائی[2]: (۱) سبزہ و گل کو دیکھنے کے لیے / چشمِ نرگس کو دی ہے بینائی ص۲۱۰

(۲) غرض اس سے ہیں چاردہ معصوم / جن سے ہے چشمِ جاں کو بینائی ص۲۶۳

بینش[3]: بینش بہ سعیِ ضبطِ جنوں نو بہار تر / دل در گدازِ نالہ، نگہ آبیار تر ص۴۰

دیکھیے ___: (۲)، (۳)، (۴) اہلِ بینش [تین بار]۔ (۵) جلوۂ بینش۔ (۶) چشمِ بینش۔ (۷) سازِ بینش۔ (۸) عبرتِ بینش۔ (۹) گدازِ سعیِ بینش۔

بینش پناہ: دیکھیے: جلوۂ بینش پناہ۔

بینوا[4]: (۱) دل کارگاہِ فکر و اسدؔ بینوائے دل / یہاں سنگِ آستانۂ بیدلؔ ہے آئنہ ص۷۰

(۲) تھا میں اک بینوائے گوشہ نشیں / تھا میں اک دردمندِ سینہ فگار ص۱۲۵

(۳) ہزار آفت و یک جانِ بینوائے اسدؔ / خدا کے واسطے اے شاہِ بیکساں فریاد!

بینوائی[5]: دیکھیے: یک برگِ بینوائی۔

بینوائی تر: بینوائی تر صدائے نغمۂ شہرت اسدؔ! / بوریا یک نیستاں عالم بلند آوازہ تھا ص۱۷

بیہدہ گوئی[6]: معافِ بیہدہ گوئی ہیں ناصحانِ عزیز / دلِ بہ دستِ نگارے نداده رکھتے ہیں ص۹۳

بیہودہ[7]: پنبۂ مینائے مے رکھ لو تم اپنے کان میں / مے پرستاں! ناصحِ بے صرفہ گو بیہودہ ہے ص۱۰۳

---

[1] بینا : تین بار [مرکب]۔
[2] بینائی : دوبار۔
[3] بینش : دس بار [مفرد: ایک بار، مرکب: نو بار]۔
[4] بینوا : تین بار [مرکب]۔
[5] بینوائی : دوبار [مرکب]۔
[6] بیہدہ : ایک بار [مرکب]۔
[7] بیہودہ : ایک بار۔

پ

پا[1] :

(۱) گو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز — آبلے پا کے ہیں یہاں رفتار کو دندانِ عجز — ص۴۴

(۲) پا پُر از آبلہ راہِ طلبِ مَے میں ہوا — ہاتھ آیا نہیں یک دانۂ انگور ہنوز — ص۴۵

(۳) سرشکِ آشفتہ سر تھا قطرہ زن مژگاں سے جانے میں — رہے یہاں شوخیِ رفتار سے پا آستانے میں — ص۵۸

(۴) نہ سووے آبلوں میں گر سرشکِ دیدۂ نم سے — بہ جولاں گاہِ نومیدی نگاہِ عاجزاں، پا ہے — ص۸۵

(۵) فروغِ حُسن سے ہوتی ہے حلِّ مشکلِ عاشق — نہ نکلے شمع کے پا سے، نکالے گر نہ خار، آتش — ص۱۲۳

(۶) رَو میں ہے رخشِ عمر، کہاں دیکھیے تھمے — نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں — ص۱۸۹

[چھے بار بہ طورِ ردیف، ص۲۹]:

(۷)،(۸) ہے تنگ ز واماندہ شدن حوصلۂ پا — جو اشک گرا خاک میں، ہے آبلۂ پا

(۹)،(۱۰) سرمنزلِ ہستی سے ہے صحرائے طلب دور — جو خط ہے کفِ پا پہ سو ہے سلسلۂ پا

(۱۱) دیدار طلب ہے دلِ واماندہ کہ آخر — نوکِ سرِ مژگاں سے رقم ہو گلۂ پا

(۱۲) آیا نہ بیانِ طلب کام، زباں تک — تبخالۂ لب ہو نہ سکا آبلۂ پا

(۱۳) فریاد سے پیدا ہے اسدؔ گرمیِ وحشت — تبخالۂ لب ہے جرسِ آبلۂ پا

دیکھیے ——— : (۱۴)،(۱۵)،(۱۶) آبلہ پا [تین بار]۔(۱۷) آبلۂ پا۔(۱۸) آتش زیرِ پا۔(۱۹) آغوشِ نقشِ پا۔(۲۰) اضطرابِ چشم بر پادوختہ۔(۲۱) اک آبلہ پا۔(۲۲) ایک نقشِ پا۔(۲۳) برہنہ پا۔(۲۴)،(۲۵) بوسہ

---

[1] پا : ایک سوتیس بار [مفرد: چھے بار، مرکب: ایک سوچوبیس بار]۔

پاانداز : ایک بار [مرکب]۔

پابوس : ایک بار [مرکب]۔

پا [دوبار]۔ (۲۶)، (۲۷) بے سروپا [دوبار]۔ (۲۸) پیشِ پا اُفتادہ۔ (۲۹) حکایتِ صبرِ گریز پا۔ (۳۰) حیرتِ نقشِ پا۔ (۳۱) خارِ پا۔ (۳۲) خلوتِ آبلۂ پا۔ (۳۳)_(۳۷) دست و پا [پانچ بار]۔ (۳۸) دل فریبیِ انداز نقشِ پا۔ (۳۹) ذوقِ کھینچیِ نقشِ کفِ پا۔ (۴۰)، (۴۱) رشتۂ پا [دوبار]۔ (۴۲) زنجیرِ پا۔ (۴۳) زنجیر بہ پا۔ (۴۴) زنجیرِ نقشِ پا۔ (۴۵)، (۴۶) سرتاپا [دوبار]۔ (۴۷) سرتا بہ پا۔ (۴۸) سرتاپا گداز۔ (۴۹) صدائے پا۔ (۵۰) طرفِ آبلۂ پا۔ (۵۱) قطرۂ بے دست و پا۔ (۵۲)_(۵۵) کفِ پا [چار بار]۔ (۵۶) گردِ شاخِ گلِ پا۔ (۵۷)_(۶۰) لغزشِ پا [چار بار]۔ (۶۱) محملِ خوابِ پا۔ (۶۲) مرتبۂ پشتِ پا۔ (۶۳) مرغِ رشتہ بر پا۔ (۶۴) ناخنِ پا۔ (۶۵)_(۷۲) نقشِ پا [آٹھ بار]۔ (۷۳) یک مژہ خوابِ پا۔

پا اُفتادگیِ نشہ: ہے ز پا اُفتادگیِ نشہ بیماری مجھے ۔۔۔ بے تحن تبخالۂ لب، دانۂ انگور ہے ص۹۳

پا اُفتادہ: دیکھیے: دلِ بے دست و پا اُفتادہ۔

پا اُفتادۂ انداز یادِ حُسنِ سبز: ہوں ز پا اُفتادۂ انداز یادِ حُسنِ سبز ۔۔۔ کس قدر ہے نشہ فرسائے خمارِ بنگ، دل ص۵۳

پا اُفتادۂ زنہار: بس کہ حیرت سے ز پا اُفتادۂ زنہار ہے ۔۔۔ ناخنِ انگشت تبخالِ لبِ بیمار ہے ص۸۳

پا اُفتادۂ حسرت: برائے حلِ مشکل ہوں ز پا اُفتادۂ حسرت ۔۔۔ بندھا ہے عقدۂ خاطر سے پیماں خاکساری کا ص۱۸

پا انداز: دیکھیے: فرشِ پا انداز۔

پابوس: دیکھیے: ہلاکِ حسرتِ پابوس۔

پا بہ حنا: (۱) حسنِ افسردہ دلی ہا رنگیں ۔۔۔ شوق کو پا بہ حنا باندھتے ہیں ص۵۸

(۲) تیری فرصت کے مقابل اے عمر! ۔۔۔ برق کو پا بہ حنا باندھتے ہیں ص۱۸۱

پا بہ دامن: پا بہ دامن ہو رہا ہوں بس کہ میں صحرا نورد ۔۔۔ خارِ پا ہیں جوہرِ آئینۂ زانو مجھے ص۲۰۸

پا بہ رکاب: صفا و شوخی و اندازِ حُسن پا بہ رکاب ۔۔۔ خطِ سیاہ سے ہے گردِ کارواں پیدا ص۳۳۶

پا بہ زنجیرِ رمِ آہو: باعثِ واماندگی ہے عمرِ فرصت جو مجھے ۔۔۔ کردیا ہے پا بہ زنجیرِ رمِ آہو مجھے ص۷۸

پا در حنا: (۱) برقِ بہار سے ہوں میں پا در حنا ہنوز ۔۔۔ اے خارِ دشت! دامنِ شوقِ رمیدہ کھینچ ص۳۶

(۲) شرارِ سنگ سے پا در حنا گلگونِ شیریں ہے ۔۔۔ ہنوز اے تیشۂ فرہاد! عرضِ آتشیں پائی ص۹۲

(۲) بہار شوخ و چمن تنگ و رنگِ گل دل چسپ — نسیم باغ سے پا در حنا نکلتی ہے — ص ۲۵۲

پا در رفتہ خارِ جستجو: شمع ہوں لیکن بہ پا در رفتہ خارِ جستجو — مدعا گم کردہ ہر سو، ہر طرف جلتا ہوں میں — ص ۴۳

پا در رکاب: آنکھوں میں انتظار سے جاں پُر شتاب ہے — آتا ہے آ، وگرنہ یہ پا در رکاب ہے — ص ۲۵۳

پا کوبیاں: بس کہ وہ پا کوبیاں در پردۂ وحشت ہیں یاد — ہے غلافِ دلچۂ خرشید ہر یک گردباد — ص ۳۸

پا نشستن ہا: دل از اضطراب آسودہ طاعت گاہ داغ آیا — بہ رنگِ شعلہ ہے مُہرِ نماز از پا نشستن ہا — ص ۲۳

پائے اجل: دیکھیے: حنائے پائے اجل۔

پائے افگار: پائے افگار پہ جب سے تجھے رحم آیا ہے — خارِ رہ کو ترے ہم مہر گیا کہتے ہیں — ص ۱۸۸

پائے بُت: دیکھیے: سر بہ پائے بُت نانہادہ۔

پائے بہار: لنگرِ عیش پہ سرشار تماشائے دوام — کہ رہے خونِ خزاں سے بہ حنا پائے بہار — ص ۷

پائے بہ زنجیر: (۱) ہے گرفتاریِ نیرنگِ تماشا، ہستی — پرِ طاؤس سے دل پائے بہ زنجیر آیا — ص ۲۷

(۲) اُس بیاباں میں گرفتارِ جنوں ہوں کہ جہاں — موجۂ ریگ سے دل پائے بہ زنجیر آوے — ص ۱۱۳

پائے تحمل: حسرتِ دستگہ و پائے تحمل تاچند؟ — رگِ گردن خطِ پیمانہ ہے مُل تاچند؟ — ص ۳۹

پائے ثبات: (۱) شمع آسا چہ سرِ دعوی و کو پائے ثبات — گُلِ صد شعلہ بہ یک جیب شکیبائی ہے — ص ۱۰۴

(۲) زخمی ہوا ہے پاشنہ پائے ثبات کا — نے بھاگنے کی گوں نہ اقامت کی تاب ہے — ص ۲۰۶

پائے جستجو: دیکھیے: نقشِ پائے جستجو۔

پائے چوبیں: عذرِ لنگ، آفتِ جولانِ ہوس ہے یارب! — جل اُٹھے گرمیِ رفتار سے پائے چوبیں — ص ۸

پائے حنائی: عیاں ہے پائے حنائی بہ رنگِ پرتوِ خُور — رکاب، روزنِ دیوارِ خانۂ زیں ہے — ص ۱۰۳

پائے خامۂ مُو: بہ پائے خامۂ مُو طے رہِ وصفِ کمر کیجیے — کہ تارِ جادۂ سرِ منزلِ نازک خیالی ہے — ص ۷۹

پائے خزاں: دیکھیے: حنائے پائے خزاں۔

پائے خضر: دیکھیے: نقشِ پائے خضر۔

سرو بے دل سے عیاں عکسِ خیالِ قدِ یار ص۳

(۲) جوہر ایجادِ خطِ سبز ہے خود بینیٔ حُسن
جو نہ دیکھا تھا سو آئینے میں پنہاں نکلا ص۱۳

(۳) جہاں مٹ جائے سعیِ دید، خضرِ آبادِ آسایش
بہ جیبِ ہر نگہ پنہاں ہے حاصل رہ نمائی کا ص۱۶

(۴) ہوس گستاخیِ آئینہ تکلیفِ نظر بازی
بہ جیبِ آرزو پنہاں ہے حاصل دل ربائی کا ص۱۶

(۵) شکوۂ یاراں غبارِ دل میں پنہاں کر دیا
غالبؔ! ایسے گنج کو شایاں یہی ویرانہ تھا ص۲۵

(۶) عروجِ نشّۂ واماندگی، پیمانہ محمل تر
بہ رنگِ ریشۂ تاک آبلے جادے میں پنہاں ہیں ص۶۳

(۷) بہ نقصِ ظاہری، رنگِ کمالِ طبع پنہاں ہے
کہ بہرِ مدعائے دل، زبانِ لال زنداں ہے ص۸۰

(۸) نہیں ہے مُردنِ صاحب دلاں جُز کسبِ جمعیت
سویدا میں نَفَس، مانندِ خط نقطے میں پنہاں ہے ص۸۱

(۹) دام گر سبزے میں پنہاں کیجیے، طاؤس ہو
جوشِ نیرنگِ بہارِ عرضِ صحرا دادہ ہے ص۸۹

(۱۰) گرچہ ہوں دیوانہ پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب
آستیں میں دشنہ پنہاں، ہاتھ میں نشتر کھلا ص۱۹۰

(۱۱) سب کہاں، کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں، کیا صورتیں ہوں گی، کہ پنہاں ہو گئیں! ص۱۹۱

(۱۲) بیکسی ہائے شبِ ہجر کی وحشت ہے ہے!
سایہ خرشیدِ قیامت میں ہے پنہاں مجھ سے ص۲۱۲

(۱۳) بزمِ مے وحشت کدہ ہے کس کی چشمِ مست کا؟
شیشے میں نبضِ پری پنہاں ہے موجِ بادہ سے ص۲۱۷

(۱۴) پنہاں تھا دام، سخت قریب آشیان کے
اُڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوئے ص۲۲۶

[آٹھ بار بہ طورِ جُزوِ ردیف، ص۱۰۹]:

(۱۵)، (۱۶) خوابِ غفلت بہ کمیں گاہِ نظر پنہاں ہے
شام، سایے میں بہ تاراجِ سحر پنہاں ہے

(۱۷) دو جہاں: گردشِ یک سجۂ اسرارِ نیاز
نقدِ صد دل بہ گریبانِ سحر پنہاں ہے

(۱۸) خلوتِ دل میں نہ کر دخل بجز سجدۂ شوق
آستاں میں صفتِ آئنہ در پنہاں ہے

(۱۹) فکرِ پروازِ جنوں ہے، سببِ ضبط نہ پوچھ
اشک جوں بیضہ، مژہ سے تہِ پر پنہاں ہے

(۲۰) ہوش اے ہرزہ درا! تُہمتِ بیدردی چند؟
نالہ در گردِ تمنائے اثر پنہاں ہے

---

[1] پنہاں : تیس بار [مفرد: بائیس بار، مرکب: آٹھ بار]۔
پنہانی : ایک بار [مرکب]۔

(۲۱) وہمِ غفلت مگر احرامِ فسردن باندھے   ورنہ ہر سنگ کے باطن میں شرر پنہاں ہے

(۲۲) وحشتِ دل ہے اسدؔ! عالمِ نیرنگِ نشاط   خندۂ گل بہ لبِ زخمِ جگر پنہاں ہے

دیکھیے ـــــ : (۲۳) پردۂ تبسمِ پنہاں۔ (۲۴) تبسم ہائے پنہاں۔ (۲۵) سوزشِ داغ ہائے پنہاں۔ (۲۶) صہبائے آتشِ پنہاں۔ (۲۷)، (۲۸) غمِ پنہاں [دوبار]۔ (۲۹) غم ہائے پنہاں۔ (۳۰) کشاکشِ غمِ پنہاں۔

پنہانی: دیکھیے: محوِ پرسش ہائے پنہانی۔

پود[۱]: (۱) گل کدۂ تلاش کو ایک ہے رنگ، ایک بو   ریختے قماش کو پود ہے ایک، تار ایک   ص۲۹۶

(۲)، (۳) دیکھیے: تار و پود [دوبار]۔

پود و تارِ نغمہ: غفلت استعداد ذوق و مدعا غافل اسدؔ   پنبۂ گوشِ حریفاں پود و تارِ نغمہ ہے   ص۸۷

پوست[۲]: درد سے در پردہ دی مژگاں سیاہاں نے شکست   ریزہ ریزہ استخواں کا پوست میں نشتر ہوا   ص۴۰

پوشش[۳]: کیوں نہ درکار ہو مجھے پوشش   جسم رکھتا ہوں، ہے اگرچہ نزار   ص۱۳۶

پوشش سیاہ: دیکھیے: کعبۂ پوشش سیاہ۔

پوشیدن[۴]: دیکھیے: سر بہ مُہرِ چشم پوشیدن۔

پوشیدنی ہا: دیکھیے: مژہ پوشیدنی ہا۔

پوشیدہ[۵]: (۱) بس کہ مے پیتے ہیں اربابِ فنا پوشیدہ   خطِ پیمانۂ مے، ہے نفسِ دزدیدہ   ص۱۷

(۲) میں تجھ سے اور مجھ سے تو پوشیدہ   ہے مفت نگاہ کا مقابل ہونا   ص۱۱۷

(۳) دیکھیو، غالبؔ سے گر اُلجھا کوئی!   ہے ولی پوشیدہ اور کافر کھلا   ص۱۳۰

پوشیدہ افسوں: کاوشِ دزدِ حنا پوشیدہ افسوں ہے مجھے   ناخنِ انگشتِ خوباں نعلِ وارُوں ہے مجھے   ص۹۹

پوشیدہ چشمی ہائے ناز: حُسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمی ہائے ناز   عشق نے وا کی ہے ہر یک خار سے مژگانِ عجز   ص۴۴

پھپھولے[۶]: دیکھیے: جلے پھپھولے۔

---

۱ پود : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔
۲ پوست : ایک بار۔
۳ پوشش : دوبار [مرکب: ایک بار]۔
۴ پوشیدن : ایک بار [مرکب]۔ پوشیدنی ہا : ایک بار [مرکب]۔
۵ پوشیدہ : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دو بار]۔
۶ پھپھولے : ایک بار۔

پہلو[1]: (۱) حیدن، دل کو سوزِ عشق میں خوابِ فراش ہے — رکھا اسپند نے جگر میں پہلو گرم تمکیں کا — ص۲۹

(۲) دل کو توڑا جوشِ بیتابی سے غالبؔ کیا کیا! — رکھ دیا پہلو بہ وقتِ اضطراب آئینے پر — ص۳۰

(۳) یہ آتشِ ہمسایہ کہیں گھر نہ جلا دے — کی ہے دلِ سوزاں نے مرے پہلو میں جا گرم — ص۲۲۸

دیکھیے:(۴) ایک ہی پہلو۔ (۵) دستِ زیرِ پہلو۔ (۶) صد پہلو۔ (۷) فغانِ دل بہ پہلو۔ (۸) گردشِ پہلو۔

پہلو تہی: پہلو تہی نہ کر غم و اندوہ سے اسدؔ! — دل وقفِ درد رکھ کہ فقیروں کا مال ہے — ص۷۵

(۲) تغافل دوست ہوں، میرا دماغِ عجز عالی ہے — اگر پہلو تہی کیجے تو جا میری بھی خالی ہے — ص۲۰۹

پہلو نشیں: ہاتھ آیا زخمِ تیغِ یار سا پہلو نشیں — کیوں نہ ہووے آج کے دن بیکسی کی روح شاد — ص۳۸

پہلوے اندیشہ: نازشِ ایامِ خاکستر نشینی کیا کہوں — پہلوے اندیشہ وقفِ بسترِ سنجاب تھا — ص۱۳۵

پہلوے چشم: مژہ، پہلوے چشم اے جلوۂ ادراک! باقی ہے — ہوا وہ شعلہ خاک اور شوخیِ خاشاک باقی ہے — ص۱۰۷

پہلوے حیات: اے کاش! بتاں کا خنجرِ سینہ شگاف — پہلوے حیات سے گزر جاتا صاف — ص۱۱۷

پہلوے خیال: دیکھیے: چربیِ پہلوے خیال۔

پہلوے ماہ: خدا نے اُس کو دیا ایک خوب رو فرزند — ستارہ جیسے چمکتا ہوا بہ پہلوے ماہ — ص۲۷۷

پہلوے ہلال: بیکسی افسردہ ہوں اے ناتوانی! کیا کروں — جلوۂ خرشید سے ہے گرم پہلوے ہلال — ص۵۲

پہلے[2]: (۱) پیچھے ڈالی ہے سرِ رشتۂ اوقات میں گانٹھ — پہلے ٹھونکی ہے بنِ ناخنِ تدبیر میں کیل — ص۱۲۳

(۲) قیدِ حیات و بندِ غم، اصل میں دونوں ایک ہیں — موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں! — ص۱۹۳

(۳) کروں بیدادِ ذوقِ پر فشانی عرض، کیا قدرت — کہ طاقت اُڑ گئی، اُڑنے سے پہلے میرے شہ پر کی — ص۲۰۷

(۴) حُسنِ فروغِ شمعِ سخن دور ہے اسدؔ! — پہلے دلِ گداختہ پیدا کرے کوئی — ص۲۱۵

(۵) خوب تھا پہلے سے ہوتے جو ہم اپنے بدخواہ — کہ بھلا چاہتے ہیں اور برا ہوتا ہے — ص۲۴۱

پہلے ہی: (۱) دل اُس کو پہلے ہی ناز و ادا سے، دے بیٹھے — ہمیں دماغ کہاں حُسن کے تقاضا کا — ص۱۳۸

(۲) دل کو ہم صرفِ وفا سمجھے تھے، کیا معلوم تھا — یعنی یہ پہلے ہی نذرِ امتحاں ہو جائے گا — ص۱۵۱

---

[1] پہلو : سترہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: چودہ بار]۔ — پہلے ہی : دو بار۔

[2] پہلے : پانچ بار۔

پھندے[۱]: نہیں کچھ سُبحہ و زُنّار کے پھندے میں گیرائی — وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمایش ہے — ص ۲۲۳

پھن[۲]گشتن ہاے دل: پھن گشتن ہاے دل بزمِ نشاط گرد باد — لذّتِ عرضِ کشادِ عقدۂ مشکل نہ پوچھ — ص ۴۲

پھوڑے[۳]: دل اُس کا پھوڑ کے نکلے بہ شکل پھوڑے کے — خدا کرے کہ کرے اس طرح اُبھار گرہ — ص ۲۷۹

پھول[۴]: دیکھیے: املی کے پھول۔

پھولوں[۵]: (۱) لالہ و گل بہم آیینۂ اخلاقِ بہار — ہوں میں وہ داغ کہ پھولوں میں بسایا ہے مجھے — ص ۱۰۸

(۲) جو آئے، جام بھر کے پیے اور ہو کے مست — سبزے کو روندتا پھرے، پھولوں کو جائے پھاند — ص ۱۲۸

(۳) جی میں اترائیں نہ موتی کہ ہمیں ہیں اک چیز — چاہیے پھولوں کا بھی ایک، مقرّر سہرا — ص ۲۸۷

(۴) جب کہ اپنے میں سماویں نہ خوشی کے مارے — گوندھے پھولوں کا بھلا پھر کوئی کیونکر سہرا — ص ۲۸۷

(۵) اُس شعلے نے گُلوں کو جو گلشن میں کیا گرم — پھولوں کو ہوئی بادِ بہاری وہ ہوا گرم — ص ۴۲۸

پے[۶]: (۱)، (۲)، (۳) دیکھیے: رگ و پے [تین بار]۔

(۴) پے بہ مقصد بُردنی ہے خضر ہے سے اے اسدؔ! — جادۂ منزل ہے خطِ ساغرِ مُل کے تلے — ص ۴۵۴

پے بُردن: دیکھیے: دخل پے بُردن۔

پے بہ پے: بس کہ روکا میں نے اور سینے میں اُبھریں پے بہ پے — میری آہیں بخیۂ چاکِ گریباں ہو گئیں — ص ۱۹۲

پے مور: دیکھیے: نقشِ پے مور۔

پے ناقۂ سلمیٰ: دیکھیے: نقشِ پے ناقۂ سلمیٰ۔

پیادہ[۷]: (۱) امامِ وقت کی یہ قدر ہے کہ اہلِ عناد — پیادہ لے چلیں اور ناسزا کہیں اُس کو — ص ۲۸۵

(۲) دیکھیے: ہر پیادہ۔

---

۱ پھندے : ایک بار۔
۲ پھن : ایک بار [مرکب]۔
۳ پھوڑے : ایک بار۔
۴ پھول : ایک بار۔
۵ پھولوں : پانچ بار۔
۶ پے : آٹھ بار [مرکب]۔
پے بہ پے : ایک بار۔
۷ پیادہ : دو بار۔

پیار[1]: (١) اِن دل فریبیوں سے نہ کیوں اُس پہ پیار آئے | روٹھا جو بے گناہ تو بے عذر من گیا | ص ٢٩٣

(٢) ظلم ہے، گر نہ دو سخن کی داد | قہر ہے، گر کرو نہ مجھ کو پیار | ص ١٣٦

پیاس[2]: کانٹوں کی زباں سوکھ گئی پیاس سے، یارب! | اک آبلہ پا وادیِ پُرخار میں آوے | ص ٢٣٢

پیالہ[3]: (١) پلادے اوک سے ساقی! جو ہم سے نفرت ہے | پیالہ گر نہیں دیتا، نہ دے، شراب تو دے | ص ٢٢٣

(٢) دیکھیے: خطِ پیالہ۔

پیالہ وساغر: کیوں گردشِ مدام سے گھبرا نہ جائے دل | انسان ہوں، پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں | ص ١٩٠

پیام[4]: (١) مسی آلودہ ہے مُہرِ نوازش نامہ، ظاہر ہے | کہ داغ آرزوے بوسہ دیتا ہے پیام اُس کا | ص ٢٣

(٢) دیکھیے: گلِ پیام۔ (٣) مجبورِ پیام۔

پیامِ تعزیت: پیامِ تعزیت پیدا ہے اندازِ عیادت سے | شب ماتم تپِ دامانِ دودِ شمعِ بالیں ہے | ص ٨٩

پیامِ دل رسائی: کفِ موجۂ حیا ہوں بہ گزارِ عرضِ مطلب | کہ سرشک قطرہ زن ہے بہ پیامِ دل رسائی | ص ١٠

پیامِ مجلس افروزی: اگر اُس شعلہ رو کو دوں پیامِ مجلس افروزی | زبانِ شمع خلوت خانہ دیتی ہے جواب اُس کا | ص ٣٢٧

پیامِ وعدۂ دیدارِ دوست: تا کہ میں جانوں کہ ہے اِس رسائی وھاں تلک | مجھ کو دیتا ہے پیامِ وعدۂ دیدار دوست | ص ١٦٣

پیٹھ[5]: پیٹھ محراب کی قبلے کی طرف رہتی ہے | محوِ نسبت ہیں، تکلف ہمیں منظور نہیں | ص ١١٦

پیچ[6]: پیچ میں اِن کے نہ آنا زنہار | یہ نہیں ہیں گے کسو کے یارِ غار | ص ٣٦٦

پیچ دار[7]: کہاں مجالِ سخن، سانس لے نہیں سکتا | پڑی ہے غم کی مرے دل میں پیچ دار گرہ | ص ٢٧٩

پیچشِ طومار[8]: دیکھیے: واشدنِ پیچشِ طومار۔

پیچشِ طومارِ بستر: معمّاے تکلف، سر بہ مُہرِ چشم پوشیدن | گدازِ شمعِ محفل، پیچشِ طومارِ بستر ہے | ص ٨٥

پیچشِ موجِ صبا: مبادا! بے تکلف فصل کا برگ و نوا گم ہو | مگر طوفانِ مے میں پیچشِ موجِ صبا گم ہو | ص ٦٨

پیچک[9]: زہے شب زندہ دارِ انتظارستاں! کہ وحشت سے | مژہ، پیچک میں مہ کی سوزن آساچیدنی جانے | ص ١١٥

---

١ پیار : دوبار۔
٢ پیاس : ایک بار۔
٣ پیالہ : تین بار [مرکّب: دوبار]۔
٤ پیام : سات بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: چھ بار]۔
٥ پیٹھ : ایک بار۔
٦ پیچ : ایک بار۔ ٧ پیچ دار : ایک بار۔
٨ پیچش : تین بار [مرکّب]۔
٩ پیچک : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔

پیچکِ مہ: نیم رنگی ہائے شمعِ محفلِ خوباں سے ہے — پیچکِ مہ صرفِ چاکِ پردۂ فانوس و بس — ص ۳۶

پیچ وتاب[1]: (۱) مرا شمول ہر اک دل کے پیچ وتاب میں ہے — میں مدعا ہوں تپشِ نامۂ تمنا کا — ص ۱۷

(۲) نازِ خود بینی کے باعث مجرمِ صد بے گناہ — جوہرِ شمشیر کو ہے پیچ و تاب آئینے پر — ص ۴۰

(۳) میں مضطرب ہوں وصل میں خوفِ رقیب سے — ڈالا ہے تم کو وہم نے کس پیچ وتاب میں — ص ۱۸۹

(۴) اُتنا ہی مجھ کو اپنی حقیقت سے بُعد ہے — جتنا کہ وہمِ غیر سے ہوں پیچ وتاب میں — ص ۱۸۹

(۵) دل نے سُن کر، کانپ کر، کھا پیچ و تاب — غوطے میں جا کر دیا کٹ کر جواب — ص ۲۶۶

(۶) دیکھیے: طلسمِ پیچ وتاب۔

پیچ وتابِ جادہ: (۱) سختیٔ راہِ محبت منعِ دخلِ غیر ہے — پیچ وتابِ جادہ ہے یہاں جوہرِ تیغِ عسس — ص ۴۵

(۲) دشتِ الفت میں ہے خاکِ کشتگاں محبوس و بس — پیچ و تابِ جادہ ہے خطِ کفِ افسوس و بس — ص ۳۶

پیچ وتابِ خاموشی: جورِ زلف کی تقریر، پیچ و تابِ خاموشی — ہند میں اسدؔ نالاں، نالہ در صفاہاں ہے — ص ۴۵۳

پیچ وتابِ دل: رشک ہے آسایشِ اربابِ غفلت پر اسدؔ — پیچ و تابِ دل نصیبِ خاطرِ آگاہ ہے — ص ۹۳

پیچ وتابِ رشتۂ شمعِ سحر گہی: ہے پیچ و تابِ رشتۂ شمعِ سحر گہی — خجلت گدازیٔ نفسِ نارسا مجھے — ص ۷۶

پیچ وتابِ طبع: تجھے ہم مفت دیویں یک جہاں چینِ جبیں لیکن — مبادا اے پیچ و تابِ طبع! نقشِ مدعا گم ہو — ص ۶۸

پیچ وتابِ طبعِ برق آہنگ مسکن: اسدؔ کو پیچ وتابِ طبعِ برق آہنگ مسکن سے — حصارِ شعلۂ جوالہ میں عزلت گزیں پایا — ص ۲۲

پیچ وتابِ کشمکش: دیکھیے: معافِ پیچ وتابِ کشمکش۔

پیچ وتابِ نفس: دیکھیے: تدبیرِ پیچ وتابِ نفس۔

پیچ وتابِ ہوس: بہ پیچ و تابِ ہوس سلکِ عافیت مت توڑ — نگاہِ عجز سرِ رشتۂ سلامت ہے — ص ۲۱۳

پیچ وخم[2]: (۱) نہ ہو وحشت کشِ درسِ سرابِ سطرِ آگاہی — غبارِ راہ ہوں، بے مدعا ہے پیچ وخم میرا — ص ۶

(۲) بھرم کھل جائے ظالم! تیرے قامت کی درازی کا — اگر اس طرۂ پرپیچ وخم کا پیچ وخم نکلے — ص ۲۴۹

(۳) دیکھیے: طرۂ پرپیچ وخم (شعر-۲)۔

---

۱ پیچ وتاب : سولہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: گیارہ بار]۔

۲ پیچ وخم : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

پیچ وخمِ ہستی: دیکھیے: وحشتِ بے ربطیِ پیچ وخمِ ہستی۔

پیچھے:[1] پیچھے ڈالی ہے سرِ رشتۂ اوقات میں گانٹھ — پہلے ٹھونکی ہے بُنِ ناخنِ تدبیر میں کیل — ص۱۲۳

(۲) کہاں تک روؤں اُس کے خیمے کے پیچھے، قیامت ہے — مری قسمت میں یارب کیا نہ تھی دیوار پتھر کی! — ص۲۰۷

(۳) ایماں مجھے رُوکے ہے جو کھینچے ہے مجھے کفر — کعبہ مرے پیچھے ہے، کلیسا مرے آگے — ص۲۲۹

(۴) مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے — تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے — ص۲۲۸

پیچیدگی:[2] پیچیدگی ہے حاملِ طومارِ انتظار — پائے نظر بہ دامنِ شوقِ دویدہ کھینچ — ص۳۶

پیچیدگیِ بندِ قبا: وا کر سکے یہاں کون بجز کاوشِ شوخی — جوں برق ہے پیچیدگیِ بندِ قبا گرم — ص۲۲۸

پیچیدنِ فکر:[3] دیکھیے: نفسِ پیچیدنِ فکر۔

پیچیدنی: فرو پیچیدنی ہے فرشِ بزمِ عیش گستر کا — دریغا! گردش آموزِ فلک ہے دَورِ ساغر کا — ص۲۲۳

پیدا:[4] (۱) ہوائے صبح یک عالم گریباں چاکیِ گل ہے — دہانِ زخم پیدا کر، اگر کھاتا ہے غم میرا — ص۱۶

(۲) فریاد سے پیدا ہے اسدؔ! گرمیِ وحشت — تبخالۂ لب ہے جرسِ آبلۂ پا — ص۲۹

(۳) نگہ کی ہم نے پیدا رشتۂ ربطِ علائق سے — ہوئے ہیں پردہ ہائے چشمِ عبرت جلوہ حائل ہا — ص۳۳

(۴) ہم نے سوزِ زخمِ جگر پر بھی زباں پیدا نہ کی — گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد — ص۳۸

(۵) دھوئیں سے آگ کے اک ابرِ دریا بار ہو پیدا — اسدؔ! حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش — ص۴۷

(۶) بدر ہے آئینۂ طاقِ ہلال — غافلاں! نقصاں سے پیدا ہے کمال — ص۵۱

(۷) پیدا نہیں ہے اصلِ تگ و تازِ جستجو — مانندِ موجِ آب زبانِ بریدہ ہوں — ص۶۲

(۸) آنکھیں پتھرائی ہیں، نامحسوس ہے تارِ نگاہ — ہے زمیں از بس کہ سنگیں، جادہ بھی پیدا نہیں — ص۶۵

(۹) بجائے دانہ، خرمن یک بیاباں بیضۂ قمری — مرا حاصل وہ نسخہ ہے کہ جس سے خاک پیدا ہو — ص۶۷

(۱۰) ستم کشی کا کیا دل نے حوصلہ پیدا — اب اُس سے ربط کروں جو بہت ستمگر ہو — ص۶۷

(۱۱) ہُنر پیدا کیا ہے میں نے حیرت آزمائی میں — کہ جوہر آئنے کا، ہر پلک ہے چشمِ حیراں کی — ص۷۶

---

[1] پیچھے : چار بار۔

[2] پیچیدگی : دو بار [مرتب : ایک بار]۔

[3] پیچیدن : ایک بار [مرتب]۔ پیچیدنی : ایک بار [مرتب]۔

[4] پیدا : باون بار۔

(۱۲) بجز دیوانگی، ہوتا نہ انجامِ خود آرائی — اگر پیدا نہ کرتا آئنہ زنجیر جوہر کی — ص۷۷

(۱۳) پیدا کریں دماغ تماشائے سرو و گل — حسرت کشوں کو ساغر و مینا نہ چاہیے — ص۸۲

(۱۴) تغافل مشربی سے ناتمامی بس کہ پیدا ہے — نگاہِ ناز چشمِ یار میں زُنّارِ مینا ہے — ص۸۳

(۱۵) اثر سوزِ محبت کا قیامت بے محابا ہے — کہ رگ سے سنگ میں تخمِ شرر کا ریشہ پیدا ہے — ص۸۳

(۱۶) پیامِ تعزیت پیدا ہے اندازِ عیادت سے — شبِ ماتم تہِ دامانِ دودِ شمعِ بالیں ہے — ص۸۹

(۱۷) آب ہوجاتے ہیں ننگِ ہمتِ باطل سے مرد — اشک پیدا کر اسدؔ! گر آہ بے تاثیر ہے — ص۹۶

(۱۸) گر تبِ آسودۂ مژگاں تصرّف وا کرے — رشتۂ پا شوخیِ بالِ نفس پیدا کرے — ص۱۰۱

(۱۹) لعل سی کی ہے، پئے زمزمۂ مدحتِ شاہ — طوطیِ سبزۂ کہسار نے پیدا منقار — ص۱۳۲

(۲۰) لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی — چمن زنگار ہے آئینۂ بادِ بہاری کا — ص۱۳۸

(۲۱) کوہکن نقاشِ یک تمثالِ شیریں تھا اسدؔ! — سنگ سے سر مار کر ہووے نہ پیدا آشنا — ص۱۳۹

(۲۲) گردِ راہِ یار ہے سامانِ نازِ زخمِ دل — ورنہ ہوتا ہے جہاں میں کس قدر پیدا نمک — ص۱۷۵

(۲۳) درخورِ قہر و غضب جب کوئی ہم سا نہ ہوا — پھر غلط کیا ہے کہ ہم سا کوئی پیدا نہ ہوا — ص۱۹۲

(۲۴) پیدا ہوئی ہے کہتے ہیں، ہر درد کی دوا — یوں ہو تو چارۂ غمِ الفت ہی کیوں نہ ہو — ص۱۹۳

(۲۵) جب تک دہانِ زخم نہ پیدا کرے کوئی — مشکل کہ تجھ سے راہِ سخن وا کرے کوئی — ص۲۱۵

(۲۶) ہے وحشتِ طبیعتِ ایجاد یاس خیز — یہ درد وہ نہیں کہ نہ پیدا کرے کوئی — ص۲۱۵

(۲۷) حُسنِ فروغِ شمعِ سخن دور ہے اسدؔ! — پہلے دلِ گداختہ پیدا کرے کوئی — ص۲۱۶

(۲۸) بہت دنوں میں تغافل نے تیرے پیدا کی — وہ اک نگہ کہ بہ ظاہر نگاہ سے کم ہے — ص۲۲۹

(۲۹) اسدؔ کے واسطے رنگے بروئے کار ہو پیدا — غبار آوارہ و سرگشتہ ہے یا بوتراب! اُس کا — ص۲۴۷

(۳۰) غبارِ ضبط سے بھی نقشِ اظہار پیدا ہے — تراوش شیرۂ انگور کی ہے مُفتِ افشردن — ص۲۴۹

(۳۱) پیدا ہوئے ہیں ہم الم آبادِ جہاں میں — فرسودنِ پائے طلب و دستِ ہوس کو — ص۲۵۰

(۳۲) دلِ نالاں سے ہے بے پردہ پیدا — نوائے بربط و چنگ و چغانہ — ص۲۵۱

[سات بار بہ طور جزو ردیف، ص ۳۰]:

(۳۳)، (۳۴) سحر گر باغ میں وہ حیرتِ گلزار ہو پیدا — اُڑے رنگِ گل اور آئینۂ دیوار ہو پیدا

(۳۵) جناں! از ہراب اِس شدت سے دو پیکانِ ناوک کو — کہ خطِ سبز تا پشتِ لبِ سوفار ہو پیدا

(۳۶) لگے گر سنگ سر پر یار کے دستِ نگاریں سے — بجائے زخم، گل برگوشۂ دستار ہو پیدا

(۳۷) کروں گر عرض سنگینیِ کہسار اپنی بیتابی — رگِ ہر سنگ سے نبضِ دلِ بیمار ہو پیدا

(۳۸) بہ سنگِ شیشہ توڑوں ساقیا! پیمانۂ پیماں — اگر ابرِ سیہ مست از سوئے کہسار ہو پیدا

(۳۹) اسدؔ! مایوس مت ہو گرچہ رونے میں اثر کم ہے — کہ غالب ہے کہ بعد از زاریِ بسیار ہو پیدا

[سات بار بہ طور جزو ردیف، ص ۳۱]:

(۴۰)، (۴۱) گرفتاری میں فرمانِ خطِ تقدیر ہے پیدا — کہ طوقِ قمری از ہر حلقۂ زنجیر ہے پیدا

(۴۲) زمیں کو صفحۂ گلشن بنایا خوں چکانی نے — چمن بالیدنی ہا از رمِ نخچیر ہے پیدا

(۴۳) مگر وہ شوخ ہے طوفاں تراز شوقِ خوں ریزی — کہ در بحرِ کماں بالیدہ موجِ تیر ہے پیدا

(۴۴) نہیں ہے کفِ لبِ نازک پہ، فرطِ نشۂ مے سے — لطافت ہائے جوشِ حُسن کا سرشیر ہے پیدا

(۴۵) عروجِ نااُمیدی چشمِ زخمِ چرخ کیا جانے — بہارِ بے خزاں از آہِ بے تاثیر ہے پیدا

(۴۶) اسدؔ! جس شوق سے ذرّے تپش فرسا ہوں روزن میں — جراحت ہائے دل سے جوہرِ شمشیر ہے پیدا

[دو بار بہ طور ردیف، ص ۲۹۳]:

(۴۷)، (۴۸) جگر سے، ٹوٹی ہوئی ہو گئی سناں پیدا — دہانِ زخم میں آخر ہوئی زباں پیدا — ص ۲۹۳

[چار بار بہ طور ردیف، ص ۳۳۶]:

(۴۹) بسانِ سبزہ رگِ خواب ہے زباں ایجاد — کرے ہے خامشی احوالِ بے خوداں پیدا

(۵۰) صفا و شوخی و اندازِ حُسن پا بہ رکاب — خطِ سیاہ سے ہے گردِ کارواں پید

(۵۱) نہیں ہے آہ کو ایمائے تیر باریدن — وگرنہ ہے خمِ تسلیم سے کماں پیدا

(۵۲) نصیبِ تیرہ، بلا گردشِ آفریں ہے اسدؔ! — زمیں سے ہوتے ہیں صد دامن آسماں پیدا

پیدائی[ل]: (۱) باوجودِ یک جہاں ہنگامہ، پیدائی نہیں — ہیں چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ ہم ص ۱۷۷

(۲) دیکھیے: خجالت گاہِ پیدائی۔

پیدائیِ استغنا: دیکھیے: آئینۂ پیدائیِ استغنا۔

پیدائیِ تمثال تپیدن: دیکھیے: آئینۂ پیدائیِ تمثال تپیدن۔

پیدائی و اخفا: دیکھیے: سوے پیدائی و اخفا۔

پیر[ل]: دیکھیے: (۱)، (۲) فلکِ پیر (دوبار)۔

پیر زن: دی سادگی سے جان، پڑوں کوہکن کے پانو — ہیہات! کیوں نہ ٹوٹ گئے پیر زن کے پانو ص ۱۹۶

پیرِ فلک: (۱) بہ ہواے چمن جلوہ ہے طاؤس پرست — باندھے ہے پیرِ فلک موجِ شفق سے زنّار ص ۳

(۲) نقدِ انجم تا بہ کے از کیسہ بیروں ریختن — یعنی اے پیرِ فلک! شامِ جوانی مفت ہے ص ۱۱۳

پیرِ کنعاں: نسیمِ مصر کو کیا پیرِ کنعاں کی ہوا خواہی — اُسے یوسف کی بوے پیرہن کی آزمایش ہے ص ۲۳۳

پیر[ل] و مرشد: پیر و مرشد معاف کیجیے گا! — میں نے جمنا کا کچھ نہ لکھا حال ص ۲۹۷

(۲) پیر و مرشد! اگرچہ مجھ کو نہیں — ذوقِ آرایشِ سر و دستار ص ۱۲۶

پیراہن[ل]: (۱) بہرِ جاں پروردنِ یعقوب، بالِ خاک ہے — دام لیتی ہے بہ پروازِ پیراہن کی بو ص ۶۹

(۲) سمجھ اِس فصل میں کوتاہیِ نشو و نما غالبؔ! — اگر گل سرو کے قامت پہ پیراہن نہ ہو جاوے ص ۲۳

(۳) چپک رہا ہے بدن پر لہو سے پیراہن — ہمارے جیب کو اب حاجتِ رفو کیا ہے ص ۲۳

دیکھیے: (۴) خارِ پیراہن۔ (۵) دماغِ عطرِ پیراہن۔ (۵) تنگ پیراہن۔

پیراہنِ خار: جوشِ بیداد تپش سے ہوئی عریاں آخر — شاخِ گلبن پہ صبا چھوڑ کے پیراہنِ خار ص ۳

پیراہنِ خسک: کرتی ہے عاجزیِ سفر سوختن تمام — پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج ص ۳۵

پیراہنِ دریا: موج سے پیدا ہوئے پیراہنِ دریا میں خار — گریہ وحشت بے قرارِ جلوۂ مہتاب تھا ص ۱۵

پیراہن دریدن: بے خودی فرماں رواے حیرت آبادِ جنوں — زخم دوزیِ جُرم و پیراہن دریدن منع ہے ص ۱۱۲

ل پیدائی : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔

ل پیر (۱) : چھے بار [مرکب]۔

ل پیر (۲) : دو بار [مرکب]۔

ل پیراہن : تیرہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دس بار]۔

پیراہنِ دیوانہ: بس کہ جوشِ گریہ سے زیر و زبر ویرانہ تھا ـ چاکِ موجِ سیل تا پیراہنِ دیوانہ تھا ـ ص۲۵

پیراہنِ شکلِ نہالی: نشانِ بے قرارِ شوق جز مژگاں نہیں باقی ـ کئی کانٹے ہیں اور پیراہن شکلِ نہالی ہے ـ ص۷۹

پیراہنِ تجلی: دیکھیے: تکمۂ پیراہنِ تجلی۔

پیراہن[1]: (۱) تکلف، خار خارِ التماسِ بے قراری ہے ـ کہ رشتہ باندھتا ہے پیرہن انگشتِ سوزن پر ـ ص۴۱

(۲) صد تجلی کدہ ہے صرفِ جبینِ غربت ـ پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز ـ ص۴۵

(۳) نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا؟ ـ کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا ـ ص۱۳۲

دیکھیے ـــــــ: (۴) آبی پیرہن۔ (۵) بوے پیرہن۔ (۶) زینتِ یک پیرہن۔ (۷) ساماں پیرہن۔ (۸) گل پیرہن۔

پیرہنِ آرزو: دیکھیے: خارِ پیرہنِ آرزو۔

پیرہنِ زرنگار: ہمیں حریرِ شرر بافِ سنگ، خلعت ہے ـ یہ ایک پیرہنِ زرنگار رکھتے ہیں ـ ص۱۳

پیرہنِ کاغذِ ابری: پہنے ہے پیرہنِ کاغذِ ابری، نیساں ـ یہ تنک مایہ ہے فریادیِ جوشِ ایثار ـ ص۴

پیرہنستاں: بوے یوسف مجھے گلزار سے آتی تھی اسدؔ! ـ دے نے برباد کیا پیرہنستاں میرا ـ ص۲۱

پیرایہ[2]: کیوں نہ تیغِ یار کو مشاطۂ اُلفت کہوں ـ زخم مثلِ گل سراپا کا مرے پیرایہ ہے ـ ص۱۰۳

پیرایۂ بیاں: گداے طاقتِ تقریر ہے زباں تجھ سے ـ کہ خامشی کو ہے پیرایۂ بیاں تجھ سے ـ ص۱۱۳

پیرایۂ محفل: دیدہ تا دل ہے یک آئینہ چراغاں، کس نے ـ خلوتِ ناز پہ پیرایۂ محفل باندھا ـ ص۱۳

پیروِ فکرِ اسد[3]: ہو جو بلبل پیروِ فکرِ اسدؔ ـ غنچۂ منقار گل ہو زیرِ بال ـ ص۵۱

پیروی[4]: لازم نہیں کہ خضرؔ کی ہم پیروی کریں ـ جانا کہ اک بزرگ ہمیں ہم سفر ملے ـ ص۲۳۷

پیری[5]: (۱) اسدؔ! پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے ـ نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہاے چنگ آخر ـ ص۲۰

دیکھیے ـــــــ: (۲) ضعفِ پیری۔ (۳) عالمِ پیری۔ (۴) تنگِ پیری۔

---

[1] پیراہن : گیارہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: آٹھ بار]۔
پیرہنستاں : ایک بار۔

[2] پیرایہ : تین بار [مرکب: ایک بار]۔

[3] پیرو : ایک بار [مرکب]۔

[4] پیروی : ایک بار۔

[5] پیری : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔

پیری و نیستی: پیری و نیستی خدا کی پناہ! دستِ خالق و خاطرِ غمگیں ص ۲۸۱

پیش[1]: آم کے آگے پیش جاوے خاک پھوڑتا ہے جلے پھپھولے تاک ص ۳۰۰

پیش از مرگ واویلا: یہ کیا وحشت ہے اے دیوانے! پیش از مرگ واویلا رکھی بیجا بنائے خانۂ زنجیر شیون پر ص ۴۱

پیشِ پا اُفتادہ مضموں: گلستاں، بے تکلف پیشِ پا اُفتادہ مضموں ہے جو تو باندھے کفِ پا پر حنا، آئینہ موزوں ہے ص ۱۱۱

پیشِ نظر: (۱) آرائشِ جمال سے فارغ نہیں ہنوز پیشِ نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں ص ۱۸۹

(۲) بلا سے، ہیں جو یہ پیشِ نظر در و دیوار نگاہِ شوق کو ہیں بال و پر در و دیوار ص ۱۶۹

پیش تر[2]: (۱) تھا زندگی میں مرگ کا کھٹکا لگا ہوا اُڑنے سے پیش تر بھی مرا رنگ زرد تھا ص ۱۵۳

(۲) نہیں ہے سایہ کہ سن کر نویدِ مقدمِ یار گئے ہیں چند قدم پیش تر در و دیوار ص ۱۶۷

پیش دستی[3]: دھول دھپا اُس سراپا ناز کا شیوہ نہیں ہم ہی کر بیٹھے تھے غالبؔ! پیش دستی ایک دن ص ۱۷۹

پیش کش[4]: رنجشِ حیرت سرشتاں سینہ صافی پیش کش جوہرِ آئینہ ہے یھاں گردِ میدانِ نزاع ص ۴۸

پیش گاہِ حضور[5]: پیش گاہِ حضور شوکت و جاہ خیر خواہِ جناب: دولت و دیں ص ۲۸۰

پیشانی[6]: دیکھیے: (۱)، (۲) چینِ پیشانی [دو بار]۔ (۳) سوادِ خطِ پیشانی۔ (۴) خارخارِ چینِ پیشانی۔

پیشوا[7]: (۱) میں بھی معذورِ جنوں ہوں اسدؔ اے خانہ خراب! پیشوا لینے مجھے گھر سے بیاباں نکلا ص ۱۳

(۲) زمامِ ناقہ کف اُس کے میں ہے کہ اہلِ یقیں پس از حسینؑ علیؑ پیشوا کہیں اُس کو ص ۲۸۵

پیشہ[8]: (۱) پیشے میں عیب نہیں، رکھیے نہ فرہاد کو نام ہم ہی آشفتہ سروں میں وہ جواں میر بھی تھا ص ۱۵۹

پیشۂ آبا: سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری کچھ شاعری ذریعۂ عزت نہیں مجھے ص ۱۴۳

(مزید دیکھیے: ہم پیشہ)۔

دیکھیے ـــــ: (۲) عشقِ نبرد پیشہ۔ (۳) ہوس پیشہ۔ (۴) تحمل پیشۂ تمکین۔

پیغارہ جو[9]: دیکھیے: دہانِ ہر بتِ پیغارہ جو۔

پیغام[10]: (۱) مُہر بجائے نامہ، لگائی بر لبِ پیکِ نامہ رساں قاتلِ تمکیں سنج نے یوں خاموشی کا پیغام کیا ص ۲۷

---

[1] پیش: پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔
[2] پیش تر: دو بار۔ [3] پیش دستی: ایک بار۔
[4] پیش کش: ایک بار۔
[5] پیش گاہ: ایک بار [مرکب]۔
[6] پیشانی: چار بار [مرکب]۔ [7] پیشوا: دو بار۔
[8] پیشہ: پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔
[9] پیغارہ: ایک بار [مرکب]۔
[10] پیغام: نو بار [مفرد: چار بار، مرکب: پانچ بار]۔

(۲) ہے صریرِ خامہ ریزشِ ہائے استقبالِ ناز — نامہ خود پیغام کو بال و پرِ پرواز ہے — ص ۸۲

(۳) عذر میں تین دن نہ آنے کے — لے کے آیا ہے عید کا پیغام — ص ۱۳۶

(۴) غیر لیں محفل میں بوسے جام کے — ہم رہیں یوں تشنہ لب پیغام کے! — ص ۲۵۰

(۵) دیکھیے: بوسہ بہ پیغام۔

پیغامِ تسلی: فسانِ تیغِ نازک قاتلاں! سنگِ جراحت ہے — دلِ گرمِ تپش قاصد ہے پیغامِ تسلی کا — ص ۲۶

پیغامِ زبانی: دے کے خط، مُنہ دیکھتا ہے نامہ بر — کچھ تو پیغامِ زبانی اور ہے — ص ۲۳۷

پیغامِ مرگ: نامے کے ساتھ آگیا پیغامِ مرگ — رہ گیا خط میری چھاتی پر کھلا — ص ۱۳۰

پیغامِ یار: دیکھیے: مسرتِ پیغامِ یار۔

پیغمبر[۱]: دیکھیے: عقدۂ احکامِ پیغمبر۔

پیکِ تیزخرام[۲]: کہہ چکا میں تو سب کچھ، اب تو کہہ — اے پری چہرہ پیکِ تیز خرام! — ص ۱۳۷

پیکِ نامہ رساں: دیکھیے: لبِ پیکِ نامہ رساں۔

پیکاں[۳]: (۱) کچھ کھٹکتا تھا مرے سینے میں لیکن آخر — جس کو دل کہتے تھے سو تیر کا پیکاں نکلا — ص ۱۳

(۲) جوں غنچہ و گل آفتِ فالِ نظر نہ پوچھ — پیکاں سے تیرے جلوۂ زخم آشکار تھا — ص ۱۷

(۳) دل سے نکلا، پہ نہ نکلا دل سے — ہے ترے تیر کا پیکان عزیز — ص ۱۴۳

(۴) گلشنِ زخم کھلاتا ہے جگر میں پیکاں — گرو غنچہ ہے سامانِ چمن بالیدن — ص ۲۵۰

دیکھیے ـــــــ: (۵) جراحتِ پیکاں۔ (۶) زہرآب دادہ پیکاں۔

پیکانِ شاخِ ناوکِ صیاد: دیکھیے: غنچۂ پیکانِ شاخِ ناوکِ صیاد۔

پیکانِ قضا: دیکھیے: دفعِ پیکانِ قضا۔

پیکانِ ناوک: ہتاں! زہراب اس شدت سے دو پیکانِ ناوک کو — کہ خطِ سبز تا پشتِ لبِ سوفار ہو پیدا — ص ۳۱

پیکانِ نگار: دیکھیے: غنچۂ پیکانِ نگار۔

پیکر[۴]: دیکھیے: پری پیکر۔

---

۱ پیغمبر : ایک بار [مرکب]۔
۲ پیک : دو بار [مرکب]۔
۳ پیکاں : دس بار [مفرد: چار بار، مرکب: چھے بار]۔
۴ پیکر : چار بار [مرکب]۔

پیکر آرائی: دیکھیے: افسونِ ربطِ پیکر آرائی۔

پیکرِ تصویر: دیکھیے: ہر پیکرِ تصویر۔

پیکرِ عشاق: پیکرِ عشاق سازِ طالعِ ناساز ہے — نالہ، گویا گردشِ سیارہ کی آواز ہے — ص۲۲۷

پیماں[1]: (۱) بے دماغِ تپشِ رشک ہوں اے جلوۂ حسن! — تشنۂ خونِ دل و دیدہ ہے پیماں میرا — ص۲۱

(۲) برائے حلِ مشکل، ہوں ز پا اُفتادۂ حسرت — بندھا ہے عقدۂ خاطر سے پیماں خاکساری کا — ص۱۸

(۳) ساقی! بہار موسمِ گل ہے سُرور بخش — پیماں سے ہم گزر گئے، پیمانہ چاہیے — ص۸۲

دیکھیے ______: (۴) پیمانہ پیماں۔ (۵) عقدۂ پیماں۔

پیماں شکنی: دیکھیے: (۱) حسرت پیماں شکنی۔ (۲) شکوۂ پیماں شکنی۔

پیمانِ عجز: دیکھیے: عقدۂ پیمانِ عجز۔

پیمانِ محبت: دیکھیے: ناموسِ پیمانِ محبت۔

پیمانِ وفا: (۱) مجبوری و دعوائے گرفتاریِ اُلفت — دستِ تہِ سنگ آمدہ پیمانِ وفا ہے — ص۲۱۹

(۲) سادہ پُرکار ہیں خوباں غالبؔ! — ہم سے پیمانِ وفا باندھتے ہیں — ص۱۸۱

(۳) عمر بھر کا تو نے پیمانِ وفا باندھا تو کیا — عمر کو بھی تو نہیں ہے پایداری، ہائے ہائے! — ص۲۰۳

(۴) دیکھیے: بستنِ پیمانِ وفا۔

پیمانہ[2]: (۱) خشتِ پشتِ دستِ عجز و قالب آغوشِ وداع — پُر ہوا ہے سیل سے پیمانہ کس تعمیر کا — ص۱۱

(۲) شررِ فرصتِ نگہ سامانِ یک عالم چراغاں ہے — بقدرِ رنگ یاں گردش میں ہے پیمانہ محفل کا — ص۱۷

(۳) شاید کہ مر گیا ترے رُخسار دیکھ کر — پیمانہ رات ماہ کا لبریزِ نور تھا — ص۱۸

(۴) عروجِ نشۂ واماندگی پیمانہ محمل تر — بہ رنگِ ریشۂ تاک آبلے جادے میں پنہاں ہیں — ص۹۳

(۵) ساقی! بہار موسمِ گل ہے سُرور بخش — پیماں سے ہم گزر گئے، پیمانہ چاہیے — ص۸۲

(۶) درسِ خرامِ تا کے خمیازۂ روانی — اس موجِ مے کو غافل! پیمانہ نقشِ پا ہے — ص۹۳

---

[1] پیماں : تیرہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دس بار]۔

[2] پیمانہ : اُنتیس بار [مفرد: سات بار، مرکب: بائیس بار]۔

(۷) یعنی دماغِ غفلتِ ساقی رسیدہ تر — خمیازۂ خمار سے پیمانہ کھینچیے — ص ۱۰۵

دیکھیے ____: (۸) خالِ لبِ پیمانہ۔ (۹) خطِ پیمانہ۔ (۱۰) دُردِ تہِ پیمانہ۔

پیمانۂ اندازۂ تشویش: آبلہ، پیمانۂ اندازۂ تشویش تھا — اے دماغِ نارسا! خم خانۂ منزل نہ پوچھ — ص ۴۲

پیمانۂ بے بُل: دیکھیے: خطِ پیمانۂ بے بُل۔

پیمانۂ پیماں: بہ سنگِ شیشہ توڑوں ساقیا! پیمانۂ پیماں — اگر ابرِ سیہ مست از سوئے کہسار ہو پیدا — ص ۳۱

پیمانۂ جم: دیکھیے: دُردی کشِ پیمانۂ جم۔

پیمانۂ دستِ سبو: خشکیِ مے نے تلف کی مے کدے کی آبرو — کاسۂ دریوزہ ہے پیمانۂ دستِ سبو — ص ۶۸

پیمانۂ ذوقِ تحسین: نقشِ معنی ہمہ، خمیازۂ عرضِ صورت — سخنِ حق ہمہ، پیمانۂ ذوقِ تحسیں — ص ۱۳۴

پیمانہ شکار: (۱) بہ نظر گاہِ گلستانِ خیالِ ساقی — بے خودی، دامِ رگِ گل سے ہے پیمانہ شکار — ص ۳

(۲) دیکھیے: محفلِ پیمانہ شکار۔

پیمانۂ صد زندگانی: لڑادے گر وہ بزمِ مے کشی میں قہر و شفقت کو — بھرے پیمانۂ صد زندگانی ایک جام اُس کا — ص ۲۳

پیمانۂ صہبا: پھر دیکھیے اندازِ گل افشانیِ گفتار — رکھ دے کوئی پیمانۂ صہبا مرے آگے — ص ۲۲۹

پیمانۂ صفات: دیکھیے: حسبِ گردشِ پیمانۂ صفات۔

پیمانۂ فرصت: دیکھیے: مجملِ پیمانۂ فرصت۔

پیمانہ کشِ گریۂ مستانہ: چشمِ اُمید سے گرتے ہیں دو عالم جوں اشک — یاس، پیمانہ کشِ گریۂ مستانہ نہیں — ص ۸

پیمانۂ مے: تیرا پیمانۂ مے: نسخۂ ادوارِ ظہور — تیرا نقشِ قدم: آئینۂ شانِ اظہار — ص ۶

دیکھیے ____: (۲) خطِ پیمانۂ مے۔ (۳) نیاز گردشِ پیمانۂ مے۔

پیمانۂ وسعت کدۂ شوق: پیمانۂ وسعت کدۂ شوق ہوں اے رشک! — محفل سے مگر شمع کو دل تنگ نکالوں — ص ۶۰

پیمانۂ ہر چشمِ آہو: غمِ مجنوں عزادارانِ لیلیٰ کا پرستش گر — خُمِ رنگِ سیہ پیمانۂ ہر چشمِ آہو تھا — ص ۲۲

پیمانۂ ہوا: وحشت اگر رسا ہے، بے حاصلی ادا ہے — پیمانۂ ہوا ہے مشتِ غبارِ صحرا — ص ۲۶

پیمائشِ[۱] زمینِ رہِ عمر: جس دم کہ جادہ وار ہو تارِ نفس تمام — پیمائشِ زمینِ رہِ عمر بس تمام ص۵۵

پیمبر[۲]: دیکھیے: دوشِ پیمبر۔

بیہودہ[۳]: جس طرف سے آئے ہیں آخر اُدھر ہی جائیں گے — مرگ سے وحشت نہ کر، راہِ عدم بیہودہ ہے ص۱۰۳

پینس:[۴] پینس میں گزرتے ہیں جو کوچے سے وہ میرے — کندھا بھی کہاروں کو بدلنے نہیں دیتے ص۲۳۲

پیوستہ[۵]: (۱) نفَس در سینہ ہائے ہدگر رہتا ہے پیوستہ — نہیں ہے رشتۂ اُلفت کو اندیشہ گسستن کا ص۲۷

(۲) دیکھیے: دل بہ دل پیوستہ۔

پیوند[۶]: ابرو سے ہے کیا اُس نگہِ ناز کو پیوند؟ — ہے تیر مقرر مگر اُس کی ہے کماں اَور ص۱۷۰

پیوندِ نہالِ دوستی: دیکھیے: طرزِ پیوندِ نہالِ دوستی۔

پے ہم[۷] ـ پے ہم: وھاں پہنچ کر جو غش آتا پے ہم ہے ہم کو — صدرہ آہنگِ زمیں بوسِ قدم ہے ہم کو ص۱۹۵

(۲) ابرِ دستِ کرمِ کلب علی خاں سے مدام — دُرِ شہوار ہیں جو گرتے ہیں قطرے پے ہم ص۲۶۵

---

۱ پیمائش : ایک بار [مرتب]۔
۲ پیمبر : ایک بار [مرتب]۔
۳ بیہودہ : ایک بار۔
۴ پینس : ایک بار۔
۵ پیوستہ : دو بار۔
۶ پیوند : ایک بار۔
۷ پے ہم : دو بار۔

ت

تاب[۱]:	(۱) اُستادِ شہ سے ہو مجھے پرخاش کا خیال	یہ تاب، یہ مجال، یہ طاقت نہیں مجھے	ص۱۲۵
	(۲) تاب لائے ہی بنے گی غالبؔ!	واقعہ سخت ہے اور جان عزیز	ص۱۸۳
	(۳) زخمی ہوا ہے پاشنہ پائے ثبات کا	نے بھاگنے کی گوں، نہ اقامت کی تاب ہے	ص۲۰۶
	(۴) کیا غم خوار نے رُسوا، لگے آگ اِس محبت کو	نہ لاوے تاب جو غم کی وہ میرا رازداں کیوں ہو؟	ص۱۹۹
تابِ استماع:	آشنا غالبؔ! نہیں ہیں دردِ دل کے آشنا	ورنہ کس کو میرے افسانے کی تابِ استماع	ص۴۸
تابِ جلوۂ تمکیں:	دیکھیے: اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں۔		
تابِ جلوۂ دیدارِ دوست:	اے دلِ ناعاقبت اندیش! ضبطِ شوق کر	کون لاسکتا ہے تابِ جلوۂ دیدارِ دوست؟	ص۱۶۳
تابِ دیدار:	جس ادب گاہ میں تو آئنۂ شوخی ہو	جلوہ ہے ساقیِ مخموریِ تابِ دیدار	ص۷
تابِ رُخِ یار:	کیوں جل گیا نہ تابِ رُخِ یار دیکھ کر	جلتا ہوں اپنی طاقتِ دیدار دیکھ کر	ص۱۶۸
تابِ رنجِ نومیدی:	نہ لائی شوخیِ اندیشہ تابِ رنجِ نومیدی	کفِ افسوس ملنا عہدِ تجدیدِ تمنا ہے	ص۲۲۰
تابِ زُلفِ پُرشکن:	پڑا رہ اے دلِ وابستہ! بیتابی سے کیا حاصل	مگر پھر تابِ زلفِ پُرشکن کی آزمائش ہے؟	ص۲۲۵
تابِ سخن:	تابِ سخن و طاقتِ غوغا نہیں ہم کو	ماتم میں شہِ دیں کے ہیں، سودا نہیں ہم کو	ص۲۸۳
تابِ شرارت:	تو آب سے گر سلب کرے طاقتِ سیلاں	تو آگ سے گر دفع کرے تابِ شرارت	ص۱۴۷
تابِ عرضِ تشنگی:	کب تلک پھیرے اسدؔ لب ہائے تفتہ پر زباں	تابِ عرضِ تشنگی اے ساقیِ کوثر! نہیں	ص۲۶
تابِ گراں باریِ گوہر:	تار ریشم کا نہیں، ہے یہ رگِ ابرِ بہار	لائے گا تابِ گراں باریِ گوہر سہرا؟	ص۲۸۷

۱؎ تاب: سترہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: تیرہ بار]۔

تاب وتواں:(١) مگر غبار ہوئے پر ہوا اُڑا لے جائے   وگرنہ تاب وتواں بال و پر میں خاک نہیں   ص ١٨٣

(٢) دیکھیے: پشت گرمیِ تاب وتواں۔

تاباں[1]: دیکھیے ـــــ: (١) ماہِ تاباں۔(٢)،(٣) مہرِ تاباں [دوبار]۔

تابش[2]: دھوپ کی تابش، آگ کی گرمی   وَقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ النَّار   ص ١٢٦

تابع[3]: جوان ہو کے کرے گا یہ وہ جہانبانی   کہ تابع اِس کے ہوں روز و شب و سپید و سیاہ   ص ٢٧٨

تاپاک[4] وصال: دیکھیے: بیمِ تاپاکِ وصال۔

تاثیر[5]: (١) وحشت نہ کھینچ قاتل! حیرت نفَس ہے بسمل   جب نالہ خوں ہو غافل! تاثیر کیا بلا ہے   ص ٩٣

(٢) جوہرِ دستِ دعا آئنہ یعنی تاثیر   یک طرف نازشِ مژگان و دگر سو غمِ خار   ص ٣٣

(٣) عشق تاثیر سے نومید نہیں   جاں سپاری شجرِ بید نہیں   ص ١٨٣

(۴) وہاں اُس کو ہولِ دل ہے تو یہاں میں ہوں شرمسار   یعنی یہ میری آہ کی تاثیر سے نہ ہو   ص ١٩۵

(۵) خدایا! جذبۂ دل کی مگر تاثیر اُلٹی ہے؟   کہ جتنا کھینچتا ہوں اور کھنچتا جائے ہے مجھ سے   ص ٢٢٣

(٦) ہے ہوا میں شراب کی تاثیر   بادہ نوشی ہے بادپیمائی   ص ٢۵١

(٧) نالاں ہو اسدا! تو بھی سرِ راہ گزر پر   کہتے ہیں کہ تاثیر ہے آوازِ جرس کو   ص ٣۵٠

دیکھیے ـــــ: (٨) آہ و بے تاثیر۔(٩) برخود غلطِ شوخیِ تاثیر۔(١٠) بیگانۂ تاثیر۔(١١) حاملِ صد غلبۂ تاثیر۔

(١٢) دکانِ ناوکِ تاثیر۔(١٣) زبونی کشِ تاثیر۔(١۴) صد آئینۂ تاثیر۔(١۵) طالبِ تاثیر۔

تاثیرِ اُلفت ہائے خوباں: دیکھیے: زندانیِ تاثیرِ الفت ہائے خوباں۔

تاثیرِ تلخ کامی: اُمیدوار ہوں تاثیرِ تلخ کامی سے   کہ قندِ بوسۂ شیریں لباں مکرّر ہو   ص ٦٧

تاثیرِ جُستن: ممکن نہیں کہ ہو دلِ خوباں میں کارگر   تاثیرِ جُستن اشک سے نقشِ برآب ہے   ص ٣۵٢

تاثیرِ دعا: کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنّا!   سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دعا ہیچ   ص ٣٦

---

[1] تاباں : تین بار [مرکّب]۔
[2] تابش : ایک بار۔
[3] تابع : ایک بار۔
[4] تاپاک : ایک بار [مرکّب]۔
[5] تاثیر : اکیس بار [مفرد: سات بار، مرکّب: چودہ بار]۔
تاثیریں : ایک بار۔

تاثیرِ سحرِ شعلۂ آواز: شب تری تاثیرِ سحرِ شعلۂ آواز سے — تارِ شمع، آہنگِ مضراب پرِ پروانہ تھا ص۲۵

تاثیرِ صافی ہائے حیرت: اسدؔ! تاثیرِ صافی ہائے حیرت جلوہ پرور ہو — گر آبِ چشمۂ آئینہ دھووے عکسِ زنگی کا ص۲۶

تاثیریں: اسدؔ! طرزِ عروجِ اضطرابِ دل کو کیا کہیے — سمجھتا ہوں تپش کو اُلفتِ قاتل کی تاثیریں ص۶۵

تاج[۱]: (۱) بلند رتبہ وہ حاکم، وہ سرفراز امیر — کہ باج تاج سے لیتا ہے جس کا طرفِ کلاہ ص۲۷۷

(۲) دیکھیے: چہرہ آرائے تاج و مسند و تخت۔

تاجِ زریں: تاجِ زریں مہرِ تاباں سے سوا — خسروِ آفاق کے منہ پر کھلا ص۳۹

تاختن[۲]: دیکھیے: سراسر تاختن۔

تاختنی[۳]: (۱) جز خاک بہ سر کردنِ بے فائدہ حاصل؟ — ہرچند بہ میدانِ ہوس تاختنی ہے ص۱۱۱

(۲) دیکھیے: بروں تاختنی۔

تاخیر[۴]: (۱)، (۲) ہوئی تاخیر تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا — آپ آتے تھے مگر کوئی عناں گیر بھی تھا ص۱۵۸

(۳) ہے یہ القصہ حاصلِ تحریر — کہ نہ ارسالِ زر میں ہو تاخیر ص۲۶۸

تار(۱)[۵]: دیکھیے ـــــ: (۱) چند شبِ تار۔ (۲) سراغِ خلوتِ شب ہائے تار۔ (۳) شبِ تار۔ (۴) شب ہائے تارِ برشکال۔

تار(۲)[۶]: (۱) آتشِ گل پہ قند کا ہے قوام — شیرے کے تار کا ہے ریشہ نام ص۳۰ [آم کے لیے]

(۲) دیوانگی سے دوش پہ زُنّار بھی نہیں — یعنی، ہمارے جَیب میں اک تار بھی نہیں ص۱۸۳

(۳) دکھا کے رشتہ، کسی جوتشی سے پوچھا تھا — کہ دیکھیے کتنی اُٹھا لاوے گا یہ تار، گرہ ص۲۷۸

(۴) خود آسماں ہے مہاراو راجہ پر صدقے — کرے گا سینکڑوں اِس تار پر نثار گرہ ص۲۷۸

(۵) وہ راہ و راجہ بہادر کہ حکم سے جن کے — رواں ہو تار پہ فی الفور دانہ وار، گرہ ص۲۷۹

(۶) تارِ ریشم کا نہیں، ہے یہ رگِ ابرِ بہار — لائے گا تابِ گرانباریِ گوہر، سہرا؟ ص۲۸۷

---

۱ تاج : تین بار [مرکب: دو بار]۔
۲ تاختن : ایک بار [مرکب]۔
۳ تاختنی : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
۴ تاخیر: تین بار [مرکب: ایک بار]۔
۵ تار(۱): چار بار [مرکب]۔
۶ تار(۲) : چوّن بار [مفرد: سات بار، مرکب: سینتالیس بار]۔
تارہا : ایک بار [مرکب]۔

(۷) گلکدۂ تلاش کو ایک ہے رنگ، ایک بو ریختے کے قماش کو پود ہے ایک، تار ایک ص۲۹۶

دیکھیے ـــــــــ : (۸) ایک تار۔ (۹) بعدِ رگِ تار۔ (۱۰) لاکھ تار۔ (۱۱) ہر تار۔

تارِ اشک: ہوں قطرہ زن بہ مرحلۂ یاس روز و شب جُز تارِ اشک جادۂ منزل نہیں رہا ص۲۰

تارِ اشکِ دیدۂ سوزن: جراحت دوزیِ عاشق ہے جائے رحم، ترساں ہوں کہ رشتہ، تارِ اشکِ دیدۂ سوزن نہ ہو جاوے ص۸۵

تارِ اشکِ یاس: نہیں ہے زخم کوئی بخیے کے دَرخُور مرے تن میں ہوا ہے تارِ اشکِ یاس، رشتہ چشمِ سوزن میں ص۱۸۰

تارِ بستر: بہ طوفاں گاہِ جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر تارِ بستر ہے ص۲۳

دیکھیے ـــــــــ : (۲)، (۳) ہر تارِ بستر [دوبار]۔ (۴) ہر یک تارِ بستر۔

تارِ جادہ: (۱) بہم بالیدنِ سنگ و گلِ صحرا یہ چاہے ہے کہ تارِ جادہ بھی کہسار کو زُنّار میتا ہو ص۶۷

(۲) نہ دوڑا ریشۂ دیوانگی صحنِ بیاباں میں کہ تارِ جادہ سے ہے لجّۂ ریگِ رواں خالی ص۴۵۵

تارِ جادۂ رہ: (۱) بہ سعیِ غیر ہے قطعِ لباسِ خانہ ویرانی کہ تارِ جادۂ رہ رشتۂ دامانِ صحرا ہے ص۸۳

(۲) عجب اے آبلہ پایانِ صحرائے نظر بازی! کہ تارِ جادۂ رہ رشتۂ گوہر نہیں ہوتا ص۳۳۵

تارِ جادۂ سرِ منزلِ نازک خیالی: بہ پائے خامۂ مُو طے رہِ وصفِ کمر کیجیے کہ تارِ جادۂ سرِ منزلِ نازک خیالی ہے ص۷۹

تارِ جادۂ منزل: وردِ اسمِ حق سے دیدارِ صنم حاصل ہوا رشتۂ تسبیح تارِ جادۂ منزل ہوا ص۲۹

تارِ جستن ہا: سیہ مستیِ چشمِ شوخ سے ہیں جوہرِ مژگاں شرار آسا ز سنگِ سرمہ یکسر تارِ جستن ہا ص۲۲

تارِ داماں: قبائے جلوہ فزا ہے لباسِ عریانی بہ طرزِ گل، رگِ جاں مجھ کو تارِ داماں ہے ص۱۰۲

تارِ دامن: ہجومِ غم سے یہاں تک سرنگونی مجھ کو حاصل ہے کہ تارِ دامن و تارِ نظر میں فرق مشکل ہے ص۲۰۸

تارِ دامنِ قاتل: خاکِ عاشق بسکہ ہے فرسودۂ پروازِ شوق جادۂ ہر دشت تارِ دامنِ قاتل ہوا ص۳۳۵

تارِ زلف: دیکھیے: ہر تارِ زلف۔

تارِ شعاع: (۱) بس کہ ہر یک مُوئے زلف افشاں سے ہے تارِ شعاع پنجۂ خرشید کو سمجھے ہیں دستِ شانہ ہم ص۵۳

(۲) جادۂ رہ خُور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع ص۱۶۳

تارِ شعاعِ آفتاب: بس کہ مائل ہے وہ رشکِ ماہ تاب آئینے پہ ہے نفس، تارِ شعاعِ آفتاب آئینے پہ ص۳۹

تارِ شعاعِ مہر: ہو جہاں وہ ساقیِ خرشید رو مجلس فروز — وھاں اسدؔ! تارِ شعاعِ مہر خطِّ جام ہے — ص۱۰۱

تارِ شمع: (۱) شب تری تاثیرِ سحر شعلۂ آواز سے — تارِ شمع، آہنگِ مضرابِ پرِ پروانہ تھا — ص۲۵

(۲) نوائے خفتۂ اُلفت اگر بیتاب ہوجاوے — پرِ پروانہ تارِ شمع پر مضراب ہوجاوے — ص۱۰۵

تارِ گیسوے دراز: دیکھیے: ذوقِ تارِ گیسوے دراز۔

تارِ نظر: (۱) حیرت فروشِ صد نگرانی ہے اضطرار — ہر رشتہ چاکِ جَیب کا تارِ نظر ہے آج — ص۳۲

(۲) ہجومِ غم سے یھاں تک سرنگونی مجھ کو حاصل ہے — کہ تارِ دامن و تارِ نظر میں فرق مشکل ہے — ص۲۰۸

(۳) دیکھیے: سِرِ تارِ نظر۔

تارِ نغمہ: دیکھیے: پُود و تارِ نغمہ۔

تارِ نفس: (۱) مطربِ دل نے مرے تارِ نفس سے غالبؔ! — ساز پر رشتہ پئے نغمۂ بیدلؔ باندھا — ص۱۳

(۲) اسدؔ! تارِ نفس ہے ناگزیرِ عقدہ پیرائی — بہ نوکِ ناخنِ شمشیر کیجے حلِّ مشکل ہا — ص۳۳

(۳) حاصلِ دل بستگی ہے عمرِ کوتہ اور بس — وقفِ عرضِ عقدہ ہاے مشکل تارِ نفس — ص۴۵

(۴) جس دم کہ جادہ وار ہو تارِ نفس تمام — پیمایشِ زمینِ رہِ عمر بس تمام — ص۵۵

(۵) آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ — تارِ نفس، کمندِ شکارِ اثر ہے آج — ص۱۹۵

دیکھیے ______: (۶) سِرِ تارِ نفس۔ (۷) وابستۂ یک عقدۂ تارِ نفس۔ (۸) یک تارِ نفس۔

تارِ نگاہ: (۱) آنکھیں پتھرائی ہیں، نامحسوس ہے تارِ نگاہ — ہے زمیں از بس کہ سنگیں، جادہ بھی پیدا نہیں — ص۶۵

(۲) زہے ستارۂ روشن! کہ جو اُسے دیکھے — شعاعِ مہرِ درخشاں ہو اُس کا تارِ نگاہ — ص۲۷۷

تارِ نگاہ و سوزنِ مینا: ساقی نے از بہرِ گریباں چاکیِ موجِ بادۂ ناب — تارِ نگاہ و سوزنِ مینا رشتۂ خطِّ جام کیا — ص۲۷

تارِ نگہ: وھاں خود آرائی کو تھا موتی پرونے کا خیال — یھاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا — ص۱۳۵

تار و پود: عالم جہاں بہ عرضِ بساطِ وجود تھا — جوں صبح، چاکِ جَیب مجھے تار و پود تھا — ص۱۲

تار و پودِ فرشِ محفل: اے خوشا! وقتے کہ ساقی یک خمستاں وا کرے — تار و پودِ فرشِ محفل پنبۂ مینا کرے — ص۱۰۱

تارہاے گلوے بریدہ: دیکھیے: مضرابِ تارہاے گلوے بریدہ۔

تاراجِ تمنا[۱]: وصل میں دل انتظارِ طرفہ رکھتا ہے، مگر — فتنہ تاراجِ تمنا کے لیے درکار ہے — ص ۸۳

تاراجِ چمن: سایۂ گل داغ و جوشِ نکہتِ گل موجِ دود — رنگ کی گرمی ہے تاراجِ چمن کی فکر میں — ص ۴۳

تاراجِ سحر: خوابِ غفلت بہ کمیں گاہِ نظر پنہاں ہے — شام، سایے میں بہ تاراجِ سحر پنہاں ہے — ص ۱۰۹

تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں: تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں ہوا اسدؔ! — سینہ کہ تھا دفینہ گہر ہائے راز کا — ص ۱۵۵

تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی: دل و دین و خرد تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی — ہوا ہے جوہرِ آئینہ خیلِ مور خرمن میں — ص ۵۸

تاروں: اُڑ کے جاتا کہاں کہ تاروں کا — آسماں نے بچھا رکھا تھا دام — ص ۳۳۵

تارے[۲]: ہم نشیں تارے ہیں اور چاند شہاب الدیں خاں — بزمِ شادی ہے فلک، کاہکشاں ہے سہرا — ص ۲۸۸

تاریخ[۳]: (۱) کہا غالبؔ سے: تاریخ اس کی کیا ہے — تو بولا: اِنشراحِ جشنِ جمشید (۱۲۷۰ھ) — ص ۳۲۹

(۲) تھی جنوری مہینے کی تاریخ تیرھویں — استادہ ہوگئے لبِ دریا پہ جب خیام — ص ۲۸۲

(۳) ہاتفِ غیب نُن کے یہ چیخا — اُن کی تاریخ، میرا تاریخا — ص ۲۹۳

(۴) تحریر ہے یہ غالبِؔ یزداں پرست کی — تاریخ اس کی: آج نویں ہے اگست کی — ص ۳۱۲

تاریخِ سال: دیکھیے: فکرِ تاریخِ سال۔

تاریخا[۴]: اُن کی تاریخ، میرا تاریخا — [دیکھیے: 'تاریخ' (۳)] — ص ۲۹۳

تاریک[۵]: دیکھیے: شب ہائے تاریک۔

تاریک طبعوں: سخن تاریک طبعوں کا، ہے اظہارِ کثافت ہا — کہ رنگِ خامۂ فولاد مانا ہے سیاہی ہے — ص ۲۵۵

تاریکیِ[۶] زندانِ غم: کیا کہوں تاریکیِ زندانِ غم، اندھیر ہے — پنبہ، نورِ صبح سے کم جس کے روزن میں نہیں — ص ۱۸۵

تاریکیِ کوکب: شوخیِ طالع سے ہوں ذوقِ معاصی میں اسیر — نامۂ اعمال ہے تاریکیِ کوکب مجھے — ص ۸۶

تازگیِ[۷] بساطِ دہر: ایک وفا و مہر میں: تازگیِ بساطِ دہر — لطف و کرم کے باب میں، زینتِ روزگار ایک — ص ۲۹۶

تازہ[۸]: (۱) سبز ہے جامِ زمرد کی طرح داغِ پلنگ — تازہ ہے ریشۂ نارنج صفت روئے شرار — ص ۳۳۲

---

[۱] تاراج : پانچ بار [مرکب]۔

[۲] تارے : ایک بار۔ تاروں : ایک بار۔

[۳] تاریخ : پانچ بار [مفرد: چار بار، مرکب: ایک بار]۔

[۴] تاریخا : ایک بار۔ [۵] تاریک: دو بار [مرکب]۔

[۶] تاریکی : دو بار [مرکب]۔ [۷] تازگی : ایک بار [مرکب]۔

[۸] تازہ : سترہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: تیرہ بار]۔

(۲) تازہ نہیں ہے نشۂ فکرِ سخن مجھے تریاکیِ قدیم ہوں دودِ چراغ کا ص۱۵۰

(۳) ہاں، نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری واہ واہ! پھر ہوا ہے تازہ سودائے غزل خوانی مجھے ص۲۳۲

(۴) تا کجا دردِ نثرہائے کہن تازہ کرتا ہے دل کو تازہ سخن ص۲۶۷

دیکھیے ـــــــ: (۵) تماشا گاہِ سوزِ تازہ۔ (۶)، (۷) داغِ تازہ [دوبار]۔ (۸) طرحِ باغِ تازہ۔ (۹) مطلعِ تازہ۔ (۱۰) گرمِ کوششِ ایجادِ داغِ تازہ۔ (۱۱) ہر داغِ تازہ۔

تازہ خیالی: بس کہ تھی فصلِ خزانِ چمنستانِ سخن رنگِ شہرت نہ دیا تازہ خیالی نے مجھے ص۲۲۰

تازہ سخن: تا کجا دردِ نثر ہائے کہن تازہ کرتا ہے دل کو تازہ سخن ص۲۶۷

تازہ نہال: خضر سلطاں کو رکھے خالقِ اکبر سرسبز شاہ کے باغ میں یہ تازہ نہال اچھا ہے ص۲۳۰

تازہ وارِدانِ بساطِ ہوائے دل: اے تازہ واردانِ بساطِ ہوائے دل! زنہار! اگر تمھیں ہوسِ نائے و نوش ہے ص۲۳۰

تازہ وشاداب و وسیع وخورّم: دیکھیے: دل کش وتازہ وشاداب و وسیع وخورّم۔

تازۂ شیریں: دیکھیے: میوہ ہائے تازۂ شیریں۔

تاسُّف[1]: (۱) بہ صورت تکلّف بہ معنی تاسّف اسدؔ! میں تبسم ہوں پژمردگاں کا ص۱۸

(۲) دیکھیے: دستِ تاسّف۔

تاک[2]: (۱) ہے تاک میں سُلَّم ہوسِ صد قدحِ شراب تسبیحِ زاہداں بہ کفِ مدعا گرو ص۶۹

(۲) تاک کے جی میں کیوں رہے ارمان آئے، یہ گوے اور یہ میدان ص۳۰

(۳) آم کے آگے پیش جاوے خاک پھوڑتا ہے جلے پھپھولے تاک ص۳۰

دیکھیے ـــــــ: (۴) رگِ تاک۔ (۵) رنگِ ریشۂ تاک۔ (۶) سایۂ تاک۔ (۷) کسوتِ تاک۔ (۸) مژگانِ رگِ تاک۔ (۹) یک برگِ تاک۔ (۱۰) یک گلستاں برگ ریزِ تاک۔

تاگا[3]: (۱) یقین جان، برس گانٹھ کا جو تاگا ہے یہ کہکشاں ہے کہ ہیں اُس میں بے شمار گرہ ص۲۲۸

---

[1] تاسّف : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔

[2] تاک : دس بار [مفرد: تین بار، مرکّب: سات بار]۔

[3] تاگا : دوبار۔

(۲) سن اے ندیم! برس گانٹھ کے یہ تاگے نے — تجھے بتاؤں کہ کیوں کی ہے اختیار گرہ — ص ۲۷۹

تالیفِ نسخہ ہائے وفا[1]: تالیفِ نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں — مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا — ص ۱۵۳

تامّل[2]: دیکھیے ــــــ: (۱) پسِ زانوے تامّل۔ (۲) جَیبِ تامّل۔ (۳) ربطِ تامّل۔ (۴) زانوے تامّل۔ (۵) مستِ تامّل۔ (۶) یک جہاں زانو تامّل۔

تاوان[3]: (۱) ابرِ نیساں سے ملے موجِ گہر کا تاواں — خلوتِ آبلہ میں گم کرے گر تو رفتار — ص ۵

(۲) تکلف عاقبت بیں ہے، دلا! بندِ قبا وا کر — نفس بعد از وصالِ دوست تاواں ہے گسستن کا — ص ۲۷

تاویل[4]: دیکھیے ــــــ: (۱) جرمِ آرزو تاویل۔ (۲) ناخنِ تاویل۔

تائید[5]: دیکھیے: دمِ تائید۔

تب[6]: دیکھیے: آتش کدۂ صد تب۔

تبِ آسودۂ مژگاں: گر تبِ آسودۂ مژگاں تعرّف وا کرے — رشتۂ پا شوخیِ بالِ نفس پیدا کرے — ص ۱۰۱

تبِ خجلت: نہیں ریزشِ عرق کی، اب اُسے ذوبانِ اعضا ہے — تبِ خجلت نے یہ نبضِ رگِ گل میں حرارت کی — ص ۹۷

تبِ عشق: (۱) وہ تبِ عشق تمنا ہے کہ پھر صورتِ شمع — شعلہ تا نبضِ جگر ریشہ دوانی مانگے — ص ۲۰۹

(۲) گلخن، شررِ اہتمام بستر ہے آج — یعنی، تبِ عشق شعلہ پرور ہے آج — ص ۳۵۷

تبِ غم: دیکھیے: شرورِ تبِ غم۔

تبِ غمِ تسخیرِ نالہ: دیکھیے: یک تبِ غمِ تسخیرِ نالہ۔

تبِ گرمیِ رفتار: یکقلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت — نقشِ پا میں ہے تبِ گرمیِ رفتار ہنوز — ص ۱۸۲

تب و تابِ[7] سوختن ہا: ہوسِ فروختن ہا، تب و تابِ سوختن ہا — سرِ شمع نقشِ پا ہے بہ سپاسِ ناتوانی — ص ۱۰۷

تب و تابِ عجز: شر و شورِ آرزو سے تب و تابِ عجز بہتر — نہ کرے اگر ہوس پر غمِ بے دلی گرانی — ص ۱۰۷

---

۱ تالیف : ایک بار [مرکب]۔
۲ تامّل : چھے بار [مرکب]۔
۳ تاوان : دوبار۔
۴ تاویل : دوبار [مرکب]۔
۵ تائید : ایک بار [مرکب]۔
۶ تب : آٹھ بار [مرکب]۔
۷ تب و تاب : تین بار [مرکب]۔

تب وتابِ ہجر: ہمہ یک نفس تپش سے تب وتابِ ہجر مت پوچھ | کہ ستم کشِ جنوں ہوں نہ بقدرِ زندگانی | ص ۱۰

تباہی[1]: تم سے بیجا ہے مجھے اپنی تباہی کا گلہ | اُس میں کچھ شائبۂ خوبیِ تقدیر بھی تھا | ص ۱۵۸

تبخالۂ لب[2]: (۱) آیا نہ بیانِ طلب کام زباں تک | تبخالۂ لب ہو نہ سکا آبلۂ پا | ص ۲۹

(۲) فریاد سے پیدا ہے اسدؔ! گرمیِ وحشت | تبخالۂ لب ہے جرسِ آبلۂ پا | ص ۲۹

(۳) ہے ز پا اُفتادگیِ نشۂ بیماری مجھے | بے سخن تبخالۂ لب دانۂ انگور ہے | ص ۹۳

تبخالِ لبِ بیمار[3]: بس کہ حیرت سے ز پا اُفتادۂ زنہار ہے | ناخنِ انگشت تبخالِ لبِ بیمار ہے | ص ۸۳

تبریدیں[4]: تین دن مُسہل سے پہلے، تین دن مُسہل کے بعد | تین مُسہل، تین تبریدیں، یہ سب کے دن ہوئے؟ | ص ۱۲۹

تبسم[5]: (۱) بہ صورت تکلّف، بہ معنی تاسّف | اسدؔ! میں تبسم ہوں پژمردگاں کا | ص ۱۸

(۲) بہ پاسِ شوخیِ مژگاں سرِ ہر خار سوزن ہے | تبسم برگِ گل کو بخیۂ دامن نہ ہوجاوے | ص ۸۵

دیکھیے______: (۳) برقِ تبسم۔ (۴)، (۵) سطرِ تبسم [دوبار]۔ (۶) نقشِ صد سطرِ تبسم۔ (۷) موجِ تبسم۔

تبسمِ پنہاں: دیکھیے: پردۂ تبسمِ پنہاں۔

تبسمِ لبِ آلودۂ مِسی: دیکھیے: موجِ تبسمِ لبِ آلودۂ مِسی۔

تبسم ہائے پنہاں: بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں، ورنہ | سبب کیا خواب میں آکر تبسم ہائے پنہاں کا | ص ۱۵۷

تبلیغ[6]: ہم نہ تبلیغ کے مائل نہ غلو کے قائل | دو دُعائیں ہیں کہ وہ دیتے ہیں تو آب کو ہم | ص ۲۶۵

تپاک[7]: (۱) آتش موے دماغِ شوق ہے تیرا تپاک | ورنہ ہم کس کے ہیں اے داغِ تمنّا! آشنا | ص ۱۹

(۲) ہوں خلوتِ فسردگیِ انتظار میں | وہ بے دماغ جس کو ہوس بھی تپاک ہے | ص ۱۱۰

تپاکِ اہلِ دُنیا: دیکھیے: طرزِ تپاکِ اہلِ دُنیا۔

تپاکِ نفَسِ سوختہ: دیکھیے: عرضِ تپاکِ نفَسِ سوختہ۔

---

[1] تباہی : ایک بار۔
[2] تبخالہ : تین بار [مرکّب]۔
[3] تبخال : ایک بار [مرکّب]۔
[4] تبریدیں : ایک بار۔
[5] تبسم : نوبار [مفرد: دوبار، مرکّب: سات بار]۔
[6] تبلیغ : ایک بار۔
[7] تپاک : چار بار [مفرد: دوبار، مرکّب: دوبار]۔

تپانچہ[1]: صبا! لگا وہ تپانچہ طرف سے بلبل کے | کہ روئے غنچہ، گُل سوئے آشیاں پھر جائے ص ۳۰۵

تپش[2]: (۱) صورتِ دیبا تپش سے میری غرقِ خوں ہے آج | خارِ پیراہن رگِ بستر کو نشتر ہوگیا ص ۲۹

(۲) گلزار دمیدن، شررستانِ رمیدن | فرصت تپش و حوصلۂ نشوونما ہیچ ص ۳۶

(۳) بے دلوں سے ہے تپش، جوں خواہشِ آب از سراب | ہے شرر موہوم، گر رکھتا نہ ہووے سنگ، دل ص ۵۳

(۴) اسدؔ! طرزِ عروجِ اضطرابِ دل کو کیا کہیے | سمجھتا ہوں تپش کو اُلفتِ قاتل کی تاثیریں ص ۶۵

(۵) نکلتی ہے تپش میں بسملوں کی برق کی شوخی | غرض اب تک خیالِ گرمیِ رفتارِ قاتل ہے ص ۷۷

(۶) دیکھ تری خوئے گرم دل بہ تپش رام ہے | طائرِ سیماب کو شعلہ، رگِ دام ہے ص ۹۹

(۷) تپش تو کیا، نہ ہوئی مشقِ پر فشانی بھی | رہا میں ضعف سے شرمندۂ نو آموزی ص ۱۰۰

(۸) تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے | مرا سر رنجِ بالیں ہے، مرا تن بارِ بستر ہے ص ۲۱۲

دیکھیے ـــــــ: (۹) آتش انگیزِ تپش۔ (۱۰) احرامِ تپش۔ (۱۱) بیتابِ اظہارِ تپش۔ (۱۲) بے دماغِ تپش۔ (۱۳) جوشِ بیدادِ تپش۔ (۱۴) دادِ خواہِ تپش۔ (۱۵) درسِ تپش۔ (۱۶) دلِ گرمِ تپش۔ (۱۷) سرِ تپش۔ (۱۸) ضبطِ تپش۔ (۱۹) عرق ریزِ تپش۔ (۲۰) لذّتِ غلطانیِ تپش۔ (۲۱) معزولیِ تپش۔ (۲۲)، (۲۳) وقتِ تپش [دو بار]۔ (۲۴) ہر تپش۔ (۲۵) یک پرزدن تپش۔ (۲۶) یک نفس تپش۔

تپشِ آبادِ شوق: گو نفس و چہ غبار؟ جُراتِ عجز آشکار | در تپش آبادِ شوق سرمہ، صدا نام ہے ص ۹۹

تپش آموختن: دیکھیے: سراب یک تپش آموختن۔

تپش آہنگ: کو تیزیِ رفتار؟ کہ صحرا سے زمیں کو | جوں قمریِ بسمل تپش آہنگ نکالوں ص ۹۰

تپشِ آئنہ: تپشِ آئینہ پروازِ تمنا لائی | نامۂ شوق بہ بالِ پرِ بسمل باندھا ص ۱۳

تپشِ انجمن: میں دور گردِ قربِ بساطِ نگاہ تھا | بیرونِ دل نہ تھی تپشِ انجمن ہنوز ص ۳۲

تپش انگیز: دیکھیے: بیتابیِ دل تپش انگیز۔

تپشِ بالِ شرار: نرم رفتار ہو جس کوہ پہ وہ برق گداز | رفتنِ رنگِ حنا ہے تپشِ بالِ شرار ص ۵

---

[1] تپانچہ : ایک بار۔

[2] تپش : پچاس بار [مفرد: سات بار، مرکب: تینتالیس بار]۔

تپش نامہ : ایک بار [مرکب]۔

تپشِ دل: (۱) سیلِ بنائے ہستیِ شبنم ہے آفتاب — چھوڑے نہ چشم میں تپشِ دل نشانِ اشک — ص ۵۰

(۲) تپشِ دل نہیں بے رابطۂ خوفِ عظیم — کششِ دم نہیں بے ضابطۂ جرِّ ثقیل — ص ۱۲۳

(۳) وہ آکے خواب میں تسکینِ اضطراب تو دے — ولے مجھے تپشِ دل مجالِ خواب تو دے — ص ۲۲۳

(۴) دیکھیے: وسعتِ جیبِ جنونِ تپشِ دل۔

تپشِ دل شکستہ: تپشِ دلِ شکستہ پئے عبرت، آگہی ہے — کہ نہ دے عنانِ فرصت بہ کشاکشِ زبانی — ص ۹

تپشِ رشک: دیکھیے: بے دماغِ تپشِ رشک۔

تپشِ رنگی: پروازِ تپشِ رنگی، گلزارِ ہمہ تنگی — خوں ہو قفسِ دل میں اے ذوقِ پرافشانی — ص ۱۰۹

تپشِ شعلۂ سوزاں: عجز سے اپنے یہ جانا کہ وہ بدخو ہوگا — نبضِ خس سے تپشِ شعلۂ سوزاں سمجھا — ص ۱۳۷

تپشِ شوق: جب بہ تقریبِ سفر یار نے محمل باندھا — تپشِ شوق نے ہر ذرّے پہ اک دل باندھا — ص ۱۳۴

تپش فرسا: اسدؔ! جس شوق سے ذرّے تپش فرسا ہوں روزن میں — جراحت ہائے دل سے جوہرِ شمشیر ہے پیدا — ص ۳۰

تپشِ فسانہ خوانی: مجھے انتعاشِ غم نے پئے عرضِ حال بخشی — ہوسِ غزل سرائی، تپشِ فسانہ خوانی — ص ۱۰

تپشِ کسوتِ گل: دیکھیے: وردِ اظہارِ تپشِ کسوتِ گل۔

تپشِ کوکب: دیکھیے: آئینہ دارِ تپشِ کوکب۔

تپشِ مجنوں: بیتابیِ یادِ دوست ہم رنگِ تسلّی ہے — غافل! تپشِ مجنوں محمل کشِ لیلیٰ ہے — ص ۱۱۳

تپشِ نالہ: تاچند نفس غفلتِ ہستی سے برآوے — قاصد تپشِ نالہ ہے، یارب! خبر آوے — ص ۱۱۳

تپشِ نامۂ تمنا: مرا شمول ہر اک دل کے پیچ و تاب میں ہے — میں مدّعا ہوں تپشِ نامۂ تمنا کا — ص ۱۷

تپشِ نبضِ آرزو: مسیحِ کشتۂ اُلفت ببر علی خاں ہے — کہ جو اسدؔ! تپشِ نبضِ آرزو جانے — ص ۹۹

تپیدن[۱]: تپیدن، دل کو سوزِ عشق میں خوابِ فراموش ہے — رکھا اسپند نے مجمر میں پہلو گرمِ تمکیں کا — ص ۲۹

دیکھیے ـــــــ : (۲) بارغ بہ خوں تپیدن۔ (۳) بالِ یک تپیدن۔

---

[۱] تپیدن : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔
تپیدن ہا : چار بار [مرکب]۔
تپیدگی : ایک بار [مرکب]۔
تپیدہ : ایک بار [مرکب]۔

تپیدنِ بسل: دیکھیے: عرصۂ تپیدنِ بسل۔

تپیدن ہا: دیکھیے ـــــ: (۱) پرافشانِ تپیدن ہا۔ (۲) حیرتِ تپیدن ہا (۳) ضبطِ تپیدن ہا۔

تپیدن ہائے طفلِ دل: دیکھیے: تسکینِ تپیدن ہائے طفلِ دل۔

تپیدگی: ہے بسملِ ادائے چمن عارضاں، بہار گلشن کو رنگِ گل سے ہے درخوں تپیدگی ص ۲۵۳

تپیدہ: بعد از وداعِ یار بہ خوں در تپیدہ ہیں نقشِ قدم ہیں ہم کفِ پائے نگار کے ص ۸۰

تتار[1]: دیکھیے: دماغِ آہوئے دشتِ تتار۔

تجاہلِ پیشگی[2]: تجاہل پیشگی سے مدعا کیا؟ کہاں تک اے سراپا ناز! کیا، کیا؟ ص ۱۵۷

تجدید[3]: ہم اور فسردن! اے تجلی افسوس! تکرار روا نہیں تو تجدید سہی ص ۲۵۲

تجدیدِ تمنا: دیکھیے: عہدِ تجدیدِ تمنا۔

تجرید[4]: دیکھیے: مرغِ گلشنِ تجرید۔

تجلی[5]: (۱) گردش میں لا تجلی صد ساغرِ تسلی چشمِ تحیّر آغوش مخمورِ ہر ادا ہے ص ۹۳

(۲) ہے تجلی تری سامانِ وجود ذرہ بے پرتوِ خرشید نہیں ص ۱۸۳

(۳) منظور تھی یہ شکل تجلی کو نور کی قسمت کھلی ترے قد و رُخ سے ظہور کی ص ۲۲۳

(۴) ہم اور فسردن! اے تجلی افسوس! [دیکھیے: تجدید]۔

(۵) ہو تجلی برق کی صورت میں، ہے یہ بھی غضب ہاں مجھے گھٹنے کی تو ہوتی فرصتِ عیش و طرب ص ۲۹۱

دیکھیے ـــــ: (۶) برقِ تجلی۔ (۷) یک برقِ تجلی۔

تجلی آتش بہ جاں: دیکھیے: بیتابیِ تجلیِ آتش بجاں۔

تجلی صبحِ ظہور: دیکھیے: پروانۂ تجلیِ شمعِ ظہور۔

تجلی کدہ: دیکھیے: صد تجلی کدہ۔

---

[1] تتار : ایک بار [مرکب]۔
[2] تجاہلِ پیشگی: ایک بار۔
[3] تجدید : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
[4] تجرید : ایک بار [مرکب]۔
[5] تجلی : نو بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: چار بار]۔
تجلی کدہ : ایک بار [مرکب]۔

تجمل[1] : دیکھیے: عرضِ تجمل۔

تجمل وتزیین: دیکھیے: کمالِ تجمل وتزیین۔

تجمل حسین خاں[2]: دیا ہے خلق کو بھی، تا اُسے نظر نہ لگے — بنا ہے عیش تجمل حسین خاں کے لیے — ص ۲۳۶

تحریر[3]: (۱) تحریر ہے یہ غالبِ یزداں پرست کی — تاریخ اِس کی: آج نویں ہے اگست کی — ص ۳۱۲

(۲) ٹکڑے ہوا ہے دیکھ کے تحریر کو، جگر — کاتب کی آستیں ہے مگر تیغ کا نیام — ص ۲۸۲

دیکھیے ــــــ: (۳) اندازِ شوکتِ تحریر۔ (۴) چمن تحریرِ درسِ شغلِ تنہائی۔ (۵) حاصلِ تحریر۔ (۶) حیاتحریر۔ (۷) خامہ ہذیاں تحریر۔ (۸)، (۹) دمِ تحریر [دوبار]۔ (۱۰) رشتہ تحریر۔ (۱۱) شانہ کشِ طرۂ تحریر۔ (۱۲) شعلہ تحریر۔ (۱۳) شوخیِ تحریر۔ (۱۴) مستیِ تحریر۔

تحریرِ اسدؔ: دیکھیے: استقبالِ تحریرِ اسدؔ۔

تحریر ایک: اخبارِ لودھیانہ میں میری نظر پڑی — تحریر ایک، جس سے ہوا بندہ تلخ کام — ص ۲۸۲

تحریرِ پریشاں تقاضا: زلف، تحریرِ پریشانِ تقاضا ہے، مگر — شانہ ساں مو بہ زباں خامۂ مانی مانگے — ص ۷۸

تحریرِ حالِ گریۂ چشم: عجب نہیں پئے تحریرِ حالِ گریۂ چشم — بروے آب جو ہر موج نقش مسطر ہو — ص ۶۷

تحسین[4]: (۱) اسدؔ! اربابِ فطرت قدردانِ لفظ ومعنی ہیں — سخن کا بندہ ہوں لیکن نہیں مشتاقِ تحسیں کا — ص ۲۹

(۲) دیکھیے: پیمانۂ ذوقِ تحسیں۔

تحصیل[5]: جاری تھی اسدؔ! داغِ جگر سے مری تحصیل — آتش کدہ جاگیرِ سمندر نہ ہوا تھا — ص ۱۵۳

تحفہ[6]: (۱) جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغِ جگر ہدیہ — مبارک باد اسدؔ! غم خوارِ جانِ دردمند آیا — ص ۱۳۱

(۲) پئے نذرِ کرم تحفہ ہے، شرمِ نارسائی کا — بہ خوں غلتیدۂ صد رنگ دعویٰ پارسائی کا — ص ۱۳۶

(۳) دیکھیے: نسخۂ تحفہ۔

تحفۂ اہلِ نیاز: ہو قبول کم نگاہی تحفۂ اہلِ نیاز — اے دلِ وائے جانِ ناز! اے دینِ وائے ایمانِ عجز! — ص ۴۲

---

[1] تجمل : دوبار [مرکب]۔

[2] تجمل حسین خاں : ایک بار۔

[3] تحریر : اٹھارہ بار [مفرد: دوبار، مرکب: سولہ بار]۔

[4] تحسین : دوبار [مرکب: ایک بار]۔

[5] تحصیل : ایک بار۔

[6] تحفہ : چار بار [مفرد: دوبار، مرکب: دوبار]۔

تحقیق[1]: دیکھیے: جنوں نُسخۂ تحقیق۔

تحمّل[2]: (۱) لکدکوبِ حوادث کا تحمّل کر نہیں سکتی — مری طاقت کہ ضامن تھی بُتوں کے ناز اُٹھانے کی — ص ۲۰۳

دیکھیے ــــــ: (۲) پاے تحمّل۔ (۳) زندانِ تحمّل۔ (۴) شرحِ برخود غلطی ہاے تحمّل۔

تحمّل پیشۂ تمکین: نہ دیجے ضبطِ پاسِ آبرو وقتِ شکستن بھی — تحمّل پیشۂ تمکین رہیے آئنہ آسا — ص ۲۲۷

تحویل[3]: ماہ نے چھوڑ دیا ثور سے جانا باہر — زہرہ نے ترک کیا حوت سے کرنا تحویل — ص ۱۲۳

تحیّر[4]: (۱) نہ تمنّا، نہ تماشا، نہ تحیّر، نہ نگاہ — گردِ جوہر میں ہے آئینۂ دل پردہ نشیں — ص ۸

(۲) شعلہ رُخسارا! تحیّر سے تری رفتار کے — خارِ شمع آئنہ آتش میں جوہر ہوگیا — ص ۳۰

(۳) تمثال گداز آئنہ ہے عبرتِ بینش — نظّارہ تحیّر، چمنستانِ بقا ہیچ — ص ۳۶

(۴) تحیّر ہے گریباں گیرِ ذوقِ جلوہ پیرائی — ملی ہے جوہرِ آئینہ کو جوں بخیہ گیرائی — ص ۹۲

(۵) تو وہ بدخو کہ تحیّر کو تماشا جانے — غم وہ افسانہ کہ آشفتہ بیانی مانگے — ص ۲۰۹

دیکھیے ــــــ: (۶) انگشتِ تحیّر۔ (۷) صحراے تحیّر۔ (۸) کثرتِ انشاے مضمونِ تحیّر۔

تحیّر آغوش: دیکھیے: چشمِ تحیّر آغوش۔

تحیّر شکار: ہر گردباد: حلقۂ فتراکِ بے خودی — مجنونِ دشتِ عشق تحیّر شکار تر — ص ۴۱

تحیّر کدۂ فرصتِ آرائشِ وصل: بہ تحیّر کدۂ فرصتِ آرائشِ وصل — دلِ شب آئنہ دارِ تپشِ کوکب تھا — ص ۴۴

تخت[5]: دیکھیے ــــــ: (۱) پاے تخت۔ (۲) چہرہ آراے تاج و مسند و تخت۔

تختِ سلطانِ سخن: اے اسدؔ! آباد ہے مجھ سے جہانِ شاعری — خامہ میرا تختِ سلطانِ سخن کا پایہ ہے — ص ۱۰۳

تختِ سلیماں: جس جگہ ہو مسند آرا جانشینِ مصطفیٰ — اُس جگہ تختِ سلیماں نقشِ پاے مور ہے — ص ۹۳

تختِ سلیمانی: وقت اُس اُفتادہ کا خوش جو قناعت سے اسدؔ! — نقشِ پاے مور کو تختِ سلیمانی کرے — ص ۸۲

تختِ جم: دیکھیے: عزتِ تختِ جم۔

---

[1] تحقیق : ایک بار [مرکّب]۔
[2] تحمّل : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: چار بار]۔
[3] تحویل : ایک بار۔
[4] تحیّر : دس بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: پانچ بار]۔
تحیّر کدہ : ایک بار [مرکّب]۔
[5] تخت : آٹھ بار [مرکّب]۔

تخت و افسر: دیکھیے: وارثِ گنج و تخت و افسر۔

تخت و کلاہ: یہ ترکتاز سے برہم کرے گا کشورِ روس — یہ لے گا بادشہِ چیں سے چھین تخت و کلاہ ص ۲۷۸

(۲) دیکھیے: مشقِ جُراتِ ناز۔

جراحت[3]: جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغِ جگر ہدیہ ۔۔۔ مبارک باد اسدؔ! غم خوارِ جانِ دردمند آیا ص۱۳۲

(۲) نہ نکلا آنکھ سے تیری اک آنسو اُس جراحت پر ۔۔۔ کیا سینے میں جس نے خوں چکاں مژگانِ سوزن کو ص۱۹۸

(۳) دیکھیے: سنگِ جراحت۔

جراحتِ پیکاں: نہیں ذریعۂ راحت جراحتِ پیکاں ۔۔۔ وہ زخمِ تیغ ہے جس کو کہ دل کشا کہیے ص۲۲۸

جراحت خانہ: دیکھیے: عرضِ جراحت خانہ۔

جراحتِ دل: (۱) نہ پوچھ نسخۂ مرہم جراحتِ دل کا ۔۔۔ کہ اُس میں ریزۂ الماس جُزوِ اعظم ہے ص۲۲۹

(۲) دیکھیے: پُرسشِ جراحتِ دل۔

---

[1] جذبہ : تین بار [مرکّب]۔

[2] جُرات : دس بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: نو بار]۔

[3] جراحت : سات بار [مفرد: دو بار، مرکّب: پانچ بار]۔

جراحت خانہ : ایک بار [مرکّب]۔

جراحت ہا : ایک بار [مرکّب]۔

جراحت دوزیِ عاشق: جراحت دوزیِ عاشق ہے جائے رحم، ترساں ہوں — کہ رشتہ، تارِ اشکِ دیدۂ سوزن نہ ہو جاوے ص ۸۵

جراحت ہائے دل: اسدؔ! جس شوق سے ذرّے تپش فرسا ہوں روزن میں — جراحت ہائے دل سے جوہرِ شمشیر ہے پیدا ص ۳۰

جرِ ثقیل[1]: دیکھیے: ضابطۂ جرِ ثقیل۔

جرس[2]: (۱) بہ وقتِ کعبہ جوئی یا جرس کرتا ہے ناقوسی — کہ صحرا فصلِ گل میں رشک ہے بت خانۂ چیں کا ص ۲۸

(۲) اے ادا فہماں! صدا ہے تنگیِ فرصت سے خوں — ہے بہ صحرائے تحیّر چشمِ قربانی جرس ص ۴۵

(۳) کفر ہے غیر از وفورِ شوق رہبر ڈھونڈھنا — راہِ صحرائے حرم میں ہے جرس ناقوس و بس ص ۴۶

دیکھیے ـــــــ: (۴) غوغائے جرس۔ (۵) فریادِ جرس۔ (۶) گلوئے جرس۔

جرسِ آبلۂ پا: فریاد سے پیدا ہے اسدؔ! گرمیِ وحشت — تبخالۂ لب ہے جرسِ آبلۂ پا ص ۲۹

جرسِ قافلہ: وحشتِ نالہ بہ واماندگیِ وحشت ہے — جرسِ قافلہ یہاں دل ہے گراں باروں کا ص ۲۸

جرعہ[3] خواروں: جاں نثاروں میں ترے قیصرِ روم — جرعہ خواروں میں ترے مرشدِ جام ص ۱۳۷

جرعہ نوشی ہائے یار: ریزشِ خونِ وفا ہے جرعہ نوشی ہائے یار — یہاں گلوئے شیشۂ مے قبضۂ شمشیر ہے ص ۹۵

جُرم[4]: (۱) کس جرم سے ہے چشم تجھے حسرتِ قبول — برگِ حنا مگر مژۂ خوں فشاں نہیں! ص ۵۷

(۲) رہا کس جرم سے میں بے قرار و داغ ہم طرح؟ — سمندر کو پرِ پروانہ سے کافور ملتے ہیں ص ۷۳

(۳) بے خودی فرماں روائے حیرت آبادِ جنوں — زخم دوزیِ جرم و پیراہن دریدن منع ہے ص ۱۱۳

(۴) غلط ہے جذبِ دل کا شکوہ، دیکھو جرم کس کا ہے؟ — نہ کھینچو گر تم اپنے کو، کشاکش درمیاں کیوں ہو؟ ص ۲۰۰

جُرمِ آرزو تاویل: نالہ کھینچا ہے، سراپا داغ جرأت ہوں اسدؔ! — کیا سزا ہے میرے جُرمِ آرزو تاویل کی؟ ص ۹۱

جریدہ[5]: جوں بوئے گل ہوں گرچہ گراں بارِ مشتِ زر — لیکن اسدؔ! بہ وقتِ گزشتن جریدہ ہوں ص ۶۱

جزا[6]: دیکھیے ـــــــ: (۱)، (۲) روزِ جزا۔ (۳) شافعِ روزِ جزا۔

جُزو[7]: قطرے میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جُزو میں کُل — کھیل لڑکوں کا ہوا، دیدۂ بینا نہ ہوا ص ۱۶۲

---

[1] جرِ ثقیل : ایک بار [مرکب]۔
[2] جرس : آٹھ بار [مفرد: تین بار، مرکب: پانچ بار]۔
[3] جرعہ : دو بار [مرکب]۔
[4] جرم : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دو بار]۔
[5] جریدہ : ایک بار۔
[6] جزا : تین بار [مرکب]۔
[7] جُزو : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔

عُجوِ آشیاں: دیکھیے: ہر عُجوِ آشیاں۔

عُجوِ اعظم: نہ پوچھ نسخۂ مرہم جراحتِ دل کا / کہ اُس میں ریزۂ الماس عُجوِ اعظم ہے ص ۲۲۹

جستجو[۱]: (۱) مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور / تن سے سوا فگار ہیں اِس خستہ تن کے پانو ص ۱۹۶

(۲) جلا ہے جسم جہاں، دل بھی جل گیا ہوگا / کریدتے ہو جو اب راکھ، جستجو کیا ہے؟ ص ۲۲۳

دیکھیے ـــــ: (۳) اصلِ تنگ وتازِ جستجو۔ (۴) ترکِ جستجو۔ (۵) نقشِ پائے جستجو۔ (۶) خارِ جستجو۔ (۷) سامانِ ہزار جستجو۔ (۸) معذورِ جستجو۔

جستجوہا: دیکھیے: شکنجِ جستجوہا۔

جستجوے فرصتِ ربطِ سرِ وزانو: اضطراب عمر بے مطلب نہیں آخر کہ ہے / جستجوے فرصتِ ربطِ سر و زانو مجھے ص ۷۸

جُستن[۲]: نہاں ہے مردمک میں، شوقِ رخسار فروزاں سے / سپندِ شعلہ نادیدہ صفت اندازِ جُستن کا ص ۲۷

جستن ہا: دیکھیے: (۱) اندازِ چراغ از چشم جُستن ہا۔ (۲) تارِ جُستن ہا۔

جَستہ: دیکھیے: (۱) شرارِ جَستہ۔ (۲) صیدِ زِدام جَستہ۔

جُستن[۳]: دیکھیے: تاثیر جُستن۔

جسد[۴]: دیکھیے: فیلِ گراں جسد۔

جسم[۵]: (۱) کیوں نہ درکار ہو مجھے پوشش / جسم رکھتا ہوں، ہے اگرچہ نزار ص ۱۳۶

(۲) دیکھیے: جستجو (۲)۔ (۳) دیکھیے: عکسِ جسم۔

(۴) دیکھیے: ہزار جسم۔

جسمِ اطہر: جسمِ اطہر کو ترے دوشِ پیمبر: منبر / نامِ نامی کو ترے ناصیۂ عرش: نگیں ص ۱۳۵

جسم وجاں: دیکھیے: رنگ ریزِ جسم وجاں۔

جشنِ[۶] جمشید: دیکھیے: انشراحِ جشنِ جمشید۔

---

۱ جستجو : نو بار [مفرد: دو بار، مرکب: سات بار]۔
جستجوہا : ایک بار [مرکب]۔
۲ جُستن : ایک بار۔
جستن ہا : دو بار [مرکب]۔ جَستہ : دو بار [مرکب]۔
۳ جُستن : ایک بار [مرکب]۔
۴ جسد : ایک بار [مرکب]۔
۵ جسم : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔
۶ جشن : ایک بار [مرکب]۔

جعدِ پُرشکن: دیکھیے: خمِ جعدِ پُرشکن۔

جفا[۲]: (۱) نہ وفا کو آبرو ہے نہ جفا تمیز جو ہے | چہ حسابِ جاں فشانی، چہ غرورِ دل ستانی ص ۹۰

(۲) فلک کو دیکھ کے، کرتا ہوں اُس کو یاد اسدؔ! | جفا میں اس کی، ہے انداز کارفرما کا ص ۱۳۸

(۳) کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ | ہائے! اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا ص ۱۵۰

(۴) اب جفا سے بھی ہیں محروم ہم، اللہ اللہ! | اس قدر دشمنِ اربابِ وفا ہوجانا! ص ۱۵۶

(۵) کیا آبروے عشق جہاں عام ہو جفا | رُکتا ہوں، تم کو بے سبب آزار دیکھ کر ص ۱۶۸

(۶) کی وفا ہم سے تو غیر اِس کو جفا کہتے ہیں | ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں ص ۱۸۷

(۷) ہم پر، جفا سے ترکِ وفا کا گماں نہیں | اک چھیڑ ہے وگرنہ مراد امتحاں نہیں ص ۱۸۸

(۸) میں ہوں مشتاقِ جفا، مجھ پہ جفا اور سہی | تم ہو بیداد سے خوش، اس سے سوا اور سہی ص ۳۱۱

دیکھیے ــــــ: (۹) اہلِ جفا۔ (۱۰) بُرشِ تیغِ جفا۔ (۱۱) بیتابیِ جفا۔ (۱۲) تقاضاے جفا۔ (۱۳) سرگرمِ جفا۔ (۱۴) سینۂ افگار جفا۔ (۱۵) فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا۔ (۱۶) کشتۂ تیغِ جفا۔ (۱۷) مشتاقِ جفا۔

جفا سائل: نے اسدؔ جفا سائل، نے ستم جنوں مائل | تجھ کو جس قدر ڈھونڈھا، الفت آزما پایا ص ۱۳

جفا شوخ: جفا شوخ و ہوس گستاخ مطلب ہے مگر عاشق | نفَس در قالبِ خشتِ لحد دُزدیدنی جانے ص ۱۱۵

جفا مشرب: اُس جفا مشرب پہ عاشق ہوں کہ سمجھے ہے اسدؔ! | مالِ مُتی کو مباح اور خونِ صوفی کو حلال ص ۵۲

جفاے صدمۂ ضرب المثل: دیکھیے: دستِ جفاے صدمۂ ضرب المثل۔

جفائیں: کبھی نیکی بھی اُس کے جی میں گر آجائے ہے مجھ سے | جفائیں کر کے اپنی یاد شرما جائے ہے مجھ سے ص ۲۲۳

جگر[۳]: (۱) جس قدر جگر خوں ہو، کوچہ دادنِ گل ہے | زخمِ تیغِ قاتل کو طرفہ دل کشا پایا ص ۱۳

(۲) عرضِ دردِ بے وفائی وحشتِ اندیشہ ہے | خوں ہوا دل تا جگر، یارب! زبانِ شکوہ لال ص ۵۲

(۳) آہ! وہ جراتِ فریاد کہاں! | دل سے تنگ آ کے جگر یاد آیا ص ۱۵۲

۱۔ جعد : ایک بار [مرکب]۔
۲۔ جفا : اکتیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: تیرہ بار]۔
جفائیں : ایک بار۔
۳۔ جگر : ستاسی بار [مفرد: انیس بار، مرکب: اڑسٹھ بار]۔
جگر جلے : ایک بار۔

(۴) عذرِ واماندگی اے حسرتِ دل! نالہ کرتا تھا، جگر یاد آیا ص۱۵۲

(۵) ہے ایک تیر جس میں دونوں چھدے پڑے ہیں وہ دن گئے کہ اپنا دل سے جگر جدا تھا ص۱۵۸

(۶) کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا ص۱۶۰

(۷) جگر کو مرے عشقِ خونابہ مشرب لکھے ہے خداوندِ نعمت سلامت! ص۱۶۳

(۸) ایسا آساں نہیں لہو رونا دل میں طاقت، جگر میں حال کہاں! ص۱۸۲

(۹) مرے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں سوائے خونِ جگر، سو جگر میں خاک نہیں ص۱۸۳

(۱۰) حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں ص۱۹۰

(۱۱) سخن کیا کہہ نہیں سکتے کہ جویا ہوں جواہر کے جگر کیا ہم نہیں رکھتے کہ کھودیں جا کے معدن کو ص۱۹۹

(۱۲) ہستی کا اعتبار بھی غم نے مٹا دیا کس سے کہوں کہ داغ، جگر کا نشان ہے ص۲۰۳

(۱۳) پھر جگر کھودنے لگا ناخن آمدِ فصلِ لالہ کاری ہے ص۲۲۳

(۱۴) دشنے نے کبھی منہ نہ لگایا ہو جگر کو خنجر نے کبھی بات نہ پوچھی ہو گلو کی ص۲۲۸

(۱۵) دل سے تری نگاہ جگر تک اتر گئی دونوں کو اک ادا میں رضا مند کر گئی ص۲۳۳

(۱۶) رہے دل ہی میں تیر، اچھا، جگر کے پار ہو، بہتر غرض شستِ بُتِ ناوک فگن کی آزمایش ہے ص۲۴۴

(۱۷) خوں ہو کے جگر آنکھ سے ٹپکا نہیں اے مرگ! رہنے دے مجھے یہاں کہ ابھی کام بہت ہے ص۲۴۵

(۱۸) ٹکڑے ہوا ہے، دیکھ کے تحریر کو، جگر کاتب کی آستیں ہے مگر تیغ کا نیام ص۲۸۲

(۱۹) جگر سے، ٹوٹی ہوئی ہو گئی سناں پیدا دہانِ زخم میں آخر ہوئی زباں پیدا ص۲۹۳

(۲۰) گلشنِ زخم کھلاتا ہے جگر میں پیکاں گرہِ غنچہ ہے سامانِ چمن بالیدن ص۳۵۰

(۲۱) منقار سے رکھتا ہوں بہم چاکِ قفس کو تا گل ز جگر زخم میں ہے راہ نفس کو ص۳۵۰

دیکھیے ـــــــ: (۲۲) بخیۂ زخمِ جگر۔ (۲۳) پارۂ جگر۔ (۲۴) پارہ ہائے جگر۔ (۲۵) پردۂ جوشیدنِ خونِ جگر۔ (۲۶) تکلیفِ پردہ داریِ زخمِ جگر۔ (۲۷) چاکِ جگر۔ (۲۸)۔۔(۳۳) خونِ جگر [چھے بار]۔ (۳۴) خوں در جگر نہفتہ۔ (۳۵)۔۔(۳۹) داغِ جگر [پانچ بار]۔ (۴۰) دل تا جگر۔ (۴۱) دل خونیں جگر۔ (۴۲)، (۴۳) دل و جگر

[دوبار]۔ (۴۴) دود جگر۔ (۴۵) رسائی لختِ جگر۔ (۴۶) ۔۔ (۴۹) زخم جگر [چار بار]۔ (۵۰) ساغرِ زخمِ جگر۔ (۵۱)، (۵۲) سوزِ جگر [دوبار]۔ (۵۳) سوزِ زخمِ جگر۔ (۵۴) عریانیِ زخمِ جگر۔ (۵۵) قطرۂ خونِ جگر۔ (۵۶) لاکھ جگر۔ (۵۷)، (۵۸) لبِ زخمِ جگر [دوبار]۔ (۵۹)، (۶۰) لختِ جگر [دوبار]۔ (۶۱) لذتِ ریشِ جگر۔ (۶۲) مفتِ دل وجگر۔ (۶۳) مے خانہ جگر۔ (۶۴) نبضِ جگر۔ (۶۵) نشۂ خونِ جگر۔ (۶۶) نمکِ زخمِ جگر۔ (۶۷) نیامِ پردۂ زخمِ جگر۔ (۶۸) ہر ایک داغ جگر۔

جگر افسردگاں: دیکھیے: دنداں در جگر افسردگاں۔

جگر اندوختن: دیکھیے: کشتِ سینۂ صد جگر اندوختن۔

جگر خائیِ جوشِ حسرت: نہیں گر بہ کامِ دلِ خستہ گردوں | جگر خائیِ جوشِ حسرت سلامت ص ۳۳

جگر باختگی: کوہ کو بیم سے اُس کے، ہے جگر باختگی | نہ کرے نذرِ صدا ورنہ متاعِ تمکیں ص ۸

جگرِ تشنۂ آزار: جگرِ تشنۂ آزار تسلی نہ ہوا | جوئے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہر خار کے پاس ص ۱۷۳

جگر تشنۂ صد رنگ ظہور: ہر کفِ خاک: جگر تشنۂ صد رنگ ظہور | غنچے کے مے کدے میں مستِ تامّل ہے بہار ص ۳

جگر تشنۂ فریاد: پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا | دل، جگر تشنۂ فریاد آیا ص ۱۵۴

جگر تشنۂ ناز: جس قدر روحِ نباتی ہے جگر تشنۂ ناز | دے ہے تسکیں بہ دمِ آبِ بقا موجِ شراب ص ۱۹۳

جگر تفتگانِ عشق: دیکھیے: معاشِ جگر تفتگانِ عشق۔

جگر جلے: اک گرم آہ کی تو ہزاروں کے گھر جلے | رکھتے ہیں عشق میں یہ اثر ہم جگر جلے ص ۳۰۲

جگر خراش: دیکھیے: صد ہزار نوائے جگر خراش۔

جگرداری: کیا کس نے جگرداری کا دعویٰ! | شکیبِ خاطرِ عاشق بھلا کیا! ص ۱۵۷

جگرِ سوختہ: دیکھیے: نشانِ جگرِ سوختہ۔

جگر سوزی: دیکھیے: لذتِ جگر سوزی۔

جگر کاوی: دامانِ شفق طرف نقابِ مہِ نو ہے | ناخن کو جگر کاوی میں بے رنگ نکالوں ص ۶۰

جگرِ عاشقِ شیدا: دیکھیے: طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا۔

جگر گوشہ: رہ روِ راہِ خلد کا توشہ — طوبیٰ و سدرہ کا جگر گوشہ [آم کے لیے] ص۳۱

جگر گوشۂ وحشت: پایا سرِ ہر ذرہ جگر گوشۂ وحشت — ہیں داغ سے معمور شقائق کی کلاہیں ص۵۹

جگر گوں: دیکھیے: شوخیِ اشکِ جگر گوں۔

جگرِ لخت لخت: کرتا ہوں جمع پھر جگرِ لخت لخت کو — عرصہ ہوا ہے دعوتِ مژگاں کیے ہوئے ص۲۲۵

جگہ[1]: (۱) ہیں میری مشتِ خاک سے اُس کو کدورتیں — پائی جگہ بھی دل میں تو ہو کر غبار، حیف! ص۳۹

(۲) قسمت بری سہی، پہ طبیعت بری نہیں — ہے شکر کی جگہ کہ شکایت نہیں مجھے ص۱۲۵

(۳) سب کے دل میں ہے جگہ تیری، جو تو راضی ہوا — مجھ پہ گویا اک زمانہ مہرباں ہو جائے گا ص۱۵۱

(۴) وہ نالہ دل میں خس کے برابر جگہ نہ پائے! — جس نالے سے شگاف پڑے آفتاب میں ص۱۸۹

(۵) رہیے اب ایسی جگہ چل کر جہاں کوئی نہ ہو — ہم سخن کوئی نہ ہو اور ہم زباں کوئی نہ ہو ص۱۹۵

(۶) جب مے کدہ چھٹا تو پھر اب کیا جگہ کی قید — مسجد ہو، مدرسہ ہو، کوئی خانقاہ ہو ص۱۹۷

(۷) سبزے کو جب کہیں جگہ نہ ملی — بن گیا روئے آب پر کائی ص۲۵۱

(۸) جب کہ سیّد غلام بابا نے — مسندِ عیش پہ جگہ پائی ص۲۶۳

(۹) ہزار شکر کہ سیّد غلام بابا نے — فرازِ مسندِ عیش و طرب جگہ پائی ص۲۶۳

(۱۰) عدو کے سمعِ رضا میں جگہ نہ پائے وہ بات — کہ جنّ و انس و ملک سب بجا کہیں اُس کو ص۲۸۵

(۱۱) ہرگز کسی کے دل میں نہیں ہے مری جگہ — ہوں میں کلامِ نغز ولے ناشنیدہ ہوں ص۲

(۱۲) آئی اگر بلا تو جگہ سے ٹلے نہیں — ایرا ہی دے کے ہم نے بچایا ہے کشت کو ص۳۰۱

(۱۳) کثرتِ جوشِ سویدا سے نہیں جل کی جگہ — خال کب مشاطہ دے سکتی ہے کاکل کے تلے ص۳۵۳

جلاد[2]: (۱) مرتا ہوں اِس آواز پہ، ہرچند سر اُڑ جائے — جلاد کو لیکن وہ کہیں جائیں کہ: ہاں اور ص۱۶۰

(۲) عجب نشاط سے جلاد کے چلے ہیں ہم آگے — کہ اپنے سائے سے سر پانو سے ہے دو قدم آگے ص۲۲۷

---

[1] جگہ : تیرہ بار۔ جلادی : ایک بار۔

[2] جلاد : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔

(۳) جلاد سے ڈرتے ہیں نہ واعظ سے جھگڑتے | ہم سمجھے ہوئے ہیں اُسے، جس بھیس میں جو آئے | ص ۲۳۸

(۴) دیکھیے: خنجرِ جلاد۔ (۵) گلچینِ جلاد۔

جلادِ فلک: مستعدِ قتلِ یک عالم ہے جلادِ فلک | کہکشاں، موجِ شفق میں تیغِ خوں آشام ہے | ص ۱۰۱

جلادی: کرے ہے رہ رواں سے خنجرِ راہِ عشق جلادی | ہوا ہے موجۂ ریگِ رواں شمشیرِ فولادی | ص ۳۵۱

جلال[1]: دیکھیے: (۱) جاہ و جلال۔ (۲) جاہ و جلالِ عہدِ وصالِ بتاں۔

جلالی[2]: دیکھیے: (۱) سطوتِ اسمائے جلالی۔ (۲) آثارِ جلالی و جمالی۔

جلد[3]: (۱) مجھے معلوم ہے جو تو نے میرے حق میں سوچا ہے | کہیں ہو جائے جلد اے گردشِ گردونِ دوں! او بھی | ص ۴۳

(۲) کہا یہ جلد کہ تو اس میں سوچتا کیا ہے | لکھا ہے "نسخۂ تحفہ" یہی ہے سالِ تمام | ص ۲۶۳

جلدی[4]: (۱) پھونکتا ہے نالہ ہر شب صورِ اسرافیل کی | ہم کو جلدی ہے مگر تو نے قیامت ڈھیل کی | ص ۹۱

(۲) کبھی آ جائے گی، کیوں کرتے ہو جلدی غالب! | شہرۂ تیزیِ شمشیرِ قضا ہے تو سہی | ص ۳۱۱

جلدوں[5]: سات جلدوں کا پارسل پہنچا | واہ! کیا خوب برمحل پہنچا | ص ۲۶۳

جلوت[6]: دیکھیے: (۱) خلوت و جلوت۔ (۲) ہر خلوت و جلوت۔

جلوہ[7]: (۱) جس ادب گاہ میں تو آئنۂ شوخی ہو | جلوہ ہے ساقیِ مخموریِ تابِ دیوار | ص ۶

(۲) تھا خواب میں کیا جلوہ پرستارِ زلیخا؟ | ہے بالشِ دل سوختگاں میں پرِ طاؤس | ص ۴۵

(۳) حیرت سے ترے جلوے کی از بس کہ ہیں بیکار | خورِ قطرۂ شبنم میں ہے جوں شمع بہ فانوس | ص ۴۶

(۴) ہوئی یہ بے خودی چشم و زباں کو تیرے جلوے سے | کہ طوطی، قفلِ زنگ آلودہ ہے آئینہ خانے میں | ص ۵۸

(۵) یہ کس بے مہر کی تمثال کا ہے جلوہ سیمابی | کہ مثلِ ذرہ ہائے خاک آئینے پرافشاں ہیں | ص ۶۴

(۶) ریگِ رواں و ہر تپشِ دردِ تسلّیِ شعاع | آئنہ توڑ اے خیال! جلوے کو خوں بہا سمجھ | ص ۶۷

---

[1] جلال : دو بار [مرکب]۔
[2] جلالی : دو بار [مرکب]۔
[3] جلد : دو بار۔
[4] جلدی : دو بار۔
[5] جلدوں : ایک بار۔
[6] جلوت : دو بار [مرکب]۔
[7] جلوہ : ایک سو انتالیس بار [مفرد: اکیس بار، مرکب: ایک سو اٹھارہ بار]۔

(۷) جلوہ نہیں ہے دردِ سر، آئنہ صندلی نہ کر — عکس کجا و کُو نظر، نقش کو مدعا سمجھ — ص ۴۳

(۸) صفاے اشک میں داغِ جگر جلوہ دکھاتے ہیں — پرِ طاؤس گویا برقِ ابرِ چشمِ گریاں ہے — ص ۸۱

(۹) جنوں افسردہ و جاں ناتواں، اے جلوہ! شوخی کر — گئی یک عمر خودداری بہ استقبالِ رعنائی — ص ۹۲

(۱۰) خبر نگہ کو، نگہ چشم کو عدو جانے — وہ جلوہ کر کہ نہ میں جانوں اور نہ تو جانے — ص ۹۸

(۱۱) کفر سوز اُس کا وہ جلوہ ہے کہ جس سے ٹوٹے — رنگِ عاشق کی طرح رونقِ بت خانۂ چیں — ص ۱۳۲

(۱۲) وہی اک بات ہے جو یہاں نفَس، وھاں نکہتِ گل ہے — چمن کا جلوہ باعث ہے مری رنگیں نوائی کا — ص ۱۳۶

(۱۳) لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی — چمن، زنگار ہے آئینۂ بادِ بہاری کا — ص ۱۳۸

(۱۴) جلوہ ازبسکہ تقاضاے نگہ کرتا ہے — جوہرِ آئنہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا — ص ۲۲۴

(۱۵) جلوہ پھر عرضِ ناز کرتا ہے — روزِ بازارِ جانسپاری ہے — ص ۲۲۴

(۱۶) ساقی بہ جلوہ دشمنِ ایمان و آگہی — مطرب بہ نغمہ رہزنِ تمکین و ہوش ہے — ص ۲۳۰

(۱۷) شکلِ طاؤس کرے آئنہ خانہ پرواز — ذوق میں جلوے کے تیرے، بہ ہواے دیدار — ص ۳۳

(۱۸) کیا آئینہ خانے کا وہ نقشا تیرے جلوے نے — کرے جو پرتوِ خرشید عالم شبنمستاں کا — ص ۱۵۶

(۱۹) تیرے ہی جلوے کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک — بے اختیار دوڑے ہے گل در قفاے گل — ص ۱۸۶

(۲۰) نظّارہ کیا حریف ہو اُس برقِ حُسن کا — جوشِ بہار جلوے کو جس کے نقاب ہے — ص ۲۰۶

(۲۱) جلوے کا تیرے وہ عالم ہے کہ گر کیجے خیال — دیدۂ دل کو زیارت گاہِ حیرانی کرے — ص ۲۱۱

(۲۲) ہے وہی بدمستیِ ہر ذرّہ کا خود عذر خواہ — جس کے جلوے سے زمیں تا آسماں سرشار ہے — ص ۲۱۲

[تین بار بہ طور جزوِ ردیف ص ۸۷]:

(۲۳) عجزِ دیدن ہا بہ ناز و نازِ رفتن ہا بہ چشم — جادۂ صحراے آگاہی شعاعِ جلوہ ہے

(۲۴) اختلافِ رنگ و بو: طرحِ بہارِ بے خودی — صلحِ کُل گردِ ادب گاہِ نزاعِ جلوہ ہے

(۲۵) حُسنِ خوباں بس کہ بے قدرِ تماشا ہے اسدؔ — آئنہ: یک دستِ ردِّ امتناعِ جلوہ ہے

[تین بار بہ طور جزوِ ردیف ص ۲۱۵]:

(٢٦)،(٢٧) حُسن بے پروا خریدارِ متاعِ جلوہ ہے — آئنہ زانوے فکرِ اختراعِ جلوہ ہے

(٢٨) تا کجا اے آگہی! رنگِ تماشا باختن — چشمِ وا گردیدہ: آغوشِ وداعِ جلوہ ہے

دیکھیے ______: (٢٩) ارزانیِ مےِ جلوہ۔ (٣٠) تمثالِ جلوہ۔ (٣١) جوشِ جلوہ۔ (٣٢) حجابِ جلوہ۔

(٣٣) حسنِ آشفتگیِ جلوہ۔ (٣٤) خطِ ساغرِ جلوہ۔ (٣٥) خیر خواہِ جلوہ۔ (٣٦) سُراغِ جلوہ۔ (٣٧) صدِ جلوہ۔

(٣٨) کاوشِ ایجادِ جلوہ۔ (٣٩) گل فشانی ہاے نازِ جلوہ۔ (٤٠) نامرادِ جلوہ۔ (٤١) نزاکتِ جلوہ۔

(٤٢) نقدِ دامِ تمناے جلوہ۔ (٤٣) ہواے چمنِ جلوہ۔

جلوہ اندوزی: دیکھیے: سعیِ جلوہ اندوزی۔

جلوہ پرداز: جلوہ پرداز ہو نقشِ قدم اُس کا جس جا — وہ کفِ خاک ہے ناموسِ دو عالم کی امیں — ص ١٣٢

جلوہ پرست: دیکھیے: نگہِ جلوہ پرست۔

جلوہ پرور: اسدؔ! تاثیرِ صافی ہاے حیرت جلوہ پرور ہو — گر آبِ چشمۂ آئینہ دھووے عکس زنگی کا — ص ٢٦

جلوہ پیرائی: دیکھیے: (١) تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی۔ (٢) گریباں گیرِ ذوقِ جلوہ پیرائی۔

جلوہ پیمائی: پرِ طاؤس ہے نیرنگِ داغِ حیرت انشائی — دو عالم دیدۂ بسمل، چراغاں جلوہ پیمائی — ص ٩٢

جلوہ تماشا: وصالِ جلوہ تماشا ہے پر دماغ کہاں — کہ دیجے آئنۂ انتظار کو پرداز — ص ١٧١

جلوہ تمثال: جلوہ تمثال ہے ہر ذرۂ نیرنگِ سواد — بزمِ آئینۂ تصویر نما مشتِ غبار — ص ٣

جلوہ حائل ہا: نگہ کی ہم نے پیدا رشتۂ ربطِ علائق سے — ہوئے ہیں پردہ ہاے چشمِ عبرت جلوہ حائل ہا — ص ٢٣

جلوہ رفتار: جلوہ رفتار سرِ جادۂ شرعِ تسلیم — نقشِ پا جس کا ہے توحید کو معراجِ جبیں — ص ٨

جلوہ ریزی: بقدرِ حوصلۂ عشق جلوہ ریزی ہے — وگرنہ خانۂ آئینہ کی فضا معلوم! — ص ٥٣

دیکھیے: (٢) انتظارِ جلوہ ریزی۔ (٣) نیازِ جلوہ ریزی۔

جلوہ ریزیِ باد: ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے — بہ جلوہ ریزیِ باد و بہ پرفشانیِ شمع — ص ١٤٣

جلوہ ریزِ بے نقابی: صبح دم وہ جلوہ ریزِ بے نقابی ہو اگر — رنگِ رخسارِ گلِ خورشید مہتابی کرے — ص ١٠٠

جلوہ زارِ آتشِ دوزخ: جلوہ زارِ آتشِ دوزخ ہمارا دل سہی — فتنۂ شورِ قیامت کس کی آب و گل میں ہے — ص ٢٣٢

جلوہ فرما:	(۱) وقت ہے، گر بلبلِ مسکین زلیخائی کرے	یوسفِ گل جلوہ فرما ہے بہ بازارِ چمن	ص۵۹
	(۲) شب کہ وہ گل باغ میں تھا جلوہ فرما اے اسدؔ!	داغِ مہ، جوشِ چمن سے لالۂ مہ ہو گیا	ص۳۳۶
جلوہ فرمائی:	(۱) وہ گل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے غالبؔ!	چٹکنا غنچۂ گل کا، صداے خندۂ دل ہے	ص۲۰۸
	(۲) دیکھیے: غبارِ ادب گاہِ جلوہ فرمائی۔		
جلوہ فرمایاں:	دیکھیے: پامالِ خرامِ جلوہ فرمایاں۔		
جلوہ فزا:	دیکھیے: قباے جلوہ فزا۔		
جلوہ گاہ:	(۱) طاؤس در رکاب ہے ہر ذرہ آہ کا	یارب! نفَس غبار ہے کس جلوہ گاہ کا؟	ص۱۹
	(۲) سنتے ہیں جو بہشت کی تعریف، سب درست	لیکن خدا کرے وہ ترا جلوہ گاہ ہو!	ص۱۹۷
جلوہ گاہِ گل:	ہم زانوے تامّل و ہم جلوہ گاہِ گل	آئینہ بندِ خلوت و محفل ہے آئنہ	ص۷۰
جلوہ گر:	(۱) تو ہوا جلوہ گر، مبارک ہو	ریزشِ سجدۂ جبینِ نیاز!	ص۱۷۲
	(۲) در آبِ آئنہ از جوشِ عکسِ گیسوے مشکیں	بہارِ سنبلستاں جلوہ گر ہے آں سوے دریا	ص۳۴۷
	(۳) جہاں شمعِ خموشی جلوہ گر ہے	پرِ پروانگاں بالِ شرر ہے	ص۳۵۵
جلوہ گری:	(۱) کم نہیں جلوہ گری میں ترے کوچے سے، بہشت	یہی نقشا ہے ولے اِس قدر آباد نہیں	ص۱۸۶
	(۲) کہہ سکے کون کہ یہ جلوہ گری کس کی ہے	پردہ چھوڑا ہے وہ اُس نے کہ اُٹھائے نہ بنے	ص۲۳۶
	(۳) اُس قامتِ رعنا کی جہاں جلوہ گری ہے	تسلیم فروشی روشِ کبکِ دری ہے	ص۳۵۳
جلوہ گستر:	اگر وہ آفتِ نظارہ جلوہ گستر ہو	ہلال، ناخنکِ دیدہ ہاے اختر ہو	ص۶۷
جلوہ گستری:	رخسارِ یار کی جو کھلی جلوہ گستری	زلفِ سیاہ بھی شبِ مہتاب ہو گئی	ص۹۶
جلوہ مایوس:	جلوہ مایوس نہیں دل، نگرانی غافل!	چشمِ اُمید ہے روزن تری دیواروں کا	ص۲۸
جلوہ نما:	موجۂ گل سے چراغاں ہے گزرگاہِ خیال	ہے تصور میں ز بس جلوہ نما موجِ شراب	ص۱۹۳
جلوہ نمائی:	یارانِ نبی میں تھی لڑائی کس میں؟	اُلفت کی نہ تھی جلوہ نمائی کس میں؟	ص۳۱۳
جلوہ منظر:	دل، سوزِ جنوں سے جلوہ منظر ہے آج	نیرنگِ زمانہ فتنہ پرور ہے آج	ص۱۱۸

جلوہ ہائے معانی: دیکھیے: لطفِ جلوہ ہائے معانی۔

جلوۂ آثارِ زخمِ دنداں: لبِ گزیدۂ معشوق ہے دلِ افگار — کہ بخیہ، جلوۂ آثارِ زخمِ دنداں ہے ص ۱۰۲

جلوۂ آئینہ: دیکھیے: صد جلوۂ آئینہ۔

جلوۂ ادراک: مژہ، پہلوے چشم اے جلوۂ ادراک! باقی ہے — ہوا وہ شعلہ داغ اور شوخیِ خاشاک باقی ہے ص ۱۰۷

جلوۂ باغ: زخمِ دل میں ہے نہاں غنچۂ پیکانِ نگار — جلوۂ باغ ہے در پردۂ ناسور ہنوز ص ۴۵

جلوۂ برق: جلوۂ برق سے ہوجائے نگہ عکس پذیر — اگر آئینہ بنے حیرتِ صورت گرِ چیں ص ۹

جلوۂ برقِ فنا: ڈھونڈھے ہے اُس مغنیِ آتش نفَس کو جی — جس کی صدا ہو جلوۂ برقِ فنا مجھے ص ۲۰۶

جلوۂ بیباکِ حُسن: برق سامانِ نظر ہے جلوۂ بیباکِ حُسن — شمعِ خلوت خانہ کیجیے، ہرچہ باداباد، گُل ص ۵۲

جلوۂ بینش: زکوٰۃِ حُسن دے اے جلوۂ بینش! کہ مہر آسا — چراغِ خانۂ درویش ہو کاسہ گدائی کا ص ۱۳۶

جلوۂ بینش پناہ: جلوۂ بینش پناہ بخشے ہے ذوقِ نگاہ — کعبہ پوشش سیاہ مردمک احرام ہے ص ۹۹

جلوۂ تجزیۂ بہار: ورنہ وہ ناز ہے، جس گلشنِ بیداد سے تھا — طور مشعل بہ کف از جلوۂ تجزیۂ بہار ص ۳

جلوۂ تمثال: ہوئے اُس مہروش کے جلوۂ تمثال کے آگے — پرافشاں جوہر آئینے میں، مثلِ ذرہ روزن میں ص ۱۸۰

جلوۂ تمکیں: دیکھیے: اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں۔

جلوۂ جانانہ: دیکھیے: (۱) گرمِ خیالِ جلوۂ جانانہ۔ (۲) نقابِ جلوۂ جانانہ۔

جلوۂ حُسن: بے دماغِ تپشِ رشک ہوں اے جلوۂ حُسن! — تشنۂ خونِ دل و دیدہ ہے پیماں میرا ص ۲۱

جلوۂ حُسنِ بتاں: دیکھیے: وقتِ خیالِ جلوۂ حُسنِ بتاں۔

جلوۂ حُسنِ غیور: سطوت سے تیرے جلوۂ حُسنِ غیور کی — خوں ہے مری نگاہ میں رنگِ ادائے گُل ص ۱۸۶

جلوۂ خرشید: (۱) بیکسی افسردہ ہوں، اے ناتوانی! کیا کروں — جلوۂ خرشید سے ہے گرم پہلوے ہلال ص ۵۲

(۲) گر جلوۂ خرشید خریدارِ وفا ہو — جوں ذرہ، صد آئینہ بے زنگ نکالوں ص ۶۱

جلوۂ خُور: (۱) ہوتے ہیں محو جلوۂ خُور سے ستارگاں — دیکھ اُس کو دل سے مٹ گئے بے اختیار داغ ص ۳۸

(۲) جلوۂ خُور سے فنا ہوتی ہے شبنم غالب! — کھو دیا سطوتِ اسمائے جلالی نے مجھے ص ۳۲۰

جلوۂ خیال: ہے جلوۂ خیال سویداے مردمک — جوں داغ شعلہ سر خطِ آغاز ہے مجھے ص ۹۷

جلوۂ دیدار:	(۱) بس کہ تیرے جلوۂ دیدار کا ہے اشتیاق	ہر بتِ خرشید طلعت آفتابِ بام ہے	ص ۱۰۱
	(۱) دیکھیے: سرِ دریوزگیِ جلوۂ دیدار۔		
جلوۂ دیدارِ دوست:	دیکھیے: تابِ جلوۂ دیدارِ دوست۔		
جلوۂ رخسار:	دیکھیے: رہنِ جلوۂ رخسار۔		
جلوۂ رنگیں:	دیکھیے: گردشِ ساغرِ صد جلوۂ رنگیں۔		
جلوۂ ریگِ رواں:	جلوۂ ریگِ رواں دیکھ کے، گردوں ہر صبح	خاک پر توڑے ہے آئینۂ نازِ پرویں	ص ۸
جلوۂ زخم:	جوں غنچہ و گل آفتِ فالِ نظر نہ پوچھ	پیکاں سے تیرے جلوۂ زخم آشکار تھا	ص ۱۷
جلوۂ ساقی:	دیکھیے: حسرتِ جلوۂ ساقی۔		
جلوۂ سرشار:	دیکھیے: ساغرِ جلوۂ سرشار۔		
جلوۂ صیاد:	زبسکہ جلوۂ صیاد حیرت آرا ہے	اڑی ہے صفحۂ خاطر سے صورتِ پرواز	ص ۴۳
جلوۂ طور:	گردِ جولاں سے ہے تیری، بہ گریباں خرام	جلوۂ طور نمک سودۂ زخمِ تکرار	ص ۶
جلوۂ عمر:	حیرتِ کاغذِ آتش زدہ ہے جلوۂ عمر	تہِ خاکسترِ صد آئنہ پایا ہے مجھے	ص ۱۰۸
جلوۂ کاکل:	دیکھیے: انتظارِ جلوۂ کاکل۔		
جلوۂ کیفیتِ دگر:	دیکھیے: طلسمِ جلوۂ کیفیتِ دگر۔		
جلوۂ گردِ سواد:	بہ اقلیمِ سخن ہے جلوۂ گردِ سوادِ آتش	کہ ہے دودِ چراغاں سے ہیولائے مدادِ آتش	ص ۴۷
جلوۂ گل:	(۱) گلشن و مے کدہ: سیلابیِ یک موجِ خیال	نشہ و جلوۂ گل: بر سرِ ہم فتنہ غبار	ص ۳
	(۲) یھاں نفس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بے خودی	جلوۂ گل وھاں بساطِ صحبتِ احباب تھا	ص ۱۳۵
	(۳) جلوۂ گل نے کیا تھا وھاں چراغاں آبجو	یھاں رواں مژگانِ چشمِ تر سے خونِ ناب تھا	ص ۱۳۵
	(۴) دل تا جگر کہ ساحلِ دریائے خوں ہے اب	اِس رہ گزر میں جلوۂ گل، آگے گرد تھا	ص ۱۵۴
	(۵) بخشے ہے جلوۂ گل ذوقِ تماشا غالبؔ!	چشم کو چاہیے ہر رنگ میں وا ہو جانا	ص ۱۵۶
	(۶) ہوش اُڑتے ہیں مرے جلوۂ گل دیکھ اسدؔ!	پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب	ص ۱۶۳

(۷) یہ کس بہشت شمائل کی آمد آمد ہے! کہ غیرِ جلوۂ گل رہ گزر میں خاک نہیں ص ۱۸۳

(۸) بس کہ ہیں ہم اک بہارِ ناز کے مارے ہوئے جلوۂ گل کے سوا گرد اپنے مدفن میں نہیں ص ۱۸۵

دیکھیے: (۹) خیالِ جلوۂ گل۔ (۱۰) یک بیاباں جلوۂ گل۔

جلوۂ لولیانِ ماہ جبیں: نغمۂ مطربانِ زہرہ نوا جلوۂ لولیانِ ماہ جبیں ص ۲۸۰

جلوۂ محروم نواز: جس چمن میں ہو ترا جلوۂ محروم نواز پرِ طاؤس کرے گرم نگہ کا بازار ص ۵

جلوۂ مدعا: سیر تو دیکھو کہ کیا نظر آیا جلوۂ مدعا نظر آیا ص ۲۶۷

جلوۂ مژگانِ حور: جنت ہے تیری تیغ کے کشتوں کی منتظر جوہر سوادِ جلوۂ مژگانِ حور تھا ص ۱۸

جلوۂ معنی: دیکھیے: حسرت کش یک جلوۂ معنی۔

جلوۂ موجِ شراب: مینائے مے ہے سروِ نشاطِ بہار سے بالِ تدرو جلوۂ موجِ شراب ہے ص ۲۰۶

جلوۂ مہتاب: دیکھیے: وحشتِ بے قرار جلوۂ مہتاب۔

جلوۂ ناز: دیکھیے: ہوائے جلوۂ ناز۔

جلوۂ ناز سوختن: مُفتِ صفائے طبع ہے جلوۂ ناز سوختن داغِ دلِ سیہ دلاں مردمِ چشمِ زاغ ہے ص ۱۱۵

جلوۂ نیرنگِ اعتبار: تمثالِ ناز: جلوۂ نیرنگِ اعتبار ہستی عدم ہے، آئنہ گر رو بہ رو نہ ہو ص ۶۸

جلوۂ یکتائیِ معشوق: دہر جز جلوۂ یکتائیِ معشوق نہیں ہم کہاں ہوتے اگر حُسن نہ ہوتا خود بیں ص ۱۳۳

جلوۂ یوسف: یک چمن جلوۂ یوسف ہے بہ چشمِ یعقوب لالہ با داغ پراگندہ و گل ہا بے خار ص ۳

جلے پھپولے[۱]: آم کے آگے پیش جاوے خاک پھوڑتا ہے جلے پھپولے تاک ص ۳۰

جم[۲]: (۱) بزم میں میزبانِ قیصر و جم رزم میں اوستادِ رستم و سام ص ۳۷

(۲) مرے شاہِ سلیماں جاہ سے نسبت نہیں غالبؔ! فریدون و جم و کیخسرو و داراب و بہمن کو ص ۱۹۹

دیکھیے ـــــــ: (۳)، (۴) جامِ جم [دوبار]۔ (۵) ساغرِ جم۔ (۶) دُردی کشِ پیمانۂ جم۔

جم جاہ: دیکھیے: شاہِ جم جاہ۔

۱؎ جلے پھپولے : ایک بار۔ ۲؎ جم : آٹھ بار [مرکب]۔

جم رتبہ: جم مرتبہ میکلوڈ بہادر کہ وقتِ رزم — تُرکِ فلک کے ہاتھ سے وہ چھین لیں حسام — ص ۲۸۲

جمال[1]: دیکھیے: (۱) آرائشِ جمال۔ (۲) ذوقِ نظارۂ جمال۔ (۳) محرومِ جمال۔ (۴) مہِ خرشید جمال۔ (۵) نظارۂ جمال۔

جمالِ دل فروز: جب وہ جمالِ دل فروز، صورتِ مہرِ نیم روز — آپ ہی نظارہ سوز، پردے میں منہ چھپائے کیوں — ص ۱۹۳

جمالِ کمال: فخرِ دیں، عزِّ شان و جاہ و جلال — زینتِ طینت و جمالِ کمال — ص ۳۱

جمالی: دیکھیے: آثارِ جلالی و جمالی۔

جمشید[2]: دیکھیے: (۱) خاتمِ جمشید۔ (۲) انشراحِ جشنِ جمشید۔ (۳) جامِ جمشید۔

جمع[3]: (۱) تو یک جہاں قماشِ ہوس جمع کر، کہ میں — حیرت متاعِ عالَمِ نقصان و سود تھا — ص ۱۲

(۲) اے عدوے مصلحت! چندے بہ ضبط افسردہ رہ — کردنی ہے جمع تابِ شوخیِ دیدارِ دوست — ص ۳۳

(۳) جوں مردمکِ چشم میں ہوں جمع نگاہیں — خوابیدہ بہ حیرت کدۂ داغ ہیں آہیں — ص ۵۹

(۴) تکلف برطرف، ذوقِ زلیخا جمع کر ورنہ — پریشاں خوابِ آغوشِ وداعِ یوسفستاں ہے — ص ۸۱

(۵) ہو گئے باہم گر جوشِ پریشانی سے جمع — گردشِ جامِ تمنا دورِ گرداں ہے مجھے — ص ۱۰۰

(۶) نیک ہوتی مری حالت تو نہ دیتا تکلیف — جمع ہوتی مری خاطر تو نہ کرتا تعجیل — ص ۱۲۳

(۷) جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو؟ — اک تماشا ہوا گِلا نہ ہوا — ص ۱۹۲

(۸) مت مردمکِ دیدہ میں سمجھو یہ نگاہیں — ہیں جمع سویداے دلِ چشم میں آہیں — ص ۱۸۳

(۹) ہو گئے ہیں جمع اجزاے نگاہِ آفتاب — ذرّے اُس کے گھر کی دیواروں کے روزن میں نہیں — ص ۱۸۵

(۱۰) کرتا ہوں جمع پھر جگرِ لخت لخت کو — عرصہ ہوا ہے دعوتِ مژگاں کیے ہوئے — ص ۲۲۵

(۱۱) کیوں نہ ہو بے التفاتی، اُس کی خاطر جمع ہے — جانتا ہے محوِ پرسش ہاے پنہانی مجھے — ص ۲۳۲

(۱۲) تین تیوہار اور ایسے خوب — جمع ہرگز ہوئے نہ ہوں گے کہیں — ص ۲۸۰

(۱۳) صفا کب جمع ہو سکتی ہے غیر از گوشہ گیری ہا — صدف بن قطرۂ نیساں اسد! گوہر نہیں ہوتا — ص ۳۲۵

---

[1] جمال : سات بار [مرکب]۔
جمالی : ایک بار [مرکب]۔

[2] جمشید : تین بار [مرکب]۔

[3] جمع : سترہ بار [مفرد: چودہ بار، مرکب: تین بار]۔

(۱۴) دیکھیے: خاطرِ جمع۔

جمع و خرج: (۱) نہ کہہ کہ گریہ بمقدارِ حسرتِ دل ہے   مری نگاہ میں ہے جمع و خرج دریا کا   ص ۱۳۸

(۲) دیکھیے: فردِ جمع و خرجِ زباں ہائے لال۔

جمعہ[۱]: صبح سے دیکھیں گے رستہ یار کا   جمعے کے دن وعدہ ہے دیدار کا   ص ۲۷۳

جمعیت[۲]: دیکھیے: (۱) کسبِ جمعیت۔ (۲) سامانِ جمعیت۔

جمعیتِ آوارگیِ دید: جمعیتِ آوارگیِ دید نہ پوچھو   دل تا مژہ آغوشِ وداعِ نظر آوے   ص ۱۱۳

جمعیتِ احباب: دیکھیے: دعویِ جمعیتِ احباب۔

جمعیتِ چشمِ بسمل: بے تماشا نہیں جمعیتِ چشمِ بسمل   مژہ، فالِ دو جہاں خوابِ پریشاں زدہ ہے   ص ۱۰۹

جمعیتِ دل: اسدا جمعیتِ دل در کنارِ بےخودی خوش تر   دو عالم آگہی: سامانِ یک خوابِ پریشاں ہے   ص ۸۱

جمعیتِ مخمل: دیکھیے: خوابِ جمعیتِ مخمل۔

جملہ[۳] تن عرق: میں وادیِ طلب میں ہوا جملہ تن عرق   از بس کہ صرفِ قطرہ زنی تھا بسانِ اشک   ص ۵۰

جمنا[۴]: پیر و مرشدا معاف کیجیے گا   میں نے جمنا کا کچھ نہ لکھا حال   ص ۲۹۷

جن[۵]: عدو کے سمعِ رضا میں جگہ نہ پائے وہ بات   کہ جن و انس و ملک سب بجا کہیں اُس کو   ص ۲۸۵

جناب[۶]: (۱) ہیں آج کیوں ذلیل؟ کہ کل تک نہ تھی پسند   گستاخیِ فرشتہ ہماری جناب میں   ص ۱۸۹

(۲) دیکھیے: خیر خواہِ جناب۔

جنابِ عالی: ملاذِ کشور و لشکر، پناہِ شہر و سپاہ   جنابِ عالیِ ایلن برونِ والا جاہ   ص ۲۷۷

جنابِ فیض مآب: دیکھیے: دعائے بقائے جنابِ فیض مآب۔

جنابِ قبلۂ حاجات: جنابِ قبلۂ حاجات اِس بلاکش نے   بڑے عذاب سے کاٹے ہیں پانچ چار برس   ص ۲۶۳

جناح[۷]: شب کہ باندھا خواب میں آنے کا قاتل نے جناح   وہ فسونِ وعدہ، میرے واسطے افسانہ تھا   ص ۲۵

---

۱ جمعہ : ایک بار۔
۲ جمعیت : سات بار [مرکب]۔
۳ جملہ : ایک بار [مرکب]۔
۴ جمنا : ایک بار۔   ۵ جن : ایک بار [مرکب]۔
۶ جناب : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔
۷ جناح : ایک بار۔

جنازہ[1]: (۱) ہوئے مر کے ہم جو رسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا — نہ کبھی جنازہ اُٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا ص۱۶۰

(۲) قسم جنازے پہ آنے کی میرے کھاتے ہیں غالبؔ! — ہمیشہ کھاتے تھے جو میری جان کی قسم، آگے ص۲۲۸

جُنبش[2]: (۱) ساتھ جُنبش کے، بہ یک برخاستن طے ہوگیا — تو کہے، صحرا غبارِ دامنِ دیوانہ تھا ص۲۵

(۲) شاخِ گل جُنبش میں ہے گہوارہ آسا ہر نفس — طفلِ شوخِ غنچۂ گل بسکہ ہے وحشی مزاج ص۳۵

(۳) لبِ عیسیٰ کی جُنبش کرتی ہے گہوارہ جُنبانی — قیامت کشتۂ لعلِ بتاں کا خوابِ سنگیں ہے ص۲۱۷

(۴) گو ہاتھ کو جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے — رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے ص۲۳۹

جُنبشِ ابروے یار: دیکھیے: شہیدِ جنبشِ ابروے یار۔

جُنبشِ بادِ سحر: صاف آتی ہیں نظر آبِ گہر کی لہریں — جُنبشِ بادِ سحر نے جو ہلایا سہرا ص۲۸۸

جُنبشِ بالِ جبریل: تیرا اندازِ سخن: شانۂ زلفِ الہام — تیری رفتارِ قلم: جُنبشِ بالِ جبریل ص۲۳

جُنبشِ جوہر: ہوا چرچا جو میرے پانو کی زنجیر بننے کا — کیا بیتاب کاں میں جُنبشِ جوہر نے آہن کو ص۱۹۸

جُنبشِ دامانِ باد: دیا داغِ جگر کو آہ نے ساماں شگفتن کا — نہ ہو بالیدہ غیر از جُنبشِ دامانِ بادِ آتش ص۴۷

جُنبشِ دل: جُنبشِ دل سے ہوئے ہیں عقدہ ہاے کار وا — کم تریں مزدورِ سنگیں دست ہے فرہاد یہاں ص۵۷

(۲) دیکھیے: صد جنبشِ دل۔

جُنبشِ زباں: ہے جُنبشِ زباں بہ دہن سخت ناگوار — خونابۂ ہلاہلِ حسرت چشیدہ ہوں ص۶۱

جُنبشِ قلم: لکھا کرے کوئی احکامِ طالعِ مولود — کسے خبر ہے کہ وہاں جُنبشِ قلم کیا ہے ص۳۱۱

جُنبشِ لب: (۱) دکھا کے جُنبشِ لب ہی تمام کر ہم کو — نہ دے جو بوسہ تو منہ سے کہیں جواب تو دے ص۲۲۳

دیکھیے: (۲) صدمۂ یک جُنبشِ لب۔ (۳) یک جُنبشِ لب۔

جُنبشِ مژگاں: ظاہر کرے ہے جُنبشِ مژگاں سے مدعا — طفلانہ ہاتھ کا ہے اشارہ زبانِ اشک ص۵۰

جُنبشِ موجِ صبا: کون آیا جو چمن بیتابِ استقبال ہے؟ — جُنبشِ موجِ صبا ہے شوخیِ رفتارِ باغ ص۴۸

جُنبشِ مہمیز: دیکھیے: صد جُنبشِ مہمیز۔

---

[1] جنازہ : ایک بار۔

[2] جُنبش : بائیس بار [مفرد: چار بار، مرکب: اٹھارہ بار]۔

جنبشِ نالِ قلم: بلبلِ تصویر ہوں بیتابِ اظہارِ تپش — جنبشِ نالِ قلم جوشِ پرافشانی مجھے ص۸۶

جنبشِ نشاط: دیکھیے: یک جنبشِ نشاط۔

جنبشِ ہر برگ: جنبشِ ہر برگ سے ہے گل کے لب کو اختلاج — حبِ شبنم سے صبا ہر صبح کرتی ہے علاج ص۳۵

جنت[1]: (۱) جنت ہے تیری تیغ کے کشتوں کی منتظر — جوہر سوادِ جلوۂ مژگانِ حور تھا ص۱۸

(۲) چاہے گر جنت جز آدم وارثِ آدم نہیں — شوخیِ ایمانِ زاہد سستیِ تدبیر ہے ص۹۵

(۳) دیتے ہیں جنت حیاتِ دہر کے بدلے — نشہ بہ اندازۂ خمار نہیں ہے ص۲۰۸

(۴) ہم کو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن — دل کے خوش رکھنے کو غالبؔ! یہ خیال اچھا ہے ص۲۲۰

(۵) دیکھیے: باغِ جنت۔

جنتِ نقشِ قدم: وصفِ دلدل ہے مرے مطلعِ ثانی کی بہار — جنتِ نقشِ قدم سے ہوں میں اُس کے گلچیں ص۹

جنتِ نگاہ: لطفِ خرامِ ساقی و ذوقِ صدائے چنگ — یہ جنتِ نگاہ، وہ فردوسِ گوش ہے ص۲۳۰

جنسِ[2] بازارِ معاصی: جنسِ بازارِ معاصی اسداللہ اسدؔ — کہ سوا تیرے کوئی اُس کا خریدار نہیں ص۱۳۵

جنسِ رسوائی: دیکھیے: دلالِ جنسِ رسوائی۔

جنسِ وفا: دیکھیے: غارت گرِ جنسِ وفا۔

جنگ[3]: ہے غیرتِ الفت کہ اسدؔ اُس کی ادا پہ — گردیدہ و دل صلح کریں، جنگ نکالوں ص۶۱

جنگ جوئی ہائے یار: دیکھیے: صرفِ جنگ جوئی ہائے یار۔

جنگل[4]: ہر یک مکان کو ہے مکیں سے شرف اسدؔ — مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اُداس ہے ص۲۰۵

جنگیدن[5]: سازشِ صلح بتاں میں ہے نہاں جنگیدن — نغمہ و چنگ ہیں جوں تیر و کماں فہمیدن ص۲۵۰

جنوری[6]: تھی جنوری مہینے کی تاریخ تیرھویں — استادہ ہو گئے لبِ دریا پہ جب خیام ص۲۸۲

جنوں[7]: جنوں گرمِ انتظار و نالہ بیتابی کمند آیا — سویدا تا بہ لب زنجیریِ دودِ سپند آیا ص۱۱

---

۱ جنت : سات بار [مفرد: چار بار، مرکب: تین بار]۔
۲ جنس : تین بار [مرکب]۔
۳ جنگ : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
۴ جنگل : ایک بار۔
۵ جنگیدن : ایک بار۔
۶ جنوری : ایک بار۔
۷ جنوں : اٹھاسی بار [مفرد: بیس بار، مرکب: اڑسٹھ بار]۔

(۲) کارخانے سے جنوں کے بھی میں عریاں نکلا — میری قسمت کا نہ ایک آدھ گریباں نکلا — ص۱۳

(۳) میں نے جنوں سے کی جو اسدؔ! التماسِ رنگ — خونِ جگر میں ایک ہی غوطہ دیا مجھے — ص۷۶

(۴) مجھے اپنے جنوں کی بے تکلف پردہ داری تھی — ولیکن کیا کروں آوے جو رُسوائی گریباں کی — ص۷۶

(۵) جنوں کرا ے چمن تحریر درسِ شغلِ تنہائی! — نگاہ شوق کو صحرا بھی دیوانِ غزالی ہے — ص۷۹

(۶) خدایا! خوں ہو رنگِ امتیاز اور نالہ موزوں ہو — جنوں کو سخت بیتابی ہے تکلیفِ شکیبائی — ص۹۲

(۷) جنوں افسردہ و جاں ناتواں، اے جلوہ! شوخی کر — گئی یک عمر خودداری بہ استقبالِ رعنائی — ص۹۳

(۸) جنوں فسردۂ تمکیں ہے، کاش! عہدِ وفا — گدازِ حوصلہ کو پاسِ آبرو جانے — ص۹۹

(۹) جنوں نے مجھ کو بنایا ہے مدعی میرا — ہمیشہ ہاتھ میں میرے مرا گریباں ہے — ص۱۰۲

(۱۰) فکرِ پروازِ جنوں ہے، سببِ ضبط نہ پوچھ — اشک جوں بیضہ، مژہ سے تہِ پر پنہاں ہے — ص۱۰۹

(۱۱) دی لطفِ ہوا نے بہ جنوں طرفہ نزاکت — تا آبلہ دعوائے تنک پیرہنی ہے — ص۱۱۱

(۱۲) روئے سخن کسی کی طرف ہو تو روسیاہ — سودا نہیں، جنوں نہیں، وحشت نہیں مجھے — ص۱۲۵

(۱۳) ہے جنوں اہلِ جنوں کے لیے آغوشِ وداع — چاک ہوتا ہے گریباں سے جدا میرے بعد — ص۱۶۶

(۱۴) جنوں کی دست گیری کس سے ہو گر ہو نہ عریانی — گریباں چاک کا حق ہو گیا ہے میری گردن پر — ص۱۶۸

(۱۵) نقصاں نہیں، جنوں میں بلا سے ہو گھر خراب — سو گز زمیں کے بدلے بیاباں گراں نہیں — ص۱۸۸

(۱۶) مجھے جنوں نہیں غالبؔ! ولے بہ قولِ حضور — (تضمین) — ص۱۹۸

(۱۷) جنوں تہمت کشِ تسکیں نہ ہو گر شادمانی کی — نمک پاشِ خراشِ دل ہے لذّت زندگانی کی — ص۲۰۶

(۱۸) ہر سنگ و خشت ہے صدفِ گوہرِ شکست — نقصاں نہیں جنوں سے جو سودا کرے کوئی — ص۲۱۵

(۱۹) لکھتے رہے جنوں کی حکایاتِ خوں چکاں — ہر چند اس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے — ص۲۲۶

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ — کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی — ص۲۳۲

دیکھیے: (۲۱) اندازِ جنوں۔ (۲۲) اہلِ جنوں۔ (۲۳) بیکاریِ جنوں۔ (۲۴) جادۂ صحرائے جنوں۔ (۲۵)، (۲۶)، (۲۷) جوشِ جنوں [تین بار]۔ (۲۸) حیرت آئینۂ انجامِ جنوں۔ (۲۹) خراباتِ جنوں۔ (۳۰) خم خانۂ جنوں۔

(۳۱) درپے جنوں۔ (۳۲) دعوائے جنوں۔ (۳۳) دیدۂ خونیں نگاہانِ جنوں۔ (۳۴) زعمِ جنوں۔ (۳۵) سامانِ جنوں۔ (۳۶) ستم کشِ جنوں۔ (۳۷) سعیِ ضبطِ جنوں۔ (۳۸) شنبلستانِ جنوں۔ (۳۹) سوزِ جنوں۔ (۴۰) شورِ جنوں۔ (۴۱) ضبطِ جنوں۔ (۴۲) ضعفِ جنوں۔ (۴۳) عینکِ چشمِ جنوں۔ (۴۴) فرماں روائے حیرت آبادِ جنوں۔ (۴۵) گرفتارِ جنوں۔ (۴۶) مانعِ بے ربطیِ شورِ جنوں۔ (۴۷) معذورِ جنوں۔ (۴۸) منتِ تمکینِ جنوں۔
(۴۹) وسعتِ بے خانۂ جنوں۔ (۵۰) وسعتِ جولانِ یک جنوں۔ (۵۱) وصلِ ہر رنگ جنوں۔

جنونِ آئنہ:	جنونِ آئنہ مشتاقِ یک تماشا ہے	ہمارے صفحے پہ بالِ پری سے مسطر کھینچ	ص ۳۵
جنونِ برق:	بہار رنگِ خونِ گل ہے ساماں اشک باری کا	جنونِ برق، نشتر ہے رگِ ابرِ بہاری کا	ص ۱۸
جنونِ بہار:	دیکھیے: وحشتِ جنونِ بہار۔		
جنوں بیتابِ دورانِ خمار:	میں ہمہ حیرت، جنوں بیتابِ دورانِ خمار	مردمِ چشمِ تماشا نقطۂ پرکارِ باغ	ص ۴۸
جنونِ بیکسی:	جنونِ بیکسی ساغر کشِ داغِ پلنگ آیا	شررِ کیفیت ہے، سنگ محوِ نازِ مینائی	ص ۹۲
جنونِ تپشِ دل:	دیکھیے: وسعتِ جیبِ جنونِ تپشِ دل۔		
جنوں جولاں:	اسدؔ! ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سر و پا ہیں	کہ ہے سرپنجۂ مژگانِ آہو، پشت خار اپنا	ص ۱۵۳
جنونِ حسرتِ یک جامہ وار:	برہنہ مستیِ صبحِ بہار رکھتے ہیں	جنونِ حسرتِ یک جامہ وار رکھتے ہیں	ص ۹۳
جنونِ دید:	کس کا جنونِ دید تمنا شکار تھا؟	آئینہ خانہ وادیِ جوہر غبار تھا	ص ۱۷
جنوں رسوائیِ وارستگی:	جنوں رسوائیِ وارستگی زنجیر بہتر ہے	بقدرِ مصلحت دل بستگی، تدبیر بہتر ہے	ص ۱۰۸
جنونِ ساختہ:	(۱) وفا مقابل و دعوائے عشق بے بنیاد	جنونِ ساختہ و فصلِ گل قیامت ہے!	ص ۲۱۳
	(۲) نہیں ہے حوصلہ پامردِ کثرتِ تکلیف	جنونِ ساختہ حرزِ فسونِ دانائی	ص ۲۵۳
جنوں سجدۂ تحقیق:	زاہد کہ جنوں سجدۂ تحقیق ہے، یارب!	زنجیریِ صد حلقۂ بیرونِ در آوے	ص ۱۱۳
جنونِ سیل:	دیکھیے: رخصتِ جنونِ سیل۔		
جنونِ شوق:	خدا کے واسطے! داد اس جنونِ شوق کی دینا	کہ اس کے در پہ پہنچتے ہیں نامہ بر سے ہم آگے	ص ۲۲۷
جنونِ عشق:	(۱) گر کیا ناصح نے ہم کو قید، اچھا، یوں سہی	یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جاویں گے کیا؟	ص ۱۵۵

(۲) دیکھیے: براتِ معاشِ جنونِ عشق۔ (۳) جوشِ جنونِ عشق۔

جنوں علامت:	زبسکہ مشقِ تماشا: جنوں علامت ہے	کشاد و بستِ مژہ: سیلیِ ندامت ہے	ص ۲۱۴
جنونِ فرقتِ یارانِ رفتہ:	جنونِ فرقتِ یارانِ رفتہ ہے غالبؔ!	بسانِ دشت دلِ پُر غبار رکھتے ہیں	ص ۶۴
جنونِ فنا:	دیکھیے: عرضِ جنونِ فنا۔		
جنونِ قیس:	زبس دوشِ رمِ آہو پہ ہے محمل تمنا کا	جنونِ قیس سے بھی شوخیِ لیلیٰ نمایاں ہے	ص ۸۱
جنوں مائل:	نے اسدؔ جفا سائل، نے ستم جنوں مائل	تجھ کو جس قدر ڈھونڈھا اُلفت آزما پایا	ص ۱۳
جنوں معاملہ:	نہ پوچھ کچھ سروسامان و کاروبار اسدؔ	جنوں معاملہ، بے دل، فقیرِ مسکیں ہے	ص ۲۵۴
جنونِ نارسا:	کچھ نہ کی اپنے جنونِ نارسا نے، ورنہ یاں	ذرہ ذرہ روکشِ خورشیدِ عالم تاب تھا	ص ۱۳۵
جنون وتمکیں:	دیکھیے: آئینۂ فرقِ جنون وتمکیں۔		
جنونِ وحشتِ ہستی:	جنونِ وحشتِ ہستی یہ عام ہے کہ بہار	رکھے ہے کسوتِ طاؤس میں پُر افشانی	ص ۹۶
جنونِ وفا:	دیکھیے: خارخارِ جنونِ وفا۔		
جنونِ یاس والم:	خوشا! وہ دل کہ سراپا طلسمِ بے خبری ہو	جنونِ یاس و الم رزقِ مدعا طلبی ہے	ص ۷۵
جواب[۱]:	(۱) قاصد کے آتے آتے خط اک اور لکھ رکھوں	میں جانتا ہوں جو وہ لکھیں گے جواب میں	ص ۱۸۸
	(۲) وھاں گیا بھی میں تو اُن کی گالیوں کا کیا جواب	یاد تھیں جتنی دُعائیں صرفِ درباں ہو گئیں	ص ۱۹۲
	(۳) دکھا کے جنبشِ لب ہی تمام کر ہم کو	نہ دے جو بوسہ تو منہ سے کہیں جواب تو دے	ص ۲۲۳
	(۴) غالبؔ! تمھیں کہو کہ ملے گا جواب کیا	مانا کہ تم کہا کیے اور وہ سنا کیے	ص ۲۲۳
	(۵) اُنھیں سوال پہ زعمِ جنوں ہے، کیوں لڑیے	ہمیں جواب سے قطعِ نظر ہے، کیا کہیے	ص ۲۲۷
	(۶) دل نے سُن کر، کانپ کر، کھا پیچ و تاب	غوطے میں جا کر، دیا کٹ کر جواب	ص ۲۶۶
	(۷) نہیں اِس کا جواب عالم میں	نہیں ایسی کتاب عالم میں	ص ۲۶۷
	(۸) تھا تو خط، پر نہ تھا جواب طلب	کوئی اُس کا جواب کیا لکھتا	ص ۲۹۳

۱ جواب (۱) : سولہ بار [مفرد: بارہ بار، مرکب: چار بار]۔

(۹) کوئی اِس کا جواب دو صاحب — سائلوں کا ثواب لو صاحب — ص۲۹۳

(۱۰) دیکھیے کیا جواب آتا ہے — ———— — ص۳۰۹

(۱۱) رقعے کا جواب کیوں نہ بھیجا تم نے؟ — ثاقبؔ! حرکت یہ کی ہے بیجا تم نے — ص۳۱۳

(۱۲) اگر اُس شعلہ رُو کو دوں پیامِ مجلس افروزی — زبانِ شمعِ خلوت خانہ دیتی ہے جواب اُس کا — ص۳۲۷

دیکھیے: (۱۳) ایک سا جواب۔ (۱۴) رشکِ سوال و جواب۔

جوابِ سنگ دلی ہائے دشمناں: جوابِ سنگ دلی ہائے دشمناں ہمت — ز دستِ شیشۂ دل ہائے دوستاں فریاد! — ص۳۷

جواب طلب: تھا تو خط، پر نہ تھا جواب طلب — کوئی اُس کا جواب کیا لکھتا — ص۲۹۳

جواب[1] [۲]: حاجی کلّو کو دے کے بے وجہ جواب — غالبؔ کا پکا دیا کلیجا تم نے — ص۳۱۳

جوالہ[2]: دیکھیے ———: (۱) حصارِ شعلۂ جوالہ۔ (۲)، (۳) شعلۂ جوالہ [دوبار]۔ (۴) دو شعلۂ جوالہ۔

جواں[3]: (۱) ہاں اے فلکِ پیر! جواں تھا ابھی عارفؔ — کیا تیرا بگڑتا جو نہ مرتا کوئی دن اور — ص۱۷۱

(۲) جوان ہو کے کرے گا یہ وہ جہانبانی — کہ تابع اِس کے ہوں روز و شب و سپید و سیاہ — ص۲۷۷

جواں مرگ: گزری نہ بہ ہر حال یہ مدّت خوش و ناخوش — کرنا تھا جواں مرگ! گزارا کوئی دن اور — ص۱۷۱

جواں میر: پیشے میں عیب نہیں، رکھیے نہ فرہادؔ کو نام — ہم ہی آشفتہ سروں میں وہ جواں میر بھی تھا — ص۱۵۹

جواں بخت[4]: خوش ہوا اے بخت! کہ ہے آج ترے سر سہرا — باندھ شہ زادے جواں بخت کے سر پر سہرا — ص۲۸۷

جوانی[5]: (۱) کر دیا ضعف نے عاجز غالبؔ! — ننگِ پیری ہے جوانی میری — ص۲۳۱

مارا زمانے نے اسداللہ خاں تمھیں — وہ ولولے کہاں، وہ جوانی کدھر گئی؟ — ص۲۳۳

دیکھیے ———: (۳) ایّامِ جوانی۔ (۴) جوشِ جوانی۔ (۵) زمانہ جوانی۔ (۶) سیہ مستِ جوانی۔ (۷)، (۸) شامِ جوانی [دوبار]۔ (۹) گزارشِ جوانی۔

جواہر[6]: سخن کیا کہہ نہیں سکتے کہ جویا ہوں جواہر کے؟ — جگر کیا ہم نہیں رکھتے کہ کھودیں جا کے معدن کو؟ — ص۱۹۹

---

[1] جواب (۲): ایک بار۔

[2] جوالہ : چار بار [مرکب]۔

[3] جواں : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

[4] جواں بخت : ایک بار۔

[5] جوانی : نو بار [مفرد: دو بار، مرکب: سات بار]۔

[6] جواہر : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔

جواہر رقم: خطِ لختِ دل یکقلم دیکھتے ہیں — مژہ کو جواہر رقم دیکھتے ہیں — ص۵۶

جواہرِ طرفِ کلہ: ترے جواہرِ طرفِ کُلہ کو کیا دیکھیں — ہم اوجِ طالعِ لعل و گہر کو دیکھتے ہیں — ص۱۸۷

جواہر کام: دیکھیے: معدنِ جواہر کام۔

جوتشی[۱]: دکھا کے رشتہ کسی جوتشی سے پوچھا تھا — کہ دیکھ کتنی اُٹھا لائے گا یہ تار، گرہ — ص۲۷۸

جور[۲]: جور سے باز آئے، پر باز آئیں کیا — کہتے ہیں: ہم تجھ کو مُنہ دکھلائیں کیا — ص۱۹۱

(۲) دیکھیے: شکوۂ جور۔ (۳) قربانِ لطفِ جور بے دل۔

جورِ زلف: جورِ زلف کی تقریرِ پیچ و تابِ خاموشی — ہند میں اسدؔ نالاں، نالہ در صفاہاں ہے — ص۳۵۳

جورِ ناخدا: دیکھیے: ستم و جورِ ناخدا۔

جور و ستم: دیکھیے: کثرتِ جور و ستم۔

جوش[۳]: (۱) ہے خونِ جگر جوش میں، دل کھول کے روتا — ہوتے جو کئی دیدۂ خونابہ فشاں اور — ص۱۷۰

(۲) ظلمت کدے میں میرے شبِ غم کا جوش ہے — اک شمع ہے دلیلِ سحر سو خموش ہے — ص۲۳۰

جوشِ اسرار: دیکھیے: بادۂ جوشِ اسرار۔

جوشِ اشک: غالبؔ! ہمیں نہ چھیڑ کہ پھر جوشِ اشک سے — بیٹھے ہیں ہم تہیۂ طوفاں کیے ہوئے — ص۲۲۶

جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی: دیکھیے: طوفاں گاہِ جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی۔

جوشِ ایثار: دیکھیے: فریادیِ جوشِ ایثار۔

جوشِ بادہ: ہیں بس کہ جوشِ بادہ سے شیشے اُچھل رہے — ہر گوشۂ بساط ہے سر شیشہ باز کا — ص۱۵۵

جوشِ بہار: جوشِ بہار کلفتِ نظارہ ہے اسدؔ! — ہے ابر پنبہ روزنِ دیوارِ باغ کا — ص۱۹

(۲) نظارہ کیا حریف ہو اُس برقِ حُسن کا — جوشِ بہار جلوے کو جس کے نقاب ہے — ص۲۰۶

جوشِ بیتابی: (۱) دل کو توڑا جوشِ بیتابی سے، غالبؔ کیا کیا! — رکھ دیا پہلو بہ وقتِ اضطراب آئینے پر — ص۲۰

---

[۱] جوتشی : ایک بار۔
[۲] جور : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔
[۳] جوش : اٹھاون بار [مفرد: دو بار، مرکب: چھپن بار]۔

(۲) از دلِ ہر دردمندے جوشِ بیتابی زدن — اے ہمہ بے مدعائی! یک دعا ہوجائیے ص۴۵۲

جوشِ بیدادِ تپش: جوشِ بیدادِ تپش سے ہوئی عریاں آخر — شاخِ گلبن پہ صبا، چھوڑ کے پیراہنِ خار ص۳

جوشِ بے کیفیتی: جوشِ بے کیفیتی ہے اضطراب آرا اسدؔ! — ورنہ بسمل کا تڑپھنا لغزشِ مستانہ تھا ص۲۵

جوشِ پرافشانی: بلبلِ تصویر ہوں بیتابِ اظہارِ تپش — جنبشِ نالِ قلم جوشِ پرافشانی مجھے ص۸۶

جوشِ پریشانی: ہوگئے باہم دگر جوشِ پریشانی سے جمع — گردشِ جامِ تمنا دورِ گردوں ہے مجھے ص۱۰۰

جوشِ تشنہ لبی: ہوا وصال سے شوقِ دلِ حریص زیادہ — لبِ قدح پہ کفِ بادہ جوشِ تشنہ لبی ہے ص۷۵

جوشِ تکلیفِ تماشا: جوشِ تکلیفِ تماشا محشرستانِ نگاہ — فتنۂ خوابیدہ کو آئینہ مشتِ آب تھا ص۱۵

جوشِ تمنا: خوں ہوا جوشِ تمنا سے دو عالم کا دماغ — بزمِ یاس آں سوے پیدائی و اخفا رنگیں ص۷

جوشِ جلوہ: بزمِ خوباں بس کہ جوشِ جلوہ سے پرنور ہے — پشتِ دستِ عجز یہاں ہر برگِ گل طور ہے ص۹۳

جوشِ جنوں: (۱) اے بہ ضبطِ حال خو نا کردگاں! جوشِ جنوں — نشۂ مے ہے اگر یک پردہ نازک تر ہوا ص۲۰

(۲) جوشِ جنوں سے کچھ نظر آتا نہیں اسدؔ! — صحرا ہماری آنکھ میں یک مشتِ خاک ہے ص۲۱۶

(۳) جوشِ جنوں سے جوں کسوتِ گل — سر تا بہ پا ہوں جیبِ دریدہ ص۴۵۱

جوشِ جنونِ عشق: ہزاروں دل دیے جوشِ جنونِ عشق نے مجھ کو — سیہ ہو کر سویدا ہوگیا ہر قطرہ خوں تن میں ص۱۸۱

جوشِ جوانی: دیکھ لی جوشِ جوانی کی ترقی بھی کہ اب — بدر کے مانند کاہش روز افزوں ہے مجھے ص۱۰۰

جوشِ جوہر: ذوقِ بیتابیِ دیدار سے تیرے ہے ہنوز — جوشِ جوہر سے دلِ آئنہ گلدستۂ خار ص۶

جوشِ چکیدنِ عرق: سعیِ خرام کاوشِ ایجادِ جلوہ ہے — جوشِ چکیدنِ عرق آئینہ کارتر ص۳۱

جوشِ چمن: شب کہ مستِ دیدنِ مہتاب تھا وہ جامہ زیب — داغِ مہ جوشِ چمن سے لالۂ مہ ہوگیا ص۳۳۶

جوشِ حسرت: دیکھیے: جگر خائیِ جوشِ حسرت۔

جوشِ حسن: دیکھیے: لطافت ہائے جوشِ حسن۔

جوشِ حیرتِ اندازِ قاتل: خوشا مستی کہ جوشِ حیرتِ اندازِ قاتل سے — نگہ شمشیر میں جوں جوہر آرامیدنی جانے ص۱۱۵

جوشِ خونِ آرزو: ہے تماشا حیرت آبادِ تغافل ہائے شوق — یک رگِ خواب و سراسر جوشِ خونِ آرزو ص۲۹

(۲) ہے جوشِ گل بہار میں یہاں تک کہ ہر طرف — اُڑتے ہوئے اُلجھتے ہیں مرغِ چمن کے پانو — ص۱۹۶

جوشِ نکہتِ گل: سایۂ گل داغ و جوشِ نکہتِ گل موجِ دُود — رنگ کی گرمی ہے تاراجِ چمن کی فکر میں — ص۴۳

جوشِ نگاہ: چشم بے خونِ دل و دل تہی از جوشِ نگاہ — بے زباں عرضِ فسونِ ہوسِ گل تا چند — ص۳۹

جوشِ نیرنگِ بہار عرضِ صحرا دادہ: دام گر سبزے میں پنہاں کیجیے طاؤس ہو — جوشِ نیرنگِ بہار عرضِ صحرا دادہ ہے — ص۸۹

جوش و خروش: یا صبح دم جو دیکھیے آکر تو بزم میں — نے وہ سُرور و سوز، نہ جوش و خروش ہے — ص۲۳۰

جوشِ ویرانی: خیمۂ لیلیٰ سیاہ و خانۂ مجنوں خراب — جوشِ ویرانی ہے عشقِ داغ بیروں دادہ سے — ص۸۹

جوششِ[1] حسرت: دیکھیے: نیازِ جوششِ حسرت۔

جوششِ دریا: دیکھیے: (۱) حریفِ جوششِ دریا۔ (۲) سنگِ راہِ جوششِ دریا۔

جوششِ سودائے زلفِ یار: جانتے ہیں جوششِ سودائے زلفِ یار میں — سُنبلِ بالیدہ کو موئے سرِ دیوانہ ہم — ص۵۴

جوششِ طوفانِ عجز: اضطراب نارسائی: مایۂ شرمندگی — ہے عرق ریزیِ خجلت: جوششِ طوفانِ عجز — ص۴۳

جوششِ فصلِ بہاری: عارضِ گل دیکھ روئے یار یاد آیا اسدؔ — جوششِ فصلِ بہاری اشتیاق انگیز ہے — ص۲۱۴

جوشیدنِ[2] خونِ جگر: دیکھیے: پردۂ جوشیدنِ خونِ جگر۔

جوشیدنی: دیکھیے: بہم جوشیدنی۔

جوگ مایا[3]: مسلمانوں کے میلوں کا ہوا قُل — بجے ہے جوگ مایا اور دہلی — ۲۶۲

جولاں[4]: (۱) برگِ گل کا ہو جو طوفانِ ہوا میں عالم — اُس کے جولاں میں نظر آئے ہے یوں دامنِ زیں — ص۹

(۲) خلوتِ آبلۂ پا میں ہے جولاں میرا — خوں ہے دل تنگیِ وحشت سے بیاباں میرا — ص۲۱

دیکھیے ـــــ: (۳) جنوں جولاں۔ (۴) حسرت جولاں۔ (۵) سرگرمِ جولاں۔ (۶) شوخیِ جولاں۔ (۷) شُور جولاں۔ (۸) شہر جولاں۔ (۹) گرد جولاں۔ (۱۰) یک عرصہ جولاں۔

---

[1] جوشش : بتے بار [مرکب]۔

[2] جوشیدن : ایک بار [مرکب]۔
جوشیدنی : ایک بار۔

[3] جوگ مایا : ایک بار۔

[4] جولاں : سولہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: چودہ بار]۔
جولاں گاہ : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
جولاں گر : ایک بار [مرکب]۔
جولاں ہا : ایک بار [مرکب]۔

جولانِ بہار: ہے سراسر رویِ عالمِ ایجاد اُسے	جیبِ خلوت کدۂ غنچہ میں جولانِ بہار ص۵
جولانِ صبا: دیکھیے: گردِ رہِ جولانِ صبا۔	
جولانِ عجز: (۱) بوسۂ پا انتخابِ بدگمانی ہائے حُسن	یہاں ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز ص۴۳
(۲) گو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز؟	آبلے پا کے، ہیں یہاں رفتار کو دندانِ عجز ص۴۳
جولاں گاہ: زمیں سے سودۂ گوہر اُٹھے بجائے غبار	جہاں ہو توسنِ حشمت کا اُس کے جولاں گاہ ص۲۷۷
جولاں گاہِ نومیدی: نہ سودے آبلوں میں گر سرشکِ دیدۂ نم سے	بہ جولاں گاہِ نومیدی نگاہِ عاجزاں، پا ہے ص۸۵
جولاں گہِ طوطی: نہ ہوئی ہم سے رقم حیرتِ خطِ رُخِ یار	صفحۂ آئنہ جولاں گہِ طوطی نہ ہوا ص۱۳
جولاں گاہِ گردوں: مہِ نُو سے ہے رہزن وار نعلِ واژگوں باندھا	نہیں ممکن بہ جولاں گاہِ گردوں دخل بے بُردن ص۲۲۹
جولانِ ہوس: (۱) یک نشو و نما جا نہیں جولانِ ہوس کو	ہرچند بمقدارِ دلِ تنگ نکالوں ص۶۰
(۲) دیکھیے: آفتِ جولانِ ہوس۔	
جولانِ یک جنوں: دیکھیے: وسعتِ جولانِ یک جنوں۔	
جو[۱]: دیکھیے: آبِ رفتہ در جو۔	
جوہر[۲]: (۱) پر، یہ دولت تھی نصیبِ نگہِ معنیِ ناز	کہ ہوا صورتِ آئینہ میں جوہر بیدار ص۴
(۲) وحشتِ خوابِ عدم شورِ تماشا ہے اسدؔ!	جو مژہ جوہر نہیں آئینۂ تعبیر کا ص۱۱
(۳) شعلہ رُخسارا! تمیز سے تری رفتار کے	خارِ شمعِ آئنہ آتش میں جوہر ہو گیا ص۳۰
(۴) جوں پرِ طاؤس جوہر تختہ مشقِ رنگ ہے	بلکہ ہے وہ قبلۂ آئینہ محوِ اختراع ص۴۷
(۵) فزوں کی دوستوں نے حرصِ قاتل ذوقِ کشتن میں	ہوئے ہیں بخیہ ہائے زخم جوہر تیغِ دشمن میں ص۵۸
(۶) کجا جوہر، چہ عکسِ خط، بجاں وقتِ خود آرائی	دلِ آئینہ زیرِ پائے خیلِ مور ملتے ہیں ص۶۳
(۷) ہنر پیدا کیا ہے میں نے حیرت آزمائی میں	کہ جوہر آئنے کا ہر پلک ہے چشمِ حیراں کی ص۷۶
(۸) خوشا مستی! کہ جوشِ حیرتِ اندازِ قاتل سے	نگہ شمشیر میں جوں جوہر آرامیدنی جانے ص۱۱۵

---

۱ جو : ایک بار [مرکب]۔

۲ جوہر : چھیاسٹھ بار [مفرد: گیارہ بار، مرکب: پچپن بار]۔

	(۹) کمالِ گرمیِ سعیِ تلاشِ دید نہ پوچھ	بہ رنگِ خار مرے آئنے سے جوہر کھینچ	ص۱۶۵
	(۱۰) ہوئے اُس مہروش کے جلوۂ تمثال کے آگے	پرافشاں جوہر آئینے میں مثلِ ذرّہ روزن میں	ص۱۸۰
	(۱۱) خطِ نوخیز کی آئینے میں دی کس نے آرائش؟	کہ ہے تہ بندیِ پر ہاے طوطی رنگ جوہر کا	ص۲۲۲

دیکھیے ـــــ: (۱۲) جنبشِ جوہر۔ (۱۳) جوشِ جوہر۔ (۱۴) حلقۂ گرداب جوہر۔ (۱۵) خسِ جوہر۔
(۱۶) رتبۂ جوہر۔ (۱۷) گردِ جوہر۔

جوہرِ آئنہ:	(۱) جوہرِ آئنہ فکرِ سخنِ سوے دماغ	عرضِ حسرت پسِ زانوے تامّل تاچند	ص۳۹
	(۲) اہلِ بینش نے بہ حیرت کدۂ شوخیِ ناز	جوہرِ آئنہ کو طوطیِ بسمل باندھا	ص۱۳۵
	(۳) جلوہ از بسکہ تقاضاے نگہ کرتا ہے	جوہرِ آئنہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا	ص۱۵۰
جوہرِ آئینہ:	(۱) جوہرِ آئینہ جز رمزِ سرِ مژگاں نہیں	آشنا کی ہم دگر سمجھے ہے ایما آشنا	ص۱۹
	(۲) رنجشِ حیرت سرشتاں سینہ صافی پیش کش	جوہرِ آئینہ ہے یہاں گردِ میدانِ نزاع	ص۴۸
	(۳) دل و دین و خرد تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی	ہوا ہے جوہرِ آئینہ خیلِ مور خرمن میں	ص۵۸
	(۴) تیری آرائش کا استقبال کرتی ہے بہار	جوہرِ آئینہ ہے یہاں نقشِ احضارِ چمن	ص۵۹
	(۵) میں بے ہنر کہ جوہرِ آئینہ تھا، عبث	پاے نگاہِ خلق میں خارِ خلیدہ ہوں	ص۶۲
	(۶) تمیز ہے گریباں گیرِ ذوقِ جلوہ پیرائی	ملی ہے جوہرِ آئینہ کو جوں بخیہ گیرائی	ص۹۲
	(۷) جوہرِ آئینہ ساں مژگاں بہ دل آسودہ ہے	قطرہ جو آنکھوں سے ٹپکا خونگہِ آلودہ ہے	ص۱۰۳
	(۸) بسانِ جوہرِ آئینہ از ویرانیِ دل ہا	غبارِ کوچہ ہاے موج ہے خاشاکِ ساحل ہا	ص۴۳

دیکھیے ـــــ: (۹) جانشینِ جوہرِ آئینہ۔ (۱۰) دامِ جوہرِ آئینہ۔ (۱۱) درونِ جوہرِ آئینہ۔

جوہرِ آئینۂ زانو:	پا بہ دامن ہو رہا ہوں بس کہ میں صحرا نورد	خارِ پا ہیں جوہرِ آئینۂ زانو مجھے	ص۲۰۹
جوہرِ آئینۂ سنگ:	آستاں پر ہے ترے جوہرِ آئینۂ سنگ	رقمِ بندگیِ حضرتِ جبریلِ امیں	ص۱۳۵
جوہرِ افسانہ:	(۱) لذتِ تقریرِ عشق پردگیِ گوشِ دل	جوہرِ افسانہ ہے عرضِ تجمل ہنوز	ص۴۴

(۲) دیکھیے: عالمِ آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ۔

جوہرِ افسونِ سخن: یہ مطلعِ اسدؔ! جوہرِ افسونِ سخن ہو / گر عرضِ تپاکِ نفسِ سوختہ چاہیں ص ۵۹

جوہرِ امتیاز: گر جوہرِ امتیاز ہوتا ہم میں / رُسوا کرتے نہ آپ کو عالم میں ص ۱۱۸

جوہرِ اندیشہ: عرض کیجے جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں / کچھ خیال آیا تھا وحشت کا کہ صحرا جل گیا ص ۱۵۱

جوہرِ ایجادِ خطِ سبز: جوہرِ ایجادِ خطِ سبز ہے خود بینیِ حُسن / جو نہ دیکھا تھا سو آئینے میں پنہاں نکلا ص ۱۳

جوہرِ ایماں: دیکھیے: فروغِ جوہرِ ایماں۔

جوہرِ برگِ حنا: نظارہ دیگر و دلِ خونیں نفس دگر / آئینہ دیکھ، جوہرِ برگِ حنا نہ مانگ ص ۵۱

جوہرِ بیداد: درخورِ عرض نہیں جوہرِ بیداد کو جا / نگہِ ناز ہے سُرمے سے خفا میرے بعد ص ۱۲۶

جوہرِ پرواز: آغوشِ گل ہے آئنۂ ذرہ ذرہ خاک / عرضِ بہار جوہرِ پرواز ہے مجھے ص ۹۷

جوہرِ تیغ: (۱) وحشتِ زخمِ وفا دیکھ کہ سرتا سرِ دل / بخیہ جوں جوہرِ تیغ آفتِ گیرائی ہے ص ۱۰۳

(۲) جوہرِ تیغ بہ سرچشمۂ دیگر معلوم! / ہوں میں وہ سبزہ کہ زہراب اُگاتا ہے مجھے ص ۲۱۹

(۳) دیکھیے: مثلِ جوہرِ تیغ۔

جوہرِ تیغِ عسس: (۱) سختیِ راہِ محبت منعِ دخلِ غیر ہے / پیچ و تابِ جادہ ہے یہاں جوہرِ تیغِ عسس ص ۴۵

(۲) ڈرتا ہوں کوچہ گردیِ بازارِ عشق سے / ہیں خارِ راہ جوہرِ تیغِ عسس تمام ص ۵۵

جوہرِ تیغِ قضا: (۱) دُزدیدنِ دلِ ستم آمادہ ہے محال / مژگاں کہوں کہ جوہرِ تیغِ قضا کہوں ص ۵۶

(۲) نظارہ سوز ہے یہاں تک ہر ایک ذرۂ خاک / کہ لوگ جوہرِ تیغِ قضا کہیں اُس کو ص ۲۸۵

جوہرِ تیغِ کہسار: مستیِ بادِ صبا سے ہے بہ عرضِ سبزہ / ریزۂ شیشۂ مے جوہرِ تیغِ کہسار ص ۱۳۲

جوہرِ خط و خالِ ہزار عکس: دیکھیے: عرضِ جوہرِ خط و خالِ ہزار عکس۔

جوہرِ دار: دیکھیے: تیغِ جوہر دار۔

جوہرِ دستِ دُعا: جوہرِ دستِ دُعا آئنہ، یعنی تاثیر / یک طرف نازشِ مژگان و دگر سو غمِ خار ص ۳۳

جوہرِ رگِ خواب: بہ چشمِ در شدہ مژگاں ہے جوہرِ رگِ خواب / نہ پوچھ نازکیِ وحشتِ شکیبائی ص ۱۱۰

جوہرِ سواد: جنت ہے تیری تیغ کے کُشتوں کی منتظر / جوہر سوادِ جلوۂ مژگانِ حور تھا ص ۱۸

جوہرِ سیر عرفا: خاکِ صحرائے نجف: جوہرِ سیرِ عرفا | چشمِ نقشِ قدم: آئینۂ بختِ بیدار ص ۳۳

جوہرِ شمشیر: (۱) اسدؔ! جس شوق سے ذرّے تپش فرسا ہوں روزن میں | جراحت ہائے دل سے جوہرِ شمشیر ہے پیدا ص ۳۰

(۲) نازِ خود بینی کے باعث مجرمِ صد بے گناہ | جوہرِ شمشیر کو ہے پیچ و تاب آئینے پر ص ۳۰

(۳) دیکھیے: بال جوہرِ شمشیر۔

جوہرِ شمشیرِ عسس: بیباک ہوں ازبسکہ بہ بازارِ محبت | سمجھا ہوں زرہ جوہرِ شمشیرِ عسس کو ص ۳۵۰

جوہرِ طلسمِ عقدۂ مشکل: یہاں رہ گئے ہیں ناخنِ تدبیر ٹوٹ کر | جوہرِ طلسمِ عقدۂ مشکل ہے آئنہ ص ۷۰

جوہرِ غبار: دیکھیے: وادیِ جوہر غبار۔

جوہرِ فکر: جوہرِ فکر پہ افشانیِ نیرنگِ خیال | حُسن آئینہ و آئینہ چمن مشرب تھا ص ۳۳

جوہرِ فولاد: ناگوارا ہے ہمیں احسانِ صاحب دولتاں | ہے زرِ گل بھی نظر میں جوہرِ فولاد یہاں ص ۵۷

جوہرِ مژگاں: سیہ مستیِ چشمِ شوخ سے ہیں جوہرِ مژگاں | شرار آسا ز سنگِ سرمہ یکسر تار جستن ہا ص ۳۲

جوئے[1] خوں: (۱) جگرِ تشنۂ آزار تسلی نہ ہوا | جوئے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہر خار کے پاس ص ۱۶۳

(۲) جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق | میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں ص ۱۹۱

(۳) ابھی ہم قتل گہ کا دیکھنا آساں سمجھتے ہیں | نہیں دیکھا شناور جوئے خوں میں تیرے توسن کو ص ۱۹۸

جوئے شیر: کاو کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ | صبح کرنا شام کا، لانا ہے جوئے شیر کا ص ۱۳۲

جوئے گلستاں: عیاں کیفیتِ مے خانہ ہے جوئے گلستاں میں | کرے عکسِ شفق ہے اور ساغر ہے حباب اُس کا ص ۳۲۷

جویا[2]: سخن کیا کہہ نہیں سکتے کہ جویا ہوں جواہر کے؟ | جگر کیا ہم نہیں رکھتے کہ کھودیں جا کے معدن کو؟ ص ۱۹۹

جویائے حالِ دلّی و الور: جویائے حالِ دلّی و الور سلام لو | ———————— ص ۳۰۱

جویائے خس و خاشاکِ ساحل: بہ سیلِ اشک لختِ دل ہے دامن گیر مژگاں کا | غریقِ بحر جویائے خس و خاشاکِ ساحل ہے ص ۷۷

جویائے زخمِ کاری: پھر کچھ اک دل کو بے قراری ہے | سینہ جویائے زخمِ کاری ہے ص ۲۲۳

---

[1] جوئے : پانچ بار [مرکب]۔

[2] جویا : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔

جوئبار[۱] نمو: دیکھیے: سروِ سبزِ جوئبارِ نغمہ۔

جوئیں[۲]: جس دن سے کہ ہم غم زدہ زنجیر بہ پا ہیں — کپڑوں میں جوئیں بخیے کے ٹانکوں سے سوا ہیں — ص۲۹۸

جہاں[۳]:

(۱) جاتا ہوں جدھر سب کی اُٹھے ہے اُدھر انگشت — یکدست جہاں مجھ سے پھرا ہے مگر انگشت — ص۳۲

(۲) کوئی آگاہ نہیں باطنِ ہمدیگر سے — ہے ہر اک فرد جہاں میں ورقِ ناخواندہ — ص۷۱

(۳) سیہ گلیم ہوں، لازم ہے میرا نام نہ لے — جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے — ص۱۲۸

(۴) بجوشِ تیغ کا اُس کی ہے جہاں میں چرچا — قطع ہو جائے نہ سررشتۂ ایجاد کہیں — ص۱۳۳

(۵) کام اُس سے آ پڑا ہے کہ جس کا جہان میں — لیوے نہ کوئی نام ستمگر کہے بغیر — ص۱۶۹

(۶) گردِ راہِ یار ہے سامانِ نازِ زخمِ دل — ورنہ ہوتا ہے جہاں میں کس قدر پیدا نمک — ص۱۷۵

(۷) مزے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں — سوائے خونِ جگر سو جگر میں خاک نہیں — ص۱۸۲

(۸) جہاں میں ہو غم و شادی بہم، ہمیں کیا کام — دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں — ص۱۹۲

(۹) کیا تنگ ہم ستم زدگاں کا جہان ہے — جس میں کہ ایک بیضۂ مور آسمان ہے — ص۲۰۳

(۱۰) ہو رہا ہے جہان میں اندھیر — زُلف کی پھر سررشتہ داری ہے — ص۲۲۴

(۱۱) کچھ اور ہی عالم ہے دل و چشم و زباں کا — کچھ اور ہی نقشا نظر آتا ہے جہاں کا — ص۲۸۳

(۱۲) ہوئی اِس دَور میں منسوب مجھ سے بادہ آشامی — پھر آیا وہ زمانہ جو جہاں میں جامِ جم نکلے — ص۲۵۰

(۱۳) ہے اصلِ تخمِ ہند سے اور اس زمین سے — پھیلا ہے سب جہان میں یہ میوہ دور دور — ص۲۳۳

دیکھیے: (۱۴) اک جہاں۔ (۱۵) الم آبادِ جہاں۔ (۱۶)۔۔(۲۰) اہلِ جہاں [پانچ بار]۔ (۲۱) ایک جہاں۔ (۲۲) تماشائے جہاں۔ (۲۳) جادۂ سیرِ دو جہاں۔ (۲۴) جامِ دو جہاں نازو نیاز۔ (۲۵) حسرت آبادِ جہاں۔ (۲۶) دماغِ دو جہاں۔ (۲۷)، (۲۸)، (۲۹) دو جہاں [تین بار]۔ (۳۰) دو جہاں ابر۔ (۳۱) دو جہاں تیر۔ (۳۲) دو جہاں حشرِ زبانِ خشک۔ (۳۳) دو جہاں ریگِ رواں۔ (۳۴) دو جہاں لالہ زار۔ (۳۵) دو جہاں مدارا۔ (۳۶) دو جہاں وسعت۔ (۳۷) دونوں جہان۔ (۳۸) سامعِ زمزمۂ اہلِ جہاں۔ (۳۹) سیرِ جہاں۔ (۴۰) غفلتِ اہلِ جہاں۔

---

۱ جوئبار : ایک بار [مرکب]۔

۲ جوئیں : ایک بار۔

۳ جہاں : پچھتر بار [مفرد: تیرہ بار، مرکب: باسٹھ بار]۔
جہاں جہاں : دو بار۔

(۴۱) قالِ دو جہاں خوابِ پریشاں زدہ۔ (۴۲) کارِ جہاں۔ (۴۳) گستاخیِ اربابِ جہاں۔ (۴۴) گلستانِ جہاں۔
(۴۵) لوحِ جہاں۔ (۴۶) وحشت کدۂ بزمِ جہاں۔ (۴۷) ہجومِ دو جہاں کیفیت۔ (۴۸) ہوس ہائے جہاں۔
(۴۹)، (۵۰)، (۵۱) یک جہاں [تین بار]۔ (۵۲) یک جہاں اُمید۔ (۵۳) یک جہاں چیں بجبیں۔ (۵۴) یک جہاں زانو تامّل۔ (۵۵) یک جہاں سودا۔ (۵۶) یک جہاں گل۔ (۵۷) یک جہاں ہنگامہ۔

خاتم: دیکھیے ـــــــ: (۳) مشتِ خار وخس۔ (۴) ہجومِ خار وخس۔

خار وخسِ آشیاں: دیکھیے: گرمیِ نبضِ خار وخسِ آشیاں۔

خارا[1]: دیکھیے ـــــــ: (۱) رگِ خارا۔ (۲) سیلیِ خارا۔ (۳) صیدِ دامِ رشتۂ رگ ہائے خارا۔

خارائی: دیکھیے: تعلیمِ خارائی۔

خارج[2] آداب وقار وتمکیں: کس قدر ہرزہ سرا ہوں کہ عیاذاً باللہ! | یک قلم خارجِ آدابِ وقار وتمکیں | ص۳۲

خارج از آہنگ: شوقِ بے پروا کے ہاتھوں مثلِ سازِ نادرست | کھینچتا ہے آج نالے خارج از آہنگِ دل | ص۵۲

خاستہ[3]: دیکھیے: ہر سبزۂ نوخاستہ۔

---

[1] خارا : تین بار [مرتّب]۔
خارائی : ایک بار [مرتّب]۔

[2] خارج : دو بار [مرتّب]۔

[3] خاستہ : ایک بار [مرتّب]۔

خاشاک ا ؎: (۱) وھاں کے خاشاک سے حاصل ہو جسے یک پرِ کاہ — وہ رہے مروحۂ بالِ پری سے بیزار — ص ۱۳۳

دیکھیے ـــــ: (۲) فروغِ طالعِ خاشاک۔ (۳) خس و خاشاک۔ (۴) چینِ دامنِ خاشاک۔ (۵) شوخیِ خاشاک۔

خاشاکِ ساحل: دیکھیے: جو یائے خس و خاشاکِ ساحل۔

خاشاکِ ساحل ہا: بسانِ جوہرِ آئینہ از ویرانیِ دل ہا — غبارِ کوچہ ہائے موج ہے خاشاکِ ساحل ہا — ص ۲۳

خاشاکِ گلستاں: دیکھیے: خس و خاشاکِ گلستاں۔

خاص ۲ ؎: (۱) خاص وہ آم جو نہ ارزاں ہو — نَوبَرِ نخلِ باغِ سلطاں ہو — ص ۱۳۱

(۲) اور داغ آپ کی غلامی کا — خاص بہرام کا ہے زیبِ سُریں — ص ۲۸۱

دیکھیے ـــــ: (۳) آرزوئے بخششِ خاص۔ (۴) ادائے خاص۔ (۵) اُمّیدِ نگاہِ خاص۔ (۶) بارگاہِ خاص۔ (۷) روشِ خاص۔ (۸) سُرورِ خاص خواص۔ (۹) لطفِ خاص۔ (۱۰) موکبِ خاص۔

خاطر ۳ ؎: (۱) کیوں نہ ہو بے التفاتی، اُس کی خاطر جمع ہے — جانتا ہے محوِ پُرسشہائے پنہانی مجھے — ص ۲۳۲

(۲) نیک ہوتی مری حالت تو نہ دیتا تکلیف — جمع ہوتی مری خاطر تو نہ کرتا تعجیل — ص ۱۲۳

دیکھیے ـــــ: (۳) بارِ خاطر۔ (۴) برقِ خرمن ہائے خاطر۔ (۵) پریشانیِ خاطر۔ (۶) رنجیدہ خاطر۔ (۷) شرحِ اسبابِ گرفتاریِ خاطر۔ (۸) صفحۂ خاطر۔ (۹) عقدۂ خاطر۔ (۱۰) غبارِ کلفتِ خاطر۔ (۱۱) غنچۂ خاطر۔ (۱۲) فتادہ خاطر۔ (۱۳) گمانِ رنجشِ خاطر۔ (۱۴) کشودِ غنچۂ خاطر۔ (۱۵) کلفتِ خاطر۔

خاطرِ آزاد: خاک ہے عرضِ بہارِ صد نگارستاں اسدؔ! — حسرتیں کرتی ہے میری خاطرِ آزاد، گل — ص ۵۲

خاطرِ آزردگاں: دیکھیے: غبارِ خاطرِ آزردگاں۔

خاطرِ آسودہ: دیکھیے: فریبِ خاطرِ آسودہ۔

خاطرِ آغاز: دیکھیے: خارِ خارِ خاطرِ آغاز۔

خاطرِ آگاہ: دیکھیے: نصیبِ خاطرِ آگاہ۔

ا ؎ خاشاک : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: سات بار]۔

۲ ؎ خاص : دس بار [مفرد: دو بار، مرکب: آٹھ بار]۔

۳ ؎ خاطر : اُنتیس بار [مفرد: دو بار، مرکب: ستائیس بار]۔

خاطرِ احباب: دیکھیے: غبارِ خاطرِ احباب۔

خاطر افروزی: دیکھیے: تمنائے خاطر افروزی۔

خاطرِ بیتاب: بے خود ز بس کہ خاطرِ بیتاب ہو گئی — مژگانِ باز ماندہ رگِ خواب ہو گئی ص۹۶

خاطرِ جمع: واسطے فکرِ مضامینِ متیں کے غالبؔ! — چاہیے خاطرِ جمع و دلِ آرامیدہ ص۴۷

خاطرِ حضرت: دیکھیے: انبساطِ خاطرِ حضرت۔

خاطرِ عاشق: دیکھیے: شکیبِ خاطرِ عاشق۔

خاطرِ غمگیں: پیری و نیستی خدا کی پناہ! — دستِ خالی و خاطرِ غمگیں ص۲۸۱

خاطرِ وابستہ: (۱) اے آہ! میری خاطرِ وابستہ کے سوا — دُنیا میں کوئی عقدۂ مشکل نہیں رہا ص۲۱

(۲) دیکھیے: عُشّاقِ خاطرِ وابستہ۔

خاقانِ[1] نام آور: جانتا ہوں، ہے خطِ لوحِ ازل — تم پہ اے خاقانِ نام آورا! کھلا ص۱۳۱

خاک[2]: (۱) جلوۂ ریگِ رواں دیکھ کے، گردوں ہر صبح — خاک پر توڑے ہے آئینۂ نازِ پرویں ص۸

(۲) کس قدر خاک ہوا ہے دلِ مجنوں یارب! — نقشِ ہر ذرہ سویدائے بیاباں نکلا ص۱۳

(۳) ہر ذرہ یک دلِ پاک، آئینہ خانہ ہے خاک — تمثالِ شوقِ بیباک صد جا دو چار صحرا ص۲۶

(۴) ہے تنگ ز واماندہ شدن حوصلۂ پا — جو اشک گرا خاک میں ہے آبلۂ پا ص۲۹

(۵) دل وجگر تفِ فرقت سے جل کے خاک ہوئے — ولے ہنوز خیالِ وصال خام رہا ص۳۰

(۶) اے چرخ! خاک برسرِ تعمیر کائنات — لیکن بنائے عہدِ وفا اُستوار تر ص۳۱

(۷) بنا اسدؔ! میں سرمۂ چشمِ رکابِ یار — آیا نہ میری خاک پہ وہ شہ سوار، حیف! ص۳۹

(۸) گر ہو بلدِ شوق مری خاک کو وحشت — صحرا کو بھی گھر سے کئی فرسنگ نکالوں ص۶۰

(۹) بجائے دانہ، خرمن یک بیاباں بیضۂ قمری — مرا حاصل وہ نسخہ ہے کہ جس سے خاک پیدا ہو ص۹۷

(۱۰) بیکاریِ تسلیم بہ ہر رنگ چمن ہے — گر خاک ہو، گلدستۂ صد نقشِ قدم باندھ ص۱۷

---

[1] خاقان : ایک بار [مرکب]۔

[2] خاک : پچاسی بار [مفرد: پینتالیس بار، مرکب: چالیس بار]۔

خاکی : ایک بار۔

خاکیوں : ایک بار۔

(۱۱) خدایا! کس قدر اہلِ نظر نے خاک چھانی ہے — کہ ہیں صد رخنہ جوں غربال دیواریں گلستاں کی — ص۷۶

(۱۲) سینے کا داغ ہے وہ نالہ کہ لب تک نہ گیا — خاک کا رزق ہے وہ قطرہ کہ دریا نہ ہوا — ص۱۶۲

(۱۳) خوں ہے دل خاک میں احوالِ بتاں پر، یعنی — اُن کے ناخن ہوئے محتاجِ حنا میرے بعد — ص۱۶۶

(۱۴) مے خانۂ جگر میں یہاں خاک بھی نہیں — خمیازہ کھینچے ہے بتِ بیداد فن ہنوز — ص۱۷۱

(۱۵) ہر ایک ذرۂ عاشق ہے آفتاب پرست — گئی نہ خاک ہوئے پر ہوائے جلوۂ ناز — ص۱۷۲

(۱۶) ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن — خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہوتے تک — ص۱۷۵

(۱۷) آبرو کیا خاک اُس گُل کی کہ گلشن میں نہیں — ہے گریباں ننگِ پیراہن جو دامن میں نہیں — ص۱۸۴

[آٹھ بار بہ طور ردیف ص۱۴]

(۱۸)،(۱۹) مزے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں — سوائے خونِ جگر، سو جگر میں خاک نہیں

(۲۰) مگر غبار ہوئے پر ہوا اُڑا لے جائے — وگرنہ تاب و تواں بال و پر میں خاک نہیں

(۲۱) یہ کس بہشت شمائل کی آمد آمد ہے — کہ غیر جلوۂ گُل رہ گزر میں خاک نہیں

(۲۲) بھلا اُسے نہ سہی کچھ مجھی کو رحم آتا — اثر مرے نفَسِ بے اثر میں خاک نہیں

(۲۳) خیالِ جلوۂ گُل سے خراب ہیں مے کش — شراب خانے کے دیوار و در میں خاک نہیں

(۲۴) ہوا ہوں عشق کی غارت گری سے شرمندہ — سوائے حسرتِ تعمیر گھر میں خاک نہیں

(۲۵) ہمارے شعر ہیں اب صرف دل لگی کے اسدؔ! — کھلا کہ فائدہ عرضِ ہنر میں خاک نہیں

(۲۶) دائم پڑا ہوا ترے در پر نہیں ہوں میں — خاک ایسی زندگی پہ کہ پتھر نہیں ہوں میں — ص۱۹۰

(۲۷) سب کہاں، کچھ لالہ و گُل میں نمایاں ہو گئیں — خاک میں، کیا صورتیں ہوں گی، کہ پنہاں ہو گئیں — ص۱۹۱

(۲۸) گُل فشانی ہائے نازِ جلوہ کو کیا ہو گیا! — خاک پر ہوتی ہے تیری لالہ کاری، ہائے ہائے — ص۲۰۳

(۲۹) خاک میں ناموسِ پیمانِ محبت مل گئی — اُٹھ گئی دُنیا سے راہ و رسمِ یاری، ہائے ہائے — ص۲۰۳

(۳۰) ہم سے عبث ہے گمانِ رنجشِ خاطر — خاک میں عشاق کی غبار نہیں ہے — ص۲۰۸

(۳۱) کرنے گئے تھے اُس سے تغافل کا ہم گلہ — کی ایک ہی نگاہ کہ بس خاک ہو گئے — ص۲۲۹

(۳۲) بس ہجومِ نااُمیدی! خاک میں مل جائے گی — یہ جو اِک لذّت ہماری سعیِ بے حاصل میں ہے — ص۲۳۱

(۳۳) اُڑتی پھرے ہے خاک مری کوئے یار میں — بارے، اب اے ہَوا! ہوسِ بال و پر گئی — ص۲۳۳

(۳۴) مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم! — تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کیے؟ — ص۲۳۳

(۳۵) ہوتا ہے نہاں گرد میں صحرا مرے ہوتے — گِھستا ہے جبیں خاک پہ دریا مرے آگے — ص۲۳۸

(۳۶) روندی ہوئی ہے کوکبۂ شہریار کی — اترائے کیوں نہ خاک سرِ رہ گزار کی — ص۲۵۱

(۳۷) بے دماغِ تپش و عرضِ دو عالم فریاد — ہوں میں وہ خاک کہ ماتم میں اُڑایا ہے مجھے — ص۱۰۸

(۳۸) آتش و آب و باد و خاک نے لی — وضعِ سوز و نم و رم و آرام — ص۳۸

(۳۹) مثلِ مضمونِ وفا باد بہ دستِ تسلیم — صورتِ نقشِ قدم خاک بہ فرقِ تمکیں — ص۳۲

(۴۰) کہ گر اپنے کو میں کہوں خاکی — جانتا ہوں کہ آئے خاک کو عار — ص۱۲۵

(۴۱) سوختگاں کی خاک میں ریزشِ نقشِ داغ ہے — آئنہ نشانِ حال مثلِ گُلِ چراغ ہے — ص۱۱۵

(۴۲) ہوسکے کیا خاک دست و بازوے فرہاد سے! — بیستوں: خوابِ گرانِ خسرو پرویز ہے — ص۸۵

(۴۳) خاک ہے عرضِ بہار صد نگارستاں اسدؔ! — حسرتیں کرتی ہے میری خاطرِ آزاد، گُل — ص۵۲

(۴۴) لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا! — ص۱۵۰

(۴۵) آم کے آگے پیش جاوے خاک — پھوڑتا ہے جلے پھپھولے تاک — ص۳۰

(۴۶) مزا لے کہو کیا خاک ساتھ سونے کا — رکھے جو بیچ میں وہ شوخِ سیم تن، تکیہ — ص۳۰۳

دیکھیے ـــــــ: (۴۷) آئنۂ ذرّہ ذرّہ خاک۔ (۴۸) اہلِ خاک۔ (۴۹) ایک مُشتِ خاک۔ (۵۰) پالِ خاک۔ (۵۱) ذرّہ ذرّۂ خاک۔ (۲۵)، (۳۵)، (۴۵) زیرِ خاک [تین بار]۔ (۵۵) ساکنانِ خطۂ خاک۔ (۵۶) سرتاسرِ خاک۔ (۵۷) طاؤسِ خاک۔ (۵۸) طلسمِ خاک۔ (۵۹)، (۶۰) کفِ خاک [دوبار]۔ (۶۱) مثلِ ذرّہ ہائے خاک۔ (۶۲)، (۶۳) مُشتِ خاک [دوبار]۔ (۶۴) نقابِ خاک۔ (۶۵) ہرایک ذرّہ خاک۔ (۶۶) ہرذرّہ خاک۔ (۶۷) ہرذرّۂ خاک۔ (۶۸)، (۶۹) دیکھیے: ہر کفِ خاک [دوبار]۔ (۱۷)، (۷۲)

یک کفِ خاک [دو بار]۔

خاک افتادگیِ کشتگانِ عشق: بر خاک افتادگیِ کشتگانِ عشق — ہے سجدۂ سپاس بہ منزل رسیدگی ص ۴۵۴

خاک بہ سر کردن بے فائدہ: جُز خاک بہ سر کردنِ بے فائدہ، حاصل؟ — ہر چند بہ میدانِ ہوس تاختنی ہے ص ۱۱۱

خاکِ در: مردمک سے ہو عزا خانۂ اقبال نگاہ — خاکِ در کی ترے جو چشم نہ آئینہ دار ص ۳۳۳

خاکِ درِ مے خانہ: اسدؔ خاکِ درِ مے خانہ اب سر پر اُڑاتا ہوں — گئے وہ دن کہ پائی جامِ مے سے زانو زانو تھا ص ۲۲

خاکِ دشتِ مجنوں: رگِ لیلیٰ کو خاکِ دشتِ مجنوں ریشگی بخشے — اگر بووے بجائے دانہ دہقاں نوک نشتر کی ص ۲۰۷

خاکِ شہیداں: بجز پروازِ شوقِ ناز، کیا باقی رہا ہوگا! — قیامت اک، ہوائے تند ہے خاکِ شہیداں پر ص ۱۹۷

خاکِ صحرائے نجف: خاکِ صحرائے نجف جوہرِ سیرِ عرفا — چشمِ نقشِ قدم: آئینۂ بختِ بیدار ص ۱۳۳

خاکِ عاشق: خاکِ عاشق بس کہ ہے فرسودۂ پروازِ شوق — جادۂ ہر دشت تارِ دامنِ قاتل ہوا ص ۳۳۵

خاکِ فرصت: خاکِ فرصت بر سرِ ذوقِ فنا اے انتظار! — ہے غبارِ شیشۂ ساعت رمِ آہو مجھے ص ۴۸

خاکِ کشتگاں: دشتِ اُلفت میں ہے خاکِ کشتگاں محبوس وبس — پیچ و تابِ جادہ، ہے خطِ کفِ افسوس وبس ص ۳۶

خاکِ گردیدن: دیکھیے: باوصفِ مشقِ بے تکلف خاک گردیدن۔

خاکِ گلشن: دیکھیے: کفِ ہر خاکِ گلشن۔

خاکِ مجنوں: دیکھیے: آئینۂ محشرِ خاکِ مجنوں۔

خاکی: کہ گر اپنے کو میں کہوں خاکی — جانتا ہوں کہ آئے خاک کو عار ص ۱۲۵

خاکیوں: تیرے ذر کے کیے اسباب نثار آمادہ — خاکیوں کو جو خدا نے دیے جان و دل و دیں ص ۳۵

خاک[1] انداز: نہ پوچھ وسعتِ مے خانۂ جنوں غالبؔ! — جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز ص ۱۴۲

خاکبازیِ[2] امید: خاکبازیِ اُمید کارخانۂ طفلی — یاس کو دو عالم سے لب بہ خندہ وا پایا ص ۳

---

[1] خاک انداز: ایک بار۔

[2] خاکبازی: ایک بار [مرتب]۔

خاک نشیں[1]: ذوقِ گلچینیٔ نقشِ کفِ پا سے تیرے — عرش چاہے ہے کہ ہو درپہ ترے خاک نشیں — ص ۹۰

(۲) ہے مشق اسدؔ! دستۂ وصل کی منظور — ہوں خاک نشیں از پئے ادراکِ قدم بوس — ص ۳۶

(۳) دیکھیے: غالبِ خاک نشیں۔

خاکسار[2]: (۱) خدا نے دی ہے وہ غالب کو دستگاہِ سخن — کروڑوں ڈھونڈھ کے لاتا یہ خاکسار، گرہ — ص ۲۷۹

(۲) ہوں خاکسار، پر نہ کسی سے ہے مجھ کو لاگ — نے دانۂ فتادہ ہوں نے دامِ چیدہ ہوں — ص ۲۹۹

(۳) دیکھیے: غالبِ خاکسار۔

خاکساری: برائے حلِّ مشکل ہوں ز پا افتادۂ حسرت — بندھا ہے عقدۂ خاطر سے پیاں خاکساری کا — ص ۱۸

خاکستر[3]: دیکھیے ——:(۱) کفِ خاکستر۔ (۲) مشتِ خاکستر۔ (۳) مضمونِ خاکستر۔ (۴) تہِ خاکستر صدآئنہ۔

خاکسترنشینی: (۱) خیالِ دود تھا سر جوشِ سودائے غلط فہمی — اگر رکھتی نہ خاکسترنشینی کا غبار آتش — ص ۲۷

(۲) دیکھیے: نازشِ ایامِ خاکسترنشینی۔

خال[4]: (۱) بس کہ ہوں بعدِ مرگ بھی نگراں — مردمک سے ہے خال بر لبِ گور — ص ۴۱

(۲) صافیٔ رخ سے ترے ہنگامِ شب — عکسِ داغِ مہ ہوا عارض پہ خال — ص ۵۱

(۳) کثرتِ جوشِ سویدا سے نہیں تل کی جگہ — خال کب مشاطہ دے سکتی ہے کاکل کے تلے — ص ۴۵۴

(۴) حکم ناطق لکھا گیا کہ لکھیں — خال کو دانہ اور زلف کو دام — ص ۳۸

خالِ رخ: دیکھیے: نشانِ خالِ رخ۔

خالِ رخ زنگی: کلفت کشیٔ ہستی بدنامِ دو رنگی ہے — یہاں تیرگی اختر خالِ رخِ زنگی ہے — ص ۱۱۵

خالِ روئے لیلا: دیکھیے: عکسِ خالِ روئے لیلا۔

---

۱ خاک نشیں: تین بار [مرکب: ایک بار]۔

۲ خاکسار: تین بار [مفرد: دو بار، مرکب: ایک بار]۔
خاکساری: ایک بار۔

۳ خاکستر: چار بار [مرکب]۔
خاکسترنشینی: ایک بار۔

۴ خال: دس بار [مفرد: چار بار، مرکب: چھے بار]۔

خالِ سیاہ و رنگیں رُخاں: خالِ سیاہ و رنگیں رُخاں سے — ہے داغِ لالہ در خوں تپیدن ص۳۵۰

خالِ کنجِ دہن: دلِ آشفتگاں خالِ کنجِ دہن کے — سویدا میں سیرِ عدم دیکھتے ہیں ص۱۶۹

خالِ مشکینِ رُخِ دل کشِ لیلا: اخگرِ سوختۂ قیس سے نسبت دیجے — خالِ مشکینِ رخِ دل کشِ لیلا کہیے ص۱۳۲ [بجلی دل کے لیے]

خالقِ اکبر:[1] خضرِ سلطاں کو رکھے خالقِ اکبر سرسبز — شاہ کے باغ میں یہ تازہ نہال اچھا ہے ص۲۳۰

خالی:[2] (۱) اسدؔ! پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے — نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہائے چنگ آخر ص۳۰

(۲) کافی ہے نشانی، ترا چھلّے کا نہ دینا — خالی مجھے دکھلا کے بہ وقتِ سفر انگشت ص۱۹۳

(۳) تغافل دوست ہوں، میرا دماغِ عجز عالی ہے — اگر پہلو تہی کیجے تو جا میری بھی خالی ہے ص۲۰۹

(۴) رہا آباد عالم اہلِ ہمت کے نہ ہونے سے — بھرے ہیں جس قدر جام و سبو، مے خانہ خالی ہے ص۲۰۹

(۵) شبنم بہ گلِ لالہ نہ خالی ز ادا ہے — داغِ دلِ بیدرد نظر گاہِ حیا ہے ص۲۱۸

(۶) نہیں ہے خالی آرائش سے بے سامانیِ عاشق — شکستِ حال انداز آفرینِ کج کلاہی ہے ص۳۵۵

(۷) یوں سمجھیے کہ بیچ سے خالی کیے ہوئے — لاکھوں ہی آفتاب ہیں اور بے شمار چاند ص۱۲۸ [سونے روپے کے چھلّے]

[آٹھ بار بہ طور ردیف، ص۳۵۵]

(۸)،(۹) نہ چھوڑ و محفلِ عشرت میں جامِ مے کشاں! خالی — کہیں گاؤ بلا ہے، ہو گیا شیشہ جہاں خالی

(۱۰) نہ دوڑا ریشۂ دیوانگی صحنِ بیاباں میں — کہ تارِ جادہ سے ہے نبضِ ریگِ رواں خالی

(۱۱) دکانِ ناوکِ تاثیر ہے از خود تہی ماندن — سراسر عجز ہو، کر خانۂ ماننِدِ کماں خالی

(۱۲) محبت ہے نوا سازِ فغاں در پردۂ دل ہا — کرے ہے مغز سے مانندِ نے کے استخواں خالی

(۱۳) عبث ہے خطِ ساغرِ جلوہ، طوقِ گردنِ قمری — نے اُلفت سے ہے مینائے سروِ بوستاں خالی

(۱۴) نہ پھولو ریزشِ اعداد کی قطرہ فشانی پر — عزیزاں! ہے بہ رنگِ صفر جامِ آسماں خالی

(۱۵) اسدؔ ہنستے ہیں میرے گریہ ہائے زار پر مردم — بھرا ہے دہر بیدردی سے، دل کیجے کہاں خالی

دیکھیے ——: (۱۶) دامِ خالی۔ (۱۷) دستِ خالی۔ (۱۸) ساغرِ خالی۔ (۱۹) مینائے خالی۔ (۲۰) یک ساغر

---

[1] خالق : ایک بار [مرکب]۔

[2] خالی : اکیس بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: چھے بار]۔

خالی۔(۲۱) یک گوشۂ دلِ خالی۔

خام[1]: (۱) دل و جگر تپِ فرقت سے جل کے خاک ہوئے / ولے ہنوز خیالِ وصال، خام رہا ص۳۰

دیکھیے——:(۲)،(۳) خیالِ خام [دوبار]۔(۴) طمعِ خام۔

خاصِ[2] آلِ عبا: نہ بادشاہ، نہ سلطاں؛ یہ کیا ستائش ہے؟ / کہو کہ خاصِ آلِ عبا کہیں اُس کو ص۲۸۵

خائش[3]: اے اسدؔ! خائش ہے طوطیِ شکر گفتارِ طبع / ظاہرا، رکھتا ہے آئینہ اسیرِ زنگِ دل ص۵۳

خامُشی[4]: (۱) بزم میں اُس کے روبرو کیوں نہ خموش بیٹھیے / اُس کی تو خامُشی میں بھی ہے یہی مدعا کہ یوں ص۱۲۸

(۲) گر خامشی سے فائدہ اخفائے حال ہے / خوش ہوں کہ میری بات سمجھنی محال ہے ص۲۰۵

(۳) بسانِ سبزہ رگِ خواب ہے زباں ایجاد / کرے ہے خامشی احوالِ بے خوداں پیدا ص۴۳۶

(۴) گدائے طاقتِ تقریر ہے زباں تجھ سے / کہ خامشی کو ہے پیرایۂ بیاں تجھ سے ص۱۱۲

(۵) چشمِ خوباں خامشی میں بھی نوا پرداز ہے / سرمہ، تو کہوے کہ دودِ شعلۂ آواز ہے ص۲۱۱

دیکھیے——:(۶) بہانہ پردازِ خامُشی۔(۷) دوچار خامُشی۔(۸) عرضِ تمنائے خامُشی۔

خاموش[5]: (۱) گئے وہ دن کہ نادانستہ، غیروں کی وفاداری / کیا کرتے تھے تم تقریر، ہم خاموش رہتے تھے ص۱۳۳

(۲)،(۳) دیکھیے: آتشِ خاموش [دوبار]۔

خاموشی[6]: (۱) مُہر بجائے نامہ، لگائی بر لبِ پیکِ نامہ رساں / قاصدِ تمکینِ سخن نے یوں خاموشی کا پیغام کیا ص۲۸

(۲) نشو و نما ہے اصل سے غالبؔ! فروع کو / خاموشی ہی سے نکلے ہے، جو بات چاہیے ص۲۱۹

(۳) زبانِ اہلِ زباں میں ہے مرگ، خاموشی / یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانیِ شمع ص۱۷۲

دیکھیے——:(۴) پیچ و تابِ خاموشی۔(۵) رہنِ خاموشی۔

خاموشیِ بلبل: کون گل سے ضعف و خاموشیِ بلبل کہہ سکے / نے زبانِ غنچہ گویا، نے زبانِ خارِ باغ ص۴۸

خاموشیِ دل: دیکھیے: باغِ خاموشیِ دل۔

---

[1] خام : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔
[2] خاص : ایک بار [مرکب]۔
[3] خائش : ایک بار۔
[4] خامشی : آٹھ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: تین بار]۔
[5] خاموش : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔
[6] خاموشی : آٹھ بار [مفرد: تین بار، مرکب: پانچ بار]۔

خاموشیِ عاشق: ہو حوصلہ پا مردِ تغافل نہیں لیکن خاموشیِ عاشق گلۂ کم سخنی ہے ص۱۱۱

خامہ[1]: (۱) مجھے راہِ سخن میں خوفِ گمراہی نہیں غالبؔ! عصائے خضرِ صحرائے سخن ہے خامہ بیدلؔ کا ص۱۸

(۲) دردِ دل لکھوں کب تک، جاؤں اُن کو دکھلادوں انگلیاں فگار اپنی، خامہ خوں چکاں اپنا ص۱۵۹

(۳) خامہ میرا، کہ وہ ہے باربدِ بزمِ سخن شاہ کی مدح میں یوں نغمہ سرا ہوتا ہے ص۲۲۱

(۴) ہے خامہ، فیضِ بیعتِ بیدلؔ بہ کفِ اسدؔ! یک نیستاں قلمروِ اعجاز ہے مجھے ص۹۷

(۵) ہے سوادِ خط: پریشاں موئیِ اہلِ عزا خامہ میرا: شمعِ قبرِ کشتگاں کا دودہ ہے ص۱۰۳

(۶) اے اسدؔ! آباد ہے مجھ سے جہانِ شاعری خامہ میرا: تختِ سلطانِ سخن کا پایہ ہے ص۱۰۳

(۷) خامہ انگشت بہ دنداں کہ اسے کیا لکھیے! ناطقہ سر بہ گریباں کہ اِسے کیا کہیے! ص۱۲۲

(۸) بارے، آموں کا کچھ بیاں ہوجائے خامہ نخلِ رطب فشاں ہوجائے ص۳۰

(۹) خامے کا صفحے پر رواں ہونا شاخِ گل کا ہے گل فشاں ہونا ص۳۰

(۱۰) خامے سے پائی طبیعت نے مدد بادباں بھی، اُٹھتے ہی لنگر، کھلا ص۳۰

دیکھیے ـــــــ: (۱۱)-(۱۴) دیکھیے: صریرِ خامہ [چار بار]۔ (۱۵) گریبانِ شقِ خامہ۔ (۱۶) لغزشِ رفتارِ خامہ۔

(۱۷) موئے خامہ۔ (۱۸) نالِ خامہ۔ (۱۹) ہرصریرِ خامہ۔

خامۂ بہزاد: دیکھیے: خطِ خامۂ بہزاد۔

خامۂ غالبؔ: سخن میں خامۂ غالبؔ کی آتش افشانی یقیں ہے ہم کو بھی، لیکن اب اُس میں دم کیا ہے ص۲۵۱

خامہ فرسا: دیکھیے: ذوقِ خامہ فرسا۔

خامۂ فرسودہ: دیکھیے: نوکِ خامۂ فرسودہ۔

خامۂ فولاد: دیکھیے: رنگِ خامۂ فولاد۔

خامۂ قدرت: دیکھیے: نمودِ خامۂ قدرت۔

خامۂ مانیؔ: (۱) زلف، تحریرِ پریشانِ تقاضا ہے، مگر شانہ ساں مو بہ زباں خامۂ مانیؔ مانگے ص۸۷

---

[1] خامہ : تیس بار [مفرد: دس بار، مرکب: بیس بار]۔

(۲) نقشِ نازِ بُتِ طناز بہ آغوشِ رقیب   پاے طاؤس پئے خامۂ مانی مانگے   ص۲۰۹

خامۂ مژگاں: پھر بھر رہا ہوں خامۂ مژگاں بہ خونِ دل   سازِ چمن طرازیِ داماں کیے ہوئے   ص۲۲۵

خامۂ مو: دیکھیے: پاے خامۂ مو۔

خامۂ ہذیاں تحریر: نقشِ "لاحول" لکھ اے خامۂ ہذیاں تحریر!   "یاعلی" عرض کر اے فطرتِ وسواس قریں!   ص۳۴

خامی[1]:   اے خیالِ وصل! نادر ہے مے آشامی تری   پختگی ہاے کبابِ دل ہوئی خامی تری   ص۹۳

خانقاہ[2]:   جب مے کدہ چھٹا تو پھر اب کیا جگہ کی قید   مسجد ہو، مدرسہ ہو، کوئی خانقاہ ہو   ص۱۹۷

خانگی[3]:   کیا کروں، غم ہاے پنہاں لے گئے صبر و قرار   دُزد گر ہو خانگی تو پاسباں معذور ہے   ص۹۳

خانماں[4]:   دیکھیے ـــــ: (۱)، (۲) سیلِ خانماں [دوبار]۔ (۳) ہوسِ خانماں۔

خانماں خراب: دیوار، بارِ منتِ مزدور سے ہے خم   اے خانماں خراب! نہ احساں اُٹھائیے   ص۲۰۱

خانمانِ عاشقاں: خانمانِ عاشقاں دُکانِ آتش باز ہے   شعلہ رو جب ہو گئے گرمِ تماشا، جل گیا   ص۲۰

خانماہا: خانماہا پایمالِ شوخیِ دعویٰ، اسدؔ!   سایۂ دیوار سیلابِ در و دیوار ہے   ص۸۳

خانہ[5]:   (۱) دُکانِ ناوکِ تاثیر ہے از خود تہی ماندن   سراسر عجز ہو، کر خانہ ماندِ کماں خالی   ص۲۵۵

(۲) خانہ ہے سیل سے خو کردۂ دیدار ہنوز   دوبیں در زدہ ہے رخنۂ دیوار ہنوز   ص۴۳

دیکھیے ـــــ: (۳) آتش خانہ۔ (۴)-(۸) آئنہ خانہ [۵ بار]۔ (۹)-(۱۳) آئینہ خانہ [۵ بار]۔ (۱۴) ابرِ ے خانہ۔ (۱۵)-(۱۹) بت خانہ [۵ بار]۔ (۲۰) بت خانۂ آزر۔ (۲۱) بت خانۂ چیں۔ (۲۲) تہ بندیِ دودِ چراغِ خانہ۔ (۲۳) جراحت خانہ۔ (۲۴) خس خانہ۔ (۲۵)، (۲۶) خلوت خانہ [دوبار]۔ (۲۷)، (۲۸) خُم خانہ [دوبار]۔ (۲۹) دروازۂ مے خانہ۔ (۳۰) درونِ خانہ۔ (۳۱) دوا خانہ۔ (۳۲) دودِ چراغِ خانہ۔ (۳۳) زنداں خانہ۔ (۳۴) سیہ خانۂ لیلیٰ۔ (۳۵) شراب خانہ۔ (۳۶) شمعِ خلوت خانہ۔ (۳۷)، (۳۸) شمعِ ماتم خانہ [دوبار]۔ (۳۹) صورت خانۂ خمیازہ۔ (۴۰) ظرف خانۂ دہر۔ (۴۱) عزا خانۂ اقبالِ نگاہ۔

---

[1] خامی : ایک بار

[2] خانقاہ : ایک بار۔

[3] خاخانگی : ایک بار۔

[4] خانماں : پانچ بار [مرکب]۔ خانماں ہا: پانچ بار [مرکب]۔

[5] خانہ : ایک سو پانچ بار [مفرد: دوبار، مرکب: ایک سو تین بار]۔
خانہ ہا : ایک بار [مرکب]۔

(۴۲) غم خانہ۔ (۴۳) قمار خانۂ عشق۔ (۴۴) کلفت خانہ۔ (۴۵) کمیں خانہ۔ (۴۶) کمیں خانۂ تعمیر۔ (۴۷) کیفیتِ مے خانہ۔ (۴۸)-(۶۰) مے خانہ [تیرہ بار]۔ (۶۱) مے خانۂ نیرنگ۔ (۶۲) مے خانہ ہا۔ (۶۳) نازِ مسجد و بت خانہ۔ (۶۴) نامِ صاحب خانہ۔ (۶۵) نگار خانہ۔ (۶۶) نہاں خانہ۔ (۶۷) وحدت خانہ۔ (۶۸) ودیعت خانہ۔ (۶۹) ورق گردانیِ نیرنگِ یک بت خانہ۔

خانہ آبادی: دیکھیے: آرزوے خانے آبادی۔

خانہ آرائی: نہ چھوڑی حضرتِ یوسف نے یھاں بھی خانہ آرائی — سفیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر ص۱۶۷

خانۂ آگہی: شکوہ و شکر کو ثمر بیم و اُمید کا سمجھ — خانۂ آگہی خراب! دل نہ سمجھ بلا سمجھ ص۴۲

خانۂ آئینہ: (۱) بقدرِ حوصلۂ عشق جلوہ ریزی ہے — وگرنہ خانۂ آئینہ کی فضا معلوم! ص۵۳

(۲) نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے — لگاوے خانۂ آئینہ میں روے نگار، آتش ص۱۴۳

(۳) غمِ عشاق نہ ہو سادگی آموزِ بتاں — کس قدر خانۂ آئینہ ہے ویراں مجھ سے ص۲۱۱

خانہ بربادی: دیکھیے: تعمیر بناے خانہ بربادی۔

خانۂ تنگ: خانۂ تنگ ہجومِ دو جہاں کیفیت — جامِ جمشید ہے یھاں قالب خشتِ دیوار ص۲

خانۂ خاتم: (۱) گرمیِ دولت ہوئی آتش زنِ نامِ نکو — خانۂ خاتم میں ہیں یاقوتِ نگیں اخگر ہوا ص۲۰

(۲) ہیں نام و نگیں کمیں گہِ نقبِ شعور — یہ چور پڑا ہے خانۂ خاتم میں ص۱۸۸

خانہ خراب: میں بھی معذورِ جنوں ہوں اسدؔ اے خانہ خراب! — پیشوا لینے مجھے گھر سے بیاباں نکلا ص۱۳

خانہ خرابِ صحرا: دل در رکابِ صحرا خانہ خرابِ صحرا — موجِ سرابِ صحرا، عرضِ خمارِ صحرا ص۲۶

خانہ خرابی: اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا — غیر نے کی آہ لیکن وہ خفا مجھ پر ہوا ص۱۵۱

خانۂ درویش: دیکھیے: چراغِ خانۂ درویش۔

خانۂ دل: (۱) شمعِ خانۂ دل۔ (۲) چراغِ خانۂ دل۔

خانۂ زنجیر: (۱) چشم بر چشم بچھے ہے بہ تماشا مجنوں — ہر دو سو خانۂ زنجیر، تنگ کا بازار ص۲

(۲) شعلہ‌ستانِ جنوں ہوں، ستمِ تسبیحِ زلف — موکشاں خانۂ زنجیر میں لایا ہے مجھے ص۱۰۷

دیکھیے:(۳) بنائے خانۂ زنجیر۔(۴) متاعِ خانۂ زنجیر۔(۵) مکینِ خانۂ زنجیر۔

خانۂ زیں: دیکھیے:(۱) روزنِ دیوارِ خانۂ زیں۔(۲) سیلِ خانۂ زیں۔

خانۂ عاشق: مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے! خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا ص۱۴۵

خانۂ مجنوں: خیمۂ لیلیٰ سیاہ و خانۂ مجنوں خراب جوشِ ویرانی ہے عشقِ داغ بیروں دادہ سے ص۸۹

خانۂ مجنونِ صحرا گرد: مانعِ وحشت خرامی ہائے لیلیٰ کون ہے؟ خانۂ مجنونِ صحرا گرد بے دروازہ تھا ص۱۳۶

خانۂ مکتب: ہے کُشادِ خاطرِ وابستہ در رہنِ سخن تھا طلسمِ قفلِ ابجد خانۂ مکتب مجھے ص۲۱۳

خانہ ویراں: دیکھیے: خیالِ خانہ ویراں۔

خانہ ویراں ساز: دیکھیے: عشقِ خانہ ویراں ساز۔

خانہ ویراں سازیِ حیرت: خانہ ویراں سازیِ حیرت تماشا کیجیے صورتِ نقشِ قدم ہوں رفتۂ رفتارِ دوست ص۱۳۶

خانہ ویرانی: (۱) سازِ عیشِ بے دلی ہے خانہ ویرانی مجھے سَیل، یہاں کوکِ صدائے آبشار نغمہ ہے ص۸۷

(۲) ہوئی ہے مانعِ ذوقِ تماشا خانہ ویرانی کفِ سیلاب باقی ہے بہ رنگِ پنبہ روزن میں ص۱۸۰

(۳) یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے؟ ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اس کا آسماں کیوں ہو! ص۲۰۰

(۴) دیکھیے: قطعِ لباسِ خانہ ویرانی۔

خانہ ویرانیِ امید: خانہ ویرانیِ اُمید و پریشانیِ بیم جوشِ دوزخ ہے خزانِ چمنِ خلدِ بریں ص۷

خانہ ہائے منعماں: دیکھیے: گردِ خانہ ہائے منعماں۔

خانۂ ہمسایہ: دیکھیے: یک سرو دِ خانۂ ہمسایہ۔

خانہ بہ خانہ[1]: اسدؔ! اندیشۂ ششدر شدن ہے نہ پھریے مُہرہ ساں خانہ بہ خانہ ص۲۵۱

خانہ بر انداز[2]: زباں سے عرضِ تمنائے خامشی معلوم! مگر وہ خانہ بر انداز گفتگو جانے ص۹۹

خانہ بر دوشاں[3]: دیکھیے: ہجومِ خانہ بر دوشاں۔

خانہ زاد[4]: (۱) خانہ زاد اور مرید اور مدّاح تھا ہمیشہ سے یہ عریضہ نگار ص۱۳۶

---

[1] خانہ بہ خانہ : ایک بار۔

[2] خانہ بر انداز : ایک بار [مرکّب]۔

[3] خانہ بر دوشاں : ایک بار [مرکّب]۔

[4] خانہ زاد : پانچ بار [مفرد: دوبار، مرکّب: تین بار]۔

(۲) گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں — دربار دار لوگ بہم آشنا نہیں — ص۱۲۹

خانہ زادِ چشمِ بے پروا نگاہاں: خوشی: خانہ زادِ چشمِ بے پروا نگاہاں ہے — غبارِ سرمہ یہاں گردِ سوادِ نرگستاں ہے — ص۸۱

خانہ زادِ زلف: خانہ زادِ زلف ہیں، زنجیر سے بھاگیں گے کیوں؟ — ہیں گرفتارِ وفا، زنداں سے گھبراویں گے کیا! — ص۵۵

خانہ زادِ نالۂ رنجور: حسرت آبادِ جہاں میں ہے الم، غم آفریں — نوحہ گویا خانہ زادِ نالۂ رنجور ہے — ص۹۳

خاور[1]: (۱) دیکھیے: دروازۂ خاور۔ (۲) یک قیامت خاور۔

خبر[2]: (۱) اسدؔ! قربانِ لطفِ جورِ بے دل — خبر لیتے ہیں لیکن بے دلی سے — ص۹۱

(۲) خبر نگہ کو، نگہ چشم کو عدو جانے — وہ جلوہ کر کہ نہ میں جانوں اور نہ تو جانے — ص۹۸

(۳) تا چند نفَس غفلتِ ہستی سے برآوے — قاصد تپشِ نالہ ہے، یارب! خبر آوے — ص۱۱۳

(۴) مجھ سے پوچھو، تمھیں خبر کیا ہے — آم کے آگے نیشکر کیا ہے — ص۱۳۰

(۵) ہے خبر گرم اُن کے آنے کی — آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا! — ص۱۶۲

(۶) تھی خبر گرم کہ غالبؔ کے اُڑیں گے پرزے — دیکھنے ہم بھی گئے تھے، پہ تماشا نہ ہوا — ص۱۶۲

(۷) ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن — خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہوتے تک — ص۱۷۵

(۸) پھر بے خودی میں بھول گیا راہِ کوے یار — جاتا وگرنہ ایک دن اپنی خبر کو میں — ص۱۹۰

(۹) قید میں یعقوب نے لی گو نہ یوسف کی خبر — لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہوگئیں — ص۱۹۱

(۱۰) لیتا نہیں مرے دلِ آوارہ کی خبر — اب تک وہ جانتا ہے کہ میرے ہی پاس ہے — ص۲۰۳

(۱۱) دل مت گنوا، خبر نہ سہی، سیر ہی سہی — اے بے دماغ! آئنہ تمثال دار ہے — ص۲۱۸

(۱۲) سختی کشانِ عشق کی پوچھے ہے کیا خبر؟ — وہ لوگ رفتہ رفتہ سراپا الم ہوئے — ص۲۲۶

(۱۳) ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی — کچھ ہماری خبر نہیں آتی — ص۲۳۸

(۱۴) زہے کرشمہ! کہ یوں دے رکھا ہے ہم کو فریب — کہ بن کہے ہی اُنھیں سب خبر ہے کیا کہیے — ص۲۴۷

(۱۵) شاہ کے ہے غسلِ صحت کی خبر — ص۲۵۰

---

[1] خاور : دو بار [مرکب]۔

[2] خبر : انیس بار [مفرد سترہ بار، مرکب: دو بار]۔

(۱۶) لکھا کرے کوئی احکامِ طالعِ مولود　　کسے خبر ہے کہ وھاں جُنبشِ قلم کیا ہے　ص۲۱۱

(۱۷) میں آپ سے جا چکا ہوں، اب بھی　　اے بے خبری! اُسے خبر کر　ص۴۲۸

دیکھیے ـــــ :(۱۸) اُڑتی سی اک خبر۔(۱۹) اک خبر۔

خبط[۱]: یہ خبط نہیں تو اور کیا ہے؟ ص۳۰۵

ختم[۲]: ختم کرتا ہوں اب دعا پہ کلام　　شاعری سے نہیں مجھے سروکار　ص۱۲۷

(۲) کیوں کر نہ کروں مدح کو میں ختم دُعا پر　　قاصر ہے ستایش میں تری میری عبارت　ص۱۲۷

(۳) شرمِ رُسوائی سے جا چھپنا نقابِ خاک میں　　ختم ہے اُلفت کی تجھ پر پردہ داری، ہائے ہائے　ص۲۰۳

ختمِ رُسُل: دیکھیے:(۱) جان و دلِ ختمِ رُسُل۔(۲)،(۳) وصیِ ختمِ رُسُل [دو بار]۔

ختن[۳]: (۱) یارب! یہ دردمند ہے کس کی نگاہ کا؟　　ہے ربطِ مشک و داغِ سوادِ ختن ہنوز　ص۴۲

(۲) کیجے آہوے ختن کو خضرِ صحراے طلب　　مشک ہے سنبلستانِ زلف میں گردِ سواد　ص۳۸

(۳) حجرالاسود دیوارِ حرم کیجے فرض　　نافہ آہوے بیابانِ ختن کا کیجے　ص۱۳۲

خجالت[۴]: ڈالا نہ بیکسی نے کسی سے معاملہ　　اپنے سے کھینچتا ہوں خجالت ہی کیوں نہ ہو　ص۱۹۳

خجالتِ بیجا: دامانِ دل بہ وہمِ تماشا نہ کھینچیے　　اے مدّعی! خجالتِ بیجا نہ کھینچیے　ص۱۰۵

خجالت گاہِ پیدائی: شکستِ قیمتِ دل آں سوے قدر شناسائی　　طلسمِ نا اُمیدی ہے خجالت گاہِ پیدائی　ص۹۲

خجستہ[۵]: خجستہ انجمنِ طوے میرزا جعفر　　کہ جس کے دیکھے سے، سب کا ہوا ہے جی محظوظ　ص۱۲۹

خجل[۶]: مدعی میری صفاے دل سے ہوتا ہے خجل　　ہے تماشا، زشت رویوں کا عتاب آئینے پر　ص۲۰

خجل نشینی: بے گریہ کمالِ تر جبینی ہے مجھے　　در بزمِ وفا خجل نشینی ہے مجھے　ص۴۵۷

خجلت[۷]: دیکھیے ـــــ :(۱) بے دماغِ خجلت۔(۲) تبِ خجلت۔(۳) عرق ریزیِ خجلت۔

خجلتِ تقصیر: جب کرمِ رُخصتِ بیباکی و گستاخی دے　　کوئی تقصیر بجز خجلتِ تقصیر نہیں　ص۱۸۲

---

۱ خبط : ایک بار۔
۲ ختم : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔
۳ ختن : تین بار [مرکب]۔
۴ خجالت : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
خجالت گاہ : ایک بار [مرکب]۔
۵ خجستہ : ایک بار۔
۶ خجل : دو بار [مفرد ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
۷ خجلت : چھے بار [مرکب]۔

خجلت کشِ وفا:	خجلت کشِ وفا کو شکایت نہ چاہیے	اے مدعی! طلسمِ عرق بے غبار ہے	ص۹۰
خجلت گدازیِ نفسِ نارسا:	ہے پیچ و تابِ رشتۂ شمعِ سحر گہی	خجلت گدازیِ نفسِ نارسا مجھے	ص۷۶
خدا[1]:	(۱) پھر وہ سوئے چمن آتا ہے، خدا خیر کرے	رنگ اُڑتا ہے گلستاں کے ہَوا داروں کا	ص۲۸
	(۲) ہزار آفت و یک جانِ بے نوائے اسدؔ	خدا کے واسطے اے شاہِ بے کساں فریاد!	ص۳۷
	(۳) غالبؔ! ہے رُتبہ فہم تصور سے کچھ پرے	ہے عجز بندگی کہ علی کو خدا کہوں	ص۵
	(۴) گاہ بہ خلد اُمیدوار، گہ بہ جحیم بیمناک	گرچہ خدا کی یاد ہے، کلفتِ ماسوا بجھ	ص۴۲
	(۵) چربیِ پہلوئے خیال، رزقِ دو عالم احتمال	کل ہے جو وعدۂ وصال، آج بھی اے خدا! بجھ	ص۴۳
	(۶) خدا، یعنی پدر سے مہرباں تر	پھرے ہم در بہ در ناقابلی سے	ص۹۱
	(۷) بت خانے میں اسدؔ بھی بندہ تھا گاہ گاہے	حضرت چلے حرم کو، اب آپ کا خدا ہے	ص۹۳
	(۸) صادق ہوں اپنے قول میں غالبؔ! خدا گواہ	کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے	ص۱۲۵
	(۹) سایہ اُس کا، ہُما کا سایہ ہے	خلق پر وہ خدا کا سایہ ہے	ص۱۳۱
	(۱۰) تیرے در کے لیے اسبابِ نثار آمادہ	خاکیوں کو جو خدا نے دیے جان و دل و دیں	ص۱۳۵
	(۱۱)،(۱۲) نہ تھا کچھ تو خدا تھا، کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا	ڈبویا مجھ کو ہونے نے، نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا؟	ص۱۶۰
	(۱۳) آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد	مجھ سے مرے گنہ کا حساب اے خدا! نہ مانگ	ص۱۷۶
	(۱۴) مجھ کو دیارِ غیر میں مارا وطن سے دور	رکھ لی مرے خدا نے مری بیکسی کی شرم	ص۱۷۷
	(۱۵) وہ حلقہ ہائے زلف کمیں میں ہیں، اے خدا!	رکھ لیجو میرے دعویِ وارستگی کی شرم	ص۱۷۷
	(۱۶)،(۱۷) رات کے وقت مے پیے، ساتھ رقیب کو لیے	آئے وہ یاں خدا کرے، پر نہ کرے خدا کہ یوں	ص۱۷۸
	(۱۸) اِس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا	لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں	ص۱۸۳
	(۱۹) شوریدگی کے ہاتھ سے ہے سر وبالِ دوش	صحرا میں اے خدا کوئی دیوار بھی نہیں	ص۱۸۳
	(۲۰) ڈر نالہ ہائے زار سے میرے، خدا کو مان	آخر نوائے مرغِ گرفتار بھی نہیں	ص۱۸۳

---

[1] خدا : سرسٹھ بار [مفرد چھپن بار، مرکب: گیارہ بار]۔ خدانخواستہ : ایک بار۔ خدانکردہ : دو بار۔

(۲۱) وہ آئے گھر میں ہمارے، خدا کی قدرت ہے!	کبھی ہم اُن کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں	ص ۱۸۷
(۲۲) غالبؔ! خدا کرے کہ سوارِ سمندِ ناز	دیکھوں علی بہادرِ عالی گہر کو میں	ص ۱۹۰
(۲۳) جہاں ہوں غم و شادی بہم، ہمیں کیا کام	دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں	ص ۱۹۲
(۲۴) سُنتے ہیں جو بہشت کی تعریف، سب درست	لیکن خدا کرے وہ ترا جلوہ گاہ ہو!	ص ۱۹۷
(۲۵) خدا شرمائے ہاتھوں کو کہ رکھتے ہیں کشاکش میں	کبھی میرے گریباں کو کبھی جاناں کے دامن کو	ص ۱۹۸
(۲۶) مرے دل میں ہے غالبؔ شوقِ وصل و شکوۂ ہجراں	خدا وہ دن کرے جو اُس سے میں یہ بھی کہوں، وہ بھی	ص ۲۰۲
(۲۷) کس پردے میں ہے آئنہ پرداز اے خدا!	رحمت، کہ عذر خواہِ لبِ بے سوال ہے	ص ۲۰۵
(۲۸) اسدؔ ہے نزع میں، چل بے وفا برائے خدا!	مقامِ ترکِ حجاب و وداعِ تمکیں ہے	ص ۲۱۳
(۲۹) کس کا سُراغ جلوہ ہے حیرت کو اے خدا!	آئینہ، فرشِ ششش جہتِ انتظار ہے	ص ۲۱۷
(۳۰) پھونکا ہے کس نے گوشِ محبت میں اے خدا!	افسونِ انتظار تمنّا کہیں جسے	ص ۲۱۸
(۳۱) بیگانگیِ خلق سے بے دل نہ ہو غالبؔ!	کوئی نہیں تیرا تو مری جان! خدا ہے	ص ۲۱۹
(۳۲) قیامت ہے کہ ہووے مدّعی کا ہم سفر، غالبؔ!	وہ کافر جو خدا کو بھی نہ سونپا جائے ہے مجھ سے	ص ۲۲۵
(۳۳) خدا کے واسطے! داد اِس جنونِ شوق کی دینا	کہ اُس کے در پہ پہنچتے ہیں نامہ بر سے ہم آگے	ص ۲۲۷
(۳۴) زندگی اپنی جب اِس شکل سے گزری غالبؔ!	ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے!	ص ۲۳۴
(۳۵) جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود	پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے؟	ص ۲۳۸
(۳۶) بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ	کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی	ص ۲۴۲
(۳۷) سفینہ جب کہ کنارے پہ آلگا غالبؔ!	خدا سے کیا ستم و جورِ ناخدا کہیے	ص ۲۴۸
(۳۸) کہتے ہیں کہیں خدا سے، اللہ اللہ!	وہ آپ ہیں صبح و شام کرنے والے	ص ۲۵۴
(۳۹) خدا نے تجھ کو عطا کی ہے گوہر افشانی	درِ حضور پہ اے ابر! بار بار برس	ص ۲۶۳
(۴۰) شفا ہو آپ کو، غالبؔ کو بندِ غم سے نجات	خدا کرے کہ یہ ایسا ہو سازگار برس!	ص ۲۶۳
(۴۱) یا خدا! غالبؔ عاصی کے خداوند کو دے	دو وہ چیزیں کہ طلبگار ہے جن کا عالم	ص ۲۶۵

(۴۲) خدا نے اُس کو دیا ایک خوب رو فرزند	ستارہ جیسے چمکتا ہوا بہ پہلوے ماہ	ص۲۷۷
(۴۳) خدا سے ہے یہ توقّع کہ عہدِ طفلی میں	بنے گا شرق سے تا غرب اُس کا بازی گاہ	ص۲۷۷
(۴۴) وہ خشمگیں ہو تو گردوں کہے: خدا کی پناہ!		ص۲۷۷
(۴۵) عطا کیا ہے خدا نے وہ جاذبہ اُس کو		ص۲۷۹
(۴۶) خدا نے دی ہے وہ غالب کو دستگاہِ سخن	کروڑوں ڈھونڈھ کے لاتا یہ خاکسار، گرہ	ص۲۷۹
(۴۷) دل اُس کا پھوڑ کے، نکلے بہ شکل پھوڑے کے	خدا کرے کہ کرے اِس طرح اُبھار، گرہ	ص۲۷۹
(۴۸) پیری و نیستی، خدا کی پناہ!	دستِ خالی و خاطرِ غمگیں	ص۲۸۱
(۴۹) خدا کی راہ میں شاہی و خسروی کیسی؟	کہو کہ رہبرِ راہِ خدا کہیں اُس کو	ص۲۸۵
(۵۰) خدا کا بندہ، خداوندگار بندوں کا	اگر کہیں نہ خداوند، کیا کہیں اُس کو؟	ص۲۸۵
(۵۱) خدا سے میں بھی چاہوں از رو مہر	فروغِ میرزا حاتم علی مہر	ص۲۹۳
(۵۲) خدا کے بعد نبی اور نبی کے بعد امام	یہی ہے مذہبِ حق، وَالسّلام وَ الاکرام	ص۲۹۷
(۵۳) میں قائلِ خدا و نبی و امام ہوں	بندہ خدا کا اور علی کا غلام ہوں	ص۲۹۸
(۵۴) اگرچہ تھا یہ ارادہ مگر خدا کا شکر	اُٹھا سکا نہ نزاکت سے گل بدن، تکیہ	ص۳۰۳
(۵۵) تم ہو بت پھر تمھیں پندارِ خدائی کیوں ہے؟	تم خداوند ہی کہلاؤ، خدا اور سہی	ص۳۱۱
(۵۶) نہ حشر و نشر کا قائل نہ کیش و ملّت کا	خدا کے واسطے، ایسے کی پھر قسم کیا ہے!	ص۳۱۱
(۵۷) بن گیا تیغِ نگاہِ یار کا سنگِ فساں	...	

دیکھیے ـــــ: (۵۸) رہبرِ راہِ خدا۔ (۵۹) طالبانِ خدا۔ (۶۰) مدّاحِ ممدوحِ خدا۔ (۶۱) مظہرِ فیضِ خدا۔
(۶۲) نامِ خدا۔ (۶۳) ہمسایۂ خدا۔

خداپرست:	ہاں وہ نہیں خدا پرست، جاؤ وہ بے وفا سہی	جس کو ہو دین و دل عزیز اُس کی گلی میں جائے کیوں	ص۱۹۳
خداساز:	میں اور حظِّ وصل، خدا ساز بات ہے!	جاں نذر دینی بھول گیا اضطراب میں	ص۱۸۹
خدانخواستہ:	ہے ہے! خدا نخواستہ وہ اور دشمنی!	اے شوقِ منفعل یہ تجھے کیا خیال ہے!	ص۵۰۲

خدانکردہ: (۱) طرف سخن نہیں ہے مجھ سے خدا نکردہ! ہے نامہ بر کو اُس سے دعوائے ہم کلامی ص ۴۳

(۲) ظالم! مرے گماں سے مجھے منفعل نہ چاہ ہے ہے! خدا نکردہ تجھے بے وفا کہوں! ص ۱۷۸

خدا: دیکھیے: قائلِ خداونبی وامام۔

خدائے کریم: اے جہاں آفریں خدائے کریم! صانعِ ہفت چرخ و ہفت اقلیم ص ۲۷۶

خدائی[1]: (۱) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی؟ بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا ص ۱۶۲

(۲) اسدؔ! یہ عجز و بے سامانیِ فرعون توأم ہے جسے تو بندگی کہتا ہے دعویٰ ہے خدائی کا ص ۱۶

(۳) دیکھیے: پندارِ خدائی۔

خدایا[2]: (۱) نہ دیکھیں روئے یک دل سرد غیر از شمعِ کافوری خدایا! اِس قدر بزمِ اسدؔ گرمِ تماشا ہو ص ۶۷

(۲) خدایا! کس قدر اہلِ نظر نے خاک چھانی ہے کہ ہیں صد رخنہ جوں غربال دیواریں گلستاں کی ص ۷۶

(۳) خدایا! خوں ہو رنگِ امتیاز اور نالہ موزوں ہو جنوں کو سخت بیتابی ہے تکلیفِ شکیبائی ص ۹۲

(۴) خدایا! دل کہاں تک دن بہ صد رنج و تعب کاٹے خمِ گیسو ہو شمشیرِ سیہ تاب اور شب کاٹے ص ۹۷

(۵) خدایا! چشم تا دل درد ہے افسونِ آگاہی نگہ، حیرت سوادِ خوابِ بے تعبیر بہتر ہے ص ۱۰۸

(۶) نہیں گر ہمدمی آساں، نہ ہو، یہ رشک کیا کم ہے؟ نہ دی ہوتی خدایا! آرزوئے دوستِ دشمن کو ص ۱۹۸

(۷) خدایا! جذبۂ دل کی مگر تاثیر اُلٹی ہے؟ کہ جتنا کھینچتا ہوں، اور کھنچتا جائے ہے مجھ سے ص ۲۲۳

(۸) دیکھیے: بارِ خدایا۔

خداوند[3]: (۱) یا خدا! غالبؔ عاصی کے خداوند کو دے دو وہ چیزیں کہ طلب گار ہے جن کا عالم ص ۳۶۵

(۲) خدا کا بندہ، خداوندگار بندوں کا اگر کہیں نہ خداوند، کیا کہیں اُس کو ص ۲۸۵

(۳) تم ہو بت پھر تمھیں پندارِ خدائی کیوں ہے؟ خداوند ہی کہلاؤ، خدا اور سہی ص ۳۱۱

خداوندِ بندہ پرور: اِس خداوندِ بندہ پرور کو وارثِ گنج و تاج و افسر کو ص ۳۰۰

خداوندِ کارساز: عطا کرے گا خداوندِ کارساز اسے روانِ روشن و خوئے خوش و دلِ آگاہ ص ۲۷۸

---

[1] خدائی : تین بار [مفرد: دو بار، مرکب: ایک بار]۔
[2] خدایا : آٹھ بار۔
[3] خداوند : چھے بار۔ [مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔
خداوندا : ایک بار۔ خداوندگار : ایک بار۔

خداوندگار: دیکھیے: خداوند[۲]۔

خداوندِ نعمت: جگر کو مرے، عشقِ خونابہ مشرب | لکھے ہے: خداوندِ نعمت سلامت! ص ۱۹۳

خداوندا: سبب، وارستگاں کو تنگِ ہمت ہے، خداوندا! | اثر سرے سے اور لب ہائے عاشق سے صدا گم ہو! ص ۶۸

خدمت[۱]: شہِ گل نے کیا جب بندوبستِ گلشن آرائی | عصائے سبزۂ نرگس کو خدمت دی نظارت کی ص ۹۷

(۲) دیکھیے: قابلِ خدمت۔

خدنگ[۲]: دیکھیے: زخمِ خدنگ۔

خراب[۳]: شکوہ و شکر کو ثمر بیم و اُمید کا سمجھ | خانۂ آگہی خراب! دل نہ سمجھ، بلا سمجھ ص ۴۲

(۲) خیمۂ لیلیٰ سیاہ و خانۂ مجنوں خراب | جوشِ ویرانی ہے عشقِ داغ بیروں دادہ سے ص ۸۹

(۳) بے خونِ دل ہے چشم میں موجِ نگہ، غبار | یہ مے کدہ خراب ہے مَے کے سراغ کا ص ۱۵۰

(۴) خیالِ جلوۂ گل سے خراب ہیں مے کش | شراب خانے کے دیوار و در میں خاک نہیں ص ۱۸۸

(۵) نقصاں نہیں، جنوں میں بلا سے ہو گھر خراب | سو گز زمیں کے بدلے بیاباں گراں نہیں ص ۱۸۸

(۶) جا داو بادہ نوشیِ رنداں ہے شش جہت | غافل گماں کرے ہے کہ گیتی خراب ہے ص ۲۰۶

(۷) قضا نے تھا مجھے چاہا خرابِ بادۂ اُلفت | فقط خراب لکھا، بس نہ چل سکا قلم آگے ص ۲۲۷

دیکھیے ـــــ: (۸) بیابانِ خراب۔ (۹) جہانِ خراب۔ (۱۰) خانماں خراب۔ (۱۱) خانہ خراب۔ (۱۲) خانہ خرابِ صحرا۔ (۱۳) مرادِ دلِ خراب۔

خراب آبادِ غربت: خراب آبادِ غربت میں عبث افسوسِ ویرانی | گل از شاخ دور اُفتادہ ہے نزدیک پژمردن ص ۴۴۹

خرابِ بادۂ اُلفت: دیکھیے: خراب[۷]۔

خرابِ نالۂ بلبل: خرابِ نالۂ بلبل شہیدِ خندۂ گل | ہنوز دعویِ تمکین و بیم رسوائی! ص ۱۱۰

خرابِ وحشتِ تسخیر: ذوقِ خودداری خرابِ وحشتِ تسخیر ہے | آئنہ خانہ مری تمثال کو زنجیر ہے ص ۹۵

۱۔ خدمت : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

۲۔ خدنگ : ایک بار [مرکب]۔

۳۔ خراب : سولہ بار [مفرد: سات بار، مرکب: نو بار]۔

خراب آباد: ایک بار [مرکب]۔

خرابات[۱]: (۱) مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے :بھوں پاس آنکھ قبلۂ حاجات چاہیے ص۲۱۹

(۲) دیکھیے: اہلِ خرابات۔

خراباتِ جنوں: خراباتِ جنوں میں ہے اسدؔ وقتِ قدح نوشی بہ عشقِ ساقیِ کوثر بہارِ بادہ پیمائی ص۹۲

خرابی[۲]: (۱) گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا ص۱۵۰

(۲) مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا ص۱۵۶

(۳) کم نہیں وہ بھی خرابی میں، پہ وسعت معلوم دشت میں ہے مجھے وہ عیش کہ گھر یاد نہیں ص۱۸۶

دیکھیے ــــ:(۴) خانہ خرابی۔(۵) ذوقِ خرابی۔(۶) گرفتارِ خرابی۔

خرابی ہائے دل: دیکھیے: فکرِ تعمیرِ خرابی ہائے دل۔

خراج[۳]: (۱) گریہ ہائے بے دلاں گنجِ شرر در آستیں قہرمانِ عشق میں حسرت سے لیتے ہیں خراج ص۳۵

(۲) خراج بادشہِ چیں سے کیوں نہ مانگوں آج کہ بن گیا ہے خمِ جعدِ پرشکن، تکیہ ص۳۰۳

خراجِ دہِ ویراں: خراجِ دہِ ویراں یک کفِ خاک بیاباں خوش ہوں تیری عاملی سے ص۹۱

خراشِ[۴] دل: دیکھیے: نمک پاشِ خراشِ دل۔

خراشِ نالہ: دیکھیے: نذرِ خراشِ نالہ [مزید دیکھیے: نوائے جگر خراش]۔

خرام[۵]: (۱) شب، نظارہ پرور تھا خواب میں خرام اُس کا صبح، موجۂ گل کو نقشِ بوریا پایا ص۳

(۲) آ اے بہارِ ناز! کہ تیرے خرام سے دستار گردِ شاخِ گلِ نقشِ پا کروں ص۵۶

(۳) حیرت اگر خرام ہے، کار نگہ تمام ہے گر کفِ دست بام ہے، آئنے کو ہوا مجھ ص۶۳

(۴) اسدؔ طلسمِ قفس میں رہے، قیامت ہے! خرام تجھ سے، صبا تجھ سے، گلستاں تجھ سے ص۱۱۴

(۵) تیرے فیلِ گراں جسد کی صدا تیرے رخشِ سبک عناں کا خرام ص۳۸

دیکھیے ــــ:(۶)،(۷) درسِ خرام [دوبار]۔(۸) سرگرمِ خرام۔(۹) مستیِ خرام۔(۱۰) عناں گیرِ خرام۔

---

۱ خرابات : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔
۲ خرابی : ایک بار [مرکب]۔
۳ خراج : تین بار [مفرد: دو بار، مرکب: ایک بار]۔
۴ خراش : دو بار [مرکب]۔
۵ خرام : بائیس بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: سترہ بار]۔

(۱۱) گرمِ خرام۔ (۱۲) گریبان خرام۔ (۱۳) برق خرام

خرامِ اظہار: دیکھیے: موجِ خرامِ اظہار۔

خرامِ جلوہ فرمایاں: دیکھیے: پامالِ خرامِ جلوہ فرمایاں۔

خرامِ زلزل: دیکھیے: گردِ خرامِ زلزل۔

خرامِ ساقی: دیکھیے: لطفِ خرامِ ساقی۔

خرامِ ناز: (۱) عدم: ہے خیرخواہِ جلوہ کو زندانِ بیتابی ۔ خرامِ ناز: برقِ خرمنِ سعیِ سپند آیا ص ۱۲

(۲) سوادِ چشمِ بسمل انتخابِ نقطہ آرائی ۔ خرامِ ناز بے پروا قاتل پسند آیا ص ۱۲

دیکھیے ــــــ: (۳) گرمِ خرامِ ناز۔ (۴) ہوائے خرامِ ناز۔

خرامِ یار: دیکھیے: موجِ خرامِ یار۔

خراج[۱]: دیکھیے: (۱) فردِ جمع و خرجِ زباں ہائے لالا۔ (۲) جمع و خرج۔

خرد[۲]: (۱) دل و دین و خرد تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی ۔ ہوا ہے جوہرِ آئینہ خیلِ مور خرمن میں ص ۵۸

(۲) کل اِس کتاب کے سالِ تمام میں جو مجھے ۔ کمالِ فکر میں دیکھا خرد نے بے آرام ص ۳۶۳

(۳) دیکھیے: اصلِ خرد۔ (۴) اہلِ خرد۔

خردفزا: دیکھیے: نکتہ ہائے خردفزا۔

خردماغی ہائے فردفزا منعم: اسدؔ! مت رکھ تعجب خردماغی ہائے منعم کا ۔ کہ یہ نامرد بھی شیر افگنِ میدانِ قالی ہے ص ۹۷

خرشید[۴]: (۱) دیدِ حیرت کش و خرشید چراغانِ خیال ۔ عرضِ شبنم سے چمن آئنہ تعمیر آیا ص ۲۷

(۲) شرر، ہے رنگ بعدِ اظہار تابِ جلوۂ تمکیں ۔ کرے ہے سنگ پر خرشید، آبِ روئے کارِ آتش ص ۲۷

(۳) نور سے تیرے ہے اُس کی روشنی ۔ ورنہ تھا خرشید یک دستِ سوال ص ۵۱

(۴) ذرّہ اُس گرد کا، خرشید کو آئینۂ ناز ۔ گرد اُس دشت کی، اُمید کو احرامِ بہار ص ۱۳۳

---

۱ خراج : دوبار [مرکب]۔

۲ خرد : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔

۳ خردماغی : ایک بار [مرکب]۔

۴ خرشید : اٹھائیس بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: تئیس بار]۔

(۵) چھوڑا مہِ نخشب کی طرح دستِ قضا نے — خورشید ہنوز اُس کے برابر نہ ہوا تھا — ص۱۵۲

دیکھیے ـــــــ: (۶) اشکِ دیدۂ خورشید۔ (۷)، (۸) پرتوِ خورشید [دو بار]۔ (۹)، (۱۰)، (۱۱) پنجۂ خورشید [تین بار]۔ (۱۲)، (۱۳) جلوۂ خورشید [دو بار]۔ (۱۴) رنگِ رخسارِ گلِ خورشید۔ (۱۵) ساغرِ خورشید۔ (۱۶) غلافِ دلچۂ خورشید۔ (۱۷)، (۱۸) مہ و خورشید۔

خورشید جمال: دیکھیے: مہِ خورشید جمال۔

خورشیدِ جہاں تاب[۱]: (۱) لوگوں کو ہے خورشیدِ جہاں تاب کا دھوکا — ہر روز دکھاتا ہوں میں اک داغِ نہاں اَور — ص۱۷۰

(۲) دیکھیے: پرتوِ خورشیدِ جہاں تاب۔

خورشید دیدہ: دیکھیے: شبنمِ خورشید دیدہ۔

خورشید رو: دیکھیے: ساقیِ خورشید رو۔

خورشید طلعت: دیکھیے: ہر بُتِ خورشید طلعت۔

خورشیدِ عالم تاب: دیکھیے: روکشِ خورشیدِ عالم تاب۔

خورشیدِ فلک: داد دیوانگیِ دل، کہ ترا مدحت گر — ذرّے سے باندھے ہے خورشیدِ فلک پر آئینہ — ص۹

خورشیدِ قیامت: بیکسی ہائے شبِ ہجر کی وحشت، ہے ہے! — سایہ خورشیدِ قیامت میں ہے پنہاں مجھ سے — ص۲۱۲

خورشید و ماہ: کیا وہ بھی بے گنہ کش و حق ناشناس ہیں؟ — مانا کہ تم بشر نہیں خورشید و ماہ ہو — ص۱۹۶

خرقہ[۱] و سجادہ: رکھتا پھروں ہوں خرقہ و سجّادہ رہنِ مے — مدّت ہوئی ہے دعوتِ آب و ہوا کیے — ص۲۲۳

خرقۂ زُہّاد: بس کہ ہیں در پردہ مصروفِ سیہ کاری تمام — آستر ہے خرقۂ زُہّاد کا صوفِ مداد — ص۳۸

خرقۂ ہستی: رنگ ریزِ جسم و جاں نے از خمستانِ عدم — خرقۂ ہستی نکالا ہے بہ رنگِ احتیاج — ص۳۲۷

خرگہ[۲] نُہ پایہ: یہ خرگہِ نُہ پایہ جو مدّت سے بپا ہے — کیا خیمۂ شبیر سے رُتبے میں سوا ہے؟ — ص۲۸۳

خرمن[۳]: (۱) نصیبِ آستیں ہے حاصلِ روئے عرق آگیں — پھٹے ہے کہکشاں خرمن سے مہ کے خوشہ پرویں کا — ص۲۸

---

۱ خرقہ : تین بار [مرکب]۔

۲ خرگہ : ایک بار [مرکب]۔

۳ خرمن : تیرہ بار۔ [مفرد: سات بار، مرکب: چھے بار]۔

(۲) فسونِ یک دلی ہے لذّتِ بیداد دشمن پر — کہ وجدِ برق جوں پروانہ بال افشاں ہے خرمن پر — ص ۴۱

(۳) دل و دین و خرد تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی — ہوا ہے جوہرِ آئینہ خیلِ مور خرمن میں — ص ۵۸

(۴) بجائے دانہ خرمن یک بیاباں بیضۂ قمری — مرا حاصل وہ نسخہ ہے کہ جس سے خاک پیدا ہو — ص ۶۷

(۵) رونقِ ہستی ہے عشقِ خانہ ویراں ساز سے — انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں — ص ۱۸۵

(۶) غالبؔ! کچھ اپنی سعی سے لہنا نہیں مجھے — خرمن جلے اگر نہ ملخ کھائے کشت کو — ص ۱۹۷

(۷) خوش کیا، کھیت پر میرے اگر سو بار ابر آوے — سمجھتا ہوں کہ ڈھونڈھے ہے ابھی سے برق خرمن کو — ص ۱۹۸

(۸) دیکھیے: برقِ خرمن۔

خرمن بہ باد دادۂ دعویٰ: خرمن بہ باد دادۂ دعویٰ ہیں، ہو سو ہو — ہم یک طرف ہیں، برقِ شرر ریز یک طرف — ص ۲۹

خرمنِ پروانہ: دیکھیے: برقِ خرمنِ پروانہ۔

خرمنِ راحت: دیکھیے: برقِ خرمنِ راحت۔

خرمن زارِ گوہر: دیکھیے: برقِ خرمن زارِ گوہر۔

خرمنِ سعی چند: دیکھیے: برقِ خرمنِ سعی چند۔

خرمن سوز اسبابِ ہوس: نیازِ عشق خرمن سوزِ اسبابِ ہوس بہتر — جو ہو جاوے نثارِ برق مشتِ خار و خس بہتر — ص ۲۹۲

خرمن ہائے خاطر: دیکھیے: برقِ خرمن ہائے خاطر۔

خروش[1]: (۱) دیکھیے: مے کدۂ بے خروش۔ (۲) جوش و خروش۔

خروش آمادہ: دیکھیے: وحشتِ شوق خروش آمادہ۔

خریدار[2]: (۱) جنسِ بازارِ معاصی اسداللہ اسدؔ — کہ سوا تیرے کوئی اُس کا خریدار نہیں — ص ۳۳۵

(۲) پھر شوق کر رہا ہے خریدار کی طلب — عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں کیے ہوئے — ص ۲۲۵

دیکھیے ———: (۳) چشمِ خریدار۔ (۴) عیارِ طبعِ خریدار۔

---

۱ خروش : تین بار [مرکب]۔ — خریداری : ایک بار۔

۲ خریدار : سات بار [مفرد: دو بار، مرکب: پانچ بار]۔ — خریدہ : دو بار [نیز دیکھیے: ناخریدہ]۔

خریدارِ ذوقِ خواری: چشم، دلّالِ جنسِ رُسوائی — دل، خریدارِ ذوقِ خواری ہے ص۲۲۳

خریدارِ متاعِ جلوہ: حُسن بے پروا خریدارِ متاعِ جلوہ ہے — آئنہ زانوے فکرِ اختراعِ جلوہ ہے ص۲۱۵

خریدارِ وفا: گر جلوۂ خرشید خریدارِ وفا ہو — جوں ذرّہ صد آئینہ بے زنگ نکالوں ص۶۱

خریداری: ہو سخن کی جسے طلبگاری — کرے اس نسخے کی خریداری ص۲۶۸

خریدہ: (۱) دیکھیے: بے زرخریدہ۔ (۲) دیکھیے: یوسفِ بہ قیمتِ اوّل خریدہ۔

خزاں[1]: (۱) مجھ سے پوچھو، تمھیں خبر کیا ہے — آم کے آگے نیشکر کیا ہے
نہ گُل اُس میں، نہ شاخ و برگ، نہ بار — جب خزاں آئے تب ہو اُس کی بہار ص۳۰
(۲) ہے سبزہ زار ہر در و دیوارِ غم کدہ — جس کی بہار یہ ہو پھر اُس کی خزاں نہ پوچھ ص۲۰
(۳) خزاں کیا، فصلِ گُل کہتے ہیں کس کو؟ کوئی موسم ہو — وہی ہم ہیں، قفس ہے اور ماتم بال و پر کا ہے ص۲۲۰
دیکھیے ــــــ: (۴)، (۵) بہارِ بے خزاں [دوبار]۔ (۶) بیمِ خزاں۔ (۷) حنائے پائے خزاں۔ (۸) خونِ خزاں۔ (۹) صرفِ خزاں۔ (۱۰) گُلِ موسمِ خزاں۔ (۱۱) وداعِ خزاں۔

خزانِ چمنِ خلدِ بریں: خانہ ویرانیِ اُمید و پریشانیِ بیم — جوشِ دوزخ، ہے خزانِ چمنِ خلدِ بریں۔ ص۷

خزانِ چمنستانِ سخن: دیکھیے: فصلِ خزانِ چمنستانِ سخن۔

خزاں حاصل: ہے بہاراں میں خزاں حاصل خیالِ عندلیب — رنگِ گُل آتش کدہ ہے زیرِ بالِ عندلیب ص۳۲

خزانِ رنگِ طربگاہِ بہار: دیکھیے: طوفانِ خزاں رنگِ طربگاہِ بہار۔

خزانی: دیکھیے: شہیدِ گُلِ خزانیِ شمع۔

خزینۂ[2] راز: دیکھیے: درِ خزینۂ راز۔

خس[3]: (۱) گر نگاہِ گرم فرماتی رہی تعلیمِ ضبط — شعلہ خس میں جیسے خوں رگ میں نہاں ہو جائے گا ص۱۵۱
(۲) نہ جانوں نیک ہوں یا بد ہوں، پر صحبت مخالف ہے — جو گُل ہوں تو ہوں گلخن میں، جو خس ہوں تو ہوں گلشن میں ص۱۸۰

---

[1] خزاں : پندرہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: بارہ بار]۔
خزانی : ایک بار [مرکب]۔
[2] خزینہ : ایک بار [مرکب]۔
[3] خس : پچیس بار [مفرد: چار بار، مرکب: اکیس بار]۔

(۳) وہ نالہ دل میں خس کے برابر جگہ نہ پائے! جس نالے سے شگاف پڑے آفتاب میں ص ۱۸۹

(۴) مثال یہ مری کوشش کی ہے کہ مرغِ اسیر کرے قفس میں فراہم خس آشیاں کے لیے ص ۲۳۶

دیکھیے ـــــ: (۵)، (۶)، (۷) خار و خس [تین بار]۔ (۸) فروغِ شعلۂ خس۔ (۹) گلِ اقبالِ خس۔ (۱۰) مُشتِ خس۔ (۱۱) مُشتِ خار و خس۔ (۱۲) نبضِ خس۔ (۱۳) ہجومِ خار و خس۔ (۱۴) یک کفِ خس۔

خس بہ دنداں: (۱) ہجومِ نالہ، حیرت عاجزِ عرضِ یک افغاں ہے خموشی، ریشۂ صد نیستاں سے خس بہ دنداں ہے ص ۲۱۰

(۲) ہم سے رنجِ بیتابی کس طرح اُٹھایا جائے داغِ پشتِ دستِ عجز؛ شعلہ خس بہ دنداں ہے ص ۲۱۷

خس خانہ: روزہ مرا ایمان ہے غالبؔ لیکن! خس خانہ و برفاب کہاں سے لاؤں ص ۳۵۳

خسِ جوہر: نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے لگاوے خانۂ آئینہ میں روئے نگار آتش ص ۱۶۳

خس و آتش: دیکھیے: صحبتِ خس و آتش۔

خس و خار: فرش اس دشتِ تمنا میں نہ ہوگا گر عدل گرمیِ شعلۂ رفتار سے جلتے خس و خار ص ۵

خس و خاشاک: پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہو گئے ص ۲۲۹

خس و خاشاکِ ساحل: دیکھیے: جویائے خس و خاشاکِ ساحل۔

خس و خاشاکِ گلستاں: نغمہ گرم سے اک آگ ٹپکتی ہے اسدؔ! ہے چراغاں خس و خاشاکِ گلستاں مجھ سے ص ۲۱۳

خست[۱]: کل کے لیے کر آج نہ خست شراب میں یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں ص ۱۸۹

خستگی[۲]: (۱) خستگی کا ہو بھلا جس کے سبب سے سرِ دست نسبت اک گونہ مرے دل کو تری بات سے ہے ص ۱۲۸

(۲) ہوئی جن سے توقع خستگی کی داد پانے کی وہ ہم سے بھی زیادہ خستۂ تیغِ ستم نکلے ص ۲۵۰

(۳) خستگی کا تم سے کیا شکوہ کہ یہ ہتھکنڈے ہیں چرخِ نیلی فام کے ص ۲۵۰

خستن[۳]: دیکھیے: سینہ خستن۔

خستہ[۴]: (۱) کریں گے کوہکن کے حوصلے کا امتحاں آخر ابھی اُس خستہ کے نیروئے تن کی آزمائش ہے ص ۲۲۳

دیکھیے ـــــ: (۲) اسدِ خستہ۔ (۳) کامِ دلِ خستہ۔ (۴) دلِ خستہ۔ (۵) سرِ خستہ۔ (۶)، (۷) غالبِؔ خستہ [دو بار]۔ (۸) غالبِؔ دل خستہ۔

---

۱ خست : ایک بار [مرکب]۔
۲ خستگی : تین بار۔
۳ خستن : ایک بار۔
۴ خستہ : تیرہ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: بارہ بار]۔

خستہ تن: (۱) مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور — تن سے سوا فگار ہیں اس خستہ تن کے پانو — ص۱۹۶

(۲) دیکھیے: رنجور خستہ تن۔

خستہ جاں: دیکھیے: اسدِ خستہ جاں۔

خستۂ تیغِ ستم: دیکھیے: خستگی [۲]۔

خستہ نوازی: قبلۂ کون و مکاں! خستہ نوازی میں یہ دیر! — کعبۂ امن و اماں! عقدہ کشائی میں یہ ڈھیل! — ص۱۲۳

خسرو[1] [۱]: (۱) تکلف برطرف، فرہاد اور اتنی سبک دستی! — خیال آساں تھا لیکن خوابِ خسرو نے گرانی کی — ص۷۷

(۲) وارثِ ملک جانتے ہیں تجھے — ایرج و تور و خسرو و بہرام — ص۱۳۷

(۳) تھا ترنجِ زر ایک خسرو پاس — رنگ کا زرد پر کہاں بو باس — ص۱۳۱

(۴) دیکھیے: مزدوریِ عشرت گہِ خسرو۔

خسرو پرویز: (۱) سنجیدنی ہے ایک طرف رنج کوہکن — خوابِ گرانِ خسرو پرویز یک طرف — ص۲۹

(۲) ہو سکے کیا خاک دست و بازوے فرہاد سے — بیستوں، خوابِ گرانِ خسرو پرویز ہے — ص۸۵

خسرو[2] [۲]: ملے دو مرشدوں کو حضرتِ حق سے ہیں دو طالب — نظام الدین کو خسروؔ، سراج الدین کو غالبؔ — ص۲۹۳

خسرو[3] آفاق: تاجِ زریں، مہرِ تاباں سے سوا — خسرو آفاق کے مُنہ پر کھلا — ص۱۳۹

خسرو انجم: خسرو انجم کے آیا صرف میں — شب کو تھا گنجینۂ گوہر کھلا — ص۱۳۹

خسرو روز: مہرِ رخشاں کا نام: خسرو روز — ماہِ تاباں کا اسم: شحنۂ شام — ص۱۳۸

خسرو ستارہ سپاہ: لکھیں گے لوگ اسے خسرو سپاہ — ص۲۷۸

خسرو شیریں سخن: غالبؔ! مرے کلام میں کیوں کر مزا نہ ہو — پیتا ہوں دھو کے خسرو شیریں سخن کے پانو — ص۱۹۶

خسرو نام دار: مملکتِ کمال میں ایک امیر نامور — عرصۂ قیل و قال میں خسرو نام دار ایک — ص۲۹۶

خسروانہ شکوہ: چشمِ بددور! خسروانہ شکوہ — لوحش اللہ! عارفانہ کلام — ص۱۳۷

---

[1] خسرو(۱) : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔

[2] خسرو(۲) : ایک بار۔

[3] خسرو : چھے بار [مرکب]۔

خسروانہ : ایک بار [مرکب]۔

خسروی : ایک بار [مرکب]۔

خسروی: دیکھیے: شاہی و خسروی۔

خسک[۱]: دیکھیے: پیراہنِ خسک۔

خشت[۲]: (۱) خشت پشتِ دستِ عجز و قالب آغوشِ وداع — پُر ہوا ہے سَیل سے پیمانہ کس تعمیر کا؟ ص ۱۱

(۲) کرے گر فکرِ تعمیرِ خرابی ہاے دل گردوں — نہ نکلے خشت مثلِ استخواں بیروں ز قالب ہا ص ۲۳

دیکھیے ———: (۳) سنگ و خشت۔ (۴) ہر سنگ و خشت۔

خشتِ خُمِ صہبا: صومعے میں اِسے ٹھہرایئے گر مُہرِ نماز — مے کدے میں اِسے خشتِ خُمِ صہبا کہیے ص ۱۲۲ [بچی دلی]

خشتِ دیوار: دیکھیے: (۱)، (۲) قالبِ خشتِ دیوار [دو بار]۔

خشتِ در و دیوارِ دوست: دیکھیے: قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست۔

خشتِ دیوارِ چمن: ہے نزاکت بس کہ فصلِ گل میں معمارِ چمن — قالبِ گل میں ڈھلی ہے خشتِ دیوارِ چمن ص ۵۹

خشتِ لحد: دیکھیے: قالبِ خشتِ لحد۔

خشک[۳]: (۱) برقِ خرمن زارِ گوہر ہے نگاہِ تیز یاں — اشک ہو جاتے ہیں خشک از گرمیِ رفتارِ دوست ص ۳۳

(۲) ہے یاس میں اسد کو ساقی سے بھی فراغت — دریا سے خشک گزری مستوں کی تشنہ کامی ص ۷۵

(۳) دریاے معاصی تنک آبی سے ہوا خشک — میرا سرِ دامن بھی ابھی تر نہ ہوا تھا ص ۱۵۲

دیکھیے ———: (۴) خارِ خشک۔ (۵) دو جہاں حشر زبانِ خشک۔ (۶) کشتِ خشک۔ (۷)، (۸) لبِ خشک [دو بار]۔ (۹) مثلِ خارِ خشک۔

خشکیِ مے: خشکیِ مے نے تلف کی مے کدے کی آبرو — کاسۂ دریوزہ ہے پیمانۂ دستِ سبو ص ۶۸

خشمِ[۴] تند خویاں: تیز تر ہوتا ہے خشمِ تند خویاں عجز سے — ہے رگِ سنگِ فسانِ تیغِ شعلہ خار و خس ص ۴۵

خشمگیں: وہ مہرباں ہو تو انجم کہیں: الٰہی شکر! — وہ خشمگیں ہو تو گردوں کہے: خدا کی پناہ! ص ۲۷۷

خصم[۵]: دیکھیے: تیغِ خصم۔

خصمِ خوں بہا: کیوں نہ وحشتِ غالب باج خواہِ تسکیں ہو — کشتۂ تغافل کو خصمِ خوں بہا پایا ص ۱۳

خصومت[۶]: دیکھیے: قطعِ خصومت۔

---

۱ خسک : ایک بار [مرکّب]۔
۲ خشت : دس بار [مفرد: دو بار، مرکّب: آٹھ بار]۔
۳ خشک : نو بار [مفرد: تین بار، مرکّب: چھے بار]۔
خشکی : ایک بار [مرکّب]۔
۴ خشم : ایک بار [مرکّب]۔
خشمگیں : ایک بار۔
۵ خصم : دو بار [مرکّب]۔
۶ خصومت : ایک بار [مرکّب]۔

خضر[۱]: (۱) بہ حسرت گاہِ نازِ کشتۂ جاں بخشیِ خوباں — خضر کو چشمۂ آبِ بقا سے ترجبیں پایا — ص۲۲

(۲) سیرِ آں سوے، تماشا ہے طلبگاروں کا — خضر مشتاق ہے اس دشت کے آواروں کا — ص۲۸

(۳) اسدؔ! جو آب بخشیدن ز دریا، خضر کو کیا تھا؟ — ڈبوتا چشمۂ حیواں میں گر کشتی سکندر کی — ص۷۷

(۴) ممکن ہے کرے خضر، سکندر سے ترا ذکر؟ — گر لب کو نہ دے چشمۂ حیواں سے طہارت — ص۱۲۷

(۵) تو سکندر ہے، مرا فخر ہے ملنا تیرا — گو شرف خضر کی بھی مجھ کو ملاقات سے ہے — ص۱۲۸

(۶) یا لگا کر خضر نے شاخِ نبات — مدتوں تک دیا ہے آبِ حیات — ص۱۳۱ [آم کے لیے]

(۷) وہ زندہ ہم ہیں کہ ہیں روشناسِ خلق اے خضر! — نہ تم کہ چور بنے عمرِ جاوداں کے لیے — ص۲۳۶

(۸) لازم نہیں کہ خضر کی ہم پیروی کریں — جانا کہ اک بزرگ ہمیں ہم سفر ملے — ص۲۳۷

(۹) کیا کیا خضر نے سکندر سے! — اب کسے رہنما کرے کوئی — ص۲۴۲

(۱۰) مسلکِ شرع کے ہیں راہ رو و راہ شناس — خضر بھی یہاں اگر آ جائے تو لے اُن کے قدم — ص۲۶۵

دیکھیے——:(۱۱)-(۱۳) عمرِ خضر [تین بار]۔(۱۴) رشتۂ عمرِ خضر۔(۱۵) نقشِ پاے خضر۔

خضر آبادِ آسایش: جہاں مٹ جائے سعیِ دید، خضر آبادِ آسایش — بہ جیبِ ہر نگہ پنہاں ہے حاصل رہ نمائی کا — ص۱۹

خضرِ راہِ عشق: کرے ہے رہ رواں سے خضرِ راہِ عشق جلادی — ہوا ہے موجۂ ریگِ رواں شمشیرِ فولادی — ص۲۵۱

خضرِ صحراے سخن: دیکھیے: عصاے خضرِ صحراے سخن۔

خضرِ صحراے طلب: کیجیے آہوے ختن کو خضرِ صحراے طلب — مشک ہے سنبلستانِ زلف میں گردِ سواد — ص۳۸

خضرت سلطاں[۲]: خضر سلطاں جو رکھے خالقِ اکبر سرسبز — شاہ کے باغ میں یہ تازہ نہال اچھا ہے — ص۲۳۰

خط[۳]: (۱) نامے کے ساتھ آ گیا پیغامِ مرگ — رہ گیا خط میری چھاتی پر کھلا — ص۱۳۰

(۲) ہو لیے کیوں نامہ بر کے ساتھ ساتھ؟ — یارب اپنے خط کو ہم پہنچائیں کیا! — ص۱۹۱

(۳) قاصد کے آتے آتے خط اک اور لکھ رکھوں — میں جانتا ہوں جو وہ لکھیں گے جواب میں — ص۱۸۸

(۴) غلط نہ تھا ہمیں خط پر گماں تسلی کا — نہ مانے دیدۂ دیدار جو تو کیوں کر ہو — ص۱۹۷

---

۱ خضر : اٹھارہ بار [مفرد: دس بار، مرکب: آٹھ بار]۔
خضر آباد : ایک بار [مرکب]۔

۲ خضر سلطاں: ایک بار۔

۳ خط (۱) : گیارہ بار [مفرد: دس بار، مرکب: ایک بار]۔

(۵) ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا، سو بھی مٹ گیا — ظاہرا، کاغذ ترے خط کا غلط بردار ہے — ص۲۱۲

(۶) دے کے خط منہ دیکھتا ہے نامہ بر — کچھ تو پیغامِ زبانی اور ہے — ص۲۳۷

(۷) غیر پھرتا ہے لیے یوں ترے خط کو کہ اگر — کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے؟ تو چھپائے نہ بنے — ص۲۳۹

(۸) مگر لکھوائے کوئی اس کو خط تو ہم سے لکھوائے — ہوئی صبح اور گھر سے کان پر رکھ کر قلم نکلے — ص۲۵۰

(۹) خط لکھیں گے گرچہ مطلب کچھ نہ ہو — ہم تو عاشق ہیں تمھارے نام کے — ص۲۵۰

(۱۰) تھا تو خط، پر نہ تھا جواب طلب — کوئی اس کا جواب کیا لکھتا — ص۲۹۳

(۱۱) دیکھیے: نامہ وک خط۔

خطّ[۲]: (۱) اے عبادت! تجھے کس خط سے ہے ربطِ نیرنگ؟ — اے نگہ! تجھ کو ہے کس نقطے میں مشقِ تسکیں؟ — ص۸

(۲) خوانا نہیں ہے خط رقمِ اضطرار کا — تدبیرِ پیچ و تابِ نفس کیا کرے کوئی! — ص۸۸

(۳) دیکھیے: حُسنِ ربطِ خط۔

خطِ تقدیر: دیکھیے: فرمانِ خطِ تقدیر۔

خطِ جبیں: (۱) نہیں ہے سرنوشتِ عشق غیر از بے دماغی ہا — جبیں پر میری مدِ خانۂ قدرت خطِ جبیں ہے — ص۸۹

(۲) جبینِ صبحِ اُمید فسانہ گویاں پر — درازیِ رگِ خوابِ جہاں خطِ جبیں ہے — ص۱۰۳

خطِ شکستہ: ہے سرنوشت میں رقمِ واشکستگی — ہوں جوں خطِ شکستہ بہ ہر جا شکستہ دل — ص۵۱

خطِ غبار: (۱) نامہ بھی لکھتے ہو تو بہ خطِ غبار، حیف! — رکھتے ہو مجھ سے اتنی کدورت، ہزار حیف! — ص۴۹

(۲) ظاہر ہے ہم سے کلفتِ بختِ سیاہ روز — گویا کہ تختۂ مشق ہیں خطِ غبار کے — ص۸۰

خطِ لوحِ ازل: جانتا ہوں، ہے خطِ لوحِ ازل — تم پہ اے خاقانِ نام آور! کھلا — ص۱۳۱

خطِ لوحِ مزار: گر ملے حضرتِ بیدلؔ کا خطِ لوحِ مزار — اسدؔ، آئینۂ پروازِ معانی مانگے — ص۸۷

خطّ[۳]: (۱) بہ فراقِ رفتہ یاراں خط و حرف مو پریشاں — دلِ غافل از حقیقت ہمہ ذوقِ قصہ خوانی — ص۹

(۲) سرمنزلِ ہستی سے ہے صحرائے طلب دور — جو خط ہے کفِ پا پہ سو ہے سلسلۂ پا — ص۲۹

(۳) نہیں ہے مَردانِ صاحب دلاں بجز کسبِ جمعیت — سویدا میں نفَس، مانندِ خط نقطے میں پنہاں — ص۸۱

خط(۲) : گیارہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: نو بار]۔

مرکب: اکتیس بار]۔

(۴) بے مے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی؟ کھینچا ہے عجزِ حوصلہ نے خط ایاغ کا ص۱۳۹

دیکھیے——:(۵) نقطہ و خط۔(۶) یک خطِ پشتِ لبِ بام۔

خطِ پرکار: کھینچے گر مانیِ اندیشہ چمن کی تصویر سبز مثلِ خطِ نوخیز ہو خطِ پرکار ص۱۳۲

خطِ پرکارِ ہستی: ہے دو عالم صید اندازِ شہِ دلدل سوار یعنی خطِ پرکارِ ہستی حلقۂ فتراک ہے ص۱۰۶

خطِ پیالہ: کرے ہے بادہ ترے لب سے کسبِ رنگِ فروغ خطِ پیالہ سراسر نگاہِ گلچیں ہے ص۲۱۳

خطِ پیشانی: دیکھیے: سوادِ خطِ پیشانی۔

خطِ پیمانہ: بس کہ ہیں بدمستِ بشکن بشکنِ مے خانہ ہم موئے شیشہ کو سمجھتے ہیں خطِ پیمانہ ہم ص۵۳

خطِ پیمانۂ بے مُل: حسرتِ دستگہ و پایۂ تحمل تا چند رگِ گردن خطِ پیمانۂ بے مُل تا چند ص۳۹

خطِ پیمانۂ مے: بس کہ مے پیتے ہیں اربابِ فنا پوشیدہ خطِ پیمانۂ مے ہے نفسِ دُزدیدہ ص۱۷

خطِ جام: (۱) ہو جہاں وہ ساقیِ خرشید رو مجلس فروز وھاں اسدؔ! تارِ شعاعِ مہر خطِ جام ہے ص۱۰۱

دیکھیے——:(۲) رشتۂ خطِ جام۔(۳) مثلِ خطِ جام۔

خطِ جام آشنا: روانیِ موجِ مے کی گر خطِ جام آشنا ہووے لکھے کیفیت اُس سطرِ تبسم کی عبارت کی ص۹۷

خطِ جامِ آفتاب: دیکھیے: بعکسِ خطِ جامِ آفتاب۔

خطِ جامِ مے: قطرۂ مے بس کہ حیرت سے نفَس پرور ہوا خطِ جامِ مے سراسر رشتۂ گوہر ہوا ص۱۵۱

خطِ جامِ مے نوشاں: عنانِ جادہ رو یا ندن ہے خطِ جامِ مے نوشاں وگرنہ منزلِ حیرت سے کیا واقف ہیں مدہوشاں؟ ص۲۲۹

خطِ ساغر: کجا مے؟ کو عرق؟ سعیِ عروجِ نشہ رنگیں تر خطِ رخسارِ ساقی تا خطِ ساغر چراغاں ہے ص۸۱

خطِ ساغرِ جلوہ: عبث ہے خطِ ساغرِ جلوہ طوقِ گردنِ قمری مے اُلفت سے ہے مینائے سروِ بوستاں خالی ص۲۵۵

خطِ ساغرِ راقم: دیدہ تا دل اسدؔ! آئینۂ یک پرتوِ شوق فیضِ معنی سے خطِ ساغرِ راقم سرشار ص۱۳۳

خطِ ساغرِ مُل: پئے بہ منزل بردنی ہے خضرِ مے سے اے اسدؔ! جادۂ منزل ہے خطِ ساغرِ مُل کے تلے ص۲۵۳

خطِ سبز: جتاں از ہراب اِس شدت سے دو پیکانِ ناوک کو کہ خطِ سبز تا پشتِ لبِ سوفار ہو پیدا ص۳۱

دلِ بدستِ نگارے نداوہ: معافِ بیہدہ گوئی ہیں ناصحانِ عزیز   دلِ بدستِ نگارے نداوہ رکھتے ہیں   ص۶۰

دلِ برصفِ مژگاں زدہ: رہے بے لذتِ کاوش نہ کرے جراتِ شوق   قطرۂ اشک، دلِ برصفِ مژگاں زدہ ہے   ص۱۰۹

دلِ بیمار: دیکھیے: نبضِ دلِ بیمار۔

دلِ بیمار از خود رفتہ: دلِ بیمار از خود رفتہ تصویرِ نہالی ہے   کہ مژگاں، ریشہ دارِ نیستانِ شیر قالی ہے   ص۴۷

دلِ پاک: ہر ذرہ یک دلِ پاک، آئینہ خانہ بے خاک   تمثالِ شوقِ بیباک صد جا دوچار صحرا   ص۲۶

دلِ پُر آتش: چنار آسا عدم سے با دلِ پُر آتش آیا ہوں — تہی آغوشیِ دستِ تمنا کا ہوں فریادی ص ۲۵۱

دلِ پُرغبار: جنونِ فرقتِ یارانِ رفتہ ہے غالبؔ! — بسانِ دشت دلِ پُرغبار رکھتے ہیں ص ۹۳

دلِ پروانہ: (۱) تو مشقِ ناز کر، دلِ پروانہ ہے بہار — بیتابیِ تجلیِ آتش بہ جاں نہ پوچھ ص ۷۰

(۲) فیض سے تیرے ہے اے شمعِ شبستانِ بہار! — دلِ پروانہ چراغاں، پرِ بلبل گلزار ص ۳۳

(۳) دیکھیے: چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ۔

دلِ تا جگر: دل تا جگر ساحلِ دریائے خوں ہے اب — اس رہ گزر میں جلوۂ گل، آگے گرد تھا ص ۱۵۴

دلِ تپش انگیز: دیکھیے: بیتابیِ دلِ تپش انگیز۔

دلِ تسلیم آئیں: دیکھیے: قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں۔

دلِ تنگ: دیکھیے: بمقدار دلِ تنگ۔

دلِ جبریل: دشتِ اُلفت چمن و آبلہ مہماں پرور — دلِ جبریل کفِ پا پہ ملے ہے رخسار ص ۳

دلِ چاک: اے اسدؔ! واشدنِ عقدۂ غم گر چاہے — حضرتِ زلف میں جوں شانہ دلِ چاک چڑھا ص ۲۲۵

دلِ چشم: دیکھیے: سویدائے دلِ چشم۔

دلِ حریص: دیکھیے: شوقِ دلِ حریص۔

دلِ حسرت پرست: دے داد اے فلک! دلِ حسرت پرست کی — ہاں کچھ نہ کچھ تلافیِ مافات چاہیے ص ۲۱۹

دلِ حسرت زدہ: دلِ حسرت زدہ، تھا مائدۂ لذتِ درد — کام یاروں کا بقدرِ لب و دنداں نکلا ص ۱۳۲

دلِ حسرت نصیب: اسدؔ کی طرح میری بھی، بغیر از صبحِ رُخساراں — ہوئی شامِ جوانی اے دلِ حسرت نصیب! آخر ص ۴۱

دلِ حق شناس: ہے وہ غرورِ حُسن سے بیگانۂ وفا — ہر چند اُس کے پاس دلِ حق شناس ہے ص ۲۰۵

دلِ حیرت زدہ: توڑے ہے نالہ سرِ رشتۂ پاسِ انفاس — سر کرے ہے دلِ حیرت زدہ شغلِ تسکیں ص ۷

دلِ خالی: دیکھیے: یک گوشۂ دلِ خالی۔

دلِ خمِ زُلف: دیکھیے: جان و دلِ خمِ زُلف۔

دلِ خراب: دیکھیے: مراد دلِ خراب۔

دلِ خستگاں: دلِ خستگاں کو ہے طربِ صد چمن بہار — باغ بہ خوں تپیدن و آبِ روانِ اشک ص۵۰

دلِ خستہ: (۱) ہوئے یہ رہ رواں دلِ خستہ شرمِ نارسائی سے — کہ دستِ آرزو سے یکقلم پائے طلب کاٹے ص۲۵۵

(۲) دیکھیے: غالبِ دلِ خستہ۔

دلِ خستہ: دیکھیے: کامِ دلِ خستہ۔

دلِ خُفتگاں: بجز دل، سُراغِ درد بہ دلِ خفتگاں نہ پوچھ — آئینہ عرض کر، خط و خالِ بیاں نہ پوچھ ص۷۰

دلِ خوباں: ممکن نہیں کہ ہو دلِ خوباں میں کارگر — تاثیرِ جُستنِ اشک سے، نقش برآب ہے ص۲۵۲

دلِ خوں گشتہ: تکلف سازِ رسوائی ہے غافل! شرمِ رعنائی — دلِ خوں گشتہ، در دستِ حنا آلودہ عریاں ہے ص۸۱

دلِ خونیں: دیکھیے: فشارِ دلِ خونیں۔

دلِ خونیں جگر: دلِ خونیں جگر بے صبر و فیضِ عشق مُستغنی — الٰہی! یک قیامت خاور آ ٹوٹے بدخشاں پر ص۴۰

دلِ خونیں نفس: نظارہ دیگر و دلِ خونیں نفس دگر — آئینہ دیکھ، جوہرِ برگِ حنا نہ مانگ ص۵۱

دلِ دادہ: دیکھیے: قتلِ عاشقِ دل دادہ۔

دلِ داغِ انتظار: دیکھیے: یک دلِ داغِ انتظار۔

دلِ دردمندِ زمزمہ ساز: ہاں، دلِ دردمندِ زمزمہ ساز — کیوں نہ کھولے درِ خزینۂ راز ص۱۳۰

دلِ دیوانہ: (۱) آخرِ کار گرفتارِ سرِ زلف ہوا — دلِ دیوانہ کہ وارستۂ ہر مذہب تھا ص۲۳

(۲) دیکھیے: دامنِ دلِ دیوانہ۔

دلِ رنجور: (۱) اُس کی بزم آرائیاں سُن کر، دلِ رنجور یہاں — مثلِ نقشِ مدعائے غیر بیٹھا جائے ہے ص۲۲۲

(۲) دیکھیے: پائے دلِ رنجور۔

دیکھیے ــــــ: (۱) پرستارِ دلِ رنجیدہ۔ (۲) گرمِ تکلیفِ دلِ رنجیدہ۔

دلِ زار: اپنا احوالِ دلِ زار کہوں یا نہ کہوں — ہے حیا مانعِ گفتار، کہوں یا نہ کہوں ص۲۹۸

دلِ ز کارِ جہاں اوفتادہ: تن بہ بندِ ہوس در ندادہ رکھتے ہیں — دلِ ز کارِ جہاں اوفتادہ رکھتے ہیں ص۵۹

دلِ ساقی: دیکھیے: چشم و دلِ ساقی۔

دلِ سائل: دیکھیے: طلسمِ دلِ سائل۔

دلِ ستم آمادہ: دیکھیے: دُزدیدنِ دلِ ستم آمادہ۔

دلِ سرد: نہ دیکھیں روئے یک دلِ سرد، غیر از شمع کافوری — خدایا! اس قدر بزمِ اسدؔ گرمِ تماشا ہو ص ۶۷

دلِ سمندر: دیکھیے: کبابِ دلِ سمندر۔

دلِ سوختگاں: دیکھیے: بالشِ دلِ سوختگاں۔

دلِ سوزاں: (۱) وہ دُو کو آج اُس کے ماتم میں سیہ پوشی ہوئی — وہ دلِ سوزاں کہ کل تک شمعِ ماتم خانہ تھا ص ۲۵

(۲) یہ آتشِ ہمسایہ کہیں گھر نہ جلادے — کی ہے دلِ سوزاں نے مرے پہلو میں جا گرم ص ۴۲۸

دلِ سیہ دلاں: دیکھیے: داغِ دلِ سیہ دلاں۔

دلِ شب: (۱) بہ تحیّر کدۂ فرصتِ آرایشِ وصل — دلِ شب آئنہ دارِ تپشِ کوکب تھا ص ۴۴

(۲) بس کہ سودائے خیالِ زلف وحشتناک ہے — تا دلِ شب، آبنوسی شانہ آسا چاک ہے ص ۱۰۶

دلِ محوِ تقدیر: موجِ ابروئے قضا جس کے تصوّر سے دونیم — بیم سے جس کے دلِ محوِ تقدیر فگار ص ۵

دلِ شکستہ: دیکھیے: تپشِ دلِ شکستہ۔

دلِ شوریدۂ غالبؔ: ہے دلِ شوریدۂ غالبؔ طلسمِ پیچ و تاب — رحم کر اپنی تمنّا پر کہ کس مشکل میں ہے ص ۴۳۲

دلِ صدا: دیکھیے: یک دلِ صدا۔

دلِ صد پارہ: دیکھیے: رازِ دلِ صد پارہ۔

دلِ صد چاک: دیکھیے ——: (۱) بخیۂ زخمِ دلِ صد چاک۔ (۲) یک دلِ صد چاک۔

دلِ عاشق: زلفِ معشوق کشش، سلسلۂ وحشتِ ناز — دلِ عاشق، شکن آموزِ خمِ طرّۂ یار ص ۷

دلِ غافل از حقیقت: بہ فراقِ رفتہ یاراں خط و حرف، مو پریشاں — دلِ غافل از حقیقت ہمہ ذوقِ قصہ خوانی ص ۹

دل فروز: دیکھیے: جمالِ دل فروز۔

دل فریب: نقشِ پا کی صورتیں وہ دل فریب — تو کہے، بت خانۂ آزر کھلا ص ۳۹

دل فریبیِ اندازِ نقشِ پا: دیکھو تو دل فریبیِ اندازِ نقشِ پا — موجِ خرامِ یار بھی کیا گل کتر گئی! ص ۴۳۳

دل فریبی عنواں: دیکھیے: نذرِ دل فریبی عنواں۔

دل فریبوں: ان دل فریبوں سے نہ کیوں اُس پہ پیار آئے روٹھا جو بے گناہ، تو بے عذر من گیا ص۲۹۳

دل فسردہ: برق بہ جانِ حوصلہ آتش فگن اسدؔ! اے دل فسردہ! طاقتِ ضبطِ فغاں نہیں ص۵۷

دل کش: (۱) رام پور ایک بڑا باغ ہے از روے مثال دل کش و تازہ و شاداب و وسیع و خرّم ص۲۶۵
دیکھیے ــــــ: (۲) قدِ دل کش۔ (۳) خالِ مُشکینِ رخِ دل کش۔

دل کشا: (۱) جس قدر جگر خوں ہو، کوچہ دادنِ گل ہے زخمِ تیغِ قاتل کو طرفہ دل کشا پایا ص۳
(۲) ہوا ترکِ لباسِ زعفرانی دل کشا، لیکن ہنوز آفت نسب یک خندہ، یعنی چاک باقی ہے ص۱۰۷
(۳) نہیں ذریعۂ راحت جراحتِ پیکاں وہ زخمِ تیغ ہے جس کو کہ دل کشا کہیے ص۲۲۸

دلِ کوہ طور: دیکھیے: لختِ دلِ کوہ طور۔

دلِ گداختہ: (۱) خمارِ منتِ ساقی اگر یہی ہے اسدؔ! دلِ گداختہ کے مے کدے میں ساغر کھینچ ص۳۵
(۲) حُسنِ فروغِ شمعِ سخن دور ہے اسدؔ! پہلے دلِ گداختہ پیدا کرے کوئی ص۲۱۶

دلِ گرمِ تپش: فسانِ تیغِ نازک قاتلاں! سنگِ جراحت ہے دلِ گرمِ تپش قاصد ہے پیغامِ تسلّی کا ص۲۶

دلِ گم گشتہ: پھر ترے کوچے کو جاتا ہے خیال دلِ گم گشتہ مگر یاد آیا ص۱۵۲

دلِ نالاں: (۱) تب چاکِ گریباں کا مزا ہے دلِ نالاں! جب اک نفَس اُلجھا ہوا ہر تار میں آوے ص۲۳۲
(۲) دلِ نالاں سے ہے بے پردہ پیدا نواے بربط و چنگ و چغانہ ص۲۵۱

دلِ مایوس: (۱) کرتا ہے، بہ یادِ بتِ رنگیں دلِ مایوس رنگِ ز نظر رفتہ حناے کفِ افسوس ص۲۶
(۲) بس کہ ہے عبرت، ادبِ یادگی ہاے ہوس میرے کام آئی دلِ مایوس! ناکامی تری ص۹۳
(۳) دیکھیے: زانوے دلِ مایوس۔

دلِ مجروح: دیکھیے: گلشن آبادِ دلِ مجروح۔

دلِ مجنوں: کس قدر خاک ہوا ہے دلِ مجنوں یارب! نقشِ ہر ذرّہ، سویداے بیاباں نکلا ص۳

دلِ مضطر: تیرے کوچے کا ہے مائل دلِ مضطر میرا کعبہ اک اور سہی، قبلہ نما اور سہی ص۳۱۱

دلِ مصور: دیکھیے: نقشِ دلِ مصور۔

دلِ نااُمید: دلِ نااُمید کیوں کر بہ تسلی آشنا ہو — جو اُمیدوار رہیے نہ بہ مرگِ ناگہانی — ص ۱۰

دلِ ناداں: دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے؟ — آخر اس درد کی دوا کیا ہے؟ — ص ۲۳۸

دلِ نازک: دلِ نازک پہ اُس کے رحم آتا ہے مجھے غالبؔ! — نہ کر سرگرم اُس کافر کو اُلفت آزمانے میں — ص ۱۸۰

دلِ ناسوختہ: نالہ ہا حاصلِ اندیشہ کہ جوں کشتِ سپند — دلِ ناسوختہ، آتش کدۂ صد تب تھا — ص ۲۳

دلِ ناعاقبت اندیش: اے دلِ ناعاقبت اندیش! ضبطِ شوق کر — کون لاسکتا ہے تابِ جلوۂ دیدارِ دوست؟ — ص ۱۹۳

دلِ ناکام: غم کھانے میں بودا، دلِ ناکام بہت ہے — یہ رنج کہ کم ہے مئے گلفام، بہت ہے — ص ۲۲۵

دلِ نالاں: تب چاکِ گریباں کا مزا ہے دلِ نالاں! — جب اک نفس اُلجھا ہوا ہر تار میں آوے — ص ۲۳۲

دلِ نگرانی: دیکھیے: آئینۂ دلِ نگرانی۔

دلِ وابستہ: (۱) طبع کی واشد نے رنگِ یک گلستاں گل کیا — یہ دلِ وابستہ گویا بیضۂ طاؤس تھا — ص ۲۱

(۲) تھا دلِ وابستہ قفلِ بے کلید — کس نے کھولا؟ کب کھلا؟ کیوں کر کھلا؟ — ص ۳۹

(۳) پڑا رہ اے دلِ وابستہ! بیتابی سے کیا حاصل — مگر پھر تابِ زلفِ پُرشکن کی آزمائش ہے؟ — ص ۲۲۵

دلِ وارستۂ ہفتاد و دو ملت بیزار: ہے اسیرِ ستمِ کشمکشِ دامِ وفا — دلِ وارستۂ ہفتاد و دو ملت بیزار — ص ۹

دلِ واماندہ: دیدار طلب ہے دلِ واماندہ کہ آخر — نوکِ سرِ مژگاں سے رقم ہو گئے پا — ص ۲۹

دل و جاں: (۱) یہی بار بار جی میں مرے آئے ہے کہ غالبؔ! — کروں خوانِ گفتگو پر دل و جاں کی میہمانی — ص ۱۰

(۲) تیری مدحت کے لیے ہیں دل و جاں، کام و زباں — تیری تسلیم کو ہیں لوح و قلم، دست و جبیں — ص ۳۰۵

(۳) تم شہر میں ہو تو ہمیں کیا غم، جب اُٹھیں گے — لے آئیں گے بازار سے جا کر دل و جاں اور — ص ۱۴۰

دیکھیے ـــــ: (۴) تن و دل و جاں۔ (۵) عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں۔

دل و جانِ خلق: نے سرو برگِ آرزو، نے رہ و رسمِ گفتگو — اے دل و جانِ خلق! تو ہم کو بھی آشنا سمجھ — ص ۴۳

دل و جاں فیض رسانا: جاں پناہا! دل و جاں فیض رسانا! شاہا! — وصیِ ختمِ رُسل تو ہے بہ فتوائے یقیں — ص ۳۰۲

دل و جگر: (۱) دل و جگر تفِ فرقت سے جل کے خاک ہوئے — و لے ہنوز خیالِ وصال خام رہا — ص ۳۰۰

(۲) دل وجگر میں پرافشاں جو ایک موجۂ خوں ہے   ہم اپنے زعم میں سمجھے ہوئے تھے اُس کو دم آگے   ص۲۲۸

(۳) دیکھیے: بصفتِ دل وجگر۔

دل وچشمِ رقیب: دیکھیے: کوریِ دل و چشمِ رقیب۔

دل وچشم وزباں: کچھ اور ہی عالم ہے دل و چشم و زباں کا   کچھ اور ہی نقشا نظر آتا ہے جہاں کا   ص۲۸۳

دلِ وحشی: میں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی کہ ہے   عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا   ص۳۹

دل ودستِ اربابِ ہمت: دو عالم کی ہستی پہ خطِ فنا کھینچ   دل و دستِ اربابِ ہمت سلامت!   ص۳۳

دل ودستِ شنا: پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب   دے بطِ مے کو دل و دستِ شنا، موجِ شراب   ص۱۴۳

دل ودماغ: شعر کی فکر کو اسدؔ چاہیے ہے دل و دماغ   وائے! کہ یہ فسردہ دل بے دل و بے دماغ ہے   ص۱۱۹

دل ودیدہ: (۱)   باہم دگر ہوئے ہیں دل و دیدہ پھر رقیب   نظارہ و خیال کا ساماں کیے ہوئے   ص۲۲۵

دیکھیے ــــــ: (۲) تحفۂ خونِ دل ودیدہ۔ (۳) یک شرربالِ دل ودیدہ۔

دل ودیں: دل و دیں نقد لا، ساقی سے گر سودا کیا چاہے   کہ اس بازار میں ساغر متاعِ دست گرداں ہے   ص۲۱۰

دل ودین وخرد: دل و دین و خرد تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی   ہوا ہے جوہرِ آئینہ، خیلِ مور خرمن میں   ص۵۸

دل وزباں: لایا ہے کہہ کے یہ غزل شائبۂ ریا سے دور   کر کے دل و زبان کو غالبؔ خاکسار، ایک   ص۲۹۷

دل ومژگاں: دل و مژگاں کا جو مقدمہ تھا   آج پھر اُس کی روبکاری ہے   ص۲۲۳

دل ہا: دیکھیے ــــــ: (۱) آئینۂ فتراکِ دماغِ دل ہا۔ (۲) پردۂ دل ہا۔ (۳) صاحب دل ہا۔ (۴) ویرانیِ دل ہا۔

دل ہائے اغیار: دیکھیے: نگہبانِ دل ہائے اغیار۔

دل ہائے حزیں: دیکھیے ــــــ: (۱) اثرِ نالۂ دل ہائے حزیں۔ (۲) فریادِ دل ہائے حزیں۔

دل ہائے خلق: دیکھیے: کثرتِ دل ہائے خلق۔

دل ہائے دگر: مال و جاہ و دست و پا بے زر خریدہ ہیں اسدؔ!   پس بہ دل ہائے دگر راحت رسانی مفت ہے   ص۱۱۳

دل ہائے دوستاں: دیکھیے: دستِ شیشۂ دل ہائے دوستاں۔

دل ہائے ہر دردمندے: از دلِ ہر دردمندے جوشِ بیتابی زدن   اے ہمہ بے مدعائی! یک دُعا ہو جائیے   ص۳۵۲

دلِ ہر قطرہ: دل ہر قطرہ ہے سازِ انا البحر — ہم اُس کے ہیں، ہمارا پوچھنا کیا! ص۱۵۷

دلِ ہم دگر: لطفِ خمار مے کو ہے در دلِ ہم دگر اثر — پنبۂ شیشہ شراب کف بہ لبِ ایاغ ہے ص۱۱۵

دلا: (۱) تکلف عافیت تجھ سے ہے، دلا! بندِ قبا وا کر — نفس بعد از وصالِ دوست، تاواں ہے گسستن کا ص۲۷

(۲) دلا! عبث ہے تمنائے خاطر افروزی — کہ بوسۂ لبِ شیریں ہے اور گلو سوزی ص۱۰۰

(۳) دلا! یہ درد و الم بھی تو مغتنم ہے کہ آخر — نہ گریۂ سحری ہے نہ آہِ نیم شبی ہے ص۲۰۵

(۴) سرمایۂ وحشت ہے دلا! سایۂ گلزار — ہر سبزۂ نوخاستہ یہاں بالِ پری ہے ص۲۵۳

دلالِ[۱] جنسِ رسوائی: چشم: دلالِ جنسِ رسوائی — دل: خریدارِ ذوقِ خواری ہے ص۲۲۳

دلبر[۲]: دیکھیے: فریادی بیداد دلبر۔

دلبراں: دیکھیے ــــــ: (۱) ہوائے دلبراں۔ (۲) وفائے دلبراں۔

دلبری[۳]: ہے دلبری، کمیں گرِ ایجادِ یک نگاہ — کارِ بہانہ جوئیِ چشمِ حیا بلند

دلبریِ وعدۂ وفا: اسدؔ فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا — وگرنہ دلبریِ وعدۂ وفا معلوم! ص۵۳

دل بستگی[۴]: (۱) واماندگی بہانہ و دل بستگی فریب — دردِ طلب بہ آبلۂ پا نہ کھینچیے ص۱۰۶

(۲) جنوں رسوائیِ وارستگی، زنجیر بہتر ہے — بقدرِ مصلحت دل بستگی، تدبیر بہتر ہے ص۱۰۸

(۳)، (۴) دیکھیے: حاصلِ دلبستگی۔

دل پذیر[۵]: اپنے پہ کر رہا ہوں قیاس اہلِ دہر کا — سمجھا ہوں دل پذیر متاعِ ہنر کو میں ص۱۹۰

دل تنگ[۶]: (۱) چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تامّل ہنوز — غنچے میں دل تنگ ہے حوصلۂ گل ہنوز ص۴۴

(۲) پیمانۂ وسعت کدۂ شوق ہوں، اے رشک! — محفل سے مگر شمع کو دل تنگ نکالوں ص۹۰

(۳) کیا ضعف میں اُمید کو دل تنگ نکالوں — میں خار ہوں، آتش میں چبھوں، رنگ نکالوں ص۹۰

---

۱ دلال : ایک بار [مرتب]۔
۲ دلبر : ایک بار [مرتب]۔
دلبراں : دو بار [مرتب]۔
۳ دلبری : تین بار [مرتب: دو بار]۔
۴ دل بستگی : چار بار [مرتب: دو بار]۔
۵ دل پذیر : ایک بار۔
۶ دل تنگ : تین بار۔
دل تنگی : ایک بار [مرتب]۔

دل تنگیِ وحشت: خلوتِ آبلۂ پا میں ہے جولاں میرا | خوں ہے دل تنگیِ وحشت سے بیاباں میرا ص ۲۷

دل جمعی[1]: دیکھیے: باوجود دل جمعی۔

دل جوئیِ شبگیر[2]: ذوقِ راحت اگر احرامِ تپش ہو جوں شمع | پائے خوابیدہ بہ دل جوئیِ شبگیر آوے ص ۱۳۳

دلچسپ[3]: بہار شوخ و چمن تنگ و رنگِ گل دلچسپ | نسیم باغ سے پا در حنا نکلتی ہے ص ۲۵۲

دلدار[4]: دیکھیے ــــــ: (۱) ساکنانِ کوچۂ دلدار۔ (۲) نامۂ دلدار۔ (۳) وعدۂ دلدار۔

دُلدُل[5]: (۱) وصفِ دلدل ہے مرے مطلعِ ثانی کی بہار | جنت نقشِ قدم سے ہوں میں اُس کے گلچیں ص ۹

دیکھیے ــــــ: (۲) اُلفتِ دلدل۔ (۳) گردِ خرامِ دلدل۔

دلدل سوار: دیکھیے: بصید اندازیِ شہِ دلدل سوار۔

دلربائی[6]: ہوس گستاخیِ آئینہ تکلیفِ نظر بازی | بہ جیبِ آرزو پنہاں ہے حاصل دلربائی کا ص ۱۶

دلستاں[7]: رہزنی ہے کہ دلستانی ہے؟ | لے کے دل دلستاں روانہ ہوا ص ۱۶۲

دلستانی: دیکھیے: (۱) غرورِ دلستانی۔ (۲) بہ ذیلِ "دلستاں"۔

دل شاد[8]: شاد و دل شاد و شادماں رکھیو | اور غالبؔ پہ مہرباں رکھیو ص ۳۱

دل لگی[9]: (۱) ہمارے شعر ہیں اب صرف دل لگی کے اسدؔ | کھلا کہ فائدہ عرضِ ہنر میں خاک نہیں ص ۱۸۳

(۲) دل لگی کی آرزو بے چین رکھتی ہے ہمیں | ورنہ یاں بے رونقی سودِ چراغِ کشتہ ہے ص ۲۱۰

(۳) چھوڑی اسدؔ نہ ہم نے گدائی میں دل لگی | سائل ہوئے تو عاشقِ اہلِ کرم ہوئے ص ۲۲۷

دلنواز[10]: غم نے جب گھیرا تو چاہا ہم نے یوں اے دلنواز! | مستیِ چشمِ سیہ سے، چل کے، ہوویں چارہ ساز ص ۲۹۰

دَلو[11]: بس کہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے | ریشے سے، ہر تخم کا دلو اندرونِ چاہ ہے ص ۹۳

دلّی[12]: (۱) کیجے جوں اشک اور قطرہ زنی | اے اسدؔ! ہے ہنوز دلّی دور ص ۳۲

۱۔ دل جمعی : ایک بار [مرتب]۔
۲۔ دل جوئی : ایک بار [مرتب]۔
۳۔ دلچسپ : ایک بار۔
۴۔ دلدار : تین بار [مرتب]۔
۵۔ دُلدُل : چار بار [مرتب]۔
۶۔ دلربائی : ایک بار۔
۷۔ دلستاں : ایک بار۔
دلستانی : دو بار [مرتب: ایک بار]۔
۸۔ دلشاد : ایک بار [مرتب]۔
۹۔ دل لگی : تین بار۔
۱۰۔ دلنواز : ایک بار۔
۱۱۔ دَلو : ایک بار۔
۱۲۔ دلّی : سات بار۔

(۲) دلّی کے رہنے والو! اسدؔ کو ستاؤ مت — بے چارہ چند روز کا یھاں میہمان ہے — ص۷۵

(۳) گر مصیبت تھی تو غربت میں اُٹھا لیتا اسدؔ! — میری، دلّی ہی میں ہونی تھی یہ خواری، ہائے ہائے! — ص۸۰ [طبعِ ثانی]

(۴) بادشاہی کا جہاں یہ حال ہو غالبؔ! تو پھر — کیوں نہ دلّی میں ہر اک ناچیز، نوابی کرے — ص۱۰۱

(۵) ہے اب اِس معمورے میں قحطِ غمِ اُلفت اسدؔ! — ہم نے یہ مانا کہ دلّی میں رہے، کھاویں گے کیا — ص۱۵۵

(۶) سر آغازِ موسم میں، اندھے ہیں ہم — کہ دلّی کو چھوڑیں، لوہارو کو جائیں — ص۲۰۳

(۷) اب ہے دلّی کی طرف کوچ ہمارا غالبؔ — آج ہم حضرتِ نوابؔ سے بھی مل آئے — ص۲۱۲

دلیل[1]:

(۱) تیرا اقبالِ ترحّم: مرے جینے کی نوید — تیرا اندازِ تغافل: مرے مرنے کی دلیل — ص۱۳۳

(۲) ہستی ہماری، اپنی فنا پر دلیل ہے — یھاں تک مٹے کہ آپ ہم اپنی قسم ہوئے — ص۲۲٦

دلیلِ سحر:

ظلمت کدے میں میرے شبِ غم کا جوش ہے — اک شمع ہے دلیلِ سحر، سو خموش ہے — ص۲۳۰

دم[2] [۱]:

(۱) لیتا، نہ اگر دل تمھیں دیتا، کوئی دم چین — کرتا، جو نہ مرتا، کوئی دن آہ و فغاں اور — ص۱۴۰

(۲) ابر روتا ہے کہ بزمِ طرب آمادہ کرو — برق ہنستی ہے کہ فرصت کوئی دم ہے ہم کو — ص۱۱٦

(۳) ابر کا کر رہی کیا دم بند — برق کو دے رہی ہے کیا الزام — ص۱۳۸

(۴) محبت تھی چمن سے لیکن اب یہ بے دماغی ہے — کہ موجِ بوئے گل سے ناک میں آتا ہے دم میرا — ص۱۳٦

(۵) دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز — پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا — ص۱۵۲

(٦) شوق کو یہ لت کہ ہر دم نالہ کھینچے جائیے — دل کی وہ حالت کہ دم لینے سے گھبرا جائے ہے — ص۲۲۱

(۷) پھر وضعِ احتیاط سے رُکنے لگا ہے دم — برسوں ہوئے ہیں چاک گریباں کیے ہوئے — ص۲۲۵

(۸) نالے، عدم میں چند ہمارے سپرد تھے — جو واں نہ کھنچ سکے، سو وہ یھاں آ کے دم ہوئے — ص۲۲۷

(۹) وائے! واں بھی شورِ محشر نے نہ دم لینے دیا — لے گیا تھا گور میں ذوقِ تن آسانی مجھے — ص۲۳۲

(۱۰) گو ہاتھ کو جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے — رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے — ص۲۲۹

---

[1] دلیل : تین بار [مفرد: دو بار، مرکب: ایک بار]۔

[2] دم [۱] : اٹھائیس بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: تیرہ بار]۔

دم [۲] : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔

دم [۳] : ستائیس بار [مفرد: دو بار، مرکب: پچیس بار]۔

دم [۴] : ایک بار [مرکب]۔

	(۱۱) کھلے یہ گانٹھ تو البتہ دم نکل جاوے	بری طرح سے ہوئی ہے گلے کا ہار، گرہ	ص۲۶۹
	(۱۲) ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے	بہت نکلے مرے ارماں لیکن پھر بھی کم نکلے	ص۲۴۹
	(۱۳) محبت میں نہیں ہے فرق جینے اور مرنے کا	اُسی کو دیکھ کر جیتے ہیں جس کافر پہ دم نکلے	ص۲۵۰
	(۱۴) سخن میں خامۂ غالبؔ کی آتش افشانی	یقیں ہے ہم کو بھی لیکن اب اُس میں دم کیا ہے	ص۲۵۱
	(۱۵) بات کرنے میں نکلتا ہے دم اُس کے رو بہ رو		ص۲۸۹
	(۱۶) دیکھیے: کششِ دم۔		
دمِ افعی:	دیکھیے: حریفِ دمِ افعی۔		
دم بھر:	سوزِ دل کا کیا کرے بارانِ اشک	آگ بھڑکی، مینہ اگر دم بھر کھلا	ص۱۳۰
دمِ چند:	(۱)، (۲) دلِ بیتاب کہ سینے میں دمِ چند رہا	ہے دمِ چند گرفتارِ غمِ چند رہا	ص۴۴۶
دمِ سرد:	ضعف سے گریہ مبدّل بہ دمِ سرد ہوا	باور آیا ہمیں پانی کا ہوا ہوجانا	ص۱۵۶
دمِ سردِ صبا:	آتشِ رنگِ رُخِ ہر گل کو بخشے ہے فروغ	ہے دمِ سردِ صبا سے گرمیِ بازار	ص۴۸
دمِ سردکشیدہ:	سودائے عشق سے دمِ سرد کشیدہ ہوں	شامِ خیالِ زلف سے صبحِ دمیدہ ہوں	ص۶۱
دم شماری:	دیکھیے: اضطرابِ دم شماری۔		
دمِ صبحِ قیامت:	کریں خوباں جو سیرِ حُسن اسدؔ ایک پردہ نازک تر	دمِ صبحِ قیامت در گریبانِ قبا کم ہو	ص۶۸
دمِ عیسیٰ: (۱)	دیکھیے: حریفِ دمِ عیسیٰ۔ (۲) نیابتِ دمِ عیسیٰ۔		
دمِ واپسیں:	دمِ واپسیں بر سرِ راہ ہے	عزیزو! اب اللہ ہی اللہ ہے	ص۳۱۲
دَم [۲]:	(۱) جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے	سینۂ شمشیر سے باہر ہے دمِ شمشیر کا	ص۱۳۲
	(۲) دیکھیے: تیغِ دودم۔		
دمِ تیغِ توکّل:	یقیں ہے، آدمی کو دستگاہِ فقر حاصل ہو	دمِ تیغِ توکّل سے اگر پائے سبب کاٹے	ح۹۸
دمِ شمشیر:	حسرتِ لذّتِ آزار رہی جاتی ہے	جادۂ راہِ وفا جز دمِ شمشیر نہیں	ص۱۸۲
دمِ شمشیرِ ابرو:	دیکھیے: آبِ دمِ شمشیرِ ابرو۔		
دَم [۳]:	(۱) جس دم کہ جادہ وار ہو تارِ نفس تمام	پیمائشِ زمین رو عمر بس تمام	ص۵۵

(۲) دل و جگر میں پَر افشاں جو ایک موجۂ خوں ہے — ہم اپنے زعم میں سمجھے ہوئے تھے اُس کو دم آگے ص ۲۲۸

دیکھیے ــــــ: (۳)-(۷) صبح دم [پانچ بار]-(۸)-(۱۲) ہر دم [پانچ بار]۔

دمِ ایجاد: نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش گویا — دی ہے جائے دہن اُس کو دمِ ایجاد، نہیں ص ۱۸۶

دمِ بسمل: لطفِ نظارۂ قاتل دمِ بسمل آئے — جان جائے تو بلا سے، پہ کہیں دل آئے ص ۳۱۲

دم بہ دم: ڈرے کیوں میرا قاتل، کیا رہے گا اُس کی گردن پر — وہ خوں جو چشمِ تر سے عمر بھر یوں دم بہ دم نکلے ص ۲۲۹

دمِ تائید: کثرتِ اندوہ سے حیران و مضطر ہے اسدؔ — یا علی! وقتِ عنایات و دمِ تائید ہے ص ۱۰۳

دمِ تحریر: (۱) پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق — آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا؟ ص ۱۵۹

(۲) سیاہی جیسے گر جاوے دمِ تحریر کاغذ پر — مری قسمت میں یوں تصویر ہے شب ہائے ہجراں کی ص ۲۳۵

دمِ ذکر: ہر بُنِ مو سے دمِ ذکر نہ ٹپکے خوناب — حمزہ کا قصہ ہوا، عشق کا چرچا نہ ہوا ص ۱۴۲

دمِ سماع: جاں کیوں نکلنے لگتی ہے تن سے دمِ سماع؟ — گر وہ صدا سمائی ہے چنگ و رباب میں ص ۱۸۹

دمِ صبح: وہ دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح — یہی انداز اور یہی اندام ص ۳۵ [حاشیہ]

دمِ عرضِ پریشانیِ بزم: رنگ نے گل سے، دمِ عرضِ پریشانیِ بزم — برگِ گل ریزۂ مینا کی نشانی مانگے ص ۷۸

دمِ عیسیٰ: (۱) مرگیا صدمۂ یک جنبشِ لب سے غالبؔ — ناتوانی سے حریفِ دمِ عیسیٰ نہ ہوا ص ۱۳۳

(۲) وہ مخزنِ رحمت و رافت کہ بہرِ اہلِ جہاں — نیابتِ دمِ عیسیٰ کرے ہے جس کی نگاہ ص ۲۷۷

دمِ قتل: اسدؔ کو حسرتِ عرضِ نیاز تھی دمِ قتل — ہنوز یک سخن بے صدا نکلتی ہے ص ۹۰

دمِ مرگ: تھا گریزاں مژۂ یار سے دل تا دمِ مرگ — دفعِ پیکانِ قضا اِس قدر آساں سمجھا ص ۱۴۷

دمِ نزع: روشن ہوئی یہ بات دمِ نزع کہ آخر — فانوس، کفن بہرِ چراغِ سحری ہے ص ۲۵۳

دم [۲]: جس قدر روحِ نباتی ہے جگر تشنۂ ناز — دے ہے تسکیں بہ دمِ آبِ بقا موجِ شراب ص ۱۹۳

دُم [۱]: دیکھیے: بالِ رعنائیِ دُم۔

دُمِ روباہ: ہزر پیچ سے لیتا ہے کام شانے کا — کبھی جو اُلجھی ہوئی ہوتی ہے دُمِ روباہ ص ۲۷۷

دُمِ گرگ: دیکھیے: ایک دُمِ گرگ۔

دماغ [۲]: (۱) خوں ہوا جوشِ تمنا سے دو عالم کا دماغ — بزمِ یاس آں سوے پیدائی و اخفا رنگیں ص ۷

---

[۱] دُم : تیس بار [مرکب]۔

[۲] دماغ : بیالیس بار [مفرد: گیارہ بار، مرکب: اکتیس بار]۔

(۲) غمِ فراق میں تکلیفِ سیرِ باغ نہ دو | مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا | ص۱۴۷
(۳) دل اُس کو، پہلے ہی ناز و ادا سے، دے بیٹھے | ہمیں دماغ کہاں حُسن کے تقاضا کا | ص۱۴۷
(۴) بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل | کہتے ہیں جس کو عشق، خلل ہے دماغ کا | ص۱۴۹
(۵) باغ شگفتہ، تیرا بساطِ نشاطِ دل | ابرِ بہار خُم کدہ کس کے دماغ کا؟ | ص۱۵۰
(۶) دل تو ہو، اچھا، نہیں ہے گر دماغ | کچھ تو اسبابِ تمنّا چاہیے | ص۳۲۰
(۷) بہ بوئے زلفِ مُشکیں یہ دماغ آشفتۂ رم ہیں | کہ شاخِ آہواں دودِ چراغ آسا پریشاں | ص۸۱
(۸) فغاں! کہ بہرِ شفائے حصولِ ناشدنی | دماغ، ناز کشِ منّتِ طبیباں ہے | ص۱۰۲
(۹) وصال جلوہ تماشا ہے، پر دماغ کہاں | کہ دیجے آئنۂ انتظار کو پرواز | ص۱۷۱
(۱۰) دل تو دل، وہ دماغ بھی نہ رہا | شورِ سودائے خط و خال کہاں! | ص۱۸۲
(۱۱) نیند اُس کی ہے دماغ اُس کا ہے راتیں اُس کی ہیں | تیری زُلفیں جس کے بازو پر پریشاں ہو گئیں | ص۱۹۱

دیکھیے ــــــ: (۱۲) بے دل و بے دماغ (۱۳)-(۱۶) بے دماغ [چار بار]۔ (۱۷) بے دماغِ منّتِ اقبال (۱۸) دل و دماغ (۱۹) شکوۂ ضعفِ دماغ۔ (۲۰) فکرِ سخن سوے دماغ۔ (۲۱) محوِ تماشائے دماغ۔ (۲۲) سوے دماغ۔

دماغِ آہوئے دشتِ تتار: جس جا نسیم شانہ کشِ زلفِ یار ہے | نافہ، دماغِ آہوئے دشتِ تتار ہے | ص۲۱۷
دماغِ بہار: سودائے خیال ہے طوفانِ رنگ و بو | یہاں ہے کہ داغِ لالہ، دماغِ بہار ہے | ص۹۰
دماغِ بے خودی: دیکھیے: سوے دماغِ بے خودی۔
دماغِ تماشائے سرو و گل: پیدا کریں دماغِ تماشائے سرو و گل | حسرت کشوں کو ساغر و مینا نہ چاہیے | ص۸۲
دماغِ دل ہا: دیکھیے: آئنہ فتراکِ دماغِ گل ہا۔
دماغِ دوجہاں: عدم وحشت سراغ و ہستی آہنگ بہ رنگینی | دماغِ دوجہاں پر سُنبل و گل یک شکنوں ہے | ص۱۱۱
دماغِ رسیدہ: (۱) دورانِ سر سے گردشِ ساغر ہے متصل | خُم خانۂ جنوں میں دماغِ رسیدہ ہوں | ص۲۶
(۲) دیکھیے: بارگاہِ دماغِ رسیدہ۔
دماغِ زہد: خمیدن نشۂ مے میں، بے شرمِ زشت اعمالی | دماغِ زہد میں آخر غرورِ بے گناہی ہے | ص۲۵۴

دماغِ شوق: دیکھیے: آتشِ سوے دماغِ شوق۔

دماغِ عجز: تغافل دوست ہوں، میرا دماغِ عجز عالی ہے | اگر پہلو تہی کیجے تو جا میری بھی خالی ہے | ص ۲۰۹

دماغِ عطرِ پیراہن: دماغ عطر پیراہن نہیں ہے | غمِ آوارگی ہاے صبا کیا! | ص ۱۵۷

دماغِ غفلتِ ساقی: یعنی دماغ غفلتِ ساقی رسیدہ تر | خمیازۂ خمار سے پیمانہ کھینچیے | ص ۱۰۵

دماغِ گردِ راہ: عرش پر تیرے قدم سے ہے دماغِ گردِ راہ | آج تنخواہِ شکستن ہے کلہ جبریل کی | ص ۹۱

دماغِ منتِ گفت و شنود: پوچھا تھا گرچہ یار نے احوالِ دل، مگر | کس کو دماغِ منتِ گفت و شنود تھا | ص ۱۲

دماغِ نارسا: آبلہ، پیمانۂ اندازۂ تشویش تھا | اے دماغِ نارسا! خم خانۂ منزل نہ پوچھ | ص ۴۲

دماغِ ناز: ہو جہاں تیرا دماغِ ناز مستِ بے خودی | خوابِ نازِ گل رخاں دودِ چراغِ کشتہ ہے | ص ۸۰

دماغِ نشۂ ایجادِ جنوں: بہارِ گل، دماغِ نشۂ ایجادِ جنوں ہے | ہجومِ برق سے جوہرِ دزمیں یک قطرہ خوں ہے | ص ۱۱۱

دماغِ نفریں: سامعِ زمزمۂ اہلِ جہاں ہوں لیکن | نہ سرو برگِ ستائش، نہ دماغِ نفریں | ص ۳۳۲

دماغِ وحشت: دیکھیے: موے دماغِ وحشت۔

دمک[1]: رخِ روشن کی دمک، گوہرِ غلطاں کی چمک | کیوں نہ دکھلاوے فروغِ مہ و اختر سہرا | ص ۲۸۷

دمن[2]: ہوا ہے کاٹ کے چادر کو ناگہاں غائب | اگرچہ زانوے گل پر رکھے دمن تکیہ | ص ۳۰۳

دمیدن[3]: دیکھیے: (۱) حاصلِ تکلیفِ دمیدن۔ (۲) گلزارِ دمیدن۔

دمیدن ہا: دیکھیے: اصلِ دمیدن ہا۔

دمیدہ: دیکھیے: (۱) برق آبیارِ فرصتِ رنگِ دمیدہ۔ (۲) صبحِ دمیدہ۔ (۳) نادمیدہ۔

دن[4]: (۱) نہ ستم کراب تو مجھ پر کہ وہ دن گئے کہ ہاں تھی | مجھے طاقت آزمائی، تجھے الفت آزمائی | ص ۱۰

(۲) اسدؔ! خاک درِ میخانہ اب سر پر اُڑاتا ہوں | گئے وہ دن کہ پانی جامِ مے سے زانو زانو تھا | ص ۲۲

(۳) خدایا! دل کہاں تک دن بہ صد رنج و تعب کاٹے | خمِ گیسو ہو شمشیرِ سیہ تاب اور شب کاٹے | ص ۹۷

(۴) گئے وہ دن کہ نادانستہ غیروں کی وفاداری | کیا کرتے تھے تم تقریر، ہم خاموش رہتے تھے | ص ۱۲۳

---

[1] دمک : ایک بار۔
[2] دمن : ایک بار۔
[3] دمیدن : تین بار [مرکب]۔
دمیدہ : تین بار [مرکب]۔
دمیدن ہا : ایک بار [مرکب]۔
[4] دن : ستاون بار [مفرد: بیالیس بار، مرکب: پندرہ بار]۔

(۵) رات کو آگ اور دن کو دھوپ | بھاڑ میں جائیں ایسے لیل و نہار | ص۱۲۶

(۶) تم سلامت رہو ہزار برس | ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار | ص۱۲۷

(۷) نوروز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں | نظارگیِ صنعتِ حق اہلِ بصارت | ص۱۲۷

(۸)-(۱۰) تین دن مسہل سے پہلے، تین دن مسہل کے بعد | تین مسہل، تین تبریدیں، یہ سب کے دن ہوئے؟ | ص۱۲۹ [تین بار]

(۱۱) یاد کر وہ دن کہ ہر یک حلقہ تیرے دام کا | انتظارِ صید میں اک دیدۂ بے خواب تھا | ص۱۳۵

(۱۲) ہے ایک تیر جس میں دونوں چھدے پڑے ہیں | وہ دن گئے کہ اپنا دل سے جگر جدا تھا | ص۱۵۸

(۱۳) لیتا، نہ اگر دل تمھیں دیتا، کوئی دم چین | کرتا، جو نہ مرتا، کوئی دن آہ و فغاں اور | ص۱۷۰

(۱۴) وہ بھی دن ہو! کہ اس ستمگر سے | ناز کھینچوں، بجائے حسرتِ ناز | ص۱۸۲

[گیارہ بار جزوِ ردیف کے طور پر، ص۱۷۰]

(۱۵)،(۱۶) لازم تھا کہ دیکھو مرا رستا کوئی دن اور | تنہا گئے کیوں، اب رہو تنہا کوئی دن اور

(۱۷) مٹ جائے گا سر، گر ترا پتھر نہ گھسے گا | ہوں در پہ ترے ناصیہ فرسا کوئی دن اور

(۱۸) آئے ہو کل اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں؟ | مانا کہ ہمیشہ نہیں، اچھا کوئی دن اور

(۱۹) جاتے ہوئے کہتے ہو: قیامت کو ملیں گے | کیا خوب! قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

(۲۰) ہاں اے فلکِ پیر! جواں تھا ابھی عارفؔ | کیا تیرا بگڑتا جو نہ مرتا کوئی دن اور

(۲۱) تم ماہِ شبِ چاردہم تھے مرے گھر کے | پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشا کوئی دن اور

(۲۲) تم کون سے تھے ایسے کھرے داد و ستد کے | کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور

(۲۳) مجھ سے تمھیں نفرت سہی، نیّر سے لڑائی | بچوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اور

(۲۴) گزری نہ بہ ہر حال یہ مدت خوش و ناخوش | کرنا تھا جواں مرگ! گزارا کوئی دن اور

(۲۵) ناداں ہو جو کہتے ہو کہ کیوں جیتے ہیں غالبؔ؟ | قسمت میں ہے مرنے کی تمنا کوئی دن اور

(۲۶) صبح سے دیکھیں گے رستہ یار کا | جمعے کے دن وعدہ ہے دیدار کا | [قادرنامہ]

(۲۷) لال ڈگی پر کرے گا جا کے کیا | پل پہ چل، ہے آج دن اتوار کا | 〃 〃

(۲۸) کس روز تہمتیں نہ تراشا کیے عدو | کس دن ہمارے سر پہ نہ آرے چلا کیے | ص۲۲۳

(۲۹) آج یک شنبے کا دن ہے، آؤ گے؟ — یا فقط رستا ہمیں جتلاؤ گے — ص۳۱۲

(۳۰) غالبؔ! وظیفہ خوار ہو، دو شاہ کو دُعا — وہ دن گئے جو کہتے تھے: نوکر نہیں ہوں میں — ص۱۹۱

(۳۱) تھیں بنات النعشِ گردوں دن کو پردے میں نہاں — شب کو اُن کے جی میں کیا آئی کہ عریاں ہو گئیں — ص۱۹۱

(۳۲) کوئی کہے کہ شبِ مہ میں کیا بُرائی ہے — بلا سے، آج اگر دن کو ابر و باد نہیں — ص۱۹۲

(۳۳) یاد ہیں غالبؔ! تجھے وہ دن کہ وجدِ ذوق میں — زخم سے گرتا تو میں پلکوں سے چنتا تھا نمک — ص۱۹۵

(۳۴) جسے نصیب ہو روزِ سیاہ میرا سا — وہ شخص دن نہ کہے رات کو تو کیوں کر ہو — ص۱۹۷

(۳۵) نہ لٹتا دن کو تو کب رات کو یوں بے خبر سوتا — رہا کھٹکا نہ چوری کا، دعا دیتا ہوں رہزن کو — ص۱۹۹

(۳۶) مرے دل میں ہے غالبؔ شوقِ وصل و شکوۂ ہجراں — خدا وہ دن کرے جو اس سے میں یہ بھی کہوں، وہ بھی — ص۲۰۲

(۳۷) آغوشِ گل کشودہ برائے وداع ہے — اے عندلیب! چل کہ چلے دن بہار کے — ص۲۱۰

(۳۸) جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کہ رات دن — بیٹھے رہیں تصورِ جاناں کیے ہوئے — ص۲۲۶

(۳۹) کوئی دن گر زندگانی اور ہے — اپنے جی میں ہم نے ٹھانی اور ہے — ص۲۲۷

(۴۰) آہی جاتا وہ راہ پر، غالبؔ! — کوئی دن اور بھی جیے ہوتے — ص۲۳۳

(۴۱) شاہ کے ہے غسلِ صحت کی خبر — دیکھیے کب دن پھریں حمام کے — ص۲۵۰

(۴۲) جس دن سے کہ ہم غم زدہ زنجیر بہ پا ہیں — کپڑوں میں جوئیں بخیے کے ٹانکوں سے سوا ہیں — ص۲۹۸

دیکھیے ——: (۴۳) ــ (۴۸) ایک دن [چھے بار]۔ (۴۹) اکیس دن۔ (۵۰) اور دن (۵۱) تین دن۔ (۴۵)، (۵۳)، (۵۴) دو دن [تین بار]۔ (۵۵) رات دن۔ (۵۶) سات دن۔

دن رات: مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو؟ — اک گونہ بے خودی مجھے دن رات چاہیے — ص۲۱۹

دنوں: (۱) بہت دنوں میں تغافل نے تیرے پیدا کی — وہ اک نگہ کہ بہ ظاہر نگاہ سے کم ہے — ص۲۲۹

(۲) مجھ سے مت کہہ تو ہمیں کہتا تھا اپنی زندگی — زندگی سے بھی مرا جی اِن دنوں بیزار ہے — ص۲۱۲

دنداں[1]: (۱) افسوس! کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے — جن لوگوں کی تھی درخورِ عقدِ گہر انگشت — ص۱۹۳

(۲) دنداں کا خیال چشم تر کر — ہر دانۂ اشک کو گہر کر — ص۴۴۸

---

[1] دنداں : اٹھارہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: سولہ بار]۔

دیکھیے ـــــ: (۳) انگشت بہ دنداں۔ (۴) بقدرِ لب و دنداں۔ (۵) جلوۂ آثارِ زخمِ دنداں۔ (۶)، (۷) خس بہ دنداں [دو بار]۔ (۸) عرضِ نازِ شوخیِ دنداں۔

دنداں در جگر افشردن: دیکھیے مت چشمِ کم سے سوے ضبطِ افسردگاں — جوں صدف پُر دُر ہیں دنداں در جگر افشردگاں ص ۲۹

دنداں در دل افشردن: کلفتِ افسردگی کو عیشِ بیتابی حرام — ورنہ دنداں در دل افشردن بنائے خندہ ہے ص ۲۱۵

دندانِ شرار: سنگ بہ کارگہِ ربطِ نزاکت ہے کہ ہے — خندۂ بے خودیِ کبک بہ دندانِ شرار ص ۲

دندانِ عجز: کو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز — آبلے پا کے ہیں یہاں رفتار کو دندانِ عجز ص ۲۲

دندانِ گزیدہ: دیکھیے: پشتِ دست بہ دنداں گزیدہ۔

دندانِ گوہر: کریں گر قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق خود آرایاں — صدف دندانِ گوہر سے بہ حسرت اپنے لب کاٹے ص ۹۷

دندانِ گہر: بہ جیبِ اشکِ چشمِ سرمہ آلود — مسی مالیدہ دندانِ گہر ہے ص ۲۵۵

دنداں نما: دیکھیے ـــــ: (۱)، (۲) خندۂ دنداں نما [دو بار]۔ (۳) صد خندۂ دنداں نما۔

دُنیا[1]:

(۱) اے آہ! میری خاطرِ وابستہ کے سوا — دُنیا میں کوئی عقدۂ مشکل نہیں رہا ص ۲۱

(۲) یارب! ہمیں تو خواب میں بھی مت دکھائیو — یہ محشرِ خیال کہ دُنیا کہیں جسے ص ۹۱

(۳) تجھ سے عالم پہ کھلا رابطۂ قربِ کلیم — تجھ سے دُنیا میں بچھا مائدۂ بذلِ خلیل ص ۱۲۳

(۴) بے دلی ہاے تماشا کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق — بیکسی ہاے تمنا کہ نہ دُنیا ہے نہ دیں ص ۱۳۲

(۵) لافِ دانش غلط و نفعِ عبادت معلوم! — دُردِ یک ساغرِ غفلت ہے چہ دُنیا و چہ دیں

(۶) جانتا ہوں کہ آج دُنیا میں — ایک ہی ہے اُمید گاہِ انام ص ۱۳۶

(۷) حنائے پائے خزاں ہے، بہار اگر ہے یہی — دوامِ کلفتِ خاطر ہے عیشِ دُنیا کا ص ۱۳۷

(۸) غم سے مرتا ہوں کہ اتنا نہیں دُنیا میں کوئی — کہ کرے تعزیتِ مہر و وفا میرے بعد ص ۱۶۶

(۹) ہیں اور بھی دُنیا میں سخنور بہت اچھے — کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اور ص ۱۷۰

(۱۰) غالبؔ بھی گر نہ ہو، تو کچھ ایسا ضرر نہیں — دُنیا ہو یارب اور مرا بادشاہ ہو! ص ۱۹۷

(۱۱) خاک میں ناموسِ پیمانِ محبت مل گئی — اُٹھ گئی دُنیا سے راہ و رسمِ یاری، ہاے ہاے! ص ۲۰۳

---

[1] دنیا : بائیس بار [مفرد: سولہ بار، مرکب: چھے بار]۔

---

[1] خارا : تین بار [مرکب]۔

[2] خارائی : ایک بار [مرکب]۔

[3] خارج : دو بار [مرکب]۔

[4] خاستہ : ایک بار [مرکب]۔

(۱۲) بازیچۂ اطفال ہے دُنیا مرے آگے — ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے — ص ۲۲۸

(۱۳) کیوں نہ دُنیا کو ہو خوشی غالبؔ! — شاہِ دیں دار نے شفا پائی — ص ۲۵۱

(۱۴) یہ چاہتا ہے کہ دُنیا میں عزّ و جاہ کے ساتھ — تمھیں اور اُس کو سلامت رکھے سدا اللہ — ص ۲۷۸

(۱۵) ہے دُعا بھی یہی کہ دُنیا میں — تم رہو زندہ جاوداں، آمیں! — ص ۲۸۱

(۱۶) کوئی دُنیا میں مگر باغ نہیں ہے واعظ؟ — خلد بھی باغ ہے، خیر آب و ہوا اور سہی — ص ۳۱۱

دیکھیے ــــــ: (۱۷) ترکِ دُنیا۔ (۱۸) دین و دنیا۔ (۱۹) طرزِ تپاکِ اہلِ دُنیا۔ (۲۰) عنایت نامہ ہائے اہلِ دُنیا۔ (۲۱) غمِ دُنیا۔ (۲۲) فکرِ دُنیا۔

دو[ل]:

(۱) ہند سے پہلے سات سات کے دو — دیے ناگاہ مجھ کو دکھلائی — ص ۲۶۲

(۲) یا خدا! غالبؔ عاصی کے خداوند کو دے — دو وہ چیزیں کہ طلبگار ہے جن کا عالم — ص ۲۶۵

(۳) دیکھنے میں ہیں گرچہ دو، پر ہیں یہ دونوں یار ایک — وضع میں گو ہوئی دو سر، تیغ ہے ذوالفقار ایک — ص ۲۹۶

(۴) جوے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق — میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں — ص ۱۹۱

(۵) مجھ کو دیکھو کہ ہوں بہ قیدِ حیات — اور چھماہی ہو سال میں دو بار — ص ۱۲۶

(۶) صرف بہا نے ہوئے آلاتِ مے کشی — تھے یہ ہی دو حساب سو یوں پاک ہو گئے — ص ۲۲۹

(۷) ہم نہ تبلیغ کے مائل، نہ غلو کے قائل — دو دعائیں ہیں کہ وہ دیتے ہیں تو اب کو ہم — ص ۲۶۵

(۸) مت پوچھ اسدؔ! غصۂ کم فرصتیِ زیست — دو دن بھی جو کاٹے تو قیامت تعبوں سے — ص ۴۳

(۹) وہ دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح — یہی انداز اور یہی اندام — ص ۳۳۵

(۱۰) بارے، دو دن کہاں رہا غائب؟ — بندہ عاجز ہے، گردشِ ایّام — ص ۳۳۵

(۱۱) دو رات میں تمام ہے ہنگامہ ماہ کا — حضرت کا عزّ و جاہ رہے گا علی الدّوام — ص ۲۸۲

(۱۲) ہند میں اہلِ تسنّن کی ہیں دو سلطنتیں — ص ۲۶۵

(۱۳)، (۱۴) ملے دو مرشدوں کو قدرتِ حق سے ہیں دو طالب — نظام الدّین کو خسروؔ، سراج الدّین کو غالبؔ — ص ۲۹۳

(۱۵) عجب نشاط سے جلّاد کے چلے ہیں ہم آگے — کہ اپنے سایے سے سر، پانو سے ہے دو قدم آگے — ص ۲۲۷

[ل] دو: [کُل سترہ بار] مفرد: سولہ بار، مرکب: ایک بار]۔

دو جہاں: (۱) دو جہاں طالبِ دیدار تھا یارب! کہ ہنوز — چشمکِ ذرّہ سے ہے گرم نگہ کا بازار ص ۴

(۲) دو جہاں، گردشِ یک سُبحۂ اسرارِ نیاز — نقدِ صد دل بہ گریبانِ سحر پنہاں ہے ص ۱۰۹

(۳) پشت و رُخِ آئنہ ہے دین و دنیا — منظور ہے دو جہاں سے تو، یعنی دل ص ۱۱۷

دیکھیے ——: (۴) جادۂ سیرِ دو جہاں۔ (۵) دماغِ دو جہاں۔

دو جہاں ابر: دیکھیے: سرنوشتِ دو جہاں ابر۔

دو جہاں تیر: دیکھیے: زخمیِ عرضِ دو جہاں تیر۔

دو جہاں حشرِ زبان خشک: حسرتِ عرضِ تمنا یہاں سے سمجھا چاہیے — دو جہاں حشرِ زبانِ خشک ہیں جوں شانہ ہم ص ۵۳

دو جہاں خواب پریشاں زدہ: دیکھیے: فالِ دو جہاں خوابِ پریشاں زدہ۔

دو جہاں ریگِ رواں: دیکھیے: مایۂ شوقِ دو جہاں ریگِ رواں۔

دو جہاں کیفیت: دیکھیے: ہجومِ دو جہاں کیفیت۔

دو جہاں لالہ زار: وقتِ خیالِ جلوۂ حُسنِ بتاں، اسدؔ — دکھلائے ہے مجھے دو جہاں لالہ زار، داغ ص ۴۸

دو جہاں مدارا: دیکھیے: آئنۂ دو جہاں مدارا۔

دو جہاں ناز و نیاز: دیکھیے: جامِ دو جہاں ناز و نیاز۔

دو جہاں وسعت: نقشِ عبرت در نظر یا نقدِ عشرت در بساط — دو جہاں وسعت بقدرِ یک فضائے خندہ ہے ص ۸۷

دو دستی: دیکھیے: تیغِ دو دستی۔

دو دم: دیکھیے: تیغِ دو دم۔

دو رنگی: دیکھیے: بدنامِ دو رنگی۔

دو سر: دیکھنے میں ہیں گرچہ دو، پر ہیں یہ دونوں یار ایک — وضع میں گو ہوئی دو سر، تیغ ہے ذوالفقار ایک ص ۲۹۶

دو عالم: (۱) خوں ہوا جوشِ تمنا سے دو عالم کا دماغ — بزمِ یاس آں سوے پیدائی و اخفا رنگیں ص ۷

(۲) چشمِ اُمید سے گرتے ہیں دو عالم جوں اشک — یاس پیمانہ کشِ گریۂ مستانہ نہیں ص ۸

(۳) خاکبازیِ اُمید: کارخانۂ طفلی — یاس کو دو عالم سے لب بہ خندہ وا پایا ص ۳۱

(۴) دو عالم کی ہستی پہ خطِّ فنا کھینچ — دل و دستِ اربابِ ہمت سلامت! ص ۳۳

(۵) ہے دو عالم صید انداز شہِ دُلدُل سوار ص ۱۰۶

(۶) جامِ ہر ذرہ ہے سرشار تمنا مجھ سے کس کا دل ہوں کہ دو عالم سے لگایا ہے مجھے ص ۱۰۸

(۷) مستی ابر سے گلچینِ طرب ہے حسرت کہ اِس آغوش میں ممکن ہے دو عالم کا فشار ص ۱۳۲

دیکھیے:(۸) برہم زنِ دو عالم۔ (۹) تختۂ خونِ دو عالم۔ (۱۰) خونِ دو عالم۔ (۱۱) دردِ دو عالم۔ (۱۲) سازِ دو عالم۔ (۱۳) سجدۂ عرضِ دو عالم۔ (۱۴) شیرازۂ دو عالم۔ (۱۵) طاقِ فراموشیِ سودائے دو عالم۔ (۱۶) غمِ دو عالم۔ (۱۷) سوزِ وفائی دو عالم۔ (۱۸) ناموسِ دو عالم۔ (۱۹) نسیہ ونقدِ دو عالم۔ (۲۰) ہیولائے دو عالم۔

دو عالم آداب: دیکھیے: گردابِ دو عالم آداب۔

دو عالم آگہی: اسدؔ جمعیتِ دل در کنارِ بے خودی خوش تر دو عالم آگہی سامانِ یک خوابِ پریشاں ہے ص ۸۱

دو عالم احتمال: دیکھیے: رزقِ دو عالم احتمال۔

دو عالم اوہام: دیکھیے: گرفتارِ دو عالم اوہام۔

دو عالم دشت: دیکھیے: اجزائے دو عالم دشت۔

دو عالم دیدۂ بسمل: پرِ طاؤس ہے نیرنگِ داغِ حیرت انشائی دو عالم دیدۂ بسمل، چراغاں جلوہ پیمائی ص ۹۲

دو عالم شکار: دیکھیے: شوخِ دو عالم شکار۔

دو عالم شورِ محشر: دیکھیے: سراغِ آوارۂ عرضِ دو عالم شورِ محشر۔

دو عالم صفہاں: گردِ رہ: سرمہ کشِ دیدۂ اربابِ یقیں نقشِ ہر گام: دو عالم صفہاں زیرِ نگیں ص ۹

دو عالم فتنہ: دیکھیے: حشرِ دو عالم فتنہ۔

دو عالم فریاد: دیکھیے: عرضِ دو عالم فریاد۔

دو عالم نیرنگ: دیکھیے: آفت زدۂ عرضِ دو عالم نیرنگ۔

دو عالم ہستی: دیکھیے: خونِ دو عالم ہستی۔

دونیم[۱]: (۱) موجِ ابروئے قضا جس کے تصور سے دونیم ہم سے جس کے دل ِ مخمۂ تقدیر نگار ص ۵

(۲) خنجر سے چیر سینہ؟ اگر دل نہ ہو دونیم دل میں چھری چبھو، مژہ گر خوں چکاں نہیں ص ۱۸۸

---

[۱] دونیم : دو پارہ۔

دوتا[۱]: دیکھیے: خمِ زلفِ دوتا۔

دوا[۲]: (۱) اگر آرزو رسا ہو، پئے دردِ دل دوا ہو — وہ اجل کہ خوںبہا ہو بہ شہیدِ ناتوانی ص۱۰
(۲) تیرے بیمار پہ ہیں فریادی — وہ جو کاغذ میں دوا باندھتے ہیں ص۵۸
(۳) عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا — درد کی دوا پائی، دردِ بے دوا پایا ص۱۳۳
(۴) عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہوجانا — درد کا حد سے گزرنا، ہے دوا ہوجانا ص۱۵۶
(۵) پیدا ہوئی ہے، کہتے ہیں، ہر درد کی دوا — یوں ہو تو چارۂ غمِ اُلفت ہی کیوں نہ ہو ص۱۹۳
(۶) دلِ ناداں! تجھے ہوا کیا ہے؟ — آخر اِس درد کی دوا کیا ہے؟ ص۲۳۸
(۷) ابنِ مریم ہوا کرے کوئی — میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی ص۲۳۲
(۸)،(۹) ہمارے درد کی یارب! کہیں دوا نہ ملے — اگر نہ درد کی اپنے دوا کہیں اُس کو ص۲۸۵ [دوبار]

دیکھیے ـــــ: (۱۰) تمنائے دوا۔ (۱۱) دردِ بےدوا۔ (۱۲) مصیبتِ ناسازیِ دوا۔ (۱۳) منت کشِ دوا۔
(۱۴) نسخۂ عرضِ دوا۔ (۱۵) یک درد و صد دوا۔

دواخانۂ ازل: نظر آتا ہے یوں مجھے یہ ثمر — کہ دواخانۂ ازل میں مگر
آتشِ گُل پہ قند کا ہے قوام — شیرے کے تار کا ہے ریشہ نام ص۳۷ [آم کے لیے]

دوالی[۳]: دیکھیے: (۱) چراغانِ دوالی۔ (۲) شبِ قدر و دوالی۔

دوام[۴]: (۱) حنائے پائے خزاں ہے بہار اگر ہے یہی — دوامِ کلفتِ خاطر ہے عیش دُنیا کا ص۱۳۷
دیکھیے ـــــ: (۲) برسبیلِ دوام۔ (۳) ترازِ دوام۔ (۴) سرشارِ تماشائے دوام۔

دوامِ اقبال: اوّلاً: عمرِ طبیعی بہ دوامِ اقبال — ثانیاً: دولتِ دیدارِ شہنشاہِ اُمم ص۲۶۵

دَوانیدن[۵]: دیکھیے: ریشۂ شہرت دوانیدن۔

دوچار[۱][۶]: (۱) عکسِ موجِ گُل و سرشاریِ اندازِ حباب — خُمِ آئنہ کیفیتِ دل سے ہے دوچار ص۴

---

۱ دوتا : ایک بار [مرکّب]۔
۲ دوا : سولہ بار [مفرد: نوبار، مرکّب: سات بار]۔
دواخانہ : ایک بار [مرکّب]۔
۳ دوالی : دوبار [مرکّب]۔
۴ دوام : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: چار بار]۔
۵ دوانیدن : ایک بار [مرکّب]۔
۶ دوچار[۱] : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: دوبار]۔

(۲) دھویں سے آگ کے اک ابر دریا بار ہو پیدا — اسدؔ حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش — ص۲۷

(۳) اُسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا — جو دوئی کی بو بھی ہوتی تو کہیں دوچار ہوتا — ص۱۹۰

دوچار خامشی: بہ گمانِ قطعِ زحمت نہ دوچار خامشی ہو — کہ زبانِ سرمہ آلود نہیں تیغِ اصفہانی — ص۹

دوچار صحرا: ہر ذرہ یک دلِ پاک، آئینہ خانہ بے خاک — تمثالِ شوقِ بیباک صد جا دوچار صحرا — ص۲۶

دوچار[۲][۱]: (۱) تھک تھک کے ہر مقام پہ دوچار رہ گئے — تیرا پتا نہ پائیں تو ناچار کیا کریں — ص۱۹۱

(۲) پیوں شراب اگر خُم بھی دیکھ لوں دوچار — یہ شیشہ و قدح و کوزہ و سبو کیا ہے — ص۲۲۱

(۳) دیکھیے: اک دوچار۔

دوختن[۲]: دیکھیے: بخیۂ لب دوختن۔

دوختہ: دیکھیے: اضطرابِ چشم بر پادوختہ۔

دُود[۳]: (۱) میرا شعلستاں سے کرے ہے ہمسری — بس کہ ذوقِ آتشِ گل سے سراپا جل گیا — ص۲۰

(۲) دُود کو آج اُس کے ماتم میں سیہ پوشی ہوئی — وہ دلِ سوزاں کہ کل تک شمعِ ماتم خانہ تھا — ص۲۵

(۳) پھر حلقۂ کاکل میں پڑیں دید کی راہیں — جوں دُود فراہم ہوئیں روزن میں نگاہیں — ص۵۹

(۴) آشفتگی نے نقشِ سویدا کیا درست — ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دُود تھا — ص۱۳۳

دیکھیے ———: (۵) خیالِ دُود۔ (۶) روزنِ پُردُود۔ (۷) صورتِ دُود۔ (۸) مشکِ دُود۔ (۹) موجِ دُود۔

دُودِ جگر: ہوئی ہے سوزشِ دل بس کہ داغِ بے اثری — اُگی ہے دُودِ جگر سے شبِ سیہ روزی — ص۱۰۰

دُودِ چراغ: (۱) بہ بوئے زلفِ مشکیں یہ دماغِ آشفتۂ رم ہیں — کہ شاخِ آہواں دودِ چراغ آسا پریشاں ہے — ص۸۱

(۲) فکرِ سخن یک انشائے زندانیِ خموشی — دودِ چراغ گویا زنجیرِ بے صدا ہے — ص۹۳

(۳) فکرِ سخن بہانۂ پروازِ خامشی — دودِ چراغ سرمۂ آواز ہے مجھے — ص۹۷

(۴) تازہ نہیں ہے نشۂ فکرِ سخن مجھے — تریاکیِ قدیم ہوں دودِ چراغ کا — ص۱۵۰

دُودِ چراغ خانہ: (۱) تا صبح ہے بہ منزلِ مقصد رسیدنی — دودِ چراغ خانہ غبارِ سفر ہے آج — ص۳۵

(۲) دیکھیے: تہ بندیِ دودِ چراغ خانہ۔

---

۱ دوچار[۲] : تین بار۔
۲ دوختن : ایک بار [مرتب]۔
دوختہ : ایک بار [مرتب]۔
۳ دُود : بتیس بار [مفرد: چار بار، مرتب: اٹھائیس بار]۔

دُودِ چراغِ کشتہ: (۱) نغمۂ نَے بے چمن دودِ چراغِ کشتہ ہے — جامِ داغِ شعلہ اندودِ چراغِ کشتہ ہے ص۷۹

(۲) ہو جہاں تیرا دماغِ نازِ مستِ بے خودی — خوابِ نازِ گُل رُخاں، دودِ چراغِ کشتہ ہے ص۸۰

(۳) رحم کر ظالم کہ کیا بودِ چراغِ کشتہ ہے! — نبضِ بیمارِ وفا دودِ چراغِ کشتہ ہے ص۲۱۰

دُودِ چراغِ محفل: بوئے گُل، نالۂ دل، دُودِ چراغِ محفل — جو تری بزم سے نکلا، سو پریشاں نکلا ص۳۲

دُودِ چراغاں: بہ اقلیمِ سخن، ہے جلوۂ گردِ سوادِ آتش — کہ ہے دودِ چراغاں سے ہیولائے مدادِ آتش ص۴۷

دُودِ دوزخ: دیکھیے: اثرِ شعلۂ دودِ دوزخ۔

دُودِ سپند: دیکھیے: زنجیریِ دودِ سپند۔

دُودِ شعلۂ آواز: چشمِ خوباں خامشی میں بھی نوا پرداز ہے — سرمہ، تو کہوے کہ دودِ شعلۂ آواز ہے ص۲۲۷

دُودِ شعلۂ جوّالۂ مہ: خط جو رُخ پر جانشینِ ہالۂ مہ ہو گیا — ہالہ دودِ شعلۂ جوّالۂ مہ ہو گیا ص۲۲۵

دُودِ شمعِ بالیں: دیکھیے: نیمِ دامانِ دودِ شمعِ بالیں۔

دُودِ شمعِ کشتہ: (۱) سپند آہنگیِ ہستی و سعیِ نالہ فرسائی — غبار آلودہ ہیں جوں دودِ شمعِ کشتہ تقریریں ص۳۳

(۲) آمدِ خط سے ہوا ہے سرد جو بازارِ دوست — دُودِ شمعِ کشتہ تھا شاید خطِ رخسارِ دوست ص۱۹۳

دُودِ شمعِ کشتۂ گل: دُودِ شمعِ کشتۂ گل بزم سامانی عبث — یک شبِ آشفتہ نازِ شعلہ جانی عبث ص۳۳

دُودِ جگر: (۱) داغِ مُہرِ ضبطِ بیجا مستیِ سعیِ سپند — دودِ جگر لالہ ساں دُردِ تہِ پیمانہ تھا ص۲۵

(۲) وحشتِ انجمن بے گُل، دیکھ لالے کا عالم — مثلِ دُودِ جگر کے داغ بال افشاں ہے ص۸۹

دُودِ مشعلِ بزمِ سیہ پوشاں: نشانِ روشنیِ دل نہاں ہے تیرہ بختوں کا — نہیں محسوس دودِ مشعلِ بزمِ سیہ پوشاں ص۲۲۹

دُودمانِ[1] آب وہوا: دیکھیے: نازشِ دودمانِ آب وہوا۔

دُودہ[2]: ہے سوادِ خط پریشاں موئے اہلِ عزا — خامہ میرا شمعِ قبرِ کشتگاں کا دودہ ہے ص۱۰۲

دودھ[3]: دودھ میں بچے تھے شلغم تنا ہاہا یا ہو ص۳۰۱

دَور[4]: (۱) اُس قدح کا ہے دَور مجھ کو نقد — چرخ نے لی ہے جس سے گردشِ وام ص۱۳۷

(۲) ہوئی اِس دَور میں منسوب مجھ سے بادہ آشامی — پھر آیا وہ زمانہ، جو جہاں میں جامِ جم نکلے ص۲۵۰

---

[1] دودمان : ایک بار [مرکب]۔

[2] دُودہ : ایک بار۔

[3] دودھ : ایک بار۔

[4] دَور : چودہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: گیارہ بار]۔

(۳) فردِ بیدِلی ہے فرشِ بزمِ عیشِ گستر کا — دریغا! گردش آموزِ فلک ہے دَورِ ساغر کا ص۲۲۲

دَورِ امامت: دیکھیے: اوّلیں دورِ امامت۔

دَورِ جام: مجھ تک کب اُن کی بزم میں آتا تھا دورِ جام — ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں! ص۱۸۸

دَورِ چرخ: اسدؔ! خوباں بھی دورِ چرخ سے رنجیدہ خاطر ہیں — گریباں چاکیِ گل بانشانِ داد خواہی ہے ص۴۵۵

دَورِ خطِ رخسار: حلقۂ گیسو کھلا دَورِ خطِ رخسار پر — ہالۂ دیگر بہ گردِ ہالۂ مہ ہوگیا ص۴۴۵

دَورِ ساغر: (۱) عیشِ گرمِ اضطراب و اہلِ غفلت سرد مہر — دورِ ساغر، یک گلستاں برگ ریزِ تاک ہے ص۱۰۷

(۲) بہ پروانہ شاید بادبانِ کشتیِ مے تھا — ہوئی مجلس کی گرمی سے روانی دَورِ ساغر کی ص۲۰۷

(۳) نہ حیرت چشمِ ساقی کی نہ صحبت دورِ ساغر کی — مری محفل میں، غالبؔ! گردشِ افلاک باقی ہے ص۱۰۷

دَورِ شش جہت: یک در بروے رحمت بستہ دورِ شش جہت — نا اُمیدی ہے، خیالِ خانہ ویراں کیا کرے! ص۱۰۱

دَورِ قدح: ہے دَورِ قدح وجہِ پریشانیِ صہبا — یک بار لگا دو خُم مے میرے لبوں سے ص۲۰۱

دَورِ گردشِ ساغر: نشے میں گم کردہ رہ آیا وہ مستِ فتنہ خو — آج رنگِ رفتہ دَورِ گردشِ ساغر ہو ص۲۰

دَورِ گردوں: ہوگئے باہم گر جوشِ پریشانی سے جمع — گردشِ جامِ تمنا دَورِ گردوں ہے مجھے ص۱۰۰

دَورانِ[1] خمار: دیکھیے: جنوں بیتابِ دورانِ خمار۔

دَورانِ سر: دورانِ سر سے گردشِ ساغر ہے متصل — خُم خانۂ جنوں میں دماغ رسیدہ ہوں ص۹۱

دُور[2]: (۱) ضعفِ جنوں کو وقتِ تپش در بھی دور تھا — اک، گھر میں مختصر سا بیاباں ضرور تھا ص۱۸

(۲) سرمنزلِ ہستی سے ہے صحراے طلب دور — جو خط ہے کفِ پا پہ، سو ہے سلسلۂ پا ص۲۹

(۳) کیجے جوں اشک اور قطرہ زنی — اے اسدؔ! ہے ہنوز دلّی دور ص۳۲

(۴) بلبلوں کو دور سے کرتا ہے منعِ بارِ باغ — ہے زبانِ پاسباں خارِ سرِ دیوارِ باغ ص۴۸

(۴) ہوں بہ وحشت انتظار آوارۂ دشتِ خیال — اک سفیدی مارتی ہے دور سے چشمِ غزال ص۵۲

(۵) مژدۂ دیدار سے رُسوائیِ اظہار دور — آج کی شب چشمِ کوکب تک پریدن منع ہے ص۱۱۳

---

[1] دَوران : دوبار [مرکب]۔

[2] دُور : چوبیس بار [مفرد: سولہ بار، مرکب: آٹھ بار]۔

دوربیں : ایک بار۔

دوردراز : ایک بار [مرکب]۔

دوردور : دوبار۔

دوری : دوبار [مرکب]۔

(۶) مجھ کو دیارِ غیر میں مارا وطن سے دور — رکھ لی مرے خدا نے مری بیکسی کی شرم — ص۱۷۷

(۷) غنچۂ ناشگفتہ کو دور سے مت دکھا کہ یوں — بوسے کو پوچھتا ہوں میں، منھ سے مجھے بتا کہ یوں — ص۱۷۸

(۸) ذکر میرا بہ بدی بھی اُسے منظور نہیں — غیر کی بات بگڑ جائے تو کچھ دور نہیں — ص۱۵۸

(۹) چلتا ہوں تھوڑی دور ہر اک تیز رَو کے ساتھ — پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں — ص۱۹۰

(۱۰) حُسنِ فروغِ شمعِ سخن دور ہے اسدؔ! — پہلے دلِ گداختہ پیدا کرے کوئی — ص۲۱۶

(۱۱) دور چشمِ بد تری بزمِ طرب سے، واہ واہ! — نغمہ ہو جاتا ہے وھاں گر نالہ میرا جائے ہے — ص۲۲۱

(۱۲) فلک! نہ دور رکھ اُس سے مجھے کہ میں ہی نہیں — درازدستیِ قاتل کے امتحاں کے لیے — ص۲۳۶

(۱۳) گو وھاں نہیں، پہ وھاں کے نکالے ہوئے تو ہیں — کعبے سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی — ص۲۴۴

(۱۴) لایا ہے کہہ کے یہ غزل شائبۂ ریا سے دور — کرکے دل و زبان کو غالبؔ خاکسار ایک — ص۲۹۷

(۱۵) بیچارہ کتنی دور سے آیا ہے، شیخ جی! — کعبے میں کیوں دبائیں نہ ہم برہمن کے پانو — ص۳۲۲ [illegible]

(۱۶) اگرچہ پھینک دیا تم نے دور سے، لیکن — اُٹھائے کیونکے یہ رنجورِ خستہ تن تکیہ — ص۳۰۳

دیکھیے ـــــــ: (۱۷) چشمِ بد دور۔ (۱۸) گُل از شاخ دور افتادہ۔

دور اُفتادۂ ذوقِ فنا: رکھا غفلت نے دور اُفتادۂ ذوقِ فنا ورنہ — اشارت فہم کو ہر ناخنِ بُریدہ، ابرو تھا — ص۲۲

دور اُفتادۂ چمنِ فکر: دور اُفتادۂ چمنِ فکر ہے اسدؔ — مرغِ خیال بلبلِ بے بال و پَر ہے آج — ص۳۵

دور بیں: خانہ ہے سیل سے خوگردۂ دیدار ہنوز — دوربیں در زدہ ہے رخنۂ دیوار ہنوز — ص۳۳

دورتر: ہر چند اُمید دور تر ہو — اے حوصلے! سعیِ بیش تر کر — ص۲۲۸

دور دراز: دیکھیے: اندیشہ ہائے دور دراز۔

دور دور: (۱) مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور — تن سے سوا فگار ہیں اس خستہ تن کے پانو — ص۱۹۶

(۲) ہے اصلِ تخمِ ہند سے اور اس زمین سے — پھیلا ہے سب جہان میں یہ میوہ دور دور — ص۲۴۳

دور گرد: عشق کہیں گاوِ درد، وحشتِ دل دور گرد — دامِ تہِ سبزہ ہے حلقۂ کاکل ہنوز — ص۴۴

دور گردِ عرضِ رسومِ نیاز: میں دور گردِ عرضِ رسومِ نیاز ہوں — دشمن سمجھ، ولے نگہِ آشنا نہ مانگ — ص۵۰

دور گردِ قُربِ بساطِ نگاہ: میں دور گردِ قُربِ بساطِ نگاہ تھا — بیرونِ دل نہ تھی تپشِ انجمن ہنوز — ص۴۲

دوریِ منزل: ہر قدم دوریِ منزل ہے نمایاں مجھ سے   میری رفتار سے بھاگے ہے بیاباں مجھ سے   ص ۲۱۱

دوریِ یارانِ یک‌دل: دیکھیے: دردِ مسعود دوریِ یارانِ یک دل۔

دوزخ[۱]: (۱) طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ   دوزخ میں ڈال دو کوئی لے کر بہشت کو   ص ۱۹۷

(۲) کیوں نہ فردوس میں دوزخ کو ملا لیں یارب!   سیر کے واسطے تھوڑی سی فضا اور سہی   ص ۲۱۱

دیکھیے ——: (۳) آتشِ دوزخ۔ (۴) اثرِ شعلہ و دودِ دوزخ۔ (۵) جلوہ زارِ آتشِ دوزخ۔ (۶) جوشِ دوزخ۔

دوست[۲]: (۱) دوست اِس سلسلۂ ناز کے، جوں سنبل و گل   بہ سے خانہ کریں ساغرِ خورشید شکار   ص ۷

(۲) ہم کو ہے اِس رازداری پر گھمنڈ   دوست کا ہے راز دشمن پر کھلا   ص ۱۳۰

(۳) تو دوست کسی کا بھی ستمگر! نہ ہوا تھا   اوروں پہ ہے وہ ظلم کہ مجھ پر نہ ہوا تھا   ص ۱۵۲

(۴) دوست، غمخواری میں میری سعی فرماویں گے کیا؟   زخم کے بھرتے تلک ناخن نہ بڑھ جاویں گے کیا   ص ۱۵۵

(۵) تا کرے نہ غمازی، کرلیا ہے دشمن کو   دوست کی شکایت میں ہم نے ہم زباں اپنا   ص ۱۵۹

(۶) یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست، ناصح   کوئی چارہ ساز ہوتا، کوئی غمگسار ہوتا   ص ۱۵۹

(۷) گرچہ ہوں دیوانہ، پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب   آستیں میں دشنہ پنہاں، ہاتھ میں نشتر کھلا   ص ۱۶۰

(۸) جو منکرِ وفا ہو، فریب اُس پہ کیا چلے   کیوں بدگماں ہوں دوست سے دشمن کے باب میں   ص ۱۸۸

(۹) یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے؟   ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو   ص ۲۰۰

(۱۰) قولِ حافظ کا ہے بجا اے دوست!   "ہر کرا پنج روزہ نوبتِ اوست"   ص ۲۶۷

(۱۱) دوست گر کوئی نہیں ہے جو کرے چارہ گری   نہ سہی، لیک تمنائے دوا ہے تو سہی   ص ۳۱۱

(۱۲) اُن کو کیا علم کہ کشتی پہ مری کیا گزری   دوست جو ساتھ مرے تا لبِ ساحل آئے   ص ۳۱۲

(۱۳) وہ دوست نبی کے اور تم اُن کے دشمن!   لاحول ولا قوۃ الا باللہ   ص ۳۱۳

[بارہ بار بہ طور ردیف، ص ۱۶۳]:

(۱۴) آمدِ خط سے ہوا ہے سرد جو بازارِ دوست   دودِ شمعِ کشتہ تھا شاید خطِ رخسارِ دوست

---

۱ دوزخ : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔

۲ دوست : بیالیس بار [مفرد: تیرہ بار، مرکب: اُنتیس بار]۔

دوست‌دار : ایک بار [مرکب]۔

دوست‌داری : ایک بار۔

دوستاں : دو بار [مرکب]۔

دوستو : ایک بار۔   دوستوں : ایک بار۔

(۱۵) اے دلِ ناعاقبت اندیش! ضبطِ شوق کر　　کون لا سکتا ہے تابِ جلوۂ دیدارِ دوست

(۱۶) خانہ ویراں سازیِ حیرت تماشا کیجیے　　صورتِ نقشِ قدم ہوں رفتۂ رفتارِ دوست

(۱۷) عشق میں بیداد رشکِ غیر نے مارا مجھے　　کشتۂ دشمن ہوں آخر، گرچہ تھا بیمارِ دوست

(۱۸) چشمِ ما روشن! کہ اُس بیدرد کا دل شاد ہے　　دیدۂ پُرخوں ہمارا ساغرِ سرشارِ دوست

(۱۹) غیر یوں کرتا ہے میری پُرسش اُس کے ہجر میں　　بے تکلف دوست ہو جیسے کوئی غم خوارِ دوست

(۲۰) تاکہ میں جانوں کہ ہے اس کی رسائی وھاں تلک　　مجھ کو دیتا ہے پیامِ وعدۂ دیدارِ دوست

(۲۱) جب کہ میں کرتا ہوں اپنا شکوۂ ضعفِ دماغ　　سر کرے ہے وہ حدیثِ زلفِ عنبر بارِ دوست

(۲۲) چپکے چپکے مجھ کو روتے دیکھ پاتا ہے اگر　　ہنس کے کرتا ہے بیانِ شوخیِ گفتارِ دوست

(۲۳) مہربانی ہاے دشمن کی شکایت کیجیے　　یا بیاں کیجیے سپاسِ لذتِ آزارِ دوست

(۲۴) یہ غزل اپنی مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ　　ہے ردیفِ شعر میں غالبؔ! زبس تکرارِ دوست

[پانچ بار بہ طور ردیف، ص ۳۳]:

(۲۵) چشم بندِ خلق غیر از نقشِ خود بینی نہیں　　آئنہ ہے قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست

(۲۶) برقِ خرمن زارِ گوہر ہے نگاہِ تیز یھاں　　اشک ہو جاتے ہیں خشک از گرمیِ رفتارِ دوست

(۲۷) ہے سوا نیزے پہ، اُس کے قامتِ نوخیز سے　　آفتابِ روزِ محشر ہے گلِ دستارِ دوست

(۲۸) اے عدوے مصلحت! چندے بہ ضبط افسردہ رہ　　کردنی ہے جمع تابِ شوخیِ دیدارِ دوست

(۲۹) لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا ہے اسدؔ　　آتشِ مے سے بہارِ گرمیِ بازارِ دوست

دیکھیے ـــــ: (۳۰) آرزوے دوست۔ (۳۱) انتظارِ تماشاے حُسنِ دوست۔ (۳۲) بزمِ عیشِ دوست۔ (۳۳) بوے دوست۔ (۳۴) بیتابیِ یادِ دوست۔ (۳۵) بیدادِ دوست۔ (۳۶) تغافلِ دوست۔ (۳۷) حُسنِ تماشا دوست۔ (۳۸) خیال آبادِ سوداے سرِ مژگانِ دوست۔ (۳۹) رُخِ دوست۔ (۴۰) کوے دوست۔ (۴۱) ندیمِ دوست۔ (۴۲) نیازِ تماشۂ حُسنِ دوست۔ (۴۳) وصالِ دوست۔

دوست دارِ دشمن:　دوست دارِ دشمن اعتمادِ دل معلوم!　　آہ بے اثر دیکھی، نالہ نارسا پایا　ص ۱۳۳

دوست داری:　کیوں مری غمخوارگی کا تجھ کو آیا تھا خیال؟　　دشمنی اپنی تھی میری دوست داری، ہاے ہاے!　ص ۲۱۳

دوستاں: دیکھیے: دستِ شیشۂ دل ہاے دوستاں۔

دوستانِ لباسی: دیکھیے: دیدارِ دوستانِ لباسی۔

دوستو: دوستو مجھ ستم رسیدہ سے — دشمنی ہے وصال کا مذکور ص ۳۲

دوستوں: فزوں کی دوستوں نے حرصِ قاتل ذوقِ کشتن میں — ہوئے ہیں بخیہ ہاے زخم، جوہر تیغِ دشمن میں ص ۸۵

دوستی[1]: (۱) ہر چند کہ دوستی میں کامل ہونا — ممکن نہیں یک زبان و یک دل ہونا ص ۱۱۷

(۲) فائدہ کیا؟ سوچ، آخر تو بھی دانا ہے اسدؔ! — دوستی ناداں کی ہے، جی کا زیاں ہو جائے گا ص ۱۵۱

(۳) یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست، ناصح — کوئی چارہ ساز ہوتا، کوئی غم گسار ہوتا ص ۱۹۰

(۴) دوستی کا پردہ ہے بیگانگی — منہ چھپانا ہم سے چھوڑا! چاہیے ص ۲۲۳

دیکھیے ———: (۵) طرزِ پیوندِ نہالِ دوستی۔ (۶) فرو بردِ دوستی۔

دوسرا[2]: ہے کہاں تمنّا کا دوسرا قدم یارب؟ — ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا ص ۱۲

دوش[3]: (۱) دیوانگی سے دوش پہ زنّار بھی نہیں — یعنی ہمارے جیب میں اک تار بھی نہیں ص ۱۸۳

(۲) ہو کر شہیدِ عشق میں، پائے ہزار جسم — ہر موجِ گردِ راہ، مرے سر کو دوش ہے ص ۳۲۰

(۳) دیکھیے: وبالِ دوش۔

دوشِ پیمبر: جسمِ اطہر کو ترے دوشِ پیمبر: منبر — نامِ نامی کو ترے ناصیۂ عرش: نگیں ص ۳۳۵

دوشِ حباب: محملِ پیمانۂ فرصت ہے بر دوشِ حباب — دعویٔ دریا کشی و نشہ پیمائی عبث ص ۳۲

دوشِ خود رائی: ہزار قافلۂ آرزو بیاباں مرگ — ہنوز محملِ حسرت بہ دوشِ خود رائی ص ۱۱۰

دوشِ دل: انگور سعی بے سروپائی سے سبز ہے — غالبؔ! بہ دوشِ دل خُمِ مستی اٹھائیے ص ۳۲

دوشِ رمِ آہو: ز بس دوشِ رمِ آہو پہ ہے محمل تمنّا کا — جنونِ قیس سے بھی شوخیٔ لیلیٰ نمایاں ہے ص ۸۱

دوشِ رمِ نخچیر: وسعتِ جیبِ جنونِ کششِ دل مت پوچھ — محملِ دشت بہ دوشِ رمِ نخچیر آیا ص ۲۷

دوشِ شرار: پیش از نفس بتاں کے کرم نے وفا نہ کی — تھا محملِ نگاہ بہ دوشِ شرار، حیف! ص ۲۹

---

[1] دوستی : چھے بار [مفرد: چار بار، مرکب: دو بار]۔

[2] دوسرا : ایک بار۔

[3] دوش : بارہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: دس بار]۔

دوشِ شوخیِ ساقیِ مست: دیکھیے: محمل بہ دوشِ شوخیِ ساقیِ مست۔

دوشِ مزدور: دیکھیے: ہجومِ غم دوشِ مزدور۔

دوشینہ[1]: دیکھیے: بادۂ دوشینہ۔

دولت[2]:	(۱) پر، یہ دولت تھی نصیبِ ثمرِ معنیِ ناز	کہ ہوا صورتِ آئینہ میں جوہر بیدار	ص۴
	دیکھیے ——: (۲) توسنِ دولت۔ (۳) عمر و دولت۔ (۴) گرمیِ دولت۔		
دولت خواہ:	اُمیدوار عنایات شیو نارائن	کہ آپ کا ہے نمک خوار اور دولت خواہ	ص۴۷۸
دولتِ دیدارِ شہنشاہِ اُمم:	اوّلاً عمرِ طبیعی بہ دوامِ اقبال	ثانیاً دولتِ دیدار شہنشاہِ اُمم	ص۳۶۵
دولتِ نظارہ کش:	فصلِ گل میں دیدۂ خونیں نگاہانِ جنون	دولتِ نظارۂ گل سے شفق سرمایہ ہے	ص۱۰۳
دولت و بخت:	دیکھیے: کار فرمائے دین و دولت و بخت۔		
دولت و دیں:	(۱) پیشگاہِ حضور: دولت و جاہ	خیر خواہِ جناب: دولت و دیں	ص۴۸۰
	(۲) دیکھیے: نصیرِ دولت و دیں۔		
دولت و دین و دانش و داد:	بھیجی ہے جو مجھ کو شاہِ جم جاہ نے دال	ہے لطف و عنایتِ شہنشاہ پہ دال	
	یہ شاہ پسند دال بے بحث و جدال	ہے دولت و دین و دانش و داد کی دال	ص۴۵۳
دولت و عزّ و جاہ:	تم سلامت رہو ہزار برس	دولت و عزّ و جاہ روز افزوں	ص۴۹۸
دولھا[3]:	رخ پہ دولھا کے جو گرمی سے پسینا ٹپکا	ہے رگِ ابرِ گہربار سراسر سہرا	ص۴۸۷
دوں[4]:	دیکھیے: گردشِ گردونِ دوں۔		
دونا[5]:	بہرا ہوں میں تو چاہیے دونا ہو التفات	سنتا نہیں ہوں بات مکرّر کہے بغیر	ص۱۶۹
دونوں[6]:	(۱) ہے ایک تیر جس میں دونوں چھدے پڑے ہیں	وہ دن گئے کہ اپنا دل سے جگر جدا تھا	ص۱۵۸
	(۲) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں	موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں	ص۱۱۹۳
	(۳) دل سے تری نگاہ جگر تک اتر گئی	دونوں کو اک ادا میں رضامند کر گئی	ص۲۲۳

---

[1] دوشینہ : ایک بار [مرکّب]۔
[2] دولت : بارہ بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: گیارہ بار]۔
[3] دولھا : ایک بار۔
[4] دوں : ایک بار [مرکّب]۔
[5] دونا : ایک بار۔
[6] دونوں : سات بار۔

(۴)،(۵) دونوں کے دل حق آشنا، دونوں رسول پر فدا | ایک محبّ چار یار، عاشق ہشت و چار ایک ص۲۹۷

دونوں جہاں: دونوں جہان دے کے وہ سمجھے یہ خوش رہا | یہاں آپڑی یہ شرم کہ تکرار کیا کریں ص۱۹۱

دونوں یار: دیکھنے میں ہیں گرچہ دو، پر ہیں یہ دونوں یار، ایک | وضع میں گو ہوئی دو سر، تیغ ہے ذوالفقار ایک ص۲۹۶

دویدن[۱]: (۱) دویدن کے کہیں جوں ریشۂ زیرِ زمیں پایا | بہ گردِ سرمہ اندازِ نگاہِ شرمگیں پایا ص۴۲

(۲) محبّت، طرزِ پیوندِ نہالِ دوستی جانے | دویدن ریشہ ساں مفتِ رگِ خوابِ زلیخا ہے ص۸۳

(۳) ہم طبعِ نازکِ خوباں وقتِ سیرِ باغ | ریشۂ زیرِ زمیں کو بھی دویدن منع ہے ص۱۳

دیکھیے ــــــ:(۴) بالا دویدن۔(۵) سررشتۂ یک ریشہ دویدن۔

دویدہ: دیکھیے: دامنِ شوق دویدہ۔

دوئی[۳]: اُسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا | جو دوئی کی بو بھی ہوتی تو کہیں دوچار ہوتا ص۱۲۰

دہاں[۴]: (۱) بوسہ نہیں نہ دیجیے، دشنام ہی سہی | آخر زباں تو رکھتے ہو تم، گر دہاں نہیں ص۱۸۸

(۲) دیکھیے: بمُہر دہاں۔

دہانِ تنگ: دہانِ تنگ مجھے کس کا یاد آیا تھا؟ | کہ شب خیال میں بوسوں کا اژدحام رہا ص۳۰

دہانِ زخم: (۱) ہوائے صبح یک عالم گریباں چاکیِ گل ہے | دہانِ زخم پیدا کر اگر کھاتا ہے غم میرا ص۱۷

(۲) جب تک دہانِ زخم نہ پیدا کرے کوئی | مشکل کہ تجھ سے راہِ سخن وا کرے کوئی ص۲۱۵

(۳) جگر سے، ٹوٹی ہوئی ہوگئی سناں پیدا | دہانِ زخم میں آخر ہوئی زباں پیدا ص۲۴۳

دہانِ گل: گرو مستِ ناز دیوے گا صلائے عرضِ حال | خارِ گل بہرِ دہانِ گل زباں ہوجائے گا ص۱۹

دہانِ گور: ہے عجب مُردوں کو غفلت ہائے اہلِ دہر سے | سبزہ جوں انگشتِ حیرت در دہانِ گور ہے ص۹۳

(۷) زندگی میں تو وہ محفل سے اُٹھا دیتے تھے — دیکھوں اب مر گئے پر کون اُٹھاتا ہے مجھے ص۲۱۹

(۸) بیضہ آسا ننگ بال و پر ہے یہ کنجِ قفس — از سرِ نو زندگی ہو گر رہا ہو جایئے ص۲۱۶

(۹) پھر اُسی بے وفا پہ مرتے ہیں — پھر وہی زندگی ہماری ہے ص۲۲۳

(۱۰) دی مرے بھائی کو حق نے از سرِ نو زندگی — میرزا یوسف، ہے غالبؔ! یوسفِ ثانی مجھے ص۲۳۲

(۱۱) زندگی اپنی جب اس شکل سے گزری غالبؔ! — ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے ص۲۳۳

(۱۲) خوشی جینے کی کیا، مرنے کا غم کیا — ہماری زندگی کیا اور ہم کیا ص۲۴۳

(۱۳) زندگی میں بھی رہا ذوقِ فنا کا مارا — نشہ بخشا غضب اس ساغرِ خالی نے مجھے ص۳۲۰

(۱۴) زندگی کے ہوئے ناگہ نفَس چند تمام — کوچۂ یار جو مجھ سے قدم چند رہا ص۳۲۶

دیکھیے——:(۱۵) آب و ہواے زندگی۔(۱۶) تختی ہاے قیدِ زندگی۔(۱۷) مُفتِ زندگی۔

زندگی افزا: اے ترا لطف: زندگی افزا — اے ترا عہد: فرّخی فرجام ص۱۳۷

---

[۱] زندگی : اُنیس بار [مفرد: چودہ بار، مرکب: پانچ بار]۔

زندگیِ زہد بے چارہ: گو زندگیِ زہد بے چارہ عبث ہے — اِتنا ہے کہ رہتی تو ہے تدبیر وضو کی ص۱۱۶

زندہ[۱]: (۱) وہ زندہ ہم ہیں کہ ہیں روشناسِ خلق اے خضر! — نہ تم، کہ چور بنے عمرِ جاوداں کے لیے ص۲۳۶

(۲) ہے دُعا بھی یہی کہ دُنیا میں — تم رہو زندہ جاوداں، آمین! ص۲۸۱

زندہ دارِ انتظارستاں: دیکھیے: شبِ زندہ دارِ انتظارستاں۔

زندۂ شوقِ شعر: زندۂ شوقِ شعر کو ایک، چراغِ انجمن — کشتۂ ذوقِ شعر کو شمعِ سرِ مزار، ایک ص۲۹۶

زنگ[۲]: دیکھیے ——— : (۱) اسیرِ زنگ۔ (۲) سامانِ زنگ۔

زنگ آلودہ: دیکھیے: قفلِ زنگ آلودہ۔ — بے نامہ بر کو اُس سے دعوائے ہم کلامی ص۴۷

زنگ بستن: ہوا نے ابر سے کی موسمِ گل میں نمد بافی — کہ تھا آئینۂ خور پر تصورِ زنگ بستن کا ص۲۷

زنگ بستہ: ہجومِ ضبطِ فغاں سے مری زبانِ خموش — بہ زنگ بستۂ زہرابِ دادہ پیکاں ہے ص۱۰۲

زنگار[۳]: (۱) لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی — چمن زنگار ہے آئینۂ بادِ بہاری کا ص۱۳۸

(۲) کیا بدگماں ہے مجھ سے! کہ آئینے میں مرے — طوطی کا عکس سمجھے ہے زنگار دیکھ کر ص۱۹۹

(۳) دیکھیے: مرہمِ زنگار۔

زنگار خوردہ آئنہ: کلفت: طلسمِ جلوۂ کیفیتِ دگر — زنگار خوردہ آئنہ یک برگِ تاک ہے ص۱۱۰

زنگارِ رُخِ آئنۂ حُسنِ یقیں: عشق: بے ربطیِ شیرازۂ اجزائے حواس — وصل: زنگارِ رُخِ آئنۂ حُسنِ یقیں ص۳۳۲

زنگی[۴]: (۱) اسدؔ! تاثیرِ صافی ہائے حیرت جلوہ پرور ہو — گر آبِ چشمۂ آئینہ دھووے عکسِ زنگی کا ص۲۶

(۲) دیکھیے: خالِ رُخِ زنگی۔

زنہار[۵]: (۱) رندانِ درِ مے کدہ گستاخ ہیں زاہد! — زنہار نہ ہونا طرف ان بے ادبوں سے! ص۲۰۱

(۲) اے تازہ واردانِ بساطِ ہوائے دل! — زنہار! اگر تمھیں ہوسِ نائے و نوش ہے ص۲۳۰

(۳) یارانِ رسول یعنی اصحابِ کبار — ہیں گرچہ بہت، خلیفہ اُن میں ہیں چار

---

[۱] زندہ : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

[۲] زنگ : پانچ بار [مرکب]۔

[۳] زنگار : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکب: تین بار]۔

[۴] زنگی : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

[۵] زنہار : پانچ بار [مرکب: دو بار]۔

اِن چار میں ایک سے ہو جس کو انکار　　غالبؔ! وہ مسلمان نہیں ہے زنہار　　ص۴۳۹

دیکھیے ـــــــ: (۴) پا اُفتادۂ زنہار۔ (۵) مسطرِ کشِ سطرِ زنہار۔

زوال[1]: گر ترے دل میں ہو خیال وصل میں شوق کا زوال　　موج محیطِ آب میں مارے ہے دست و پا کہ یوں　　ص۱۶۸

زوال آمادہ: ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام　　مہرِ گردوں ہے چراغِ رہگذارِ باد یہاں　　ص۱۶۹

زُودازُود[2]: طے کرو راہِ شوق زودا زود　　آن پہنچی ہے منزلِ مقصود　　ص۲۶۷

زود[3] پشیماں: کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ　　ہائے! اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا　　ص۱۵۰

زُور[۱][4]: اِس عمل میں عیش کی لذت نہیں ملتی اسدؔ!　　زُور نسبت مے سے رکھتا ہے نصارا کا نمک　　ص۲۹

زُور[۲][5]: (۱) نہ لڑ ناصح سے غالبؔ! کیا ہوا گر اُس نے شدّت کی　　ہمارا بھی تو آخر زُور چلتا ہے گریباں پر　　ص۱۶۷

(۲) عشق پر زور نہیں، ہے یہ وہ آتش غالبؔ!　　کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بنے　　ص۲۳۶

(۳) مقامِ شکر ہے اے ساکنانِ خطۂ خاک!　　رہا ہے زور سے ابرِ ستارہ بار برس　　ص۲۴۳

زُورِ بازو: زورِ بازو میں مانتے ہیں تجھے　　گیو و گودرز و بیزن و زہّام　　ص۱۳۷

زورق[6] خودداری: رکھ فکرِ سخن میں تو معذور مجھے غالبؔ!　　یہاں زورقِ خودداری طوفانیِ معنی ہے　　ص۱۱۵

زُہّاد[7]: دیکھیے: خرقۂ زُہّاد۔

زُہد[8]: (۱) زُہد گردیدن ہے گردِ خانہ ہائے منعماں　　دانۂ تسبیح سے میں مُہرہ در ششدر ہوا　　ص۲۰

(۲) کیا زُہد کو مانوں! کہ نہ ہو گرچہ ریائی　　پاداشِ عمل کی طمعِ خام بہت ہے　　ص۲۲۵

دیکھیے ـــــــ: (۳) ثوابِ طاعت و زُہد۔ (۴) دماغِ زُہد۔

زہر[9]: (۱) زہر ملتا ہی نہیں مجھ کو ستمگر! ورنہ　　کیا قسم ہے ترے ملنے کی کہ کھا بھی نہ سکوں　　ص۱۸۶

---

۱ زوال : دوبار [مرکب: ایک بار]۔
۲ زودازود : ایک بار [مرکب]۔
۳ زود : دوبار [مرکب: ایک بار]۔
۴ زُور[۱] : ایک بار۔
۵ زور[۲] : چار بار [مرکب: ایک بار]۔
۶ زورق : ایک بار [مرکب]۔
۷ زُہّاد : ایک بار [مرکب]۔
۸ زُہد : چار بار [مرکب: دوبار]۔
۹ زہر : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔

(۲) زہر لگتی ہے مجھے آب و ہوائے زندگی — یعنی تجھ سے تھی اسے ناسازگاری، ہائے ہائے! ص۲۰۳

(۳) مجھ کو وہ دو کہ جسے کھا کے نہ پانی مانگوں — زہر کچھ اور سہی، آبِ بقا اور سہی ص۳۱۱

زہرِ غم: (۱) زہر غم کر چکا تھا میرا کام — تجھ کو کس نے کہا کہ ہو بدنام ص۳۳۷

(۲) رگ و پے میں جب اُترے زہرِ غم تب دیکھیے کیا ہو — ابھی تو تلخیِ کام و دہن کی آزمائش ہے ص۲۲۵

زہرِ قاتل: عیادت ہائے طعن آلودِ یاراں زہرِ قاتل ہے — رفوئے زخم کرتی ہے بہ نوکِ نیشِ عقرب ہا ص۲۳

زہراب[1]: (۱) جاں، زہراب اس شدّت سے دو پیکانِ ناوک کو — کہ خطِ سبز تا پُشتِ لبِ سوفار ہو پیدا ص۳۱

(۲) جوہرِ تیغ بہ سرچشمۂ دیگر معلوم! — ہوں میں وہ سبزہ کہ زہراب اُگاتا ہے مجھے ص۲۱۹

زہراب دادہ: (۱) شمشیرِ صافِ یار جو زہراب دادہ ہو — وہ خطِ سبز ہے کہ بہ رُخسار سادہ ہو ص۳۰۱

دیکھیے ——— :(۲) بہ زارِ تیغ بہ زہراب دادہ۔ (۳) خنجرِ زہراب دادہ۔

زہراب دادہ پیکاں: ہجومِ ضبطِ فغاں سے مری زبانِ خموش — بہ زنگ بستۂ زہراب دادہ پیکاں ہے ص۱۰۲

زہرہ[2]: (۱) زہرہ گر ایسا ہی شامِ ہجر میں ہوتا ہے آب — پرتوِ مہتاب سیلِ خانماں ہوجائے گا ص۱۵۰

(۲) گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے — زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا ص۲۶۰

زہرۂ ابر: شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا — شعلۂ جوالہ ہر یک حلقۂ گرداب تھا ص۱۳۵

زُہرہ[3]: (۱) ماہ نے چھوڑ دیا ثور سے جانا باہر — زُہرہ نے ترک کیا حوت سے کرنا تحویل ص۱۲۵

(۲) کون ہے؟ جس کے در پہ ناصیہ سا — ہیں مہ و مہر و زُہرہ و بہرام ص۱۳۷

(۳) چرخ تک دھوم ہے، کس دھوم سے آیا سہرا — چاند کا دائرہ لے زُہرہ نے گایا سہرا ص۲۸۸

زُہرہ نوا: دیکھیے: نغمۂ مطربانِ زُہرہ نوا۔

زہے[4]: (۱) زہے شبِ زندہ دارِ انتظارستاں! کہ وحشت سے — مژہ، ویچک میں مہ کی سوزنِ آسا چیونٹی جانے ص۱۱۵

(۲) شرحِ ہنگامۂ ہستی ہے، زہے! موسمِ گل — رہبرِ قطرہ بہ دریا ہے، خوشا موجِ شراب! ص۱۹۳

(۳) زہے ستارۂ روشن! کہ جو اُسے دیکھے — شعاعِ مہر درخشاں ہو اُس کا تارِ نگاہ ص۲۷۷

(۴) زہے کرشمہ! کہ یوں دے رکھا ہے ہم کو فریب — کہ بِن کہے ہی اُنھیں سب خبر ہے، کیا کہیے ص۲۳۷

---

[1] زہراب : چھ بار [مرتب: چار بار]۔

[2] زہرہ : تین بار [مرتب: ایک بار]۔

[3] زُہرہ : چار بار [مرتب: ایک بار]۔

[4] زہے : چار بار۔

زیاد[۱]: نہیں کہ مجھ کو قیامت کا اعتقاد نہیں — شبِ فراق سے روزِ جزا زیاد نہیں ص۱۹۲

زیادہ[۲]: (۱) ہوا وصال سے شوقِ دلِ حریص زیادہ — لبِ قدح پہ کفِ بادہ: جوشِ تشنہ لبی ہے ص۷۵

(۲) دریغ! آہِ سحرگہ کارِ بادِ صبح کرتی ہے — کہ ہوتی ہے زیادہ سرد مہری شمع رویاں کی ص۷۹

(۳) نفس بہ نالہ رقیب و نگہ بہ اشک عدو — زیادہ اُس سے گرفتار ہوں کہ تو جانے ص۹۹

(۴) زمانہ سخت کم آزار ہے بہ جانِ اسدؔ — وگرنہ ہم تو توقع زیادہ رکھتے ہیں ص۱۸۲

(۵) ہوئی جن سے توقع خستگی کی داد پانے کی — وہ ہم سے بھی زیادہ خستۂ تیغِ ستم نکلے ص۲۵۰

(۶) بے اعتدالیوں سے سبک سب میں ہم ہوئے — جتنے زیادہ ہوگئے، اُتنے ہی کم ہوئے ص۲۲۶

زیارت[۳]: تجھ کو شرفِ مہرِ جہاں تاب مبارک! — غالبؔ کو ترے عتبۂ عالی کی زیارت ص۱۲۷

زیارت کدہ: لبِ خشک در تشنگی مُردگاں کا — زیارت کدہ ہوں دل آزردگاں کا ص۱۳۸

زیارت گاہِ حیرانی: جلوے کا تیرے وہ عالم ہے کہ گر کیجے خیال — دیدۂ دل کو زیارت گاہِ حیرانی کرے ص۲۱۱

زیارت گاہِ طفلاں: پس از مُردن بھی دیوانہ زیارت گاہِ طفلاں ہے — شرارِ سنگ نے تربت پہ میری گل فشانی کی ص۲۰۷

زیاں[۴]: (۱) تھا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ — جب آنکھ کھل گئی، نہ زیاں تھا نہ سود تھا ص۱۳۳

(۲) فائدہ کیا، سوچ آخر تو بھی دانا ہے اسدؔ! — دوستی ناداں کی ہے، جی کا زیاں ہوجائے گا ص۱۵۱

(۳) میں کہا: اے دل! ہوائے دلبراں — بس کہ تیرے حق میں رکھتی ہے زیاں ص۲۶۶

زیب[۵]: ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی — زیب دیتا ہے اسے جس قدر اچھا کہیے ص۱۲۲

زیبِ داماں: قطرہ ہائے خونِ بسمل زیبِ داماں ہیں اسدؔ! — ہے تماشا کردنی گلچینیِ جلاد یہاں ص۵۷

زیبِ سریں: اور داغ آپ کی غلامی کا — خاص بہرام کا ہے زیبِ سریں ص۲۸۱

زیبائی: دیکھیے: ہزاراں ہزار زیبائی۔

---

۱ زیاد : ایک بار۔

۲ زیادہ : چھے بار۔

۳ زیارت : ایک بار۔

زیارت کدہ : ایک بار۔

زیارت گاہ : دو بار [مرکب]۔

۴ زیاں : تین بار۔

۵ زیب : تین بار [مرکب: دو بار]۔

زیبائی : ایک بار [مرکب]۔

زیرِ[۱] بارِ غمِ دام و درمِ چند: الفتِ زر ہمہ نقصاں ہے کہ آخر قاروں / زیرِ بارِ غمِ دام و درمِ چند رہا ص ۲۲۶

زیرِ بارِ منتِ درباں: پھر جی میں ہے کہ در پہ کسی کے پڑے رہیں / سر زیرِ بارِ منتِ درباں کیے ہوئے ص ۲۲۶

زیرِ بال: (۱) ہو جو بلبل پیروِ فکرِ اسدؔ / غنچۂ منقارِ گل ہو زیرِ بال ص ۵۱

(۲) خوشا طوطی و کنجِ آشیانہ / نہاں در زیرِ بال آئینہ خانہ ص ۲۵۱

زیرِ بالِ عندلیب: ہے بہاراں میں خزاں حاصل خیالِ عندلیب / رنگِ گل آتش کدہ ہے زیرِ بالِ عندلیب ص ۳۲

زیرِ پا: دیکھیے: آتش زیرِ پا۔

زیرِ پائے خیلِ مور: کجا جوہر، چہ عکسِ خط، بجاں وقتِ خود آرائی / دلِ آئینہ زیرِ پائے خیلِ مور مٹتے ہیں ص ۹۳

زیرِ پہلو: دیکھیے: دستِ زیرِ پہلو۔

زیرِ خاک: (۱) بس کہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے / ریشے میں ہر تخم کا دلوِ اندرونِ چاہ ہے ص ۹۳

(۲) ریشۂ شہرت دوانیدن ہے: رفتن زیرِ خاک / خنجرِ جلاد: برگِ بیدِ مجنوں ہے مجھے ص ۹۹

(۳) خلوتِ بال و پرِ قمری میں وا کر راہِ شوق / جادۂ گلشن بہ رنگِ ریشہ زیرِ خاک ہے ص ۱۰۷

زیرِ زمیں: (۱)، (۲) دیکھیے: ریشۂ زیرِ زمیں [دوبار]۔

زیرِ سایہ: (۱) مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے / بھوں پاس آنکھ قبلۂ حاجات! چاہیے ص ۲۱۹

(۲) مسجد کے زیرِ سایہ اک گھر بنا لیا ہے / یہ بندۂ کمینہ ہمسایۂ خدا ہے ص ۳۱۳

زیرِ کاہ: دیکھیے: آبِ زیرِ کاہ۔

زیرِ لب: دیکھیے ـــــ: (۱) خندہ زیرِ لب۔ (۲) خندۂ زیرِ لب۔

زیرِ نگیں: (۱) گردِ رہ: سرمہ کشِ دیدۂ اربابِ یقیں / نقشِ ہر گام: دو عالم صفہاں زیرِ نگیں ص ۸

(۲) ہے یہ دعا کہ زیرِ نگیں آپ کے رہے / اقلیمِ ہند و سند سے تا ملکِ روم و شام ص ۲۸۳

زیرِ مشقِ[۲] شعر: جوشِ گل کرتا ہے استقبالِ تحریرِ اسدؔ / زیرِ مشقِ شعر، ہے نقش از پئے احضارِ باغ ص ۲۸

زیر[۳] و بمِ ہستی و عدم: دیکھیے: نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم۔

زیر و زبر[۴]: (۱) بس کہ جوشِ گریہ سے زیر و زبر ویرانہ تھا / چاکِ موجِ سیل تا پیراہنِ دیوانہ تھا ص ۲۵

---

۱ زیرِ : تیس بار [مرتب]۔
۲ زیرِ مشق : ایک بار [مرتب]۔
۳ زیرِ : ایک بار [مرتب]۔
۴ زیر و زبر : دوبار۔

(۲) بس کہ ویرانی سے کفر و دیں ہوئے زیر و زبر — گردِ صحرائے حرم تا کوچۂ زنّار ہے ص۸۳

زیست:[1] (۱) اسد کو زیست تھی مشکل، اگر نہ سن لیتا — کہ قتلِ عاشقِ دل دادہ تجھ کو آساں ہے ص۱۰۲

(۲) مے ہی پھر کیوں نہ میں پیے جاؤں — غم سے جب ہو گئی ہو زیست حرام ص۱۳۷

(۳) عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا — درد کی دوا پائی، دردِ بے دوا پایا ص۱۳۳

(۴) موت بس اُن کی ہے جو مر کے وہیں دفن ہوئے — زیست اُن کی ہے جو اُس کوچے سے گھائل آئے ص۳۱۲

(۵) دیکھیے: غصۂ کم فرصتیِ زیست۔

زہن:[2] دیکھیے ——: (۱)، (۲) دامنِ زہن [دو بار]۔ (۳) روزنِ دیوارِ خانۂ زہن۔ (۴) سیلِ خانۂ زہن۔

زینت ترازاں:[3] دیکھیے: وقتِ حُسن افروزیِ زینت ترازاں۔

زینتِ جیبِ کفن: فارغ مجھے نہ جان کہ مانندِ صبح و مہر — ہے داغِ عشق زینتِ جیبِ کفن ہنوز ص۱۷۱

زینت ریز: سرودکار، تواضع تا خمِ گیسو رسانیدن — بسانِ شانہ زینت ریز ہے دستِ سلام اُس کا ص۲۲

زینتِ طینت: فخرِ دیں، عزِ شان و جاہ و جلال — زینتِ طینت و جمالِ کمال ص۳۱

زینتِ یک پیرہن: ہو چکے ہم جادہ ساں صد بار قطع، اور پھر ہنوز — زینتِ یک پیرہن جوں دامنِ صحرا نہیں ص۹۵

زنہار[4] (۱) عیسی: طلسمِ حُسن تغافل ہے زنہار — جُز پنبۂ چشم نسخۂ عرضِ دوا نہ مانگ ص۵۰

(۲) پیچ میں ان کے نہ آنا زنہار! — یہ نہیں ہیں گے کسو کے یارِ غار ص۲۶۶

(۳) اِدھر نہ ہوگی توجّہ حضور کی جب تک — کبھی کسی سے کھلے گی نہ زنہار، گرہ ص۲۷۹

(۴) عطا کیا ہے خدا نے وہ جاذبہ اس کو — کہ چھوڑتا ہی نہیں رشتہ، زنہار گرہ ص۲۷۹

زیور:[5] (۱) سطحِ گردوں پہ پڑا تھا رات کو — موتیوں کا ہر طرف زیور کھلا ص۳۲۹

(۲) کیا ہی اس چاند سے مکھڑے پہ بھلا لگتا ہے — ہے ترے حُسنِ دل افروز کا زیور، سہرا ص۲۸۷

زیورِ صد آئینہ منزل: نسخۂ واماندگیِ شوق و تماشا منظور — جادے پہ زیورِ صد آئینہ منزل باندھا ص۱۳

---

[1] زیست : پانچ بار [مرتّب: ایک بار]۔
[2] زہن : چار بار [مرتّب]۔
[3] زینت : پانچ بار [مرتّب]۔
[4] زنہار : چار بار۔
[5] زیور : تین بار [مرتّب: ایک بار]۔

ژ

ژالہ[1]: کھاں زمیں پہ نظر جہاں تک جائے ژالہ آسا بچھے تھا وزّہ شمس ص ۲۸۰

---

[1] ژالہ : ایک بار اولہ بر ۔

س

سات[1]: (۱)،(۲) ہند سے پہلے سات، سات کے دو | دیے ناگاہ مجھ کو دکھلائی ص۲۶۲

سات آسماں: رات دن گردش میں ہیں سات آسماں | ہو رہے گا کچھ نہ کچھ، گھبرائیں کیا! ص۱۶۱

سات اقلیم: سات اقلیم کا حاصل جو فراہم کیجیے | تو وہ لشکر کا ترے نعل بہا ہوتا ہے ص۲۳۱

سات اور سات: سات اور سات ہوتے ہیں چودہ | بہ اُمید سعادت افزائی ص۲۶۲

سات جلدوں: سات جلدوں کا پارسل پہنچا | واہ! کیا خوب برمحل پہنچا ص۲۹۳

سات دریا: سات دریا کے فراہم کیے ہوں گے موتی | تب بنا ہوگا اِس انداز کا گز بھر سہرا ص۲۸۷

سات دن: تاقیامت شب فرقت میں گزر جائے گی عمر | سات دن ہم پہ بھی بھاری ہیں سحر ہوتے تک ص۵۰

ساتھ[2]: (۱) سایے کی طرح ساتھ پھریں سرو و صنوبر | تو اِس قدِ دل کش سے جو گلزار میں آوے ص۲۳۳

(۲) غالب! اگر اِس سفر میں مجھے ساتھ لے چلیں | حج کا ثواب نذر کروں گا حضور کی ص۲۳۲

(۳) مزا ملے کہو کیا خاک ساتھ سونے کا | رکھے جو بیچ میں وہ شوخ سیم تن تکیہ ص۳۰۳

ساحل[3]: (۱) نہ بندھے تشنگیِ شوق کے مضموں غالبؔ! | گرچہ دل کھول کے دریا کو بھی ساحل باندھا ص۱۳۵

(۲) بقدرِ ظرف ہے ساقی! خمارِ تشنہ کامی بھی | جو تو دریائے مے ہے تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا ص۱۳۸

دیکھیے ــــــ: (۳) جو یائے خس و خاشاکِ ساحل۔ (۴) خمیازۂ ساحل۔ (۵) خودداریِ ساحل۔ (۶)، (۷)، (۸) گردِ ساحل [تین بار]۔ (۹) لبِ ساحل۔

---

[1] سات : نو بار۔

[2] ساتھ : تین بار۔

[3] ساحل : دس بار [مفرد: دو بار، مرکب: آٹھ بار]۔
ساحل ہا : ایک بار [مرکب]۔

ساحلِ دریائے خوں: دل تا جگر کہ ساحلِ دریائے خوں ہے اب | اس رہ گزر میں جلوۂ گل آگے گرد تھا | ص ۱۵۲

ساحل ہا | دیکھیے: خاشاکِ ساحل ہا۔

ساختہ[1]: (۱)، (۲) دیکھیے: جنونِ ساختہ [دو بار]۔

ساختگی[2]: کاشانۂ ہستی کہ بر انداختنی ہے | یہاں سوختنی اور وہاں ساختنی ہے | ص ۱۱۱

سادگی[3]: (۱) نہیں شاہراہِ اوہام بجز آں سوئے رسیدن | تری سادگی ہے غافل درِ دل پہ پاسبانی | ص ۱۰

(۲) سادگی، ہے عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا | تا کسی، آئنۂ نازِ توکّل تا چند؟ | ص ۳۹

(۳) اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا! | لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں! | ص ۱۸۳

(۴) وہی سادگی سے جان، پڑوں کوہ کن کے پانو | ہیہات! کیوں نہ ٹوٹ گئے پیرزن کے پانو | ص ۱۹۲

(۵) ہماری سادگی تھی التفاتِ ناز پر مرنا | ترا آنا نہ تھا ظالم! مگر تمہید جانے کی | ص ۲۰۳

(۶) سادگی پر اس کی، مر جانے کی حسرت دل میں ہے | بس نہیں چلتا کہ پھر خنجر کفِ قاتل میں ہے | ص ۲۳۱

(۷) دیکھیے: پروازِ سادگی۔

سادگی آموزِ بتاں: غمِ عشاق نہ ہو سادگی آموزِ بتاں | کس قدر خانۂ آئینہ ہے ویراں مجھ سے! | ص ۲۱۱

سادگیِ ذہن: ہے سادگیِ ذہن، تمنائے تماشا | جائے کہ اسدؔ رنگِ چمن باختنی ہے | ص ۱۱۱

سادگی و پرکاری: سادگی و پرکاری بے خودی و ہشیاری | حُسن کو تغافل میں جُرأت آزما پایا | ص ۱۴۳

سادگی ہائے تصور: دیکھیے: خیالِ سادگی ہائے تصور۔

سادگی ہائے تمنا: سادگی ہائے تمنا یعنی | پھر وہ نیرنگِ نظر یاد آیا | ص ۱۵۲

سادگیِ یک خیال: سادگیِ یک خیال شوخیِ صد رنگ نقش | حیرتِ آئینہ ہے جیبِ تامّل ہنوز | ص ۴۳

سادہ[5]: دیکھیے ــــــ: (۱) عذارِ سادہ۔ (۲) رخسارِ سادہ۔ (۳) فردِ سادہ۔

سادہ پُرکار: (۱) سادہ پُرکار ہیں خوباں غالبؔ | ہم سے پیمانِ وفا باندھتے ہیں | ص ۱۸۱

(۲) کجا معزولیِ آئینہ، کو ترکِ خود آرائی | نمود آب ہے جائے سادہ پُرکار اس بہانے میں | ص ۴۲۶

---

[1] ساختہ : دو بار [مرتب]۔
[2] ساختنی : ایک بار۔
[3] سادگی : تیرہ بار [مطبوعہ: چھے بار، مرتب: پانچ بار]۔
[4] سادگی ہا : دو بار [مرتب]۔
[5] سادہ : دس بار [مرتب]۔

سادہ دل: میں سادہ دل آزردگیِ یار سے خوش ہوں — یعنی سبقِ شوق مکرّر نہ ہوا تھا ص۱۵۲

سادہ دلی: دیکھیے: فریبِ سادہ دلی۔

سادہ رُویاں: دیکھیے: روے سادہ رویاں۔

سادہ لوحی: دیکھیے: ہجومِ سادہ لوحی۔

سادہ و پُرکارتر: سادہ و پُرکار تر غافل و ہشیار تر — مانگے ہے شمشاد سے شانۂ سُنبل ہنوز ص۴۴

ساز:[1] (۱) مطربِ دل نے مرے تارِ نفَس سے غالبؔ — ساز پر رشتۂ پے نغمۂ بیدلؔ باندھا ص۱۴

(۲) محرم نہیں ہے تو ہی نواہاے راز کا — یاں ورنہ جو حجاب ہے، پردہ ہے ساز کا ص۱۵۵

دیکھیے: (۳) ابریشمِ ساز۔ (۴) پردۂ ساز۔ (۵) پردۂ یک ساز۔ (۶) محوِ ساز۔ (۷) نوا سامانِ بند ساز۔

سازِ آہنگِ شکایت: ہوں سراپا سازِ آہنگِ شکایت، کچھ نہ پوچھ — ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے ص۲۰۹

سازِ ازل: دیکھیے: رشتۂ سازِ ازل۔

سازِ انا البحر: دلِ ہر قطرہ، ہے سازِ انا البحر — ہم اُس کے ہیں، ہمارا پوچھنا کیا! ص۱۵۷

سازِ ایماے فنا: سازِ ایماے فنا ہے عالمِ پیری اسدؔ — قامتِ خم سے ہے حاصل شوخیِ ابرو مجھے ص۷۸

سازِ بادبانی: غمِ عجز کا سفینہ بہ کنارِ بے دلی ہے — مگر ایک شہپرِ مور کرے سازِ بادبانی ص۱۰

سازِ بینش: کرے کیا سازِ بینش وہ شہیدِ دردِ آگاہی — جسے موے دماغِ بے خودی خوابِ زلیخا ہو ص۹۷

سازِ جاں ستانی: چہ اُمید و نا اُمیدی، چہ نگاہ و بے نگاہی — ہمہ عرضِ ناشکیبی، ہمہ سازِ جاں ستانی ص۱۰

سازِ چراغاں: تو یک شرر؟ کہ سازِ چراغاں کروں اسدؔ — بزمِ طرب ہے پردگیِ سوختن ہنوز ص۴۲

سازِ چمن طرازیِ داماں: پھر بھر رہا ہوں خامۂ مژگاں بہ خونِ دل — سازِ چمن طرازیِ داماں کیے ہوئے ص۲۲۵

سازِ خیال: دیکھیے: شکستِ سازِ خیال۔

سازِ درویشی: تا تخلص جامۂ شنگرفی ارزانی اسدؔ — شاعری جز سازِ درویشی نہیں، حاصل نہ پوچھ ص۷۲

سازِ دعویٰ: مجھ میں اور مجنوں میں وحشت، سازِ دعویٰ ہے اسدؔ — برگ برگِ بید ہے ناخن زدن کی فکر میں ص۱۳

---

[1] ساز : اُنتالیس بار [مطبوعہ: دو بار، مرتّب: سینتیس بار]۔ سازہا : دو بار۔

سازِ دوعالم: کس قدر سازِ دوعالم کو ملی جرأتِ ناز — کہ ہوا ساغرِ بے حوصلۂ دل سرشار — ص ۳

سازِ سلامت: حیرتِ فکرِ سخن، سازِ سلامت ہے اسدؔ — دل پسِ زانوے آئینہ بٹھاتا ہے مجھے — ص ۸۸

سازِ شکیبائی: چشمِ نرگس میں نمک بھرتی ہے شبنم سے بہار — فرصتِ نشوونما سازِ شکیبائی نہیں — ص ۶۵

سازِ صدائے آب: مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے! — خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا — ص ۱۳۵

سازِ طالعِ ناساز: پیکرِ عشاق سازِ طالعِ ناساز ہے — نالہ، گویا گردشِ سیارہ کی آواز ہے — ص ۲۲۷

سازِ طرب: دل کی صدائے شکست سازِ طرب ہے اسدؔ — شیشۂ بے بادہ سے چاہے ہے قلقل ہنوز — ص ۴۴

سازِ طنابِ معمار: فلکُ العرش، ہجومِ خمِ دوشِ مزدور — رشتۂ فیضِ ازل، سازِ طنابِ معمار — ص ۳۳

سازِ عجز نالی: بتانِ شوخ کا دل سخت ہوگا کس قدر یارب! — مری فریاد کو کہسار سازِ عجز نالی ہے — ص ۷۹

سازِ عریانیِ کیفیتِ دل: سازِ عریانیِ کیفیتِ دل ہے لیکن — یہ نے نغمہ، نہیں موجِ خرامِ اظہار — ص ۳

سازِ عشرت: دیکھیے: ہجومِ نغمہ ہائے سازِ عشرت۔

سازِ عیشِ بے دلی: سازِ عیشِ بے دلی ہے خانہ ویرانی مجھے — سیل، یہاں کوکِ صدائے آبشارِ نغمہ ہے — ص ۸۷

سازِ فسانگی: نغمۂ بے دلاں اسدؔ سازِ فسانگی نہیں — بسملِ دردِ خفتہ ہوں، گریے کو ماجرا سمجھ — ص ۴۳

سازِ نادرست: دیکھیے: مثلِ سازِ نادرست۔

سازِ وحشت رقمی ہا: سازِ وحشت رقمی ہا کہ بہ اظہار اسدؔ — دشت و ریگ: آئنۂ صفحۂ افشاں زدہ ہے — ص ۱۰۹

سازِ ہستی: (۱) مت رکھ اے انجام غافل! سازِ ہستی پر غرور — چیونٹی کے پر سرو برگِ خود آرائی نہیں — ص ۶۵

(۲) نغمہ ہائے غم کو بھی اے دل! غنیمت جانیے — بے صدا ہوجائے گا یہ سازِ ہستی ایک دن — ص ۱۷۹

سازِ یک خوابِ پریشاں: بہ وحشت گاہِ امکاں اتفاقِ چشم مشکل ہے — مہ و خورشید باہم سازِ یک خوابِ پریشاں ہیں — ص ۹۳

سازِ یک درد: دیکھیے: قربانِ سازِ یک درد۔

سازِ یک ذرہ: سازِ یک ذرہ نہیں فیضِ چمن سے بیکار — سایۂ لالۂ بے داغ، سویدائے بہار — ص ۱۳۲

سازِ یک گلستاں دل: حریفِ وحشتِ نازِ نسیمِ عشق جب آؤں — کہ مثلِ غنچہ سازِ یک گلستاں دل مہیا ہو — ص ۶۷

سازہا: (۱) تھا سرِ سلسلہ جنبانیِ صد عمرِ ابد — سازہا مفتِ بریشم کدۂ نالۂ زار — ص ۶

(۲) نغمہ ہا شادابِ رنگ و سازہا مستِ طرب — شیشۂ مے، سروِ سبزِ جوئبارِ نغمہ ہے — ص ۲۱۳

سازشِ[۱] صُلحِ بتاں: سازشِ صلحِ بتاں میں ہے نہاں جنگیدن — نغمہ و چنگ ہیں جوں تیر و کماں فہمیدن ص۳۲۹

سازگار[۲]: شفا ہو آپ کو، غالب کو بندِ غم سے نجات — خدا کرے کہ یہ ایسا ہو سازگار برس ص۲۶۳

ساعت[۳]: دیکھیے ـــــ:(۱)،(۲) شیشۂ ساعت [دوبار]۔(۳) غبارِ شیشۂ ساعت۔

ساعدِ[۴] سیمیں: دیکھ اُس کے ساعدِ سیمیں و دستِ پُرنگار — شاخِ گُل جلتی تھی مثلِ شمع، گُل پروانہ تھا ص۲۵

ساغر[۵]:(۱) خمارِ منتِ ساقی اگر یہی ہے اسدؔ — دلِ گداختہ کے مے کدے میں ساغر کھینچ ص۳۵

(۲) دریا، بساطِ دعوتِ سیلاب ہے اسدؔ — ساغر بہ بارگاہِ دماغِ رسیدہ کھینچ ص۳۶

(۳) ہوا جب حُسن کم، خط برعذارِ سادہ آتا ہے — کہ بعد از صافِ مے ساغر میں دُردِ بادہ آتا ہے ص۹۸

(۴) ساقیا! دے ایک ہی ساغر میں سب کو مے کہ آج — آرزوے بوسۂ لب ہاے مے گوں ہے مجھے ص۱۰۰

(۵) تھی نظر بندی، کیا جب ردِّ سحر — بادۂ گُل رنگ کا ساغر کھلا ص۱۳۹

(۶) تری طرف ہے بہ حسرت نظارۂ نرگس — بہ کوریِ دل و چشمِ رقیب ساغر کھینچ ص۱۶۶

(۷) دل و دیں نقد لا، ساقی سے گر سودا کیا چاہے — کہ اس بازار میں ساغر متاعِ دست گرداں ہے ص۲۱۰

(۸) نے سُبحہ سے علاقہ نہ ساغر سے واسطہ — میں معرضِ مثال میں دستِ بریدہ ہوں ص۲۹۹

(۹) فرو پیچیدنی ہے فرشِ بزمِ عیش گستر کا — دریغا! گردش آموزِ فلک ہے دَورِ ساغر کا ص۳۲۲

(۱۰) تنک ظرفوں کا رتبہ جہد سے برتر نہیں ہوتا — حبابِ مے بہ صد بالیدنی ساغر نہیں ہوتا ص۳۲۵

(۱۱) عیاں کیفیتِ مے خانہ ہے جوے گلستاں میں — کہ مے عکسِ شفق ہے اور ساغر، ہے حباب اُس کا ص۳۲۷

دیکھیے ــــ:(۱۲) انگارِ ساغر۔(۱۳) بادہ و ساغر۔(۱۴) پیالہ و ساغر۔(۱۵) حریفِ نازشِ ہم چشمیِ ساغر۔
(۱۶) خطِ ساغر۔(۱۷) خمیازۂ ساغر۔(۱۸)،(۱۹)،(۲۰) دورِ ساغر [تین بار]۔(۲۱) دورِ گردشِ ساغر۔
(۲۲) دیدۂ ساغر۔(۲۳) ساقیِ کوثر ساغر۔(۲۴) کیفیتِ ساغر۔(۲۵) گردشِ ساغر۔(۲۶) گزرگاہِ خیال
مے و ساغر۔(۲۷) لبِ ساغر۔

ساغرِ بختِ بیدار: ہے تمثالِ پری، نشۂ مینا آزاد — دلِ آئینہ طرب، ساغرِ بختِ بیدار ص۷

---

۱ سازش : ایک بار [مرکب]۔
۲ سازگار : ایک بار۔
۳ ساعت : تین بار [مرکب]۔
۴ ساعد : ایک بار [مرکب]۔
۵ ساغر : چھتیس بار
[مفرد: گیارہ بار، مرکب: پچیس بار]۔

ساغرِ بلور: ہوں تصور ہائے ہوروشی سے بدستِ شراب / حیرتِ آغوشِ خوباں ساغرِ بلور ہے ص ۴۳

ساغرِ بے حوصلۂ دل: کس قدر سازِ دو عالم کو ملی جرأتِ ناز / کہ ہوا ساغرِ بے حوصلۂ دل سرشار ص ۴

ساغرِ بے مُل: ساقی و تعلیمِ رنج، محفل و تمکینِ گراں / سیلیِ اُستاد ہے ساغرِ بے مُل ہنوز ص ۴۳

ساغرِ تسلی: دیکھیے: صد ساغرِ تسلی۔

ساغرِ جلوہ: دیکھیے: خطِ ساغرِ جلوہ۔

ساغرِ جلوۂ سرشار: ساغرِ جلوۂ سرشار ہے ہر ذرۂ خاک / شوقِ دیدار بلا آئنہ ساماں نکلا ص ۳

ساغرِ جم: اور بازار سے لے آئے، اگر ٹوٹ گیا / ساغرِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے ص ۲۲۹

ساغرِ خالی: (۱) وہمِ طرب ہستی ایجاد سیہ مستی / تسکیں دو صد محفل یک ساغرِ خالی ہے ص ۱۱۵

(۲) زندگی میں بھی رہا ذوقِ فنا کا مارا / نشہ بخشا غضب اس ساغرِ خالی نے مجھے ص ۲۲۰

ساغرِ خرشید: دوست اس سلسلۂ ناز کے جوں سنبل و گل / ابر سے خانہ کریں ساغرِ خرشید شکار ص ۷

ساغرِ راقم: دیکھیے: خطِ ساغرِ راقم۔

ساغرِ زانو: بہ ہنگامِ تصور ساغرِ زانو سے پیتا ہوں / مَے کیفیتِ خمیازہ ہائے صبحِ آغوشاں ص ۲۲۹

ساغرِ زخمِ جگر: درد، آئنہ کیفیتِ صد رنگ ہے، یارب! / خمیازہ طرب ساغرِ زخمِ جگر آوے ص ۱۱۳

ساغرِ سرشارِ دوست: چشمِ ما روشن! کہ اُس بیدرد کا دل شاد ہے / دیدۂ پُرخوں ہمارا ساغرِ سرشارِ دوست ص ۱۹۳

ساغرِ سیمیں: انجمِ چرخ، گوہر آگیں فرش / نورِ مے، ماہ ساغرِ سیمیں ص ۲۸۰

ساغرِ شبنم: کس قدر عرض کروں ساغرِ شبنم یارب! / موجۂ سبزۂ نوخیز ہے لبریزِ خمار ص ۳

ساغرِ شراب: وحشت بہار نشہ و گل ساغرِ شراب / چشمِ پری شفق کدۂ راز ہے مجھے ص ۹۷

ساغرِ صد جلوۂ رنگیں: دیکھیے: گردشِ ساغرِ صد جلوۂ رنگیں۔

ساغرِ غفلت: دیکھیے: دُردِ یک ساغرِ غفلت۔

ساغرکشِ تسلیم: اسدؔ! ساغرکشِ تسلیم ہو گردش سے گردوں کی / کہ ننگِ فہمِ مستاں ہے گلہ بد روزگاری کا ص ۱۹

ساغرکشِ حال: بعد از اتمامِ بزمِ عیدِ اطفال / ایامِ جوانی رہے ساغرکشِ حال

آپہنچے ہیں تا سوادِ اقلیمِ عدم / اے عمرِ گزشتہ! یک قدم استقبال! ص ۲۵۲

ساغرکشِ خونِ آرزو: سامانِ ہزار جستجو، یعنی دل — ساغر کشِ خونِ آرزو، یعنی دل
پشت و رُخِ آئینہ ہے دین و دنیا — منظور ہے دو جہاں سے تو، یعنی دل ص۱۱۷

ساغرکشِ داغِ پلنگ: جنونِ بیکسی ساغرکشِ داغِ پلنگ آیا — شرر کیفیتِ مے، سنگ محوِ نازِ مینائی ص۹۳

ساغرِ مُل: دیکھیے: خطِ ساغرِ مُل۔

ساغرِ مے خانۂ نیرنگ: ذرہ ذرہ ساغرِ مے خانۂ نیرنگ ہے — گردشِ مجنوں بہ چشمک ہائے لیلا آشنا ص۱۳۹

ساغرِ مۓ رنجِ خمار: کیفیتِ ہجومِ تمنا رسا، اسدؔ — خمیازہ، ساغرِ مۓ رنجِ خمار ہے ص۹۰

ساغر و مینا: (۱) پیدا کریں دماغِ تماشائے سرو و گل — حسرت کشوں کو ساغر و مینا نہ چاہیے ص۸۲
(۲) گو ہاتھ کو جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے — رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے ص۲۲۹

سافل[1] و عالی: ہوں شاد نہ کیوں سافل و عالی باہم — ہے اب کے شبِ قدر و دوالی باہم ص۲۵۳

ساقیِ[2] گل رنگ: ساقیِ گل رنگ سے اور آئنۂ زانو سے — جامہ زیبوں کے سدا ہیں تہِ داماں گل و صبح ص۳۷

ساقی[3]: (۱) تو وہ ساقی ہے کہ ہر موجِ محیطِ تنزیہ — کھینچے خمیازے میں، تیرے لبِ ساغر کا خمار ص۹
(۲) ساقی نے از بہرِ گریباں چاکیِ موجِ بادۂ ناب — تارِ نگاہِ سوزنِ مینا رشتۂ خطِ جام کیا ص۲۷
(۳) ساقی و تعلیمِ رنجِ محفل و تمکیں گراں — سیلیِ استاد ہے ساغرِ بے مُل ہنوز ص۳۳
(۴) ہے یاس میں اسد کو ساقی سے بھی فراغت — دریا سے خشک گزری مستوں کی تشنہ کامی ص۵۷
(۵) ساقی! بہار موسمِ گل ہے سرور بخش — پیماں سے ہم گزر گئے، پیمانہ چاہیے ص۸۲
(۶) دریائے مے ہے ساقی لیکن خمار باقی — تا کوچہ دادنِ موجِ خمیازہ آشنا ہے ص۹۳
(۷) اے خوشا! وقتے کہ ساقی یک خمستاں وا کرے — تار و پودِ فرشِ محفل پنبۂ مینا کرے ص۱۰۱
(۸) لائے ساقی نے صبوحی کے لیے — رکھ دیا ہے ایک جامِ زر کھلا ص۱۳۹
(۹) بقدرِ ظرف ہے ساقی! خمارِ تشنہ کامی بھی — جو تو دریائے مے ہے، تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا ص۱۴۸
(۱۰) حریفِ جوششِ دریا نہیں خودداریِ ساحل — جہاں ساقی ہو تو، باطل ہے دعویٰ ہوشیاری کا ص۱۴۸
(۱۱) میں اور بزمِ مے سے یوں تشنہ کام آؤں! — گر میں نے کی تھی توبہ، ساقی کو کیا ہوا تھا؟ ص۱۵۸
(۱۲) لے گئی ساقی کی نخوت قلزم آشامی مری — موجِ مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں ص۱۸۵

---

[1] سافل : ایک بار [مرتب]۔
[2] ساقی : ایک بار [مرتب]۔
[3] ساقی : چھیالیس بار [مفرد: بیس بار، مرتب: چھبّیس بار]۔
ساقی گری : ایک بار۔ ساقی گری : ایک بار۔

(۱۳) مجھ تک کب اُن کی بزم میں آتا تھا دورِ جام — ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں! ص ۱۸۸

(۱۴) مے پرستاں! خُمِ مے مُنہ سے لگائے ہی بنے — ایک دن گر نہ ہوا بزم میں ساقی، نہ سہی ص ۲۰۹

(۱۵) دل و دیں نقد لا، ساقی سے گر سودا کیا چاہے — کہ اس بازار میں ساغر، متاعِ دست گرداں ہے ص ۲۱۰

(۱۶) پلا دے اوک سے ساقی جو ہم سے نفرت ہے — پیالہ گر نہیں دیتا، نہ دے، شراب تو دے ص ۲۲۳

(۱۷) ساقی بہ جلوہ دشمنِ ایمان و آگہی — مطرب بہ نغمہ رہزنِ تمکین و ہوش ہے ص ۲۳۰

(۱۸) دیدارِ بادہ، حوصلہ ساقی، نگاہ مست — بزمِ خیال مے کدۂ بے خروش ہے ص ۲۳۰

(۱۹) کہتے ہوئے ساقی سے حیا آتی ہے ورنہ — ہے یوں کہ مجھے دُردِ تہِ جام بہت ہے ص ۲۳۵

(۲۰) نہاں کیفیتِ مے میں ہے سامانِ حجاب اُس کا — بنا ہے پنبۂ مینا سے ساقی نے نقاب اُس کا ص ۲۳۷

دیکھیے ——: (۲۱) تغافل ہائے ساقی۔ (۲۲) چشمِ ساقی۔ (۲۳) چشم و دلِ ساقی۔ (۲۴) حسرتِ جلوۂ ساقی۔ (۲۵) خطِ رخسارِ ساقی۔ (۲۶) خمارِ شوقِ ساقی۔ (۲۷) خمارِ منتِ ساقی۔ (۲۸) دماغِ غفلتِ ساقی۔ (۲۹) ذوقِ غفلتِ ساقی۔ (۳۰) غرورِ لطفِ ساقی۔ (۳۱) لبِ ساقی۔ (۳۲) لطفِ خرامِ ساقی۔ (۳۳) نظرگاہِ گلستانِ خیالِ ساقی۔

ساقیِ خورشیدرو: ہو جہاں وہ ساقیِ خورشید رو مجلس فروز — وھاں اسدؔ! تارِ شعاعِ مہر، خطِ جام ہے ص ۱۰۱

ساقیِ کوثر: (۱) کب تلک پھیرے اسدؔ لب ہائے تفتہ پر زباں — تابِ عرضِ تشنگی اے ساقیِ کوثر! نہیں ص ۶۶

(۲) کل کے لیے کر آج نہ خسّت شراب میں — یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں ص ۱۸۹

دیکھیے ——: (۳) تر زبانِ لطفِ شکرِ ساقیِ کوثر۔ (۴) دریا بخشیِ ساقیِ کوثر۔ (۵) عشقِ ساقیِ کوثر۔ (۶) غلامِ ساقیِ کوثر۔ (۷) ولائے ساقیِ کوثر۔

ساقیِ کوثر ساغر: جوشِ طوفانِ کرم، ساقیِ کوثر ساغر — نہ فلک، آئنۂ ایجادِ کفِ گوہر بار ص ۳

ساقیِ گردوں: ہے عشرت کی خواہش ساقیِ گردوں سے کیا کیجے — لیے بیٹھا ہے اک دو چار جامِ واژگوں وہ بھی ص ۲۰۲

ساقی گری: ساقی گری کی شرم کرو آج، ورنہ ہم — ہر شب پیا ہی کرتے ہیں مے جس قدر ملے ص ۲۳۶

ساقیِ مخموری تابِ دیوار: جس ادب گاہ میں تو آئنۂ شوخی ہو — جلوہ، ہے ساقیِ مخموریِ تابِ دیوار ص ۷

ساقیِ مست: دیکھیے: مجملِ بدوشِ شوخیِ ساقیِ مست۔

ساقیِ سروَش: کہاں ہے ساقیِ سروَش، کہاں ہے ابرِ مطیر — بیار، لا ہے بہ گلنار گوں، بہار، برس ص۲۶۳

ساقیا: (۱) بہ سنگِ شیشہ توڑوں ساقیا! پیمانۂ پیماں — اگر ابرِ سیہ مست از سوے کہسار ہو پیدا ص۳۱

(۲) ساقیا! اُٹھ ایک ہی ساغر میں سب کو دے، کہ آج — آرزوے بوسۂ لب ہاے مے گوں ہے مجھے ص۱۰۰

ساکنانِ خطۂ خاک[۱]: (۱) دیکھو اے ساکنانِ خطۂ خاک — اس کو کہتے ہیں عالم آرائی ص۲۵۱

(۲) مقامِ شکر ہے اے ساکنانِ خطۂ خاک — رہا ہے زور سے ابرِ ستارہ بار برس ص۲۶۳

ساکنانِ کوچۂ دلدار: اے ساکنانِ کوچۂ دلدار، دیکھنا! — تم کو کہیں جو غالبؔ آشفتہ سر ملے ص۲۳۷

سال[۲]: (۱) کچھ خریدا نہیں ہے اب کے سال — کچھ بنایا نہیں ہے اب کی بار ص۱۲۶

(۲) مجھ کو دیکھو کہ ہوں بہ قیدِ حیات — اور چھماہی ہو سال میں دو بار ص۱۲۷

(۳) ہوئی ہے ایسے ہی فرخندہ سال میں غالبؔ — نہ کیوں ہو مادّۂ سالِ عیسوی "محظوظ" ۱۸۵۴ء ص۱۲۹

(۴) رفتارِ عمر، قطعِ رہِ اضطراب ہے — اِس سال کے حساب کو برق، آفتاب ہے ص۲۰۶

(۵) دیکھیے، پاتے ہیں عشاق بُتوں سے کیا فیض! — اک برہمن نے کہا ہے کہ یہ سال اچھا ہے ص۲۳۹

(۶) اُن کو غالبؔ یہ سال اچھا ہے — جو اِنتہ کے ہیں تولائی ص۲۶۳

(۷) گرہ کی ہے یہی گنتی کہ تا بہ روزِ شمار — ہوا کرے گی ہر اک سال آشکار گرہ ص۲۷۸

دیکھیے ـــــــ: (۸) فکرِ تاریخِ سال۔ (۹) ماہ و سال۔ (۱۰) سہ و سال۔

سال بہ سال: اُنھیں کی سالگرہ کے لیے ہے سال بہ سال — کہ لائے غیب سے غنچوں کی نوبہار گرہ ص۲۷۹

سالِ تمام: (۱) کل اُس کتاب کے سالِ تمام میں جو مجھے — کمالِ فکر میں دیکھا خرد نے بے آرام ص۲۶۳

(۲) لکھا ہے "نسخۂ تحفہ" ۱۲۷۹ھ، یہی ہے سالِ تمام ص۲۶۳

سالِ عندلیب: دیکھیے: ماہ و سالِ عندلیب۔

سالِ عیسوی: دیکھیے: مادّۂ سالِ عیسوی۔

سالِ فرخی آئیں: مرحبا! سالِ فرخی آئیں — عیدِ شوّال و ماہِ فروردیں ص۲۸۰

سال و ماہ: ہے بہ یادِ زلفِ مشکیں سال و ماہ — روزِ روشن، شام آں سوے خیال ص۵۱

---

[۱] ساکنان : تین بار [مرکب]۔
[۲] سال : سترہ بار [مفرد: سات بار، مرکب: دس بار]۔

سال بہ سال : ایک بار۔

سالِ ہجری: سال ہجری تو ہوگیا معلوم — ہے شمولِ عبارت آرائی ص۲۶۲

سالگرہ[1]: (۱) انھیں کی سالگرہ کے لیے ہے سال بہ سال ص۲۷۹

(۲) انھیں کی سالگرہ کے لیے بناتا ہے ص۲۷۹

(۳) انھیں کی سالگرہ کی یہ شادمانی ہے ص۲۷۹

(۴) انھیں کی سالگرہ کے لیے ہے یہ توقیر ص۲۷۹

سام[2]: بزم میں میزبانِ قیصر و جم — رزم میں اوستادِ رستم و سام ص۱۳۷

سامان[3]: (۱) نظرے سوے گلستاں، نہیں غیر شیشہ ساماں — جو گدازِ دل ہو مطلب، تو چمن ہے سنگ جانی ص۹

(۲) بہار رنگِ خونِ گل ہے، ساماں اشک باری کا — جنونِ برق، نشتر ہے رگِ ابرِ بہاری کا ص۱۸

(۳) نہ بخشی فرصتِ یک شبنمستاں جلوۂ خور نے — تصور نے کیا ساماں ہزار آئینہ بندی کا ص۲۶

(۴) دیا داغِ جگر کو آہ نے ساماں شگفتن کا — نہ ہو بالیدہ، غیر از جنبشِ دامانِ بادِ آتش ص۲۷

(۵) ہجومِ گریہ کا سامان کب کیا میں نے — کہ گر پڑے نہ مرے پانو پر در و دیوار ص۱۶۷

(۶) باہم دگر ہوئے ہیں دل و دیدہ پھر رقیب — نظارہ و خیال کا ساماں کیے ہوئے ص۲۲۵

(۷) دوڑے ہے پھر ہر ایک گل و لالہ پر خیال — صد گلستاں، نگاہ کا ساماں کیے ہوئے ص۲۲۶

دیکھیے ——: (۸) آئنہ ساماں۔ (۹) باوصفِ ساماں۔ (۱۰) بہار ساماں۔ (۱۱) داغ ساماں۔ (۱۲) وحشت ساماں۔ (۱۳) سوداگری ساماں۔ (۱۴) شوق سامان۔ (۱۵) طبع نزاکت ساماں۔

سامانِ آسائش: دام گاہِ عجز میں سامانِ آسائش کہاں — پرفشانی بھی فریبِ خاطرِ آسودہ ہے ص۱۰۳

سامانِ بدساز: دیکھیے: نوا سامانِ بدساز۔

سامانِ بیتابی: محو آرامیدگی، سامانِ بیتابی کرے — چشم میں توڑے نمک داں، تا شکر خوابی کرے ص۱۰۶

سامانِ پیرہن: فالِ ہستی، خار خارِ وحشتِ اندیشہ ہے — شوخیِ سوزن ہے ساماں پیرہن کی فکر میں ص۹۳

سامانِ طرازِ نازشِ اربابِ عجز: شوق، ہے ساماں طرازِ نازشِ اربابِ عجز — ذرہ، صحرا دستگاہ و قطرہ، دریا آشنا ص۱۳۹

سامانِ جمعیت: پریشانی، اسدؔ در پردہ ہے سامانِ جمعیت — کہ ہے آبادیِ صحرا، ہجومِ خانہ بردوشاں ص۳۲۹

سامانِ جنوں: نے صبا بالِ پری، نے شعلہ سامانِ جنوں — شمع سے جز عرضِ افسونِ گدازِ دل نہ پوچھ ص۴۲

---

۱ سالگرہ : چار بار۔

۲ سام : ایک بار [مرتب]۔

۳ سامان : سینتیس بار [نظم: سات بار، مرتب: تیس بار]۔

سامانِ چمن بالیدن: گلشن زخم کھلاتا ہے چمن میں پیکاں گرو غنچہ، ہے سامانِ چمن بالیدن ص۲۵۰

سامانِ حجاب: نہاں کیفیتِ مے میں ہے سامانِ حجاب اُس کا بُنا ہے پنبۂ مینا سے ساقی نے حجاب اُس کا ص۴۳۶

سامانِ خور و خواب: سامانِ خور و خواب کہاں سے لاؤں آرام کے اسباب کہاں سے لاؤں ص۲۵۳

سامانِ خوں ریزی: رزم میں ستم کوشوں کے، ہے سامانِ خوں ریزی سرشکِ چشمِ یار، آبِ دمِ شمشیرِ ابرو ہے ص۹۸

سامانِ دعا: کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنا! سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دعا ہیچ ص۳۶

سامانِ رشک: ہم نشینی رقیباں گرچہ ہے سامانِ رشک لیکن اُس سے ناگوارا تر ہے بدنامی تری ص۹۳

سامانِ زنگ: صفائے حیرتِ آئینہ، ہے سامانِ زنگ آخر تغیرِ آبِ بر جا ماندہ کا، پاتا ہے رنگ آخر ص۱۶۸

سامانِ صد ہزار نمک داں: پھر پرسشِ جراحتِ دل کو چلا ہے عشق سامانِ صد ہزار نمک داں کیے ہوئے ص۲۲۵

سامانِ عیش و جاہ: نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی ہوا جامِ زمرد بھی مجھے داغِ پلنگ آخر ص۱۶۸

سامانِ نازِ زخمِ دل: گردِ راہِ یار، ہے سامانِ نازِ زخمِ دل ورنہ ہوتا ہے جہاں میں کس قدر پیدا نمک ص۱۶۵

سامانِ نظر: دیکھیے: برق سامانِ نظر۔

سامانِ وجود: ہے تجلی تری، سامانِ وجود ذرہ، بے پرتوِ خُرشید نہیں ص۱۸۳

سامانِ ہزار جستجو: سامانِ ہزار جستجو یعنی دل ساغر کشِ خونِ آرزو، یعنی دل ص۱۱۷

سامانِ یک خوابِ پریشاں: اسدؔ، جمعیتِ دل در کنارِ بے خودی خوش تر دو عالم آگہی، سامانِ یک خوابِ پریشاں ہے ص۸۱

سامانِ یک عالم چراغاں: شررِ فرصت نگہ، سامانِ یک عالم چراغاں ہے بقدرِ رنگ یھاں گردش میں ہے پیمانہ محفل کا ص۱۷

سامع[1] زمزمۂ اہلِ جہاں: سامعِ زمزمۂ اہلِ جہاں ہوں، لیکن نہ سرو برگِ ستائش، نہ دماغِ نفریں ص۳۲

سامنا[2]: سامنا حور و پری نے نہ کیا ہے نہ کریں عکس تیرا ہی مگر تیرے مقابل آئے ص۳۱۲

سامنے[3]: (۱) غیر سے رات کیا بنی؟ یہ جو کہا، تو دیکھیے: سامنے آن بیٹھنا اور یہ دیکھنا کہ یوں ص۱۶۸

(۲) جو آؤں سامنے اُن کے تو "مرحبا" نہ کہیں جو جاؤں وھاں سے کہیں کو تو "خیر باد" نہیں ص۱۹۲

(۳) دشنۂ غمزہ جاں ستاں، ناوکِ ناز بے پناہ تیرا ہی عکسِ رخ سہی سامنے تیرے آئے کیوں ص۱۹۳

---

۱ سامع : ایک بار [مرتب]۔

۲ سامنا : ایک بار۔

۳ سامنے : تین بار۔

سانپ[1]: (۱)،(۲) شبِ فراق میں یہ حال ہے اذیّت کا — کہ سانپ فرش ہے اور سانپ کا ہے مَن، تکیہ — ص ۳۰۳

(۳) کہے تو شب کہیں، کاٹے تو سانپ کہلاوے — کوئی بتاؤ کہ وہ زلفِ خم بہ خم کیا ہے؟ — ص ۳۱۱

سانٹھ[2]: اب تو مل جائے گی تیری ان سے سانٹھ — لیکن آخر کو پڑے گی ایسی گانٹھ — ص ۲۶۶

سانس[3]: کہاں مجالِ سخن، سانس لے نہیں سکتا — پڑی ہے غم کی مرے دل میں پیچ دار گرہ — ص ۲۷۹

ساون[4]: جس طرح باغ میں ساون کی گھٹائیں برسیں — ہے اُسی طور پہ یعنی دجلہ فشاں دستِ کرم — ص ۲۹۵

ساہوکار[5]: میری تنخواہ میں چہارم کا — ہوگیا ہے شریک ساہوکار — ص ۱۲۹

سائل[6]: (۱) چھوڑی اسدؔ نہ ہم نے گدائی میں دل لگی — سائل ہوئے، تو عاشقِ اہلِ کرم ہوئے — ص ۲۲۷

دیکھیے ——— :(۲) جبہۂ سائل۔ (۳) جاسائل۔ (۴) طلسمِ دلِ سائل۔

سائلوں: کوئی اس کا جواب دو صاحب — سائلوں کا ثواب لو صاحب — ص ۲۹۳

سایہ[7]: (۱) شورِ حشر اُس فتنہ قامت کے حضور — سایہ آسا ہوگیا ہے پایمال — ص ۵۱

(۲) بہرِ پرورِدن، سراسر لطف گستر سایہ ہے — پنجۂ مژگاں، بہ طفلِ اشک دستِ دایہ ہے — ص ۱۰۳

(۳) خوابِ غفلت بہ کمیں گاہِ نظر پنہاں ہے — شام سایے میں بہ تاراجِ سحر پنہاں ہے — ص ۱۰۹

(۴)،(۵)،(۶) خلق پر وہ خدا کا سایہ ہے — سایہ اُس کا، خدا کا سایہ ہے — ص ۱۳۱ [تین بار]

(۷) طرزِ عشق میں کی ضعف نے راحت طلبی — ہر قدم سایے کو میں اپنے، شبستاں سمجھا — ص ۱۳۷

(۸) نہیں ہے سایہ، کہ سُن کر نویدِ مقدمِ یار — گئے ہیں چند قدم پیش تر در و دیوار — ص ۱۹۷

(۹) وہ آرہا مرے ہمسایے میں تو سایے سے — ہوئے فدا در و دیوار پر در و دیوار — ص ۱۹۷

(۱۰) بے خودی، بسترِ تمہیدِ فراغت ہو جو! — پُر ہے سایے کی طرح میرا شبستاں مجھ سے — ص ۲۱۱

(۱۱) وحشتِ آتشِ دل سے شبِ تنہائی میں — صورتِ دُود رہا سایہ گریزاں مجھ سے — ص ۲۱۱

(۱۲) بیکسی ہائے شبِ ہجر کی وحشت، ہے ہے! — سایہ، خورشیدِ قیامت میں ہے پنہاں مجھ سے — ص ۲۱۲

---

۱ سانپ : دو بار۔
۲ سانٹھ : ایک بار۔
۳ سانس : ایک بار۔
۴ ساون : ایک بار۔
۵ ساہوکار : ایک بار۔
۶ سائل : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔
سائلوں : ایک بار۔
۷ سایہ : اَڑتالیس بار [مفرد: سولہ بار، مرکب: بتّیس بار]۔

(۱۳) اے پرتوِ خرشید جہاں تاب! اِدھر بھی — سایے کی طرح ہم پہ عجب وقت پڑا ہے — ص ۲۱۹

(۱۴) سایہ میرا مجھ سے مثلِ دُود بھاگے ہے اسدؔ — پاس مجھ آتش بجاں کے کس سے ٹھہرا جائے ہے — ص ۲۲۲

(۱۵) عجب نشاط سے جلّاد کے چلے ہیں ہم آگے — کہ اپنے سایے سے سر، پانْو سے ہے دو قدم آگے — ص ۲۲۷

(۱۶) سایے کی طرح ساتھ پھریں سرو و صنوبر — تو اس قدِ دل کش سے جو گلزار میں آوے — ص ۲۳۳

دیکھیے ـــــــ: (۱۷)، (۱۸) رنگِ سایہ [دوبار]۔ (۱۹)، (۲۰) زیرِ سایہ [دوبار]۔

سایہ نشیں: دیکھیے: گدائے سایہ نشیں۔

سایہ دَوْر: دیکھیے ـــــــ: (۱) مفیضِ وجودِ سایہ دَوْر۔ (۲) نمودِ سایہ دَوْر۔

سایۂ اُفتادگیِ بالین و بستر: سایۂ اُفتادگیِ بالین و بستر ہوں اسدؔ — جوں صنوبر دل سراپا قامت آرائی نہیں — ص ۶۵

سایۂ بالِ ہُما: دیکھیے ـــــــ: (۱) داغِ سایۂ بالِ ہُما۔ (۲) وبالِ سایۂ بالِ ہما۔

(۳) یک بیاباں سایۂ بالِ ہُما۔

سایۂ تاک: پوچھ مت وجہ سیہ مستیِ اربابِ چمن — سایۂ تاک میں ہوتی ہے ہُوا، موجِ شراب — ص ۱۹۳

سایۂ تیغ: سایۂ تیغ کو دیکھ اُس کے، بہ ذوقِ یک زخم — سینۂ سنگ پہ کھینچے ہے الف، بالِ شرار — ص ۴

سایۂ دیوار: (۱) خانماں ہا پایمالِ شوخیِ دعویٰ اسدؔ — سایۂ دیوار، سیلابِ در و دیوار ہے — ص ۸۳

(۲) آرزوے خانہ آبادی نے ویراں تر کیا — کیا کروں گر سایۂ دیوار سیلابی کرے — ص ۱۰۰

سایۂ دیوارِ یار: بیٹھا ہے جو کہ سایۂ دیوارِ یار میں — فرماں روا ے کشورِ ہندوستان ہے — ص ۲۰۳

سایۂ شاخِ گل: باغ، پاکر خفقانی یہ ڈراتا ہے مجھے — سایۂ شاخِ گل، افعی نظر آتا ہے مجھے — ص ۲۱۶

سایۂ گل: (۱) سایۂ گل داغ و جوشِ نکہتِ گل، موجِ دُود — رنگ کی گرمی ہے تاراجِ چمن کی فکر میں — ص ۹۳

(۲) ہندوستان سایۂ گل پاے تخت تھا — جاہ و جلالِ عہدِ وصالِ بتاں نہ پوچھ — ص ۷۰

(۳) وہ نہا کر آبِ گل سے سایۂ گل کے تلے — بال کس گرمی سے سُکھلاتا تھا سُنبل کے تلے — ص ۴۵۲

(۴) دیکھیے: مثلِ سایۂ گل۔

سایۂ گلزار: سرمایۂ وحشت ہے دلا! سایۂ گلزار — ہر سبزۂ نوخاستہ، یہاں بالِ پری ہے — ص ۴۵۳

سایۂ لالۂ بے داغ: ساز یک ذرّہ نہیں فیضِ چمن سے بیکار — سایۂ لالۂ بے داغ، سویداے بہار — ص ۱۳۲

سبب[۱]: (۱) عیادت سے اسدؔ میں بیش تر بیمار رہتا ہوں | سبب ہے ناخنِ دخلِ عزیزاں سینہ خستن کا ص ۲۷

(۲) سبب وارستگاں کو ننگِ ہمت ہے، خداوندا! | اثر سرمے سے اور لب ہائے عاشق سے صدا گم ہو ص ۶۸

(۳) بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں، ورنہ | سبب کیا خواب میں آ کر تبسم ہائے پنہاں کا؟ ص ۱۵۷

(۴) دیکھیے: پائے سبب۔ [مزید دیکھیے: بے سبب]۔

سببِ اعتبار: جوں اعتماد نامہ وخط کا ہو مہر سے | یوں عاشقوں میں ہے سببِ اعتبار داغ ص ۴۸

سببِ سوختنِ جاں: گرمی ہے زباں کی سببِ سوختنِ جاں | ہر شمعِ شہادت کو ہے یہاں سر بسر انگشت ص ۳۲

سببِ ضبط: فکرِ پروازِ جنوں ہے، سببِ ضبط نہ پوچھ | اشک جوں بیضہ مژہ سے تہِ پر پنہاں ہے ص ۱۰۹

سببِ گفت وبیاں: خواہشِ دل ہے زباں کو سببِ گفت و بیاں | ہے سخن، گرد ز دامانِ ضمیر افشاندہ ص ۱۷

سبھوں: گو تم کو رضا جوئیِ اغیار ہے، لیکن | جاتی ہے ملاقات کب ایسے سبھوں سے ص ۴۷

سُبحہ[۲]: (۱) سُبحہ واماندگیِ شوق و تماشا منظور | جادے پر زیورِ صد آئنہ منزل باندھا ص ۱۳

(۲) اے جادے! بہ سر رشتۂ یک ریشہ دویدن | شیرازۂ صد آبلہ جوں سُبحہ بہم باندھ ص ۱۷

(۳) لغزشِ پا کو ہے بلد نغمۂ ''یا علی مدد'' | ٹوٹے گر آئنہ اسدؔ سبحہ کو خوں بہا سمجھ ص ۴۳

(۴) نے سبحہ سے علاقہ نہ ساغر سے واسطہ | میں معرضِ مثال میں دستِ بریدہ ہوں ص ۲۹۹

(۵) بن گیا سبحہ وہ زنار، خدا خیر کرے! | وہ جو نازک ہے کمر، اُس پہ بہت دل آئے ص ۳۱۲ [طبع ثانی]

دیکھیے ——:(۶) شمارِ سبحہ۔ (۷) یک سبحۂ اسرارِ نیاز۔

سبحہ شمار: لیکن اِس رشتۂ تحریر میں سر تا سرِ فکر | ہوں بقدرِ عددِ حرفِ علی سبحہ شمار ص ۹

سبحہ گرداں: سبحہ گرداں ہے اُسی کے کفِ اُمید کا ابر | ہم سے جس کے صبا توڑے ہے صد جا زنار ص ۳

سبحہ گردانی: دیکھیے: مجالِ سبحہ گردانی۔

سبحہ و زنار: نہیں کچھ سبحہ و زنار کے پھندے میں گیرائی | وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمائش ہے ص ۲۲۳

سبحۂ تحقیق: دیکھیے: جنونِ سبحۂ تحقیق۔

سبحۂ زاہد: یاد ہے شادی میں بھی ہنگامۂ یارب مجھے | سبحۂ زاہد ہوا ہے خندہ زیرِ لب مجھے ص ۲۱۳

---

[۱] سبب : آٹھ بار [مفرد: تین بار، مرکب: پانچ بار]۔
سبھوں : ایک بار۔

[۲] سبحہ : پندرہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: دس بار]۔

سبحۂ صد دانہ: زنّار باندھ، سبحۂ صد دانہ توڑ ڈال — رہرو چلے ہے راہ کو ہموار دیکھ کر — ص۱۶۹

سبحۂ عرضِ دو عالم: کسوتِ تاک میں ہے نشۂ ایجادِ ازل — سبحۂ عرضِ دو عالم بہ کفِ آبلہ دار — ص۳

سبد[1] گل: سبدِ گل کے تلے بند کرے ہے گلچیں — مژدہ اے مرغ! کہ گلزار میں صیاد نہیں — ص۱۸۶

سبز[2]: (۱) جائے حیرت ہے کہ گلبازیِ اندیشۂ شوق — اس زمیں میں نہ کرے سبز قلم کی رفتار — ص۳

(۲) پشتِ لب تُہمتِ خط کھینچے ہے بیجا، یعنی — سبز ہے موجِ تبسم بہ ہوائے گفتار — ص۳

(۳) انگور سعی بے سر و پائی سے سبز ہے — غالبؔ بہ دوشِ دل خُمِ مستاں اُٹھائیے — ص۲۷

(۴) سبز ہے جامِ زمرد کی طرح داغِ پلنگ — تازہ ہے ریشۂ نارنج صفت روئے شرار — ص۳۲

(۵) کھینچے گر مانیِ اندیشہ چمن کی تصویر — سبز مثلِ خطِ نوخیز ہو خطِ پرکار — ص۳۲

(۶) تا کہ تجھ پر کھلے اعجاز ہوائے صیقل — دیکھ برسات میں سبز آئنے کا ہو جانا — ص۱۵۶

دیکھیے ——: (۷) جوہر ایجادِ خطِ سبز۔ (۸) حُسنِ سبز۔ (۹)، (۱۰) خطِ سبز [دو بار]۔ (۱۱) خطِ سبز۔ (۱۲) سروِ سبز جوئبارِ نغمہ۔ (۱۳) عصائے سبز۔

سبزہ[3]: (۱) کشتۂ افعیِ زلفِ سیہِ شیریں کو — بیستوں، سبزے سے ہے سنگِ زمرد کا مزار — ص۲

(۲) شوخیِ نیرنگ صیدِ وحشتِ طاؤس ہے — دام سبزے میں ہے پروازِ چمن تسخیر کا — ص۱۱

(۳) ربطِ یک شیرازۂ وحشت ہیں اجزائے بہار — سبزہ بیگانہ، صبا آوارہ، گل ناآشنا — ص۱۹

(۴) بیگانۂ وفا ہے ہوائے چمن ہنوز — وہ سبزہ سنگ پر نہ اُگا، کوہکن ہنوز — ص۴۲

(۵) سبزہ ہے نوکِ زبانِ دہنِ گور ہنوز — حسرتِ عرضِ تمنا میں ہوں رنجور ہنوز — ص۴۵

(۶) آئنہ، دام کو سبزے میں چھپاتا ہے عبث — کہ پری زادِ نظر قابلِ تسخیر نہیں — ص۵۶

(۷) دام گر سبزے میں پنہاں کیجیے، طاؤس ہو — جوشِ نیرنگِ بہار عرضِ صحرا دادہ ہے — ص۸۹

(۸) ہے عجب مُردوں کو غفلت ہائے اہلِ دہر سے — سبزہ، جوں انگشتِ حیرت در دہانِ گور ہے — ص۹۳

(۹) شکلِ طاؤس گرفتار بنایا ہے مجھے — ہوں وہ گُل دام کہ سبزے میں چھپایا ہے مجھے — ص۱۰۷

(۱۰) جو آئے، جام بھر کے پیے اور ہو کے مست — سبزے کو روندتا پھرے، پھولوں کو جائے پھاند — ص۱۲۸

---

۱ سبد : ایک بار [مرکب]۔

۲ سبز : تیرہ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: سات بار]۔

۳ سبزہ : چونتیس بار [مفرد: چودہ بار، مرکب: بیس بار]۔

(۱۱) اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ، ویرانی تماشا کر — مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے درباں کا — ص۱۵۷

(۱۲) جوہرِ تیغ بہ سر چشمۂ دیگر معلوم! — ہوں میں وہ سبزہ کہ زہراب اُگاتا ہے مجھے — ص۲۱۹

(۱۳) اُگ رہا ہے در و دیوار سے سبزہ غالبؔ — ہم بیاباں میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے — ص۲۳۳

(۱۴) سبزے کو جب کہیں جگہ نہ ملی — بن گیا روئے آب پر کائی — ص۲۵۱

(۱۵) بسانِ سبزہ رگِ خواب ہے زباں ایجاد — کرے ہے خامشی احوالِ بے خوداں پیدا — ص۲۲۶

(۱۶) صبح دم باغ میں اور آجائے، جسے ہو نہ یقیں — سبزہ و برگِ گل و لالہ پہ دیکھے شبنم — ص۲۱۵

دیکھیے ——: (۱۷) دامِ تہِ سبزہ۔ (۱۸) رنگِ سبزہ۔ (۱۹) عرضِ سبزہ۔

سبزہ و گل: (۱) سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں؟ — ابر کیا چیز ہے؟ ہوا کیا ہے؟ — ص۲۳۸

(۲) سبزہ و گل کے دیکھنے کے لیے — چشمِ نرگس کو دی ہے بینائی — ص۲۵۱

سبزۂ بیگانہ: (۱) گو بہ وقتِ قتل حقِ آشنائی اے نگاہ! — خنجرِ زہراب دادہ سبزۂ بیگانہ تھا — ص۲۵

(۲) دیکھیے: آشنا تعبیرِ خوابِ سبزۂ بیگانہ۔

(۳) چمنِ دہر میں ہوں سبزۂ بیگانہ اسدؔ — وائے! اے بے خودی و تہمتِ آرامیدن! — ص۲۵۰

سبزۂ خط: (۱) کرے ہے حُسنِ خوباں پردے میں مشاطگی اپنی — کہ ہے تہ بندیِ خط، سبزۂ خط در تہِ لب ہا — ص۲۳

(۲) سبزۂ خط سے ترا کاکلِ سرکش نہ دبا — یہ زمرد بھی حریفِ دمِ افعی نہ ہوا — ص۱۳۲

(۳) نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے — لگاوے خانۂ آئینہ میں روئے نگار آتش — ص۱۸۳

سبزۂ صحرائے اُلفت: خوں چکاں ہے جادہ مانندِ رگِ سودائیاں — سبزۂ صحرائے الفت نشترِ خوں ریز ہے — ص۸۵

سبزۂ کہسار: دیکھیے: طوطیِ سبزۂ کہسار۔

سبزۂ نو خاستہ: دیکھیے: ہر سبزۂ نو خاستہ۔

سبزۂ نوخیز: (۱)، (۲) دیکھیے: موجۂ سبزۂ نوخیز [دو بار]۔

سبزۂ نوخیزِ مسیحا: وضع میں اس کو اگر سمجھیے قافِ تریاق — رنگ میں سبزۂ نوخیزِ مسیحا کہیے — ص۱۳۲ [illegible]

سبزۂ رہِ چمن: سبزۂ رہِ چمن و یک خطِ پشتِ لبِ بام — رفعتِ ہمتِ صد عارف و یک اوجِ حصار — ص۳۳

سبزہ زار[۱]: ہے سبزہ زار ہر در و دیوارِ غم کدہ — جس کی بہار یہ ہو پھر اُس کی خزاں نہ پوچھ ص۲۰۱

سبزہ زارہائے مُطرّا: وہ سبزہ زارہائے مُطرّا کہ ہے غضب! — وہ نازنیں بتانِ خود آرا کہ ہائے ہائے! ص۱۲۳

سبک[۲]: بے اعتدالیوں سے سبک سب میں ہم ہوئے — جتنے زیادہ ہو گئے، اُتنے ہی کم ہوئے ص۲۲۶

سبکباریِ اسدؔ: دیکھیے: نذرِ سبکباریِ اسدؔ۔

سبک دست: ہر چند سبک دست ہوئے بت شکنی میں — ہم ہیں، تو ابھی راہ میں ہے سنگِ گراں اَور ص۱۷۰

سبک دستی: تکلّف برطرف، فرہاد اور اِتنی سبک دستی! — خیال آساں تھا لیکن خوابِ خسرو نے گرانی کی ص۷۷

سبک رَو: سرگراں مجھ سے سبک رَو کے نہ رہنے سے رہو — کہ بہ یک جُنبشِ لب مثلِ صدا جاتا ہوں ص۲۹۷

سبکسار: گراں جانی سبکسار و تماشا بے دماغ آیا — کفِ افسوسِ فرصت سنگ کو وطور ملتے ہیں ص۹۳

سبکساری: دیکھیے: معذورِ سبکساری۔

سبک سر: وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے، ہم اپنی وضع کیوں چھوڑیں؟ — سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سرگراں کیوں ہو؟ ص۱۹۹

سبک عناں: دیکھیے: رَخشِ سبک عناں۔

سبق[۳]: (۱) لیتا ہوں مکتبِ غمِ دل میں سبق ہنوز — لیکن یہی کہ "رفت" گیا اور "بود" تھا ص۱۳۳

(۲) کس کو کہتے ہیں غزل ارشاد ہو — ہاں غزل پڑھیے سبق گر یاد ہو [قادرنامہ]

(۳) کس طرح پڑھتے ہو رُک رُک کر سبق — ایسے پڑھنے کا تو میں قائل نہیں [قادرنامہ]

سبقِ شوق: میں سادہ دل آزردگیِ یار سے خوش ہوں — یعنی سبقِ شوق مکرّر نہ ہوا تھا ص۱۵۲

سبقِ ناخواندہ: خلق ہے صفحۂ عبرت سے سبقِ ناخواندہ — ورنہ ہے چرخ و زمیں، یک ورقِ گردانیدہ ص۱۷

سبقِ ناز: اے خوشا مکتبِ شوق و بلدستانِ مراد! — سبقِ نازکی ہے عجز کو صد جا تکرار ص۳

سبو[۴]: (۱) پیوں شراب اگر خُم بھی دیکھ لوں دوچار — یہ شیشہ و قدح و کوزہ و سبو کیا ہے؟ ص۲۲۲

دیکھیے ـــــــ: (۲) پیمانۂ دستِ سبو۔ (۳)، (۴) جام و سبو [دو بار]۔

---

۱ سبزہ زار : ایک بار۔
سبزہ زارہا : ایک بار [مرکب]۔

۲ سبک : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔
سبکباری : ایک بار [مرکب]۔
سبکسار : ایک بار۔
سبکساری : ایک بار [مرکب]۔

۳ سبق : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔

۴ سبو : چار بار [مرکب]۔

سبیل[۱]: وہ، جس کے ہاتھوں پر ہے سلسبیل سبیل — شہیدِ تشنہ لب کربلا کہیں اُس کو! ص۲۸۵

سُپاری[۲]: دیکھیے: چکنی سپاری۔

سپاس[۳]: دیکھیے: زبانِ سپاس۔

سپاسِ بہ منزل رسیدگی: دیکھیے: سجدۂ سپاسِ بہ منزل رسیدگی۔

سپاسِ بے زبانی: دیکھیے: محوِ سپاسِ بے زبانی۔

سپاسِ لذّت آزار دوست: مہربانی ہائے دشمن کی شکایت کیجیے — یا بیاں کیجے سپاسِ لذّتِ آزارِ دوست ص۱۹۵

سپاسِ ناتوانی: ہوں فروغن ہا، تب و تابِ سوختن ہا — سرِ شمع نقشِ پا ہے بہ سپاسِ ناتوانی ص۱۰

سپاہ[۴]: دیکھیے ـــــ: (۱) پناہِ شہر و سپاہ۔ (۲) خسرو ستارہ سپاس۔

سپاہاں: دیکھیے: مژگاں سپاہاں۔

سپاہیں: کس دل پہ ہے عزمِ صفِ مژگانِ خود آرا — آئینے کے پایاب سے اُتریں ہیں سپاہیں ص۵۹

سپر[۵]: ہے شعلۂ شمشیرِ فنا حوصلہ پرداز — اے داغِ تمنّا! سپرِ اندختنی ہے ص۱۱۱

سپرد[۶]: نالے عدم میں چند ہمارے سپرد تھے — جو واں نہ کھنچ سکے سو وہ یہاں آ کے دم ہوئے ص۲۲۷

سپند[۷]: فرصتِ یک چشمِ حیرت شش جہت آغوش ہے — ہوں سپند آسا وداعِ انجمن کی فکر میں ص۲۳

دیکھیے ـــــ: (۲) برقِ خرمن سی سپند ن۔ (۳) زنجیریِ دودِ سپند۔

سپند آہنگیِ ہستی: سپند آہنگیِ ہستی وسیِ نالہ فرسائی — غبار آلودہ ہیں جوں دودِ شمع ملخنۃ تقریریں ص۲۳

سپندِ بزمِ وصلِ غیر: نالۂ دل میں شب اندازِ اثر نایاب تھا — تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر، گو بیتاب تھا ص۱۳۵

سپندِ شعلہ نادیدہ: نہاں ہے مردمک میں شوقِ رخسارِ فروزاں سے — سپندِ شعلہ نادیدہ صفت اندازِ جُستن کا ص۲۷

سپندِ صد جگر اندوختن: دیکھیے: کشتِ سپندِ صد جگر اندوختن۔

سپہ[۸]: دیکھیے ـــــ: (۱) خیل و سپہ۔ (۲) شہنشاہِ کواکب سپہ۔ (۳) ملک و سپہ۔

---

۱ سبیل: ایک بار۔
۲ سپاری: ایک بار۔
۳ سپاس: پانچ بار [مرکب]۔
۴ سپاہ: دو بار [مرکب]۔
سپاہاں: ایک بار [بطور جمع]۔
سپاہیں: ایک بار۔
۵ سپر: ایک بار۔
۶ سپرد: ایک بار۔
۷ سپند: سات بار [مرکب: چھے بار]۔
۸ سپہ: تین بار [مرکب]۔

سپہ گری[۱]: سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری — کچھ شاعری ذریعۂ عزت نہیں مجھے ص ۱۲۳

سپہر[۲]: موکبِ خاص یوں زمیں پر تھا — جس طرح ہے سپہر پر پرویں ص ۲۸۱

سپہر شکوہ: دیکھیے: داورِ سپہر شکوہ۔

سپید[۳] و سیاہ: دیکھیے: روز و شب و سپید و سیاہ۔

ستارگاں: ہوتے ہیں محو جلوۂ خُور سے ستارگاں — دیکھ اُس کو، دل سے مٹ گئے بے اختیار داغ ص ۲۸

ستارہ[۴]: خدا نے اُس کو دیا ایک خوب رو فرزند — ستارہ جیسے چمکتا ہوا بہ پہلوے ماہ ص ۲۷۷

ستارہ بار: دیکھیے: ابرِ ستارہ بار۔

ستارہ سپاہ: دیکھیے: خسرو ستارہ سپاہ۔

ستارہ شماری: کی متصل ستارہ شماری میں عمر صرف — تسبیح اشک ہاے ز مژگاں چکیدہ ہوں ص ۶۱

ستارۂ روشن: تو ہے ستارۂ روشن! کہ جو اُسے دیکھے — شعاعِ مہر درخشاں ہو اُس کا تارِ نگاہ ص ۲۷۷

ستارۂ گوہر فروش: گوہر کو عقدِ گردنِ خوباں میں دیکھنا — کیا اوج پر ستارۂ گوہر فروش ہے! ص ۲۳۰

ستارے: زمانہ عہد میں اُس کے ہے محوِ آرایش — بنیں گے اَور ستارے اب آسماں کے لیے ص ۲۳۶

ستایش[۵]: (۱) کیوں کر نہ کروں مدح کو میں ختم دعا پر — قاصر ہے ستایش میں تری میری عبارت ص ۱۲۷

(۲) فکر اچھی، پر ستایش ناتمام — عجزِ اعجازِ ستایش گر کھلا ص ۱۴۱

(۳) نہ ستایش کی تمنا نہ صلے کی پروا — گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی، نہ سہی ص ۲۰۹

(۴) نہ بادشاہ، نہ سلطاں، یہ کیا ستایش ہے؟ — کہو کہ خامسِ آلِ عبا کہیں اُس کو ص ۲۸۵

(۵) دیکھیے: سرو برگِ ستایش۔

ستایش گر: (۱) ستایش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا — وہ اک گلدستہ ہے ہم بے خودوں کے طاقِ نسیاں کا ص ۱۵۶

(۲) دیکھیے: عجزِ اعجازِ ستایش گر۔

---

۱ سپہ گری : ایک بار۔

۲ سپہر : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

۳ سپید : ایک بار [مرکب]۔

۴ ستارہ : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔

ستارگاں : ایک بار

ستارے : ایک بار [بطور جمع]۔

۵ ستایش : پانچ بار [مفرد: چار بار، مرکب: ایک بار]۔

ستایش گر : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

ستر[۱]:	سنینِ عمر کے ستر ہوئے شمار برس	بہت جیوں تو جیوں اور تین چار برس	ص ۲۹۳
ستر برس:	ستر برس کی عمر میں یہ داغِ جاں گداز	جس نے جلا کے، راکھ مجھے کر دیا تمام	ص ۲۸۲
ستم[۲]: (۱)	نہ ستم کر اب تو مجھ پر کہ وہ دن گئے کہ ہاں تھی	مجھے طاقت آزمائی، تجھے اُلفت آزمائی	ص ۱۰
	(۲) نے اسدؔ جفا سائل، نے ستم جنوں مائل	تجھ کو جس قدر ڈھونڈھا، اُلفت آزما پایا	ص ۱۳
	(۳) وا حسرتا! کہ یار نے کھینچا ستم سے ہاتھ	ہم کو حریصِ لذّتِ آزار دیکھ کر	ص ۱۶۹
	(۴) ہم کو ستم عزیز، ستمگر کو ہم عزیز	نامہرباں نہیں ہے اگر مہرباں نہیں	ص ۱۸۸
	(۵) تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو	ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے ہم کو	ص ۱۹۵
	(۶) عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اور شخص پر	آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے	ص ۲۱۹
	(۷) تیری وفا سے کیا ہو تلافی کہ دہر میں	تیرے سوا بھی ہم پہ بہت سے ستم ہوئے	ص ۲۲۶
	(۸) حسد، سزائے کمالِ سخن ہے کیا کیجے!	ستم، بہائے متاعِ ہنر ہے کیا کہیے!	ص ۲۲۷
	(۹) تمھاری طرز و روش جانتے ہیں ہم کیا ہے	رقیب پر ہے اگر لطف تو ستم کیا ہے؟	ص ۲۵۱
	(۱۰) مسیح جس سے کرے اخذِ فیضِ جاں بخشی	ستم ہے، کشتۂ تیغِ جفا کہیں اُس کو	ص ۲۸۵

دیکھیے——: (۱۱)، (۱۲) تیغِ ستم [دوبار]۔ (۱۳) خستۂ تیغِ ستم۔ (۱۴) ذوقِ ستم۔ (۱۵) طرزِ ستم۔ (۱۶) کثرتِ جور و ستم۔ (۱۷) مضمونِ ستم۔

ستم آمادہ:	دیکھیے: دُزدیدنِ دلِ ستم آمادہ۔		
ستم ایجاد:	نالہ، جُز حُسنِ طلب اے ستم ایجاد نہیں	ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں	ص ۱۸۹
ستم دیدۂ بازگشتن:	دیکھیے: فریبِ ستم دیدۂ بازگشتن۔		
ستم رسیدہ:	دوستو! مجھ ستم رسیدہ سے	دشمنی ہے، وصال کا مذکور	ص ۳۲
ستم زدگاں:	کیا تنگ ہم ستم زدگاں کا جہان ہے!	جس میں کہ ایک بیضۂ مور آسمان ہے	ص ۲۰۳
ستم زدہ:	یہ جانتا ہوں کہ تو اور پاسخِ مکتوب!	مگر ستم زدہ ہوں ذوقِ خامہ فرسا کا	ص ۱۳۷
ستم کش:	ستم کش مصلحت سے ہوں کہ خوباں تجھ پہ عاشق ہیں	تکلف برطرف، مل جائے گا تجھ سا رقیب آخر	ص ۱۶۸

---

۱ ستر : دوبار۔

۲ ستم : بتیس بار [مفرد: دس بار، مرکب: بائیس بار]۔

ستم ہا : دوبار [مرکب]۔

ستم کشِ جنوں: ہمہ یک نفس تپش سے تب و تابِ ہجر مت پوچھ — کہ ستم کشِ جنوں ہوں نہ بقدرِ زندگانی ص ۱۰

ستم کشی: ستم کشی کا کیا دل نے حوصلہ پیدا — اب اُس سے ربط کروں جو بہت ستمگر ہو ص ۹۷

ستم کشمکشِ دامِ وفا: ہے اسیرِ ستمِ کشمکشِ دامِ وفا — دلِ وارستۂ ہفتاد و دو ملّت بیزار ص ۹

ستم کوشوں: زخم میں ستم کوشوں کے، ہے سامانِ خوں ریزی — سرِ شکِ چشمِ یار، آبِ دمِ شمشیر ابرو ہے ص ۹۸

ستم کیشوں: اِن ستم کیشوں کے کھائے ہیں زبس تیرِ نگاہ — پردۂ بادام، یک غربالِ حسرت بیز ہے ص ۸۵

ستم نسبتِ زلف: سُنبلستانِ جنوں ہوں، ستمِ نسبتِ زلف — موکشاں خانۂ زنجیر میں لایا ہے مجھے ص ۱۰۷

ستم و جورِ ناخدا: سفینہ جب کہ کنارے پہ آلگا غالبؔ — خدا سے کیا ستم و جورِ ناخدا کہیے ص ۲۲۸

ستم ہائے جدائی: دیکھیے: عرضِ ستم ہائے جدائی۔

ستم ہائے روزگار: دیکھیے: رہینِ ستم ہائے روزگار۔

ستمِ ہمرہاں: ناچار بیکسی کی بھی حسرت اُٹھایئے — دشواریِ رہ و ستمِ ہمرہاں نہ پوچھ ص ۲۰۱

ستمگر[1]:
(۱) فلک سفلہ بے محابا ہے — اِس ستمگر کو انفعال کہاں! ص ۲۶
(۲) اب اُس سے ربط کروں جو بہت ستمگر ہو — [دیکھیے: ستم کشی]۔
(۳) ترے توکر ترے در پر اسدؔ کو ذبح کرتے ہیں — ستمگر، ناخدا ترس، آشنا کُش! ماجرا کیا ہے؟ ص ۸۳
(۴) میں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں — وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا ص ۱۳۲
(۵) تو دوست کسی کا بھی ستمگر! نہ ہوا تھا — اَوروں پہ ہے وہ ظلم کہ مجھ پر نہ ہوا تھا ص ۱۵۲
(۶) کام اُس سے آپڑا ہے کہ جس کا جہان میں — لیوے نہ کوئی نام ستمگر کہے بغیر ص ۱۶۹
(۷) وہ بھی دن ہو! کہ اُس ستمگر سے — ناز کھینچوں بجائے حسرتِ ناز ص ۱۸۲
(۸) زہر ملتا ہی نہیں مجھ کو ستمگر! ورنہ — کیا قسم ہے ترے ملنے کی کہ کھا بھی نہ سکوں ص ۱۸۶
(۹) ہم کو ستم عزیز، ستمگر کو ہم عزیز — نامہرباں نہیں ہے، اگر مہرباں نہیں ص ۱۸۸
(۱۰) دے مجھ کو شکایت کی اجازت کہ ستمگر! — کچھ تجھ کو مزا بھی مرے آزار میں آوے ص ۲۳۲
(۱۱) نہ کہیو طعن سے پھر تم کہ ہم ستمگر ہیں — مجھے تو خو ہے کہ جو کچھ کہو، بجا کہیے ص ۲۲۸

---

[1] ستمگر : گیارہ بار۔

ستیزہ دست:[1]	دیکھیے: فرقِ ستیزہ دست۔		
سجادہ:[2]	دیکھیے: خرقہ و سجادہ۔		
سجود:[3]	دیکھیے: گزارشِ ذوقِ سجود۔		
سجودِ خمِ شمشیر:	اے خوشا ذوقِ تمنائے شہادت! کہ اسدؔ	بے تکلف بہ سجودِ خمِ شمشیر آیا	ص۲۸
سجدہ:[4]	(۱) بوسۂ پا، انتخابِ بدگمانی ہائے حُسن	یعنی ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز	ص۴۴
	(۲) ہوئی ہے ناتوانی بے دماغِ شوخیِ مطلب	فرو ہوتا ہے سر سجدے میں اے دستِ دعا! گم ہو!	ص۹۸
	(۳) اثر میں یعنی تک اے دستِ دعا! دخلِ تصرف کر	کہ سجدہ، قبضۂ تیغِ خمِ محراب ہو جاوے	ص۱۰۵
	(۴) تمنائے اسدؔ قتلِ رقیب اور شکر کا سجدہ	دعائے دل بہ محرابِ خمِ شمشیر بہتر ہے	ص۱۰۸
	(۵) دیکھیے: تنگِ سجدہ۔		
سجدہ تمثال:	توڑے ہے عجز تنک حوصلہ بر روئے زمیں	سجدہ تمثال وہ آئینہ، کہیے جس کو جبیں	ص۷
سجدہ ریز:	صرف اظہار ہے ارادت کا	ہے قلم کی جو سجدہ ریز جبیں	ص۲۸۱
سجدہ فرسا:	دیکھیے: جبینِ سجدہ فرسا۔		
سجدہ فشاں:	دیکھیے: جبینِ سجدہ فشاں۔		
سجدہ وار:	دیکھیے: یک سجدہ وار۔		
سجدۂ اُلفت:	بے درد سر بہ سجدۂ اُلفت فرو نہ ہو	جوں شمع غوطہ داغ میں کھا، گر وضو نہ ہو	ص۹۷
سجدۂ بت:	کہتے ہو، کیا لکھا ہے تری سرنوشت میں؟	گویا جبیں پہ سجدۂ بت کا نشاں نہیں	ص۱۸۸
سجدۂ جبینِ نیاز:	دیکھیے: ریزشِ سجدۂ جبینِ نیاز۔		
سجدۂ سہاپی بہ منزل رسیدگی:	بر خاک وفتادگی کشتگانِ عشق	ہے سجدۂ سہاپی بہ منزل رسیدگی	ص۴۵۳
سجدۂ شوق:	خلوتِ دل میں نہ کر دخل بجز سجدۂ شوق	آستاں میں، صفتِ آئنہ در پنہاں ہے	ص۱۰۹
سجدۂ عرضِ نیاز:	دیکھیے: نازِ سجدۂ عرضِ نیاز۔		

---

۱ ستیزہ : ایک بار [مرتب]۔
۲ سجادہ : ایک بار [مرتب]۔
۳ سجود : دو بار [مرتب]۔
۴ سجدہ : سولہ بار [متفرقہ: تین بار، مرتب: تیرہ بار]۔

سچ[1]:

شمعِ خانۂ دل: کہوں کیا گرم جوشی مے کشی میں شعلہ رویاں کی   کہ شمعِ خانۂ دل آتشِ مے سے فروزاں کی   ص ۷۶

شمعِ خلوت خانہ: (۱) برق سامانِ نظر ہے جلوۂ بیباکِ حسن   شمعِ خلوت خانہ کیجے، ہرچہ بادا باد، گل   ص ۵۲

(۲) بس کہ وہ چشم و چراغِ محفلِ اغیار ہے   چپکے چپکے جلتے ہیں جوں شمعِ خلوت خانہ ہم   ص ۵۳

(۳) دیکھیے: زبانِ شمعِ خلوت خانہ۔

شمعِ خیال آباد: ہے تصور صافیِ قطعِ نظر از غیرِ یار   لختِ دل سے لاوے ہے شمعِ خیال آباد، گل   ص ۵۲

شمعِ رو: وقتِ شب اُس شمع رو کے شعلۂ آواز پر   گوشِ نسریں عارضیاں پروانۂ محفل ہوا   ص ۲۹

شمع رویاں: دریغ! آہِ سحر گہ کارِ بادِ صبح کرتی ہے   کہ ہوتی ہے زیادہ سرد مہری شمع رویاں کی   ص ۷۶

شمع رویوں: شمع رویوں کی سر انگشتِ حنائی دیکھ کر   غنچۂ گل پر فشاں پروانہ آسا جل گیا   ص ۲۰

شمعِ سحرگہی: دیکھیے: پیچ و تابِ رشتۂ شمعِ سحرگہی۔

شمعِ سخن: دیکھیے: حُسنِ فروغِ شمعِ سخن۔

شمعِ سرِ مزار: زندۂ شوقِ شعر کو ایک، چراغِ انجمن   کشتۂ ذوقِ شعر کو شمعِ سرِ مزار، ایک   ص ۲۹۶

شمعِ سیہ خانۂ لیلیٰ: نفسِ قیس کہ ہے چشم و چراغِ صحرا   گر نہیں شمعِ سیہ خانۂ لیلیٰ، نہ سہی   ص ۲۰۹

شمعِ شبستانِ بہار: فیض سے تیرے ہے اے شمعِ شبستانِ بہار!   دلِ پروانہ چراغاں، پرِ بلبل گلزار   ص ۱۳۳

شمعِ شبستاں: عذارِ یار نظر بندِ چشمِ گریاں ہے   عجب کہ پرتوِ خُور شمعِ شبستاں ہے   ص ۱۰۲

شمعِ ظہور: دیکھیے: پروانۂ تجلیِ شمعِ ظہور۔

شمعِ قبرِ کشتگاں: ہے سوادِ خط، پریشاں موئے اہلِ عزا   خامہ میرا شمعِ قبرِ کشتگاں کا دودہ ہے   ص ۱۰۳

شمعِ کافوری: نہ دیکھیں روئے یک دل سرد غیر از شمعِ کافوری   خدایا! اس قدر بزمِ اسد گرمِ تماشا ہو   ص ۶۷

شمعِ کشتہ: (۱) اے اضطراب سرکش! یک سجدہ وار تمکیں   میں بھی ہوں شمعِ کشتہ، گر داغ خوںبہا ہے   ص ۹۳

(۲) جاتا ہوں داغِ حسرتِ ہستی لیے ہوئے   ہوں شمعِ کشتہ، درخورِ محفل نہیں رہا   ص ۱۵۳

(۳)، (۴) دیکھیے: دودِ شمعِ کشتہ [دو بار]۔

شمعِ کشتۂ گل: دودِ شمعِ کشتۂ گل۔

شمعِ ماتم خانہ: (۱) دود کو آج اُس کے ماتم میں سیہ پوشی ہوئی   وہ دلِ سوزاں کہ کل تک شمعِ ماتم خانہ تھا   ص ۲۵

(۲) غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس   برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم   ص ۱۷۷

شمعِ مجلسِ تقریر: دیکھیے: سوزِ شمعِ مجلسِ تقریر۔

شمعِ محفل: دیکھیے: گدازِ شمعِ محفل۔

شمعِ محفلِ خوباں: دیکھیے: نیرنگی ہائے شمعِ محفلِ خوباں۔

شمع و گل: بزم: داغِ طرب و باغ: کشاوِ پر رنگ — شمع و گل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند؟ ص ۲۹

[آٹھ بار بہ طور ردیف، ص ۱۷۳]:

زخ نگار سے ہے سوزِ جاودانیِ شمع — ہوئی ہے آتشِ گل آبِ زندگانیِ شمع

زبانِ اہلِ زباں میں ہے مرگ، خاموشی — یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانیِ شمع

کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ قصہ تمام — بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع

غم اُس کو حسرتِ پروانہ کا ہے، اے شعلے! — ترے لرزنے سے ظاہر ہے ناتوانیِ شمع

ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے — بہ جلوہ ریزیِ باد و بہ پرفشانیِ شمع

نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہار نہ پوچھ — شگفتگی، ہے شہیدِ گلِ خزانیِ شمع

جلے ہے، دیکھ کے بالینِ یار پر مجھ کو — نہ کیوں ہو دل پہ مرے داغِ بدگمانیِ شمع

شمعیں: جو ے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق — میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں ص ۱۹۱

شمول[1]: مرا شمول ہر اک دل کے پیچ و تاب میں ہے — میں مدعا ہوں تپشِ نامۂ تمنا کا ص ۱۷

شمولِ عبارت آرائی: سالِ ہجری تو ہو گیا معلوم — بے شمولِ عبارت آرائی ص ۲۶۲

شمیم[2] نوبہار: جانِ وفا پرست کو ایک، شمیمِ نوبہار — فرقِ ستیزہ مست کو ابرِ تگرگ بار، ایک ص ۲۹۷

شا[3]: دیکھیے: دل و دستِ شا۔

شناسائی[4]: دیکھیے: عذرِ شناسائی۔

شناور[5]: ابھی ہم قتل گہ کا دیکھنا آساں سمجھتے ہیں — نہیں دیکھا شناور جوے خوں میں تیرے توسن کو ص ۱۹۸

شگرفی[6]: دیکھیے: جلوۂ شگرفی۔

شنود[7]: دیکھیے ـــــــ: (۱) دماغِ منتِ گفت و شنود۔ (۲) فریبِ کشورِ گفت و شنود۔

شنیدن[8]: (۱) یارِ معذورِ تغافل ہے، عزیزاں! شفقتے — نالۂ بلبل بہ گوشِ دل شنیدن منع ہے ص ۱۳

---

[1] شمول : دو بار [مفرد: ایک بار]۔

[2] شمیم : ایک بار [مرکب]۔

[3] شا : ایک بار [مرکب]۔

[4] شناسائی : ایک بار [مرکب]۔

[5] شناور : ایک بار۔

[6] شگرفی : ایک بار [مرکب]۔

[7] شنود : دو بار [مرکب]۔

[8] شنیدن : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

(۲) آگہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے — مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا ص ١٣٢

شوال[1]: دیکھیے: عیدِ شوال۔

شوخ[2]: (۱) عکسِ رخِ افروختہ تھا تصویر بہ پشتِ آئینہ — شوخ نے وقتِ حُسن طرازی تمکیں سے آرام کیا ص ٢٦

(۲) کیا کس شوخ نے ناز از سرِ تمکیں نشستن کا — کہ شاخِ گل کا خم، انداز ہے بالیں شکستن کا ص ٢٧

(۳) مگر وہ شوخ ہے طوفاں طرازِ شوقِ خوں ریزی — کہ در بحرِ کماں بالیدہ موجِ تیر ہے پیدا ص ٣٠

(۴) حیرت نگاہ برق، تماشا بہار شوخ — در پردۂ ہوا پرِ تسمل ہے آئنہ ص ٧٠

(۵) شوخ ہے مثلِ حباب از خویش بیروں آمدن — ہے گریباں گیرِ فرصت ذوقِ عریانی مجھے ص ٨٦

(۶) وہ شوخ اپنے حُسن پہ مغرور ہے اسدؔ! — دکھلا کے اُس کو آئنہ توڑا کرے کوئی ص ٨٨

(۷) ہم تھے مرنے کو کھڑے، پاس نہ آیا نہ سہی — آخر اُس شوخ کے ترکش میں کوئی تیر بھی تھا ص ١٥٩

(۸) مُنہ نہ کھلنے پر ہے وہ عالم کہ دیکھا ہی نہیں — زلف سے بڑھ کر نقاب اُس شوخ کے مُنہ پر کھلا ص ١٦١

(۹) دیکھیے لاتی ہے اُس شوخ کی نخوت کیا رنگ — اُس کی ہر بات پہ ہم "نامِ خدا" کہتے ہیں ص ١٨٨

(۱۰) ہے اُس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلف سے — تکلف برطرف، تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی ص ٢٠٢

(۱۱) بہار شوخ و چمن تنگ و رنگِ گل دل چسپ — نسیم باغ سے پا در حنا نکلتی ہے ص ٢٥٢

دیکھیے——: (۱۲)، (۱۳) بتانِ شوخ [دوبار]۔ (۱۴) جفا شوخ۔ (۱۵) طفلِ شوخ غنچۂ گل۔ (۱۶) سیہ مستی چشمِ شوخ۔ (۱۷) معشوقِ شوخ۔

شوخِ تندخو: نہ شعلے میں یہ کرشمہ، نہ برق میں یہ ادا — کوئی بتاؤ کہ وہ شوخِ تند خو کیا ہے؟ ص ٢٢١

شوخِ دوعالم شکار: صبحِ قیامت ایک دُمِ گرگ تھی اسدؔ — جس دشت میں وہ شوخِ دوعالم شکار تھا ص ١٧

شوخِ سیم تن: مزا ملے کہو کیا خاک ساتھ سونے کا — رکھے جو بیچ میں وہ شوخِ سیم تن تکیہ ص ٢٠٣

شوخی[3]: (۱) اُس کی شوخی سے، بہ حیرت کدۂ نقشِ خیال — فکر کو حوصلۂ فرصتِ ادراک نہیں ص [illegible]

(۲) بہ عجز آبادِ وہمِ مدعا، تسلیمِ شوخی ہے — تغافل کو نہ کر مغرورِ تمکیں آزمائی کا ص ١٦

---

۱ شوال : ایک بار [مرکب]۔

۲ شوخ : بیس بار [مفرد: گیارہ بار، مرکب: نو بار]۔

۳ شوخی : پچپن بار [مفرد: سات بار، مرکب: اڑتالیس بار]۔

(۳) شوخی تری کہہ دیتی ہے احوال ہمارا — رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ درِ انگشت — ص۳۲

(۴) نکلی ہے تپش میں بسملوں کی، برق کی شوخی — غرض اب تک خیالِ گرمیِ رفتار قاتل ہے — ص۷۷

(۵) جنوں افسردہ وجاں ناتواں، اے جلوہ! شوخی کر — گئی یک عمر خودداری بہ استقبالِ رعنائی — ص۹۲

(۶) اُنھیں منظور اپنے زخمیوں کا دیکھ آنا تھا — اُٹھے تھے سیرِ گل کو، دیکھنا شوخی بہانے کی — ص۲۰۳

(۷) تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بہ صد ذوق — آئینہ بہ اندازِ دلِ آغوش کشا ہے — ص۲۱۹

دیکھیے ———:(۸) آئنہ شوخی۔(۹) باوصفِ شوخی۔(۱۰) کاوشِ شوخی۔

شوخیِ ابرو: سازِ ایماے فن ہے عالمِ پیری اسدؔ — قامتِ خم سے ہے حاصل شوخیِ ابرو مجھے — ص۷۸

شوخیِ ابروے یار: دیکھیے: محوِ شوخیِ ابروے یار۔

شوخیِ اشکِ جگرگوں: اسدؔ! ہے آج مژگانِ تماشا کی حنا بندی — چراغانِ نگاہ و شوخیِ اشکِ جگرگوں ہے — ص۱۱۴

شوخیِ اظہار: شوخیِ اظہار غیر از وحشتِ مجنوں نہیں — لیلیِ معنی اسدؔ! محمل نشینِ راز ہے — ص۸۴

شوخیِ اعضا: بہ ذوقِ شوخیِ اعضا تکلف، بار بستر ہے — معافِ پیچ و تابِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے — ص۸۵

شوخیِ اندیشہ: نہ لائی شوخیِ اندیشہ تابِ رنجِ نومیدی — کفِ افسوس ملنا، عہدِ تجدیدِ تمنا ہے — ص۲۲۰

شوخیِ ایجادِ صدا: آہنگِ عدم نالہ بہ کہسار گرو ہے — ہستی میں نہیں شوخیِ ایجادِ صدا ہیچ — ص۳۶

شوخیِ ایمانِ زاہد: چاہے گر جنت، جز آدم وارثِ آدم نہیں — شوخیِ ایمانِ زاہد سستیِ تدبیر ہے — ص۹۵

شوخیِ بارش: لے زمیں سے آسماں تک فرش تھیں بیتابیاں — شوخیِ بارش سے مہ، فوارۂ سیماب تھا — ص۱۵

شوخیِ بالِ نفس: گر تب آسودۂ مژگاں تصرف وا کرے — رشتۂ پا شوخیِ بالِ نفس پیدا کرے — ص۱۰۱

شوخیِ تاثیر: دیکھیے: برخود غلطِ شوخیِ تاثیر۔

شوخیِ تحریر: نقش، فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا؟ — کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا — ص۱۳۲

شوخیِ تقریبِ نالہ: دیکھیے: کمینِ شوخیِ تقریبِ نالہ۔

شوخیِ چشمِ حبیب: شوخیِ چشمِ حبیب فتنۂ ایام ہے — قسمتِ بختِ رقیب گردشِ صد جام ہے — ص۹۹

شوخیِ حسن وعشق: شوخیِ حسن و عشق ہے آئنہ دارِ ہم دگر — خار کو بے نیام جان، ہم کو برہنہ پا سمجھ — ص۴۳

شوخیِ خاشاک: مژہ پہلوے چشم اے جلوۂ ادراک! باقی ہے — ہوا وہ شعلہ داغ اور شوخیِ خاشاک باقی ہے — ص۱۰۷

شوخیِ خوباں: دیکھیے: خیالِ شوخیِ خوباں۔

شوخیِ داغِ کہن: دیکھیے: گل فروشِ شوخیِ داغِ کہن۔

شوخیِ دعویٰ: دیکھیے: پامالِ شوخیِ دعویٰ۔

شوخیِ دنداں: دیکھیے: عرضِ نازِ شوخیِ دنداں۔

شوخیِ رفتار: سرشک آشفتہ سر تھا قطرہ زن مژگاں سے جانے میں
رہے یہاں شوخیِ رفتار سے پا آستانے میں ص۵۸

شوخیِ رفتارِ باغ: کون آیا، جو چمن بیتابِ استقبال ہے؟
جنبشِ موجِ صبا، ہے شوخیِ رفتارِ باغ ص۴۸

شوخیِ رگِ یاقوت: حیراں ہوں شوخیِ رگِ یاقوت دیکھ کر
یہاں ہے صحبتِ خس و آتش برآر ہے ص۹۰

شوخیِ رنگِ حنا: شوخیِ رنگِ حنا خونِ وفا سے کب تک؟
آخر اے عہد شکن تو بھی پشیماں نکلا! ص۳

شوخیِ ساقیِ مست: دیکھیے: محمل بہ دوشِ شوخیِ ساقیِ مست۔

شوخیِ سوزن: فالِ ہستی، خار خارِ وحشتِ اندیشہ ہے
شوخیِ سوزن ہے ساماں پیرہن کی فکر میں ص۳۳

شوخیِ صد رنگ نقش: سادگی یک خیال شوخیِ صد رنگ نقش
حیرتِ آئینہ ہے جیبِ تامّل ہنوز ص۳۳

شوخیِ عرضِ مطالب: شوخیِ عرضِ مطالب میں ہے گستاخِ طلب
ہے ترے حوصلۂ فضل پہ از بس کہ یقیں ص۱۳۵

شوخیِ عنواں: ہستی، فریبِ نامۂ موجِ سراب ہے
یک عمر نازِ شوخیِ عنواں اُٹھائیے ص۴۲

شوخیِ فریاد: شوخیِ فریاد سے ہے پردۂ زنبور، گل
کسوتِ ایجادِ بلبل خار خارِ نغمہ ہے ص۸۷

شوخیِ قاتل: دیکھیے: پشتِ چشمِ شوخیِ قاتل۔

شوخیِ گفتارِ دوست: دیکھیے: بیانِ شوخیِ گفتارِ دوست۔

شوخیِ گلگونہ آرائی: فسونِ حُسن سے ہے شوخیِ گلگونہ آرائی
بہار اُس کی کفِ مشاطہ میں بالیدنی جانے ص۱۱۵

شوخیِ لیلیٰ: زبس دوشِ رمِ آہو پہ ہے محمل تمنا کا
جنونِ قیس سے بھی شوخیِ لیلیٰ نمایاں ہے ص۸۱

شوخیِ مژگاں: (۱) خوابِ جمعیتِ محمل ہے پریشاں مجھ سے
رگِ بستر کو ملی شوخیِ مژگاں مجھ سے ص۸۳

(۲) دیکھیے: پاسِ شوخیِ مژگاں۔

شوخیِ مضرابِ جولاں: شوخیِ مضرابِ جولاں آبیارِ نغمہ ہے
برگ ریزِ ناخنِ مطرب بہارِ نغمہ ہے ص۸۶

شوخیِ مطلب: دیکھیے ـــــ: (۱) بے دماغِ شوخیِ مطلب۔ (۲) داغِ شوخیِ مطلب۔

شوخیِ موجِ صبا: بے وحشتِ جنونِ بہار اِس قدر کہ ہے ‌ بالِ پری بہ شوخیِ موجِ صبا گرو ص۶۹

شوخیِ ناز: دیکھیے: حیرت کدۂ شوخیِ ناز۔

شوخیِ نغمۂ بیدلؔ: جوشِ فریاد سے لوں گا دیتِ خواب، اسدؔ ‌ شوخیِ نغمۂ بیدلؔ نے جگایا ہے مجھے ص۱۰۸

شوخیِ نیرنگ: شوخیِ نیرنگ صیدِ وحشتِ طاؤس ہے ‌ دامِ سبزے میں ہے پروازِ چمن تسخیر کا ص۱۱

شوخی واندازِ حسن: صفا و شوخی و اندازِ حُسن پا بہ رکاب ‌ خطِ سیاہ سے ہے گردِ کارواں پیدا ص۴۴۶

شوخیِ وحشت: شب کہ ذوقِ گفتگو سے تیری، دل بیتاب تھا ‌ شوخیِ وحشت سے افسانہ، فسونِ خواب تھا ص۱۵

شور[1]: (۱) شور ہے کس بزم کی عرضِ جراحت خانہ کا ‌ صبح، یک زخمِ نمک سودِ چراغِ کشتہ ہے ص۸۰

دیکھیے ـــــــ: (۲) اک شور۔ (۳) سرِ پُرشور۔ (۴) شرحِ شورِ آرزو۔

شورِ اوہام: شورِ اوہام سے مت ہو شبِ خونِ انصاف ‌ گفتگو بے مزہ و زخمِ تمنّا نمکیں ص۸

شورِ پندِ ناصح: شورِ پندِ ناصح نے زخم پر نمک چھڑکا ‌ آپ سے کوئی پوچھے تم نے کیا مزا پایا؟ ص۱۳۳

شورِ تماشا: (۱) وحشتِ خوابِ عدم شورِ تماشا ہے اسدؔ! ‌ جو مژہ جوہر نہیں آئینۂ تعبیر کا ص۱۱

(۲) دیکھیے: وحشتِ تماشا۔

شورِ تمثال: شورِ تمثال ہے جس رشکِ چمن کا یارب! ‌ آئنہ، بیضۂ بلبل نظر آتا ہے مجھے ص۸۸

شورِ جنوں: (۱) کرنے نہ پائے ضعف سے شورِ جنوں اسدؔ! ‌ اب کے بہار کا یونہی گزرا برس تمام ص۵۵

(۲) دیکھیے: ماتمِ بے ربطیِ شورِ جنوں۔

شورِ جولاں: شورِ جولاں تھا کنارِ بحر پر کس کا؟ کہ آج ‌ گردِ ساحل، ہے بہ زخمِ موجۂ دریا، نمک ص۱۶۵

شورِ حشر: شورِ حشر اُس فتنہ قامت کے حضور ‌ سایہ آسا ہو گیا ہے پایمال ص۵۱

شورِ رسوائیِ دل: شورِ رسوائیِ دل دیکھ کہ یک نالۂ شوق ‌ لاکھ پردے میں چھپا، پر وہی عریاں نکلا ص۳

شورِ سودائے خط وخال: دل تو دل وہ دماغ بھی نہ رہا ‌ شورِ سودائے خط و خال کہاں! ص۱۸۲

شورِ قیامت: جلوہ زارِ آتشِ دوزخ ہمارا دل سہی ‌ فتنۂ شورِ قیامت کس کی آب وگِل میں ہے؟ ص۲۳۲

شورِ محشر: (۱) وائے! واں بھی شورِ محشر نے نہ دم لینے دیا ‌ لے گیا تھا گور میں ذوقِ تن آسانی مجھے ص۲۳۲

---

[1] شور : انیس بار [مفرد: ایک بار، مرکب: اٹھارہ بار]۔

(۲) دیکھیے: سراغِ آوارۂ عرضِ دو عالم شورِ محشر۔

شورِ وحشت: نہ اوروں کی سنتا، نہ کہتا ہوں اپنی — سرِ خستہ و شورِ وحشت سلامت ص ۳۳

شورش[1]: ہوا شرمِ تہی دستی سے وہ بھی سرنگوں آخر — بس اے زخمِ جگر! اب دیکھ لی شورش نمک داں کی ص ۷۷

شورشِ باطن: (۱) شورشِ باطن سے یہاں تک مجھ کو غفلت ہے کہ آہ! — شیونِ دل، یک سرود خانۂ ہمسایہ ہے ص ۱۰۳

(۲) شورشِ باطن کے ہیں احباب منکر، ورنہ یہاں — دل، محیطِ گریہ و لب، آشنائے خندہ ہے ص ۲۱۵

شوریدہ[2]: دیکھیے ———: (۱) دلِ شوریدۂ غالبؔ۔ (۲)، (۳) سرِ شوریدہ [دوبار]۔

شوریدہ حال: دیکھیے: غالبؔ شوریدہ حال۔

شوریدگی: شوریدگی کے ہاتھ سے ہے سر وبالِ دوش — صحرا میں اے خدا! کوئی دیوار بھی نہیں ص ۱۸۳

شوق[3]: (۱) کس قدر فکر کو ہے نالِ قلم موئے دماغ — کہ ہوا خونِ نگہ شوق میں نقشِ تمکیں ص ۸

(۲) اسدؔ! جس شوق ذرّے کے تپش فرسا ہوں روزن میں — جراحت ہائے دل سے جوہرِ شمشیر ہے پیدا ص ۳۰

(۳) حُسنِ افسردہ دلی ہا رنگی — شوق کو پا بہ حنا باندھتے ہیں ص ۵۸

(۴) ہاتھ پر ہو ہاتھ تو دردِ تاسّف ہی سہی — شوق مفتِ زندگی ہے اے بہ غفلت مُردگاں! ص ۶۶

(۵) اے بر سرابِ حُسنِ خلق تشنۂ سعیِ امتحاں — شوق کو منفعل نہ کر، ناز کو التجا سمجھ ص ۷۲

(۶) کلفتِ ربطِ این و آں غفلتِ مدعا سمجھ — شوق کرے جو سرگراں، محملِ خوابِ پا سمجھ ص ۷۳

(۷) شوق ہر رنگ رقیبِ سروساماں نکلا — قیس، تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا ص ۱۳۲

(۸) گلہ ہے شوق کو دل میں بھی تنگیِ جا کا — گہر میں محو ہوا اضطراب دریا کا ص ۱۳۷

(۹) شوق ہے ساماں طرازِ نازشِ اربابِ عجز — ذرّہ، صحرا دستگاہ و قطرہ، دریا آشنا ص ۱۳۹

(۱۰) وا کر دیے ہیں شوق نے بندِ نقابِ حُسن — غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا ص ۱۵۳

(۱۱) گرترے میں ہو خیال، وصل میں شوق کا زوال — موجِ محیطِ آب میں مارے ہے دست و پا کہ یوں ص ۱۶۸

(۱۲) شوق اس دشت میں دوڑائے ہے مجھ کو کہ جہاں — جادہ، غیر از نگہِ دیدۂ تصویر نہیں ص ۱۸۲

---

[1] شورش : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔

شوریدگی : ایک بار۔

[2] شوریدہ : چار بار [مرکب]۔

[3] شوق : تراسی بار [مفرد: سترہ بار، مرکب: چھیاسٹھ بار]۔

(۱۳) خارِ خارِ الم حسرتِ دیدار تو ہے　　شوق گلچینِ گلستانِ تسلی نہ سہی　　ص ۲۰۹

(۱۴) شوق کو یہ لت کہ ہر دم نالہ کھینچے جائیے　　دل کی وہ حالت کہ دم لینے سے گھبرا جائے ہے　　ص ۲۲۱

(۱۵) پھر شوق کر رہا ہے خریدار کی طلب　　عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں کیے ہوئے　　ص ۲۲۶

(۱۶) نے نے کیا ہے حُسنِ خود آرا کو بے حجاب　　اے شوق! ہاں، اجازتِ تسلیم ہوش ہے　　ص ۲۳۰

(۱۷) واہ بے لڑکے! پڑھی اچھی غزل　　شوق ابھی سے ہے تجھے اشعار کا　[قادر نامہ]

دیکھیے ــــــ: (۱۸) آتش موے دماغِ شوق۔ (۱۹) آئینۂ یک پرتوِ شوق۔ (۲۰) اہلِ شوق۔ (۲۱) بقدرِ شوق۔ (۲۲) بلیدِ شوق۔ (۲۳) پیمانۂ وسعت کدۂ شوق۔ (۲۴) پیچشِ شوق۔ (۲۵) تپش آبادِ شوق۔ (۲۶) تشنگیِ شوق۔ (۲۷) جذبۂ شوق۔ (۲۸) جُراتِ شوق۔ (۲۹) جنونِ شوق۔ (۳۰) حیرت آبادِ تغافل ہاے شوق۔ (۳۱) داستانِ شوق۔ (۳۲) دیوانگیِ شوق۔ (۳۳)، (۳۴) راہِ شوق [دوبار]۔ (۳۵) سبقِ شوق۔ (۳۶) سجدۂ شوق۔ (۳۷) سرگریِ شوق۔ (۳۸) شرحِ شوق۔ (۳۹) صرصرِ شوق۔ (۴۰) ضبطِ شوق۔ (۴۱) طالعِ شوق۔ (۴۲) غبارِ شوق۔ (۴۳) غفلتِ ہمّتِ شوق۔ (۴۴) فرسودۂ پروازِ شوق۔ (۴۵) فرصتِ کاروبارِ شوق۔ (۴۶) کفنِ کشتگانِ شوق۔ (۴۷) گل بازیِ اندیشۂ شوق۔ (۴۸) محتسبِ شوق۔ (۴۹) مقطعِ سلسلۂ شوق۔ (۵۰) نامۂ شوق۔ (۵۱) نشانِ بے قرارِ شوق۔ (۵۲)، (۵۳) نگاہِ شوق [دوبار]۔ (۵۴)، (۵۵) واماندگیِ شوق [دوبار]۔ (۵۶) وفورِ شوق۔ (۵۷) یک رہِ خوابیدۂ شوق۔ (۵۸) یک نالۂ شوق۔

شوقِ بلبل:　کوہ و صحرا ہمہ معموریِ شوقِ بلبل　راہِ خوابیدہ ہوئی خندۂ گل سے بیدار　ص ۳۲

شوقِ بہ بیاباں زدہ:　دیکھیے: سرشاریِ شوقِ بہ بیاباں زدہ۔

شوقِ بہار دید:　دیکھیے: بسملِ شوقِ بہار دید۔

شوقِ بیباک:　دیکھیے: تمثالِ شوقِ بیباک۔

شوقِ بے پروا:　شوقِ بے پروا کے ہاتھوں مثلِ سازِ نادرست　کھینچتا ہے آج نالے خارج از آہنگِ دل　ص ۵۳

شوقِ خروش آمادہ:　دیکھیے: وحشتِ شوقِ خروش آمادہ۔

شوقِ خوں ریزی:　دیکھیے: طوفاں طرازِ شوقِ خوں ریزی۔

شوقِ دلِ حریص:　ہوا وصال سے شوقِ دلِ حریص زیادہ　لبِ قدح پہ کفِ بادہ، جوشِ تشنہ لبی ہے　ص ۵۷

شوقِ دوجہاں ریگِ رواں: دیکھیے: مایۂ شوقِ دوجہاں ریگِ رواں۔

شوقِ دویدہ: دیکھیے: دامنِ شوقِ دویدہ۔

شوقِ دیدار: (۱) ساغرِ جلوۂ سرشار ہے ہر ذرّۂ خاک — شوقِ دیدار بلا آئنہ ساماں نکلا ص۳۰

(۲) شوقِ دیدار میں گر تو مجھے گردن مارے — ہو نگہ مثلِ گُلِ شمع پریشاں مجھ سے ص۲۱۱

شوقِ رخسارِ فروزاں: نہاں ہے مردمک میں شوقِ رخسارِ فروزاں سے — سپندِ شعلہ نادیدہ صفت انداز جُستن کا ص۲۷

شوقِ رمیدہ: دیکھیے: دامنِ شوقِ رمیدہ۔

شوقِ ساقی: دیکھیے: خمارِ شوقِ ساقی۔

شوقِ سامان: شوقِ سامان فضولی ہے وگرنہ غالبؔ — ہم میں سرمایۂ ایجادِ تمنّا کب تھا ص۲۳

شوقِ شعر: دیکھیے: زندۂ شوقِ شعر۔

شوقِ طلب: دیکھیے: گرمیِ شوقِ طلب۔

شوقِ عناں گسل: شوقِ عناں گسل اگر درپئے جنوں ہوس کرے — جادۂ سیرِ دوجہاں یک مژہ خوابِ پا کجھ ص۴۲

شوقِ عناں گسیختہ: ہے چشمِ تر میں حسرتِ دیدار سے نہاں — شوقِ عناں گسیختہ، دریا کہیں جسے ص۲۱۸

شوقِ فضول: اُس لب سے مل ہی جائے گا بوسہ کبھی تو، ہاں — شوقِ فضول و جرأتِ رندانہ چاہیے ص۲۱۱

شوقِ منفعل: ہے ہے! خدا نخواستہ، وہ اور دشمنی! — اے شوقِ منفعل یہ تجھے کیا خیال ہے! ص۲۰۵

شوقِ ناز: دیکھیے: پروازِ شوقِ ناز۔

شوقِ وصل: مرے دل میں ہے غالبؔ شوقِ وصل و شکوۂ ہجراں — خدا وہ دن کرے جو اُس سے میں یہ بھی کہوں وہ بھی ص۲۰۲

شوقِ یار: دیکھیے: آہنگِ شوقِ یار۔

شوکتِ[1] تحریر: دیکھیے: اندازِ شوکتِ تحریر۔

شوکتِ گل: دیکھیے: بارگہِ شوکتِ گل۔

شوکت وجاہ: پیش گاہِ حضور: شوکت و جاہ — خیر خواہِ جناب: دولت و دیں ص۲۸۰

شومیِ[2] طالع: شومیِ طالع سے ہوں ذوقِ معاصی میں اسیر — نامۂ اعمال ہے تاریکیِ کوکب مجھے ص۸۶

---

[1] شوکت : تین بار [مرتب]۔ [2] شومی : ایک بار [مرتب]۔

شہ[1]:	(۱) اُس کی اُمّت میں ہوں میں، میرے رہیں کیوں کام بند	واسطے جس شہ کے غالبؔ گنبدِ بے در کھلا	ص ۱۹۱
	(۲) ہوا ہے شہ کا مصاحب، پھرے ہے اِتراتا	وگرنہ شہر میں غالبؔ کی آبرو کیا ہے	ص ۲۳۲
	(۳) ہیں شہ میں صفاتِ ذوالجلالی باہم	آثارِ جلالی و جمالی باہم	ص ۲۵۳
	(۴) حق، شہ کی بقا سے خلق کو شاد کرے	تا شاہ شیوعِ دانش و داد کرے	ص ۲۵۳
	دیکھیے ـــــــ: (۵) اُستادِ شہ۔ (۶) توسنِ شہ۔ (۷) سکّۂ شہ۔		
شہِ احتشام:	دیکھیے: امیر شہِ احتشام۔		
شہِ دکن:	دیکھیے: داستانِ شہِ دکن۔		
شہِ زلزل سوار:	دیکھیے: بصید اندازِ شہِ زلزل سوار۔		
شہِ دیں:	تابِ سخن و طاقتِ غوغا نہیں ہم کو	ماتم میں شہِ دیں کے ہیں، سودا نہیں ہم کو	ص ۲۸۳
شہِ گل:	شہِ گل نے کیا جب بندوبستِ گلشن آرائی	عصائے سبزۂ نرگس کو دی خدمت نظارت کی	ص ۹۷
شہِ مظلوم:	دیکھیے: ماتمیانِ شہِ مظلوم۔		
شہِ والا:	ان بہم کے بیجوں کو کوئی کیا جانے	بھیجے ہیں جو ارمغاں شہِ والا نے	ص ۲۵۳
شہِ مرداں[2]:	دیکھیے: ذوالفقارِ شہِ مرداں۔		
شہزادہ[3]:	خوش ہوا اے بخت! کہ ہے آج ترے سر سہرا	باندھ شہزادہ جواں بخت کے سر پر سہرا	ص ۲۸۷
شہسوار[4]:	بختا اسدؔ! میں سرمۂ چشمِ رکابِ یار	آیا نہ میری خاک پہ وہ شہسوار، حیف!	ص ۴۹
شہاب الدین خاں[5]:	(۱) ہم نشیں تارے ہیں اور چاند شہاب الدین خاں	بزمِ شادی ہے فلک، کاہکشاں ہے سہرا	ص ۲۸۸
	(۲) اے روشنیِ دیدہ شہاب الدین خاں!	کتنا ہے، بتاؤ کس طرح سے رمضاں؟	ص ۳۱۳
شہادت[۱][6]:	گر شہادت آرزو ہے، نشے میں گستاخ ہو	بال شیشے کا، رگِ سنگِ فساں ہو جائے گا	ص ۲۰
	(۲) شہادت تھی مری قسمت میں جو دی تھی یہ خو مجھ کو	جہاں تلوار کو دیکھا، جھکا دیتا تھا گردن کو	ص ۱۹۹
	دیکھیے ـــــــ: (۳) ذوقِ تمنائے شہادت۔ (۴) نازِ شہادت۔		

---

[1] شہ : چودہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: دس بار]۔

[2] شہِ مرداں : ایک بار [مرکب]۔

[3] شہزادہ : ایک بار۔

[4] شہسوار : ایک بار۔

[5] شہاب الدین خاں : دو بار۔

[6] شہادت[۱]: چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

شہادت[۱] [۲]: گرمی ہے زباں کی سبب سوختنِ جاں — ہر شمع شہادت کو ہے یہاں سر بسر انگشت — ص ۳۲

شہپر[۲]: کروں بیدادِ ذوقِ پرفشانی عرض، کیا قدرت! — کہ طاقت اڑ گئی، اُڑنے سے پہلے میرے شہپر کی — ص ۲۰۷

شہپرِ پرواز: ہر مو بدن پہ شہپرِ پرواز ہے مجھے — بیتابیِ دلِ تپش انگیز یک طرف — ص ۴۹

شہپرِ رنگ: بس کہ دوڑے ہے رگِ تاک میں خوں ہو ہو کر — شہپرِ رنگ سے ہے بال کشا موجِ شراب — ص ۱۶۳

شہپرِ مور: ہم عجز کا سفینہ بہ کنارِ بے دلی ہے — گر ایک شہپرِ مور کرے سازِ بادبانی — ص ۱۰

شہر[۳]: (۱) قیس بھاگا شہر سے، شرمندہ ہو کر، سوئے دشت — بن گیا تقلید سے میری یہ سودائی عبث — ص ۳۳

(۲) منقطع سلسلۂ شوق نہیں ہے یہ شہر — عزمِ سیرِ نجف و طوفِ حرم ہے ہم کو — ص ۱۹۵

(۳) اُلجھتے ہو تم اگر دیکھتے ہو آئینہ — جو تم سے شہر میں ہوں ایک دو تو کیوں کر ہو — ص ۱۹۷

(۴) تم شہر میں ہو تو ہمیں کیا غم، جب اُٹھیں گے — لے آئیں گے بازار سے جا کر دل و جاں اور — ص ۱۴۰

(۵) ہوا ہے شہ کا مصاحب، پھرے ہے اِتراتا — وگرنہ شہر میں غالبؔ کی آبرو کیا ہے — ص ۲۳۲

(۶) رام پور اہلِ نظر کی ہے نظر میں وہ شہر — کہ جہاں ہشت بہشت آ کے ہوئے ہیں باہم — ص ۲۶۵

(۷) شہر میں کو بہ کو عبیر و گلال — باغ میں سو بہ سو گل و نسریں — ص ۲۸۰

(۸) شہر گویا نمونۂ گلزار — باغ گویا نگار خانۂ چیں — ص ۲۸۰

(۹) روز اِس شہر میں اک حکم نیا ہوتا ہے — کچھ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ کیا ہوتا ہے — ص ۳۰۵

(۱۰) شہر میں چھڑیوں کے میلے کی ہے بھیڑ — آج عالم اور ہے بازار کا — [قادرنامہ]

دیکھیے ــــــ: (۱۱) صد شہر چراغاں۔ (۱۲) ماتمِ یک شہر آرزو۔

شہرِ جولاں: بہار، در گروِ غنچہ شہرِ جولاں ہے — طلسمِ ناز بجز تنگیِ قبا معلوم! — ص ۵۳

شہرِ خموشاں: دیکھیے: طلسمِ شہرِ خموشاں۔

شہرِ دہلی: شہرِ دہلی کا ذرّہ ذرّۂ خاک — تشنۂ خوں ہے ہر مسلماں کا — ص ۲۶۰

شہر و سپاہ: دیکھیے: پناہِ شہر و سپاہ۔

---

۱ شہادت [۲]: ایک بار۔

۲ شہپر : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔

۳ شہر : پندرہ بار [مفرد: دس بار، مرکب: پانچ بار]۔

شہرِ خموشاں : ایک بار [مرکب]۔

شہرت[۱]: (۱) وہ پردہ نشیں اور اسدؔ آئینۂ اظہار — شہرت چمن فتنہ و عنقا اری ہے — ص۱۰۶

(۲) عشق مجھ کو نہیں، وحشت ہی سہی — میری وحشت تری شہرت ہی سہی — ص۲۲۰

دیکھیے ——: (۳) رنگِ شہرت۔ (۴) ریشۂ شہرت۔ (۵) صدائے نغمۂ شہرت۔

شہرۂ[۲] تیزیِ شمشیرِ قضا: کبھی آجائے گی، کیوں کرتے ہو جلدی غالبؔ! — شہرۂ تیزیِ شمشیرِ قضا ہے تو سہی — ص۳۱۱

شہریار[۳]: دیکھیے: کوکبۂ شہریار۔

شہنشاہ[۴]: (۱) جامِ جہاں نما ہے شہنشاہ کا ضمیر — سوگند اور گواہ کی حاجت نہیں مجھے — ص۱۲۵

(۲) وہ شہنشاہ کہ جس کی پئے تعمیرِ سرا — چشمِ جبریل ہوئی قالبِ خشتِ دیوار — ص۱۳۲

(۳) دیکھیے: لطف و عنایاتِ شہنشاہ۔

شہنشاہِ آسماں اورنگ: اے شہنشاہِ آسماں اورنگ! — اے جہاں دارِ آفتاب آثار! — ص۱۲۵

شہنشاہِ اُمم: دیکھیے: دولتِ دیدارِ شہنشاہِ اُمم۔

شہنشاہِ فلک منظرِ بے مثل و نظیر: اے شہنشاہِ فلک منظرِ بے مثل و نظیر! — اے جہاں دارِ کرم شیوۂ بے شبہ و عدیل! — ص۱۳۳

شہنشاہِ کواکب سپہِ مہرِ علم: اے شہنشاہِ کواکب سپہِ مہر علم! — تیرے اکرام کا حق کس سے ادا ہوتا ہے — ص۲۲۱

شہوار[۵]: دیکھیے: دُرِ شہوار۔

شہود[۶]: (۱) ہے غیب غیب جس کو سمجھتے ہیں ہم شہود — ہیں خواب میں ہنوز جو جاگے ہیں خواب میں — ص۱۸۹

(۲) دیکھیے: اصلِ شہود۔

شہور[۷]: شہور و سنین۔

شہید[۸]: (۱) داغِ ربطِ ہم ہیں اہلِ باغ گر گل ہو شہید — لالہ، چشمِ حسرت آلودِ چراغِ کشتہ ہے — ص۸۰

(۲) ہو کر شہیدِ عشق میں، پائے ہزار جسم — ہر موجِ گردِ راہ، مرے سر کو دوش ہے — ص۳۲۰

---

۱ شہرت : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکب: تین بار]۔
۲ شہرہ : ایک بار [مرکب]۔
۳ شہریار : ایک بار [مرکب]۔
۴ شہنشاہ : سات بار [مفرد: دو بار، مرکب: پانچ بار]۔
۵ شہوار : ایک بار [مرکب]۔
۶ شہود : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
۷ شہور : ایک بار [مرکب]۔
۸ شہید : دس بار [مفرد: دو بار، مرکب: آٹھ بار]۔
شہیداں : چار بار [مرکب]۔
شہیدوں : ایک بار۔

شہیدِ تشنہ لبِ کربلا: وہ، جس کے ماتمیوں پر ہے سلسبیل، سبیل — شہیدِ تشنہ لبِ کربلا کہیں اُس کو ص۲۸۵

شہیدِ جنبشِ ابروئے یار: بھونچال میں گرا تھا یہ آئینہ طاق سے — حیرت، شہیدِ جنبشِ ابروئے یار ہے ص۹۰

شہیدِ خندۂ گل: خرابِ نالۂ بلبل، شہیدِ خندۂ گل — ہنوز دعویِ تمکین و بیمِ رُسوائی ص۱۱۰

شہیدِ درد آگاہی: کرے کیا سازِ بینش وہ شہیدِ دردِ آگاہی — جسے موئے دماغِ بے خودی خوابِ زلیخا ہو ص۶۷

شہیدِ گل خزانیِ شمع: نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہار نہ پوچھ — شگفتگی، ہے شہیدِ گلِ خزانیِ شمع ص۱۶۳

شہیدِ ناتوانی: اگر آرزو رسا ہو پئے دردِ دل دوا ہو — وہ اجل کہ خوں بہا ہو بہ شہیدِ ناتوانی ص۱۰۱

شہیدِ وفا: (۱) علی الرّغمِ دُشمن شہیدِ وفا ہوں — مبارک مبارک! سلامت سلام! ص۱۶۳

(۲) دیکھیے: آرزوِ شہیدِ وفا۔

شہیداں: دیکھیے: خاکِ شہیداں۔

شہیدانِ گزشتہ: دیکھیے: حالِ شہیدانِ گزشتہ۔

شہیدانِ نفَس دُزدیدہ: دیکھیے: عزادارِ شہیدانِ نفَس دُزدیدہ۔

شہیدانِ نگہ: محابا کیا ہے؟ میں ضامن، اِدھر دیکھ — شہیدانِ نگہ کا خوں بہا کیا! ص۱۵۷

شہیدوں: اک خوں چکاں کفن میں کروڑوں بناو ہیں — پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حور کی ص۲۳۳

شے[۱]: (۱)، (۲) ہر چند ہر ایک شے میں تو ہے — پر تجھ سی کوئی شے نہیں ہے ص۳۲۸

شیخ[۲]: وہ نہیں ہم کہ چلے جائیں حرم کو اے شیخ! — ساتھ حجاج کے اکثر کئی منزل آئے ص۳۱۲

شیخ جی: (۱) شیخ جی کعبے کا جانا معلوم! — آپ مسجد میں گدھا باندھتے ہیں ص۵۸

(۲) بیچارہ کتنی دور سے آیا ہے، شیخ جی! — کعبے میں کیوں دبائیں نہ ہم برہمن کے پانو ص۳۹۱

شیخ و برہمن: نہیں کچھ سُبحہ و زُنّار کے پھندے میں گیرائی — وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمائش ہے ص۲۲۴

شیدا[۳]: دیکھیے: داغِ طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا۔

شیر[۴]: دیکھیے: دامنِ شیر۔

شیر افگنِ میدانِ قالی: اسدؔ! مت رکھ تعجب خر دماغی ہائے منعم کا — کہ یہ نامرد بھی شیر افگنِ میدانِ قالی ہے ص۷۹

شیرِ قالی: دیکھیے: ریشہ دارِ نیستانِ شیرِ قالی۔

شیری: دیکھیے: حریفِ شیر کیں۔

---

۱ شے : ایک بار۔

۲ شیخ : چار بار [مرتب: ایک بار]۔

۳ شیدا : ایک بار [مرتب]۔

۴ شیر : چار بار [مرتب]۔

شیر[1]: دیکھیے: جوے شیر۔

شیرازہ[2]: (۱) یک قدم وحشت سے درسِ دفترِ امکاں کھلا — جادہ، اجزاے دو عالم دشت کا شیرازہ تھا — ص۱۳۶

(۲) نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا، غالبؔ! — کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزاے پریشاں کا — ص۱۵۷

(۳) دیکھیے: صرفِ شیرازہ [مزید دیکھیے: بے شیرازہ]۔

شیرازۂ اجزاے حواس: عشق: بے ربطیِ شیرازۂ اجزاے حواس — وصل: زنگارِ رخِ آئینۂ حُسنِ یقیں — ص۱۳۲

شیرازۂ اجزاے قدم: رفتار سے شیرازۂ اجزاے قدم باندھ — اے آبلے! محمل پئے صحراے عدم باندھ — ص۱۷

شیرازہ بندِ بے خودی: بہ رنگِ گل اگر شیرازہ بندِ بے خودی رہیے — ہزار آشفتگی مجموعۂ یک خواب ہو جاوے — ص۱۰۵

شیرازۂ دو عالم: موے دماغِ وحشت سر رشتۂ فنا ہے — شیرازۂ دو عالم یک آہِ نارسا ہے — ص۹۳

شیرازۂ صد آبلہ: اے جادے! بہ سر رشتۂ یک ریشہ دویدن — شیرازۂ صد آبلہ جوں سبحہ بہم باندھ — ص۱۷

شیرازۂ مژگاں: دیکھیے: رشتۂ شیرازۂ مژگاں۔

شیرازۂ وحشت: دیکھیے: ربطِ یک شیرازۂ وحشت۔

شیریں[3] [۱]: (۱) کتنے شیریں ہیں تیرے لب! کہ رقیب — گالیاں کھا کے بے مزا نہ ہوا — ص۱۶۲

(۲) جاں لب پہ آئی تو بھی نہ شیریں ہوا دہن — از بس کہ تلخیِ غمِ ہجراں چشیدہ ہوں — ص۲۹۹

دیکھیے ——: (۳) بوسۂ لبِ شیریں۔ (۴) جانِ شیریں۔ (۵) خندۂ شیریں۔ (۶) میوہ ہاے تازۂ شیریں۔

شیریں بیانی: ہوگئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر — عشق کا اُس کو گماں ہم بے زبانوں پر نہیں — ص۱۸۳

شیریں سخن: دیکھیے ——: (۱) خسروِ شیریں سخن۔ (۲) طوطیِ شیریں سخن۔

شیریں لباں: دیکھیے: قندِ بوسۂ شیریں لباں۔

شیریں[4] [۲]: (۱) ہم سخن تیشے نے فرہاد کو شیریں سے کیا — جس طرح کا کہ کسی میں ہو کمال، اچھا ہے — ص۲۳۹

(۲) مرگِ شیریں ہوگئی تھی کوہکن کی فکر میں — تھا حریرِ سنگ سے قطعِ کفن کی فکر میں — ص۹۳

دیکھیے ——: (۳) آئینۂ خوابِ گرانِ شیریں۔ (۴) کشتۂ افعیِ زلفِ سیہِ شیریں۔ (۵) گلگونِ شیریں۔

(۶) یک تمثالِ شیریں۔

---

۱ شیر : ایک بار [مرکب]۔

۲ شیرازہ : دس بار [مفرد: دو بار، مرکب: آٹھ بار]۔

۳ شیریں [۱] : دس بار [مفرد: دو بار، مرکب: آٹھ بار]۔

۴ شیریں [۲] : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔

شیرینی[1]:	جان میں ہوتی گر یہ شیرینی	[آم کے لیے]	ص ۱۳۰
شیرینیِ خواب آلودہ مژگاں:	بہ شیرینیِ خواب آلودہ مژگاں نشترِ زنبور	خود آرائی سے آئینہ طلسمِ مومِ جادو تھا	ص ۲۲
شیرہ[2]:	آتشِ گل پہ قند کا ہے قوام	شیرے کے تار کا ہے ریشہ نام [آم کے لیے]	ص ۱۳۱
شیرۂ انگور:	خمار ضبط سے بھی نشۂ اظہار پیدا ہے	تراوشِ شیرۂ انگور کی ہے مفتِ افشردن	ص ۲۲۹
شیشہ[3]: (۱)	گر شہادت آرزو ہے، نشے میں گستاخ ہو	بالِ شیشے کا، رگِ سنگِ فساں ہوجائے گا	ص ۲۰
	(۲) ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے	کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آبگینہ گداز	ص ۴۳
	(۳) افسردۂ تمکیں ہے نفَس گرمیِ احباب	پھر شیشے سے عطرِ شررِ سنگ نکالوں	ص ۶۱
	(۴) شیشہ شکستِ اعتبار، رنگ بہ گردشِ استوار	گر نہ مٹیں یہ کوہسار، آپ کو تو صدا سمجھ	ص ۷۳
	(۵) پری بہ شیشہ و عکسِ رُخ اندر آئینہ	نگاہِ حیرتِ مشاطہ خوں فشاں تجھ سے	ص ۱۱۴
	(۶) حال آنکہ ہے یہ سیلیِ خارا سے لالہ رنگ	غافل کو میرے شیشے پہ مے کا گمان ہے	ص ۲۰۳
	(۷) بزمِ مے وحشت کدہ ہے کس کی چشمِ مست کا؟	شیشے میں نبضِ پری پنہاں ہے موجِ بادہ سے	ص ۲۱۷
	(۸) پیوں شراب اگر خُم بھی دیکھ لوں دو چار	یہ شیشہ و قدح و کوزہ و سبو کیا ہے!	ص ۲۲۲
	(۹) جس بزم میں کہ ہو اُنھیں آہنگِ مے کشی	وھاں آسمان شیشہ بنے، آفتاب جام	ص ۲۸۲
	(۱۰) بس کہ خوباں باغ کو دیتے ہیں وقتِ مے شکست	بال اُگ جاتا ہے شیشے کا رگِ گل کے تلے	ص ۴۵۴
	(۱۱) نہ چھوڑ محفلِ عشرت میں جائے مے کشاں! خالی	کمیں گاہِ بلا ہے ہو گیا شیشہ جہاں خالی	ص ۴۵۵

دیکھیے: (۱۲) رنگِ شیشہ۔ (۱۳) سنگِ شیشہ۔ (۱۴) غیرِ شیشہ۔ (۱۵)، (۱۶)، (۱۷) موے شیشہ [تین بار]۔

شیشہ ریزۂ حلبی:	چمن میں کس کی یہ برہم ہوئی ہے بزمِ تماشا؟	کہ برگ برگِ سمن، شیشہ ریزۂ حلبی ہے	ص ۷۵
شیشۂ آتشیں:	شیشۂ آتشیں رُخِ پُرنور	عرق از خطِ چکیدہ، روغنِ مور	ص ۳۱

شیشۂ بشکستہ: دیکھیے: لختِ لختِ شیشۂ بشکستہ۔

شیشۂ دل ہاے دوستاں: دیکھیے: دستِ شیشۂ دل ہاے دوستاں۔

شیشۂ ساعت: (۱)	گردِ رہ اُس کی بھریں شیشۂ ساعت میں اگر	ہر نفَس راہ میں ٹوٹے نفَسِ لیل و نہار	ص ۵
	(۲) نہ بھولا اضطرابِ دم شماری انتظار اپنا	کہ آخر شیشۂ ساعت کے کام آیا غبار اپنا	ص ۱۵

---

۱ شیرینی : دوبار [مرکب: ایک بار]۔

۲ شیرہ : دوبار [مرکب: ایک بار]۔

۳ شیشہ : اٹھائیس بار [مفرد: نو بار، مرکب: انیس بار]۔

شیشے : ایک بار [بطور جمع]۔

(۳) دیکھیے: غبارِ شیشۂ ساعت۔

شیشۂ شراب: دیکھیے: پنبۂ شیشۂ شراب۔

شیشۂ مے: (۱) نغمہ ہا شاداب رنگ و سازہا مستِ طرب — شیشۂ مے، سرو سبز جویبار نغمہ ہے ص۲۱۳

دیکھیے ——: (۲) ریزۂ شیشۂ مے۔ (۳) ٹکڑے شیشۂ مے۔

شیشے: دیکھیے: شیشہ باز۔

شیشہ باز:[۱] ہیں بس کہ جوشِ بادہ سے شیشے اچھل رہے — ہر گوشۂ بساط ہے سر شیشہ باز کا ص۱۵۵

شیعی:[۲] دہری کیوں کر ہو جو کہ ہووے صوفی؟ — شیعی کیوں کر ہو ماوراء النہری! ص۳۱۳

شیعگی:[۳] دیکھیے: منصبِ شیعگی۔

شیفتہ:[۴] وحشت و شیفتہ اب مرثیہ کہویں شاید — مر گیا غالبؔ آشفتہ نوا، کہتے ہیں ص۱۸۸

شیوعِ[۵] دانش و داد: حق، شہ کی بقا سے خلق کو شاد کرے! — تا شاہ، شیوعِ دانش و داد کرے ص۲۵۳

شیون:[۶] (۱) یہ کیا وحشت ہے اے دیوانے؟ پیش از مرگ واویلا — رکھی بیجا بنائے خانۂ زنجیر شیون پر ص۳۱

(۲) قفس میں ہوں، گر اچھا بھی نہ جانیں میرے شیون کو — مرا ہونا برا کیا ہے نوا سنجانِ گلشن کو ص۱۹۸

شیونِ دل: شورشِ باطن سے یہاں تک مجھ کو غفلت ہے کہ آہ! — شیونِ دل، یک سرودِ خانۂ ہمسایہ ہے ص۱۰۳

شیونارائن:[۷] امیدوار عنایات شیونارائن — کہ آپ کا ہے نمک خوار اور دولت خواہ ص۲۷۸

شیوہ:[۸] (۱) ڈھول دھپا اُس سراپا ناز کا شیوہ نہیں — ہم ہی کر بیٹھے تھے غالبؔ پیش دستی ایک دن ص۱۷۹

(۲) اپنا وہ نہیں شیوہ کہ آرام سے بیٹھیں — اُس در پہ نہیں بار تو کعبے ہی کو ہو آئے ص۲۳۸

(۳) دیکھیے: جہاں دارِ کرم شیوہ۔

شیوۂ اہلِ نظر: دیکھیے: آبروے شیوۂ اہلِ نظر۔

شیوۂ عشق: دیکھیے: طرز آفرینِ شیوۂ عشق۔

شیوہ و انداز و ادا: حُسن میں حور سے بڑھ کر نہیں ہونے کے کبھی — آپ کا شیوہ و انداز و ادا اور سہی ص۳۱۱

---

۱ شیشہ باز : ایک بار۔
۲ شیعی : ایک بار۔
۳ شیعگی : ایک بار [مرکب]۔
۴ شیفتہ : ایک بار [مرکب]۔
۵ شیوع : ایک بار [مرکب]۔
۶ شیون : تین بار [مرکب: ایک بار]۔
۷ شیونارائن : ایک بار۔
۸ شیوہ : چھے بار [مطرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔

ص

صابون[1]:	فنا کرتی ہے زائل سرنوشتِ کلفتِ ہستی	سحر، از بہرِ شست وشوئے داغِ ماہ، صابوں ہے	ص۱۱۳
صاحِب[2]، صاحب:	(۱) وہ بات چاہتے ہو کہ جو بات چاہیے	صاحِب کے ہم نشیں کو کرامات چاہیے	ص۱۱۶
	(۲) ہے جو صاحِب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی	زیب دیتا ہے، اسے جس قدر اچھا کہیے	ص۱۳۲
	(۳) آئینہ دیکھ، اپنا سا منہ لے کے رہ گئے	صاحِب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا!	ص۱۳۸
	[دوبار بہ طور ردیف، ص۲۳۹]:		
	(۴)،(۵) کوئی اس کا جواب دو صاحِب	سائلوں کا ثواب لو، صاحِب	
	(۶) دل لگا کر آپ بھی غالبؔ مجھی سے ہو گئے	عشق سے آتے تھے مانع میرزا صاحِب مجھے	ص۲۱۳
صاحب خانہ:	دیکھیے: نامِ صاحب خانہ۔		
صاحب دُکانی:	چار سوئے عشق میں صاحب دُکانی مفت ہے	نقد ہے داغِ دل اور آتش زبانی مفت ہے	ص۱۱۳
صاحب دلاں:	دیکھیے: مُردنِ صاحب دلاں۔		
صاحب دل ہا:	اے اسدؔ! مایوس مت ہو از درِ شاہِ نجف	صاحب دل ہا وکیلِ حضرت اللہ ہے	ص۲۵۶
صاحب دوتاں:	دیکھیے: احسانِ صاحب دوتاں۔		
صاحب سرمایہ:	خوئے شرمِ سرد بازاری، ہے سیلِ خانماں	ہے اسدؔ نقصاں میں مفت اور صاحب سرمایہ تو	ص۶۹
صاحب شاخ و برگ و بار:	صاحب شاخ و برگ و بار ہے آم	ناز پروردۂ بہار ہے آم	ص۱۳۱

---

[1] صابون : ایک بار۔

[2] صاحب : چودہ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: آٹھ بار]۔

صاحبِ عالی مقام: سو یہ نظر فروز قلم دان نذر ہے — مسطر کو ان صاحبِ عالی مقام کی — ص۲۶۳

صاحبقرانی[۱]: تم کرو صاحبقرانی، جب تلک — ہے طلسمِ روز و شب کا در کھلا — ص۱۳۱

صادق[۲]: صادق ہوں اپنے قول میں غالبؔ خدا گواہ! — کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے — ص۱۲۵

صاعقہ[۳]: ہے صاعقہ و شعلہ و سیماب کا عالم — آنا ہی سمجھ میں مری آتا نہیں گو آئے — ص۲۳۸

صاعقہ و مہر: اب صاعقہ و مہر میں کچھ فرق نہیں ہے — گرتا نہیں، اس رو سے کہو برق نہیں ہے — ص۲۸۳

صاف[۴]: (۱) صاف ہے ازبس کہ عکسِ گل سے گلزارِ چمن — جانشینِ جوہرِ آئینہ ہے خارِ چمن — ص۵۹

(۲) اے کاش! بتاں کا خنجرِ سینہ شگاف — پہلوے حیات سے گزر جاتا صاف — ص۱۱۷

(۳) صاف دُردی کشِ پیمانۂ جم ہیں ہم لوگ — وائے وہ بادہ! کہ افشردۂ انگور نہیں — ص۱۸۶

(۴) صاف آتی ہیں نظر آبِ گہر کی لہریں — جنبشِ بادِ سحر نے جو ہلایا سہرا — ص۳۹۳ [طبع ثانی]

دیکھیے——: (۵) یک نگاہِ صاف۔ (۶) سرِ مصراعِ صافِ تیغ۔ (۷) شمشیرِ صافِ یار۔

صافِ مے: ہوا جب حُسن کم، خط بر عذارِ سادہ آتا ہے — کہ بعد از صافِ مے، ساغر میں دُردِ بادہ آتا ہے — ص۹۸

صافی[۵]: دیکھیے: سینہ صافی۔

صافیِ رُخ: صافیِ رُخ سے ترے ہنگامِ شب — عکسِ داغِ مہ، ہوا عارض پہ خال — ص۵۱

صافیِ عارض: دیکھیے: نیلِ چشمِ صافیِ عارض۔

صافیِ قطعِ نظر: ہے تصور، صافیِ قطعِ نظر از غیرِ یار — لختِ دل سے لاوے ہے شمعِ خیال آباد، گل — ص۵۲

صافی ہاے حیرت: دیکھیے: تاثیرِ صافی ہاے حیرت۔

صانعِ[۶] ہفت چرخ و ہفت اقلیم: اے جہاں آفریں خداے کریم! — صانعِ ہفت چرخ و ہفت اقلیم — ص۳۷۶

صبا[۷]: (۱) جوشِ بیداد و تپش سے ہوئی عریاں آخر — شاخِ گلبن پہ صبا چھوڑ کے پیرہنِ خار — ص۴

(۲) نُسخہ گرداں ہے اُسی کے کفِ اُمید کا، ابر — ہم سے جس کے صبا توڑے ہے صد جا زُنّار — ص۴

---

۱ صاحبقرانی : ایک بار۔

۲ صادق : ایک بار۔

۳ صاعقہ : دو بار [مرکب]۔

۴ صاف : آٹھ بار [مفرد: چار بار، مرکب: چار بار]۔

۵ صافی : چار بار [مرکب]۔

صافی ہا : ایک بار [مرکب]۔

۶ صانع : ایک بار [مرکب]۔

۷ صبا : چھبیس بار [مفرد: گیارہ بار، مرکب: پندرہ بار]۔

(۳) ربطِ یک شیرازۂ وحشت ہیں اجزائے بہار — سبزہ بیگانہ، صبا آوارہ، گل نا آشنا ص۱۹

(۴) جنبشِ ہر برگ سے ہے گل کے لب کو اختلاج — خبثِ شبنم سے صبا ہر صبح کرتی ہے علاج ص۳۵

(۵) نے صبا بالِ پری، نے شعلہ سامانِ جنوں — شمع سے جز عرضِ افسونِ گدازِ دل نہ پوچھ ص۴۲

(۶) یہ حلقۂ خمِ گیسو ہے ، راستی آموز — دہانِ مار سے گویا صبا نکلتی ہے ص۹۰

(۷) اسد طلسمِ قفس میں رہے، قیامت ہے! — خرام تجھ سے، صبا تجھ سے، گلستاں تجھ سے ص۱۱۲

(۸) تیرے توسن کو صبا باندھتے ہیں — ہم بھی مضموں کی ہوا باندھتے ہیں ص۱۸۱

(۹) یہ ہم جو ہجر میں دیوار و در کو دیکھتے ہیں — کبھی صبا کو، کبھی نامہ بر کو دیکھتے ہیں ص۱۸۷

(۱۰) فشارِ تنگیِ خلوت سے بنتی ہے شبنم — صبا جو غنچے کے پردے میں جا نکلتی ہے ص۲۱۸

(۱۱) صبا! لگا وہ تپانچہ طرف سے بلبل کے — کہ روئے غنچۂ گل سوئے آشیاں پھر جائے ص۳۰۵

دیکھیے:—— (۱۲) تپشِ موجِ صبا۔ (۱۳) تہِ دامانِ صبا۔ (۱۴) جنبشِ موجِ صبا۔ (۱۵) دمِ سردِ صبا۔ (۱۶) شانۂ صبا۔ (۱۷) شوخیِ موجِ صبا۔ (۱۸) غمِ آوارگی ہائے صبا۔ (۱۹) گردِ رہِ جولانِ صبا۔ (۲۰) گرفتارِ صبا۔ (۲۱) مستیِ بادِ صبا۔ (۲۲)، (۲۳)، (۲۴) موجِ صبا [تین بار]۔ (۲۵) نکہتِ بادِ صبا۔

صبا خرامیِ خوباں: کشودِ غنچۂ خاطر عجب نہ رکھ غافل! — صبا خرامیِ خوباں بہار ساماں ہے ص۱۰۲

صباح[1]: دیکھیے: خطابِ صباح۔

صبح[2]: (۱) عالم جہاں بہ عرضِ بساطِ وجود تھا — جوں صبح، چاکِ جیب مجھے تار و پود تھا ص۱۲

(۲) شب نظارہ پرور تھا خواب میں خرام اُس کا — صبح موجۂ گل کو نقشِ بوریا پایا ص۳۱

(۳) شب کہ تھا نظارگی روئے بتاں کا اے اسدؔ! — گر گیا بامِ فلک سے صبح تشتِ ماہ تاب ص۳۱

(۴) تا صبح ہے بہ منزلِ مقصد رسیدنی — دودِ چراغ خانہ غبارِ سفر ہے آج ص۳۵

(۵) گل کھلے، غنچے چٹکنے لگے اور صبح ہوئی — سرخوشِ خواب ہے وہ نرگسِ مخمور ہنوز ص۳۵

(۶) اُس کو بھولا نہ چاہیے کہنا — صبح جو جاوے اور آوے شام ص۳۶

(۷) شور ہے کس بزم کی عرضِ جراحت خانہ کا؟ — صبح، یک زخمِ نمک سود چراغِ کشتہ ہے ص۸۰

---

[1] صباح : ایک بار [مرتب]۔

[2] صبح : چوالیس بار [مفر: سترہ بار، مرتب: ستائیس بار]۔

صبح دم : پانچ بار۔

(٨) صبح ناپیدا ہے کلفتِ خانۂ ادبار میں — توڑتا ہوتا ہے رنگِ یک نفس ہر شب مجھے — ص۸۶

(٩) صبح سے معلوم آثارِ ظہورِ شام ہے — غافلاں! آغازِ کار آئینۂ انجام ہے — ص۱۰۱

(١٠) وہ بھی تھی اک سیمیا کی سی نمود — صبح کو رازِ مہ و اختر کھلا — ص۳۹

(١١) صبح آیا جانبِ مشرق نظر — اک نگارِ آتشیں رُخ، سر کھلا — ص۳۹

(١٢) کاوش ہے سزا فریادیِ بیدادِ دلبر کی — مبادا! خندۂ دنداں نما ہو صبحِ محشر کی — ص۲۰۷

(١٣) کاو کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ — صبح کرنا شام کا، لانا ہے جوئے شیر کا — ص۱۳۲

(١٤) چاک کی خواہش اگر وحشت بہ عریانی کرے — صبح کے مانند زخمِ دل گریبانی کرے — ص۲۱۱

(١٥) مگر لکھوائے کوئی اُس کو خط تو ہم سے لکھوائے — ہوئی صبح اور گھر سے کان پر رکھ کر قلم نکلے — ص۲۵۰

(١٦) رویا میں ہزار آنکھ سے صبح تلک — ہر قطرۂ اشک، دیدۂ پُرنم تھا — ص۲۵۲

(١٧) یہ رات بھر کا ہے ہنگامہ، صبح ہوتے تک — رکھو نہ شمع پر اے اہلِ انجمن، تکیہ — ص۳۰۳

(١٨) صبح سے دیکھیں گے رستہ یار کا — جمعے کے دن وعدہ ہے دیدار کا — [قادرنامہ]

دیکھیے:——(١٩) چراغِ صبح۔(٢٠) دمِ صبح۔(٢١) شبنمِ صبح۔(٢٢) کاریدۂ صبح۔(٢٣) نورِ صبح۔(٢٤) ہر صبح۔(٢٥) ہوائے صبح۔

صبح آغوشاں: بہ ہنگامِ تصوّر ساغرِ زانو سے پیتا ہوں — مئے کیفیتِ خمیازہ ہائے صبح آغوشاں — ص۲۲۹

صبحِ اُمید فسانہ گویاں: دیکھیے: جبینِ صبحِ اُمید فسانہ گویاں۔

صبحِ بہار: (١) وحشیِ پرافشانِ دامِ نظر ہوں جہاں اسدؔ — صبحِ بہار بھی قفسِ رنگ و بو نہ ہو — ص۶۸

(٢) درکار ہے شگفتنِ گل ہائے عیش کو — صبحِ بہار، پنبۂ مینا کہیں جسے — ص۲۱۸

صبحِ بہار نظارہ: رنگِ شکستہ، صبحِ بہارِ نظارہ ہے — یہ وقت ہے شگفتنِ گل ہائے ناز کا — ص۱۵۵

صبحِ جدائی: دیکھیے: یک صبحِ جدائی۔

صبح دم: (١) صبح دم وہ جلوہ ریزِ بے نقابی ہو اگر — رنگِ رخسارِ گلِ خورشید مہتابی کرے — ص۱۰۰

(٢) صبح دم دروازۂ خاور کھلا — مہرِ عالم تاب کا منظر کھلا — ص۳۸

(٣) یا صبح دم جو دیکھیے آکر تو بزم میں — نے وہ سرور و سوز، نہ جوش و خروش ہے — ص۲۳۰

(۴) صبح دم باغ میں آجائے، جسے ہو نہ یقیں — سبزہ و برگِ گل و لالہ پہ دیکھے شبنم ص۲۶۵

(۵) رات پی زمزم پہ مے اور صبح دم — دھوئے دھبّے جامۂ احرام کے ص۲۵۰

صبحِ دمیدہ: سودائے عشق سے دمِ سرد کشیدہ ہوں — شامِ خیالِ زلف سے صبحِ دمیدہ ہوں ص۶۱

صبحِ شب دیجور: اے اسدؔ! تیرگیِ بختِ سیہ ظاہر ہے — نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز ص۴۵

صبحِ عید: ہوئی یہ کثرتِ غم سے تلف کیفیتِ شادی — کہ صبحِ عید مجھ کو بدتر از چاکِ گریباں ہے ص۲۱۰

صبحِ قیامت: (۱) صبحِ قیامت ایک دُمِ گرگ تھی اسدؔ — جس دشت میں وہ شوخِ دو عالم شکار تھا ص۱۷

(۲) دیکھیے: دمِ صبحِ قیامت۔

صبحِ محشر: دیکھیے: شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر۔

صبح و شام: (۱) نہ پوچھ حال شب و روزِ ہجر کا غالبؔ — خیالِ زلف و رُخِ دوست صبح و شام رہا ص۳۰

(۲) کہتے ہیں: کہیں خدا سے، اللہ اللہ! — وہ آپ ہیں صبح و شام کرنے والے ص۲۵۴

صبح و شبنم: جائے استہزا ہے عشرت کوشیِ ہستی اسدؔ — صبح و شبنم فرصتِ نشوونمائے خندہ ہے ص۸۷

صبحِ وصال: ہم غلط سمجھے تھے لیکن زخمِ دل پر رحم کر — آخر اِس پردے میں تو ہنستی تھی اے صبحِ وصال! ص۵۲

صبحِ وطن: (۱) وہ غریبِ وحشت آبادِ تسلّی ہوں جسے — کوچہ دے ہے زخمِ دل، صبحِ وطن کی فکر میں ص۶۳

(۲) بے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے — صبحِ وطن، ہے خندۂ دنداں نما مجھے ص۲۰۶

صبح و مہر: فارغ مجھے نہ جان کہ مانندِ صبح و مہر — ہے داغِ عشق زینتِ جیبِ کفن ہنوز ص۱۷۱

صبر[۱]: (۱) صبر اور یہ ادا کہ دل آوے اسیر چاک — درد اور یہ کمیں کہ رہِ نالہ وا کروں ص۵۶

(۲) دیکھیے: حُسنِ صبر۔

صبر آزما: (۱) صبر آزما وہ اُن کی نگاہیں کہ حَف نظر! — طاقت رُبا وہ اُن کا اشارا کہ ہائے ہائے! ص۱۳۳

(۲)،(۳) دیکھیے: وعدۂ صبر آزما [دوبار]۔

صبرِ اہلِ انجمن: دیکھیے: شکیب و صبرِ اہلِ انجمن۔

صبر طلب: عاشقی صبر طلب اور تمنّا بیتاب — دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہوتے تک ص۱۷۵

---

۱ صبر : دس بار [مفرد: ایک بار، مرکب: نو بار]۔

صبر گریز پا: دیکھیے: حکایتِ صبر گریز پا۔

صبر و شکیب: غرورِ ضبط وقتِ نزع ٹوٹا بے قراری سے | نیازِ پر فشانی ہو گیا صبر و شکیب آخر ص ۴۱

صبر و قرار: کیا کروں! غم ہائے پنہاں لے گئے صبر و قرار | دزد گر ہو خانگی تو پاسباں معذور ہے ص ۹۳

صبوحی[1]: لا کے ساقی نے صبوحی کے لیے | رکھ دیا ہے ایک جامِ زر کھلا ص ۱۳۹

صبور[2]: درپئے تپش ہے برق کو اب جس کے نام سے | وہ دل ہے یہ کہ جس کا تخلص صبور تھا ص ۱۸

صحبت[3]: (۱) نہ حیرت چشمِ ساقی کی نہ صحبت دورِ ساغر کی | مری محفل میں غالبؔ گردشِ افلاک باقی ہے ص ۱۰۷

(۲) نہ جانوں نیک ہوں یا بد ہوں، پر صحبت مخالف ہے | جو گل ہوں تو ہوں گلخن میں، جو خس ہوں تو ہوں گلشن میں ص ۱۸۰

(۳) گلشن کو تری صحبت از بس کہ خوش آئی ہے | ہر غنچے کا گل ہونا: آغوش کشائی ہے ص ۲۱۰

(۴) صحبت میں غیر کی نہ پڑی ہو کہیں یہ خو | دینے لگا ہے بوسہ، بغیر التجا کیے ص ۲۲۳

دیکھیے ـــــ: (۵) افسوس گری ہائے صحبت۔ (۶) عذرِ ترکِ صحبت۔ (۷) یادِ گرمیِ صحبت۔

صحبتِ احباب: دیکھیے ـــــ: (۱) بساطِ صحبتِ احباب۔ (۲) ذوقِ صحبتِ احباب۔

صحبتِ اغیار: دیکھیے: دریافتنِ صحبتِ اغیار۔

صحبتِ اہلِ کنشت: دیکھیے: حقِ صحبتِ اہلِ کنشت۔

صحبتِ خس و آتش: حیراں ہوں شوخیِ رگِ یاقوت دیکھ کر | یاں ہے کہ صحبتِ خس و آتش برابر ہے ص ۹۰

صحبتِ خوباں: دیکھیے: عشرتِ صحبتِ خوباں۔

صحبتِ رنداں: صحبتِ رنداں سے واجب ہے حذر | جائے مے، اپنے کو کھینچا چاہیے ص ۲۲۲

صحبتِ شب: دیکھیے: داغِ فراقِ صحبتِ شب۔

صحبت ہائے ممسک: نہ رکھ چشمِ حصولِ نفع صحبت ہائے ممسک سے | لبِ خشکِ صدف آبِ گہر سے تر نہیں ہوتا ص ۲۲۵

صحت[4]: دیکھیے: غسلِ صحت۔

صحتِ تو اب: دیکھیے: بحفلِ غسلِ صحتِ نواب۔

---

[1] صبوحی : ایک بار۔

[2] صبور : ایک بار۔

[3] صحبت : چودہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: گیارہ بار]۔

صحبت ہا : ایک بار [مرکب]۔

[4] صحت : دو بار [مرکب]۔

صحرا:[۱]

(۱) یک بیاباں تپشِ بالِ شرر سے صحرا — مغزِ کہسار میں کرتا ہے فرو نشترِ خار — ص۵

(۲) کوچہ دیتا ہے پریشاں نظری پر صحرا — رمِ آہو کو ہے ہر ذرّے کی چشمک میں کمیں — ص۸

(۳) ملی نہ وسعتِ جولانِ یک جنوں ہم کو — عدم کو لے گئے دل میں غبارِ صحرا کا — ص۱۷

(۴) ساتھ جنبش کے بہ یک برخاستن طے ہوگیا — تو کہے، صحرا غبارِ دامنِ دیوانہ تھا — ص۲۵

(۵) بہ وقتِ کعبہ جوئی ہا جرس کرتا ہے ناقوسی — کہ صحرا فصلِ گل میں رشک ہے بت خانہ چیں کا — ص۲۸

(۶) گو تیزیِ رفتار کہ صحرا سے زمیں کو — جوں قمریِ بسمل تپش آہنگ نکالوں — ص۶۰

(۷) گر ہو بلدِ شوق مری خاک کو وحشت — صحرا کو بھی گھر سے کئی فرسنگ نکالوں — ص۶۰

(۸) جنوں کر اے چمن تحریر درسِ شغلِ تنہائی! — نگاہِ شوق کو صحرا بھی دیوانِ غزالی ہے — ص۷۹

(۹) عرضِ سرشک پر ہے فضائے زمانہ تنگ — صحرا کہاں کہ دعوتِ دریا کرے کوئی — ص۸۸

(۱۰) بجز قیس اور کوئی نہ آیا بروئے کار — صحرا مگر بہ تنگیِ چشمِ حسود تھا! — ص۱۳۳

(۱۱) عرض کیجے جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں — کچھ خیال آیا تھا وحشت کا کہ صحرا جل گیا — ص۱۵۱

(۱۲) شوریدگی کے ہاتھ سے ہے، وبالِ دوش — صحرا میں اے خدا کوئی دیوار بھی نہیں! — ص۱۸۳

(۱۳) جوشِ جنوں سے کچھ نظر آتا نہیں اسدؔ — صحرا ہماری آنکھ میں یک مشتِ خاک ہے — ص۲۱۶

(۱۴) سر پر ہجومِ دردِ غریبی سے ڈالیے — وہ ایک مشتِ خاک کہ صحرا کہیں جسے — ص۲۱۸

(۱۵) ہوتا ہے نہاں گرد میں صحرا مرے ہوتے — گھستا ہے جبیں خاک پہ دریا مرے آگے — ص۲۲۸

[سات بار بہ طور ردیف، ص۳۶]:

(۱۶)،(۱۷) یک گام بے خودی سے لوٹیں بہارِ صحرا — آغوشِ نقشِ پا میں کیجے فشارِ صحرا

(۱۸) وحشت اگر رسا ہے، بے حاصلی ادا ہے — پیمانہ ہُوا ہے مشتِ غبارِ صحرا

(۱۹) اے آبلے! کرم کر، یہاں رنجہ یک قدم کر — اے نورِ چشمِ وحشت! اے یادگارِ صحرا!

(۲۰)-(۲۳) دل در رکابِ صحرا، خانہ خرابِ صحرا — موجِ سرابِ صحرا، عرضِ خمارِ صحرا

(۲۴) ہر ذرہ یک دلِ پاک، آئینہ خانہ بے خاک — تمثالِ شوقِ بیباک صد جا دوچارِ صحرا

---

[۱] صحرا : اٹھائیس بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: تیرہ بار]۔

(۲۵) دیوانگی اسدؔ کی حسرت کش طرب ہے　　سر میں ہوائے گلشن، دل میں غبار صحرا

دیکھیے:— (۲۶) آبادیِ صحرا۔ (۲۷) باغبانیِ صحرا۔ (۲۸) بہم بالیدنِ سنگ وگلِ صحرا۔ (۲۹) جوشِ نیرنگِ بہارِ عرضِ صحرادادہ (۳۰) چشم وچراغِ صحرا۔ (۳۱) دامانِ صحرا۔ (۳۲)، (۳۳) دامنِ صحرا [دوبار]۔ (۳۴) رشتۂ دامانِ صحرا۔ (۳۵) سرشکِ سربہ صحرادادہ۔ (۳۶) کوہ وصحرا۔ (۳۷) وسعتِ صحرا۔ (۳۸) یک دو جیبِ دامانِ صحرا۔

صحرا دستگاہ: شوق، ہے ساماں طرازِ نازشِ اربابِ عجز　　ذرہ صحرا دستگاہ و قطرہ دریا آشنا　ص۱۳۹

صحرا گرد: دیکھیے: خانۂ مجنونِ صحرا گرد۔

صحرانورد: پا بہ دامن ہو رہا ہوں بس کہ میں صحرانورد　　خارِ پا ہیں جوہرِ آئینۂ زانو مجھے　ص۲۰۸

صحرائے آگاہی: دیکھیے: جادۂ صحرائے آگاہی۔

صحرائے اُلفت: دیکھیے: سبزۂ صحرائے اُلفت۔

صحرائے انتظار: خوش اُفتادگی کہ بہ صحرائے انتظار　　جوں جادہ گردِ رہ سے نگہ سُرمہ سا کروں　ص۵۶

صحرائے تحیّر: اے ادافہماں! صدا ہے تنگیِ فرصت سے خوں　　ہے بہ صحرائے تحیّر چشمِ قربانی جرس　ص۳۵

صحرائے جنوں: دیکھیے: جادۂ صحرائے جنوں۔

صحرائے حرم: دیکھیے: (۱) راہِ صحرائے حرم۔ (۲) گردِ صحرائے جنوں۔

صحرائے سخن: دیکھیے: عصائے خضرِ صحرائے سخن۔

صحرائے طلب: (۱) گرد باد آئنہ فتراکِ دماغِ دل ہا　　تیرا صحرائے طلب، محملِ پیمانہ شکار　ص۹

(۲) سرِ منزلِ ہستی سے ہے صحرائے طلب دور　　جو خط ہے کفِ پا پہ سو ہے سلسلۂ پا　ص۲۹

(۳) دیکھیے: بعدِ صحرائے طلب۔　　(۴) خضرِ صحرائے طلب۔

صحرائے عدم: (۱) رفتار سے شیرازۂ اجزائے قدم باندھ　　اے آبلہ! محمل پئے صحرائے عدم باندھ　ص۱۷

(۲) سراغِ آوارۂ عرضِ دو عالم شورِ محشر ہوں　　پَرافشاں ہے غبار آں سوئے صحرائے عدم میرا　ص۱۶

صحرائے محبت: بس کہ بے پایاں ہے صحرائے محبت اے اسدؔ!　　گرد باد اِس راہ کا، ہے عقدۂ پیمانِ عجز　ص۴۳

صحرائے نجف: دیکھیے: خاکِ صحرائے نجف۔

صحراے نظربازی: دیکھیے: آبلہ پایانِ صحراے نظربازی۔

صحراے ہوس: یاد آیا جو وہ کہنا کہ نہیں، واہ! غلط — کی تصور نے بہ صحراے ہوس راہ غلط ص۲۹۵

صحن[1]: تیرے پرتو سے ہوں فروغ پذیر — کوے و مشکوے و صحن و منظر و بام ص۳۶

صحنِ بیاباں: نہ دوڑا ریشۂ دیوانگی صحنِ بیاباں میں — کہ تارِ جادہ سے ہے لجۂ ریگِ رواں خالی ص۲۵۵

صحنِ چمنستاں: آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں یکسر — بس کہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گل و صبح ص۳۶

صد[2] آبلہ: دیکھیے: شیرازۂ صد آبلہ۔

صد آفتاب: (۱) درپے نیرنگ ہے کس موجِ گُم کا یارب! — غنچہ، صد آئنہ زانوے گلستاں زدہ ہے ص۱۰۹

(۲) دیکھیے: تہِ خاکسترِ صد آئنہ۔

صد آئنہ: دیکھیے: زیورِ صد آئنہ منزل۔

صد آئینۂ بے رنگ: گر جلوۂ خرشید خریدارِ وفا ہو — جوں ذرہ صد آئینہ بے رنگ نکالوں ص۶۱

صد آئینۂ تاثیر: یک نگاہِ صاف صد آئینۂ تاثیر ہے — ہے رگِ یاقوت عکسِ خطِ جامِ آفتاب ص۳۱

صد بار: ہو چکے ہم جادہ ساں صد بار قطع اور پھر ہنوز — زحمتِ یک پیرہن جوں دامنِ صحرا نہیں ص۶۵

صد بالیدنی: تنگ ظرفوں کا رتبہ جہد سے برتر نہیں ہوتا — حباب مے بہ صد بالیدنی ساغر نہیں ہوتا ص۲۲۵

صد برق: دیکھیے: خونِ صد برق۔

صد بے گناہ: دیکھیے: جرمِ صد بے گناہ۔

صد پارہ: دیکھیے: رازِ دلِ صد پارہ۔

صد پہلو: یاد مژگاں میں بہ نشتر زارِ سوداے خیال — چاہیے وقتِ تپش یک دست صد پہلو مجھے ص۴۸

صد تب: دیکھیے: آتش کدۂ صد تب۔

صد تجلی کدہ: صد تجلی کدہ ہے صرفِ جبینِ غربت — پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز ص۲۵

صد تمنا: دیکھیے: آبیارِ صد تمنا۔

صد جا: (۱) سُبحہ گرداں ہے اسی کے کفِ اُمید کا ابر — ہم سے جس کے صبا توڑے ہے صد جا زُنّار ص۴

---

[1] صحن : تین بار [مرتب]۔

[2] صد : ستانوے بار [مرتب]۔

(۲) اے خوشا مکتبِ شوق و بلدستانِ مراد! سبقِ نازکی ہے عجز کو صد جا تکرار ص۲

(۳) ہر ذرہ یک دلِ پاک، آئینہ خانہ ہے خاک تمثالِ شوقِ بیباک صد جا دوچار صحرا ص۲۶

صد جگر اندوختن: دیکھیے: کششِ سینۂ صد جگر اندوختن۔

صد جلوہ: صد جلوہ رو برو ہے جو مژگاں اٹھائیے طاقت کہاں کہ دید کا احساں اٹھائیے! ص۲۰۱

صد جلوۂ آئینہ: وہ دیکھ کے حُسن اپنا مغرور ہوا، غالبؔ! صد جلوۂ آئینہ: یک صبحِ جدائی ہے ص۸۰

صد جلوۂ رنگیں: دیکھیے: گردشِ ساغرِ صد جلوۂ رنگیں۔

صد جُنبشِ دل: کوشش: ہمہ بیتابِ تردّد شکنی ہے صد جُنبشِ دل: یک مژہ برہم زدنی ہے ص۱۱۰

صد جُنبشِ مہمیز: ہے بہار تیز رو گلگونِ نکہت پر سوار یک شکستِ رنگِ گل صد جُنبشِ مہمیز ہے ص۸۵

صد چاک: دیکھیے ــــــ: (۱) بخیۂ زخمِ دلِ صد چاک۔ (۲) نقشِ یک دلِ صد چاک۔

صد چمن: (۱) نوائے بلبل و گل پاسبانِ بے دماغی ہے بہ یک مژگانِ خوباں صد چمن خوابیدنی جانے ص۱۱۵

(۲) دیکھیے: طربِ صد چمن۔

صد حشرِ پاداشِ عمل: ہے طلسمِ دہر میں صد حشرِ پاداشِ عمل آگہی، غافل! کہ ایک امروز بے فردا نہیں ص۶۵

صد حلقۂ بیرونِ در: دیکھیے: زنجیریِ صد حلقۂ بیرونِ در۔

صد حیف: صد حیف وہ ناکام! کہ اک عمر سے غالبؔ حسرت میں رہے ایک بُتِ عربدہ جو کی ص۲۲۸

صد خُم: کیفیتِ دیگر ہے فشارِ دلِ خونیں یک غنچے سے صد خُم نے گل رنگ نکالوں ص۶۰

صد خندۂ دنداں نما: نہیں جُز دردِ، تسکیں نکوہش ہائے بیدرداں کہ موجِ گریہ میں صد خندۂ دنداں نما گم ہو ص۶۸

صد خوابِ پریشاں: بہ زلفِ سر فشاں رہتی ہے شب بیدار، ظاہر ہے زبانِ شانہ سے تعبیر صد خوابِ پریشاں کی ۲۵۲

صد دامنِ آسماں: نصیبِ تیرہ، بلا گردش آفریں ہے اسدؔ زمیں سے ہوتے ہیں صد دامن آسماں پیدا ۲۲۶

صد دانہ: دیکھیے: سُبحۂ صد دانہ۔

صد دعا: دیکھیے: یک دست و صد دعا۔

صد دعوتِ نیساں: یک برگ بے نوائی: صد دعوتِ نیساں طوفانِ نالۂ دل تا موجِ بوریا ہے ص۹۵

صد دل: دیکھیے ــــــ: (۱) تماشائے بہ یک کف بُردنِ صد دل۔ (۲) نقدِ صد دل۔

صد دوا: دیکھیے: یک درد و صد دوا۔

صد ذوق: تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بہ صد ذوق — آئینہ بہ اندازِ گل آغوش کشا ہے ص۲۱۹

صد رخنہ: خدایا! کس قدر اہلِ نظر نے خاک چھانی ہے — کہ ہیں صد رخنہ جوں غربال دیواریں گلستاں کی ص۷۶

صد رگِ جاں: در خیال آبادِ سودائے سرِ مژگانِ دوست — صد رگِ جاں جادہ آسا، وقفِ نشتر زار ہے ص۸۳

صد رنج و تعب: (۱) خدایا! دل کہاں تک دن بہ صد رنج و تعب کاٹے — خمِ گیسو ہو شمشیر سیہ تاب اور شب کاٹے ص۹۷

(۲) دریغا! وہ مریضِ غم کہ فرطِ ناتوانی سے — بقدرِ یک نفس جادہ بہ صد رنج و تعب کاٹے ص۹۸

صد رنگ: (۱) پرِ طاؤس تماشا نظر آیا ہے مجھے — ایک دل تھا کہ بہ صد رنگ دکھایا ہے مجھے ص۱۰۷

(۲) لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا ص۱۵۰

(۳) صد رنگ گل کترنا، در پردہ قتل کرنا — تیغِ ادا نہیں ہے پابندِ بے نیامی ص۴۷

دیکھیے ــــــ: (۴) آئینہ کیفیتِ صد رنگ۔ (۵) چمن سرمایۂ بالیدنِ صد رنگ۔ (۶) غلتیدۂ صد رنگ۔

صد رنگِ تمنا: نازِ پروردۂ صد رنگ تمنا ہوں، ولے — پرورش پائی ہے جوں غنچہ بہ خونِ اظہار ص۶

صد رنگِ خود آرائی: دیکھیے: آئینۂ صد رنگ خود آرائی۔

صد رنگِ ظہور: دیکھیے: جگر تشنۂ صد رنگ ظہور۔

صد رنگِ گلستاں: نقشِ رنگینیِ سعیِ قلمِ مانی ہے — بہ کمر دامنِ صد رنگ گلستاں زدہ ہے ص۴۵۳

صد رنگِ نالہ فرسائی: ذو ہی صد رنگ نالہ فرسائی — ذو ہی صد گونہ اشک باری ہے ص۳۲۲

صد رنگِ نشاط: دیکھیے: آئینۂ صد رنگ نشاط۔

صد رنگِ نقش: دیکھیے: شوخیِ صد رنگ نقش۔

صد رہ: وہاں پہنچ کر جو غش آتا پئے ہم ہے ہم کو — صد رہ آہنگِ زمیں بوسِ قدم ہے ہم کو ص۱۹۵

صد زندگانی: دیکھیے: پیمانۂ صد زندگانی۔

صد ساغرِ تسلی: گردش میں لا تجلی صد ساغرِ تسلی — چشمِ تحیر آغوش مخمورِ ہر ادا ہے ص۹۳

صد سرو گردن: دیکھیے: وہمِ صد سرو گردن۔

صد سطرِ تبسم: دیکھیے: نقشِ صد سطرِ تبسم۔

صد شعلہ: دیکھیے: بغلِ صد شعلہ۔

صد شکر: بارے نوکر بھی ہو گیا، صد شکر! نسبتیں ہو گئیں مشخص چار ص۱۲۶

صد شہر چراغاں: دیکھیے: چشمک آرائے صد شہر چراغاں۔

صد عارف: دیکھیے: رفعتِ ہمّتِ صد عارف۔

صد عمرِ ابد: دیکھیے: سر سلسلہ جنبانیِ صد عمرِ ابد۔

صد غلبۂ تاثیر: دیکھیے: حاصلِ صد غلبۂ تاثیر۔

صد قدح شراب: دیکھیے: ہوسِ صد قدح شراب۔

صد کام نہنگ: دیکھیے: حلقۂ صد کامِ نہنگ۔

صد کفن: دیکھیے: دامانِ صد کفن۔

صد گلزار: ہے پرافشانِ تپیدن ہا بہ تکلیفِ ہوس ورنہ صد گلزار ہے یک بالِ بلبل کے تلے ص۳۵۳

صد گلستاں: (۱) دوڑے ہے پھر ہر ایک گل و لالہ پر خیال صد گلستاں نگاہ کا ساماں کیے ہوئے ص۲۲۶

(۲) دیکھیے: سرمایۂ صد گلستاں۔

صد گونہ اشک باری: وہ ہی صد رنگ نالہ فرسائی وہ ہی صد گونہ اشک باری ہے ص۲۲۳

صد گونہ بشارت: اے شاہِ جہاں گیرِ جہاں بخشِ جہاں دار! ہے غیب سے ہر دم تجھے صد گونہ بشارت ص۱۲۷

صد گونہ احترام: کرتا ہے چرخ روز بہ صد گونہ احترام فرماں روائے کشورِ پنجاب کو سلام ص۲۸۲

صد محشر: زلف سے شب درمیاں دادن نہیں ممکن، دریغ! ورنہ صد محشر بہ رہنِ جلوۂ رخسار ہے ص۸۳

صد محفل: دیکھیے: تسکینِ دو صد محفل۔

صد موج: دیکھیے: پائے صد موج۔

صد موجۂ گوہر: بلا گردانِ تمکینِ جہاں صد موجۂ گوہر عرق بھی جن کے عارض پر بہ تکلیفِ حیا کم ہو ص۶۸

صد ناسور: دیکھیے: چشمِ صد ناسور۔

صد نالہ: گلزارِ تمنّا ہوں، گلچینِ تماشا ہوں صد نالہ اسدؔ، بلبل در بندِ زباں دانی ص۱۰۹

صد نشاط و غرور: نام مکلوڈ جن کا ہے مشہور ہے ہمیشہ بہ صد نشاط و غرور ص۲۷۶

صد نشتر: دیکھیے: دعوتِ صد نشتر۔

صد نظر: دیکھیے: مُہرِ صد نظر۔

صد نقشِ قدم: دیکھیے: گلدستۂ صد نقشِ قدم۔

صد نگارستاں: دیکھیے: عرضِ بہارِ صد نگارستاں۔

صد نگرانی: دیکھیے: حیرت فروشِ صد نگرانی۔

صد نیستاں: دیکھیے: ریشۂ صد نیستاں۔

صد ہزار نمک داں: دیکھیے: سامانِ صد ہزار نمک داں۔

صد ہزار نوائے جگر خراش: میں اور صد ہزار نوائے جگر خراش — تو اور ایک وہ نشنیدن کہ کیا کہوں! ص۱۴۸

صد ہوا: دیکھیے: یک بام و صد ہوا۔

صدا[1]:
(۱) اے ادا فہماں! صدا ہے تنگیِ فرصت سے خوں — ہے بہ صحرائے تحیر چشمِ قربانی جرس ص۳۵
(۲) صدا ہے کوہ میں حشر آفریں اے غفلت اندیشاں! — پئے سنجیدنِ یاراں ہو حالِ خوابِ سنگیں کا ص۳۸
(۳) کیا دے صدا کے کلفتِ گم گشتگاں سے آہ! — ہے سرمہ گردِ رہ بہ گلوئے جرس تمام ص۵۵
(۴) سبب، وارستگاں کو تنگیِ ہمت ہے، خداوندا! — اثر شرمے سے اور لب ہائے عاشق سے صدا گم ہو ص۶۸
(۵) شیشۂ شکستِ اعتبار، رنگ بہ گردش اُستوار — گر نہ مٹیں یہ کوہسار، آپ کو تو صدا سمجھ ص۷۳
(۶) از خود گزشتگی میں خموشی پہ حرف ہے — موجِ غبارِ سرمہ ہوئی ہے صدا مجھے ص۷۶
(۷) گو نفس و چہ غبار! جراتِ عجز آشکار — در تپش آبادِ شوق سرمہ، صدا نام ہے ص۹۹
(۸) تیرے فیلِ گراں جسد کی صدا — تیرے رخشِ سبک عناں کا خرام ص۱۳۸
(۹) سُن اے غارت گرِ جنسِ وفا! سُن — شکستِ قیمتِ دل کی صدا کیا! ص۱۵۸
(۱۰) بہ نالہ حاصلِ دل بستگی فراہم کر — متاعِ خانۂ زنجیر جز صدا معلوم! ص۱۶۷
(۱۱) جاں کیوں نکلنے لگتی ہے تن سے دمِ سماع؟ — گر وہ صدا سمائی ہے چنگ و رباب میں ص۱۸۹
(۱۲) ڈھونڈھے ہے اُس مغنیِ آتش نفس کو جی — جس کی صدا، ہو جلوۂ برقِ فنا مجھے ص۲۰۶

---

[1] صدا : سینتیس بار [مفرد: سولہ بار، مرکب: اکیس بار]۔

(۱۳) آگ سے، پانی میں بجھتے وقت اُٹھتی ہے صدا — ہر کوئی درماندگی میں نالے سے ناچار ہے — ص۲۱۲

(۱۴) کوہ کے ہوں بارِ خاطر، گر صدا ہو جایئے — بے تکلف اے شرارِ جستہ! کیا ہو جایئے؟ — ص۲۱۶

(۱۵) ہاں بھلا کر، ترا بھلا ہوگا — اور درویش کی صدا کیا ہے! — ص۲۳۸

(۱۶) دل ہی تو ہے سیاستِ درباں سے ڈر گیا — میں اور جاؤں در سے ترے بِن صدا کیے! — ص۲۴۲

دیکھیے ـــــ: (۱۷)-(۱۹) بے صدا [تین بار]۔(۲۰) تکلیفِ صدا۔(۲۱) ذرۂ بے صدا۔(۲۲) شوخیِ ایجادِ صدا۔(۲۳) غبارِ صدا۔(۲۴) فردِ صدا۔(۲۵) مثلِ صدا۔(۲۶) محرومِ صدا۔(۲۷) نذرِ صدا۔(۲۸) یک دل صدا۔(۲۹) یک صدا۔

صدائے آب: دیکھیے ـــــ: (۱) آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب۔(۲) سازِ صدائے آب۔

صدائے آبشارِ نغمہ: دیکھیے: کوکِ صدائے آبشارِ نغمہ۔

صدائے پا: تو صدائے پا سے جاگا، تھا جو محوِ خوابِ ناز — [تضمین] — ص۲۰۹

صدائے چنگ: دیکھیے: ذوقِ صدائے چنگ۔

صدائے خندہ: خود فروشی ہائے ہستی بس کہ جائے خندہ ہے — ہر شکستِ قیمتِ دل میں صدائے خندہ ہے — ص۸۷

صدائے خندۂ دل: وہ گل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے غالبؔ — چٹکنا غنچۂ گل کا، صدائے خندۂ دل ہے — ص۲۰۸

صدائے شکست: دل کی صدائے شکست سازِ طرب ہے اسدؔ — شیشۂ بے بادہ سے چپ ہے بے قلقل ہنوز — ص۴۴

صدائے نغمۂ شہرت: بے نوائی تر صدائے نغمۂ شہرت، اسدؔ! — بوریا، یک نیستاں عالم بلند آوازہ تھا — ص۱۷

صدف[1]: (۱) دیکھیے مت چشمِ کم سے سوئے ضبطِ افسردگاں — چوں صدف پُر دُر ہیں دنداں در جگر افشردگاں — ص۶۶

(۲) صدف کی ہے ترے نقشِ قدم میں کیفیت — سرشکِ چشمِ اسدؔ کیوں نہ اُس میں گوہر ہو — ص۱۶۷

(۳) کریں گر قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق، خود آرایاں — صدف دندانِ گوہر سے بہ حسرت اپنے لب کاٹے — ص۹۷

(۴) شکستِ گوشہ گیراں، ہے فلک کو حاصلِ گردش — صدف سے آسیائے آب میں ہے دانہ گوہر کا — ص۲۴۴

(۵) صفا کب جمع ہو سکتی ہے غیر از گوشہ گیری ہا — صدف بن قطرۂ نیساں اسدؔ! گوہر نہیں ہوتا — ص۲۴۵

(۶) اے کرم! نہ ہو غافل ورنہ ہے اسدؔ بے دل — بے گہر صدف گویا پشتِ چشمِ نیساں ہے — ص۸۹

---

[1] صدف : نو بار [مفرد: چھے بار، مرکب: تین بار]۔

دیکھیے ـــــ: (۷) عزلت آبادِ صدف۔ (۸) لبِ خشکِ صدف۔

صدفِ گوہرِ شکست: ہر سنگ و خشت، ہے صدفِ گوہرِ شکست — نقصاں نہیں، جنوں سے جو سودا کرے کوئی — ص ۲۱۵

صدق[۱]: وہ صدق، وہ عدل، وہ حیا اور وہ علم — بتلاؤ کوئی کہ تھی برائی کس میں؟ — ص ۳۱۳

صدق گزیں: دیکھیے: نفسِ صدق گزیں۔

صدقے[۲]: خود آسماں ہے مہاراو راجہ پر صدقے — ص ۲۷۸

صدمہ[۳] ضرب المثل: دیکھیے: دستِ جفائے صدمہ ضرب المثل۔

صدمۂ یک جنبشِ لب: مرگیا صدمۂ یک جنبشِ لب سے غالبؔ — ناتوانی سے حریفِ دمِ عیسیٰ نہ ہوا — ص ۱۳۲

صدمے: اٹھائے ہیں جو میں اُفتادگی میں متصل صدمے — کروں گا اشک ہائے واچکیدہ سے حساب اُس کا — ص ۴۴۷

صرصر[۴]: دیکھیے ـــــ: (۱) غیرتِ صرصر۔ (۲) قلزمِ صرصر۔

صرصرِ شوق: گرد بادِ رہِ بیتابی ہوں — صرصرِ شوق ہے بانی میری — ص ۲۳۱

صَرف[۵]: (۱) کی متصل ستارہ شماری میں عمر صَرف — تسبیحِ اشک ہائے ز مژگاں چکیدہ ہوں — ص ۶۱

(۲) خسروِ انجم کے آیا صرف میں — شب کو تھا گنجینۂ گوہر کھلا — ص ۳۹

(۳) صَرفِ اعدا اثرِ شعلہ و دودِ دوزخ — وقفِ احباب گل و سنبلِ فردوسِ بریں — ص ۳۳۵

صرفِ غنچۂ دامن: بجائے غنچہ و گل، ہے ہجومِ خار و خس یہاں تک — کہ صرفِ غنچۂ دامن ہوا ہے خندہ گلچیں کا — ص ۲۸

صرفِ بہارِ حسنِ یار: عمر میری ہوگئی صرفِ بہارِ حُسنِ یار — گردشِ رنگِ چمن ہے ماہ و سالِ عندلیب — ص ۳۲

صرفِ بہائے مے: صرفِ بہائے مے ہوئے آلاتِ مے کشی — تھے یہ ہی دو حساب سو یوں پاک ہوگئے — ص ۴۲۹

صرفِ جبینِ غربت: صد تجلی کدہ ہے صرفِ جبینِ غربت — پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز — ص ۲۵

صرفِ جنگ جوئی ہائے یار: طرزِ موزونی ہے صرفِ جنگ جوئی ہائے یار — ہے سرِ مصراعِ صافِ تیغ، خنجر مستزاد — ص ۳۸

صرفِ چاکِ پردۂ فانوس: نیم رنگی ہائے شمعِ محفلِ خوباں سے ہے — پیچکِ مہ، صرفِ چاکِ پردۂ فانوس و بس — ص ۳۶

---

۱ صدق : دوبار [مفرد: ایک بار]۔

۲ صدقے : ایک بار۔

۳ صدمہ : دوبار [مرکب]۔ صدمے : ایک بار [بطور جمع]۔

۴ صرصر : تین بار [مرکب]۔

۵ صَرف : انیس بار [مفرد: دوبار، مرکب: سترہ بار]۔

صرفِ خزاں:	چمن زارِ تمنا ہوگیا صرفِ خزاں لیکن	بہارِ نیم رنگِ آہ حسرت ناک باقی ہے	ص۱۰۷
صرفِ درباں:	وھاں گیا بھی میں تو اُن کی گالیوں کا کیا جواب	یاد تھیں جتنی دُعائیں، صرفِ درباں ہوگئیں	ص۱۹۲
صرفِ شیرازہ:	اگر نہ ہووے رگِ خواب صرفِ شیرازہ	تمام دفترِ ربطِ مزاج درہم ہے	ص۱۰۲
صرفِ عبادت:	نخشا ہے فوتِ فرصتِ ہستی کا غم کوئی	عُمرِ عزیز صرفِ عبادت ہی کیوں نہ ہو	ص۱۹۳
صرفِ عرضِ شانہ:	انتظارِ جلوۂ کاکل میں ہر شمشادِ باغ	صورتِ مژگانِ عاشق صرفِ عرضِ شانہ تھا	ص۲۵
صرفِ قطرہ زنی:	میں وادیِ طلب میں ہوا جملہ تن عرق	از بس کہ صرفِ قطرہ زنی تھا بسانِ اشک	ص۵۰
صرفِ قماشِ دام:	وحشیِ بن، صیّاد نے ہم رم خوردوں کو کیا رام کیا	رشتۂ چاکِ جیبِ دریدہ صرفِ قماشِ دام کیا	ص۲۶
صرفِ مشقِ تمکینِ بہار:	ہوئی ہے بس کہ صرفِ مشقِ تمکینِ بہار، آتش	بہ اندازِ حنا ہے رونقِ دستِ چنار، آتش	ص۲۹
صرفِ مشقِ نالہ:	ہوئی یک عُمر صرفِ مشقِ نالہ	اثر موقوف بر عُمرِ دگر ہے	ص۲۵۵
صرفِ وفا:	دل کو ہم صرفِ وفا سمجھے تھے، کیا معلوم تھا	یعنی یہ پہلے ہی نذرِ امتحاں ہوجائے گا	ص۱۵۱
بےصرف[۱]:	(۱) کرے ہے بےصرف بہ ایمائے شعلہ قصّہ تمام	بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع	ص۱۷۳
	(۲) ہمارے شعر ہیں اب بےصرفِ دل لگی کے، اسدؔ!	کھلا کہ فائدہ عرضِ ہنر میں خاک نہیں	ص۱۸۳
	(۳) بےصرف اظہار ہے ارادت کا	ہے قلم کی جو سجدہ ریز جبیں	ص۲۸۱
صرفہ[۲]:	صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا، وگرنہ میں	طعمہ ہوں ایک ہی نَفَسِ جاں گداز کا	ص۱۵۵
	[مزید دیکھیے: بےصرف — ناصحِ بےصرفہ گو]۔		
صریرِ[۳] خامہ:	(۱) دل کو، اظہارِ سخن اندازِ فتح الباب ہے	یھاں صریرِ خامہ، غیر از اصطکاکِ در نہیں	ص۶۶
	(۲) ہے صریرِ خامہ، ریزشِ ہائے استقبالِ ناز	نامہ خود پیغام کو بال و پرِ پرواز ہے	ص۸۲
	(۳) وھاں سے ہے تکلیفِ عرضِ بےدماغی، اور اسدؔ	یھاں صریرِ خامہ مجھ کو نالۂ رنجور ہے	ص۹۳
	(۴) آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں	غالبؔ! صریرِ خامہ نوائے سروش ہے	ص۲۳۰
	(۵) دیکھیے: ہر صریرِ خامہ۔		
صف بہ صف[۴]:	ہے تماشا گاہِ سوزِ تازہ ہر یک عضوِ تن	جوں چراغانِ دِوالی صف بہ صف جلتا ہوں میں	ص۹۳

---

۱ بےصرف : تین بار۔
۲ صرفہ : ایک بار۔
۳ صریر : پانچ بار [مرتب]۔
۴ صف بہ صف : چار بار [مرتب]۔

صفِ مژگاں: (۱) دل میں ہے یار کی صفِ مژگاں سے روکشی — حال آنکہ طاقتِ خلشِ خار بھی نہیں ص۱۸۳

(۲) دیکھیے: دل بر صفِ مژگاں زدہ۔

صفِ مژگانِ خود آرا: دیکھیے: عزمِ صفِ مژگانِ خود آرا۔

صفا[۱]: (۱) صفا کب جمع ہو سکتی ہے غیر از گوشہ گیری ہا — صدف بِن قطرۂ نیساں اسد گوہر نہیں ہوتا ص۲۲۵

(۲) صفا و شوخی و اندازِ حُسن پا بہ رکاب — خطِ سیاہ سے ہے گردِ کارواں پیدا ص۲۲۶

(۳) دیکھیے: جوشِ صفا۔

صفائے اشک: صفائے اشک میں داغِ جگر جلوہ دکھاتے ہیں — پرِ طاؤس، گویا برقِ ابرِ چشمِ گریاں ہے ص۸۱

صفائے حیرتِ آئینہ: صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر — تغیّر آبِ برجا ماندہ کا، پاتا ہے رنگ آخر ص۱۶۸

صفائے دل: مذّی میری صفائے دل سے ہوتا ہے خجل — ہے تماشا زشت رویوں کا عتاب آئینے پر ص۴۰

صفائے طبع: دیکھیے: صفتِ صفائے طبع۔

صفات[۲]: دیکھیے: جسپِ گردشِ پیمانۂ صفات۔

صفاتِ ذوالجلال: ہیں شہ میں صفاتِ ذوالجلال باہم — آثارِ جلالی و جمالی باہم ص۲۵۳

صفاہاں[۳]: جوہرِ زلف کی تقریرِ پیچ و تابِ خاموشی — ہند میں اسدؔ نالاں، نالہ در صفاہاں ہے ص۳۵۳

صفاہانی: دیکھیے: تیغِ صفاہانی۔

صفائی[۴]: دیکھیے: وجہِ صفائی۔

صفت[۵]: دیکھیے: (۱) ریشۂ نارنجِ صفت۔ (۲) بالِ صفت۔ (۳) سپندِ شعلۂ نادیدہ صفت۔

صفتِ آئنہ: خلوتِ دل میں نہ کر دخل بجز سجدۂ شوق — آستاں میں صفتِ آئنہ در پنہاں ہے ص۱۰۹

صفتِ نغمہ: محرمِ دردِ گرفتاریِ مستی معلوم! — ہوں نفَس سے صفتِ نغمہ بہ بندِ رگِ تار ص۹

صفحہ[۶]: (۱) جنونِ آئنہ مشتاقِ یک تماشا ہے — ہمارے صفحے پہ بالِ پری سے مسطر کھینچ ص۳۵

---

۱ صفا : سات بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چھ بار]۔
۲ صفات : دو بار [مرکب]۔
۳ صفاہاں : ایک بار [مرکب]۔
صفاہانی : ایک بار [مرکب]۔
۴ صفائی : ایک بار [مرکب]۔
۵ صفت : پانچ بار [مرکب]۔
۶ صفحہ : چودہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: دس بار]۔
صفحہ ہا : ایک بار [مرکب]۔

(۲) گر صفحے کو نہ دیجیے پروازِ سادگی | جز خطِ عجز، نقشِ تمنا نہ کھینچیے | ص۱۰۶

(۳) ذرِ معنی سے مرا صفحہ: لقا کی داڑھی | غمِ گیتی سے مرا سینہ: عمر کی زنبیل | ص۱۲۳

(۴) خامے کا صفحے پہ رواں ہونا | شاخِ گل کا ہے گل فشاں ہونا | ص۳۰

(۵) دیکھیے: بعکسِ سوادِ صفحہ۔

صفحہ ہاے لیالی و ایام: جب ازل میں رقم پذیر ہوئے | صفحہ ہاے لیالی و ایام | ص۳۸

صفحۂ آئنہ: نہ ہوئی ہم سے رقم حیرتِ خطِ رخِ یار | صفحۂ آئنہ جولاں گہِ طوطی نہ ہوا | ص۱۳

صفحۂ افشاں زدہ: دیکھیے: آئنہ صفحۂ افشاں زدہ۔

صفحۂ بے نقشِ رنگِ رفتہ: گر دکھاؤں صفحۂ بے نقشِ رنگِ رفتہ کو | دستِ زد سطرِ تبسم یک قلم انشا کرے | ص۱۰۱

صفحۂ خاطر: ز بس کہ جلوۂ صیاد حیرت آرا ہے | اڑی ہے صفحۂ خاطر سے صورتِ پرواز | ص۴۳

صفحۂ دشت: یک قلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت | نقشِ پا میں ہے تبِ گرمیِ رفتار ہنوز | ص۱۶۲

صفحۂ عبرت: خلق ہے صفحۂ عبرت سے سبق ناخواندہ | ورنہ ہے چرخ و زمیں یک ورقِ گرداندہ | ص۶۱

صفحۂ عذار: حیراں ہوں، دامنِ مژہ کیوں جھاڑتا نہیں | خط صفحۂ عذار پہ، گردِ کتاب ہے | ص۴۵۲

صفحۂ گلشن: زمیں کو صفحۂ گلشن بنایا خوں چکانی نے | چمن بالیدنی ہا از رمِ نخچیر ہے پیدا | ص۳۰

صفحۂ نامہ: بس کہ عاجز نارسائی سے کبوتر ہوگیا | صفحۂ نامہ، غلافِ بالشِ پر ہوگیا | ص۲۹

صِفر[۱]: (۱) یہ دی جو گئی ہے رشتۂ عمر میں گانٹھ | ہے صفر کہ افزایشِ اعداد کرے | ص۴۵۳

(۲) نہ بھولو ریزشِ اعداد کی قطرہ فشانی پر | عزیزاں! ہے بہ رنگِ صفر جامِ آسماں خالی | ص۴۵۵

صَفَر[۲]: دیکھیے: آخرِ ماہِ صفر۔

صفہاں[۳]: گردِ رہ: سرمہ کشِ دیدۂ اربابِ یقیں | نقشِ ہرگام: دو عالم صفہاں زیرِ نگیں | ص۹ [اصعب] [زلزال میں]

صلا[۴]: کون ہوتا ہے حریفِ مےِ مرد افگنِ عشق | ہے مکرر لبِ ساقی پہ صلا میرے بعد | ص۱۲۶

صلاے عام: اداے خاص سے غالبؔ ہوا ہے نکتہ سرا | صلاے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے | ص۲۳۶

---

۱ صِفر : دو بار [مفرد: ایک بار]۔
۲ صَفَر : ایک بار [مرکب]۔
۳ صفہاں : ایک بار [مرکب]۔
۴ صلا : تین بار [مفرد: ایک بار]۔

صلائے عرضِ حال: گر وہ مستِ ناز دیوے گا صلائے عرضِ حال — خارِ گل، بہرِ دہانِ گل زباں ہو جائے گا — ص۹۱

صُلح[1]: (۱) ہے غیرتِ اُلفت کہ اسدؔ! اُس کی ادا پر — گر دیدہ و دل صلح کریں، جنگ نکالوں — ص۹۶

(۲) فراغت کس قدر رہتی مجھے تشویشِ مرہم سے — بہم گر صلح کرتے پارہ ہائے دل نمک داں پر — ص۱۶۷

صُلحِ بتاں: دیکھیے: سازشِ صُلحِ بتاں۔

صُلحِ کُل: (۱) اختلافِ رنگ و بو، طرحِ بہارِ بے خودی — صُلحِ کُل گردِ ادب گاہِ نزاعِ جلوہ ہے — ص۸۷

(۲) آزادہ رَو ہوں اور مرا مسلک ہے صُلحِ کُل — ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے — ص۱۳۵

صلہ[2]: نہ ستائش کی تمنّا نہ صلے کی پروا — گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی، نہ سہی — ص۲۰۹

صمصام[3]: دیکھیے: آبداریِ صمصام۔

صندلی[4]: جلوہ نہیں ہے دردِ سر، آئنہ صندلی نہ کر — عکس کجا و کو نظر؟ نقش کو مدعا سمجھ — ص۴۳

صنعتِ[5] ایجاد: دیکھیے: فریبِ صنعتِ ایجاد۔

صنعتِ حق: دیکھیے: نگارگیِ صنعتِ حق۔

صنم[6]: دیکھیے: دیدارِ صنم۔

صنم پرستوں: تمھیں کہو کہ گزارا صنم پرستوں کا — بتوں کی ہو اگر ایسی ہی خو، تو کیوں کر ہو — ص۱۹۷

صنمِ چند: دیکھیے: پرستندۂ روے صنمِ چند۔

صنم کدہ: دل پھر طوافِ کوے ملامت کو جائے ہے — پندار کا صنم کدہ ویراں کیے ہوئے — ص۲۲۶

صنوبر[7]: (۱) سایۂ اُفتادگی بالیں و بستر ہوں اسدؔ! — جوں صنوبر دل سراپا قامت آرائی نہیں — ص۹۵

(۲) اسدؔ! وارستگاں باوصفِ ساماں بے تعلّق ہیں — صنوبر گلستاں میں با دلِ آزادہ آتا ہے — ص۹۸

(۳) دیکھیے: سرو و صنوبر۔

صُور[8]: (۱) پھونکتا ہے نالہ ہر شب صورِ اسرافیل کی — ہم کو جلدی ہے مگر تو نے قیامت ڈھیل کی — ص۹۱

---

[1] صلح : پانچ بار [مفرد: دو بار]۔
[2] صلہ : ایک بار۔
[3] صمصام : ایک بار [مرکّب]۔
[4] صندلی : ایک بار۔
[5] صنعت : دو بار [مرکّب]۔
[6] صنم : تین بار [مرکّب]۔
صنم کدہ : ایک بار۔
[7] صنوبر : تین بار [مرکّب: ایک بار]۔
[8] صوُر : دو بار [مرکّب]۔

(۲) لڑتا ہے مجھ سے حشر میں قاتل کہ کیوں اُٹھا | گویا ابھی سُنی نہیں آواز صور کی | ص۲۴۳

صُوَر:[۱] دیکھیے: نمود صُوَر۔

صورت:[۲] (۱) بہ صورت تکلّف، بہ معنی تاسّف | اسدؔ! میں تبسم ہوں پژمردگاں کا | ص۱۸

(۲) دیدارِ دوستاں لباسی ہے ناگوار | صورت بہ کارخانۂ دیبا نہ کھینچیے | ص۱۰۶

(۳) دیکھنا میرے ہاتھ میں لبریز | اپنی صورت کا اک بلوریں جام | ص۱۳۶

(۴) مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی | ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے، خونِ گرم دہقاں کا | ص۱۵۹

(۵) چاہتے ہیں خوب رویوں کو اسدؔ | آپ کی صورت تو دیکھا چاہیے! | ص۲۲۳

(۶) تسکیں کو ہم نہ روئیں جو ذوقِ نظر ملے | حورانِ خلد میں تری صورت مگر ملے | ص۲۳۶

(۷) کوئی اُمید بر نہیں آتی | کوئی صورت نظر نہیں آتی | ص۲۳۷

(۸) فکرِ تاریخ سال میں مجھ کو | ایک صورت نئی نظر آئی | ص۲۶۳

(۹) ہو تجلی برق کی صورت میں، ہے یہ بھی غضب | ہاں جھپکنے کی تو ہوتی ہے فرصتِ عیش و طرب | ص۲۹۱

دیکھیے ـــــــ: (۱۰) تماشائے نیرنگِ صورت۔ (۱۱) خمیازۂ عرضِ صورت۔

صورتِ آئینہ: پر یہ دولت تھی نصیب شمۂ معنیِ ناز | کہ ہوا صورتِ آئینہ میں جوہر بیدار | ص۴

صورتِ ادغام: اُس کے مضروب کے سر و تن سے | کیوں نمایاں ہو صورتِ ادغام | ص۱۳۸

صورتِ ارقام: تیرے توقیعِ سلطنت کو بھی | دی بدستور صورتِ ارقام | ص۱۳۸

صورتِ اشک: نشّۂ مے کے اُتر جانے کے غم سے انگور | صورتِ اشک بہ مژگانِ رگِ تاک چڑھا | ص۲۴۵

صورتِ اعجاز: جس کا ہر فعل: صورتِ اعجاز | جس کا ہر قول: معنیِ الہام | ص۱۳۷

صورت بیں: دیکھیے: چشمِ صورت بیں۔

صورتِ پرواز: (۱) ز بس کہ جلوۂ صیاد حیرت آرا ہے | اُڑی ہے صفحۂ خاطر سے صورتِ پرواز | ص۳۳

(۲) اسدؔ سے ترکِ وفا کا گماں وہ معنی ہے | کہ کھینچیے پرِ طائر سے صورتِ پرواز | ص۳۳

---

۱ صُوَر : ایک بار [مرکب]۔

۲ صورت : بیالیس بار

[مفرد: آٹھ بار، مرکب: چونتیس بار]۔

صورتیں : تین بار۔

صورتگر : ایک بار [مرکب]۔

صورتگری : ایک بار [مرکب]۔

صورتِ پروانہ:	شامِ غم میں، سوزِ عشقِ آتشِ رخسار سے	پرفشانِ سوختن ہیں صورتِ پروانہ ہم	ص۵۳
صورتِ تقریر:	ہوں ہیولائے دو عالم صورتِ تقریر، اسدؔ!	فکر نے سونپی خموشی کی گریبانی مجھے	ص۸۶
صورتِ تکوین:	وہ کہ جس کی صورتِ تکوین میں	مقصدِ نُہ چرخ و ہفت اختر کُھلا	ص۳۹
صورتِ چراغاں:	شرر اسیر دل کو طے اوجِ عرضِ اظہار	جو بہ صورتِ چراغاں کرے شعلہ، نردبانی	ص۱۰
صورتِ خانۂ خمیازہ:	شب، خمارِ شوقِ ساقی رستخیز اندازہ تھا	تا محیطِ بادہ صورت خانۂ خمیازہ تھا	ص۱۳۶
صورتِ دُود:	وحشتِ آتشِ دل سے شبِ تنہائی میں	صورتِ دُود رہا سایہ گریزاں مجھ سے	ص۲۱۱
صورتِ دیبا:	صورتِ دیبا، تپش سے میری غرقِ خوں ہے آج	خارِ پیراہن، رگِ بستر کو نشتر ہوگیا	ص۲۹
صورتِ دیوار:	دیکھیے: کالبدِ صورتِ دیوار۔		
صورتِ رنگِ حنا:	وحشتِ فرصتِ یک جَیب کشش نے کھویا	صورتِ رنگِ حنا ہاتھ سے دامانِ بہار	ص۶
صورتِ رشتۂ گوہر:	اثرِ آبلہ سے، جادۂ صحرائے جنوں	صورتِ رشتۂ گوہر، ہے چراغاں مجھ سے	ص۲۱۱
صورتِ شمع:	وہ حبِ عشق تمنا ہے کہ پھر صورتِ شمع	شعلہ تا نبضِ جگر ریشہ دوانی مانگے	ص۲۰۹
صورتِ عالم:	بجز نام، نہیں صورتِ عالم مجھے منظور	بجز وہم نہیں، ہستیِ اشیا مرے آگے	ص۲۲۸
صورتِ عہدِ وفا:	رنگِ طرب، ہے صورتِ عہدِ وفا گرو	تھا کس قدر شکستہ کہ ہے جابجا گرو	ص۶۹
صورتِ قفلِ ابجد:	تجھ سے، قسمت میں مری، صورتِ قفلِ ابجد	تھا لکھا، بات کے بنتے ہی جُدا ہوجانا	ص۱۵۶
صورتِ کاغذِ باد:	یعنی ہر بار صورتِ کاغذِ باد	ملتے ہیں یہ بدمعاش لڑنے کے لیے	ص۲۵۳
صورتگرِ چیں:	دیکھیے: حیرتِ صورتگرِ چیں۔		
صورتگری:	دیکھیے: فنِ صورتگری۔		
صورتِ مژگانِ عاشق:	انتظارِ جلوۂ کاکل میں ہر شمشاد باغ	صورتِ مژگانِ عاشق صرفِ عرضِ شانہ تھا	ص۲۵
صورتِ مژگانِ یتیم:	سونپے ہے فیضِ ہوا، صورتِ مژگانِ یتیم	سرنوشتِ دوجہاں ابر بہ یک سطرِ غبار	ص۳۲
صورتِ موزوں:	نہ انشا معنیِ مضموں، نہ املا صورتِ موزوں	عنایت نامہ ہائے اہلِ دُنیا ہرزہ عنواں ہیں	ص۶۳
صورتِ مہرِ نیم روز:	جب وہ جمالِ دل فروز، صورتِ مہرِ نیم روز	آپ ہی ہو نظارہ سوز، پردے میں مُنہ چھپائے کیوں	ص۱۹۳
صورتِ نقشِ قدم:	(۱) مثلِ مضمونِ وفا، باد بہ دستِ تسلیم	صورتِ نقشِ قدم، خاک بہ فرقِ تمکیں	ص۱۳۲

(۲) خانہ ویراں سازیِ حیرت تماشا کیجیے — صورتِ نقشِ قدم ہوں رفتۂ رفتارِ دوست ص۱۹۳

صورت وحشی: دیکھیے: اسیر صورت وحشی۔

صورتِ یک قطرۂ خوں: ہر غنچہ و گل صورتِ یک قطرۂ خوں ہے — دیکھا ہے کسو کا جو حنا بستہ سرِ انگشت ص۳۲

صورتیں: (۱) نقشِ پا کی صورتیں وہ دل فریب — تو کہے، بت خانۂ آزر کھلا ص۳۹

(۲) سب کہاں، کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہوگئیں — خاک میں، کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں ص۱۹۱

(۳) دیکھیے: سب صورتیں۔

صوف[1] مداد: بس کہ ہیں در پردہ مصروفِ سیہ کاری تمام — آستر ہے خرقۂ زہاد کا، صوفِ مداد ص۳۸

صوفی[2]: (۱) دہری کیوں کر ہو جو کہ ہووے صوفی؟ — شیعی کیوں کر ہو ماوراء النہری؟ ص۲۱۳

(۲) دیکھیے: خونِ صوفی۔

صوم[3]: دیکھیے: افطارِ صوم۔

صومعہ[4]: صومعے میں اسے ٹھہرائیے گر مُہرِ نماز — مے کدے میں اسے خشتِ خُمِ صہبا کہیے ص۱۲۳

صہبا[5]: (۱) ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے — کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آبگینہ گداز ص۴۳

(۲) ہے سنگِ ظلمِ چرخ سے مے خانے میں اسدؔ! — صہبا فتادہ خاطر و مینا شکستہ دل ص۵۱

دیکھیے ——: (۳) پیالۂ صہبا۔ (۴) تُندیِ صہبا۔ (۵) خشتِ خُمِ صہبا۔ (۶) نازبردارِ غرورِ نشۂ صہبا۔ (۷) وجہِ پریشانیِ صہبا۔

صہبائے آتشِ پنہاں: مرے قدح میں ہے صہبائے آتشِ پنہاں — بروئے سفرہ کبابِ دلِ سمندر کھینچ ص۱۲۶

صیاد[6]: (۱) ظاہر ہے طرزِ قید سے صیاد کی غرض — جو دانہ دام میں ہے سو اشکِ کباب ہے ص۷۵

(۲) وحشی بن صیاد نے ہم رم خوردوں کو کیا رام کیا — رشتۂ چاکِ جیبِ دریدہ صرفِ قماشِ دام کیا ص۲۶

(۳) بس کہ ہے صیاد راہِ عشق میں محوِ کمیں — جادۂ رہ سر بسر مژگانِ چشمِ دام ہے ص۱۰۱

(۴) سبو گل کے تلے بند کرے ہے گلچیں — مژدہ اے مرغ! کہ گلزار میں صیاد نہیں ص۱۸۶

---

۱ صوف : ایک بار [مرکب]۔
۲ صوفی : دو بار [مفرد: ایک بار]۔
۳ صوم : ایک بار [مرکب]۔
۴ صومعہ : ایک بار۔
۵ صہبا : آٹھ بار [مفرد: دو بار، مرکب: چھے بار]۔
۶ صیاد : سترہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: بارہ بار]۔
صیادی : ایک بار۔

(۵) نے تیر کماں میں ہے نہ صیاد کمیں میں گوشے میں قفس کے مجھے آرام بہت ہے ص۲۲۵

دیکھیے ـــــ: (۶) جلوۂ صیاد۔ (۷) حاصلِ صیاد۔ (۸) حنائے پنجۂ صیاد۔ (۹) خوابِ صیاد۔ (۱۰) دامِ کمیں خانۂ خوابِ صیاد۔ (۱۱) غنچۂ پیکانِ ناوکِ صیاد۔ (۱۲) گرفتارِ الفتِ صیاد۔ (۱۳) ہر دانۂ صیاد۔

صیادِ بے پروا: اسیرِ بے زباں ہوں، کاشکے! صیادِ بے پروا بہ دامِ جوہرِ آئینہ ہو جاوے شکار اپنا ص۱۵

صیادِ دیدہ: دیکھیے: آہوے صیاد دیدہ۔

صیادِ کمیں خانۂ تعمیر: وہ گرفتارِ خرابی ہوں کہ فوارہ نمط سیل، صیادِ کمیں خانۂ تعمیر آوے ص۱۳

صیادِ ناداں: اے اسدؔ! ہم خود اسیرِ رنگ و بوے باغ ہیں ظاہرا صیادِ ناداں ہے گرفتارِ ہوس ص۳۵

صیادی: نظر بند تصور ہے قفس میں لطفِ آزادی شکستِ آرزو کے رنگ کی کرتا ہوں صیادی ص۲۵۱

صیام[1]: دیکھیے: تقریبِ عیدِ ماہِ صیام۔

صید[2]: دیکھیے ـــــ: (۱) اک صیدِ زبوں۔ (۲) انتظارِ صید۔ (۳) چشمِ صید۔

صیدِ اندازِ شہِ دُلدُل سوار: ہے دو عالم صیدِ اندازِ شہِ دُلدُل سوار یعنی خطِ پرکارِ ہستی حلقۂ فتراک ہے ص۱۰۶

صیدِ بال افشاں: تڑپ کر مر گیا وہ صیدِ بال افشاں کہ مضطر تھا ہوا ناسورِ چشمِ تعزیت، زخمِ خدنگ آخر ص۴۰

صیدِ دامِ چشمِ گریاں: تمام اجزاے عالم: صیدِ دامِ چشمِ گریاں ہے طلسمِ شش جہت: یک حلقۂ گردابِ طوفاں ہے ص۸۱

صیدِ دامِ رشتۂ رگ ہاے خارا: بہ سختی ہاے قیدِ زندگی معلوم آزادی! شرر بھی صیدِ دامِ رشتۂ رگ ہاے خارا ہے ص۸۵

صیدِ زدامِ جستہ: بزمِ قدح سے عیشِ تمنا نہ رکھ کہ رنگ صیدِ ز دامِ جستہ ہے اِس دام گاہ کا ص۱۳۹

صیدِ وحشتِ طاؤس: شوخیِ نیرنگ، صیدِ وحشتِ طاؤس ہے دام سبزے میں ہے پروازِ چمن تسخیر کا ص۱۱

صیقل[3]: (۱) بیضۂ قمری کے آئینے میں پنہاں صیقل سروِ بے دل سے عیاں عکسِ خیالِ قدِ یار ص۳

(۲) دیکھیے: اعجازِ ہواے صیقل۔

صیقلِ آئینہ: یک الف بیش نہیں صیقلِ آئینہ ہنوز چاک کرتا ہوں میں جب سے کہ گریباں سمجھا ص۱۳۷

صیقلِ تیغِ کہسار: ہمتِ نشو و نما میں یہ بلندی ہے کہ سرو پرِ قمری سے کرے صیقلِ تیغِ کہسار ص۳

~~~~~~~~

---

[1] صیام : ایک بار [مرکب]۔
[2] صیام : نو بار [مرکب]۔
[3] صیقل : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔
~~~~~~~~

ض

ضابطۂ جرِّ ثقیل:	جنبشِ دل نہیں ہے رابطۂ خوفِ عظیم	کششِ دم نہیں ہے ضابطۂ جرِّ ثقیل	ص ۱۳۳
ضامن ۲ س:(۱)	محابا کیا ہے؟ میں ضامن، ادھر دیکھ	شہیدانِ نگہ کا خوں بہا کیا!	ص ۱۵۷
(۲)	لگدکوبِ حوادث کا تحمل کر نہیں سکتی	مری طاقت کہ ضامن تھی بتوں کے ناز اٹھانے کی	ص ۲۰۳
ضامنِ نشاط:	غفلت کفیلِ عمر و اسدؔ ضامنِ نشاط	اے مرگِ ناگہاں! تجھے کیا انتظار ہے؟	ص ۲۱۸
ضبط ۳ س:(۱)	اے عدوئے مصلحت! چندے بہ ضبط افسردہ رہ	کردنی ہے جمع تابِ شوخیٔ دیدارِ دوست	ص ۳۳
	(۲) ضبط سے مطلب بجز وارستگی، دیگر نہیں	دامنِ تمثال آبِ آئنہ سے تر نہیں	ص ۶۶
	(۳) ہوا ہے گریۂ بیباک ضبط سے تسبیح	ہزار دل پہ ہم ایک اختیار رکھتے ہیں	ص ۹۳
	(۴) ضبط سے جوں مردمک، اسپند اقامت گیر ہے	مجمرِ بزمِ فسردن، دیدۂ نخچیر ہے	ص ۹۵
	(۵) از بس کہ سکھاتا ہے غم، ضبط کے اندازے	جو داغ نظر آیا، اک چشم نمائی ہے	ص ۲۱۰
	(۶) نہیں ہے ضبط بجز مشاقی ہائے غم آرائی	کہ میلِ سرمہ، چشمِ داغ میں ہے آہِ خاموشاں	ص ۲۲۹

دیکھیے ——: (۷) بعدِ ضبط۔ (۸) تعلیمِ ضبط۔ (۹) خمارِ ضبط۔ (۱۰) رہنِ ضبط۔ (۱۱) سببِ ضبط۔ (۱۲) عالمِ تمکین وضبط۔ (۱۳) غرورِ ضبط۔

ضبطِ آبرو: دیکھیے: پاسِ ضبطِ آبرو۔

ضبطِ آشنایاں:	دریغ اے ناتوانی ورنہ ہم ضبط آشنایاں نے	طلسمِ رنگ میں باندھا تھا عہدِ استوار اپنا	ص ۱۵

ضبطِ آہ: صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا، وگرنہ میں طعمہ ہوں ایک ہی نفَسِ جاں گداز کا ص۱۵۵

ضبطِ اشک: دیکھیے: بعدِ ضبطِ اشک۔

ضبطِ افسردگاں: دیکھیے: سوے ضبطِ افسردگاں۔

ضبطِ الم: دیکھیے: طاقتِ ضبطِ الم۔

ضبطِ بیجا: دیکھیے: داغِ مُہرِ ضبطِ بیجا۔

ضبطِ تپش: نفَس ہو نہ معزولِ شعلہ دروداں کہ ضبطِ تپش سے شرر کار ہیں ہم ص۵۵

ضبطِ تمہیدن ہا: نہیں برق و شرر جُز وحشت و ضبطِ تمہیدن ہا بلا گردانِ بے پروا خرامی ہاے یار، آتش ص۴۷

ضبطِ جنوں: (۱) سعیِ ضبطِ جنوں۔

(۲) ضبطِ جنوں سے، ہر بُنِ مو ہے ترانہ خیز یک نالہ کھینچیے، تو نیستاں اُٹھایئے ص۴۳

ضبطِ حال: اے بہ ضبطِ حال خو ناکردگاں! جوشِ جنوں نشۂ مے ہے اگر یک پردہ نازک تر ہوا ص۳۰

ضبطِ سوزِ دل: ضبطِ سوزِ دل ہے وجہِ حیرتِ اظہارِ حال داغ ہے مُہرِ دہن جوں چشمِ قربانی مجھے ص۸۶

ضبطِ شوق: اے دلِ ناعاقبت اندیش! ضبطِ شوق کر کون لاسکتا ہے تابِ جلوۂ دیدارِ دوست؟ ص۱۹۴

ضبطِ فغاں: (دیکھیے ــــــ: (۱) طاقتِ ضبطِ فغاں۔ (۲) ہجومِ ضبطِ فغاں۔

ضبطِ گریہ: ضبطِ گریہ گہر آبلہ لایا آخر پاے صد موج بہ طوفاں کدۂ دل باندھا ص۱۳

ضد[۱]: (۱) دھوتا ہوں جب میں، پینے کو، اُس سیم تن کے پانو رکھتا ہے ضد سے کھینچ کے، باہر لگن کے پانو ص۱۹۶

(۲) ضد کی ہے اور بات مگر خو بری نہیں بھولے سے اُس نے سینکڑوں وعدے وفا کیے ص۲۳۳

(۳) یہ ضد کہ آج نہ آوے اور آئے بِن نہ رہے قضا سے شکوہ ہمیں کس قدر ہے، کیا کہیے! ص۲۴۷

ضرب المثل[۲]: دیکھیے: دستِ جفاے صدمۂ ضربُ المثل۔

ضربِ تیشہ[۳]: (۲،۱) یہ ضربِ تیشہ وہ اِس واسطے ہلاک ہوا کہ ضربِ تیشہ پہ رکھتا تھا کوہکن تکیہ ص۳۰۳

ضرر[۴]: (۱) غالبؔ بھی گر نہ ہو تو کچھ ایسا ضرر نہیں دُنیا ہو یارب اور مرا بادشاہ ہو! ص۱۹۷

(۲) ملک و سپہ نہ ہو تو نہ ہو، کچھ ضرر نہیں سلطانِ بر و بحر کے در کا ہوں میں غلام ص۲۸۳

---

۱ ضابط : ایک بار [مرکب]۔

۲ ضامن : تین بار [مفرد: دو بار، مرکب: ایک بار]۔

۳ ضبط : تیس بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: پچیس بار]۔

ضرور[1]:	(۱) ضعفِ جنوں کو وقتِ تپش در بھی دور تھا	اک، گھر میں مختصر سا بیاباں ضرور تھا	ص۱۸
	(۲) یک بار امتحانِ ہوس بھی ضرور ہے	اے جوشِ عشق! بادۂ مرد آزما مجھے	ص۷۶
	(۳) افطارِ صوم کی کچھ اگر دستگاہ ہو	اُس شخص کو ضرور ہے روزہ رکھا کرے	ص۱۲۸
	(۴) گرمی سہی کلام میں لیکن نہ اس قدر	کی جس سے بات، اُس نے شکایت ضرور کی	ص۲۲۲
	(۵) خود ہے تدارک اِس کا گورمنٹ کو ضرور	بے وجہ کیوں ذلیل ہو، غالبؔ ہے جس کا نام	ص۲۸۳

ضروری[2] الاظہار: دیکھیے: مدعائے ضروری الاظہار۔

ضعف[3]:	(۱) کون گل سے ضعف و خاموشیِ بلبل کہہ سکے	نے زبانِ غنچہ گویا، نے زبانِ خارِ باغ	ص۴۸
	(۲) کیا ضعف میں اُمید کو دل تنگ نکالوں	میں خار ہوں، آتش میں چبھوں، رنگ نکالوں	ص۶۰
	(۳) کرنے نہ پائے ضعف سے شورِ جنوں اسدؔ	اب کے بہار کا یونہی گزرا برس تمام	ص۵۵
	(۴) ضعف، آئنہ پردازیِ دستِ دگراں ہے	تصویر کے پردے میں مگر رنگ نکالوں	ص۶۱
	(۵) تپش تو کیا، نہ ہوئی مشقِ پرفشانی بھی	رہا میں ضعف سے شرمندۂ نوآموزی	ص۱۰۰
	(۶) طرِ عشق میں کی ضعف نے راحت طلبی	ہر قدم سایے کو میں اپنے، شبستاں سمجھا	ص۱۳۷
	(۷) ضعف سے، گریہ مبدّل بہ دمِ سرد ہوا	باور آیا ہمیں پانی کا ہوا ہو جانا	ص۱۵۶
	(۸) ضعف سے ہے، نے قناعت سے، یہ ترکِ جستجو	ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم	ص۱۷۷
	(۹) گنجائشِ عداوتِ اغیار یک طرف	یاں دل میں ضعف سے ہوسِ یار بھی نہیں	ص۱۸۳
	(۱۰) ضعف سے اے گریہ! کچھ باقی مرے تن میں نہیں	رنگ ہو کر اُڑ گیا جو خوں کہ دامن میں نہیں	ص۱۸۵
	(۱۱) ضعف میں طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے	بات کچھ سر تو نہیں ہے کہ اُٹھا بھی نہ سکوں	ص۱۸۶
	(۱۲) چھوڑا نہ مجھ میں ضعف نے رنگ اختلاط کا	ہے دل پہ بار، نقشِ محبت ہی کیوں نہ ہو	ص۱۹۳
	(۱۳) ضعف سے نقشِ پئے مور ہے طوقِ گردن	تیرے کوچے سے کہاں طاقتِ رم ہے ہم کو	ص۱۹۵
	(۱۴) کر دیا ضعف نے عاجز غالبؔ!	ننگِ پیری ہے جوانی میری	ص۲۳۱

---

[1] ضد : تین بار۔
[2] ضرب المثل : ایک بار [مرتب]۔
[3] ضرب : دو بار [مرتب]۔
[4] ضرر : دو بار۔

دیکھیے ـــــ:(۱۵)باوجودِضعف۔(۱۶)نشارِضعف۔

ضعفِ اُمید:	چشمِ پرواز و نفس خفتہ، مگر ضعفِ امید	شہ پر کاہ پئے مژدہ رسائی مانگے	ص۸۸
ضعفِ پرواز:	دیکھیے:رعنائیِ ضعفِ پرواز۔		
ضعفِ پیری:	اور پھر اب کہ ضعفِ پیری سے	ہوگیا ہوں نزار و زار و حزیں	ص۲۸۱
ضعفِ جنوں:	ضعفِ جنوں کو وقتِ تپش در بھی دور تھا	اک، گھر میں مختصر سا بیاباں ضرور تھا	ص۱۸
ضعفِ دماغ:	دیکھیے:شکوۂ ضعفِ دماغ۔		
ضعیف[1]:	دیکھیے:وہمِ ضعیف۔		
ضمانِ[2] جادہ رو یا مدن:	ضمانِ جادہ رو یامدن ہے خطِ جام نے نوشاں	وگرنہ منزلِ حیرت سے کیا واقف ہیں مدہوشاں؟	ص۴۲۸
ضمیر[3]:	(۱) خواہشِ دل ہے زباں کو سببِ گفت و بیاں	ہے سخن: گرد ز دامانِ ضمیر افشاندہ	ص۱۷
	(۲) جامِ جہاں نما ہے شہنشاہ کا ضمیر	سوگند اور گواہ کی حاجت نہیں مجھے	ص۱۲۵
ضیا[4] بخشِ چشمِ اہلِ یقیں:	وہ نظر گاہِ اہلِ وہم و خیال	یہ ضیا بخشِ چشمِ اہلِ یقیں	ص۲۸۰

---

[1] ضرور : پانچ بار۔ [2] ضروری : ایک بار[مرکب]۔ [3] ضعف : اکیس بار[مفرد:تیرہ بار، مرکب:آٹھ بار]۔

ل ضعیف : ایک بار [مرکب]۔
ع ضمان : ایک بار [مرکب]۔
ح ضمیر : دوبار [مفرد: ایک بار]۔
ح ضیا : ایک بار [مرکب]۔

ط

طاعت[1]:	طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ	دوزخ میں ڈال دو کوئی، لے کر بہشت کو	ص۱۹۷
طاعت گاہِ داغ:	دل از اضطراب آسودہ، طاعت گاہِ داغ آیا	بہ رنگِ شعلہ ہے، تُمبر نماز از پا نشستن ہا	ص۲۳
طاعت و زُہد:	دیکھیے: ثوابِ طاعت و زُہد۔		
طاق[2]:	(۱) دل دے کفِ تغافلِ ابروے یار میں	آئینہ ایسے طاق پہ گم کر کہ تو نہ ہو	ص۶۸
(۲)	جو کچھ ہے، محوِ شوخیِ ابروے یار ہے	آنکھوں کو رکھ کے طاق پہ دیکھا کرے کوئی	ص۸۸
(۳)	بھونچال میں گرا تھا یہ آئینہ طاق سے	حیرت، شہیدِ جنبشِ ابروے یار ہے	ص۹۰
طاقِ خمِ شمشیر:	قتلِ عشاق نہ غفلت کشِ تدبیر آوے	یارب! آئینہ بہ طاقِ خمِ شمشیر آوے!	ص۱۱۳
طاقِ دیوار:	دشمنِ آلِ نبی کو، بہ طرب خانۂ دہر	عرضِ خمیازۂ سیلاب ہو طاقِ دیوار	ص۱۳۳
طاقِ دیوارِ چمن:	بس کہ پائی یار کی رنگیں ادائی سے شکست	ہے کلاہِ نازِ گل بر طاقِ دیوارِ چمن	ص۵۹
طاقِ فراموشیِ سوداے دو عالم:	ہے طاقِ فراموشیِ سوداے دو عالم	وہ سنگ کہ گلدستۂ جوشِ شرر آوے	ص۱۱۳
طاقِ گلزار:	مے کدے میں ہو اگر آرزوے گل چینی	بھول جا یک قدحِ بادہ بہ طاقِ گلزار	ص۱۳۲
طاقِ نسیاں:	(۱) ستایش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا	وہ اک گلدستہ ہے ہم بے خودوں کے طاقِ نسیاں کا	ص۱۵۶
	(۲) دیکھیے: نقش و نگارِ طاقِ نسیاں۔		

---

[1] طاعت : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
طاعت گاہ : ایک بار [مرکب]۔

[2] طاق : گیارہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: آٹھ بار]۔

طاقِ ہلال: دیکھیے: آئینۂ طاقِ ہلال۔

طاقت[۱]:
(۱) مجھ عجز کیا کروں بہ تمنائے بے خودی — طاقت، حریفِ سختیِ خوابِ گراں نہیں — ص۵۷
(۲) طاقت، بساطِ دستگہِ یک قدم نہیں — جوں اشک جب تلک نہ رکھوں دست و پا گرو — ص۹۹
(۳) طاقت فسانۂ باد، اندیشہ شعلہ ایجاد — اے غم ہنوز آتش! اے دل ہنوز خامی! — ص۴۷
(۴) بیدادِ انتظار کی طاقت نہ لا سکی — اے جانِ بر لب آمدہ! بیتاب ہو گئی — ص۹۶
(۵) اُستادِ شہ سے ہو مجھے پرخاش کا خیال — یہ تاب، یہ مجال، یہ طاقت نہیں مجھے — ص۱۲۵
(۶) ایسا آساں نہیں لہو رونا — دل میں طاقت، جگر میں حال کہاں! — ص۱۸۲
(۷) بے عشق عمر کٹ نہیں سکتی ہے اور یہاں — طاقت بقدرِ لذتِ آزار بھی نہیں — ص۱۸۳
(۸) صد جلوہ روبرو ہے جو مژگاں اُٹھائیے — طاقت کہاں کہ دید کا احساں اُٹھائیے — ص۲۰۱
(۹) لکد کوبِ حوادث کا تحمل کر نہیں سکتی — مری طاقت کہ ضامن تھی بتوں کے ناز اُٹھانے کی — ص۲۰۳
(۱۰) کروں بیدادِ ذوقِ پرفشانی عرض، کیا قدرت! — کہ طاقت اُڑ گئی، اُڑنے سے پہلے، میرے شہپر کی — ص۲۰۷
(۱۱) رنجِ طاقت سے سوا ہو تو نہ پیٹوں کیوں کر — ذہن میں خوبیِ تسلیم و رضا ہے تو سہی — ص۲۱۱
(۱۲) نہ ستم کر اب تو مجھ پر کہ وہ دن گئے کہ ہاں تھی — مجھے طاقت آزمائی، تجھے اُلفت آزمائی — ص۱۰
(۱۳) رونے نے طاقت اتنی نہ چھوڑی کہ ایک بار — مژگاں کو دوں فشارِ پئے امتحانِ اشک — ص۵۰
(۱۴) پامرد یک انداز نہیں قامتِ ہستی — طاقت اگر اعجاز کرے، خجلتِ خم باندھ — ص۷۱
(۱۵) حسرت اے ذوقِ خرابی! کہ وہ طاقت نہ رہی — عشقِ پر عربدہ کی گوں تنِ رنجور نہیں — ص۱۸۵

طاقتِ آشوبِ آگہی: بے مے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی — کھینچا ہے عجزِ حوصلہ نے خطِ ایاغ کا — ص۱۳۹

طاقتِ بالیں گلستن ہا: نیازِ جلوہ ریزی طاقتِ بالیں گلستن ہا — تکلف کو خیال آیا ہو گر بیمار پری کا — ص۲۶

طاقتِ بیدادِ انتظار: آ، کہ مری جان کو قرار نہیں ہے — طاقتِ بیدادِ انتظار نہیں ہے — ص۲۰۸

طاقتِ پرواز: ہوں گرفتارِ اُلفتِ صیاد — ورنہ باقی ہے طاقتِ پرواز — ص۱۶۲

طاقتِ تقریر: دیکھیے: گدائے طاقتِ تقریر۔

---

[۱] طاقت : اڑتیس بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: تئیس بار]۔

طاقتِ خلشِ خار: دل میں ہے یار کی صفِ مژگاں سے روکشی — حال آنکہ طاقتِ خلشِ خار بھی نہیں ص۱۸۳

طاقتِ خمیازہ: کہاں ہم بھی رگ و پے رکھتے ہیں، انصاف بہتر ہے — نہ کھینچے طاقتِ خمیازہ تہمت ناتوانی کی ص۷۷

طاقتِ دیدار: (۱) کیوں جل گیا نہ تابِ رُخِ یار دیکھ کر — جلتا ہوں اپنی طاقتِ دیدار دیکھ کر ص۱۶۸

(۲) دل کو نیازِ حسرتِ دیدار کر چکے — دیکھا تو ہم میں طاقتِ دیدار بھی نہیں ص۱۸۳

طاقت رُبا: (۱) صبر آزما وہ اُن کی نگاہیں کہ حف نظر! — طاقت رُبا وہ اُن کا اشارہ کہ ہائے ہائے! ص۱۴۳

(۲) دیکھیے: فتنۂ طاقت رُبا۔

طاقتِ رُسوائیِ وصال: نہ کہہ کہ طاقتِ رُسوائیِ وصال نہیں — اگر یہی عرقِ فتنہ ہے، مکرر کھینچ ص۳۵

طاقتِ رم: ضعف سے نقشِ پئے مُور ہے طوقِ گردن — تیرے کوچے سے کہاں طاقتِ رم ہے ہم کو ص۱۹۵

طاقتِ رنجِ سفر: طاقتِ رنجِ سفر بھی نہیں پاتے اِتنی — ہجرِ یارانِ وطن کا بھی الم ہے ہم کو ص۱۱۶

طاقتِ سخن: کہتے ہیں، جب رہی نہ مجھے طاقتِ سخن — جانوں کسی کے دل کی میں کیوں کر، کہے بغیر ص۱۶۹

طاقتِ سوال: بوسے میں وہ مضایقہ نہ کرے — پر مجھے طاقتِ سوال کہاں ص۲۶

طاقتِ سیلاں: تو آب سے گر سلب کرے طاقتِ سیلاں — تو آگ سے گر دفع کرے تابِ شرارت ص۱۲۷

طاقتِ شکستن ہا: دیکھیے: فسونِ دعویِ طاقت شکستن ہا۔

طاقتِ ضبطِ الم: اسدؔ! تا کے طبیعت طاقتِ ضبطِ الم لاوے؟ — فغانِ دل بہ پہلو، نالۂ بیمار بدخو ہے ص۹۸

طاقتِ ضبطِ فغاں: برقِ بہ جانِ حوصلہ آتش فگن، اسدؔ! — اے دلِ فسردہ! طاقتِ ضبطِ فغاں نہیں ص۵۵

طاقتِ غوغا: تابِ سخن و طاقتِ غوغا نہیں ہم کو — ماتم میں شہِ دیں کے ہیں، سودا نہیں ہم کو ص۲۸۳

طاقتِ فریاد: وائے! محرومیِ تسلیم و بدا! حالِ وفا — جانتا ہے کہ ہمیں طاقتِ فریاد نہیں ص۱۸۶

طاقتِ گفتار: رہی نہ طاقتِ گفتار، اور اگر ہو بھی — تو کس اُمید پہ کہیے کہ آرزو کیا ہے ص۲۳۲

طالبؔ[1]: (۱) تھے ظہوریؔ و عرفیؔ و طالبؔ — اپنے اپنے زمانے میں غالب ص۲۶۷

(۲) نہ ظہوریؔ ہے اور نہ طالبؔ ہے — اسداللہ خانِ غالبؔ ہے ص۲۶۷

طالب[2]: (۱) سیہ گلیم ہوں، لازم ہے میرا نام نہ لے — جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے ص۱۴۸

---

۱ طالبؔ : دوبار [مرکب: ایک بار]۔

۲ طالب : پانچ بار [مفرد: دوبار، مرکب: تین بار]۔

(۲) خوشنودیِ احباب کا طالب غالبؔ — ص۲۹۳

(۳) دیکھیے: دو طالب۔

طالبِ تاثیر: دیکھ کر غیر کو، ہو کیوں نہ کلیجا ٹھنڈا؟ — نالہ کرتا تھا ولے طالبِ تاثیر بھی تھا — ص۱۵۹

طالبِ دیدار: دو جہاں طالبِ دیدار تھا یارب! کہ ہنوز — چشمکِ ذرہ سے ہے گرم نگہ کا بازار — ص۴

طالبانِ[1] خدا: وہ ریگِ تفتۂ وادی پہ گام فرسا ہے — کہ طالبانِ خدا رہ نما کہیں اُس کو — ص۲۸۵

طالع[2]: دیکھیے: شومیِ طالع۔

طالعِ بیدار بستر: خوشا اقبالِ رنجوری! عیادت کو تم آئے ہو — فروغِ شمعِ بالیں: طالعِ بیدار بستر ہے — ص۲۱۳

طالعِ چشمِ حسود: تنگی رفیقِ رہ تھی، عدم یا وجود تھا — میرا سفر بہ طالعِ چشمِ حسود تھا — ص۱۲

طالعِ خاشاک: دیکھیے: فروغِ طالعِ خاشاک۔

طالعِ شوق: وعدۂ سیرِ گلستاں ہے خوشا طالعِ شوق! — مژدۂ قتل مقدر ہے جو مذکور نہیں — ص۱۸۵

طالعِ لعل و گہر: دیکھیے: اوجِ طالعِ لعل و گہر۔

طالعِ مولود: دیکھیے: احکامِ طالعِ مولود۔

طالعِ ناساز: دیکھیے: سازِ طالعِ ناساز۔

طائر[3]: دیکھیے: پرِ طائر۔

طائرِ پریدۂ رنگِ حنا: مضمونِ وصل ہاتھ نہ آیا، مگر اُسے — اب طائرِ پریدۂ رنگِ حنا کہوں — ص۵۶

طائرِ رنگِ حنا: دیکھیے: آشیانِ طائرِ رنگِ حنا۔

طائرِ سیماب: دیکھ تری خوئے گرم، دل بہ تپش رام ہے — طائرِ سیماب کو شعلہ، رگِ دام ہے — ص۹۹

طائرانِ آشیاں گم کردہ: دیکھیے: نوائے طائرانِ آشیاں گم کردہ۔

طاؤس[4]: (۱) دام گر سبزے پنہاں کیجیے طاؤس ہو — جوشِ نیرنگِ بہارِ عرضِ صحرا دادہ ہے — ص۸۹

(۲) طاؤس نمط داغ کے گر رنگ نکالوں — یک فردِ تب نامۂ نیرنگ نکالوں — ص۶۰

---

۱ طالبان: ایک بار [مرکب]۔

۲ طالع: آٹھ بار [مرکب]۔

۳ طائر: پانچ بار [مرکب]۔ طائران: ایک بار [مرکب]۔

۴ طاؤس: پچیس بار [مفرد: تین بار، مرکب: بائیس بار]۔

(۳) پرواز، نقدِ دامِ تمنائے جلوہ تھا — طاؤس نے اک آئنہ خانہ رکھا گِرو — ص ۹۹

دیکھیے ــــــ: (۴) بالِ طاؤس۔ (۵)، (۶) بیضۂ طاؤس [دوبار]۔ (۷) پائے طاؤس۔ (۸)-(۱۵) پرِ طاؤس [آٹھ بار]۔ (۱۶)، (۱۷) شکلِ طاؤس [دوبار]۔ (۱۸) وحشتِ طاؤس۔ (۱۹) کسوتِ طاؤس۔

طاؤس پرست: بہ ہوائے چمنِ جلوہ ہے طاؤس پرست — باندھے ہے پیرِ فلک موجِ شفق سے زُنّار — ص ۳

طاؤسِ خاک: طاؤسِ خاک حُسنِ نظر باز ہے مجھے — ہر ذرہ، چشمکِ نگہِ ناز ہے مجھے — ص ۹۷

طاؤس خلوتاں: دیکھیے: بیضۂ طاؤس خلوتاں۔

طاؤس در رکاب: طاؤس در رکاب ہے ہر ذرہ آہ کا — یارب نفَس غبار ہے کس جلوہ گاہ کا! — ص ۱۹

طاؤس شکار: کفِ ہر خاک بہ گردوں شدہ: قمری پرواز — دامِ ہر کاغذِ آتش زدہ: طاؤس شکار — ص ۳۲

طب[۱]: دیکھیے: حکمت و طب۔

طبع[۲]: (۱) طبع کی واشد نے رنگِ یک گلستاں گل کیا — یہ دلِ وابستہ گویا بیضۂ طاؤس تھا — ص ۲۷

(۲) طبع کو اُلفتِ دلدل میں یہ سرگرمیِ شوق — کہ جہاں تک چلے اُس سے قدم اور مجھ سے جبیں — ص ۱۳۵

(۳) پاتے نہیں جب راہ تو چڑھ جاتے ہیں نالے — رُکتی ہے مری طبع تو ہوتی ہے رواں اور — ص ۱۷۰

(۴) طبع ہے مشتاقِ لذت ہائے حسرت، کیا کروں! — آرزو سے ہے شکستِ آرزو مطلب مجھے — ص ۲۱۳

(۵) بوسۂ لب سے ملی طبع کو کیفیتِ حال — مے کشیدن سے مجھے نشۂ تریاک چڑھا — ص ۲۲۵

(۶) اسدؔ! ہے طبع مجبورِ تمنا آفرینی ہا — فغاں! بے اختیاری و فریبِ آرزو خوردن — ص ۲۲۹

دیکھیے ــــــ: (۷) پیچ و تابِ طبع۔ (۸)، (۹) توسنِ طبع [دوبار]۔ (۱۰) رنگِ کمالِ طبع۔ (۱۱) طرز آفرینِ نکتہ سرائیِ طبع۔ (۱۲) طوطیِ شکر گفتارِ طبع۔ (۱۳) منتِ صفائے طبع۔

طبعِ آرزو: (۱) تاچند پست فطرتیِ طبعِ آرزو — یارب! ملے بلندیِ دستِ دعا مجھے — ص ۴۷

(۲) دیکھیے: نازکیِ طبعِ آرزو۔

طبعِ آگہ: تیرگیِ ظاہری، ہے طبعِ آگہ کا نشاں — غافلاں! عکسِ سوادِ صفحہ ہے، گردِ کتاب — ص ۳۱

طبعِ الم: عیسیِٔ مہرباں ہے شفا ریز یک طرف — درد آفریں ہے طبعِ الم خیز یک طرف — ص ۲۹

---

۱ طب: ایک بار [مرکب]۔

۲ طبع: بائیس بار [مفرد: چھے بار، مرکب: سولہ بار]۔

طبع برق آہنگ سکن: دیکھیے: پیچ وتاب طبع برق آہنگ سکن۔

طبع خریدار: دیکھیے: عیار طبع خریدار۔

طبع حزیں: اسدؔ! طبع حزیں سے گر نکالوں شعر برجستہ — شرر ہو قطرۂ خونِ فسردہ در رگِ خارا ص۴۲۷

طبع نازک خوباں: دیکھیے: بیم طبع نازک خوباں۔

طبع نزاکت ساماں: اے دریغا! کہ نہیں طبع نزاکت ساماں — ورنہ کانٹے میں نکلے ہے سخنِ سنجیدہ ص۴۵۱

طبلہ[۱] عنبر: ہو جہاں گرمِ غزل خوانی نفس — لوگ جانیں طبلۂ عنبر کھلا ص۱۴۰

طبیب[۲]: دیکھیے: آئینۂ دستِ طبیب۔

طبیباں: دیکھیے: نازکشِ منتِ طبیباں۔

طبیعت[۳]: (۱) زبس عجزِ حسن، منت ناگوارا ہے طبیعت پر — کشادِ عقدہ، محوِ ناخنِ دستِ نگاریں ہے ص۸۹

(۲) اسدؔ! تا کے طبیعت طاقتِ ضبطِ الم لاوے — فغانِ دل بہ پہلو، نالۂ بیمار بدخو ہے ص۹۸

(۳) قسمت بری سہی، پہ طبیعت بری نہیں — ہے شکر کی جگہ کہ شکایت نہیں مجھے ص۱۲۵

(۴) غم سے پائی طبیعت نے مدد — بادباں بھی، اٹھتے ہی لنگر، کھلا ص۱۴۰

(۵) عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا — درد کی دوا پائی، دردِ بے دوا پایا ص۱۴۳

(۶) جانتا ہوں ثوابِ طاعت و زہد — پر طبیعت ادھر نہیں آتی ص۴۳۷

دیکھیے ــــــ: (۷) بیانِ حسنِ طبیعت۔ (۸) طوطیِ طبیعت۔ (۹) میزانِ طبیعت۔

طبیعتِ ایجاد: دیکھیے: وحشتِ طبیعتِ ایجاد۔

طبیعتوں: رسوائے دہر گو ہوئے آوارگی سے تم — بارے، طبیعتوں کے تو چالاک ہو گئے ص۲۲۹

طبیعی[۴]: (۱)، (۲) دیکھیے: عمرِ طبیعی [دو بار]۔

طپاں[۵]: دیکھیے: حضرت قاسمِ طپاں۔

طپش[۶]: ایک طپش کا جانشیں، درد کا یادگار ایک ص۲۹۶

---

۱ طبلہ : ایک بار [مرکب]۔
۲ طبیب : ایک بار [مرکب]۔
طبیباں : ایک بار [مرکب]۔
۳ طبیعت : دس بار [مفرد: چھے بار، مرکب: چار بار]۔
طبیعتوں : ایک بار۔
۴ طبیعی : دو بار [مرکب]۔
۵ طپاں : ایک بار [مرکب]۔
۶ طپش : ایک بار۔

طراوت[1]: (۱) غرورِ لطفِ ساقی نشۂ بیباکیِ مستاں — نمِ دامانِ عصیاں ہے طراوت موجِ کوثر کی ص۷۷

(۲) نہ لیوے گر خسِ طراوت سبزۂ خط سے — لگاوے خانۂ آئینہ میں روے نگار آتش ص۱۴۳

(۳) دیکھیے: آبِ طراوت۔

طراوتِ چمن: نہیں بہار کو فرصت، نہ ہو، بہار تو ہے — طراوتِ چمن و خوبیِ ہَوا کہیے ص۲۲۸

طراوتِ سحرِ ایجادیِ اثر: طراوتِ سحرِ ایجادیِ اثر یک سو — بہارِ نالہ و رنگینیِ فغاں تجھ سے ص۱۱۲

طرب[2]: دیکھیے ـــــ: (۱) بادۂ طرب۔ (۲)۔ (۵) بزمِ طرب [چار بار]۔ (۶) جوشِ طرب۔ (۷) حسرت کشِ طرب۔ (۸) خمیازۂ طرب۔ (۹) داغِ طرب۔ (۱۰) دل آئینہ طرب۔ (۱۱) رنگِ طرب۔ (۱۲) سازِ طرب۔ (۱۳) طوفانِ طرب۔ (۱۴)، (۱۵) عیش و طرب [دو بار]۔ (۱۶) فرازِ مسندِ عیش و طرب۔ (۱۷) فرشِ طرب۔ (۱۸) فرصتِ عیش و طرب۔ (۱۹) گردشِ رنگِ طرب۔ (۲۰) گل چینِ طرب۔ (۲۱) مسبِ طرب۔

طرب انشاے التفات: افسردگی نہیں طرب انشاے التفات — ہاں دردبن کے دل میں مگر جا کرے کوئی ص۲۱۵

طرب ایجادِ بہار: رنگِ ریزِ گل و جامِ دو جہاں ناز و نیاز — اوّلیں دورِ امامت، طرب ایجادِ بہار ص۴

طرب خانۂ دہر: دشمنِ آلِ نبی کو بہ طرب خانۂ دہر — عرضِ خمیازۂ سیلاب ہو طاقِ دیوار ص۳۳

طرب صد چمن: دل خستگاں کو ہے طربِ صد چمن بہار — باغِ بہ خوں تپیدن و آبِ روانِ اشک ص۵۰

طرب گاہِ بہار: دیکھیے: طوفانِ خزاں رنگِ طرب گاہِ بہار۔

طرب گاہِ رقیب: دیکھیے: گرسنۂ مزدورِ طرب گاہِ رقیب۔

طرب نامہ بر: بزمِ وداعِ نظر، یاس طرب نامہ بر — فرصتِ رقصِ شرر بوسہ بہ پیغام ہے ص۹۹

طرب نصاب: دیکھیے: کتابِ طرب نصاب۔

طربِ وصل: دیکھیے: واماندۂ ذوقِ طربِ وصل۔

طربِ ہستی: دیکھیے: وہمِ طربِ ہستی۔

طرح[3] آداب: دیکھیے: رہ و رسمِ طرحِ آداب۔

طرحِ باغِ تازہ: اسدؔ! ہر جا سخن نے طرحِ باغِ تازہ ڈالی ہے — مجھے رنگِ بہارِ ایجادیِ بیدلؔ پسند آیا ص۱۲

---

[1] طراوت : پانچ بار [مطبوعہ: دو بار، مرتب: تین بار]۔ — طرب گاہ : ایک بار [مرتب]۔

[2] طرب : اٹھائیس بار۔ طرب خانہ : ایک بار [مرتب]۔ — [3] طرح : پانچ بار [مرتب]۔

طرز[۱] آفرینِ نکتہ سرائیِ طبع: طرزِ آفرینِ نکتہ سرائیِ طبع ہے — آئینۂ خیال کو طوطی نما کہوں ص ۵۶

طرز آفرینِ شیوۂ عشق: چمن میں کون ہے طرز آفرینِ شیوۂ عشق؟ — کہ گل ہے بلبلِ رنگین و بیضہ شبنم ہے ص ۱۰۲

طرزِ استفہام: جانتا ہوں کہ جانتا ہے تو — تب کہا ہے بہ طرزِ استفہام ص ۱۳۶

طرزِ اہلِ فنا: کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ قصہ تمام — بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع ص ۱۸۳

طرزِ بیدل: طرزِ بیدل میں ریختہ لکھنا — اسد اللہ خاں قیامت ہے! ص ۳۰۵

طرزِ بیجیدِ نہالِ دوستی: محبت طرزِ بیجیدِ نہالِ دوستی جانے — دویدن ریشہ ساں، مفتِ رگِ خوابِ زلیخا ہے ص ۸۳

طرزِ تپاکِ اہلِ دنیا: میں ہوں اور افسردگی کی آرزو غالب کہ دل — دیکھ کر طرزِ تپاکِ اہلِ دُنیا، جل گیا ص ۱۵۱

طرزِ تغافل: گرچہ ہے طرزِ تغافل پردہ دارِ رازِ عشق — پر ہم ایسے کھوئے جاتے ہیں کہ وہ پا جائے ہے ص ۲۲۱

طرزِ تلاشِ انتخابِ یک نگاہ: شرم، ہے طرزِ تلاشِ انتخابِ یک نگاہ — اضطرابِ چشمِ برپا دوختہ غماز ہے ص ۸۳

طرزِ جفا: دیکھیے: فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا۔

طرزِ دلبری: دیکھیے: پرسشِ طرزِ دلبری۔

طرزِ ستم: نویدِ امن ہے بیدادِ دوست جاں کے لیے — رہی نہ طرزِ ستم کوئی آسماں کے لیے ص ۲۳۵

طرزِ عروجِ اضطرابِ دل: اسدؔ! طرزِ عروجِ اضطرابِ دل کو کیا کہیے — سمجھتا ہوں تپش کو مفتِ قاتل کی تاثیریں ص ۶۵

طرزِ قید: ظاہر ہے طرزِ قید سے صیاد کی غرض — جو دانہ دام میں ہے سو اشکِ کباب ہے ص ۷۵

طرزِ گل: قبائے جلوہ فزا ہے لباسِ عریانی — بہ طرزِ گل رگِ جاں مجھ کو تارِ داماں ہے ص ۱۰۲

طرزِ نا گیرائیِ مژگاں: دیکھیے: حیرت پرستِ طرزِ نا گیرائیِ مژگاں۔

طرزِ نغز گفتاری: مرحبا! طرزِ نغز گفتاری — خیذا! رسم و راہِ غم خواری ص ۲۶۷

طرز و روش: تمھاری طرز و روش جانتے ہیں ہم، کیا ہے — رقیب پر ہے اگر لطف تو ستم کیا ہے؟ ص ۲۵۱

طرف[۲] (۱): (۱) جس طرف سے آئے ہیں آخر اُدھر ہی جائیں گے — مرگ سے وحشت نہ کر، راہِ عدم بیہودہ ہے ص ۱۰۳

(۲) تری طرف ہے بہ حسرت نظارۂ نرگس — بہ کوریِ دل و چشمِ رقیب ساغر کھینچ ص ۱۲۶

---

۱ طرز : اٹھارہ بار [مرتب]۔

۲ طرف : بائیس بار۔

(۳) صبا، لگا وہ تپانچہ طرف سے بلبل کے | کہ روئے غنچۂ گل سوئے آشیاں پھر جائے | ص۳۰۵

(۴) اب ہے دلّی کی طرف کوچ ہمارا غالبؔ | آج ہم حضرتِ نوّاب سے بھی مل آئے | ص۳۱۲

(۵) حیدرآباد بہت دور ہے، اِس ملک کے لوگ | اُس طرف کو نہیں جاتے ہیں، جو جاتے ہیں تو کم | ص۲۶۵

(۶) سنجیدنی ہے ایک طرف رنجِ کوہکن | خوابِ گرانِ خسرو پرویز یک طرف | ص۴۹

دیکھیے ——:(۷)،(۸)،(۹)،(۱۰) ہر طرف [چار بار]۔(۱۱)–(۲۲) یک طرف [بارہ بار]۔

طَرَف[۱] [۲]: (۱) رندانِ درِ مے کدہ گستاخ ہیں، زاہد! | زنہار! نہ ہونا طرف اِن بے ادبوں سے | ص۲۰۱

(۲) کیوں ہوا تھا طرفِ آبلۂ پا یارب! | جادہ ہے واشدنِ پیچشِ طومار ہنوز | ص۳۳

طرفدار[۲]: ہم سخن فہم ہیں، غالبؔ کے طرفدار نہیں | دیکھیں، اِس سہرے سے کہہ دے کوئی بڑھ کر سہرا | ص۲۸۷

طَرَفِ جگرِ عاشقِ شیدا: دیکھیے: داغِ طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا۔

طَرَفِ سخن: طَرَفِ سخن نہیں ہے مجھ سے، خدا نکردہ | ہے نامہ بر کو اُس سے دعوائے ہم کلامی | ص۴۳

طَرَفِ کلاہ: (۱) بلند رتبہ و حاکم، وہ سرفراز امیر | کہ باج تاج سے لیتا ہے جس کا طرفِ کلاہ | ص۲۷۷

(۲) سر پہ چڑھنا تجھے پھبتا ہے، پر اے طرفِ کلاہ! | مجھ کو ڈر ہے کہ نہ چھینے ترا لبر سہرا | ص۲۸۷

طَرَفِ گُل: دیکھیے: جوہرِ طرفِ گل۔

طَرَفِ نقاب: ہے تیوری چڑھی ہوئی اندر نقاب کے | ہے اک شکن پڑی ہوئی طرفِ نقاب میں | ص۱۸۹

طَرَفِ نقابِ مہِ نو: دامانِ شفق طرفِ نقابِ مہِ نو ہے | ناخن کو جگر کاوی میں بے رنگ نکالوں | ص۶۰

طُرفہ[۴]: (۱) جس قدر جگر خوں ہو، کوچہ دادنِ گل ہے | زخمِ تیغِ قاتل کو طرفہ دل کشا پایا | ص۳۳

(۲) طرفہ موزونی ہے صرفِ جنگ جوئی ہائے یار | ہے برِ مصراعِ صافِ تیغ، خنجر مستزاد | ص۳۸

(۳) دی لطفِ ہَوا نے بہ جنوں طرفہ نزاکت | تا آبلہ دعوائے تنکِ پیرہنی ہے | ص۱۱۱

(۴) خو نے تری افسردہ کیا وحشتِ دل کو | معشوقی و بے حوصلگی طرفہ بلا ہے | ص۲۱۹

(۵) دیکھیے: انتظارِ طرفہ۔

---

۱ طَرَف[۲] : دوبار [مرکب: ایک بار]۔

۲ طرفدار : ایک بار۔

۳ طَرَف : سات بار [مرکب]۔

۴ طرفہ : پانچ بار [مفرد: چار بار، مرکب: ایک بار]۔

طرفۂ : ایک بار۔

طرفہ تر: شب زلف و رُخِ عرق فشاں کا غم تھا — کیا شرح کروں کہ طرفہ تر عالم تھا — ص۲۵۲

طرّہ[۱]: غافل بہ وہمِ ناز خود آرا ہے، ورنہ یہاں — بے شانۂ صبا نہیں طرّہ گیاہ کا — ص۱۳۹

طرّۂ پرپیچ وخم: بھرم کھل جائے ظالم تیری قامت کی درازی کا — اگر اِس طرّۂ پرپیچ وخم کا پیچ وخم نکلے — ص۲۲۹

طرّۂ تحریر: دیکھیے: شانہ کشِ طرّۂ تحریر۔

طرّۂ گفتار: دیکھیے: شانہ کشِ طرّۂ گفتار۔

طرّۂ لیلا: عالم غبارِ وحشتِ مجنوں ہے سر بسر — کب تک خیالِ طرّۂ لیلا کرے کوئی — ص۲۱۵

طرّۂ یار: دیکھیے: شکن آموزِ خمِ طرّۂ یار۔

طرّہ ہا: (۱) طرّہ ہا بس کہ گرفتارِ صبا ہیں، شانہ — زانوے آئنہ پر مارے ہے دستِ بیکار — ص۳

(۲) یہ عمر بھر جو پریشانیاں اُٹھائی ہیں ہم نے — تمھارے آئیو اے طرّہ ہاے خم بہ خم! آگے — ص۲۲۸

طریقۂ[۲] انصاف: دیکھیے: شہ سوارِ طریقۂ انصاف۔

طغرائے[۳] عجزِ اختیار: سرنوشتِ خلق ہے طغرائے عجزِ اختیار — آرزوہا خار خارِ چینِ پیشانی عبث — ص۳۲

طغرل[۴]: ملک کے وارث کو دیکھا خلق نے — اب فریبِ طغرل و سنجر کھلا — ص۱۳۰

طعمہ[۵]: صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا، وگرنہ میں — طعمہ ہوں ایک ہی نفَسِ جاں گداز کا — ص۱۵۵

طعن[۶]: (۱) زخم سلوانے سے، مجھ پر چارہ جوئی کا ہے طعن — غیر سمجھا ہے کہ لذّت زخمِ سوزن میں نہیں — ص۱۸۵

(۲) نہ کہیو طعن سے پھر تم کہ ہم ستمگر ہیں — مجھے تو خو ہے کہ جو کچھ کہو، بجا کہیے — ص۲۲۸

طعن آلود: دیکھیے: عیادت ہاے طعن آلودِ یاراں۔

طعنِ بدعہدی: دیکھیے: داغِ طعنِ بدعہدی۔

طعنوں: نکالا چاہتا ہے کام کیا طعنوں سے تو غالبؔ؟ — ترے بے مہر کہنے سے وہ تجھ پر مہرباں کیوں ہو؟ — ص۲۰۰

---

۱ طرّہ : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔
طرّہ ہا : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
۲ طریقہ : ایک بار [مرکب]۔
۳ طغرا : ایک بار [مرکب]۔
۴ طغرل : ایک بار [مرکب]۔
۵ طعمہ : ایک بار۔
۶ طعن : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

طعنہ[1]: کعبے میں جارہا تو نہ دو طعنہ، کیا کہیں — بھولا ہوں حقِ صحبتِ اہلِ کنشت کو؟ ص۱۹۷

طعنۂ اغیار: ضعف میں طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے — بات کچھ سر تو نہیں ہے کہ اُٹھا بھی نہ سکوں ص۱۸۶

طعنۂ نایافت: ہاں اہلِ طلب! کون سُنے طعنۂ نایافت — دیکھا کہ وہ ملتا نہیں، اپنے ہی کو کھو آئے ص۲۳۸

طفلِ[2] اشک: بہرِ پروردن سراسر لطف بسترِ سایہ ہے — پنجۂ مژگاں بہ طفلِ اشک، دستِ دایہ ہے ص۱۰۳

طفلِ خود معاملہ: تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند — اے طفلِ خود معاملہ! قد سے عصا بلند ص۳۸

طفلِ شوخِ غنچۂ گل: شاخِ گل جنبش میں ہے گہوارہ آسا ہر نفس — طفلِ شوخِ غنچۂ گل بس کہ ہے وحشی مزاج ص۳۵

طفلِ دل: دیکھیے: بچہ دن ہائے طفلِ دل۔

طفلاں: دیکھیے ——: (۱) زیارت گاہِ طفلاں۔ (۲) مکتبِ طفلاں۔ (۳) جلوۂ طفلاں۔

طفلانِ بے پروا: زخم پر چھڑکیں کہاں طفلانِ بے پروا نمک — کیا مزا ہوتا اگر پتھر میں بھی ہوتا نمک ص۱۷۵

طفلانہ: ظاہر کرے ہے جنبشِ مژگاں سے مدعا — طفلانہ ہاتھ کا ہے اشارہ زبانِ اشک ص۵۰

طفلی[3]: (۱) ہمیشہ مجھ کو طفلی میں بھی مشقِ تیرہ روزی تھی — سیاہی ہے مرے ایام میں لوحِ دبستاں کی ص۷۶

دیکھیے ——: (۲) کارخانۂ طفلی۔ (۳) عہدِ طفلی۔

طلائے[4] دست افشار: آم کو دیکھتا اگر یک بار — پھینک دیتا طلائے دست افشار ص۳۱

طلب[5]: (۱) چھوڑ کر جانا تنِ مجروحِ عاشق، حیف ہے! — دل طلب کرتا ہے زخم اور مانگے ہیں اعضا نمک ص۱۷۵

(۲) پھر ہوئے ہیں گواہِ عشق طلب — اشک باری کا حکم جاری ہے ص۲۲۳

(۳) پھر شوق کر رہا ہے خریدار کی طلب — عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں کیے ہوئے ص۲۲۵

(۴) بے طلب دیں تو مزا اُس میں سوا ملتا ہے — وہ گدا، جس کو نہ ہو خوئے سوال، اچھا ہے ص۲۳۹

دیکھیے ——: (۵) اہلِ طلب۔ (۶) بعدِ صحرائے طلب۔ (۷) پائے طلب۔ (۸) حُسنِ طلب۔ (۹) خضرِ صحرائے طلب۔ (۱۰)، (۱۱) دردِ طلب [دو بار]۔ (۱۲) راہِ طلب۔ (۱۳) سرگشتگی ہائے طلب۔ (۱۴)۔ (۱۷)

---

۱ طعنہ : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔
طعنوں : ایک بار۔

۲ طفل : چار بار [مرکب]۔
طفلاں : چار بار [مرکب]۔
طفلانہ : ایک بار۔

۳ طفلی : ایک بار۔

۴ طلا : ایک بار [مرکب]۔

۵ طلب : تنتیس بار [مفرد: تین بار، مرکب: تیس بار]۔
طلبگار : تین بار [مرکب: دو بار]۔
طلبگاروں : ایک بار۔ طلبگاری : ایک بار۔

صحراے طلب [چار بار]۔ (۱۸) صبرِ طلب۔ (۱۹) فرسودنِ پاے طلب۔ (۲۰) گرمیِ شوقِ طلب۔ (۲۱) وادیِ طلب۔

طلبِ کام:	آیا نہ بیانِ طلبِ کام، زباں تک	تبخالۂ لب ہو نہ سکا آبلۂ پا	ص۲۰
طلبِ مستیِ ناز:	آفرینش کو ہے وھاں سے طلبِ مستیِ ناز	عرضِ خمیازۂ ایجاد ہے ہر موجِ غبار	ص۱۳۳
طلبگار:	(۱) یا خدا! غالبؔ عاصی کے خداوند کو دے	دو وہ چیزیں کہ طلبگار ہے جن کا عالم	ص۲۱۵
	(۲) دیکھیے: نالۂ طلبگار۔		
طلبگارِ مرد:	دھمکی میں مرگیا جو نہ بابِ نبرد تھا	عشقِ نبرد پیشہ طلبگارِ مرد تھا	ص۱۵۳
طلبگاروں:	سیر آں سوے، تماشا ہے طلبگاروں کا	خضر مشتاق ہے اِس دشت کے آواروں کا	ص۲۸
طلبگاری:	ہو سخن کی جسے طلبگاری	کرے اِس نسخے کی خریداری	ص۲۶۸
طلسم[1]:	(۱) گنجینۂ معنی کا طلسم اُس کو سمجھیے	جو لفظ کہ غالبؔ مرے اشعار میں آوے	ص۲۳۳
	(۲) دیکھیے: جوہرِ طلسمِ عقدۂ مشکل۔		
طلسمِ آفرینش:	طلسمِ آفرینش حلقۂ یک بزمِ ماتم ہے	زمانے کے شبِ یلدا سے گیسوے پریشاں ہیں	ص۶۲
طلسمِ آئینہ:	طلسمِ آئینۂ زانوے فکر ہے غافل!	ہنوز حُسن کو ہے سعیِ جلوہ افروزی	ص۱۰۰
طلسمِ بےخبری:	خوشا! وہ دل کہ سراپا طلسمِ بےخبری ہو	جنونِ یاس و الم، رزقِ مدعا طلبی ہے	ص۷۵
طلسمِ پیچ و تاب:	ہے دلِ شوریدۂ غالبؔ طلسمِ پیچ و تاب	رحم کر اپنی تمنا پر کہ کس مشکل میں ہے	ص۲۳۲
طلسمِ جلوۂ کیفیتِ دگر:	کُلفت، طلسمِ جلوۂ کیفیتِ دگر	زنگار خوردہ آئنہ، یک برگِ تاک ہے	ص۱۱۰
طلسمِ حُسنِ تغافل:	عیسیٰ! طلسمِ حُسنِ تغافل ہے زینہار	جز پشتِ چشم، نسخۂ عرضِ دوا نہ مانگ	ص۵۰
طلسمِ خاک:	طلسمِ خاک کہیں گاو یک جہاں سودا	بہ مرگ تکیۂ آسایشِ فنا معلوم!	ص۵۳
طلسمِ دلِ سائل:	یاس و اُمید نے یک عربدہ میداں مانگا	عجزِ ہمت نے طلسمِ دلِ سائل باندھا	ص۱۳۵
طلسمِ دہر:	ہے طلسمِ دہر میں صد حشرِ پاداشِ عمل	آگہی غافل! کہ ایک امروز، بے فردا نہیں	ص۶۵
طلسمِ رنگ:	دریغ اے ناتوانی! ورنہ ہم ضبط آشنایاں نے	طلسمِ رنگ میں باندھا تھا عہدِ اُستوار اپنا	ص۱۵

---

[1] طلسم : پچیس بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چوبیس بار]۔

طلسمِ روز و شب: تم کرو صاحبقرانی، جب تلک / ہے طلسمِ روز و شب کا در کھلا ص ۳۳

طلسمِ شش جہت: تمام اجزاے عالم، صیدِ دامِ چشمِ گریاں ہے / طلسمِ شش جہت، یک حلقۂ گردابِ طوفاں ہے ص ۸۱

طلسمِ ضمیرِ خوشاں: عالم، طلسمِ ضمیرِ خموشاں ہے سر بسر / یا میں غریبِ کشورِ گفت و شنود تھا ص ۱۲

طلسمِ عرق: خجلت کشِ وفا کو شکایت نہ چاہیے / اے مدعی! طلسمِ عرق بے غبار ہے ص ۹۰

طلسمِ قفس: اسدؔ طلسمِ قفس میں رہے، قیامت ہے / خرام تجھ سے، صبا تجھ سے، گلستاں تجھ سے ص ۱۳

طلسمِ قفلِ ابجد: ہے گشادِ خاطرِ وابستہ در رہنِ سخن / تھا طلسمِ قفلِ ابجد خانۂ مکتب مجھے ص ۲۳

طلسمِ گنجِ تنہائی: دیکھیے: پاسبانیِ طلسمِ گنجِ تنہائی۔

طلسمِ مستیِ دل: طلسمِ مستیِ دل آں سوے ہجومِ سرشک / ہم ایک سے کدہ دریا کے پار رکھتے ہیں ص ۳

طلسمِ منتِ یک خلق: طلسمِ منتِ یک خلق سے رہائی دی / جہاں جہاں مرے قاتل کا مجھ پہ احساں ہے ص ۱۰۲

طلسمِ مومِ جادو: بہ شیرِ مستیِ خوابِ آلودہ مژگاں، نشترِ زنبور / خود آرائی سے آئینہ طلسمِ مومِ جادو تھا ص ۲۲

طلسمِ ناامیدی: شکستِ قیمتِ دل آں سوے عذر شناسائی / طلسمِ ناامیدی ہے خجالت گاہِ پیدائی ص ۴۳

طلسمِ ناز: بہار در گروِ غنچہ شہرِ جولاں ہے / طلسمِ ناز بجز تنگیِ قبا معلوم! ص ۵۰

طلسمِ وحشت آبادِ پرستاں: نظر بازی: طلسمِ وحشت آبادِ پرستاں ہے / رہا بیگانۂ تاثیرِ افسوں آشنائی کا ص ۱۶

طلعت[1]: دیکھیے: بہ رنگِ خرشید طلعت۔

طمع[2] خام: کیا زہد کو مانوں! کہ نہ ہو گرچہ ریائی / پاداشِ عمل کی طمعِ خام بہت ہے ص ۲۲۵

طناب[3] صبح: یک تارِ نفس میں جوں طنابِ صباح / ہر پارۂ دل بہ رنگِ دیگر ہے آج ص ۱۱۸

طنابِ معمار: دیکھیے: سازِ طنابِ معمار۔

طناز[4]: دیکھیے: نقشِ نازِ بتِ طناز۔

طوبیٰ[5]: رہ رو راہِ خلد کا توشہ / طوبیٰ و سدرہ کا جگر گوشہ [آم کے لیے] ص ۳۷

طور[6]: (۱) جس طرح باغ میں ساون کی گھٹائیں برسیں / ہے اسی طور پہ یہاں دجلہ فشاں دستِ کرم ص ۲۶۵

---

١ طلعت : ایک بار [مرکب]۔
٢ طمع : ایک بار [مرکب]۔
٣ طناب : دو بار [مرکب]۔
٤ طناز : ایک بار [مرکب]۔
٥ طوبیٰ : ایک بار [مرکب]۔
٦ طور : دو بار۔

(۲) آتش بازی ہے جیسے شغلِ اطفال — ہے سوزِ جگر کا بھی اسی طور کا حال — ص۲۵۳

طور[1]:

(۱) ورنہ وہ ناز ہے، جس گلشنِ بیداد سے تھا — طورِ مشعل بہ کف از جلوۂ تنزیہِ بہار — ص۳

(۲) گردِ جولاں سے ہے تیری، بہ گریبانِ خرام — جلوۂ طور تنک سودۂ زخمِ تکرار — ص۵

(۳) اے وائے غفلتِ نگہِ شوق! ورنہ یہاں — ہر پارہ سنگ، لختِ دلِ کوہِ طور تھا — ص۱۸

(۴) صد تجلی کدہ ہے صرفِ جبینِ غربت — پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز — ص۴۵

(۵) گراں جانی سبکسار و تماشا بے دماغ آیا — کفِ افسوسِ فرصت سنگِ کوہِ طور ملتے ہیں — ص۹۳

(۶) گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلی، نہ طور پر — دیتے ہیں بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھ کر — ص۱۶۹

دیکھیے ——: (۷) کوہِ طور۔ (۸) ہر برگِ نخلِ طور۔

طوطی[2]:

(۱) از مہر تا بہ ذرہ دل و دل ہے آئنہ — طوطی کو شش جہت سے مقابل ہے آئنہ — ص۲۰۱

(۲) اس چشمِ فسوں گر کا اگر پائے اشارہ — طوطی کی طرح آئنہ گفتار میں آوے — ص۲۳۳

(۳) کیا بدگماں ہے مجھ سے! کہ آئینے میں مرے — طوطی کا عکس سمجھے ہے، زنگار دیکھ کر — ص۱۶۹

(۴) ہوئی یہ بے خودی چشم و زباں کو تیرے جلوے سے — کہ طوطی قفلِ زنگ آلودہ ہے آئینہ خانے میں — ص۵۸

(۵) کرے گر حیرتِ نظارہ طوفاں نکتہ گوئی کا — حبابِ چشمۂ آئینہ ہووے بیضۂ طوطی کا — ص۲۶

(۶) خوشا! طوطی و گنجِ آشیانہ — نہاں در زیرِ پر آئینہ خانہ — ص۲۵۱

دیکھیے ——: (۷) بیضۂ طوطی۔ (۸) تہ بندیِ پر ہائے طوطی۔ (۹) جولاں گہِ طوطی۔ (۱۰) حرزِ پرِ طوطی۔
(۱۱) غنچۂ منقارِ طوطی۔

طوطیِ آئینہ زانو: ہم زباں آیا نظر فکرِ سخن میں تو مجھے — مردمک، ہے طوطیِ آئینۂ زانو مجھے — ص۸۷

طوطیِ بسمل: اہلِ بینش نے بہ حیرت کدۂ شوخیِ ناز — جوہرِ آئنہ کو طوطیِ بسمل باندھا — ص۱۳۵

طوطیِ سبزۂ کہسار: لعل سی، کی ہے پئے زمزمۂ مدحتِ شاہ — طوطیِ سبزۂ کہسار نے پیدا منقار — ص۳۳۲

طوطیِ شکر گفتار طبع: اے اسدؔ! خائش ہے طوطیِ شکر گفتارِ طبع — ظاہرا رکھتا ہے آئینہ اسیرِ زنگِ دل — ص۵۳

طوطیِ شیریں سخن: ہرچند ہوں میں طوطیِ شیریں سخن ولے — آئینہ آہ! میرے مقابل نہیں رہا — ص۲۷

---

[1] طور : آٹھ بار [مفرد: دو بار، مرکب: چھے بار]۔

[2] طوطی : انیس بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: چودہ بار]۔

طوطیِ طبیعت:	کیوں نہ طوطیِ طبیعت نغمہ پیرائی کرے	باندھتا ہے رنگِ گل آئینہ تا چاکِ قفس	ص۳۵
طوطی نما:	طرزِ آفرینِ نکتہ سرائیِ طبع ہے	آئینۂ خیال کو طوطی نما کہوں	ص۵۶
طوطیِ ہند:	دیکھیے: بیضۂ طوطیِ ہند۔		
طوافِ[1] کوے ملامت:	دل پھر طوافِ کوے ملامت کو جائے ہے	پندار کا صنم کدہ ویراں کیے ہوئے	ص۲۲۶
طوفِ[2] حرم:	(۱) منقطع سلسلۂ شوق نہیں ہے یہ شہر	عزمِ سیرِ نجف و طوفِ حرم ہے ہم کو	ص۱۹۵
	(۲) زمزم ہی پہ چھوڑو، مجھے کیا طوفِ حرم سے	آلودہ بہ مے جامۂ احرام بہت ہے	ص۲۲۵
طوفان[3]:	(۱) کرے گر حیرتِ نظارہ طوفاں نکتہ گوئی کا	حبابِ چشمۂ آئینہ ہووے بیضہ طوطی کا	ص۲۶
	(۲) ذوقِ سرشار سے بے پردہ ہے طوفاں میرا	موجِ خمیازہ ہے ہر زخمِ نمایاں میرا	ص۲۱
	(۳) دل میں پھر گریے نے اک شور اٹھایا غالبؔ!	آہ! جو قطرہ نہ نکلا تھا سو طوفاں نکلا	ص۱۳۲
	(۴) فرش سے تا عرش وھاں طوفاں تھا موجِ رنگ کا	یھاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا	ص۱۳۵

دیکھیے ـــــــ: (۵) آئینہ تراشِ جبہۂ طوفان۔ (۶) جبہۂ طوفاں۔ (۷) سرمایۂ طوفاں۔ (۸) موجِ طوفان۔
(۹) یک حلقۂ گردابِ طوفاں۔

طوفانِ آب و گل:	زبس طوفانِ آب و گل ہے، غافل! کیا تعجب ہے	کہ ہر یک گرد بادِ گلستاں، گرداب ہو جاوے	ص۱۰۵
طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار:	اے عندلیب! یک کفِ خس بہرِ آشیاں	طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار ہے	ص۲۱۸
طوفانِ بلا:	دیکھتے تھے ہم بہ چشمِ خود وہ طوفانِ بلا	آسمانِ سفلہ جس میں یک کفِ سیلاب تھا	ص۱۵
طوفان ترازِ شوقِ خوں ریزی:	مگر وہ شوخ ہے طوفاں ترازِ شوقِ خوں ریزی	کہ در بحرِ کماں بالیدہ موجِ تیر ہے پیدا	ص۳۰
طوفانِ تغافل:	کشتیِ عالم بہ طوفانِ تغافل دے کہ ہیں	عالمِ آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ ہم	ص۵۳
طوفانِ حوادث:	اہلِ بینش کو ہے طوفانِ حوادث، مکتب	لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں	ص۱۸۶
طوفانِ خزاں رنگِ طرب گاہِ بہار:	شرم، طوفانِ خزاں رنگِ طرب گاہِ بہار	ماہتابی بہ کفِ چشمِ تماشائی ہے	ص۱۰۳

---

[1] طواف : ایک بار [مرکّب]۔
[2] طوف : دو بار [مرکّب]۔
[3] طوفان : ستائیس بار [مفرد: چار بار، مرکّب: بیئیس بار]۔

طوفانی : تین بار [مرکّب]۔
طوفاں کدہ : ایک بار [مرکّب]۔
طوفاں گاہ : ایک بار [مرکّب]۔

طوفاں رکاب: دیکھیے: گریۂ طوفاں رکاب۔

طوفانِ رنگ و بو: سودائیِ خیال ہے طوفانِ رنگ و بو — یھاں ہے کہ داغِ لالہ دماغِ بہار ہے — ص ۹

طوفاں زدہ: دیکھیے: چشمکِ طوفاں زدہ۔

طوفانِ صدائے آب: دیکھیے: آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب۔

طوفانِ طرب: چار موج اٹھتی ہے طوفانِ طرب سے ہر سو — موجِ گل، موجِ شفق، موجِ صبا، موجِ شراب — ص ۱۴۳

طوفانِ عجز: دیکھیے: جوششِ طوفانِ عجز۔

طوفانِ غضب: دیکھیے: موجِ طوفانِ غضب۔

طوفاں کدۂ دل: ضبطِ گریہ گہرِ آبلہ لایا آخر — پائے صد موج بہ طوفاں کدۂ دل باندھا — ص ۱۳

طوفانِ کرم: دیکھیے: جوشِ طوفانِ کرم۔

طوفاں گاہ: بہ طوفاں گاہِ جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی — شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر، تارِ بستر ہے — ص ۲۱۳

طوفانِ مے: مبادا! بے تکلف فصل کا برگ و نوا گم ہو — مگر طوفانِ مے میں پیچشِ موجِ صبا گم ہو — ص ۶۸

طوفانِ نالۂ دل: یک برگ بے نوائی صد دعوتِ نیستاں — طوفانِ نالۂ دل تا موجِ بوریا ہے — ص ۹۵

طوفانِ ہوا: برگِ گل کا ہو جو طوفانِ ہوا میں عالم — اُس کے جولاں میں نظر آئے ہے یوں دامنِ زیں — ص ۹

طوفانیِ آئینۂ دریا: حلقۂ گردابِ جوہر کو بنا ڈالے تنور — عکس، گر طوفانیِ آئینۂ دریا کرے — ص ۱۰۱

طوفانیِ سعی: رکھ فکرِ سخن میں تو معذور مجھے غالبؔ — یھاں زورقِ خود داری، طوفانیِ سعی ہے — ص ۱۱۵

طوفانیِ کیفیتِ فصل: ایک عالم پہ ہیں طوفانیِ کیفیتِ فصل — موجۂ سبزۂ نوخیز سے تا موجِ شراب — ص ۱۹۳

طوق[1]:
(۱) بہ غرورِ طرحِ قامت و رعنائیِ سرو — طوق، ہے گردنِ قمری میں رگِ بالیدہ — ص ۷۱
(۲) گلشن میں بندوبست بہ رنگِ دگر ہے آج — قمری کا طوق حلقۂ بیرونِ در ہے آج — ص ۱۹۵
(۳) اسدؔ! زندانیِ تاثیرِ اُلفت ہائے خوباں ہوں — خمِ دستِ نوازش ہو گیا ہے طوق گردن میں — ص ۱۸۱

طوقِ قمری:
(۱) گرفتاری میں فرمانِ خطِ تقدیر ہے پیدا — کہ طوقِ قمری از ہر حلقۂ زنجیر ہے پیدا — ص ۳۰
(۲) بے نفس پروردہ گلشن کس ہوائے بام کا؟ — طوقِ قمری میں ہے سروِ باغ، ریحانِ سفال — ص ۵۲

---

[1] طوق : سات بار [مفرد: تین بار، مرکب: چار بار]۔

طوقِ گردن: ضعف سے نقشِ پئے مور ہے طوقِ گردن — تیرے کوچے سے کہاں طاقتِ رم ہے ہم کو — ص ۱۹۵

طوقِ گردنِ قمری: عبث ہے خطِ ساغر جلوہ طوقِ گردنِ قمری — مےِ اُلفت سے ہے مینائے سروِ بوستاں خالی — ص ۳۵۵

طول[۱]: نہ دے نامے کو اِتنا طول غالبؔ! مختصر لکھ دے — کہ حسرت سنج ہوں عرضِ ستم ہائے جدائی کا — ص ۱۳۶

طولِ میلِ راہِ مژگاں: غبارِ دشتِ وحشت سرمہ سازِ انتظار آیا — کہ چشمِ آبلہ میں طولِ میلِ راہِ مژگاں ہے — ص ۸۱

طولانی: وہ بدخو اور میری داستانِ شوق طولانی — عبارت مختصر، قاصد بھی گھبرا جائے ہے مجھ سے — ص ۲۲۳

طومار[۲]: (۱) مشقِ نقشِ قدم: نسخۂ آبِ حیواں — جادۂ دشتِ نجف: عمرِ خضر کا طومار — ص ۴

دیکھیے ـــــ: (۲) واشدنِ پیچشِ طومار۔ (۳) حاملِ طومارِ انتظار۔

طومارِ بستر: دیکھیے: پیچشِ طومارِ بستر۔

طومارِ ناز: نہیں اقلیمِ اُلفت میں کوئی طومارِ ناز ایسا — کہ پشتِ چشم سے جس کے نہ ہووے مُہر عنواں پر — ص ۱۹۷

طوے[۳]: دیکھیے: نجستہ انجمنِ طوے میرزا جعفر۔

طہارت[۴]: ممکن ہے؟ کرے خضر، سکندر سے ترا ذکر — گر لب کو نہ دے چشمۂ حیواں سے طہارت — ص ۱۲۷

طہور[۵]: دیکھیے: شرابِ طہور۔

طے[۶]: (۱) طے کرو راہِ شوق زودا زود — آن پہنچی ہے منزلِ مقصود — ص ۲۹۷

(۲) مستانہ طے کروں ہوں رہِ وادیِ خیال — تا بازگشت سے نہ رہے مدعا مجھے — ص ۲۰۶

(۳) ساتھ جنبش کے، بہ یک برخاستن طے ہوگیا — تو کہے، صحرا غبارِ دامنِ دیوانہ تھا! — ص ۲۵

(۴) بہ پائے خامۂ مو طے رہِ وصفِ کمر کیجیے — کہ تارِ جادۂ سر منزلِ نازک خیالی ہے — ص ۴۹

طینت[۷]: دیکھیے: زشتیِ طینت۔

طیور[۸]: آمد بہار کی ہے جو بلبل ہے نغمہ سنج — اُڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی — ص ۲۲۳

---

۱ طول : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
طولانی : ایک بار۔
۲ طومار : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔
۳ طوے : ایک بار [مرکب]۔
۴ طہارت : ایک بار۔
۵ طہور : ایک بار [مرکب]۔
۶ طے : چار بار۔
۷ طینت : ایک بار [مرکب]۔
۸ طیور : ایک بار۔

ظ

ظاہر[1]:

(۱) اے اسدؔ! تیرگیِ بختِ سیہ ظاہر ہے — نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز — ص ۳۵

(۲) ظاہر ہیں میری شکل سے افسوس کے نشاں — جوں شانہ پُشتِ دست بہ دنداں گزیدہ ہوں — ص ۶۱

(۳) ظاہر ہے ہم سے کُلفتِ بختِ سیاہ رُوز — گویا کہ تختۂ مشق ہیں خطِ غبار کے — ص ۸۰

(۴) آشفتگی نے نقشِ سویدا کیا درست — ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دُود تھا — ص ۱۳۳

(۵) غالبؔ! نہ کر حضور میں تو بار بار عرض — ظاہر ہے تیرا حال سب اُن پر، کہے بغیر — ص ۱۷۰

(۶) بہت دنوں میں تغافل نے تیرے پیدا کی — وہ اک نگہ کہ بہ ظاہر نگاہ سے کم ہے — ص ۲۲۹

(۷) در پردہ اُنھیں غیر سے ہے ربطِ نہانی — ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ پردا نہیں کرتے — ص ۲۳۵

(۸) بسی آلودہ ہے مُہرِ نوازش نامہ، ظاہر ہے — کہ داغِ آرزوے بوسہ دیتا ہے پیام اُس کا — ص ۲۴

(۹) ظاہر کرے ہے جُنبشِ مژگاں سے مدعا — طفلانہ ہاتھ کا ہے اشارہ زبانِ اشک — ص ۵۰

(۱۰) نظر بہ غفلتِ اہلِ جہاں، ہوا ظاہر — کہ عیدِ خلق پہ حیراں ہے چشمِ قربانی — ص ۹۶

(۱۱) ہوا چرخِ خمیدہ ناتواں بارِ علائق سے — کہ ظاہر پنجۂ خرشید دستِ زیرِ پہلو ہے — ص ۹۸

(۱۲) رُخصتِ نالہ مجھے دے کہ مبادا ظالم! — تیرے چہرے سے ہو ظاہر غمِ پنہاں میرا — ص ۱۵۳

(۱۳) غم اس کو حسرتِ پروانہ کا ہے اے شعلے! — ترے لرزنے سے ظاہر ہے ناتوانیِ شمع — ص ۱۶۳

(۱۴) ظاہر ہے کہ گھبرا کے نہ بھاگیں گے نکیرین — ہاں، مُنہ سے مگر بادۂ دوشینہ کی بو آئے — ص ۲۳۹

(۱۵) ظاہر ہے طرزِ قید سے صیاد کی غرض — جو دانہ دام میں ہے سو اشکِ کباب ہے — ص ۷۵

ظاہرا[2]:

(۱) اے اسدؔ! ہم خود اسیرِ رنگ و بوے باغ ہیں — ظاہرا صیادِ ناداں ہے گرفتارِ ہوس — ص ۳۵

---

[1] ظاہر : سولہ بار [مفرد: چودہ بار، مرکب: دو بار]۔

[2] ظاہرا : سات بار۔

(۲) بہرِ عرضِ حالِ شبنم سے رقمِ ایجادِ گل — ظاہرا ہے اس چمن لالِ مادر زاد، گل ص۵۲

(۳) اے اسدؔ! خائش ہے طوطیِ شکر گفتار طبع — ظاہرا رکھتا ہے آئینہ اسیرِ زنگ، دل ص۵۳

(۴) ظاہرا سر پنجۂ افتادگاں گیرا نہیں — ورنہ کیا حسرت کشِ دامن یہ نقشِ پا نہیں! ص۶۵

(۵) ہے فلک بالا نشینِ فیضِ خم گردیدنی — عاجزی سے، ظاہرا رتبہ کوئی برتر نہیں ص۶۶

(۶) ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا سو بھی مٹ گیا — ظاہرا کاغذ ترے خط کا غلط بردار ہے ص۲۱۲

(۷) دیکھ اے اسدؔ! بہ دیدۂ باطن کہ ظاہرا — ہر ایک ذرہ غیرتِ صد آفتاب ہے ص۲۵۲

ظاہری[۱]: دیکھیے:(۱) تیرگیِ ظاہری۔ (۲) نقشِ ظاہری۔

ظالم[۲]: (۱) رچ گیا جوشِ صفائے زلف کا اعضا میں عکس — ہے نزاکت جلوہ اے ظالم! سیہ فامی تری ص۹۳

(۲) ہماری سادگی تھی، التفاتِ ناز پر مرنا — ترا آنا نہ تھا ظالم! مگر تمہید جانے کی ص۲۰۳

(۳) رحم کر ظالم! کہ کیا بودِ چراغِ کشتہ ہے — نبضِ بیمارِ وفا دودِ چراغِ کشتہ ہے ص۲۱۰

(۴) ظالم! مرے گماں سے مجھے منفعل نہ چاہ — ہے ہے! خدا نکردہ تجھے بے وفا کہوں! ص۱۶۸

(۵) رخصتِ نالہ مجھے دے کہ مبادا ظالم! — تیرے چہرے سے ہو ظاہر غمِ پنہاں میرا ص۱۵۳

(۶) دود سے میرے، ہے تجھ کو بے قراری ہائے ہائے! — کیا ہوئی ظالم! تری غفلت شعاری؟ ہائے ہائے! ص۲۰۴

(۷) بھرم کھل جائے ظالم! تیرے قامت کی درازی کا — اگر اس طرۂ پر پیچ و خم کا پیچ و خم نکلے ص۲۲۹

ظرف[۳]: دیکھیے: بقدرِ ظرف۔

ظرفِ قدح خوار: گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلی، نہ طور پر — دیتے ہیں بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھ کر ص۱۹۹

ظرفِ تنگنائے غزل: بقدرِ شوق نہیں ظرفِ تنگنائے غزل — کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے ص۲۳۶

ظریف[۴]: دیکھیے: ستم ظریف۔

ظفر[۵]: کیا کم ہے یہ شرف کہ ظفر کا غلام ہوں — مانا کہ جاہ و منصب و ثروت نہیں مجھے ص۱۲۵

ظفر[۶]: دیکھیے: فتح و ظفر۔

ظلم[۷]: ظلم کرنا گدائے عاشق پر — نہیں شاہانِ حسن کا دستور ص۲۲

(۲) ظلم ہے، گر نہ دو سخن کی داد — قہر ہے، گر کرو نہ مجھ کو پیار ص۱۳۶

---

۱ ظاہری : دو بار [مرکب]۔
۲ ظالم : سات بار۔
۳ ظرف : تین بار [مرکب]۔
۴ ظریف : ایک بار [مرکب]۔
۵ ظفر : ایک بار۔
۶ ظفر: ایک بار [مرکب]۔
۷ ظلم : دس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: دو بار]۔

(۳) تو دوست کسی کا بھی ستمگر! نہ ہوا تھا — اَوروں پہ ہے وہ ظلم کہ مجھ پر نہ ہوا تھا — ص۱۵۲

(۴)،(۵) ظلم کر ظلم، اگر لطف دریغ آتا ہو — تو تغافل میں کسی رنگ سے معذور نہیں — ص۱۸۵

(۶) تکلف برطرف، نظارگی میں بھی سہی لیکن — وہ دیکھا جائے، کب یہ ظلم دیکھا جائے ہے مجھ سے — ص۲۲۵

(۷) اے ترا غمزہ: یک قلم انگیز! — اے ترا ظلم: سر بسر انداز! — ص۱۴۲

(۸) جو ہاتھ کہ ظلم سے اُٹھایا ہوگا — کیوں کر مانوں کہ اُس میں تلوار نہیں — ص۴۵۳

(۹) دیکھیے: گردشِ عہدِ ظلم۔

ظلمِ چرخ: دیکھیے: سنگِ ظلمِ چرخ۔

ظلمت کدہ[۱]: ظلمت کدے میں میرے شبِ غم کا جوش ہے — اک شمع ہے دلیلِ سحر سو خموش ہے — ص۲۳۰

ظلمت گستری[۲]: بیاں کس سے ہو ظلمت گستری میرے شبستاں کی — شبِ مہ ہو، جو رکھ دوں پنبہ دیواروں کے روزن میں — ص۱۸۰

ظن[۳]: دیکھیے ـــــ: (۱) حسنِ ظن۔ (۲) سوءِ ظن۔

ظہور[۴]: (۱) منظور تھی یہ شکل تجلی کو نور کی — قسمت کھلی ترے قد و رخ سے ظہور کی — ص۲۳۳

(۲) اخلاص کا ہوا ہے اسی ملک سے ظہور — ص۲۶۳

دیکھیے ـــــ: (۳) پردۂ جوشِ ظہور۔ (۴) پروانۂ تجلیِ شمعِ ظہور۔ (۵) جگر تشنۂ صد رنگ ظہور۔ (۶) نسخۂ ادوارِ ظہور۔

ظہورِ شام: دیکھیے: آثارِ ظہورِ شام۔

ظہوری[۵]: (۱) ہوں ظہوریؔ کے مقابل میں خفائی، غالبؔ — میرے دعوے پہ یہ حجت ہے کہ مشہور نہیں — ص۱۸۶

(۲)،(۳) تھے ظہوریؔ و عرفیؔ و طالبؔ — اپنے اپنے زمانے میں غالب

نہ ظہوریؔ ہے اب نہ طالبؔ ہے — اسداللہ خاں غالبؔ ہے — ص۲۶۷

ـــــــ

۱ ظلمت کدہ: ایک بار۔

۲ ظلمت: ایک بار [مرکب]۔

۳ ظن: دو بار [مرکب]۔

۴ ظہور: سات بار [مفرد: دو بار، مرکب: پانچ بار]۔

۵ ظہوری: تین بار [مرکب: ایک بار]۔

ع

عاجز[1]: (۱) بس کہ عاجز نارسائی سے کبوتر ہوگیا | صفحۂ نامہ، غلافِ بالشِ پر ہوگیا ص۲۹
(۲) بارے، وہ دن کہاں رہا غالبؔ؟ | بندہ عاجز ہے، گردشِ ایام ص۳۵
(۳) تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو | ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے ہم کو ص۱۹۵
(۴) کردیا ضعف نے عاجز غالبؔ | ننگِ پیری ہے جوانی میری ص۲۳۱
(۵) لکھ سکا میں نہ اُسے شکوۂ پیماں شکنی | لاجرم توڑ کے، عاجز، قلم چند رہا ص۲۳۹
دیکھیے ــــــ: (۶) حیرت عاجزِ عرضِ یک افغاں۔ (۷) غالبِؔ عاجزِ نیاز آگیں۔

عاجزاں: دیکھیے: نگاہِ عاجزاں۔

عاجزی[2]: (۱) کرتی ہے عاجزی سفرِ سوختن تمام | پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج ص۳۵
(۲) ہے فلک بالا نشینِ فیضِ خم گردیدنی | عاجزی سے، ظاہرا، رتبہ کوئی برتر نہیں ص۲۱

عادت[3]: (۱) صادق ہوں اپنے قول میں غالبؔ، خدا گواہ! | کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے ص۱۲۵
(۲) ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے | بے نیازی تری عادت ہی سہی ص۲۲

عادل[4]: دیکھیے: حاکمِ عادل۔

عار[5]: (۱) کیا پوچھے ہے برخود غلطی ہائے عزیزاں | خواری کو بھی اک عار ہے عالی نسبوں سے ص۴۳

---

[1] عاجز : سات بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: دو بار]۔
عاجزاں : ایک بار [مرکب]۔
[2] عاجزی : دو بار۔
[3] عادت : دو بار۔
[4] عادل : ایک بار [مرکب]۔
[5] عار : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دو بار]۔

	(۲) کہ گر اپنے کو میں کہوں خاکی	جانتا ہوں کہ آئے خاک کو عار	ص۱۲۵
	(۳) کہتے ہیں کہ اب وہ مردم آزار نہیں	عشاق کی پرسش سے اُسے عار نہیں	ص۲۵۴
عار بستر:	ابھی آتی ہے بو بالش سے اس کی زلفِ مشکیں کی	ہماری دید کو خوابِ زلیخا عار بستر ہے	ص۲۴۳
عار دل:	ہے تنگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو	ہے عارِ دل، نَفَس اگر آذر فشاں نہیں	ص۱۸۸
عارض[۱]:	(۱) صافیِ رُخ سے ترے ہنگامِ شب	عکسِ داغِ مہ، ہوا عارض پہ خال	ص۵۱
	(۲) بلا گردانِ تمکینِ بتاں، صد موجۂ گوہر	عرق بھی جن کے عارض پر بہ تکلیفِ حیا گم ہو	ص۶۸

دیکھیے ـــــ: (۳) خطِ عارض۔ (۴) نیلِ چشمِ زخمِ صافیِ عارض۔

عارضِ رنگیں: دیکھیے: شرمِ عارضِ رنگیں۔

عارضِ گل:	عارضِ گل دیکھ، روئے یار یاد آیا اسدؔ	جوششِ فصلِ بہاری اشتیاق انگیز ہے	ص۲۱۳

عارضِ یار: دیکھیے: خیالِ عارضِ یار۔

عارضاں: دیکھیے: گوشِ نسرینِ عارضاں۔

عارفؔ[۲]:	ہاں اے فلکِ پیر! جواں تھا ابھی عارفؔ	کیا تیرا بگڑتا، جو نہ مرتا کوئی دن اور	ص۱۷۱
عارف[۳]:	(۱) یعنی بہ حسبِ گردشِ پیمانۂ صفات	عارف ہمیشہ مستِ مئے ذات چاہیے	ص۲۲۰

(۲) دیکھیے: رفعتِ ہمتِ صد عارف۔

عارفانہ کلام:	چشمِ بد دور! خسروانہ شکوہ	لوحش اللہ! عارفانہ کلام	ص۱۳۷
عاریت[۴]:	مرا دل مانگتے ہیں عاریت اہلِ ہوس، شاید	یہ جایا چاہتے ہیں آج دعوت میں سمندر کی	ص۷۷
عاشق[۵]:	(۱) بدگماں کرتی ہے عاشق کو خود آرائی تری	بے دلوں کو ہے براتِ اضطراب آئینے پر	ص۳۹
	(۲) اس جفا مشرب پہ عاشق ہوں کہ سمجھے ہے اسدؔ	مالِ مُغنی کو مباح اور خونِ صوفی کو حلال	ص۵۲

---

۱ عارض : سات بار [مفرد: دو بار، مرکب: پانچ بار]۔
عارضاں : ایک بار [مرکب]۔
۲ عارفؔ : ایک بار۔
۳ عارف [۲] : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
عارفانہ : ایک بار۔
۴ عاریت : ایک بار۔
۵ عاشق : چھیالیس بار [مفرد: چودہ بار، مرکب: بتیس بار]۔
عاشقاں : ایک بار [مرکب]۔
عاشقوں : دو بار۔
عاشقی : ایک بار۔

(۳) آئینۂ نفَس سے بھی ہوتا ہے کدورت کش — عاشق کو غبارِ دل اک وجہِ صفائی ہے — ص۸۰

(۴) عاشق، نقابِ جلوۂ جانانہ چاہیے — فانوسِ شمع کو پرِ پروانہ چاہیے — ص۸۲

(۵) جفا شوخ و ہوس گستاخِ مطلب ہے، مگر عاشق — نفَس در قالبِ خشتِ لحد دُزدیدنی جانے — ص۱۱۵

(۶) حیف اُس چار گرہ کپڑے کی قسمت! غالبؔ — جس کی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں ہونا — ص۱۵۰

(۷) ستم کشِ مصلحت سے ہوں کہ خوباں تجھ پہ عاشق ہیں — تکلّف برطرف، مل جائے گا تجھ سا رقیب آخر — ص۱۹۸

(۸) غمِ آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ہے عاشق کو — چراغِ روشن اپنا، قلزمِ صرصر کا مرجاں ہے — ص۲۱۰

(۹) عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اَور شخص پر — آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے — ص۲۱۹

(۱۰) ہو کے عاشق، وہ پری رُخ اور نازک بن گیا — رنگ کھلتا جائے ہے، جتنا کہ اُڑتا جائے ہے — ص۲۲۲

(۱۱) عاشق ہوں، پہ معشوق فریبی ہے مرا کام — مجنوں کو بُرا کہتی ہے لیلا مرے آگے — ص۲۲۹

(۱۲) خط لکھیں گے، گرچہ مطلب کچھ نہ ہو — ہم تو عاشق ہیں تمھارے نام کے — ص۲۵۰

(۱۳) گوشہ گاہ نویں کی ہے جتنی رعیت، وہ یکقلم — عاشق ہے اپنے حاکمِ عادل کے نام کی — ص۲۶۳

(۱۴) خوشا! عجزے کہ عاشق جل بُجھے جوں شعلہ خاشش — کہ کم از سرمہ اُس کا مشتِ خاکستر نہیں ہوتا — ص۲۲۵

دیکھیے ——: (۱۵) آئینۂ جُراتِ عاشق۔ (۱۶) برشگالِ گریۂ عاشق۔ (۱۷) بے سامانیِ عاشق۔ (۱۸) تنِ مجروحِ عاشق۔ (۱۹) جانِ عاشق۔ (۲۰) جراحت دوزیِ عاشق۔ (۲۱) حلِ مشکلِ عاشق۔ (۲۲) خاکِ عاشق۔ (۲۳) خاموشیِ عاشق۔ (۲۴) خانۂ عاشق۔ (۲۵) دشمنِ حسرتِ عاشق۔ (۲۶) دعویِ عاشق۔ (۲۷) دلِ عاشق۔ (۲۸) رنگِ عاشق۔ (۲۹) سیِ عاشق۔ (۳۰) سینۂ عاشق۔ (۳۱) شکیبِ خاطرِ عاشق۔ (۳۲) صورتِ مژگانِ عاشق۔ (۳۳) قتلِ عاشق۔ (۳۴) قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق۔ (۳۵) گدائے عاشق۔ (۳۶) لبِ ہائے عاشق۔ (۳۷) مشہدِ عاشق۔ (۳۸) ہر ایک ذرّۂ عاشق۔

عاشقِ اہلِ کرم: چھوڑی اسدؔ نہ ہم نے گدائی میں دل لگی — سائل ہوئے تو عاشقِ اہلِ کرم ہوئے — ص۲۲۷

عاشقِ بیمار: مُند گئیں، کھولتے ہی کھولتے آنکھیں ہے ہے! — خوب وقت آئے تم اِس عاشقِ بیمار کے پاس — ص۱۶۳

عاشقِ دل دادہ: دیکھیے: قتلِ عاشقِ دل دادہ۔

عاشقِ دیوانہ: ہے وصل، ہجر عالمِ تمکین و ضبط میں — معشوقِ شوخ و عاشقِ دیوانہ چاہیے — ص۲۱۱

عاشقِ شیدا:	دیکھیے: داغِ طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا۔		
عاشق کش:	لکھ دیا شاہدوں کو: عاشق کش	لکھ دیا عاشقوں کو: دشمن کام	ص ۱۳۸
عاشق نوازی:	دیکھیے: مانعِ عاشق نوازی۔		
عاشقِ ہشت و چار:	دونوں کے دل حق آشنا، دونوں رسول پر فدا	ایک محبِّ چار یار، عاشقِ ہشت و چار ایک	ص ۲۹۷
عاشقاں:	دیکھیے: خانمانِ عاشقاں۔		
عاشقوں:	(۱) جوں اعتماد نامہ و خط کا ہو مہر سے	یوں عاشقوں میں ہے سببِ اعتبار داغ	ص ۳۸
	(۲) لکھ دیا عاشقوں کو: دشمن کام	[دیکھیے: عاشق کش]۔	
عاشقی:	عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب	دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہوتے تک	ص ۱۷۵
عاصی[1]:	(۱) نام عاصی کا ہے غلام نجف		ص ۲۶۸
	(۲) دیکھیے: غالبِ عاصی۔		
عاصیوں:	اہلِ ورع کے حلقے میں ہر چند ہوں ذلیل	پر عاصیوں کے زمرے میں برگزیدہ ہوں	ص ۳۰۰
عافیت[2]:	(۱) کیا کہوں پرواز کی آوارگی کی کشمکش	عافیت، سرمایۂ بال و پرِ کشودہ ہے	ص ۱۰۳
	(۲) میں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی، کہ ہے	عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا	ص ۱۳۹
	(۳) اے عافیت! کنارہ کر، اے انتظام! چل	سیلابِ گریہ درپئے دیوار و در ہے آج	ص ۱۶۵
	دیکھیے ـــــ: (۴) برگِ عافیت۔ (۵) سراغِ عافیت۔ (۶) سلکِ عافیت۔		
عافیت بیزار:	بسمل اس تیغِ دو دستی کا نہیں بچتا اسدؔ	عافیت بیزار! ذوقِ کعبتین تنہا نہیں	ص ۶۵
عاقبت[3]:	کثرتِ جور و ستم سے ہو گیا ہوں بے دماغ	خوب رویوں نے بنایا عاقبت بدخو مجھے	ص ۴۸
عالَم[4] [۱]:	(۱) برگِ گل کا ہو جو طوفانِ ہوا میں عالم	اس کے جولاں میں نظر آئے ہے یوں دامنِ زیں	ص ۹
	(۲) وحشتِ انجمن ہے گل، دیکھ لالے کا عالم	مثلِ دودِ مجمر کے داغ بال افشاں ہے	ص ۸۹
	(۳) جب تک کہ نہ دیکھا تھا قدِ یار کا عالم	میں معتقدِ فتنۂ محشر نہ ہوا تھا	ص ۱۵۲
	(۴) کیا آئینہ خانے کا وہ نقشہ تیرے جلوے نے	کرے جو پرتوِ خورشید عالم شبنمستاں کا	ص ۱۵۶

---

[1] عاصی : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
عاصیوں : ایک بار۔
[2] عافیت : سات بار [مفرد: تین بار، مرکب: چار بار]۔
[3] عاقبت : ایک بار۔
[4] عالَم [۱] : پندرہ بار
[مفرد: دس بار، مرکب: پانچ بار]۔

(۵) مُنہ نہ کھُلنے پر ہے وہ عالم کہ دیکھا ہی نہیں — زلف سے بڑھ کر نقاب اُس شوخ کے مُنہ پر کھُلا — ص۱۹۱

(۶) جلوے کا تیرے وہ عالم ہے کہ گر کیجے خیال — دیدۂ دل کو زیارت گاہِ حیرانی کرے — ص۲۱۱

(۷) ہے صاعقہ و شعلہ و سیماب کا عالم — آنا ہی سمجھ میں مری آتا نہیں، گو آئے — ص۲۳۸

(۸) کچھ اَور ہی عالم ہے دل و چشم و زباں کا — کچھ اَور ہی نقشہ نظر آتا ہے جہاں کا — ص۲۸۲

(۹) شب زلف و رُخِ عرق فشاں کا غم تھا — کیا شرح کروں، کہ طرفہ تر عالم تھا — ص۲۵۲

(۱۰) شہر میں چھڑیوں کے میلے کی ہے بھیڑ — آج عالم اَور ہے بازار کا — [قادرنامہ]

عالمِ آبِ گداز جوہرِ افسانہ: کشتیِ عالم بہ طوفانِ تغافل دے کہ ہیں — عالمِ آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ ہم — ص۵۳

عالمِ پیری: سازِ ایمائے فنا ہے عالمِ پیری اسدؔ — قامتِ خم سے ہے حاصل شوخیِ ابرو مجھے — ص۸۷

عالمِ بے سروسامانیِ فرصت: عالمِ بے سروسامانیِ فرصت مت پوچھ — لنگرِ وحشتِ مجنوں ہے بیاباں میرا — ص۲۱

عالمِ تقریر: آگہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے — مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا — ص۱۳۲

عالمِ تمکین وضبط: ہے وصل، ہجر عالمِ تمکین و ضبط میں — معشوقِ شوخ و عاشقِ دیوانہ چاہیے — ۲۱۱

عالم[۱][۲]: (۱) عشق کے تغافل سے ہرزہ گرد ہے عالم — روئے شش جہت آفاق، پشتِ چشمِ زنداں ہے — ص۸۹

(۲) عالم جہاں بہ عرضِ بساطِ وجود تھا — جوں صبح چاکِ جیب مجھے تار و پود تھا — ص۱۲

(۳) عالم، طلسمِ شہرِ خموشاں ہے سر بسر — یا میں غریبِ کشورِ گفت و شنود تھا — ص۱۲

(۴) گر جوہرِ امتیاز ہوتا ہم میں — رُسوا کرتے نہ آپ کو عالم میں — ص۱۱۸

(۵) تجھ سے عالم پہ کھُلا رابطۂ قربِ کلیم — تجھ سے دُنیا میں بچھا مائدۂ بذلِ خلیل — ص۱۳۲

(۶) نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا غالبؔ — کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشاں کا — ص۱۵۷

(۷) شاہدِ ہستیِ مطلق کی کمر ہے عالم — لوگ کہتے ہیں کہ ہے، پر ہمیں منظور نہیں — ص۱۸۵

(۸) ہستی کے مت فریب میں آجائیو اسدؔ — عالم تمام، حلقۂ دامِ خیال ہے — ص۲۰۵

(۹) رہا آباد عالم اہلِ ہمت کے نہ ہونے سے — بھرے ہیں جس قدر جام و سبو، مے خانہ خالی ہے — ص۲۰۹

(۱۰) عالم، غبارِ وحشتِ مجنوں ہے سر بسر — کب تک خیالِ طرّۂ لیلا کرے کوئی — ص۲۱۵

---

[۱] عالم[۲] : اٹھّتر بار [مفرد: چودہ بار، مرکّب: چوّن بار]۔

(۱۱) نالہ، سرمایۂ یک عالم و عالم، کفِ خاک　　آسماں بیضۂ قمری نظر آتا ہے مجھے　　ص۲۱۶

(۱۲) مری ہستی، فضائے حیرت آبادِ تمنا ہے　　جسے کہتے ہیں نالہ، وہ اسی عالم کا عنقا ہے　　ص۲۲۰

(۱۳) یا خدا! غالبؔ عاصی کے خداوند کو دے　　دو وہ چیزیں کہ طلبگار ہے جن کا عالم　　ص۲۶۵

(۱۴)،(۱۵) نہیں اِس کا جواب عالم میں　　نہیں ایسی کتاب عالم میں　　ص۲۶۷

دیکھیے ——: (۱۶) اجزائے دو عالم دشت۔ (۱۷) اجزائے عالم۔ (۱۸) ایک عالم۔ (۱۹) تختۂ خونِ دو عالم۔ (۲۰) حشرِ دو عالم فتنہ۔ (۲۱) خونِ دو عالم۔ (۲۲) دیرِ دو عالم۔ (۲۳) —(۲۹) دو عالم [سات بار]۔ (۳۰) دو عالم اوہام۔ (۳۱) دو عالم شکار۔ (۳۲) دو عالم صفہاں۔ (۳۳) دو عالم فریاد۔ (۳۴) دو عالم ہستی۔ (۳۵) رزقِ دو عالم احتمال۔ (۳۶) سازِ دو عالم۔ (۳۷) سجدۂ عرضِ دو عالم۔ (۳۸) سراغِ آوارۂ عرضِ دو عالم۔ (۳۹) سرمایۂ یک عالم۔ (۴۰) شیرازۂ دو عالم۔ (۴۱) صورتِ عالم۔ (۴۲) غمِ دو عالم۔ (۴۳) کشتیِ دو عالم۔ (۴۴) گردابِ دو عالم آداب۔ (۴۵) مبدعِ عالم۔ (۴۶) ناسوتِ دو عالم۔ (۴۷) نسیہ و نقدِ دو عالم۔ (۴۸) ہر عالم۔ (۴۹) ہیولائے دو عالم۔ (۵۰) یک عالم۔ (۵۱) یک عالم۔ (۵۲) یک عالم افسردگاں۔ (۵۳) یک عالم چراغاں۔ (۵۴) یک عالم گلستاں۔ (۵۵) یک عالم عریاں چاکیِ گل۔ (۵۶) یک نیستاں عالم۔

عالم آرائی: دیکھو اے ساکنانِ خطۂ خاک!　　اس کو کہتے ہیں عالم آرائی　　ص۲۵۱

عالم آشنا: بے دماغِ خجلت ہوں، رشکِ امتحاں تا کے؟　　ایک بیکسی تجھ کو عالم آشنا پایا　　ص۱۲

عالم آگہی: دیکھیے: دو عالم آگہی۔

عالمِ امکاں: دیکھیے: عرصۂ اوج بنائے عالمِ امکاں۔

عالمِ ایجاد: دیکھیے: سراسر رویِ عالمِ ایجاد۔

عالم تاب: دیکھیے ——: (۱) دیکھیے: روکشِ خورشیدِ عالم تاب۔ (۲) مہرِ عالم تاب۔

عالمِ تسلیم: اے اسدؔ! بجا ہے نازِ سجدۂ عرضِ نیاز　　عالمِ تسلیم میں یہ دعویِ آرائی عبث　　ص۳۲

عالمِ نثر: دیکھیے: نظمِ عالمِ نثر۔

عالمِ نقصان و سود: دیکھیے: حیرت متاعِ عالمِ نقصان و سود۔

عالمِ نیرنگ: دیکھیے: آفت زدۂ عرضِ دو عالمِ نیرنگ۔

عالمِ نیرنگِ نشاط: وحشتِ دل ہے اسدؔ عالمِ نیرنگِ نشاط — خندۂ گل بہ لبِ زخمِ جگر پنہاں ہے ص ۱۱۰

عالمِ ہستی: سرگشتگی میں عالمِ ہستی سے یاس ہے — تسکیں کو دے نوید کہ مرنے کی آس ہے ص ۲۰۳

عالی[1]: (۱) رتبۂ تسلیمِ خلقت مشرباں عالی سمجھ — چشمِ قربانی، گلِ شاخِ ہلالِ عید ہے ص ۱۰۳

(۲) تغافل دوست ہوں، میرا دماغِ عجز عالی ہے — اگر پہلو تہی کیجے تو جا میری بھی خالی ہے ص ۲۰۹

دیکھیے ـــــــ: (۳) بالیدنِ مضمونِ عالی۔ (۴) جنابِ عالی۔ (۵) سافل و عالی۔ (۶) عتبۂ عالی۔ (۷) ہمتِ عالی۔

عالی گہر: دیکھیے: علی بہادر عالی گہر۔

عالی مقام: دیکھیے: صاحب عالی مقام۔

عالی نسبوں: کیا پوچھے ہے برخود غلطی ہائے عزیزاں — خواری کو بھی اک عار ہے عالی نسبوں سے ص ۴۷

عام[2]: (۱) کیا آبروے عشق، جہاں عام ہو جفا! — رُکتا ہوں، تم کو بے سبب آزار دیکھ کر ص ۱۶۸

(۲) جنونِ وحشتِ ہستی یہ عام ہے کہ بہار — رکھے ہے کسوتِ طاؤس میں پرافشانی ص ۹۶

دیکھیے ـــــــ: (۳) تمہیدِ رحمتِ عام۔ (۴) پابستگیِ رسم و رہِ عام۔ (۵) صلاے عام۔ (۶) لطفِ عام۔

عامِ عوام: دیکھیے: نشاطِ عامِ عوام۔

عاملی[3]: خراجِ دہِ ویراں: یک کفِ خاک — بیاباں خوش ہوں تیری عاملی سے ص ۹۷

عبا[4]: دیکھیے: خامسِ آلِ عبا۔

عبادت[5]: (۱) ہم عبادت کو ترا نقشِ قدم، مُہرِ نماز — ہم ریاضت کو ترے حوصلے سے استظہار ص ۳۳

(۲) سراپا رہنِ عشق و ناگزیرِ اُلفتِ ہستی — عبادت برق کی کرتا ہوں اور افسوس حاصل کا ص ۱۳۸

دیکھیے ـــــــ: (۳) صرفِ عبادت۔ (۴) قطعِ عبادت۔

---

[1] عالی : نو بار [مفرد: دو بار، مرکب: سات بار]۔
عالی نسبوں : ایک بار۔

[2] عام : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔
عامِ عوام : ایک بار۔

[3] عاملی : ایک بار۔

[4] عبا : ایک بار [مرکب]۔

[5] عبادت : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکب: تین بار]۔

عبادتِ ہزار اندیشہ: یک قطرۂ خون و دعوتِ صد نشتر — یک وہم و عبادتِ ہزار اندیشہ ص۱۱۸

عبارت[۱]:
(۱) اے عبارت! تجھے کس خط سے ہے دردِ نیرنگ؟ — اے تنگ! تجھ کو ہے کس نقطے میں مشقِ تسکیں؟ ص۸
(۲) روانی موجِ نے کی، گر خطِ جام آشنا ہووے — لکھے کیفیت اُس سطرِ تبسم کی عبارت کی ص۹۷
(۳) کیوں کر نہ کروں مدح کو میں ختم دعا پر — قاصر ہے ستایش میں تری میری عبارت ص۱۲۷
(۴) بلائے جاں ہے غالبؔ اُس کی ہر بات — عبارت کیا، اشارت کیا، ادا کیا ص۱۵۸
(۵) وہ بدخو اور میری داستانِ شوق طولانی — عبارت مختصر، قاصد بھی گھبرا جائے ہے مجھ سے ص۲۲۵

عبارت آرائی: سالِ ہجری تو ہوگیا معلوم — بے شمولِ عبارت آرائی ص۲۶۲

عباراتِ قلیل: دیکھیے: رقم آموزِ عباراتِ قلیل۔

عباراتِ نیاز: ختم کر ایک اشارت میں عباراتِ نیاز — جوں مہِ نَو، ہے نہاں گوشۂ ابرو میں جبیں ص۸

عبث[۲]:
(۱) اگر آرزو ہے راحت، تو عبث بہ خوں تپیدن — کہ خیال ہو تعب کش بہ ہوائے کامرانی ص۱۰
(۲) رسیدن، گُلِ باغِ واماندگی ہے — عبث محفل آرائے رفتار ہیں ہم ص۵۵
(۳) آئنہ، دام کو سبزے میں چھپاتا ہے عبث — کہ پری زادِ نظر قابلِ تسخیر نہیں ص۵۶
(۴) میں چشمِ وا کشادہ و گلشن نظر فریب — لیکن عبث کہ شبنمِ خرشید دیدہ ہوں ص۶۱
(۵) میں بے ہنر کہ جوہرِ آئینہ تھا، عبث — پائے نگاہِ خلق میں خارِ خلیدہ ہوں ص۶۲
(۶) ولا! عبث ہے تمنائے خاطر افروزی — کہ بوسۂ لبِ شیریں ہے اور گلو سوزی ص۱۰۰
(۷) گو زندگیِ زاہدِ بیچارہ عبث ہے — اتنا ہے کہ رہتی تو ہے تدبیرِ وضو کی ص۱۱۶
(۸) گھستے گھستے مٹ جاتا، آپ نے عبث بدلا — ننگِ سجدہ سے میرے، سنگِ آستاں اپنا ص۱۵۹
(۹) ہم سے عبث ہے گمانِ رنجشِ خاطر — خاک میں عشاق کی غبار نہیں ہے ص۲۰۸
(۱۰) خراب آبادِ غربت میں عبث افسوسِ ویرانی — گُل از شاخ دور افتادہ، ہے نزدیکِ پژمردن ص۲۲۹
(۱۱) عبث ہے خطِ ساغر جلوہ طوقِ گردنِ قمری — نےِ الفت سے ہے مینائے سروِ بوستاں خالی ص۲۵۵

---

۱ عبارت : چھے بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: ایک بار]۔
عبارات : دو بار [مرکب]۔

۲ عبث : اٹھائیس بار [مفرد: ستائیس بار، مرکب: ایک بار]۔

[آٹھ بار بہ طور ردیف، ص ٣٣]:

(١٢)،(١٣) دودِ شمعِ کشتۂ گل، بزم سامانی عبث — یک شبہ آشفتہ نازِ سُنبلستانی عبث

(١٤) ہے ہوس محمل بدوشِ شوخیِ ساقیِ مست — نشۂ مے کے تصور میں نگہبانی عبث

(١٥) باز ماندن ہائے مژگاں، ہے یک آغوشِ وداع — عید در حیرت سوادِ چشمِ قربانی عبث

(١٦) عجز غبار کردہ سیر، آہنگیِ پرواز کو؟ — بلبلِ تصویر و دعواے پرافشانی عبث

(١٧) سرنوشتِ خلق، ہے طغراے عجز اختیار — آرزوہا خار خارِ چینِ پیشانی عبث

(١٨) جب کہ نقشِ مدعا ہووے نہ جز موجِ سراب — وادیِ حسرت میں پھر آشفتہ جولانی عبث

(١٩) دستِ برہم سودہ ہے، مژگانِ خوابیدہ اسدؔ — اے دل از کف دادۂ غفلت! پشیمانی عبث

[آٹھ بار بہ طور ردیف، ص ٣٤]:

(٢٠)،(٢١) نازِ لطفِ عشق باوصفِ توانائی عبث — رنگ ہے سنگِ محک، دعواے مینائی عبث

(٢٢) ناخنِ دخلِ عزیزاں یک قلم ہے نقب زن — پاسبانیِ طلسمِ گنجِ تنہائی عبث

(٢٣) محملِ پیمانۂ فرصت ہے بردوشِ حباب — دعویِ دریا کشی و نشۂ پیمائی عبث

(٢٤) جانِ عاشق حاصلِ صد غلبۂ تاثیر ہے — دل کو، اے بیداد خو! تعلیمِ خارائی عبث

(٢٥) یک نگاہِ گرم ہے جوں شمع سرتاپا گداز — بیر از خود رفتگاں رنجِ خود آرائی عبث

(٢٦) قیس بھاگا شہر سے شرمندہ ہو کر، سوے دشت — بن گیا تقلید سے میری یہ سودائی عبث

(٢٧) اے اسدؔ! بیجا ہے نازِ سجدۂ عرضِ نیاز — عالمِ تسلیم میں یہ دعویٰ آرائی عبث

عبث حاصل: دعواے جنوں باطل، تسلیم عبث حاصل — پرواز فنا مشکل، میں عجز تن آسانی ص ١٠٩

عبرت[1]: (١) جوشِ دلِ شکستہ پئے عبرت، آگہی ہے — کہ نہ دے عنانِ فرصت بہ کشاکشِ زبانی ص ٩

(٢) عبرت سے پوچھ دردِ پریشانیِ نگاہ — یہ گردِ وہم جز بہ سرِ امتحاں نہیں ص ٨٧

(٣) بس کہ ہے عبرت ادب یادگی ہاے ہوس — میرے کام آئی دلِ مایوس! ناکامی تری ص ٩٣

(٤) بے دلی ہاے تماشا! کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق — بیکسی ہاے تمنا! کہ نہ دُنیا ہے نہ دیں ص ٣٢

---

[1] عبرت : پندرہ بار [مفرد: چار بار، مرتب: گیارہ بار]۔

(۵) بہ گلشنِ زبونیِ ہمت ہے انفعال — حاصل نہ کیجے دہر سے، عبرت ہی کیوں نہ ہو — ص ۱۹۳

دیکھیے ـــــ: (۶) پردہ ہائے چشمِ عبرت۔ (۷) صفحۂ عبرت۔ (۸) فرازگاہِ عبرت۔ (۹) لطفِ چشمکِ عبرت۔ (۱۰) نقشِ عبرت۔

عبرت افسوں: دیکھیے: نگاہِ عبرت افسو۔

عبرتِ انجامِ گل: دیکھیے: محوِ عبرتِ انجامِ گل۔

عبرتِ بینش: تمثالِ گداز آئنہ، ہے عبرتِ بینش — نظارہ تحیر، چمنستانِ بقا ہیچ — ص ۳۱

عبرت طلب: عبرت طلب ہے حلِ معمائے آگہی — شبنم، گدازِ آئنۂ اعتبار ہے — ص ۹۰

عبرت نگاہ: دیکھیے: دیدۂ عبرت نگاہ۔

عبیر[1]: شہر میں کو بہ کو عبیر و گلال — باغ میں سو بہ سو گل و نسریں — ص ۲۸۰

عتاب[2]: (۱) تمثال میری صفائے دل سے ہوتا ہے خجل — بے تماشا زشت رویوں کا عتاب آئینے پر — ص ۳۰

(۲) لاکھوں لگاو، ایک چُرانا نگاہ کا — لاکھوں بناو، ایک بگڑنا عتاب میں — ص ۱۸۹

دیکھیے ـــــ: (۳) اندازِ عتاب۔ (۴) جاں گدازیِ قہر و عتاب۔

عتبۂ عالی[3]: تجھ کو شرفِ مہرِ جہاں تاب مبارک! — غالبؔ کو ترے عتبۂ عالی کی زیارت! — ص ۱۴۷

عجب[4]: (۱) عجب نہیں ہے، جو تحریرِ حالِ گریۂ چشم — بروئے آب، جو ہر موج نقش مسطر ہو — ص ۶۷

(۲) ہے عجب مُردوں کو غفلت ہائے اہلِ دہر سے — سبزہ، جوں انگشتِ حیرت دو دہانِ گور ہے — ص ۹۳

(۳) گر یاس سر نہ کھینچے، تنگی عجب فضا ہے — وسعت گہِ تمنا: یک بام و صد ہوا ہے — ص ۹۴

(۴) عذارِ یار، نظر بندِ چشمِ گریاں ہے — عجب کہ پرتوِ خور، شمعِ شبستاں ہے — ص ۱۰۲

(۵) گشودِ غنچۂ خاطر عجب نہ رکھ غافل! — صبا خرامیِ خوباں بہار ساماں ہے — ص ۱۰۲

(۶) ہے یہ برسات وہ موسم کہ عجب کیا ہے اگر — موجِ ہستی کو کرے فیضِ ہوا، موجِ شراب — ص ۱۹۳

(۷) میری تنخواہ جو مقرر ہے — اُس کے ملنے کا ہے عجب ہنجار — ص ۱۲۶

(۸) یہ لاش بے کفن اسدؔ خستہ جاں کی ہے — حق مغفرت کرے، عجب آزاد مرد تھا! — ص ۱۵۵

---

[1] عبیر : ایک بار [مرکب]۔

[2] عتاب : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

[3] عتبہ : ایک بار [مرکب]۔

[4] عجب : تیرہ بار۔

(۹) ہوسِ گل کا تصور میں بھی کھٹکا نہ رہا — عجب آرام دیا بے پر و بالی نے مجھے ص۲۲۲

(۱۰) عجب نشاط سے جلاد کے چلے ہیں ہم آگے — کہ اپنے سائے سے سر، پانو سے ہے دو قدم آگے ص۲۲۷

(۱۱) یہ اجتہاد عجب ہے کہ ایک دشمنِ دیں — علی سے آ کے لڑے اور خطا کہیں اُس کو ص۲۸۵

(۱۲) عجب اے آبلہ پایانِ صحراے نظر بازی! — کہ تارِ جادۂ رہ، رشتۂ گوہر نہیں ہوتا ص۲۲۵

(۱۳) اے پرتوِ خرشیدِ جہاں تاب! اِدھر بھی — سائے کی طرح ہم پہ عجب وقت پڑا ہے ص۲۱۹

عجز:[1]

(۱) اے خوشا مکتبِ شوق و بلدستانِ مراد! — سبقِ نازکی ہے عجز کو صد جا تکرار ص۴

(۲) اسدؔ! یہ عجز و بے سامانیِ فرعون توأم ہے — جسے تو بندگی کہتا ہے، دعویٰ ہے خدائی کا ص۱۷

(۳) تیز تر ہوتا ہے خشمِ تند خویاں عجز سے — ہے رگِ سنگ فسانِ تیغِ شعلہ، خار و خس ص۲۵

(۴) مجھ عجز کیا کروں بہ تمنائے بے خودی؟ — طاقت، حریفِ سختیِ خوابِ گراں نہیں ص۵۷

(۵) عجز سے اپنے یہ جانا کہ وہ بدخو ہوگا — نبضِ خس سے تپشِ شعلۂ سوزاں سمجھا ص۱۳۷

(۶) ماہ تو ہوں کہ فلک عجز سکھاتا ہے مجھے — عمر بھر ایک ہی پہلو پہ سُلاتا ہے مجھے ص۳۰۵

[آٹھ بار بہ طور ردیف، ص۴۳]:

(۷)،(۸) گو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز؟ — آبلے پا کے، ہیں یہاں رفتار کو دندانِ عجز

(۹) ہو قبولِ کم نگاہی تحفۂ اہلِ نیاز — اے دل و اے جانِ ناز! اے دین و اے ایمانِ عجز!

(۱۰) بوسۂ پا، انتخابِ بدگمانی ہاے حُسن — یہاں ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز

(۱۱) حُسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمی ہاے ناز — عشق نے وا کی ہے ہر یک خار سے مژگانِ عجز ص۴۴

(۱۲) اضطرابِ نارسائی، مایۂ شرمندگی — ہے عرق ریزیِ خجلت جوششِ طوفانِ عجز

(۱۳) وہ جہاں مسند نشینِ بارگاہِ ناز ہو — قامتِ خوباں، ہو محرابِ نیازستانِ عجز

(۱۴) بس کہ بے پایا ہے صحراے محبت اے اسدؔ! — گرد بادِ اِس راہ کا، ہے عقدۂ پیمانِ عجز

دیکھیے ——: (۱۵) بساطِ عجز۔ (۱۶)۔(۱۸) پُشتِ دستِ عجز [تین بار]۔ (۱۹) تب و تابِ عجز۔ (۲۰)

---

[1] عجز : سینتالیس بار
[مفرد: پانچ بار، مرکب: بیالیس بار]۔

عجزے : ایک بار۔
عجز نالی : ایک بار [مرکب]۔

ثمراتِ عجز۔ (۲۱) حکمِ عجز۔ (۲۲) خطِ عجز۔ (۲۳) دام گاہِ عجز۔ (۲۴) دماغِ عجز۔ (۲۵) دہنِ عجز۔ (۲۶) سامانِ ترازِ نازشِ اربابِ عجز۔ (۲۷) سراسر عجز۔ (۲۸) شرحِ نگاہِ عجز۔ (۲۹) علمِ عجز۔ (۳۰) گروِ عجز۔ (۳۱) نگاہِ عجز۔ (۳۲) نیاز و عجز۔ (۳۳) ہجومِ عجز۔

عجزے:	خوشا عجزے کہ عاشق جل اُٹھے جوں شعلہ تحاشں		ص ۲۲۵
عجز آباد وہمِ مدعا:	بہ عجز آبادِ وہمِ مدعا تسلیم خوشی ہے	تغافل کو نہ کر مغرورِ تمکیں آزمائی کا	ص ۱۶
عجز اختیار:	دیکھیے: طغراے عجز اختیار۔		
عجز اعجاز ستائش گر:	فکر اچھی، پر ستائش ناتمام	عجز اعجاز ستائش گر کھلا	ص ۱۳۱
عجز بندگی:	غالبؔ! ہے رتبہ فہم تصور سے کچھ پرے	ہے عجز بندگی کہ علی کو خدا کہوں	ص ۵۶
عجز تمنا:	کس بات پہ مغرور ہے اے عجز تمنا؟	سامانِ دعا وحشت و تاثیر دعا ہیچ	ص ۳۶
عجز تن آسانی:	دعواے جنوں باطل، تسلیم عبث حاصل	پروازِ فنا مشکل، ہے عجز تن آسانی	ص ۱۰۹
عجز تنگ حوصلہ:	توڑے ہے عجز تنگ حوصلہ بر روے زمیں	سجدہ تمثال وہ آئینہ، کہ جس کو جبیں	ص ۷
عجز حوصلہ:	بے نے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی؟	کھینچا ہے عجز حوصلہ نے خط ایاغ کا	ص ۱۳۹
عجز دیدن ہا:	عجز دیدن ہا بہ ناز و ناز رفتن ہا بہ چشم	جادۂ صحراے آگاہی، شعاعِ جلوہ ہے	ص ۸۷
عجز عرق شرمے:	تمثال تماشاہا، اقبال تمناہا	عجز عرق شرمے اے آئنہ حیرانی	ص ۱۰۸
عجز ماو تو:	دیکھیے: خطِ عجز ماو تو۔		
عجز نالی:	دیکھیے: ساغرِ عجز نالی۔		
عجز وفا:	وداعِ حوصلہ، توفیقِ شکوہ، عجزِ وفا	اسدؔ! ہنوز گمانِ غرورِ دانائی!	ص ۱۱۰
عجز و نیاز:	عجز و نیاز سے تو نہ آیا وہ راہ پر	دامن کو اُس کے آج حریفانہ کھینچیے	ص ۱۰۵
عجز ہمت:	یاس و اُمید نے یک عربدہ میداں مانگا	عجز ہمت نے طلسمِ دلِ سائل باندھا	ص ۱۳۵
عجیب[۱]:	عجیب نسخۂ نادر لکھا ہے ایک، اُس نے	کہ جس میں حکمت و طب ہی کے مسئلے ہیں تمام	ص ۲۶۳
عدالت[۲] ناز:	دیکھیے: در عدالتِ ناز۔		

---

۱ عجیب : ایک بار۔

۲ عدالت : ایک بار [مرکب]۔

عداوت[1]:
(۱) آزادہ رَو ہوں اور مرا مسلک ہے صلحِ کُل — ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے — ص۱۲۵
(۲) وارستہ اس سے ہیں کہ محبّت ہی کیوں نہ ہو — کیجے ہمارے ساتھ، عداوت ہی کیوں نہ ہو — ص۱۹۳
(۳) قطع کیجے نہ تعلّق ہم سے — کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی — ص۲۲۰
(۴) جن لوگوں کو ہے مجھ سے عداوت گہری — کہتے ہیں وہ مجھ کو رافضی اور دہری — ص۳۱۳

عداوتِ اغیار: دیکھیے: گنجایشِ عداوتِ اغیار۔

عددِ[2] حرفِ علی: دیکھیے: بقدرِ عددِ حرفِ علی۔

عدل[3]:
(۱) فرش اس دشتِ تمنّا میں نہ ہوتا گر عدل — گرمیِ شعلۂ رفتار سے جلتے خس و خار — ص۵
(۲) وہ کہ ہے والیِ ولایتِ عہد — عدل سے اُس کے، ہے حمایتِ عہد — ص۳۱
(۳) وہ عینِ عدل کہ دہشت سے جس کی پُرسش کی — بنے ہے شعلۂ آتش، انیسِ پرّۂ کاہ — ص۲۷۷
(۴) وہ صدق، وہ عدل، وہ حیا اور وہ علم — بتلاؤ کوئی کہ تھی بُرائی کس میں؟ — ص۳۱۳
[یارانِ نبی میں تھی لڑائی کس میں؟]
(۵) دیکھیے: غفلت متاعِ کفّۂ میزانِ عدل۔

عدم[4]:
(۱) تنگیِ رفیقِ رہ تھی، عدم یا وجود تھا — میرا سفر بہ طالعِ چشمِ حسود تھا — ص۱۳
(۲) عدم، بے خیر خواہِ جلوہ کو زندانِ بیتابی — خرامِ ناز، برقِ خرمنِ سعیِ سپند آیا — ص۱۳
(۳) ملی نہ وسعتِ جولانِ یک جنوں ہم کو — عدم کو لے گئے دل میں غبارِ صحرا کا — ص۱۷
(۴) نہ بندھا تھا بہ عدم نقشِ دلِ مور ہنوز — تب سے ہے یہاں دہنِ یار کا مذکور ہنوز — ص۴۵
(۵) تمثالِ ناز جلوۂ نیرنگِ اعتبار — ہستی عدم ہے، آئنہ گر رو برو نہ ہو — ص۶۸
(۶) چمن میں کچھ نہ چھوڑا تو نے غیر از بیضۂ قمری — عدم میں بہرِ فرقِ سروِ مشتِ خاک باقی ہے — ص۱۰۷
(۷) عدم وحشت سراغ و ہستی آئیں بندِ رنگینی — دماغِ دو جہاں پر سنبل و گل یک شکنجوں ہے — ص۱۱۱
(۸) دہانِ ہر بُتِ پیغارہ جو، زنجیرِ رُسوائی — عدم تک بے وفا! چرچا ہے تیری بے وفائی کا — ص۱۳۶
(۹) میں عدم سے بھی پرے ہوں ورنہ غافل بارہا — میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا — ص۱۵۱

---

[1] عداوت : پانچ بار [مفرد: چار بار، مرکّب: ایک بار]۔
[2] عدد : ایک بار [مرکّب]۔
[3] عدل : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکّب: دو بار]۔
[4] عدم : اُنتیس بار [مفرد: بارہ بار، مرکّب: سترہ بار]۔

(۱۰) ہے عدم میں غنچہ محوِ عبرتِ انجامِ گل — یک جہاں زانو تامّل در قفائے خندہ ہے ص۲۱۵

(۱۱) نالے عدم میں چند ہمارے سپرد تھے — جو واں نہ کھنچ سکے، سو وہ یاں آکے دم ہوئے ص۲۲۷

(۱۲) ہستی ہے نہ کچھ عدم ہے غالبؔ — آخر تو کیا ہے؟ اے نہیں ! ص۲۲۹

(۱۳) چنار آسا عدم سے بادلِ پُر آتش آیا ہوں — تہی آغوشیِ دستِ تمنا کا ہوں فریادی ص۲۵۱

دیکھیے ـــــ: (۱۴) آں سوے صحرائے عدم۔ (۱۵) آہنگِ عدم۔ (۱۶) بُحرانِ عدم۔ (۱۷) پروازِ عدم۔ (۱۸) چشم از خوابِ عدم کشادہ۔ (۱۹) خستانِ عدم۔ (۲۰) راہِ عدم۔ (۲۱) رو اقلیمِ عدم۔ (۲۲) سوادِ اقلیمِ عدم۔ (۲۳) سیرِ عدم۔ (۲۴) صحرائے عدم۔ (۲۵) نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم۔ (۲۶) نغمۂ وجود و عدم۔ (۲۷) وجود و عدم۔ (۲۸) وحشتِ خوابِ عدم۔

عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا: سادگی، ہے عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا — ناکسی، آئنۂ نازِ توکل تا چند ص۳۹

عدو[۱]: (۱) خبر نگہ کو، نگہ چشم کو عدو جانے — وہ جلوہ گر کہ نہ میں جانوں اور نہ تو جانے ص۹۸

(۲) نفس بہ نالہ رقیب و نگہ بہ اشک عدو — زیادہ اُس سے گرفتار ہوں کہ تو جانے ص۹۹

(۳) سَو بار بندِ عشق سے آزاد ہم ہوئے — پر کیا کریں کہ دل ہی عدو ہے فراغ کا ص۱۵۰

(۴) یہی ہے آزمانا، تو ستانا کس کو کہتے ہیں؟ — عدو کے ہو لیے جب تم، تو میرا امتحاں کیوں ہو ص۲۰۰

(۵) یوں ہی دُکھ کسی کو دینا نہیں خوب، ورنہ کہتا — کہ مرے عدو کو یارب! ملے میری زندگانی ص۲۰۷

(۶) جس زخم کی ہو سکتی ہو تدبیر رفو کی — لکھ دیجیو یارب! اُسے قسمت میں عدو کی ص۲۲۸

(۷) کس روز تہمتیں نہ تراشا کیے عدو — کس دن ہمارے سر پہ نہ آرے چلا کیے ص۲۴۳

(۸) عدو کے سمعِ رضا میں جگہ نہ پائے وہ بات — کہ جن و انس و ملک سب بجا کہیں اُس کو ص۲۸۵

(۹) دیکھیے: خوفِ بدآموزیِ عدو۔

عدوئے مصلحت: اے عدوئے مصلحت! چندے بہ ضبط افسردہ رہ — کردنی ہے جمع تابِ شوخیِ دیدارِ دوست ص۳۳

عدیل[۲]: دیکھیے: جہاں دارِ کرم شیوۂ بے شبہ و عدیل۔

عذاب[۳]: (۱) ملتی ہے خوئے یار سے نار التہاب میں — کافر ہوں، گر نہ ملتی ہو راحت عذاب میں ص۱۸۸

---

[۱] عدو : دس بار
[مفرد: آٹھ بار، مرکب: دو بار]۔

[۲] عدیل : ایک بار [مرکب]۔

[۳] عذاب : دو بار۔

(۲) جنابِ قبلۂ حاجات! اس بلاکش نے — بڑے عذاب سے کاٹے ہیں پانچ چار برس — ص ۲۶۳

عذار[۱]: دیکھیے: صفحۂ عذار۔

عذارِ سادہ: ہوا جب حسن کم، خط بر عذارِ سادہ آتا ہے — کہ بعد از صافیِ مے، ساغر میں دُردِ بادہ آتا ہے — ص ۹۸

عذارِ یار: عذارِ یار نظر بندِ چشمِ گریاں ہے — عجب کہ پرتوِ خور، شمعِ شبستاں ہے — ص ۱۰۲

عذاراں: دیکھیے: وصالِ لالہ عذاراں۔

عذر[۲]: (۱) عذر میں تین دن نہ آنے کے — لے کے آیا ہے عید کا پیغام — ص ۳۶ [ماہ نو سے]

(۲) رحمت اگر قبول کرے، کیا بعید ہے — شرمندگی سے عذر نہ کرنا گناہ کا — ص ۱۳۹

(۳) آج وھاں تیغ و کفن باندھے ہوئے جاتا ہوں میں — عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لاویں گے کیا؟ — ص ۱۵۵

(۴) ان دل فریبیوں سے نہ کیوں اس پہ پیار آئے — روٹھا جو بے گناہ، تو بے عذر من گیا — ص ۲۹۳

عذرِ بارش: وھاں کرم کو عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام — گریے سے یھاں پنبۂ بالش، کفِ سیلاب تھا — ص ۱۳۵

عذرِ ترکِ صحبت: کروں عذرِ ترکِ صحبت، سو کہاں وہ بے دماغی — نہ غرورِ میرزائی، نہ فریبِ ناتوانی — ص ۱۰

عذر خواہ: ہے وہی بدمستیِ ہر ذرّہ کا خود عذر خواہ — جس کے جلوے سے زمیں تا آسماں سرشار ہے — ص ۲۱۲

عذر خواہِ لبِ بے سوال: کس پردے میں ہے آئنہ پرداز اے خدا! — رحمت، کہ عذر خواہِ لبِ بے سوال ہے — ص ۲۰۵

عذرِ شناسائی: شکستِ قیمتِ دل، آں سوے عذرِ شناسائی — طلسمِ ناامیدی ہے خجالت گاہِ پیدائی — ص ۹۲

عذرِ لنگ: عذرِ لنگ آفتِ جولانِ ہوس ہے یارب! — جل اٹھے گرمیِ رفتار سے پاے چوبیں — ص ۸

عذرِ مستی: ہم سے کھل جاؤ بہ وقتِ مے پرستی ایک دن — ورنہ ہم چھیڑیں گے، رکھ کر عذرِ مستی، ایک دن — ص ۱۷۹

عذرِ واماندگی: عذرِ واماندگی اے حسرتِ دل! — نالہ کرتا تھا، جگر یاد آیا — ص ۱۵۲

عربدہ[۳]: دیکھیے ـــــ: (۱) عشق پُر عربدہ۔ (۲) یک عربدہ میداں۔

عربدہ جو: دیکھیے: بُتِ عربدہ جو۔

عرش[۴]: (۱) ذوقِ گلچینیِ نقشِ کفِ پا سے تیرے — عرش چاہے ہے کہ ہو در پہ ترے خاک نشیں — ص ۹

---

۱ عذار : تین بار [مرکب]۔
عذاراں : ایک بار۔

۲ عذر : بارہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: نو بار]۔

۳ عربدہ : تین بار [مرکب]۔

۴ عرش : سات بار [مفرد: چار بار، مرکب: تین بار]۔

(۲) عرش پر، تیرے قدم سے ہے دماغِ گردِ راہ — آج تنخواہِ شکستن ہے کُلہ جبریل کی — ص۹۱

(۳) فرش سے تا عرش وعاں طوفاں تھا موجِ رنگ کا — یہاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا — ص۱۳۵

(۴) منظر اک بلندی پر اور ہم بنا سکتے — عرش سے اِدھر ہوتا کاشکے مکاں اپنا! — ص۱۵۹

(۵) نالہ جاتا تھا پرے عرش سے میرا، اور اب — لب تک آتا ہے، جو ایسا ہی رسا ہوتا ہے — ص۲۳۰

دیکھیے ———:(۶) فلک العرش۔(۷) ناصیۂ عرش۔

عرصہ[۱]: (۱) کرتا ہوں جمع پھر جگرِ لخت لخت کو — عرصہ ہوا ہے دعوتِ مژگاں کیے ہوئے — ص۲۲۵

(۲) در پہ رہنے کو کہا اور کہہ کے کیسا پھر گیا! — جتنے عرصے میں مرا لپٹا ہوا بستر کھلا — ص۱۹۱

عرصۂ آفاق: وحشت پہ میری عرصۂ آفاق تنگ تھا — دریا، زمین کو عرقِ انفعال ہے — ص۲۰۵

عرصۂ میدانِ بسمل: جاں دادگاں کا حوصلہ فرصت گداز ہے — یہاں عرصۂ تپیدنِ بسمل نہیں رہا — ص۴۰

عرصۂ جولاں: دیکھیے: یک عرصۂ جولاں۔

عرصۂ قیل وقال: مملکتِ کمال میں ایک، امیرِ نامور — عرصۂ قیل و قال میں خسروِ نامدار ایک — ص۲۹۶

عرض[۲]: (۱) کس قدر عرض کروں ساغرِ شبنم، یارب! — موجۂ سبزۂ نوخیز، ہے لبریزِ بہار — ص۳

(۲) مجو دل، سراغِ درد بہ دل خفتگاں نہ پوچھ — آئینہ عرض کر، خط و خالِ بیاں نہ پوچھ — ص۷۰

(۳) تمثالِ جلوہ عرض کر اے حُسن! کب تلک — آئینۂ خیال کو دیکھا کرے کوئی — ص۸۷

(۴) بہزاد! نقشِ یک دلِ صد چاک عرض کر — گر زلفِ یار کھنچ نہ سکے، شانہ کھینچیے — ص۱۰۵

(۵) نقشِ لاحول لکھ اے خامۂ ہذیاں تحریر! — یا علی عرض کر اے فطرتِ وسواس قریں! — ص۱۳۲

(۶) عرض کیجے جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں — کچھ خیال آیا تھا وحشت کا کہ صحرا جل گیا — ص۱۵۱

(۷) غالبؔ! نہ کر حضور میں تو بار بار عرض — ظاہر ہے تیرا حال سب اُن پر، کہے بغیر — ص۱۶۹

(۸) کروں بیدادِ ذوقِ پرفشانی عرض، کیا قدرت! — کہ طاقت اُڑ گئی، اُڑنے سے پہلے، میرے شہپر کی — ص۲۰۷

دیکھیے ———:(۹) پروازِ عرض۔(۱۰) درخورِ عرض۔

عرضِ آتشیں پائی: شرارِ سنگ سے پا در حنا گلگونِ شیریں ہے — ہنوز اے تیشۂ فرہاد عرضِ آتشیں پائی! — ص۹۲

---

[۱] عرصہ : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔

[۲] عرض : تراسی بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: پچھتر بار]۔

عرضِ اظہار: دیکھیے: اوجِ عرضِ اظہار۔

عرضِ اعجاز: حُسن آشفتگیِ جلوہ، ہے عرضِ اعجاز — دستِ موسیٰ بہ سرِ دعویِ باطل باندھا ص۱۳

عرضِ افسونِ گدازِ دل: نے صبا بالِ پری، نے شعلہ سامانِ جنوں — شمع سے جُز عرضِ افسونِ گدازِ دل نہ پوچھ ص۴۲

عرضِ بال افشانیِ اُمید: چشمِ گریاں، بسملِ شوقِ بہار دید ہے — اشک ریزی، عرضِ بال افشانیِ اُمید ہے ص۱۰۲

عرضِ بساطِ نازِ مشتاق: اے ہوس! عرضِ بساطِ نازِ مشتاقی نہ مانگ — جوں پرِ طاؤس، یکسر داغِ مشک اندودہ ہے ص۱۰۳

عرضِ بہار: آغوشِ گل ہے آئینۂ ذرّہ ذرّہ خاک — عرضِ بہار، جوہرِ پرواز ہے مجھے ص۹۷

عرضِ بساطِ وجود: عالم جہاں بہ عرضِ بساطِ وجود تھا — جوں صبح، چاکِ جیب مجھے تار و پود تھا ص۱۳

عرضِ بہارِ صد نگارستاں: خاک ہے عرضِ بہارِ صد نگارستاں اسدؔ — حسرتیں کرتی ہے میری خاطرِ آزاد، گل ص۵۲

عرضِ بے دماغی: دیکھیے: تکلیفِ عرضِ بے دماغی۔

عرضِ پریشانیِ بزم: دیکھیے: دمِ عرضِ پریشانیِ بزم۔

عرضِ تپاکِ نفسِ سوختہ: یہ مطلع اسدؔ جوہرِ افسونِ سخن ہو — گر عرضِ تپاکِ نفسِ سوختہ چاہیں ص۵۹

عرضِ تجمّل: لذّتِ تقریرِ عشق، پردگیِ گوشِ دل — جوہرِ افسانہ ہے عرضِ تجمّل ہنوز ص۴۴

عرضِ تسخیرِ تماشا: ذوقِ تسلیمِ تمنّا سے بہ گلزارِ حضور — عرضِ تسخیرِ تماشا ہے بہ دامِ اظہار ص۵

عرضِ تشنگی: دیکھیے: تابِ عرضِ تشنگی۔

عرضِ تکرار: رشکِ نظارہ تھی یک برقِ تجلّی، کہ ہنوز — تشنۂ خونِ دو عالم ہوں بہ عرضِ تکرار ص۹

عرضِ تکلیفِ شرارت: نگاہِ ناز نے جب عرضِ تکلیفِ شرارت کی — دیا ابرو کو چھیڑ اور اُس نے فتنے کو اشارت ص۹۷

عرضِ تمنّا: (۱)، (۲) دیکھیے: حسرتِ عرضِ تمنّا [دوبار]۔

عرضِ تمنّائے خامشی: زباں سے عرضِ تمنّائے خامشی معلوم! — مگر وہ خانہ براندازِ گفتگو جانے ص۹۹

عرضِ تمنّائے رفتگاں: ہر ذرّہ خاک: عرضِ تمنّائے رفتگاں — آئینہ ہا شکستہ و تمثال ہا گرو ص۶۹

عرضِ جراحت خانہ: شور ہے کس بزم کی عرضِ جراحت خانہ کا؟ — صبح، یک زخمِ نمک سود چراغِ کشتہ ہے ص۸۰

عرضِ جنونِ فنا: خوش وحشتے کہ عرضِ جنونِ فنا کروں — جوں گردِ راہ جامۂ ہستی قبا کروں ص۵۵

عرضِ جوہرِ خط و خالِ ہزار عکس: ہے عرضِ جوہرِ خط و خالِ ہزار عکس — لیکن ہنوز دامنِ آئینہ پاک ہے ص۱۱۰

عرضِ حال: (۱) مجھے انتعاشِ غم نے پئے عرضِ حال بخشی ہوسِ غزل سرائی، تپشِ فسانہ خوانی ص۱۰

(۲) بہر عرضِ حالِ شبنم ہے رقمِ ایجادِ گل ظاہرا ہے اس چمن میں لالِ مادرزادِ گل ص۵۲

(۳) دیکھیے: صلائے عرضِ حال۔

عرضِ حسرت: جوہرِ آئنہ، فکرِ سخن موے دماغ عرضِ حسرت پسِ زانوے تامل تا چند ص۳۹

عرضِ حیا: خیف اے تنگِ تمنا! کہ پئے عرضِ حیا یک عرق آئنہ بر جبہۂ سائل باندھا ص۱۳

عرضِ حیرانیِ بیمارِ محبت: عرضِ حیرانیِ بیمارِ محبت معلوم! عیسیٰ آخر بہ کفِ آئینۂ تصویر آوے ص۱۱۳

عرضِ خمارِ صحرا: دل در رکابِ صحرا، خانہ خرابِ صحرا موجِ سرابِ صحرا، عرضِ خمارِ صحرا ص۲۹

عرضِ خمیازۂ ایجاد: آفرینش کو ہے وہاں سے طلبِ مستیِ ناز عرضِ خمیازۂ ایجاد ہے ہر موجِ غبار ص۱۳۳

عرضِ خمیازۂ سیلاب: دشمنِ آلِ نبی کو بہ طربِ خانۂ دہر عرضِ خمیازۂ سیلاب ہو طاقِ دیوار ص۱۳۳

عرضِ خمیازۂ مجنوں: حسرتِ نشۂ وحشت نہ بہ سعیِ دل ہے عرضِ خمیازۂ مجنوں ہے گریباں میرا ص۲۱

عرضِ دردِ بے وفائی: عرضِ دردِ بے وفائی وحشتِ اندیشہ ہے خوں ہوا دل تا جگر، یارب زبانِ شکوہ لال! ص۵۲

عرضِ دوا: دیکھیے: نسخۂ عرضِ دوا۔

عرضِ دوجہاں تیر: دیکھیے: زخمیِ عرضِ دوجہاں تیر۔

عرضِ دوعالم: دیکھیے: نسخۂ عرضِ دوعالم۔

عرضِ دوعالم شورِ محشر: دیکھیے: سراغِ آوارۂ عرضِ دوعالم شورِ محشر۔

عرضِ دوعالم فریاد: بے دماغِ تپش و عرضِ دوعالم فریاد ہوں میں وہ خاک کہ ماتم میں اُڑایا ہے مجھے ص۱۰۸

عرضِ دوعالم نیرنگ: دیکھیے: آفت زدۂ عرضِ دوعالم نیرنگ۔

عرضِ ذوقِ قتل: دیکھیے: افسونِ عرضِ ذوقِ قتل۔

عرضِ رسومِ نیاز: دیکھیے: دورگردِ عرضِ رسومِ نیاز۔

عرضِ سبزہ: مستیِ بادِ صبا سے ہے بہ عرضِ سبزہ ریزۂ شیشۂ مے، جوہرِ تیغِ کہسار ص۱۳۲

عرضِ ستم ہاے جدائی: دے وے نامے کو اتنا طول غالبؔ مختصر لکھ دے کہ حسرت سنج ہوں عرضِ ستم ہاے جدائی کا ص۱۳۶

عرضِ سرشک: عرضِ سرشک پر ہے فضاے زمانہ تنگ صحرا کہاں کہ دعوتِ دریا کرے کوئی ص۸۸

عرضِ سوزِ دل: دیکھیے: حریفِ عرضِ سوزِ دل۔

عرضِ شکیبِ کہسار: کروں گر عرضِ شکیبِ کہسار اپنی بیتابی — رگِ ہر سنگ سے نبضِ دلِ بیمار ہو پیدا ص۳۱

عرضِ شانہ: دیکھیے: صرفِ عرضِ شانہ۔

عرضِ شبنم: دید حیرت کش و خرشید چراغانِ خیال — عرضِ شبنم سے چمن آئنہ تعمیر آیا ص۲۷

عرضِ شکست: ہے عرضِ شکست، آئنۂ جراتِ عاشق — جز آہ کہ سر لشکرِ وحشت علمی ہے ص۱۰۶

عرضِ صحرادادہ: دیکھیے: جوشِ نیرنگِ بہارِ عرضِ صحرادادہ۔

عرضِ صورت: دیکھیے: خمیازۂ عرضِ صورت۔

عرضِ عقدہ ہائے مشکل: دیکھیے: وقفِ عرضِ عقدہ ہائے مشکل۔

عرضِ فسونِ ہوسِ گل: چشم بے خونِ دل و دل تہی از جوشِ نگاہ — بہ زباں عرضِ فسونِ ہوسِ گل تاچند؟ ص۳۹

عرضِ فضائے سینۂ دردِ امتحاں: ہر داغِ تازہ، یک دلِ داغِ انتظار ہے — عرضِ فضائے سینۂ درد امتحاں نہ پوچھ ص۷۰

عرضِ فنِ شعر: بندہ پرور! ثنا ترازی سے — مدعا عرضِ فنِ شعر نہیں ص۲۸۱

عرضِ نشۂ عقدۂ مشکل: دیکھیے: لذتِ عرضِ نشۂ عقدۂ مشکل۔

عرضِ گراں جانی: ہے شکستن سے بھی دل نومید، یارب! کب تلک — آبگینہ، کوہ پر عرضِ گراں جانی کرے ص۲۱

عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں: پھر شوق کر رہا ہے خریدار کی طلب — عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں کیے ہوئے ص۲۲۶

عرضِ مطالب: دیکھیے: شوخیِ عرضِ مطالب۔

عرضِ مطلب: دیکھیے: گزارِ عرضِ مطلب۔

عرضِ ناز: جلوہ پھر عرضِ ناز کرتا ہے — روزِ بازارِ جاں سپاری ہے ص۲۲۳

عرضِ نازِ شوخیِ دنداں: عرضِ نازِ شوخیِ دنداں برائے خندہ ہے — دعویِ جمعیتِ احباب، جائے خندہ ہے ص۲۱۳

عرضِ ناشکیبی: چہ اُمید و نااُمیدی، چہ نگاہ و بے نگاہی — ہمہ عرضِ ناشکیبی، ہمہ سازِ جاں ستانی ص۱۰

عرضِ نشاطِ دید: عرضِ نشاطِ دید ہے مژگانِ انتظار — یارب! کہ خارِ پیرہنِ آرزو نہ ہو ص۹۸

عرضِ نیاز: دیکھیے ——— :(۱) حسرتِ عرضِ نیاز۔ (۲) نازِ سجدۂ نیاز۔

عرضِ نیازِ عشق: عرضِ نیازِ عشق کے قابل نہیں رہا — جس دل پہ ناز تھا مجھے، وہ دل نہیں رہا ص۱۵۳

عرضِ ہنر: ہمارے شعر ہیں اب صرف دل لگی کے، اسدؔ — کھلا کہ فائدہ عرضِ ہنر میں خاک نہیں ص ۱۸۳

عرضِ یک افغاں: دیکھیے: حیرت عاجزِ عرضِ یک افغاں۔

غرض[1]: مدح سے ممدوح کی دیکھی شکوہ — یہاں غرض سے رتبۂ جوہر کھلا ص ۱۳۰

غرفا[2]: دیکھیے: جوہرِ سیرِ غرفا۔

عرقی[3]: دیکھیے: ظہوری و عرقی و طالبؔ۔

عرق[4]: (۱) بلا گردانِ تمکینِ بتاں، صد موجۂ گوہر — عرق بھی جن کے عارض پر بہ تکلیفِ حیا گم ہو ص ۹۸

(۲) گیا ہے، گو عرق، سعیِ عروجِ نشہ رنگیں تر — خطِ رخسارِ ساقی تا خطِ ساغر چراغاں ہے ص ۸۱

(۳) نہیں ریزشِ عرق کی، اب اُسے ذوبانِ اعضا ہے — تپِ خجلت نے یہ بخشی رگِ گل میں حرارت کی ص ۹۷

دیکھیے ـــــ: (۴) جملاتن عرق۔ (۵) جوشِ عرق۔ (۶) جوشِ چکیدنِ عرق۔ (۷) ضمیمِ عرق۔ (۸) ہر قطرہ عرق۔ (۹) یک عرق آئنہ۔

عرق آگہی: دیکھیے: حاصلِ روے عرق آگہی۔

عرق ازخط چکیدہ: شیشۂ آتشیں رخِ پُرنور — عرق از خط چکیدہ، روغنِ سور ص ۳۱

عرق افشاں: ہے عرق افشاں مُشی سے ادہمِ مُشکینِ یار — وقتِ شبِ اختر گنے ہے چشمِ بیدار رکاب ص ۳۱

عرق افشانِ بے پروا خرامی: اگر وحشت عرق افشانِ بے پروا خرامی ہو — بیاضِ دیدۂ آہو کفِ سیلاب ہو جاوے ص ۱۰۵

عرقِ انفعال: وحشت پہ میری عرصۂ آفاق تنگ تھا — دریا، زمین کو عرقِ انفعال ہے ص ۲۰۵

عرقِ بید: مے کشی کو نہ سمجھ بے حاصل — بادہ، غالبؔ عرقِ بید نہیں ص ۲۱۹

عرقِ ریزِ تپش: ہوئی ہیں آبِ شرم کوششِ بیجا سے تدبیریں — عرق ریزِ تپش ہیں موج کے مانند زنجیریں ص ۴۳

عرقِ ریزیِ خجلت: اضطرابِ نارسائی، مایۂ شرمندگی — ہے عرق ریزیِ خجلت، جوششِ طوفانِ عجز ص ۴۴

عرقِ شرم: دیکھیے: کسوتِ عرقِ شرم۔

عرقِ شرے: دیکھیے: عجزِ عرقِ شرے۔

---

۱ غرض : ایک بار۔
۲ غرفا : ایک بار [مرکب]۔
۳ عرقی : ایک بار [مرکب]۔
۴ عرق : اکیس بار [مفرد: تین بار، مرکب: اٹھارہ بار]۔

عرقِ فتنہ: نہ کہہ کہ طاقتِ رُسوائیِ وصال نہیں — اگر یہی عرقِ فتنہ ہے، مکرّر کھینچ ص۳۵

عرق فشاں: دیکھیے: زُلف و رُخِ عرق فشاں۔

عروج[1] اضطرابِ دل: دیکھیے: طرزِ عروجِ اضطرابِ دل۔

عروجِ تغافل: دیکھیے: کسوتِ عروجِ تغافل۔

عروجِ ناامیدی: عروجِ ناامیدی چشمِ زخمِ چرخ کیا جانے — بہارِ بے خزاں از آہِ بے تاثیر ہے پیدا ص۳۰

عروجِ نشہ: (۱) عروجِ نشہ ہے سرتا قدم قدِ چمن رویاں — بجائے خود وگرنہ سرو بھی مینائے خالی ہے ص۷۹

(۲) دیکھیے: سعیِ عروجِ نشہ۔

عروجِ نشۂ واماندگی: عروجِ نشۂ واماندگی پیمانہ محمل تر — بہ رنگِ ریشۂ تاک، آبلے جادے میں پنہاں ہیں ص۶۲

عروسی[2]: دیکھیے: روزِ عروسی۔

عریاں[3]: (۱) جوشِ بیداد و تپش سے ہوئی عریاں آخر — شاخِ گلبن پہ صبا چھوڑ کے پیراہنِ خار ص۳

(۲) کارخانے سے جنوں کے بھی میں عریاں نکلا — میری قسمت کا نہ ایک آدھ گریباں نکلا ص۱۳

(۳) شورِ رُسوائیِ دل دیکھ، کہ یک نالۂ شوق — لاکھ پردے میں چھپا، پر وہی عریاں نکلا ص۱۳

(۴) بقدرِ لفظ و معنی، فکرت احرامِ گریباں ہیں — وگرنہ کیجیے جو ذرہ عریاں، ہم نمایاں ہیں ص۶۲

(۵) تکلف سازِ رُسوائی ہے غافل! شرمِ رعنائی — دلِ خوں گشتہ در دستِ حنا آلودہ عریاں ہے ص۸۱

(۶) شوق، ہر رنگ رقیبِ سروساماں نکلا — قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا ص۱۴۳

(۷) عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ — عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا ص۱۵۰

(۸) تھیں بنات النعشِ گردوں دن کو پردے میں نہاں — شب کو اُن کے جی میں کیا آئی کہ عریاں ہو گئیں ص۱۹۱

دیکھیے ——: (۹) پردۂ تصویرِ عریاں۔ (۱۰) تصویرِ عریاں۔ (۱۱) تیغِ تیزِ عریاں۔

عریانی[4]: (۱) جنوں کی دست گیری کس سے ہو، گر ہو نہ عریانی — گریباں چاک کا حق ہو گیا ہے میری گردن پر ص۱۹۸

(۲) چاک کی خواہش اگر وحشت بہ عریانی کرے — صبح کے مانند زخمِ دل گریبانی کرے ص۲۱۱

---

[1] عروج : چھے بار [مرکب]۔

[2] عروسی : ایک بار [مرکب]۔

[3] عریاں : گیارہ بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: تین بار]۔

[4] عریانی : آٹھ بار [مفرد: دو بار، مرکب: چھے بار]۔

(۳) دیکھ کر در پردہ گرمِ دامن افشانی مجھے	کرگئی وابستۂ تن میری عریانی مجھے	ص۲۳۲

دیکھیے ـــــــ: (۴) پردۂ عریانی۔ (۵) ذوقِ عریانی۔ (۶) لباسِ عریانی۔

عریانیِ زخمِ جگر:	تمثالِ جاں گر نہ رکھے پنبۂ مرہم	آئینہ بہ عریانیِ زخمِ جگر آوے	ص۱۱۳

عریانیِ کیفیتِ دل: دیکھیے: سازِ عریانیِ کیفیتِ دل۔

عریضہ[1] نگار:	خانہ زاد اور مرید اور مداح	تھا ہمیشہ سے یہ عریضہ نگار	ص۱۲۶

عز[2] شان:	فخرِ دیں، عزِ شان و جاہ و جلال	زینتِ طینت و جمالِ کمال	ص۱۳۱

عز و جاہ:	(۱) وہ رات تیں تمام ہے ہنگامہ ماہ کا	حضرت کا عز و جاہ رہے گا علی الدوام	ص۲۸۲

(۲) یہ چاہتا ہے کہ دنیا میں عز و جاہ کے ساتھ	تمھیں اور اس کو سلامت رکھے سدا اللہ	ص۲۷۸

(۳) دیکھیے: دولت و عز و جاہ۔

عز و ناز:	دیکھیے: غرورِ عز و ناز۔

عزا[3]:	دیکھیے: پریشاں سوئی اہلِ عزا۔

عزاخانۂ اقبالِ نگاہ:	مردمک سے، ہو عزا خانۂ اقبالِ نگاہ	خاکِ در کی ترے، جو چشم نہ ہو آئنہ دار	ص۳۳

عزادارانِ لیلیٰ:	غمِ مجنوں، عزا دارانِ لیلیٰ کا پرستش گر	خمِ رنگِ سیہ، پیمانۂ ہر چشمِ آہو تھا	ص۴۲

عزادارِ شہیدانِ نفس وزدیدہ:	جو عزا دارانِ شہیدانِ نفس دزدیدہ ہو	نوحۂ ماتم بہ آوازِ پرِ عنقا کرے	ص۱۰۱

عزائے زندگانی:	بہ فرازِ گاہِ عبرت چہ بہار و کو تماشا؟	کہ نگاہ ہے سیہ پوش بہ عزائے زندگانی	ص۹

عزت[5]:	(۱) بس کہ بخشی ہے فوج کو عزت	فوج کا ہر پیادہ، ہے فرزیں	ص۲۸۱

(۲)، (۳) عزت پہ اہلِ نام کی ہستی کی ہے بنا	عزت جہاں گئی، تو نہ ہستی رہی نہ نام	ص۲۸۲

(۴) وکٹوریا کا دہر میں جو مدح خواں ہو	شاہانِ عصر، چاہیے لیں عزت اُس سے وام	ص۲۸۲

دیکھیے ـــــــ: (۵) اعادۂ عزت۔ (۶) ذریعۂ عزت

عزتِ تخت کے:	جس دل میں کہ "تا بہ کے" سما جائے	وہاں عزتِ تختِ کے نہیں ہے	ص۳۲۰

---

۱ عریضہ : ایک بار۔

۲ عز : پانچ بار [مرکب]۔

۳ عزا : دو بار [مرکب]۔

عزاخانہ : ایک بار [مرکب]۔

عزادار : ایک بار [مرکب]۔ عزادار : ایک بار [مرکب]۔

۵ عزت : سات بار [مفرد: چار بار، مرکب: تین بار]۔

عزلت[1] آبادِ صدف: بے وطن سے باہر اہلِ دل کی قدر و منزلت — عزلت آبادِ صدف میں قیمتِ گوہر نہیں ص ۶۹

عزلت گزیں: اسد کو پیچ و تابِ طبعِ برق آہنگ مسکن سے — حصارِ شعلۂ جوالہ میں عزلت گزیں پایا ص ۲۲

عزلت گزینِ بزم: عزلت گزینِ بزم ہیں واماندگانِ دید — مینائے مے ہے آبلہ پائے نگاہ کا ص ۱۹

عزمِ[2] سفر: ہے ذوقِ گریہ، عزمِ سفر کیجیے اسدؔ — رختِ جنونِ سیل بہ ویرانہ کھینچیے ص ۱۰۵

عزمِ سیرِ نجف: مقطعِ سلسلۂ شوق نہیں ہے یہ شہر — عزمِ سیرِ نجف و طوفِ حرم ہے ہم کو ص ۱۹۵

عزمِ صفِ مژگانِ خود آرا: کس دل پہ ہے عزمِ صفِ مژگانِ خود آرا؟ — آئینے کے پایاب سے اُتری ہیں سپاہیں ص ۵۹

عزمِ ناز: قاتل بہ عزمِ ناز و دل از زخم در گداز — شمشیر آبدار و نگہ آبدار تر ص ۴۰

عزیز[3]: (۱) کس واسطے عزیز نہیں جانتے مجھے؟ — لعل و زمرد و زر و گوہر نہیں ہوں میں ص ۱۹۱

(۲) ہاں وہ نہیں خدا پرست، جاؤ وہ بے وفا سہی — جس کو ہو دین و دل عزیز، اُس کی گلی میں جائے کیوں؟ ص ۱۹۳

(۳) وہ چیز، جس کے لیے ہم کو ہو بہشت عزیز — سوائے بادۂ گل فامِ مشک بو کیا ہے؟ ص ۲۲۲

[چار بار بہ طور ردیف، ص ۱۷۳]:

(۴)،(۵) کیوں کر اُس بت سے رکھوں جان عزیز — کیا نہیں ہے مجھے ایمان عزیز؟

(۶) دل سے نکلا، پہ نہ نکلا دل سے — ہے ترے تیر کا پیکان عزیز

(۷) تاب لائے ہی بنے گی غالبؔ — واقعہ سخت ہے اور جان عزیز

(۸)،(۹) ہم کو ستم عزیز، ستمگر کو ہم عزیز — نامہرباں نہیں ہے، اگر مہرباں نہیں ص ۱۸۸

دیکھیے ـــــ: (۱۰) عمرِ عزیز۔ (۱۱) ناصحانِ عزیز۔

عزیزاں: (۱) یار معذورِ تغافل ہے، عزیزاں! شگفتہ — نالۂ بلبل بہ گوشِ گل شنیدن منع ہے ص ۱۳

(۲) نہ پھولو ریزشِ اعداد کی قطرہ فشانی پر — عزیزاں! ہے بہ رنگِ صفر جامِ آسماں خالی ص ۲۵۵

دیکھیے ـــــ: (۳) برخوردِ غلطی ہائے عزیزاں۔ (۴)،(۵) ناخنِ دخلِ عزیزاں [دو بار]۔

عزیزانِ بدزباں: بہ رنگِ سبزہ عزیزانِ بدزباں یک دست — ہزار تیغ بہ زہراب دادہ رکھتے ہیں ص ۶۰

---

۱ عزلت : تین بار [مرکب]۔

۲ عزم : چار بار [مرکب]۔

۳ عزیز : گیارہ بار [مفرد: نو بار، مرکب: دو بار]۔

عزیزاں : سات بار [مفرد: دو بار، مرکب: پانچ بار]۔

عزیزو : دو بار۔

عزیزانِ گرامی: دیکھیے: بشیرِ مکتوبِ عزیزانِ گرامی۔

عزیزو: (۱) عزیزو ذکرِ وصلِ غیر سے مجھ کو نہ بہلاؤ — کہ یہاں افسونِ خواب، افسانۂ خوابِ زلیخا ہے ص ۸۳

(۲) دمِ واپسیں برسرِ راہ ہے — عزیزو اب اللہ ہی اللہ ہے! ص ۳۱۲

عسس[۱]: دیکھیے ـــــ: (۱)، (۲) جوہرِ تیغِ عسس [دوبار]۔ (۳) جوہرِ شمشیرِ عسس۔

عسل[۲]: دیکھیے: نیشِ زنبورِ عسل۔

عشاق[۳]: (۱) عشاق اشکِ چشم سے دھوویں ہزار داغ — دیتا ہے اور، جوں گل و شبنم، بہار داغ ص ۴۸

(۲) ہم سے عبث ہے گمانِ رنجشِ خاطر — خاک میں عشاق کی غبار نہیں ہے ص ۲۰۸

(۳) کیوں ڈرتے ہو عشاق کی بے حوصلگی سے؟ — یہاں تو کوئی سنتا نہیں فریاد کسو کی ص ۲۲۸

(۴) دیکھیے، پاتے ہیں عشاق بتوں سے کیا فیض! — اک برہمن نے کہا ہے کہ یہ سال اچھا ہے ص ۲۳۹

(۵) کہتے ہیں کہ اب وہ مردمِ آزار نہیں — عشاق کی پرسش سے اُسے عار نہیں ص ۲۵۴

دیکھیے ـــــ: (۶) پیکرِ عشاق۔ (۷) غمِ عشاق۔ (۸) قتلِ عشاق۔

عشرت[۴]: دیکھیے ـــــ: (۱) غم و عشرت۔ (۲) محفلِ عشرت۔ (۳) مےِ عشرت۔ (۴) تمہیدِ عشرت۔ (۵) ہجومِ نغمہ ہائے عشرت۔

عشرتِ پارۂ دل: عشرتِ پارۂ دل، زخمِ تمنا کھانا — لذتِ ریشِ جگر، غرقِ نمک داں ہونا ص ۱۵۰

عشرتِ صحبتِ خوباں: عشرتِ صحبتِ خوباں ہی غنیمت سمجھو — نہ ہوئی غالبؔ اگر عمرِ طبیعی، نہ سہی ص ۲۰۹

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا: عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ — عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا ص ۱۵۰

عشرتِ قطرہ: عشرتِ قطرہ ہے، دریا میں فنا ہو جانا — درد کا حد سے گزرنا، ہے دوا ہو جانا ص ۱۵۶

عشرت کوشیِ ہستی: جائے استہزا ہے عشرت کوشیِ ہستی، اسدؔ — صبح و شبنم، فرصتِ نشوونمائے خندہ ہے ص ۸۷

عشرت گہِ خسروؔ: دیکھیے: مزدوریِ عشرت گہِ خسروؔ۔

عشق[۵] (ب): (۱) فنا کو عشق ہے بے مقصداں! حیرت پرستاراں! — نہیں رفتارِ عمرِ تیز رو پابندِ مطلب ہا ص ۲۳

---

۱ عسس : تین بار [مرکب]۔

۲ عسل : ایک بار [مرکب]۔

۳ عشاق : آٹھ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: تین بار]۔

۴ عشرت : دس بار [مرکب]۔

عشرت گہ : ایک بار [مرکب]۔

۵ عشق (ب): دو بار۔

(۲) رنجِ رہ کیوں کھینچیے؟ واماندگی کو عشق ہے! اُٹھ نہیں سکتا، ہمارا جو قدم منزل میں ہے ص۲۳۱

عشق[1]:

(۱) سمجھا ہوا ہوں عشق میں نقصاں کو فائدہ جتنا کہ نااُمید تر، اُمید وار تر ص۲۱

(۲) عشق میں ہم نے ہی ابرام سے پرہیز کیا ورنہ جو چاہیے اسبابِ تمنّا، سب تھا ص۲۲

(۳) عشق کو ہر رنگ شانِ حُسن ہے مدِّ نظر مصرعِ سروِ چمن ہے حسبِ حالِ عندلیب ص۳۲

(۴) عشق کمیں گاہِ درد، وحشتِ دل دور گرد دامِ تہِ سبزہ ہے حلقۂ کاکل ہنوز ص۴۳

(۵) حُسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمی ہائے ناز عشق نے وا کی ہے ہر یک خار سے مژگانِ عجز ص۴۴

(۶) عشق کے تغافل سے ہرزہ گرد ہے عالم روئے شش جہت آفاق، پشتِ چشمِ زنداں ہے ص۸۹

(۷) عشق، بے ربطیِ شیرازۂ اجزائے حواس وصل، زنگارِ رُخِ آئنۂ حُسنِ یقیں ص۱۳۲

(۸) عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا درد کی دوا پائی، دردِ بے دوا پایا ص۱۳۳

(۹) بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل کہتے ہیں جس کو عشق، خلل ہے دماغ کا ص۱۳۹

(۱۰) ہر بُنِ مو سے دمِ ذکر نہ ٹپکے خوناب حمزہ کا قصہ ہوا، عشق کا چرچا نہ ہوا ص۱۶۲

(۱۱) عشق میں بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے کشتۂ دشمن ہوں آخر، گرچہ تھا بیمار دوست ص۱۶۳

(۱۲) عشق، تاثیر سے نومید نہیں جاں سپاری، شجرِ بید نہیں ص۱۸۳

(۱۳) ہو گئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر عشق کا اُس کو گماں ہم بے زبانوں پر نہیں ص۱۸۳

(۱۴) ہوا ہوں عشق کی غارت گری سے شرمندہ سوائے حسرتِ تعمیر، گھر میں خاک نہیں ص۱۸۴

(۱۵) بے عشق عمر کٹ نہیں سکتی ہے، اور یہاں طاقت بہ قدرِ لذّتِ آزار بھی نہیں ص۱۸۴

(۱۶) عشق و مزدوریِ عشرت گہِ خسرو، کیا خوب! ہم کو تسلیم نکو نامیِ فرہاد نہیں ص۱۸۶

(۱۷) وفا کیسی؟ کہاں کا عشق؟ جب سر پھوڑنا ٹھہرا تو پھر اے سنگ دل! تیرا ہی سنگِ آستاں کیوں ہو؟ ص۲۰۰

(۱۸) عشق نے پکڑا نہ تھا، غالبؔ، ابھی وحشت کا رنگ رہ گیا تھا دل میں جو کچھ ذوقِ خواری، ہائے ہائے! ص۲۰۳

(۱۹) دل لگا کر، آپ بھی غالبؔ مجھی سے ہو گئے عشق سے آتے تھے مانع میرزا صاحب مجھے! ص۲۱۳

(۲۰) عشق مجھ کو نہیں، وحشت ہی سہی میری وحشت، تری شہرت ہی سہی ص۲۲۰

---

[1] عشق : ایک سو ایک بار [مفرد: چھتیس بار، مرکب: پینسٹھ بار]۔

(۲۱) ہم کوئی ترکِ وفا کرتے ہیں　　نہ سہی عشق، مصیبت ہی سہی　　ص۲۲۱
(۲۲) پھر پرسشِ جراحتِ دل کو چلا ہے عشق　　سامانِ صد ہزار نمک داں کیے ہوئے　　ص۲۲۵
(۲۳) رونے سے، اور عشق میں بیباک ہوگئے　　دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہوگئے　　ص۲۲۹
(۲۴) عشق کی راہ میں، ہے چرخِ مکوکب کی وہ چال　　سست رو جیسے کوئی آبلہ پا ہوتا ہے　　ص۲۳۰
(۲۵) عشق پر زور نہیں، ہے یہ وہ آتش، غالبؔ　　کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بنے　　ص۲۳۶
(۲۶) عشق نے غالبؔ نکما کردیا　　ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے　　ص۲۵۰
(۲۷) اک گرم آہ کی، تو ہزاروں کے گھر جلے　　رکھتے ہیں عشق میں یہ اثر ہم جگر جلے　　ص۳۰۳
(۲۸) ہوکر شہید عشق میں، پائے ہزار جسم　　ہر موجِ گردِ راہ، مرے سر کو دوش ہے　　ص۳۲۰

(۳) دیکھیے: موجِ غبارِ سرمہ۔

غبارِ سفر: تا صبح ہے بہ منزلِ مقصد رسیدنی — دودِ چراغِ خانہ، غبارِ سفر ہے آج — ص ۳۵

غبارِ شرر: کرتی ہے عاجزی سفرِ سوختن تمام — پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج — ص ۳۵

غبارِ شرر طور: صد تجلی کدہ ہے صرفِ جبینِ غربت — پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز — ص ۳۵

غبارِ شوق: ہے ذرہ ذرہ تنگیِ جا سے غبارِ شوق — گر دام یہ ہے، وسعتِ صحرا شکار ہے — ص ۲۱۷

غبارِ شیشۂ ساعت: خاکِ فرصت بر سرِ ذوقِ فنا، اے انتظار! — ہے غبارِ شیشۂ ساعت رمِ آہو مجھے — ص ۷۸

غبارِ صحرا: (۱) دیوانگیِ اسدؔ کی حسرت کشِ طرب ہے — سر میں ہوائے گلشن، دل میں غبارِ صحرا — ص ۲۶

(۲) دیکھیے: بنشتِ غبارِ صحرا۔

غبارِ صدا: ویرانیے بجز آمد و رفتِ نفس نہیں — ہے کوچہ ہائے نے میں غبارِ صدا بلند — ص ۳۸

غبارِ کردہ سیر: بجز غبارِ کردہ سیر، آہنگیِ پرواز کو؟ — بلبلِ تصویر و دعوائے پر افشانی عبث — ص ۳۲

غبارِ کلفتِ خاطر: بہا ہے یہاں تک اشکوں میں غبارِ کلفتِ خاطر — کہ چشمِ تر میں ہر یک پارۂ دل، پائے در گل ہے — ص ۷۷

غبارِ کوچہ ہائے موج: بسانِ جوہرِ آئینہ، از ویرانیِ دل ہا — غبارِ کوچہ ہائے موج ہے خاشاکِ ساحل ہا — ص ۲۳

غبارِ نالہ: اثر کمندیِ فریادِ نارسا معلوم — غبارِ نالہ، کمیں گاہِ مدعا معلوم — ص ۵۳

غبارِ وحشتِ مجنوں: عالم، غبارِ وحشتِ مجنوں ہے سر بسر — کب تک خیالِ طرۂ لیلا کرے کوئی — ص ۲۱۵

غُرَب[1]: خدا سے ہے یہ توقع کہ عہدِ طفلی میں — بنے گا شرق سے تا غرب اس کا بازی گاہ — ص ۲۷۷

---

[1] غُرَب : ایک بار [مرتب]۔

غربال[1]:	(۱) خدایا! کس قدر اہلِ نظر نے خاک چھانی ہے!	کہ ہیں صد رخنہ جوں غربال، دیواریں گلستاں کی	ص ۷۶
	(۲) دیکھیے: یک غربالِ حسرت پر۔		
غربت[2]:	(۱) گر مصیبت تھی، تو غربت میں اُٹھا لیتا اسدؔ	میری دلّی ہی میں ہونی تھی یہ خواری، ہائے ہائے!	ص ۸۰ [حالی]
	(۲) کیا رہوں غربت میں خوش، جب ہو حوادث کا یہ حال	نامہ لاتا ہے وطن سے نامہ بر اکثر کھلا	ص ۱۹۱
	(۳) تھی وطن میں شان کیا غالبؔ کہ ہو غربت میں قدر!	بے تکلّف، ہوں وہ مُشتِ خس کہ گلخن میں نہیں	ص ۱۸۵
	(۴) کرتے کس منہ سے ہو غربت کی شکایت غالبؔ	تم کو بے مہریِ یارانِ وطن یاد نہیں؟	ص ۱۸۶
	دیکھیے ——: (۵) خراب آبادِ غربت۔ (۶) صرفِ جبینِ غربت۔		
غرض[3]:	(۱) اسدؔ کو بت پرستی سے غرض دردآشنائی ہے	نہاں ہیں نالۂ ناقوس میں در پردہ یارب ہا	ص ۲۳
	(۲) دریافتنِ صحبتِ اغیار غرض ہے	اے نامہ رساں! نامہ رساں چاہیے جاسوس	ص ۳۶
	(۳) ظاہر ہے طرزِ قید سے صیاد کی غرض	جو دانہ دام میں ہے، سو اشکِ کباب ہے	ص ۷۵
	(۴) مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو	اک گونہ بے خودی مجھے دن رات چاہیے	ص ۲۱۹
	(۵) رہے دل ہی میں تیر، اچھا! جگر کے پار ہو، بہتر	غرض شستِ بتِ ناوک فگن کی آزمائش ہے	ص ۲۳۳
	(۶) غرض اس سے ہیں چارہ معصوم	جن سے ہے چشمِ جاں کو بینائی	ص ۲۶۳
غرقِ[4] خوں:	صورتِ دیباۓ تپش سے میری غرقِ خوں ہے آج	خارِ پیراہن، رگِ بستر کو نشتر ہو گیا	ص ۲۹
غرقِ دریا:	ہوئے مر کے ہم جو رسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا	نہ کبھی جنازہ اُٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا	ص ۱۹۰
غرقِ نمک داں:	عشرتِ پارۂ دل: زخمِ تمنا کھانا	لذتِ ریشِ جگر: غرقِ نمک داں ہونا	ص ۱۵۰
غرقۂ[5] مے:	جو ہوا غرقۂ مے، بختِ رسا رکھتا ہے	سر سے گزرے پہ بھی ہے بالِ ہما موجِ شراب	ص ۱۶۳
غرقۂ دریاے رنگ:	گل، غنچگی میں غرقۂ دریاے رنگ ہے	اے آگہی، فریبِ تماشا کہاں نہیں!	ص ۵۷
غرور[6]:	(۱) مت رکھا اے انجام غافل! سازِ ہستی پر غرور	چیونٹی کے پر، سرو برگِ خود آرائی نہیں	ص ۶۵
	(۲) آئینہ دیکھ، اپنا سا منہ لے کے رہ گئے	صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا!	ص ۱۲۸

---

۱ غربال : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
۲ غربت : چھے بار [مفرد: چار بار، مرکب: دو بار]۔
۳ غرض : چھے بار۔
۴ غرق : تین بار [مرکب]۔
۵ غرقہ : دو بار [مرکب]۔
۶ غرور : چودہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: بارہ بار]۔

غرورِ بے گناہی:	خمیدن نشۂ مے میں، ہے شرمِ زشتِ اعمالی	دماغِ زہد میں آخر غرورِ بے گناہی ہے	ص۲۵۴
غرورِ حُسن:	ہے وہ غرورِ حُسن سے بیگانۂ وفا	ہر چند اُس کے پاس دلِ حق شناس ہے	ص۲۰۵
غرورِ دانائی:	دیکھیے: گمانِ غرورِ دانائی۔		
غرورِ دست رزد:	غرورِ دستِ رزد نے شانہ توڑا فرقِ ہدہد پر	سلیمانی، ہے تنگِ بے دماغانِ خود آرائی	ص۹۳
غرورِ دل ستانی:	نہ وفا کو آبرو ہے، نہ جفا تمیز جو ہے	چہ حسابِ جاں فشانی، چہ غرورِ دل ستانی	ص۹
غرورِ دوستی:	خطر ہے، رشتۂ اُلفت رگِ گردن نہ ہو جاوے	غرورِ دوستی آفت ہے، تو دشمن نہ ہو جاوے	ص۲۱۳
غرورِ ضبط:	غرورِ ضبط وقتِ نزع ٹوٹا بے قراری سے	نیازِ پرفشانی ہو گیا صبر و شکیبِ آخر	ص۳۱
غرورِ طرحِ قامت:	بہ غرورِ طرحِ قامت و رعنائیِ سرو	طوق، ہے گردنِ قمری میں رگِ بالیدہ	ص۴۷
غرورِ عزّ و ناز:	وھاں وہ غرورِ عزّ و ناز، یھاں یہ حجابِ پاسِ وضع	راہ میں ہم ملیں کہاں، بزم میں وہ بلائے کیوں	ص۱۹۳
غرورِ لطفِ ساقی:	غرورِ لطفِ ساقی نشۂ بیباکیِ مستاں	نمِ دامانِ عصیاں ہے، طراوت موجِ کوثر کی	ص۷۷
غرورِ میرزائی:	کروں عذرِ ترکِ صحبت، سو کہاں وہ بے دماغی	نہ غرورِ میرزائی، نہ فریبِ ناتوانی	ص۱۰
غرورِ نشۂ صہبا:	دیکھیے: ناز بردارِ غرورِ نشۂ صہبا۔		
غُرّۂ[1] اوجِ بنائے عالمِ امکاں:	غُرّۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہ ہو	اس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن	ص۱۷۹
غریب[2]:	(۱) سر پر مرے وبالِ ہزار آرزو رہا	یارب! میں کس غریب کا بختِ رمیدہ ہوں!	ص۹۳
	(۲) مجھ کو پوچھا، تو کچھ غضب نہ ہوا	میں غریب اور تو غریب نواز	ص۱۴۲
غریبِ تسلّی گہِ وطن:	ہے بوئے گل، غریبِ تسلّی گہِ وطن	ہر عجز و آشیاں، پرِ پرواز ہے مجھے	ص۹۷
غریبِ ستم دیدۂ باز گشتن:	غریبِ ستم دیدۂ باز گشتن	سخن ہوں، سخن بر لب آوردگاں کا	ص۱۸
غریبِ کشورِ گفت و شنود:	عالم، طلسمِ شہرِ خموشاں ہے سر بسر	یا میں غریبِ کشورِ گفت و شنود تھا	ص۱۳
غریب نواز:	دیکھیے: غریب [۲]۔		
غریبِ دشت آبادِ تسلّی:	وہ غریبِ دشت آبادِ تسلّی ہوں جسے	کوچہ دے ہے زخمِ دل صبحِ وطن کی فکر میں	ص۹۳

---

۱ غُرّہ : ایک بار [مرکب]۔
غریباں : ایک بار [مرکب]۔

۲ غریب : سات بار [مفرد: دو بار، مرکب: پانچ بار]۔
غریبی : ایک بار [مرکب]۔

غریباں: دیکھیے: گورِ غریباں۔

غریبی: دیکھیے: ہجومِ دردِ غریبی۔

غریقِ[۱] بحر: بہ سیلِ اشک، لختِ دل ہے دامن گیر مژگاں کا ‏ غریقِ بحر، جویائے خس و خاشاکِ ساحل ہے ‏ ص ۷۷

غریقِ بحرِ خوں: اسدؔ گر نامِ والائے علی تعویذِ بازو ہو ‏ غریقِ بحرِ خوں، تمثال در آئینہ رہتا ہے ‏ ص ۸۴

غزل[۲]: (۱) پھر غزل کی روش پہ چل نکلا ‏ توسنِ طبع چاہتا تھا لگام ‏ ص ۳۹

(۲) یہ غزل اپنی مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ ‏ ہے ردیفِ شعر میں غالبؔ ز بس تکرارِ دوست ‏ ص ۱۶۵

(۳)، (۴) کس کو کہتے ہیں غزل، ارشاد ہو ‏ ہاں غزل پڑھیے، سبق گر یاد ہو ‏ [قادرنامہ]

(۵) واہ بے لڑکے! پڑھی اچھی غزل ‏ شوق ابھی سے ہے تجھے اشعار کا ‏ [قادرنامہ]

(۶) پایا قادرنامے نے آج اختتام ‏ اک غزل تم اور پڑھ لو، والسلام ‏ [قادرنامہ]

(۷) لایا ہے کہہ کے یہ غزل شائبۂ ریا سے دور ‏ کر کے دل و زبان کو غالبؔ خاکسار، ایک ‏ ص ۲۹۷

(۸) مجھ سے غالبؔ یہ علائی نے غزل لکھوائی ‏ ایک بیدادگرِ رنج فزا اور سہی ‏ ص ۳۱۱

(۹) دیکھیے: ظرفِ تنگنائے غزل۔

غزل خواں: میں چمن میں کیا گیا، گویا دبستاں کھل گیا ‏ بلبلیں سن کر مرے نالے غزل خواں ہو گئیں ‏ ص ۱۹۳

غزل خوانی: دیکھیے ـــــ: (۱) آئینِ غزل خوانی۔ (۲) سودائے غزل خوانی۔ (۳) گرمِ غزل خوانی۔

غزل سرا: کچھ تو پڑھیے کہ لوگ کہتے ہیں ‏ آج غالبؔ غزل سرا نہ ہوا ‏ ص ۱۹۳

غزل سرائی: دیکھیے: ہوسِ غزل سرائی۔

غزال[۳]: دیکھیے ـــــ: (۱) چشمِ غزال۔ (۲) نافِ غزال۔

غزالانِ حرم: خجستہ باغِ ہمایونِ مقدس آثار! ‏ کہ جہاں چرنے کو آتے ہیں غزالانِ حرم ‏ ص ۲۶۵

غزالی[۴]: جنوں گرا اے چمن تحریر دربِ شغلِ تجمائی! ‏ نگاہِ شوق کو صحرا بھی دیوانِ غزالی ہے ‏ ص ۷۹

غسلِ[۵] صحت: شاہ کے ہے غسلِ صحت کی خبر ‏ دیکھیے کب دن پھریں حمام کے ‏ ص ۲۵۱

غسلِ صحت تواب: دیکھیے: محفلِ غسلِ صحتِ نواب۔

---

۱ غریق : دوبار [مرکب]۔
۲ غزل : پندرہ بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: سات بار]۔
۳ غزال : دوبار [مرکب]۔
غزالاں : ایک بار [مرکب]۔
۴ غزالی : ایک بار [مرکب]۔
۵ غسل : دوبار [مرکب]۔

غش[۱]: (۱) بازگشتِ جادہ پیمائے رہِ حیرت کہاں — غافلاں غش جان کر چھوڑے ہیں آب آئینے پر — ص ۳۹

(۲) دل میں آجائے ہے، ہوتی ہے جو فرصت غش سے — اور پھر کون سے نالے کو رسا کہتے ہیں؟ — ص ۱۸۷

(۳) وھاں پہنچ کر جو غش آتا پَئے ہَم ہے ہم کو — صد رہ آہنگِ زمیں بوسِ قدم ہے ہم کو — ص ۱۹۵

(۴) غش آگیا جو پس از قتل میرے قاتل کو — ہوئی ہے اُس کو مری لاشِ بے کفن، تکیہ — ص ۳۰۳

غشِ ہستی: دیکھیے: فرصت آرامِ غشِ ہستی۔

غصہ[۲]: چھیڑتا ہوں کہ اُن کو غصہ آئے — کیوں رکھوں ورنہ غالبؔ اپنا نام — ص ۱۳۷

غصۂ کم فرصتیِ زیست: مت پوچھ اسدؔ غصۂ کم فرصتیِ زیست — دو دن بھی جو کاٹے، تو قیامت تعبوں سے — ص ۴۳

غضب[۳]: (۱) غضب شرم آفریں ہے رنگ ریزی ہائے خود بینی — سفیدی آئنے کی، پنبۂ روزن نہ ہو جاوے — ص ۸۵

(۲) اسدؔ باوصفِ مشق بے تکلف خاک گردیدن — غضب ہے، گر غبارِ خاطرِ احباب ہو جاوے — ص ۱۰۵

(۳) وہ سبزہ زار ہائے مطرّا کہ ہے غضب! — وہ نازنیں بتانِ خود آرا کہ ہائے ہائے! — ص ۱۲۳

(۴) مجھ کو پوچھا تو کچھ غضب نہ ہوا — میں غریب اور تو غریب نواز — ص ۱۶۲

(۵) ہو تجلی برق کی صورت میں، ہے یہ بھی غضب — ہاں چھپے گھٹنے کی تو ہوتی فرصتِ عیش و طرب — ص ۲۹۱

(۶) زندگی میں بھی رہا ذوقِ فنا کا مارا — نشہ بخشا غضب اس ساغرِ خالی نے مجھے — ص ۳۲۰

دیکھیے ـــــــ: (۷) درخورِ قہر و غضب۔ (۲) موجِ طوفانِ غضب۔

غفلت[۴]: (۱) رکھا غفلت نے دور اُفتادۂ ذوقِ فنا، ورنہ — اشارت فہم کو ہر ناخنِ بُریدہ، ابرو تھا — ص ۲۲

(۲) حیرت، اپنے نالۂ بیدرد سے غفلت نجی — راہِ خوابیدہ کو غوغائے جرس، افسانہ تھا — ص ۲۵

(۳) بہ غفلت عطرِ گل ہم آگہی مخمور ملتے ہیں — چراغانِ تماشا چشمِ صد ناسور ملتے ہیں — ص ۹۳

(۴) غفلت بہ بالِ جوہرِ شمشیر پرفشاں — یہاں پُشتِ چشمِ شوخیِ قاتل ہے آئنہ — ص ۷۰

(۵) کس سے اے غفلت! تجھے تعبیرِ آگاہی ملے؟ — گوش یا سیمابی و دل بے قرارِ نغمہ ہے — ص ۸۶

(۶) شورشِ باطن کے یہاں تک مجھ کو غفلت ہے کہ آہ! — شیونِ دل، یک سرود خانۂ ہمسایہ ہے — ص ۱۰۳

---

[۱] غش : پانچ بار [مفرد: چار بار، مرکب: ایک بار]۔

[۲] غصہ : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

[۳] غضب : آٹھ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: دو بار]۔

[۴] غفلت : اڑتیس بار [مفرد: سات بار، مرکب: اکتیس بار]۔

غفلت ہا : ایک بار۔

(۷) غفلت کفیلِ عمر و اسدؔ ضامنِ نشاط — اے مرگِ ناگہاں! تجھے کیا انتظار ہے؟ ص۲۱۸

(۸) اپنی ہستی ہی سے ہو، جو کچھ ہو — آگہی گر نہیں، غفلت ہی سہی ص۲۲۰

(۹) ہاتھ پر ہو ہاتھ، تو تاسف ہی سہی — شوقِ مُفتِ زندگی ہے اے بہ غفلت مُردگاں! ص۲۶

دیکھیے ——:(۱۰) آسایشِ اربابِ غفلت۔(۱۱) اہلِ غفلت۔(۱۲) بازارِ غفلت۔(۱۳) خوابِ غفلت۔

(۱۴) ذرہ و یک ساغرِ غفلت۔(۱۵) دل از کف دادۂ غفلت۔(۱۶) سرخوشِ غفلت۔(۱۷) وہمِ غفلت۔

غفلت آرامی: سر بہ زانوے کرم رکھتی ہے شرمِ ناکسی — اے اسدؔ! بیجا نہیں ہے غفلت آرامی تری ص۹۳

غفلت آرامیِ یاراں: زندگانی نہیں بیش از نفسِ چند اسدؔ — غفلت آرامیِ یاراں پہ ہے خنداں گل و صبح ص۳۷

غفلت آگاہاں: فغان و آہ سے حاصل بجز دردِ سرِ یاراں — خوشا اے غفلت آگاہاں! بہ نَفَس دُزدیدن و مُردن ص۳۳۹

غفلت استعداد: غفلت استعداد ذوق و مدعا غافل اسدؔ — پنبۂ گوشِ حریفاں بود و تارِ نغمہ ہے ص۸۷

غفلتِ افسردگی: غفلتِ افسردگی تہمتِ تمکیں نہ ہو — اے ہمہ خوابِ گراں! حوصلہ بدنام ہے ص۹۹

غفلت اندیشاں: صدا ہے کوہ میں حشر آفریں اے غفلت اندیشاں! — پئے سنجیدنِ یاراں، ہو حسِّ خوابِ سنگیں کا ص۲۸

غفلتِ اہلِ جہاں: نظر بہ غفلتِ اہلِ جہاں، ہوا ظاہر — کہ عیدِ خلق پہ حیرت ہے چشمِ قربانی ص۹۹

غفلتِ دیوانہ: غفلتِ دیوانہ جز تمہیدِ آگاہی نہیں — مغزِ سر، خوابِ پریشاں ہے سخن کی فکر میں ص۹۳

غفلتِ رُسوائیِ دل: فریاد اسدؔ غفلتِ رُسوائیِ دل سے! — کس پردے میں فریاد کی آہنگ نکالوں ص۹۰

غفلتِ ساقی: دیکھیے ——:(۱) دماغِ غفلتِ ساقی۔(۲) ذوقِ غفلتِ ساقی۔

غفلت شعاری: درد سے میرے، ہے تجھ کو بے قراری، ہائے ہائے! — کیا ہوئی ظالم تری غفلت شعاری، ہائے ہائے! ص۲۰۳

غفلت کشِ تدبیر: قتلِ عشاق نہ غفلت کشِ تدبیر آوے — یارب! آئینہ بہ طاقِ خمِ شمشیر آوے ص۱۱۳

غفلت متاع کفۂ میزانِ عدل: غفلت متاع کفۂ میزانِ عدل ہوں — یارب! حسابِ سختیِ خوابِ گراں نہ پوچھ ص۷۰

غفلتِ مدعا: کلفتِ ربطِ این و آں، غفلتِ مدعا سمجھ — شوق کرے جو سرگراں، محملِ خوابِ پا سمجھ ص۴۳

غفلت نسب: تجھ کو اے غفلت نسب! پروائے مشتاقاں کہاں — یعنی نگہ آلودہ ہے دستار بادامی تری ص۳۵۲

غفلت نظر: دیکھیے: چشمِ غفلت۔ نظر

غفلت نقد اندیشہ: خوشا! خود بینی و تدبیر و غفلت نقد اندیشہ — بہ دستِ عجز اگر بدنامیِ تقدیر بہتر ہے ص۱۰۸

غفلت نگاہی: نقابِ یار، ہے غفلت نگاہی اہلِ بینش کی — مژہ پوشیدنی ہا، پردۂ تصویرِ عریاں ہے ص۸۱

غفلتِ نگہِ شوق: اے واے غفلتِ نگہِ شوق! ورنہ یہاں — ہر پارہ سنگ، لختِ دلِ کوہِ طور تھا ص۱۸

غفلت ہاے اہلِ دہر: ہے عجب مُردوں کو غفلت ہاے اہلِ دہر سے — سبزہ، جوں انگشتِ حیرت در دہانِ گور ہے ص۹۳

غفلتِ ہستی: تا چند نفَس غفلتِ ہستی سے بر آوے — قاصد تپشِ نالہ ہے، یارب! خبر آوے ص۱۱۳

غلافِ[1] بالشِ پر: بس کہ عاجز نارسائی سے کبوتر ہوگیا — صفحۂ نامہ، غلافِ بالشِ پر ہوگیا ص۲۹

غلافِ دلچۂ خرشید: بس کہ وہ پا کوبیاں در پردۂ وحشت ہیں یاد — ہے غلافِ دلچۂ خرشید ہر یک گرد باد ص۳۸

غلام[2]: (۱) کیا کم ہے یہ شرف کہ ظفرؔ کا غلام ہوں — مانا کہ جاہ و منصب و ثروت نہیں مجھے ص۱۲۵

(۲) میں نے مانا کہ تو ہے حلقہ بگوش — غالبؔ اُس کا مگر نہیں ہے غلام؟ ص۱۳۶

(۳) ملک و سپہ نہ ہو تو نہ ہو، کچھ ضرر نہیں — سلطانِ بر و بحر کے در کا ہوں میں غلام ص۲۸۳

(۴) میں قائلِ خدا و نبی و امام ہوں — بندہ خدا کا اور علی کا غلام ہوں ص۲۹۸

غلامِ ساقیِ کوثر: بہت سہی غمِ گیتی، شراب کم کیا ہے؟ — غلامِ ساقیِ کوثر ہوں، مجھ کو غم کیا ہے ص۲۵۱

غلامِ کارگزار: شاد ہوں لیکن اپنے جی میں، کہ ہوں — بادشہ کا غلامِ کارگزار ص۱۲۵

غلام نجف[3]: میں جو ہوں در پئے حصولِ شرف — نام عاصی کا ہے غلام نجف ص۲۶۸

غلامی[4]: (۱) اور داغ آپ کی غلامی کا — خاص بہرام کا ہے زیبِ سُریں ص۲۸۱

(۲) دیکھیے: داغِ غلامی۔

غلام بابا[5]: (۱) ہزار شکر کہ سیّد غلام بابا نے — فرازِ مسندِ عیش و طرب جگہ پائی ص۲۶۲

(۲) جب کہ سیّد غلام بابا نے — مسندِ عیش پہ جگہ پائی ص۲۶۲

غلبہ[6]: ہوا نہ غلبہ میسّر کبھی کسی پہ مجھے — کہ جو شریک ہو میرا، شریکِ غالبؔ ہے ص۱۲۹

غلبۂ تاثیر: دیکھیے: صد غلبۂ تاثیر۔

---

۱ غلاف : دو بار [مرکب]۔
۲ غلام : چھے بار [مفرد: چار بار، مرکب: دو بار]۔
۳ غلام نجف : ایک بار۔
۴ غلامی : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
۵ غلام بابا : دو بار۔
۶ غلبہ : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

غلتاں: دیکھیے: گوہرِ غلتاں۔

غلتانیِ تپش: دیکھیے: لذّتِ غلتانیِ تپش۔

غلتیدنِ[1] بسمل: دیکھیے: اندازِ بہ خوں غلتیدنِ بسمل۔

غلتیدۂ صد رنگ: پئے نذرِ کرم، تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا ۔ بہ خوں غلتیدۂ صد رنگ دعویٰ پارسائی کا ۔ ص ١٣٦

غلط[2]: (١) زندگانی پہ اعتماد غلط ۔ ہے کہاں قیصرؔ اور کہاں فغفورؔ؟ ص ٣٢

(٢) ہم غلط سمجھے تھے، لیکن زخمِ دل پر رحم کر ۔ آخر اِس پردے میں تو ہنستی تھی اے صبحِ وصال! ص ٥٢

(٣) لافِ دانش غلط و نفعِ عبادت معلوم! ۔ دُردِ یک ساغرِ غفلت ہے، چہ دُنیا و چہ دیں ص ٣٣

(۴) درخورِ قہر و غضب جب کوئی ہم ساز ہوا ۔ پھر غلط کیا ہے کہ ہم سا کوئی پیدا نہ ہوا ص ١٦٣

(٥) الفتِ گل سے غلط ہے دعویِ وارستگی ۔ سرو ہے باوصفِ آزادی، گرفتارِ چمن ص ١٨١

(٦) غلط نہ تھا ہمیں خط پر گماں تسلّی کا ۔ نہ مانے دیدۂ دیدار جو تو کیوں کر ہو؟ ص ١٩٧

(٧) غلط ہے جذبِ دل کا شکوہ، دیکھو جرم کس کا ہے؟ ۔ نہ کھینچو گر تم اپنے کو، کشاکش درمیاں کیوں ہو؟ ص ٢٠٠

(٨) روک لو، گر غلط چلے کوئی ۔ بخش دو، گر خطا کرے کوئی ص ٢٣٢

(٩) وہ فرد، جس میں نام ہے میرا غلط لکھا ۔ جب یاد آگئی ہے، کلیجا لیا ہے تھام ص ٢٨٢

(١٠) بھرا ہے غالبؔ دلِ خستہ کے کلام میں درد ۔ غلط نہیں ہے کہ خونیں نوا کہیں اُس کو ص ٢٨٦

[دو بار بہ طورِ ردیف، ص ٢٩٣]:

(١١)،(١٢) یاد آیا جو وہ کہنا کہ: نہیں، واہ، غلط ۔ کی تصوّر نے بہ صحرائے ہوس راہ غلط

غلط انداز[3]: دیکھیے: نگاہِ غلط انداز۔

غلط بردار[4]: ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا، سو بھی مٹ گیا ۔ ظاہرا، کاغذ ترے خط کا غلط بردار ہے ص ٢١٣

غلط فہمی[5]: دیکھیے: سرجوشِ سودائے غلط فہمی۔

---

[1] غلتیدن : ایک بار [مرکب]۔
غلتاں : ایک بار [مرکب]۔
غلتانی : ایک بار [مرکب]۔
غلتیدہ : ایک بار [مرکب]۔

[2] غلط : ایک بار [مرکب]۔
[3] غلط انداز : ایک بار [مرکب]۔
[4] غلط بردار : ایک بار۔
[5] غلط فہمی : ایک بار [مرکب]۔

غلطی[1]: دل دیا، جان کے کیوں اُس کو وفادار، اسدؔ — غلطی کی کہ جو کافر کو مسلماں سمجھا — ص ۱۳۷

[نیز دیکھیے: برخود غلطِ شوخیِ تاثیر، برخود غلطی ہاے تحمل، برخود غلطی ہاے عزیزاں]۔

غلطی ہاے مضامیں: غلطی ہاے مضامیں مت پوچھ — لوگ نالے کو رسا باندھتے ہیں — ص ۱۸۱

غلو[2]: ہم نہ تبلیغ کے مائل، نہ غلو کے قائل — دو دُعائیں ہیں کہ وہ دیتے ہیں نواب کو ہم — ص ۲۶۵

غم[3]: (۱) ہواے صبح یک عالم گریباں چاکیِ گل ہے — دہانِ زخم پیدا کر، اگر کھاتا ہے غم میرا — ص ۱۶

(۲) ہر عضو غم سے ہے شکن آسا شکستہ دل — جوں زلفِ یار ہوں میں سراپا شکستہ دل — ص ۵۱

(۳) طاقت فسانۂ باد، اندیشہ شعلہ ایجاد — اے غم ہنوز آتش! اے دل ہنوز خامی! — ص ۷۴

(۴) کیا غم ہے اُس کو جس کا علی سا امام ہو — اتنا بھی اے فلک زدہ! کیوں بے حواس ہے؟ — ص ۷۵

(۵) تیری اولاد کے غم سے ہے بروے گردوں — سلکِ اختر میں مہِ نو، مژۂ گوہر بار — ص ۱۳۳

(۶) مے ہی پھر کیوں نہ میں پیے جاؤں — غم سے جب ہو گئی ہو زیست حرام — ص ۱۳۷

(۷) غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے — غمِ عشق گر نہ ہوتا، غمِ روزگار ہوتا — ص ۱۶۰

(۸) رگِ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا — جسے غم سمجھ رہے ہو، یہ اگر شرار ہوتا — ص ۱۶۰

(۹)، (۱۰) ہوا جب غم سے یوں بے حس، تو غم کیا سر کے کٹنے کا — نہ ہوتا گر جدا تن سے، تو زانو پر دھرا ہوتا — ص ۱۶۰

(۱۱) غم سے مرتا ہوں، کہ اتنا نہیں دُنیا میں کوئی — کہ کرے تعزیتِ مہر و وفا میرے بعد — ص ۱۶۶

(۱۲) تم شہر میں ہو، تو ہمیں کیا غم، جب اُٹھیں گے — لے آئیں گے بازار سے، جاکر، دل و جاں اَور — ص ۱۷۱

(۱۳) غم اِس کو حسرتِ پروانہ کا ہے اے شعلے! — ترے لرزنے سے ظاہر ہے ناتوانیِ شمع — ص ۱۷۵

(۱۴) غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس — برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم — ص ۱۷۷

(۱۵) کیا شمع کے نہیں ہیں ہوا خواہ اہلِ بزم؟ — ہو غم ہی جاں گداز تو غم خوار کیا کریں! — ص ۱۹۱

(۱۶) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں — موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں؟ — ص ۱۹۳

(۱۷) مٹتا ہے فوتِ فرصتِ ہستی کا غم کوئی — عمرِ عزیز صرفِ عبادت ہی کیوں نہ ہو — ص ۱۹۳

---

[1] غلطی : ایک بار۔
غلطی ہا : ایک بار [مرکب]۔

[2] غلو : ایک بار۔

[3] غم : ایک سو آٹھ بار
[مفرد: پینتیس بار، مرکب: تہتر بار]۔
غم ہا : دو بار [مرکب]۔

(۱۸) کیا غم خوار نے رسوا، لگے آگ اس محبت کو! نہ لاوے تاب جو غم کی، وہ میرا رازداں کیوں ہو! ص ۱۹۹

(۱۹) ہستی کا اعتبار بھی غم نے مٹا دیا کس سے کہوں کہ داغ، جگر کا نشان ہے! ص ۲۰۳

(۲۰) تو وہ بدخو کہ تحیر کو تماشا جانے غم وہ افسانہ کہ آشفتہ بیانی مانگے ص ۲۰۹

(۲۱) از بس کہ سکھاتا ہے غم، ضبط کے اندازے جو داغ نظر آیا، اک چشم نمائی ہے ص ۲۱۰

(۲۲) غم، آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ہے عاشق کو چراغِ روشن اپنا، قلزمِ صرصر کا مرجاں ہے ص ۲۱۰

(۲۳) شادی سے گزر کہ غم نہ رہوے اُردی جو نہ ہو تو دے نہیں ہے ص ۲۲۹

(۲۴) گھر میں تھا کیا کہ ترا غم اُسے غارت کرتا وہ جو رکھتے تھے ہم اک حسرتِ تعمیر، سو ہے ص ۲۳۲

(۲۵) میری قسمت میں غم گر اتنا تھا دل بھی یارب کئی دیے ہوتے! ص ۲۳۳

(۲۶) غم کھانے میں بودا دلِ ناکام بہت ہے یہ رنج کہ کم ہے مۓ گلفام، بہت ہے ص ۲۳۵

(۲۷) بہت سہی غمِ گیتی، شراب کم کیا ہے غلامِ ساقیِ کوثر ہوں، مجھ کو غم کیا ہے! ص ۲۵۱

(۲۸) شب زلف و رُخِ عرق فشاں کا غم تھا کیا شرح کروں کہ طرفہ تر عالم تھا ص ۲۵۲

(۲۹) کہاں مجالِ سخن، سانس لے نہیں سکتا پڑی ہے غم کی مرے دل میں پیچ دار گرہ ص ۲۷۹

(۳۰) بیٹھ رہتا لے کے چشمِ پُرنم اُس کے روبرو کیوں کہا تو نے کہ: کہہ دل کا غم اُس کے روبرو ص ۲۸۹

(۳۱) غم نے جب گھیرا تو چاہا ہم نے یوں اے دل نواز! مستیِ چشمِ سیہ سے چل کے ہوویں چارہ ساز ص ۲۹۰

(۳۲) خوشی جینے کی کیا، مرنے کا غم کیا! ہماری زندگی کیا اور ہم کیا! ص ۲۹۳

(۳۳) پروانے کا نہ غم ہو، تو پھر کس لیے اسدؔ ہر رات شمع شام سے لے تا سحر جلے ص ۳۰۲

(۳۴) غیر کی مرگ کا غم کس لیے اے غیرتِ ماہ! ہیں ہوس پیشہ بہت، وہ نہ ہوا، اور سہی ص ۳۱۱

(۳۵) نقشہ نے کے اُتر جانے کے غم سے انگور صورتِ اشک بہ مژگانِ رگِ تاک چڑھا ص ۳۲۵

دیکھیے ——: (۳۶) آتشِ غم۔ (۳۷) آں سوے گریۂ غم۔ (۳۸) آشوبِ غم۔ (۳۹) التعاشِ غم۔ (۴۰) انجامِ شمارِ غم۔ (۴۱)، (۴۲) بندِ غم [دوبار]۔ (۴۳) بیماریِ غم۔ (۴۴) تاریکیِ زندانِ غم۔ (۴۵) ذوزشتیِ غم۔ (۴۶) دشتِ غم۔ (۴۷)، (۴۸) زہرِ غم [دوبار]۔ (۴۹) سرودِ حبِ غم۔ (۵۰) سوزِ غم۔ (۵۱)، (۵۲)، (۵۳) شامِ غم [تین بار]۔ (۵۴)، (۵۵)، (۵۶) شبِ غم [تین بار]۔ (۵۷) فوجِ دردِ غم۔ (۵۸) کثرتِ

غم۔(۵۹) مریضِ غم۔(۶۰) ناخنِ غم۔(۶۱) نغمہ ہائے غم۔(۶۲) نوحۂ غم۔(۶۳) واشدنِ عقدۂ غم۔(۶۴) ہجومِ غم۔

غم آرائی: دیکھیے: مشاطگی ہائے غم آرائی۔

غم آفریں: حسرت آبادِ جہاں میں، ہے الم غم آفریں — نوحہ، گویا خانہ زادِ نالۂ رنجور ہے ص۹۳

غمِ آوارگی ہائے صبا: دماغِ عطر پیراہن نہیں ہے — غمِ آوارگی ہائے صبا کیا! ص۱۵۷

غمِ اُلفت: دیکھیے:(۱) چارۂ غمِ اُلفت۔(۲) قحطِ غمِ اُلفت۔

غمِ بے دلی: شر و شورِ آرزو سے تب و تابِ عجز بہتر — نہ کرے اگر ہوس پر غمِ بے دلی گرانی ص۱۰

غمِ تسخیر نالہ: دیکھیے: یک سبب غمِ تسخیر نالہ۔

غمِ پنہاں: (۱) وہ مری چینِ جبیں سے غمِ پنہاں سمجھا — رازِ مکتوب بہ بے ربطیِ عنواں سمجھا ص۱۲۷

(۲) رخصتِ نالہ مجھے دے کہ مبادا ظالم! — تیرے چہرے سے ہو ظاہر غمِ پنہاں میرا ص۱۵۳

(۳) دیکھیے: کشاکشِ غمِ پنہاں۔

غمِ چند: دیکھیے: گرفتارِ غمِ چند۔

غمِ خار: جوہرِ دستِ دعا آئنہ، یعنی تاثیر — یک طرف نازشِ مژگان و دگر سو غمِ خار ص۱۳۲

غمِ دام و درمِ چند: دیکھیے: زیرِ بارِ غمِ دام و درمِ چند۔

غمِ دل: (۱) نکتہ چیں ہے، غمِ دل اُس کو سنائے نہ بنے — کیا بنے بات، جہاں بات بنائے نہ بنے ص۲۳۶

(۲) دیکھیے: مکتبِ غمِ دل۔

غمِ دُنیا: غمِ دُنیا سے گر پائی بھی فرصت سر اُٹھانے کی — فلک کا دیکھنا، تقریب تیرے یاد آنے کی ص۲۰۲

غمِ دوعالم: اسدؔ بہ نازکیِ طبعِ آرزو انصاف! — کہ ایک وہمِ ضعیف و غمِ دوعالم ہے ص۱۰۲

غمِ روزگار: (۱) ہم مشرقِ فکرِ وصل، و غمِ ہجر سے اسدؔ — لائق نہیں رہے ہیں غمِ روزگار کے ص۸۰

(۲) کم جانتے تھے ہم بھی غمِ عشق کو، پر اب — دیکھا تو کم ہوئے پہ غمِ روزگار تھا ص۱۵۳

(۳) غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے — غمِ عشق گر نہ ہوتا، غمِ روزگار ہوتا ص۱۶۰

غم زدہ: (۱) جس دن سے کہ ہم غم زدہ زنجیر بہ پا ہیں — کپڑوں میں جوئیں، بخیے کے ٹانکوں سے سوا ہیں ص۲۹۸

(۲) افسانہ اسدؔ بہ ایں درازی! — اے غم زدہ! قصہ مختصر کر — ص ۳۲۸

غمِ زمانہ: غمِ زمانہ نے جھاڑی نشاطِ عشق کی مستی — وگرنہ ہم بھی اُٹھاتے تھے لذّتِ الم آگے — ص ۳۲۷

غمِ قتیر: غمِ قتیر سے ہو سینہ یہاں تک لبریز — کہ رہیں خونِ جگر سے مری آنکھیں رنگیں — ص ۳۵

غمِ عجز: غمِ عجز کا سفینہ بہ کنار بے دلی ہے — مگر ایک شہ پہ شور کرے ساز بادبانی — ص ۱۰

غمِ عشاق: غمِ عشاق نہ ہو سادگی آموزِ بتاں — کس قدر خانۂ آئینہ ہے ویراں مجھ سے! — ص ۲۱۱

غمِ عشق: دیکھیے ———: (۱) غمِ روزگار [۲]۔ (۲) غمِ روزگار [۳]۔ (۳) نشاطِ داغِ غمِ عشق۔

غمِ فراق: غمِ فراق میں تکلیفِ سیرِ باغ نہ دو — مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا — ص ۱۳۷

غمِ فرقت: ہے مجھے، ابرِ بہاری کا برس کر کھلنا — روتے روتے غمِ فرقت میں فنا ہو جانا — ص ۱۵۶

غمِ گیتی: (۱) ذرہ معنی سے مرا صفحہ: لقا کی داڑھی — غمِ گیتی سے مرا سینہ: عمر کی زنبیل — ص ۱۳۳

(۲) بہت سہی غمِ گیتی، شراب کم کیا ہے — غلامِ ساقیِ کوثر ہوں، مجھ کو غم کیا ہے — ص ۲۵۱

غمِ مجنوں: غمِ مجنوں عزادارانِ لیلیٰ کا پرستش گر — خمِ رنگِ سیہ پیمانہ ہر چشمِ آہو تھا — ص ۳۲

غمِ محرومیِ جاوید: گردشِ رنگِ طرب سے ڈر ہے — غمِ محرومیِ جاوید نہیں — ص ۱۸۳

غمِ واندوہ: پہلو تہی نہ کر غم و اندوہ سے اسدؔ — دل وقفِ درد رکھ کہ فقیروں کا مال ہے — ص ۷۵

غم و رنج والم: ہاں فراوانی اگر کچھ ہے، تو ہے آفات میں — بجز غم و رنج والم، گھاٹا ہے ہر یک بات میں — ص ۲۹۰

غم وشادی: (۱) جہاں میں ہو غم و شادی بہم، ہمیں کیا کام! — دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں — ص ۱۹۲

(۲) دیکھیے: فرقِ غم وشادی۔

غم وعشرت: غم و عشرت قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں ہے — دعائے مدعا گم کردگاں لبریزِ آمیں ہے — ص ۸۹

غم ہائے پنہاں: کیا کروں! غم ہائے پنہاں لے گئے صبر و قرار — دزد گر ہو خانگی، تو پاسباں معذور ہے — ص ۹۳

غم ہائے نہانی: دیکھیے: سوزِ غم ہائے نہانی۔

غمِ ہجر: ہم مشقِ فکرِ وصل و غمِ ہجر سے اسدؔ — لائق نہیں رہے ہیں غمِ روزگار کے — ص ۸۰

غمِ ہجراں: دیکھیے: تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں۔

غمِ ہجراں چشیدہ: دیکھیے: جلّیِ غمِ ہجراں چشیدہ۔

غمِ ہستی: غمِ ہستی کا اسدؔ کس سے ہو جُز مرگ، علاج — شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہوتے تک — ص۱۷۵

غم خانہ[۱]: (۱) میرے غم خانے کی قسمت جب رقم ہونے لگی — لکھ دیا منجملۂ اسبابِ ویرانی مجھے — ص۲۳۲

(۲) دیکھیے: گوشۂ غم خانہ۔

غمخوار[۲]: (۱) میں بھی رُک رُک کے نہ مرتا، جو زباں کے بدلے — دشنہ اک تیز سا ہوتا مرے غم خوار کے پاس — ص۱۷۳

(۲) کیا شمع کے نہیں ہیں ہوا خواہ اہلِ بزم؟ — ہو غم ہی جاں گداز تو غم خوار کیا کریں! — ص۱۹۱

(۳) کیا غم خوار نے رسوا، لگے آگ اس محبّت کو! — نہ لاوے تاب جو غم کی، وہ میرا راز داں کیوں ہو؟ — ص۱۹۹

(۴) اپنے دل ہی سے، میں احوالِ گرفتاریِ دل — جب نہ پاؤں کوئی غم خوار، کہوں یا نہ کہوں؟ — ص۲۹۸

غمخوارِ جانِ دردمند: جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغِ جگر ہدیہ — مبارک باد اسدؔ! غم خوارِ جانِ دردمند آیا — ص۱۳۲

غمخوارِ دوست: غیر یوں کرتا ہے میری پُرسش اُس کے ہجر میں — بے تکلّف دوست ہو جیسے کوئی غمخوارِ دوست — ص۱۹۳

غمخوارگی: کیوں مری غم خوارگی کا تجھ کو آیا تھا خیال؟ — دشمنی اپنی تھی، میری دوست داری، ہائے ہائے! — ص۲۰۳

غمخواری: دوست غم خواری میں میری، سعی فرماویں گے کیا؟ — زخم کے بھرتے تلک ناخون نہ بڑھ جاویں گے کیا؟ — ص۱۵۵

غم کدہ[۳]: دیکھیے: ہر درو دیوارِ غم کدہ۔

غمگسار[۴]: یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست، ناصح — کوئی چارہ ساز ہوتا، کوئی غم گسار ہوتا! — ص۱۶۰

غمگساری: تیرے دل میں گر نہ تھا آشوبِ غم کا حوصلہ — تو نے پھر کیوں کی تھی میری غم گساری، ہائے ہائے! — ص۲۰۳

غمگیں[۵]: دیکھیے ——: (۱) خاطرِ غمگیں۔ (۲) یارانِ غمگیں۔

غمگینی: دیکھیے: باوجودِ غمگینی۔

غمناک[۶]: اِس رنگ سے اُٹھائی کل اُس نے اسدؔ کی نعش — دشمن بھی جس کو دیکھ کے غمناک ہو گئے — ص۲۲۹

غمّاز[۷]: (۱) شرم، ہے طرزِ تلاشِ انتخابِ یک نگاہ — اضطرابِ چشمِ برپا دوختہ، غمّاز ہے — ص۸۲

---

۱ غم خانہ : دو بار۔

۲ غمخوار : چھے بار [مفرد: چار بار، مرکب: دو بار]۔

غمخوارگی : ایک بار۔

غمخواری : ایک بار۔

۳ غم کدہ : ایک بار [مرکب]۔

۴ غمگسار : ایک بار۔

غمگساری : ایک بار۔

۵ غمگین : دو بار [مرکب]۔

غمگینی : ایک بار [مرکب]۔

۶ غمناک : ایک بار۔

۷ غمّاز : دو بار۔

غمّازی : ایک بار۔

(۲) میں تو دیوانہ ہوں اور ایک جہاں ہے غمّاز — گوش ہیں در پسِ دیوار، کہوں یا نہ کہوں؟ ص ۲۹۸

غمّازی: تا کرے نہ غمّازی، کرلیا ہے دشمن کو — دوست کی شکایت میں، ہم نے ہم زباں اپنا ص ۱۵۹

غمزہ[۱]: (۱) ہاتھ سے رکھ دی کب ابرو نے کماں؟ — کب کمرے غمزے کی خنجر کھلا؟ ص ۱۳۰

(۲) حُسن، غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد — بارے، آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد ص ۱۲۶

(۳) اے ترا غمزہ یکقلم انگیز — اے ترا ظلم: سر بسر انداز ص ۱۷۲

دیکھیے ——: (۴) دشنۂ غمزہ۔ (۵) ناز و غمزہ۔ (۶) نیم غمزہ۔

غمزہ و عشوہ و ادا: یہ پری چہرہ لوگ کیسے ہیں؟ — غمزہ و عشوہ و ادا کیا ہے؟ ص ۲۳۸

غمزۂ چشمِ کبود: دیکھیے: پامالِ غمزۂ چشمِ کبود۔

غمزۂ خوں ریز: دیکھیے: خلشِ غمزۂ خوں ریز۔

غمزہ ہائے ناز: دیکھیے: خلشِ غمزہ ہائے ناز۔

غنا[۲]: دیکھیے: عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا۔

غنچگی[۳]: (۱) گُل، غنچگی میں غرقۂ دریائے رنگ ہے — اے آگہی! فریبِ تماشا کہاں نہیں ص ۵۷

(۲) غنچگی ہے، بر نفسِ پیچیدنِ فکر اے اسدؔ! — واشگفتن ہائے دل در رہنِ مضموں ہے مجھے ص ۱۰۰

غنچوں: (۱) حُسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمی ہائے ناز — عشق نے وا کی ہے ہر یک خار سے مژگانِ عجز ص ۴۳

(۲) اُنھیں کی سال گرہ کے لیے ہے سال بہ سال — کہ لائے غیب سے غنچوں کی نو بہار، گرہ ص ۴۷۹

غنچہ[۴]: (۱) ہر کفِ خاک، جگر تشنۂ صد رنگ ظہور — غنچے کے مے کدے میں مستِ تامّل ہے بہار ص ۳

(۲) ناز پروردۂ صد رنگ تمنا ہوں، ولے — پرورش پائی ہے جوں غنچہ بہ خونِ اظہار ص ۹

(۳) چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تامّل ہنوز — غنچے میں دل تنگ ہے حوصلۂ گُل ہنوز ص ۴۲

(۴) گر کرے انجام کو آغاز ہی میں یاد، گُل — غنچے سے منقارِ بلبل وار ہو فریاد، گل ص ۵۲

---

۱ غمزہ : نو بار [مفرد: تین بار، مرکب: چھے بار]۔
غمزہ ہا : ایک بار۔
۲ غنا : ایک بار [مرکب]۔
۳ غنچگی : دو بار۔
۴ غنچہ : تینتالیس بار [مفرد: تیرہ بار، مرکب: تیس بار]۔
غنچوں : دو بار۔
غنچے : ایک بار [بطورِ جمع]۔

(۵) اسدؔ بندِ قبائے یار، ہے فردوس کا غنچہ | اگر وا ہو تو دکھلا دوں کہ یک عالم گلستاں ہے ص۸۱

(۶) درِبِ نیرنگ ہے کس موجِ نگہ کا یارب | غنچہ، صد آئنہ زانوے گلستاں زدہ ہے ص۱۰۹

(۷) غنچہ پھر لگا کھلنے، آج ہم نے اپنا دل | خوں کیا ہوا دیکھا، گم کیا ہوا پایا ص۱۳۳

(۸) گلشن کو تری صحبت از بس کہ خوش آئی ہے | ہر غنچے کا گل ہونا، آغوش کشائی ہے ص۲۱۰

(۹) ہے عدم میں غنچہ محوِ عبرتِ انجامِ گل | یک جہاں زانو تامّل در قفائے خندہ ہے ص۲۱۵

(۱۰) غنچہ تا شگفتن ہا برگِ عافیت معلوم! | باوجودِ دل جمعی، خوابِ گل پریشاں ہے ص۲۱۷

(۱۱) فشارِ تنگیِ خلوت سے بنتی ہے شبنم | صبا جو غنچے کے پردے میں جا نکلتی ہے ص۲۱۸

(۱۲) بس کہ شرمندۂ بوئے خوشِ گل رویاں ہے | نکہتِ گل کو ہے غنچے میں نفس دزدیدن ص۳۵۰

(۱۳) نہ دیکھا کوئی ہم نے آشیاں بلبل کا گلشن میں | کہ جس کے در پہ غنچہ شکلِ قفلِ زر نہیں ہوتا ص۴۴۵

دیکھیے ——: (۱۴) بزمِ غنچہ۔ (۱۵) بوے غنچہ۔ (۱۶) جَیبِ خلوت کدۂ غنچہ۔ (۱۷) دیدِ یک غنچہ۔ (۱۸) زبانِ غنچہ۔ (۱۹) گرہِ غنچہ۔ (۲۰) گرہِ غنچہ۔ (۲۱) گل و غنچہ (۲۲) مثلِ غنچہ۔ (۲۳) ہر غنچہ۔ (۲۴) یک غنچہ۔

غنچہ و گل: (۱) جوں غنچہ و گل آفتِ فالِ نظر نہ پوچھ | پیکاں سے تیرے جلوۂ زخم آشکار تھا ص۱۷

(۲) بجائے غنچہ و گل، ہے ہجومِ خار و خس یہاں تک | کہ صرفِ بخیۂ دامن ہوا ہے خندہ گلچیں کا ص۲۸

غنچۂ باغ: دیکھیے: خلوت کدۂ غنچۂ باغ۔

غنچۂ پیکاں نگار: زخمِ دل میں ہے نہاں غنچۂ پیکانِ نگار | جلوۂ باغ ہے در پردۂ ناسور ہنوز ص۴۵

غنچۂ پیکانِ شاخِ ناوکِ صیاد: گلشن آبادِ دلِ مجروح میں ہو جائے ہے | غنچۂ پیکانِ شاخِ ناوکِ صیاد، گل ص۵۲

غنچۂ تمنا: اے غنچۂ تمنا، یعنی کفِ نگاریں! | دل دے، تو ہم بتا دیں مٹھی میں تیری کیا ہے ص۹۵

غنچۂ خاطر: (۱) یک جہاں گل، بتختۂ مشقِ شگفتن ہے اسدؔ | غنچۂ خاطر رہا افسردگی مانوس و بس ص۴۶

(۲) دیکھیے: کشودِ غنچۂ خاطر۔

غنچۂ گل: (۱) شمع رویوں کی سر انگشتِ حنائی دیکھ کر | غنچۂ گل، پرفشاں پروانہ آسا جل گیا ص۲۰

(۲) ہر غنچۂ گل، صورتِ یک قطرۂ خوں ہے | دیکھا ہے کسو کا جو حنا بستہ سر انگشت ص۳۲

(۳) وہ گل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے غالبؔ | چٹکنا غنچۂ گل کا، صدائے خندۂ دل ہے ص۲۰۸

دیکھیے ـــــــ: (۴) روے غنچۂ گل ـ (۵) طفلِ شوخِ غنچۂ گل ـ

غنچۂ گلگیر:	وقتِ حُسن افروزیِ زینت ترازاں، جاے گل	ہر نہالِ شمع میں اک غنچۂ گلگیر ہے	ص۹۵
غنچۂ لالہ:	غنچۂ لالہ سیہ مستِ جوانی ہے ہنوز	شبنمِ صبح، ہوئی رعشۂ اعضاے بہار	ص۳
غنچۂ لبریز بہار:	مطلعِ تازہ ہوا موجۂ کیفیتِ دل	جامِ سرشار ہے و غنچۂ لبریز بہار	ص۵۲
غنچۂ منقارِ طوطی:	زبس ہر شمع یہاں آئینۂ حیرت پرستی ہے	کرے ہیں غنچۂ منقارِ طوطی نقش گلگیریں	ص۹۳
غنچۂ منقارِ گل:	ہو جو بلبل پیرو فکرِ اسدؔ	غنچۂ منقار گل ہو زیرِ بال	ص۵۱
غنچۂ ناشگفتہ:	غنچۂ ناشگفتہ کو دور سے مت دکھا کہ یوں	بوسے کو پوچھتا ہوں میں، منہ سے مجھے بتا کہ یوں	ص۱۷۵
غنچے:	گل کھلے، غنچے چٹکنے لگے اور صبح ہوئی	سرخوشِ خواب ہے وہ نرگسِ مخمور ہنوز	ص۳۵
غنی[1]:	فریاد اسدؔ بے نگہی ہاے بتاں سے!	سچ کہتے ہیں واللہ کہ اللہ غنی ہے	ص۱۱۱
غنیمت[2]:	(۱) بوسہ کیسا، یہی غنیمت ہے	کہ نہ سمجھیں وہ لذتِ دشنام	ص۱۳۷
	(۲) نغمہ ہاے غم کو بھی اے دل! غنیمت جانیے	بے صدا ہو جائے گا یہ سازِ ہستی ایک دن	ص۱۷۹
	(۳) عشرتِ صحبتِ خوباں ہی غنیمت سمجھو	نہ ہوئی غالبؔ اگر عمرِ طبیعی، نہ سہی	ص۲۰۹
	(۴) ہے غنیمت کہ بہ اُمید گزر جائے گی عمر	نہ ملے داد، مگر روزِ جزا ہے تو سہی	ص۳۱۱
غواص[3]:	نہاں ہے گوہرِ مقصود جیبِ خود شناسی میں	کہ یہاں غواص ہے تمثال اور آئینہ دریا ہے	ص۸۳
غور[4]:	اور میں وہ ہوں کہ گر جی میں کبھی غور کروں	غیر کیا، خود مجھے نفرت مری اوقات سے ہے	ص۱۲۸
غوغا[5]:	(۱) اسدؔ اے ہرزہ درا! نالہ بہ غوغا تا چند	حوصلہ تنگ نہ کر بے سبب آزاروں کا	ص۲۸
	(۲) دیکھیے: طاقتِ غوغا ـ		
غوغاے جرس:	حیرت، اپنے نالۂ بیدرد سے غفلت بنی	راہِ خوابیدہ کو غوغاے جرس، افسانہ تھا	ص۲۵
غوطہ[6]:	(۱) بے درد، سر بہ سجدۂ اُلفت فرو نہ ہو	جوں شمع غوطہ داغ میں کھا، گر وضو نہ ہو	ص۶۷
	(۲) میں نے جنوں سے کی جو اسدؔ التماسِ رنگ	خونِ جگر میں ایک ہی غوطہ دیا مجھے	ص۷۶

[1] غنی : ایک بار ـ
[2] غنیمت : چار بار ـ
[3] غواص : ایک بار ـ
[4] غور : ایک بار ـ
[5] غوغا : تین بار [مرکب] ـ
[6] غوطہ : تین بار ـ

(۳) دل نے سُن کر، کانپ کر، کھا پیچ و تاب — غوطے میں جا کر، دیا کٹ کر جواب ص۲۶۶

غیب[1]: (۱) اے شاہِ جہاں گیرِ جہاں بخشِ جہاں دار! — ہے غیب سے ہر دم تجھے صد گونہ بشارت ص۱۲۷

(۲) آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں — غالبؔ! صریرِ خامہ نوائے سروش ہے ص۲۳۰

(۳) اُنھیں کی سال گرہ کے لیے ہے سال بہ سال — کہ لائے غیب سے غنچوں کی نو بہار گرہ ص۲۷۹

(۴) دیکھیے: ہاتفِ غیب۔

غیب غیب[2]: ہے غیبِ غیب، جس کو سمجھتے ہیں ہم شہود — ہیں خواب میں ہنوز، جو جاگے ہیں خواب میں ص۱۸۹

غیر[3] [۱]: (۱) تجھ میں اور غیر میں نسبت ہے، ولیکن بہ تضاد — وصیِ ختمِ رُسُل تو ہے بہ فتوائے یقیں ص۹

(۲) تھی میرے ہی جلانے کو اے آہِ شعلہ ریز! — گھر پر پڑا نہ غیر کے کوئی شرار، حیف! ص۴۹

(۳) اور میں وہ ہوں کہ گر جی میں کبھی غور کروں — غیر کیا، خود مجھے نفرت مری اوقات سے ہے ص۱۲۸

(۴) رشک کہتا ہے کہ اُس کا غیر سے اخلاص، حیف! — عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا؟ ص۱۲۹

(۵) اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا — غیر نے کی آہ، لیکن وہ خفا مجھ پر ہوا ص۱۵۱

(۶) بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں، ورنہ — سبب کیا، خواب میں آ کر تبسم ہائے پنہاں کا ص۱۵۷

(۷) دیکھ کر غیر کو، ہو کیوں نہ کلیجا ٹھنڈا؟ — نالہ کرتا تھا، ولے طالبِ تاثیر بھی تھا ص۱۵۹

(۸) غیر یوں کرتا ہے میری پرسش اُس کے ہجر میں — بے تکلف دوست ہو جیسے کوئی غم خوارِ دوست ص۱۶۳

(۹) غیر کی منت نہ کھینچوں گا پَئے توفیرِ درد — زخم، مثلِ خندۂ قاتل ہے سر تا پا نمک ص۱۷۵

(۱۰) غیر سے رات کیا بنی؟ یہ جو کہا، تو دیکھیے — سامنے آن بیٹھنا اور یہ دیکھنا کہ یوں ص۱۷۸

(۱۱) میں نے کہا کہ بزمِ ناز چاہیے غیر سے تہی — سُن کے، ستم ظریف نے مجھ کو اُٹھا دیا کہ یوں؟ ص۱۷۸

(۱۲) ہو گئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر — عشق کا اُس کو گماں ہم بے زبانوں پر نہیں ص۱۸۳

(۱۳) زخم سلوانے سے، مجھ پر چارہ جوئی کا ہے طعن — غیر سمجھا ہے کہ لذت زخمِ سوزن میں نہیں ص۱۸۵

(۱۴) ذکر میرا بہ بدی بھی اُسے منظور نہیں — غیر کی بات بگڑ جائے تو کچھ دور نہیں ص۱۸۵

(۱۵) کی وفا ہم سے، تو غیر اُس کو جفا کہتے ہیں — ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں ص۱۸۷

---

[1] غیب : چار بار [مفرد: تین بار، مرکب: ایک بار]۔
[2] غیب غیب : ایک بار۔
[3] غیر : بیالیس بار [مفرد: اُنتیس بار، مرکب: تیرہ بار]۔
غیروں : دو بار۔

(١٦) دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں — بیٹھے ہیں رہ گزر پہ ہم، غیر ہمیں اُٹھائے کیوں — ص۱۹۳

(١٧) وارستگی، بہانۂ بیگانگی نہیں — اپنے سے کر، نہ غیر سے، وحشت ہی کیوں نہ ہو — ص۱۹۳

(١٨) تم جانو، تم کو غیر سے جو رسم و راہ ہو — مجھ کو بھی پوچھتے رہو تو کیا گناہ ہو — ص۱۹۶

(١٩) کہا تم نے کہ کیوں ہو غیر کے ملنے میں رسوائی؟ — بجا کہتے ہو، سچ کہتے ہو، پھر کہیو کہ ہاں کیوں ہو؟ — ص۲۰۰

(٢٠) کیا خوب! تم نے غیر کو بوسہ نہیں دیا؟ — بس چپ رہو، ہمارے بھی مُنہ میں زباں ہے — ص۲۰۳

(٢١) ہم بھی دشمن تو نہیں ہیں اپنے — غیر کو تجھ سے محبت ہی سہی — ص۲۲۰

(٢٢) غیر کو یارب! وہ کیوں کر منعِ گستاخی کرے؟ — گر حیا بھی اُس کو آتی ہے تو شرما جائے ہے — ص۲۲۱

(٢٣) دشمنی نے میری کھویا غیر کو — کس قدر دشمن ہے، دیکھا چاہیے — ص۲۲۳

(٢٤) در پردہ اُنھیں غیر سے ہے ربطِ نہانی — ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ پردا نہیں کرتے — ص۲۳۵

(٢٥) صحبت میں غیر کی نہ پڑی ہو کہیں یہ خو — دینے لگا ہے بوسہ بغیر التجا کیے — ص۲۴۳

(٢٦) غیر پھرتا ہے لیے یوں ترے خط کو کہ اگر — کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے؟ تو چھپائے نہ بنے — ص۲۴۶

(٢٧) غیر لیں محفل میں بوسے جام کے — ہم رہیں یوں تشنہ لب پیغام کے — ص۲۵۰

(٢٨) غیر کی مرگ کا غم کس لیے اے غیرتِ ماہ! — ہیں ہوس پیشہ بہت، وہ نہ ہوا، اور سہی — ص۳۱۱

(٢٩) غیر سے، دیکھیے کیا خوب نباہی اُس نے — نہ سہی ہم سے، پر اُس بت میں وفا ہے تو سہی — ص۳۱۱

دیکھیے ـــــــ: (٣٠) بزمِ غیر۔ (٣١) بیداد رشکِ غیر۔ (٣٢) تذکرۂ غیر۔ (٣٣) تیرِ غیر۔ (٣٤) دیارِ غیر۔ (٣٥) ذکرِ وصلِ غیر۔ (٣٦) سپہرِ بزمِ وصلِ غیر۔ (٣٧) سگِ غیر۔ (٣٨) سوئے غیر۔ (٣٩) مثلِ نقشِ مدعائے غیر۔ (٣٠) منعِ دخلِ غیر۔ (٣١) وہمِ غیر۔

غیروں: (١) گئے وہ دن کہ نادانستہ، غیروں کی وفاداری — کیا کرتے تھے تم تقریر، ہم خاموش رہتے تھے — ص۱۲۳

(٢) غیروں سے اُسے گرمِ سخن دیکھ کے غالبؔ — میں رشک سے جوں آتشِ خاموش رہا گرم — ص۳۲۸

غیرِ[1] از اسطکاک در: دل کو اظہارِ سخن، اندازِ فتح الباب ہے — یہاں صریرِ خامہ، غیر از اسطکاکِ در نہیں — ص۹۲

غیر از بے دماغی ہا: نہیں ہے سرنوشتِ عشق غیر از بے دماغی ہا — جبیں پر میری مدِ خامۂ قدرت، خطِ چیں ہے — ص۸۹

---

[1] غیر[۲] : اکیس بار [مرتب]۔

غیر از بیضۂ قمری:	چمن میں کچھ نہ چھوڑا تو نے غیر از بیضۂ قمری	عدم میں بہرِ فرقِ سرو مُشتِ خاک باقی ہے	ص۱۰۷
غیر از پنبۂ مینا:	ہو سکے ہے پردۂ جوشیدنِ خونِ جگر	اشک بعدِ ضبط، غیر از پنبۂ مینا نہیں	ص۶۵
غیر از جانبِ دریا:	نہیں ہے بازگشتِ سیل غیر از جانبِ دریا	ہمیشہ دیدۂ گریاں کو آبِ رفتہ در جُو تھا	ص۲۲
غیر از جُنبشِ دامانِ باد:	دیا داغِ جگر کو آہ نے ساماں شگفتن کا	نہ ہو بالیدہ غیر از جُنبشِ دامانِ باد، آتش	ص۲۷
غیر از شمعِ کافوری:	نہ دیکھیں روئے یک دل سرد، غیر از شمعِ کافوری	خدایا! اِس قدر بزمِ اسدؔ گرمِ تماشا ہو	ص۶۷
غیر از شکستہ حالی:	دیکھا نہیں ہے ہم نے بہ عشقِ بتاں اسدؔ	غیر از شکستہ حالی و حسرت کشیدگی	ص۲۵۲
غیر از گردباد:	اگر مضمونِ خاکستر کرے دیباچہ آرائی	نہ باندھے شعلۂ جوالہ غیر از گرد باد، آتش	ص۲۷
غیر از گوشہ گیری ہا:	صفا کب جمع ہو سکتی ہے غیر از گوشہ گیری ہا	صدف بن قطرۂ نیساں اسدؔ گوہر نہیں ہوتا	ص۲۲۵
غیر از نقشِ خود بینی:	چشم بندِ خلق غیر از نقشِ خود بینی نہیں	آئنہ ہے قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست	ص۳۳
غیر از نگاہ:	وا کر دیے ہیں شوق نے بندِ نقابِ حُسن	غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا	ص۱۵۳
غیر از نگہ:	تماشا کردنی ہے انتظارِ آبادِ حیرانی	نہیں غیر از نگہ، جوں نرگستاں فرشِ محفل ہا	ص۲۳
غیر از نگہِ دیدۂ تصویر:	شوق اُس دشت میں دوڑائے ہے مجھ کو کہ جہاں	جادہ، غیر از نگہِ دیدۂ تصویر نہیں	ص۱۸۲
غیر از وحشتِ مجنوں:	شوخیِ اظہار غیر از وحشتِ مجنوں نہیں	لیلیِ معنی اسدؔ محمل نشینِ راز ہے	ص۸۲
غیرِ اطاعت:	سہرا لکھا گیا ز رہِ امتثالِ امر	دیکھا کہ چارہ غیرِ اطاعت نہیں مجھے	ص۱۲۵
غیرِ پامالی:	نہیں ہے مزرعِ اُلفت میں حاصل غیرِ پامالی	نظر دانہ، سرِ شکِ بر زمیں اُفتادہ، آتا ہے	ص۹۸
غیرِ جلوۂ گل:	یہ کس بہشت شمائل کی آمد آمد ہے!	کہ غیرِ جلوۂ گل، رہگذر میں خاک نہیں	ص۱۸۳
غیرِ شیشہ:	نظرے سوئے کہستاں، نہیں غیرِ شیشہ ساماں	جو گداز دل ہو مطلب تو چمن ہے سنگ جانی	ص۹
غیرِ گل:	دل سے اُٹھا لطفِ جلوہ ہائے معانی	غیرِ گل، آئینۂ بہار نہیں ہے	ص۲۰۸
غیرِ یار:	ہے تصور، صافیِ قطعِ نظر از غیرِ یار	لختِ دل سے لاوے ہے شمعِ خیال آباد، گل	ص۵۲
غیرتِ[۱] اُلفت:	ہے غیرتِ اُلفت کہ اسدؔ اُس کی ادا پہ	گر دیدہ و دل صلح کریں، جنگ نکالوں	ص۶۱
غیرتِ صد آفتاب:	دیکھ اے اسدؔ بہ دیدۂ باطن کہ ظاہرا	ہر ایک ذرّہ، غیرتِ صد آفتاب ہے	ص۲۵۲

---

۱ غیرت : چار یار [مرتب]۔

غیرتِ صرصر: تو سمن شہ میں ہے وہ خوبی کہ جب تھان سے وہ غیرتِ صرصر کھلا ص۱۳۹

غیرتِ ماہ: غیر کی مرگ کا غم کس لیے اے غیرتِ ماہ! ہیں ہوس پیشہ بہت، وہ نہ ہوا، اور سہی ص۲۱۱

غیور[1]: دیکھیے: جلوۂ حسنِ غیور۔

---

[1] غیور : ایک بار [مرتب]۔

ف

فارسی[1]: دیکھیے: رشکِ فارسی

فارغ[2]: فارغ مجھے نہ جان کہ مانندِ صبح و مہر ہے داغِ عشق زینتِ جیبِ کفن ہنوز ص۱۷۱

(۲) قطرہ قطرہ، اک ہیولیٰ ہے نئے ناسور کا خوں بھی ذوقِ درد سے فارغ مرے تن میں نہیں ص۱۸۵

(۳) آرائشِ جمال سے فارغ نہیں ہنوز پیشِ نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں ص۱۸۹

فاقہ مستی[3]: قرض کی پیتے تھے مے، لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن ص۱۷۹

فالِ[4] دوجہاں خوابِ پریشاں زدہ: بے تماشا نہیں جمعیتِ چشمِ بسمل مژہ، فالِ دوجہاں خوابِ پریشاں زدہ ہے ص۱۰۹

فالِ رُسوائی: دیکھتا ہوں وحشتِ شوقِ خروش آمادہ سے فالِ رُسوائی سرشکِ سر بہ صحرا دادہ ہے ص۸۹

فالِ مقصود چراغِ کشتہ: ہے دلِ افسردہ، داغِ شوخیٔ مطلب اسدؔ! شعلہ، آخر فالِ مقصودِ چراغِ کشتہ ہے ص۸۰

فالِ نظر: دیکھیے: آفتِ فالِ نظر۔

فالِ ہستی: فالِ ہستی خار خار وحشتِ اندیشہ ہے شوخیٔ سوزن سے ساماں پیرہن کی فکر میں ص۹۳

فام[5]: دیکھیے: (۱) فلکِ آبگینہ فام۔ (۲) نیلی فام۔

فانوس[6]: حیرت سے ترے جلوے کی از بس کہ ہیں بیکار نور قطرۂ شبنم میں ہے [illegible] ص۲۰۹

(۲) روشن ہوئی یہ بات دمِ نزع کہ آخر فانوس [illegible]

---

[1] فارسی : ایک بار [مرکب]۔
[2] فارغ : تین بار۔
[3] فاقہ مستی : ایک بار۔
[4] فال
[5] فام
[6] فانوس

دیکھیے:(٣) خار کسوتِ فانوس۔(۴) صرفِ چاکِ پردۂ فانوس۔

فانوسِ شمع: فانوسِ شمع ہے کفنِ کشتگانِ شوق — در پردہ ہے معاملۂ سوختن ہنوز ص ۴۲

(۲) عاشق، نقابِ جلوۂ جاناں نہ چاہیے — فانوسِ شمع کو پرِ پروانہ چاہیے ص ۸۴

فائدہ[1]: (١) سمجھا ہوا ہوں عشق میں نقصاں کو فائدہ — جتنا کہ ناامید تر، اُمیدوار تر ص ۴۱

(۲) کرتے ہوئے تصورِ یار آئے بے حیا — کیا فائدہ کہ منّتِ بیگانہ کھینچیے ص ۱۰۵

(٣) زخمِ دل پر باندھیے حلوائے مغزِ استخواں — تندرستی فائدہ اور ناتوانی مفت ہے ص ۱۱۴

(۴) فائدہ کیا؟ سوچ، آخر تو بھی دانا ہے اسدؔ! — دوستی ناداں کی ہے، جی کا زیاں ہوجائے گا ص ۱۵۱

(۵) ہمارے شعر ہیں اب صرف دل لگی کے اسدؔ! — کھلا کہ فائدہ عرضِ ہنر میں خاک نہیں ص ۱۸۳

(۶) گر خامشی سے فائدہ اخفائے حال ہے — خوش ہوں کہ میری بات سمجھنی محال ہے ص ۲۰۵

(۷) چاکِ جگر سے جب رہِ پرسش نہ وا ہوئی — کیا فائدہ کہ جیب کو رُسوا کرے کوئی ص ۲۱۵

فائز المرام[2]: جو وہاں نہ کہہ سکا، وہ لکھا ہے حضور کو — دیں آپ میری داد کہ ہوں فائز المرام ص ۲۸۳

فتادگی[3]: فتادگی میں قدم اُستوار رکھتے ہیں — بہ رنگِ جادہ سرِ کوئے یار رکھتے ہیں ص ۹۳

فتادہ[4]: دیکھیے: دایہ فتادہ۔

فتادہ خاطر: ہے سنگِ ظلمِ چرخ سے بے خانے میں اسدؔ! — صہبا فتادہ خاطر و مینا شکستہ دل ص ۵۱

فتح[5]: اہلِ ہوس کی فتح ہے ترکِ نبردِ عشق — جو پانو اُٹھ گئے، وہی اُن کے علم ہوئے ص ۲۲۷

فتح الباب[6]: (١) کھول کر دروازۂ مے خانہ بولا مے فروش — اب شکستِ توبۂ مے خواروں کو فتح الباب ہے ص ۳۰۴

(۲) دیکھیے: اندازِ فتح الباب۔

فتح و ظفر: سپہ کشیم ہوں، لازم ہے میرا نام نہ لے — جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے ص ۱۲۸

فتراک[7]: (١) تو مجھے بھول گیا ہو تو پتا بتلادوں — کبھی فتراک میں تیرے کوئی نخچیر بھی تھا؟ ص ۱۵۸

(۲)،(٣) دیکھیے: حلقۂ فتراک [دو بار]۔

---

[1] فائدہ : سات بار۔
[2] فائز المرام : ایک بار۔
[3] فتادگی : ایک بار۔
[4] فتادہ : دو بار [مرکب]۔
[5] فتح : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
[6] فتح الباب : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
[7] فتراک : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔

فتراکِ بیتابی: ہے کمندِ موجِ گل فتراکِ بیتابی اسدؔ | رنگ، یعنی بو سے سوار توسنِ چالاک ہے ص ١٠٧

فتراکِ بےخودی: دیکھیے: حلقۂ فتراکِ بےخودی۔

فتراکِ دماغِ دل ہا: دیکھیے: آئینۂ فتراکِ دماغِ دل ہا۔

فتنوں: وہ آویں گے مرے گھر، وعدہ کیسا، دیکھنا غالبؔ | نئے فتنوں میں اب چرخِ کہن کی آزمائش ہے ص ٢٢٥

فتنہ[1]: (١) وصل میں دل انتظارِ طرفہ رکھتا ہے، مگر | فتنہ تاراجِ تمنّا کے لیے درکار ہے ص ٨٣

(٢) نگاہِ ناز نے جب عرضِ تکلیفِ شرارت کی | دیا ابرو کو چھیڑا اور اُس نے فتنے کو اشارت کی ص ٩٧

(٣) نام کا میرے ہے، جو دُکھ کہ کسی کو نہ ملا | کام میں میرے ہے، جو فتنہ کہ برپا نہ ہوا ص ١٩٣

(٤) یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے؟ | ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو ص ٢٠٠

(٥) ترے سرو قامت سے یک قدِ آدم | قیامت کے فتنے کو کم دیکھتے ہیں ص ١٧٩

دیکھیے ـــــ: (٦) چمنِ فتنہ۔ (٧) حشرِ دو عالم فتنہ۔ (٨) عرقِ فتنہ۔

فتنہ انتظار: دیکھیے: اسدِ فتنہ انتظار۔

فتنہ پرور: دل سوزِ جنوں سے جلوہ منظر ہے آج | نیرنگِ زمانہ فتنہ پرور ہے آج ص ١١٨

فتنہ خرام: ہنوز اے اثرِ دیدہ ننگِ رُسوائی! | نگاہ فتنہ خرام و درِ دو عالم باز ص ٤٣

فتنہ خو: (١) اُس فتنہ خو کے در سے اب اُٹھتے نہیں اسدؔ | اس میں ہمارے سر پہ قیامت ہی کیوں نہ ہو ص ١٩٣

(٢) نشّے میں گم کردہ رہ آیا وہ مستِ فتنہ خو | آج رنگِ رفتہ، دورِ گردشِ ساغر ہوا ص ٢٠

فتنہ سرانجام: گریۂ طوفاں رکاب، نالۂ محشر عناں | بے سروساماں اسدؔ فتنہ سر انجام ہے ص ٩٩

فتنہ قامت: شورِ حشر اُس فتنہ قامت کے حضور | سایہ آسا ہوگیا ہے پایمال ص ٥١

فتنہ و فساد: کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں، تو کہتے ہیں | کہ آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں ١٩٣

فتنۂ ایّام: شوخیِ چشمِ حبیب فتنۂ ایّام ہے | قسمتِ بختِ رقیب گردشِ صد جام ہے ص ٩٩

فتنۂ بیدار: بوئے گل فتنۂ بیدار و چمن جامۂ خواب | وصل ہر رنگ جنوں کسوتِ رسوائی ہے ص ١٠٣

---

[1] فتنہ : بائیس بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: سترہ بار]۔ فتنوں : ایک بار۔

فتنۂ خوابیدہ: جوشِ تکلیفِ تماشا محشرستانِ نگاہ — فتنۂ خوابیدہ کو آئینہ مشتِ آب تھا ص۱۵

فتنۂ شورِ قیامت: جلوہ زارِ آتشِ دوزخ ہمارا دل سہی — فتنۂ شورِ قیامت کس کی آب و گِل میں ہے ص۲۳۲

فتنۂ طاقت رُبا: یہ قاتل وعدۂ صبر آزما کیوں؟ — یہ کافر فتنۂ طاقت رُبا کیا! ص۱۵۸

فتنۂ محشر: دیکھیے: معتقدِ فتنۂ محشر

فتوائے یقیں[1]: جاں پناہا! دل و جاں فیض رسانا! شاہا! — وصیِ ختمِ رُسُل تو ہے بہ فتوائے یقیں ص۱۳۲

فتیلہ[2]: یک ذرۂ زمیں نہیں بیکار باغ کا — یہاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا ص۱۳۹

فخر[3]: تو سکندر ہے، مرا فخر ہے ملنا تیرا — گو شرف خضر کی بھی مجھ کو ملاقات سے ہے ص۱۲۸

فخرِ دیں: فخرِ دیں عزِّ شان و جاہ و جلال — زینتِ طینت و جمالِ کمال ص۱۳۱

فخرِ سلیماں: آصف کو سلیماں کی وزارت سے شرف تھا — ہے فخرِ سلیماں جو کرے تیری وزارت ص۱۲۷

فدا[4]: (۱) وہ آرہا مرے ہمسائے میں، تو سائے سے — ہوئے فدا در و دیوار پہ در و دیوار ص۱۶۷

(۲) دونوں کے دل حق آشنا، دونوں رسول پر فدا — ایک محبِّ چاریار، عاشقِ ہشت و چار ایک ص۲۹۷

فر[5]: دیکھیے: سرود و مہرِ فر۔

فرِّ فروغ: جو کہ بخشے گا تجھ کو فرِّ فروغ — کیا نہ دے گا مجھے مے گل فام؟ ص۱۳۶

فراز[6]: دیکھیے: نشیب و فراز۔

فرازگاہِ عبرت: بہ فرازگاہِ عبرت چہ بہار و کو تماشا؟ — کہ نگاہ ہے سیہ پوش بہ عزائے زندگانی ص۹

فرازِ مسندِ عیش و طرب: ہزار شکر کہ سید غلام بابا نے — فرازِ مسندِ عیش و طرب جگہ پائی ص۲۶۳

فراغ[7]: (۱) سو بار بندِ عشق سے آزاد ہم ہوئے — پر کیا کریں کہ دل ہی عدو ہے فراغ کا ص۱۵۰

(۲) دیکھیے: لذّتِ فراغ۔

---

[1] فتوا : ایک بار [مرکب]۔
[2] فتیلہ : ایک بار۔
[3] فخر : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔
[4] فدا : دو بار۔
[5] فر : دو بار [مرکب]۔
[6] فراز : دو بار [مرکب]۔
فرازگاہ : ایک بار [مرکب]۔
[7] فراغ : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

فراغت[1]: (۱) ہے یاس میں اسدؔ کو ساقی سے بھی فراغت — دریا سے خشک گزری مستوں کی تشنہ کامی — ص۷۵

(۲) کیا کہوں بیماریِ غم کی فراغت کا بیاں — جو کہ کھایا خونِ دل، بے منتِ کیموس تھا — ص۱۵۴

(۳) فراغت کس قدر رہتی مجھے تشویشِ مرہم سے! — بہم گر صلح کرتے پارہ ہاے دل نمک داں پر — ص۱۶۷

(۴) دیکھیے: بسترِ تمہیدِ فراغت۔

فراغت گاہِ آغوشِ وداعِ دل: فضاے خندۂ گل تنگ و ذوقِ عیش بے پروا — فراغت گاہِ آغوشِ وداعِ دل پسند آیا — ص۱۲

فراق[2]: وہ فراق اور وہ وصال کہاں! — وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں! — ص۱۸۲

دیکھیے ــــــ: (۲) زخمِ فراق۔ (۳) شامِ فراق۔ (۴)، (۵) شبِ فراق [دوبار]۔ (۶) غمِ فراق۔

فراقِ رفتہ یاراں: بہ فراقِ رفتہ یاراں خط و حرف، مو پریشاں — دلِ غافل از حقیقت ہمہ ذوقِ قصہ خوانی — ص۹

فراقِ شعلہ رویاں: دیکھیے: شب ہاے تاریکِ فراقِ شعلہ رویاں۔

فراقِ صحبتِ شب: دیکھیے: داغِ فراقِ صحبتِ شب۔

فراقِ یار: دیکھیے: شامِ فراقِ یار۔

فراش[3]: (۱) روتا ہوں بس کہ در ہوسِ آرمیدگی — جوں گوہر، اشک کو ہے فراش چکیدگی — ص۴۵۳

(۲) دیکھیے: خوابِ فراش۔

فراموشیِ سوداے دوعالم[4]: دیکھیے: طاقِ فراموشیِ سوداے دوعالم۔

فراوانی[5]: تا مجھے پہنچائے کاہش، بختِ بد ہے گھات میں — ہاں فراوانی اگر کچھ ہے تو ہے آفات میں — ص۲۹۰

فراہم[6]: (۱) پھر حلقۂ کاکل میں پڑیں دید کی راہیں — جوں دود فراہم ہوئیں روزن میں نگاہیں — ص۵۹

(۲) بہ نالہ حاصلِ دل بستگی فراہم کر — متاعِ خانۂ زنجیر جز صدا معلوم! — ص۱۷۷

(۳) مثال یہ مری کوشش کی ہے کہ مرغِ اسیر — کرے قفس میں فراہم خس، آشیاں کے لیے — ص۲۳۶

---

[1] فراغت : چار بار [مفرد: تین بار، مرکب: ایک بار]۔
فراغت گاہ : ایک بار [مرکب]۔
[2] فراق : دس بار [مفرد: ایک بار، مرکب: نو بار]۔
[3] فراش : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
[4] فراموشی : ایک بار [مرکب]۔
[5] فراوانی : ایک بار۔
[6] فراہم : پانچ بار۔

(۴) سات اقلیم کا حاصل جو فراہم کیجے — تو وہ لشکر کا ترے نعل بہا ہوتا ہے ص۲۲۱

(۵) سات دریا کے فراہم کیے ہوں گے موتی — تب بنا ہوگا اِس انداز کا گز بھر سہرا ص۲۸۷

فرجام[۱]: دیکھیے: فرخی فرجام۔

فرخندہ[۲]: ہوئی ہے ایسے ہی فرخندہ سال میں غالبؔ — نہ کیوں ہو مادّۂ سالِ عیسوی 'محفوظ' ص۱۲۹

فرخی[۳] آئین: دیکھیے: سالِ فرخی آئین۔

فرخی فرجام: اے ترا لطف: زندگی افزا — اے ترا عہد: فرخی فرجام ص۱۳۷

فرد[۴](۱): کوئی آگاہ نہیں باطنِ ہمدگر سے — ہے ہر اک فرد جہاں میں ورقِ ناخواندہ ص۱۷

فرد[۵](۲): وہ فرد جس میں نام ہے میرا غلط لکھا — جب یاد آگئی ہے، کلیجا لیا ہے تھام ص۲۸۲

فردِ آئینہ: فردِ آئینہ میں بخشیں شکنِ خندۂ گل — دلِ آزردہ پسند آئنہ رُخساروں کا ص۲۸

فردِ سادہ: تیزِ زشتی و نیکی میں لاکھ باتیں ہیں — بہ عکسِ آئنہ یک فردِ سادہ رکھتے ہیں ص۶۰

فردِ جمع وخرجِ زباں ہائے لال: کس کو سناؤں حسرتِ اظہار کا گلہ؟ — دل فردِ جمع و خرجِ زباں ہائے لال ہے ص۵۶

فردِ صدا: وہ رازِ نالہ ہوں کہ بہ شرحِ نگاہِ عجز — افشاں، غبارِ سرمہ سے فردِ صدا کروں ص۵۶

فردِ نسبِ نامۂ نیرنگ: دیکھیے: یک فردِ نسب نامۂ نیرنگ۔

فردفرد[۶]: تالیفِ نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں — مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا ص۱۵۳

فردا[۷]: ہے طلسمِ دہر میں صد حشرِ پاداشِ عمل — آگہی غافل! کہ ایک امروز بے فردا نہیں ص۶۵

فرداودی: فرداودی کا تفرقہ یک بار مٹ گیا — کل تم گئے کہ ہم پہ قیامت گزر گئی ص۲۳۳

فردوس[۸]: (۱) اسدؔ! بندِ قبائے یار ہے فردوس کا غنچہ — اگر وا ہو تو دکھلادوں کہ یک عالم گلستاں ہے ص۸۱

(۲) کیوں نہ فردوس میں دوزخ کو ملالیں یارب! — سیر کے واسطے تھوڑی سی فضا اور سہی ص۳۱۱

---

۱ فرجام : ایک بار [مرکب]۔

۲ فرخندہ : ایک بار۔

۳ فرخی : دو بار [مرکب]۔

۴ فرد(۱) : ایک بار [مرکب]۔

۵ فرد(۲) : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔

۶ فردفرد : ایک بار۔

۷ فردا : دو بار۔

۸ فردوس : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکب: تین بار]۔

فردوسِ بریں: دیکھیے ــــــ: (۱) آرائشِ فردوسِ بریں۔ (۲) گلِ وسُنبلِ فردوسِ بریں۔

فردوسِ گوش: لطفِ خرامِ ساقی و ذوقِ صدائے چنگ — یہ جنتِ نگاہ، وہ فردوسِ گوش ہے — ص۲۳۰

فرزند[1]: خدا نے اُس کو دیا ایک خوب رو فرزند — ستارہ جیسے چمکتا ہوا بہ پہلوے ماہ — ص۲۷۷

فرزیں[2]: بس کہ بخشی ہے فوج کو عزت — فوج کا ہر پیادہ، ہے فرزیں — ص۲۸۱

فرسنگ[3]: گر ہو بلدِ شوق مری خاک کو وحشت — صحرا کو بھی گھر سے کئی فرسنگ نکالوں — ص۶۰

فرسود: دیکھیے ــــــ: (۱) داغِ شعلہ فرسود۔ (۲) دستِ فرسودِ ہوس۔

فرسودنِ[4] طلب: پیدا ہوئے ہیں ہم الم آبادِ جہاں میں — فرسودنِ پائے طلب و دستِ ہوس کو — ص۳۵۰

فرسودہ[5]: دیکھیے: نوکِ خامۂ فرسودہ۔

فرسودۂ پروازِ شوق: خاکِ عاشق بس کہ ہے فرسودۂ پروازِ شوق — جادۂ ہر دشت تارِ دامنِ قاتل ہوا — ص۲۲۵

فرش[6]: فرش اِس دشتِ تمنا میں نہ ہوتا گر عدل — گرمیِ شعلۂ رفتار سے جلتے خس و خار — ص۵

(۲) لے زمیں سے آسماں تک فرش تھیں بیتابیاں — شوخیِ بارش سے مہ، فوّارۂ سیماب تھا — ص۱۵

(۳) فرش سے تا عرش وحاں طوفاں تھا موجِ رنگ کا — یھاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا — ص۱۲۵

(۴) شبِ فراق میں یہ حال ہے اذیت کا — کہ سانپ فرش ہے اور سانپ کا ہے مَن، تکیہ — ص۳۰۳

(۵) فرو پیچیدنی ہے فرشِ بزمِ عیش گستر کا — دریغا! گردش آموزِ فلک ہے دَورِ ساغر کا — ص۳۳۲

(۶) دیکھیے: گوہر آگیں فرش۔

فرشِ بزم: دیکھیے: پامالِ حسرت ہاے فرشِ بزم گستردن۔

فرشِ پا انداز: دستگاہِ دیدۂ خوں بار مجنوں دیکھنا! — یک بیاباں جلوۂ گل فرشِ پا انداز ہے — ص۲۲۷

فرشِ خواب: ناتوانی نے نہ چھوڑا بس کہ بیش از عکسِ جسم — مُنفعتِ واگستردنی ہے فرشِ خواب آئینے پر — ص۲۲۷

---

۱ فرزند : ایک بار۔
۲ فرزیں : ایک بار۔
۳ فرسنگ : ایک بار۔
۴ فرسودن : ایک بار [مرکّب]۔
فرسود : دو بار [مرکّب]۔
۵ فرسودہ : دو بار [مرکّب]۔
۶ فرش : سترہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکّب: بارہ بار]۔

فرشِ راہ:	حضرتِ ناصح گر آویں، دیدہ و دل فرشِ راہ	کوئی مجھ کو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھاویں گے کیا؟	ص۱۵۵
فرشِ رہ:	مژہ فرشِ رہ و دل ناتوان و آرزو مضطر	بہ پائے خفتہ سیرِ وادیِ پُر خار بستر ہے	ص۸۵
فرشِ رہِ ناز:	ہر غنچہ استدا بارگہِ شوکتِ گل ہے	دل فرشِ رہِ ناز ہے بیدلؔ اگر آوے	ص۱۱۳
فرشِ شش جہتِ انتظار:	کس کا سُراغ جلوہ ہے حیرت کو اے خدا!	آئینہ، فرشِ شش جہتِ انتظار ہے	ص۲۱۷
فرشِ طرب:	بزمِ نظر میں بیضۂ طاؤس خلوتاں	فرشِ طرب بہ گلشنِ ناآفریدہ کھینچ	ص۳۶
فرشِ کتاں:	ہے فروغِ ماہ سے ہر موج اک تصویرِ چاک	سیل سے فرشِ کتاں کرتے ہیں تا ویرانہ ہم	ص۵۳
فرشِ مخمل:	دیکھیے: تار و پودِ فرشِ مخمل۔		
فرشِ مخمل ہا:	تماشا کردنی ہے انتظار آبادِ حیرانی	نہیں غیر از نگہ جوں نرگستاں فرشِ مخمل ہا	ص۲۳
فرشتوں:	پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق	آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا؟	ص۱۵۹
فرشتہ[1]:	دیکھیے: گستاخیِ فرشتہ۔		
فرصت[2]:	(۱) گلزار و میدان، شررستانِ رمیدن	فرصت تپش و حوصلۂ نشوونما ہیچ	ص۳۶
	(۲) فرصت، آئینۂ صد رنگ خود آرائی ہے	روز و شب، یک کفِ افسوسِ تماشائی ہے	ص۱۰۳
	(۳) فرصت آئینۂ و پروازِ عدم تا ہستی	یک شرر بالِ دل و دیدہ چراغاں زدہ ہے	ص۱۰۹
	(۴) ابر روتا ہے کہ بزمِ طرب آمادہ کرو	برق ہنستی ہے کہ فرصت کوئی دم ہے ہم کو	ص۷۰
	(۵) دکھاؤں گا تماشا، دی اگر فرصت زمانے نے	مرا ہر داغِ دل اک تخم ہے سروِ چراغاں کا	ص۱۵۶
	(۶) تیری فرصت کے مقابل اے عمر!	برق کو پا بہ حنا باندھتے ہیں	ص۱۸۱
	(۷) دل میں آ جائے ہے، ہوتی ہے جو فرصت غش سے	اور پھر کون سے نالے کو رسا کہتے ہیں؟	ص۱۸۷
	(۸) غمِ دُنیا سے گر پائی بھی فرصت سر اُٹھانے کی	فلک کا دیکھنا، تقریب تیرے یاد آنے کی	ص۲۰۲
	(۹) کشاکش ہائے ہستی سے کرے کیا سعیِ آزادی	ہوئی زنجیر موجِ آب کو فرصت روانی کی	ص۲۰۶

---

[1] فرشتہ : ایک بار [مرکب]۔
فرشتوں : ایک بار۔

[2] فرصت : تینتالیس بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: اٹھائیس بار]۔
فرصتے : ایک بار۔

(۱۰) سر بر ہوئی نہ وعدۂ صبر آزما سے عمر — فرصت کہاں کہ تیری تمنا کرے کوئی — ص۲۱۵

(۱۱) عمر ہر چند کہ ہے برق خرام — دل کے خوں کرنے کی فرصت ہی سہی — ص۲۲۱

(۱۲) جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کہ رات دن — بیٹھے رہیں تصورِ جاناں کیے ہوئے — ص۲۲۶

(۱۳) تم کو بھی ہم دکھائیں کہ مجنوں نے کیا کیا — فرصت کشاکشِ غمِ پنہاں سے گر ملے — ص۲۲۷

(۱۴) نہیں بہار کو فرصت، نہ ہو، بہار تو ہے — طراوتِ چمن و خوبیِ ہوا کہیے — ص۲۲۸

(۱۵) ہوتی ہے تراویح سے فرصت کب تک؟ — سنتے ہو تراویح میں کتنا قرآں؟ — ص۳۱۳

دیکھیے ـــــ: (۱۶) تنگیِ فرصت۔ (۱۷) حسرتِ فرصت۔ (۱۸) خاکِ فرصت۔ (۱۹) شررِ فرصت۔ (۲۰) عالمِ بے سروسامانیِ فرصت۔ (۲۱) عنانِ فرصت۔ (۲۲) کفِ افسوسِ فرصت۔ (۲۳) گریباں گیرِ فرصت۔ (۲۴) محملِ پیمانۂ فرصت۔

فرصتِ آرامِ غشِ ہستی: فرصتِ آرامِ غش ہستی ہے بحرانِ عدم — ہے شکستِ رنگِ امکاں، گردشِ پہلو مجھے — ص۷۹

فرصتِ آرائشِ وصل: دیکھیے: تحیّر کدۂ فرصتِ آرائشِ وصل۔

فرصتِ ادراک: دیکھیے: حوصلۂ فرصتِ ادراک۔

فرصت جو: دیکھیے: عمرِ فرصت جو۔

فرصتِ ربطِ سروزانو: دیکھیے: جستجوے فرصتِ ربطِ سروزانو۔

فرصتِ رقصِ شرر: بزمِ وداعِ نظر، یاسِ طرب نامہ بر — فرصتِ رقصِ شرر بوسہ بہ پیغام ہے — ص۹۹

فرصتِ رنج ونشاطِ دہر: دیکھیے: وفاے فرصتِ رنج ونشاطِ دہر۔

فرصتِ رنگِ دمیدہ: دیکھیے: برق آبیارِ فرصتِ رنگِ دمیدہ۔

فرصتِ عیش وطرب: ہو تجلی برق کی صورت میں، ہے یہ بھی غضب — ہاں جیے گھٹنے کی تو ہوتی فرصتِ عیش وطرب — ص۲۹۱

فرصتِ کاروبارِ شوق: فرصتِ کاروبارِ شوق کسے! — ذوقِ نظارۂ جمال کہاں! — ص۱۸۲

فرصت گداز: جاں دادگاں کا حوصلہ فرصت گداز ہے — یہاں عرصۂ تپیدنِ بسمل نہیں رہا — ص۲۰

فرصتِ نشوونما: چشمِ نرگس میں نمک بھرتی ہے شبنم سے بہار — فرصتِ نشوونما، سازِ شکیبائی نہیں — ص۶۵

فرصتِ نشوونماے خندہ: جاے استہزا ہے عشرت کوشیِ ہستی اسدؔ! صبح و شبنم، فرصتِ نشوونماے خندہ ہے ص ۸۷

فرصتِ وصال: کس فرصتِ وصال پہ ہے گل کو عندلیب! زخمِ فراق، خندۂ بیجا کہیں جسے ص ۹۱

فرصتِ ہستی: (۱) یک نظر بیش نہیں فرصتِ ہستی غافل! گرمیِ بزم ہے اک رقصِ شرر ہوتے تک ص ۱۷۵

(۲) دیکھیے: بہارِ فرصتِ ہستی۔ (۳) فوتِ فرصتِ ہستی۔

فرصتِ یک چشم تیز: فرصتِ یک چشم حیرت شش جہت آغوش ہے ہوں سپند آسا وداعِ انجمن کی فکر میں ص ۲۲

فرصتِ یک شبستاں: نہ بخشی فرصتِ یک شبستاں جلوۂ خور نے تصور نے کیا ساماں ہزار آئینہ بندی کا ص ۲۶

فرصحے: اے شعلہ فرصحے، کہ سویداے دل سے ہوں کشتِ سپندِ صد جگر اندوختن ہنوز ص ۴۲

فرض[۱]: (۱) نہ ہووے کیونکے اُسے فرض قتلِ اہلِ وفا لہو میں ہاتھ کے بھرنے کو جو وضو جانے ص ۹۹

(۲) حجرالاسود دیوارِ حرم کیجیے فرض نافہ آہوے بیابانِ ختن کا کہیے ص ۱۳۲ [چکنی ڈلی]

(۳) بندہ پرور کے کفِ دست کو دل کیجے فرض اور اس چکنی سپاری کو سویدا کہیے ص ۱۳۲

(۴) کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب؟ آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی ص ۲۴۳

(۵) ہر سینکڑے کو ایک گرہ فرض کریں اسکی گرہیں ہزار ہوں، بلکہ ہوا ص ۲۵۳ [سالگرہ کا ڈورا]

فرط[۲] بے خوابی: فرطِ بے خوابی سے ہیں شب ہاے ہجرِ یار میں جوں زبانِ شمع داغِ گرمیِ افسانہ ہم ص ۵۳

فرطِ رافت: یا یہ ہوگا کہ فرطِ رافت سے باغبانوں نے باغِ جنت سے
انگبیں کے، بہ حکمِ ربّ الناس بھر کے بھیجے ہیں سر بہ مہر گلاس ص ۱۳۱ [آم کے لیے]

فرطِ کشش: ہے رشتۂ جاں فرطِ کشش سے مانندِ نبضِ دستِ بریدہ ص ۲۵۹

فرطِ ناتوانی: دریغا وہ مریضِ غم! کہ فرطِ ناتوانی سے بقدرِ یک نفس جادہ بہ صد رنج و تعب کاٹے ص ۹۸

فرطِ نشۂ مے: نہیں ہے کفِ لبِ نازک پہ فرطِ نشۂ مے سے لطافت ہاے جوشِ حُسن کا سرشیر ہے پیدا ص ۳۰

فرعون[۳]: اسدؔ! یہ عجز و بے سامانیِ فرعون توأم ہے جسے تو بندگی کہتا ہے، دعویٰ ہے خدائی کا ص ۱۶

---

[۱] فرض : پانچ بار۔
[۲] فرط : پانچ بار [مرتب]۔
[۳] فرعون : ایک بار [مرتب]۔

فرق[1] (۱): (۱) سراسر تاختن کو شش جہت یک عرصہ جولاں تھا — ہوا واماندگی سے رہ رواں کی فرق منزل کا — ص ۱۸

(۲) حُسن و رعنائی میں وہمِ صد سرو گردن ہے فرق — سرو کے قامت پہ گل، یک دامنِ کوتاہ ہے — ص ۹۳

(۳) محبت میں نہیں ہے فرق جینے اور مرنے کا — اُسی کو دیکھ کر جیتے ہیں، جس کافر پہ دم نکلے — ص ۲۵۰

(۴) ہجومِ غم سے یہاں تک سرنگونی مجھ کو حاصل ہے — کہ تارِ دامن و تارِ نظر میں فرق مشکل ہے — ص ۲۰۸

(۵) اب صاعقہ و مہر میں کچھ فرق نہیں ہے — گرتا نہیں، اِس رو سے کہو، برق نہیں ہے — ص ۲۸۳

فرقِ جنون و تمکین: دیکھیے: آئینۂ فرقِ جنون و تمکیں۔

فرقِ غم و شادی: زندانِ تحمل میں مہمانِ تغافل ہیں — بے فائدہ یاروں کو فرقِ غم و شادی ہے — ص ۱۱۵

فرق[2] (۲): پانو سے تیرے ملے فرقِ ارادات اورنگ — فرق سے تیرے کرے کسبِ سعادت اکلیل — ص ۱۳۳

فرقِ ارادت: پانو سے تیرے ملے فرقِ ارادات اورنگ — ص ۱۳۳

فرقِ تمکیں: حُسنِ مضمونِ وفا، باد بہ دستِ تسلیم — صورتِ نقشِ قدم، خاک بہ فرقِ تمکیں — ص ۱۳۳

فرقِ ستیزہ مست: جانِ وفا پرست کو، ایک شمیمِ نو بہار — فرقِ ستیزہ مست کو، ابرِ تگرگ بار ایک — ص ۲۹۷

فرقِ سرو: چمن میں کچھ نہ چھوڑا تو نے، غیر از بیضۂ قمری — عدم میں بہرِ فرقِ سرو، مشتِ خاک باقی ہے — ص ۱۰۷

فرقِ ناز: یہاں سرِ پُر شور بے خوابی سے تھا دیوار جُو — وہاں وہ فرقِ ناز محوِ بالشِ کمخواب تھا — ص ۱۳۵

فرقِ ہدہد: غرورِ دستِ رد نے شانہ توڑا فرقِ ہدہد پر — سلیمانی، ہے ننگِ بے دماغانِ خود آرائی — ص ۹۲

فرقت[3]: مجھے اب، دیکھ کر ابرِ شفق آلودہ، یاد آیا — کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر — ص ۱۶۷

دیکھیے: (۲) اندوہِ شبِ فرقت۔ (۳) تفِ فرقت۔ (۴)، (۵) شبِ فرقت [دو بار]۔ (۶) غمِ فرقت۔ (۷) جنونِ فرقتِ یارانِ رفتہ۔

فرمانِ[4] الٰہی: ہے نقشِ مریدی ترا: فرمانِ الٰہی — ہے داغِ غلامی ترا: توقیعِ امارت — ص ۱۲۷

فرمانِ خطِ تقدیر: گرفتاری میں، فرمانِ خطِ تقدیر ہے پیدا — کہ طوقِ قمری از ہر حلقۂ زنجیر ہے پیدا — ص ۳۰

فرماں روائے[5] حیرت آبادِ جنوں: بے خودی، فرماں روائے حیرت آبادِ جنوں — زخم دوزیِ جُرم و پیراہن دریدن منع ہے — ص ۱۱۳

---

[1] فرق (۱) : سات بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: دو بار]۔
[2] فرق (۲) : سات بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چھے بار]۔
[3] فرقت : سات بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چھے بار]۔
[4] فرمان (۲) : دو بار [مرکب]۔
[5] فرماں روا : تین بار [مرکب]۔

فرماں روائے کشورِ پنجاب: کرتا ہے چرخ روز بہ صد گونہ احترام — فرماں روائے کشورِ پنجاب کو سلام ص۲۸۲

فرماں روائے کشورِ ہندوستان: بیٹھا ہے جو کہ سایۂ دیوارِ یار میں — فرماں روائے کشورِ ہندوستان ہے ص۲۰۳

فرمائش[۱]: مشکل ہے ز بس کلام میرا اے دل! — سُن سُن کے اُسے سخنورانِ کامل

آساں کہنے کی کرتے ہیں فرمائش — گویم مشکل وگر نگویم مشکل ص۲۵۲

فرنگی زادہ[۲]: مدعا در پردہ، یعنی جو کہوں، باطل سمجھ — وہ فرنگی زادہ کھاتا ہے قسم انجیل کی ص۹۱

فرو[۳]: (۱) یک بیاباں تپشِ بال شرر سے صحرا — مغزِ کہسار میں کرتا ہے فرو نشترِ خار ص۵

(۲) بے درد، سر بہ سجدۂ اُلفت فرو نہ ہو — جوں شمع غوطہ داغ میں کھا، گر وضو نہ ہو ص۶۷

(۳) مژگاں، خلیدۂ رگِ ابرِ بہار ہے — نشتر بہ مغزِ پنبۂ مینا فرو نہ ہو ص۶۸

(۴) ہوئی ہے ناتوانی بے دماغِ شوخیِ مطلب — فرو ہوتا ہے سر سجدے میں اے دستِ دُعا! گم ہو ص۶۸

(۵) بتاؤ اُس مژہ کو دیکھ کر، کہ مجھ کو قرار — یہ نیش ہو رگِ جاں میں فرو تو کیوں کر ہو ص۱۹۸

فروپیچیدنی: فرو پیچیدنی ہے فرشِ بزمِ عیش گستر کا — دریغا! گردش آموزِ فلک ہے دَورِ ساغر کا ص۳۳۳

فروختن ہا[۴]: دیکھیے: ہوسِ فروختن ہا۔

فَروَردیں[۵]: دیکھیے: ماہِ فروردیں۔

فروزاں[۶]: (۱) کہوں کیا گرم جوشی مے کشی میں شعلہ رویاں کی — کہ شمعِ خانۂ دل آتشِ مے سے فروزاں کی ص۷۶

(۲) جو بے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق — میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں ص۱۹۱

(۳) دیکھیے: شوقِ رُخسارِ فروزاں۔

فُروع[۷]: نشوونما ہے اصل سے غالبؔ! فروع کو — خاموشی ہی سے نکلے ہے جو بات چاہیے ص۲۱۹

فروغ[۸]: (۱) آتش رنگِ رُخِ ہر گل کو بخشے ہے فروغ — ہے دمِ سردِ صبا سے گرمیِ بازارِ باغ ص۲۸

---

۱ فرمائش : ایک بار۔

۲ فرنگی زادہ : ایک بار۔

۳ فرو : چھے بار [مرکب: ایک بار]۔

۴ فروختن ہا : ایک بار [مرکب]۔

۵ فروردیں : ایک بار [مرکب]۔

۶ فروزاں : تین بار [مرکب: ایک بار]۔

۷ فروع : ایک بار۔

۸ فروغ : انیس بار [مفرد: دو بار، مرکب: سترہ بار]۔

(۲) سچ ہے تم آفتاب ہو، جس کے فروغ سے — دریاے نور ہے فلکِ آبگینہ فام — ص ۲۸۲

دیکھیے ــــــ: (۳) بزم پُر فروغ۔ (۴) پُر فروغ۔ (۵) کسبِ رنگِ فروغ۔

فروغ افزاے آب روے کار: سعیِ عاشق ہے فروغ افزاے آب روے کار — ہے شرارِ تیشہ بہرِ تربتِ فرہاد، گُل — ص ۵۲

فروغِ بہار: دیوانگاں کا چارہ فروغِ بہار ہے — ہے شاخِ گل میں پنجۂ خوباں بجاے گُل — ص ۵۳

فروغ پذیر: تیرے پرتو سے ہوں فروغ پذیر — کوے و مشکوے و صحن و منظر و بام — ص ۳۶

فروغِ جوہرِ ایماں: فروغِ جوہرِ ایماں حُسین ابنِ علی — کہ شمعِ انجمنِ کبریا کہیں اُس کو — ص ۲۸۵

فروغِ حُسن: فروغِ حُسن سے ہوتی ہے حلِ مشکلِ عاشق — نہ نکلے شمع کے پا سے، نکالے گر نہ خار، آتش — ص ۱۶۳

(۲) فروغِ حُسن سے روشن ہے خواب گاہ تمام — جو رختِ خواب ہے پرویں، تو ہے پرن تکیہ — ص ۳۰۳

فروغِ رُخِ افروختۂ خوباں: ہے فروغِ رُخِ افروختۂ خوباں سے — شعلۂ شمع پہ افشانِ بہ خود لرزیدن — ص ۲۵۰

فروغِ شعلۂ خس: فروغِ شعلۂ خس یک نفَس ہے — ہوس کو پاسِ ناموسِ وفا کیا! — ص ۱۵۷

فروغِ شمعِ بالیں: خوشا اقبالِ رنجوری! عیادت کو تم آئے ہو — فروغِ شمعِ بالیں طالعِ بیدارِ بستر ہے — ص ۲۱۲

فروغِ شمعِ سخن: دیکھیے: حُسنِ فروغِ شمعِ سخن۔

فروغِ طالعِ خاشاک: فنا کو سونپ، گر مشتاق ہے اپنی حقیقت کا — فروغِ طالعِ خاشاک ہے موقوف گلخن پر — ص ۱۶۸

فروغِ ماہ: ہے فروغِ ماہ سے ہر موج اک تصویرِ چاک — سیل سے فرشِ کتاں کرتے ہیں تا ویرانہ ہم — ص ۵۳

فروغِ مہ و اختر: رُخِ روشن کی دمک، گوہرِ غلطاں کی چمک — کیوں نہ دکھلاوے فروغِ مہ و اختر سہرا — ص ۲۸۷

فروغِ مے: اک نوبہارِ ناز کو تاکے ہے پھر نگاہ — چہرہ فروغِ مے سے گلستاں کیے ہوئے — ص ۲۲۶

فرہاد[1]: (۱) بجنبشِ دل سے ہوئے ہیں عقدہ ہاے کار، وا — کم تریں مزدورِ سنگیں دست ہے فرہاد یہاں — ص ۵۷

(۲) تکلف برطرف فرہاد اور اتنی سبک دستی! — خیال آساں تھا، لیکن خوابِ خسرو نے گرانی کی — ص ۷۷

(۳) پیشے میں عیب نہیں، رکھیے نہ فرہاد کو نام — ہم ہی آشفتہ سروں میں وہ جواں میر بھی تھا — ص ۱۵۹

---

[1] فرہاد : آٹھ بار [مفرد: چار بار، مرکب: چار بار]۔

(۴) ہم سخن تیشے نے فرہاد کو شیریں سے کیا — جس طرح کا کہ کسی میں ہو کمال، اچھا ہے — ص۲۳۹

دیکھیے ــــــ: (۵) کوتاہیِ فرہاد۔ (۶) دست و بازوے فرہاد۔ (۷) حیلۂ فرہاد۔ (۸) تربتِ فرہاد۔

فریاد[ا]: (۱) گر کرے انجام کو آغاز ہی میں یاد گل — غنچے سے منقارِ بلبل وار ہو فریادِ گل — ص۵۲

(۲)، (۳) فریاد اسدؔ! غفلتِ رسوائیِ دل سے — کس پردے میں فریاد کی آہنگ نکالوں؟ — ص۶۰

(۴) فریاد سے پیدا ہے اسدؔ گرمیِ وحشت — تبخالۂ لب ہے جرسِ آبلۂ پا — ص۶۹

(۵) جانِ شوخ کا دل سخت ہوگا کس قدر یارب! — مری فریاد کو کہسار سازِ عجز نالی ہے — ص۷۹

(۶) سررشتۂ بیتابیِ دل در گروِ عجز — پرواز بہ خوں خفتہ و فریاد رسا ہے — ص۹۱

(۷) فریاد اسدؔ! بے نگہی ہاے بتاں سے — سچ کہتے ہیں واللہ کہ اللہ غنی ہے — ص۱۱۱

(۸) فریاد کی کوئی لے نہیں ہے — نالہ پابندِ نَے نہیں ہے — ص۲۲۸

(۹) کیوں ڈرتے ہو عشاق کی بے حوصلگی سے — یہاں تو کوئی سنتا نہیں فریاد کسو کی — ص۲۲۸

[آٹھ بار بہ طور ردیف، ص ۳۷]:

(۱۰)، (۱۱) بہ کامِ دل کریں کس طرح گمرہاں فریاد — ہوئی ہے لغزشِ پا، لکنتِ زباں، فریاد!

(۱۲) کمالِ بندگیِ گل ہے رہنِ آزادی — ز دستِ مشتِ پر و خارِ آشیاں فریاد!

(۱۳) نوازشِ نفسِ آشنا کہاں؟ ورنہ — بہ رنگِ نَے ہے نہاں در بر استخواں فریاد!

(۱۴) تغافل، آئنہ دارِ خموشیِ دل ہے — ہوئی ہے محو بہ تقریبِ امتحاں فریاد!

(۱۵) ہلاکِ بے خبری نغمۂ وجود و عدم — جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد!

(۱۶) جوابِ سنگ دلی ہاے دشمناں، ہمت — ز دستِ شیشۂ دل ہاے دوستاں فریاد!

(۱۷) ہزار آفت و یک جانِ بے نواے اسدؔ — خدا کے واسطے اے شاہِ بے کساں، فریاد!

دیکھیے ــــــ: (۱۸) آہ و فریاد۔ (۱۹) جرأتِ فریاد۔ (۲۰) جگر تشنۂ فریاد۔ (۲۱) جوشِ فریاد۔ (۲۲) جہاں جہاں فریاد۔ (۲۳) شوخیِ فریاد۔ (۲۴) طاقتِ فریاد۔ (۲۵) عرضِ دو عالم فریاد۔ (۲۶) گرمِ فریاد۔

[ا] فریاد : اکتیس بار [مفرد: سترہ بار، مرکب: چودہ بار]۔

فریادِ بے دلاں: فسردگی میں ہے فریادِ بے دلاں تجھ سے — چراغِ صبح و گلِ موسمِ خزاں تجھ سے — ص۱۱۲

فریادِ جرس: نالاں ہو اسدؔ! تو بھی سرِ راہ گزر پر — کہتے ہیں کہ تاثیر ہے فریادِ جرس کو — ص۳۵۰

فریادِ دل ہائے حزیں: وفائے دلبراں ہے اتفاقی، ورنہ اے ہمدم! — اثر فریادِ دل ہائے حزیں کا کس نے دیکھا ہے! — ص۲۲۰

فریادِ نارسا: دیکھیے: اثر کمندیِ فریادِ نارسا۔

فریاد و آہ و زاری: پھر دیا پارۂ جگر نے سوال — ایک فریاد و آہ و زاری ہے — ص۲۲۳

فریادی[1]: (۱) تیرے بیمار پہ ہیں فریادی — وہ جو کاغذ میں دوا باندھتے ہیں — ص۵۸

(۲) نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا؟ — کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا — ص۱۳۲

(۳) چنار آسا عدم سے بادلِ پُر آتش آیا ہوں — تہی آغوشیِ دستِ تمنا کا ہوں فریادی — ص۳۵۱

فریادیِ بیدادِ دلبر: نکوہش ہے سزا فریادیِ بیدادِ دلبر کی — مبادا! خندۂ دنداں نما ہو صبحِ محشر کی — ص۲۰۷

فریادیِ جوشِ ایثار: پہنچے ہے پیرہنِ کاغذِ ابری، نیساں — یہ تنک مایہ، ہے فریادیِ جوشِ ایثار — ص۴

فریب[2]: (۱) واماندگی بہانہ و دل بستگی فریب — دردِ طلب بہ آبلۂ پا نہ کھینچیے — ص۱۰۶

(۲) دیا یاروں نے بے ہوشی میں درماں کا فریب آخر — ہوا سکتے سے میں آئینۂ دستِ طبیب آخر — ص۱۰۶

(۳) گرچہ ہوں دیوانہ، پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب — آستیں میں دشنہ پنہاں، ہاتھ میں نشتر کھلا — ص۱۹۰

(۴) جو منکرِ وفا ہو، فریب اُس پہ کیا چلے — کیوں بدگماں ہوں دوست سے دشمن کے باب میں — ص۱۸۸

(۵) ہستی کے مت فریب میں آجائیو اسدؔ! — عالم تمام، حلقۂ دامِ خیال ہے — ص۲۰۵

(۶) زہے کرشمہ! کہ یوں دے رکھا ہے ہم کو فریب — کہ بن کہے بھی اُنھیں سب خبر ہے، کیا کہیے — ص۲۴۷

(۷) دیکھیے: بازی خورِ فریب۔

فریبِ آرزو: اسدؔ ہے طبع مجبورِ تمنا آفرینی ہا — فغاں! بے اختیاریٔ و فریبِ آرزو خوردن — ص۲۴۹

فریبِ آشنائی: بہ فریبِ آشنائی، بہ خیالِ بے وفائی — نہ رکھ آپ سے تعلق مگر ایک بدگمانی — ص۹

فریبِ افسوں: اے تسلی! ہوسِ وعدہ فریبِ افسوں ہے — ورنہ کیا ہو نہ سکے نالہ بہ ساماں مجھ سے — ص۸۳

---

[1] فریادی : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دو بار]۔

[2] فریب : بیس بار [مفرد: چھے بار، مرکب: چودہ بار]۔

فریبے : ایک بار۔

فریب نامہ : ایک بار۔

فریبِ تماشا: گل، غنچگی میں غرقۂ دریائے رنگ ہے — اے آگہی! فریبِ تماشا کہاں نہیں — ص۵۷

فریبِ خاطرِ آسودہ: دامِ گاہِ عجز میں سامانِ آسایش کہاں — پرفشانی بھی فریبِ خاطرِ آسودہ ہے — ص۱۰۳

فریبِ سادہ دلی: لافِ تمکیں: فریبِ سادہ دلی — ہم ہیں اور رازہائے سینہ گداز — ص۱۷۲

فریبِ شادمانی: بہ شکنجِ جستجوہا، بہ سرابِ گفتگوہا — تگ و تازِ آرزوہا بہ فریبِ شادمانی — ص۹

فریبِ صنعتِ ایجاد: فریبِ صنعتِ ایجاد کا تماشا دیکھ — نگاہ عکس فروش و خیال آئنہ ساز — ص۴۳

فریبِ طغرل و سنجر: ملک کے وارث کو دیکھا خلق نے — اب فریبِ طغرل و سنجر کھلا — ص۱۳۰

فریبِ ناتوانی: کروں عذرِ ترکِ صحبت، سو کہاں وہ بے دماغی — نہ غرورِ میرزائی، نہ فریبِ ناتوانی — ص۱۰

فریب نامۂ موجِ سراب: ہستی: فریب نامۂ موجِ سراب ہے — یک عمر نازِ شوخیِ عنواں اٹھایئے — ص۴۷

فریبِ وفا خوردگاں: ہمہ ناامیدی، ہمہ بدگمانی — میں دل ہوں فریبِ وفا خوردگاں کا — ص۱۳۸

فریبِ وفائے گل: دیکھیے ہلاکِ فریبِ وفائے گل۔

فریبِ ہستی: ہاں کھائیو مت فریبِ ہستی — ہر چند کہیں کہ ہے، نہیں ہے — ص۲۲۸

فریب: بہرِ تسکینِ ہوس درکار ہے، ورنہ — بہ وہمِ زور گرہ میں باندھتے تب برق حاصل ہا — ص۴۳

فریدوں[1]: مرے شاہ سلیماں جاہ سے نسبت نہیں غالبؔ — فریدون و جم و کیخسرو و داراب و بہمن کو — ص۱۹۹

فریفتۂ[2] انتخابِ طرزِ جفا: اسدؔ فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا — وگرنہ دلبری وعدۂ وفا معلوم! — ص۵۳

فزوں[3]: فزوں کی دوستوں نے حرصِ قاتل ذوقِ کشتن میں — ہوئے ہیں بخیے ہائے زخم، جوہر تیغِ دشمن میں — ص۵۸

(۲) فزوں ہوتا ہے ہر دم جوشِ خوں باری، تماشا ہے — تنفس کرتا ہے رگ ہائے مژہ پر کام نشتر کا — ص۲۲۲

فساد[4]: دیکھیے: فتنہ و فساد۔

فساں[5]: دیکھیے: (۱) رگِ سنگِ فساں۔ (۲) سنگِ فساں۔

فسانِ تیغِ شعلہ: دیکھیے: رگِ سنگِ فسانِ تیغِ شعلہ۔

---

[1] فریدوں : ایک بار [مرتب]۔
[2] فریفتہ : ایک بار [مرتب]۔
[3] فزوں : دو بار۔
[4] فساد : ایک بار [مرتب]۔
[5] فساں : چار بار [مرتب]۔

فسانِ تیغِ نازک: فسانِ تیغِ نازک قاتلاں! سنگِ جراحت ہے — دلِ گرمِ تپش: قاصد ہے پیغامِ تسلی کا — ص ۲۶

فسانگی: دیکھیے: سازِ فسانگی۔

فسانہ[1]: مجنوں! فسونِ شعلہ خرامی، فسانہ ہے — ہے شمع جادہ داغِ نظروختن ہنوز — ص ۴۲

فسانہ خوانی: دیکھیے: تپشِ فسانہ خوانی۔

فسانہ خوانیِ شمع: کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ قصّہ تمام — بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع — ص ۱۴۷

فسانہ گویاں: دیکھیے: جبینِ صبحِ اُمیدِ فسانہ گویاں۔

فسانۂ باد: طاقت فسانۂ باد، اندیشہ شعلہ ایجاد — اے غم ہنوز آتش! اے دل ہنوز خامی! — ص ۴۷

فسردگی: (۱) اے بالِ اضطراب! کہاں تک فسردگی؟ — یک پرزدن تپش میں ہے کارِ قفس تمام — ۴، ۵۵

(۲) جو نہ نقدِ داغِ دل کی کرے شعلہ پاسبانی — تو فسردگی نہاں ہے بہ کمینِ بے زبانی — ص ۲۰۷

(۳) فسردگی میں ہے فریادِ بے دلاں تجھ سے — چراغِ صبح و گلِ موسمِ خزاں تجھ سے — ص ۱۱۲

فسردگیِ انتظار: دیکھیے: خلوتِ فسردگیِ انتظار۔

فسردن[2]: (۱) ہم اور فسردن! اے تجلی افسوس! — تکرار روا نہیں تو تجدید سہی — ص ۲۵۲

دیکھیے ____: (۲) مجمرِ بزمِ فسردن۔ (۳) احرامِ فسردن۔

فسردہ: دیکھیے ____: (۲) دلِ فسردہ۔ (۳) قطرۂ خونِ فسردہ۔

فسردہ دل: شعر کی فکر کو اسدؔ! چاہیے ہے دل و دماغ — عذر کہ یہ فسردہ دل بے دل و بے دماغ ہے — ص ۱۱۶

فسردۂ تمکیں: جنوں فسردۂ تمکیں ہے، کاش عہدِ وفا — گدازِ حوصلہ کو پاسِ آبرو جانے — ص ۹۹

فسوں[3]: (۱) نظر راحت پہ میری، کر نہ وعدہ شب کے آنے کا — کہ میری خواب بندی کے لیے ہوگا فسوں وہ بھی — ص ۴۷

(۲) جادو ہے یار کی روشِ گفتگو اسدؔ! — یہاں جز فسوں نہیں، اگر افسانہ چاہیے — ص ۸۲

---

[1] فسانہ : دوبار [مرکب: ایک بار]۔
فسانہ خوانی : دوبار [مرکب]۔
فسانہ گویاں : ایک بار [مرکب]۔
فسانگی : ایک بار [مرکب]۔

[2] فسردن : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دوبار]۔

فسردگی : چار بار [مفرد: تین بار، مرکب: ایک بار]۔
فسردہ : چار بار [مرکب]۔

[3] فسوں : گیارہ بار [مفرد: دوبار، مرکب: نوبار]۔
فسوں گر : ایک بار [مرکب]۔

فسونِ خواب: شب کہ ذوقِ گفتگو سے تیری دل بیتاب تھا — شوخیِ وحشت سے افسانہ، فسونِ خواب تھا ص ۱۵

فسونِ دانائی: دیکھیے: حرزِ فسونِ دانائی۔

فسونِ دعویِ طاقت شکستن ہا: نزاکت، ہے فسونِ دعویِ طاقت شکستن ہا — شرارِ سنگ، اندازِ چراغ از چشم جستن ہا ص ۴۲

فسونِ شعلہ خرامی: مجنوں! فسونِ شعلہ خرامی فسانہ ہے — ہے شمع جادہ داغِ نظر و تختن ہنوز ص ۴۲

فسونگر: دیکھیے: چشمِ فسونگر۔

فسونِ نگہِ ناز: میں ہوں اور حیرتِ جاوید، مگر ذوقِ خیال — بہ فسونِ نگہِ ناز ستاتا ہے مجھے ص ۸۸

فسونِ نیاز: حریفِ مطلبِ مشکل نہیں فسونِ نیاز — دعا قبول ہو یارب کہ عمرِ خضر دراز! ص ۱۷۱

فسونِ وعدہ: شب کو باندھا خواب میں آنے کا قاتل نے جناح — وہ فسونِ وعدہ میرے واسطے افسانہ تھا ص ۲۵

فسونِ ہوسِ گل: دیکھیے: عرضِ فسونِ ہوسِ گل۔

فسونِ یک دلی: فسونِ یک دلی ہے لذتِ بیدادِ دشمن پر — کہ وجدِ برق جوں پروانہ بال افشاں ہے خرمن پر ص ۴۱

فشار[1]: (۱) رونے نے طاقت اتنی نہ چھوڑی کہ ایک بار — مژگاں کو دوں فشار پئے امتحانِ اشک ص ۵۰

(۲) مستیِ ابر سے گلچینِ طرب ہے حسرت — کہ اس آغوش میں ممکن ہے دو عالم کا فشار ص ۱۳۲

فشارِ تنگیِ خلوت: فشارِ تنگیِ خلوت سے بنتی ہے شبنم — صبا جو غنچے کے پردے میں جا نکلتی ہے ص ۲۱۸

فشارِ دلِ خونیں: کیفیتِ دیگر ہے فشارِ دلِ خونیں — یک غنچے سے صد خُم مئے گل رنگ نکالوں ص ۹۰

فشارِ صحرا: یک گام بے خودی سے لوٹیں بہارِ صحرا — آغوشِ نقشِ پا میں کیجیے فشارِ صحرا ص ۲۶

فشارِ ضعف: ہو فشارِ ضعف میں کیا ناتوانی کی نمود! — قد کے جھکنے کی بھی گنجائش مرے تن میں نہیں ص ۱۸۵

فصاد[2]: دیکھیے: نشترِ فصاد۔

فصل[3]: (۱) سمجھ اس فصل میں کوتاہیِ نشو و نما غالبؔ! — اگر گل سرو کے قامت پہ پیراہن نہ ہو جاوے ص ۲۱۳

دیکھیے ———: (۲) بے تکلف فصل۔ (۳) طوفانیِ کیفیتِ فصل۔

---

[1] فشار : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔
[2] فصاد : ایک بار [مرکب]۔
[3] فصل : پندرہ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چودہ بار]۔

فصلِ بہار: دیکھیے: طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار۔

فصلِ بہاری: دیکھیے ـــــ: (۱) جوششِ فصلِ بہاری۔ (۲) نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری۔

فصلِ خزانِ چمنستانِ سخن: بس کہ تھی فصلِ خزانِ چمنستانِ سخن — رنگِ شہرت نہ دیا تازہ خیالی نے مجھے — ص ۳۲۰

فصلِ رنگ: زبس آتش نے فصلِ رنگ میں رنگِ دگر پایا — چراغِ گل سے ڈھونڈھے ہے چمن میں شمعِ خار اپنا — ص ۱۵

فصلِ گل: (۱) بہ وقتِ کعبہ جوئی ہا جرس کرتا ہے ناقوسی — کہ صحرا فصلِ گل میں رشک ہے بت خانۂ چیں کا — ص ۲۸

(۲) ہے نزاکت بس کہ فصلِ گل میں معمارِ چمن — قالبِ گل میں ڈھلی ہے خشتِ دیوارِ چمن — ص ۵۹

(۳) فصلِ گل میں دیدۂ خونیں نگاہانِ جنوں — دولتِ نظارۂ گل سے شفق سرمایہ ہے — ص ۱۰۳

(۴) خزاں کیا، فصلِ گل کہتے ہیں کس کو، کوئی موسم ہو — وہی ہم ہیں، قفس ہے اور ماتم بال و پر کا ہے — ص ۲۲۰

(۵) وفا مقابل و دعوائے عشق بے بنیاد — جنونِ ساختہ و فصلِ گل قیامت ہے! — ص ۲۱۳

(۶) دیکھیے: موقوفِ فصلِ گل۔

فصلِ لالہ کاری: دیکھیے: آمدِ فصلِ لالہ کاری۔

فضا[1]: (۱) بقدرِ حوصلۂ عشق جلوہ ریزی ہے — وگرنہ خانۂ آئینہ کی فضا معلوم! — ص ۵۳

(۲) گر یاس سر نہ کھینچے، تنگی عجب فضا ہے — وسعت گہِ تمنا، یک بام و صد ہوا ہے — ص ۹۳

(۳) کیوں نہ فردوس میں دوزخ کو ملا لیں یارب! — سیر کے واسطے تھوڑی سی فضا اور سہی — ص ۳۱۱

(۴) دیکھیے: سینۂ توحید فضا۔

فضائے حیرت آبادِ تمنا: مری ہستی، فضائے حیرت آبادِ تمنا ہے — جسے کہتے ہیں نالہ، وہ اسی عالم کا عنقا ہے — ص ۲۲۱

فضائے خندہ: دیکھیے: یک فضائے خندہ۔

فضائے خندۂ گل: فضائے خندۂ گل تنگ و ذوقِ عیش بے پروا — فراغت گاہِ آغوشِ وداعِ دل پسند آیا — ص ۱۲

فضائے زمانہ: عرضِ سرشک پر ہے فضائے زمانہ تنگ — صحرا کہاں کہ دعوتِ دریا کرے کوئی — ص ۸۸

فضائے سینۂ دردِ امتحاں: ہر داغِ تازہ یک دلِ داغ انتظار ہے — عرضِ فضائے سینۂ دردِ امتحاں نہ پوچھ — ص ۷۰

---

[1] فضا : نو بار [مفرد: تین بار، مرکب: چھے بار]۔

فضائلِ[۱] علم و ہنر: اُسے فضائلِ علم و ہنر کی افزائش   ہوئی ہے مبدعِ عالم سے اس قدر انعام   ص۲۶۳

فضل[۲]: دیکھیے: حوصلۂ فضل۔

فضول[۳]: دیکھیے: شوقِ فضول۔

فضولی: شوقِ سامانِ فضولی ہے، وگرنہ غالبؔ   ہم میں سرمایۂ ایجادِ تمنا کب تھا   ص۴۴

فطرت[۴]: دیکھیے ـــــ: (۱) اربابِ فطرت۔ (۲) پست فطرت۔

فطرتِ بیدلؔ: دیکھیے: حسنِ فطرتِ بیدلؔ۔

فطرتِ وسواس قریں: نقشِ 'لاحول' لکھ اے خامۂ ہذیاں تحریر!   'یاعلی' عرض کر اے فطرتِ وسواس قریں!   ص۱۳۲

فعالِ[۵] مایرید: بس کہ فعالِ مایرید ہے آج   ہر سلحشور انگلستاں کا   ص۲۶۰

فعل[۶]: جس کا ہر فعل: صورتِ اعجاز   جس کا ہر قول: معنیِ الہام   ص۱۳۷

فغاں[۷]: (۱) فغاں! کہ بہرِ شفائے حصولِ ناشدنی   دماغ، نازکشِ منتِ طبیباں ہے   ص۱۰۲

(۲) تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو   ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے ہم کو   ص۱۹۵

(۳) اے زمزمۂ قُم! لبِ عیسیٰ پہ فغاں ہو   اے ماتمیانِ شہِ مظلوم کہاں ہو!   ص۲۸۳

(۴) اسدؔ! ہے طبع مجبورِ تمنا آفرینی ہا   فغاں! بے اختیاری و فریبِ آرزو خوردن   ص۳۳۹

دیکھیے ـــــ: (۵) آہ و فغاں۔ (۶) رنگینیِ فغاں۔ (۷) طاقتِ ضبطِ فغاں۔ (۸) نواساز فغاں۔ (۹) نوا سنجِ فغاں۔ (۱۰) ہجومِ ضبطِ فغاں۔ (۱۱) ہر فغاں۔

فغانِ دل: اسدؔ! تا کے طبیعت طاقتِ ضبطِ الم لاوے!   فغانِ دل بہ پہلو، نالۂ بیمار بدخو ہے   ص۹۸

فغان و آہ: فغان و آہ سے حاصل بجز دردِ سرِ یاراں   خوشا اے غفلت آگاہاں! نفس دزدیدن و مُردن   ص۳۳۹

فغفور[۸]: زندگانی پہ اعتماد غلط   ہے کہاں قیصر اور کہاں فغفور؟   ص۴۲

---

۱ فضائل : ایک بار [مرکب]۔
۲ فضل : ایک بار [مرکب]۔
۳ فضول : ایک بار [مرکب]۔
فضولی : ایک بار۔
۴ فطرت : چار بار [مرکب]۔
۵ فعال : ایک بار [مرکب]۔
۶ فعل : ایک بار [مرکب]۔
۷ فغاں : تیرہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: نو بار]۔
۸ فغفور : ایک بار۔

فقر[1]: دیکھیے: دستگاہِ فقر۔

فقروں[2]: اُس کے فقروں میں کون آتا ہے؟ | کیا کہیں کیا وہ راگ گاتا ہے! ص ۲۶۷

فقط[3]: (۱) اور تو رکھنے کو ہم دہر میں کیا رکھتے تھے | فقط اک شعر میں اندازِ رسا رکھتے تھے ص ۳۰۵

(۲) فقط گوشت، سو بھیڑ کا، ریشے دار | کہو، اُس کو کیا کھا کے ہم حظ اُٹھائیں ص ۲۶۳

(۳) فقط ہزار برس پر کچھ انحصار نہیں | کئی ہزار برس، بلکہ بے شمار برس ص ۲۶۳

(۴) قضا نے تھا مجھے چاہا خرابِ بادۂ اُلفت | فقط 'خراب' لکھا، بس نہ چل سکا قلم آگے ص ۲۲۷

(۵) آج یک شنبے کا دن ہے، آؤ گے؟ | یا فقط رستا ہمیں جتلاؤ گے ص ۳۱۲

فقیرِ[4] آفت رسیدہ: یارو! اسدؔ کا نام و نشاں کیا؟ | بے دل، فقیرِ آفت رسیدہ ص ۳۵۱

فقیرِ غالبِ مسکیں: ہم اور تم فلکِ پیر جس کو کہتے ہیں | فقیرِ غالبِ مسکیں کا ہے کہن تکیہ ص ۳۰۳

فقیرِ مسکیں: نہ پوچھ کچھ سر و سامان و کاروبار اسدؔ | جنوں معاملہ، بے دل، فقیرِ مسکیں ہے ص ۳۵۳

فقیروں: (۱) کب فقیروں کو رسائی بتِ مے خوار کے پاس | تُونبے بو دیجیے مے خانے کی دیوار کے پاس ص ۴۶

(۲) پہلو تہی نہ کر غم و اندوہ سے اسدؔ! | دل وقفِ درد رکھ کہ فقیروں کا مال ہے ص ۷۵

(۳) بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ! | تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں ص ۱۷۹

فقیری: اسد کو بوریے میں دھر کے پھونکا موجِ ہستی نے | فقیری میں بھی باقی ہے شرارت نوجوانی کی ص ۷۷

فکر[5]: (۱) کس قدر فکر کو ہے نالِ قلم، موئے دماغ | کہ ہوا خوں نگہِ شوق میں نقشِ تمکیں ص ۸

(۲) اُس کی شوخی سے، بہ حیرت کدۂ نقشِ خیال | فکر کو حوصلۂ فرصتِ ادراک نہیں ص ۹۴ [گھوڑے کے لیے]

[آٹھ بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۶۲]:

(۳)، (۴) مرگِ شیریں ہوگئی تھی کوہکن کی فکر میں | تھا حریرِ سنگ سے قطعِ کفن کی فکر میں۔

---

۱ فقر : ایک بار [مرکب]۔

۲ فقروں : ایک بار۔

۳ فقط : پانچ بار۔

۴ فقیر : تین بار [مرکب]۔

فقیروں : تین بار۔

فقیری : ایک بار۔

۵ فکر : چوالیس بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: انتیس بار]۔

(۵) فرصتِ یک چشم حیرت، شش جہت آغوش ہے — ہوں سپند آسا وداعِ انجمن کی فکر میں

(۶) وہ غریبِ وحشت آبادِ تسلی ہوں، جسے — کوچہ دے ہے زخمِ دل صبحِ وطن کی فکر میں

(۷) سایۂ گل داغ و جوشِ نکہتِ گل موجِ دود — رنگ کی گرمی، ہے تاراجِ چمن کی فکر میں

(۸) فالِ ہستی، خار خارِ وحشتِ اندیشہ ہے — شوخیِ سوزن ہے ساماں پیرہن کی فکر میں

(۹) غفلتِ دیوانہ جز تمہیدِ آگاہی نہیں — مغزِ سر، خوابِ پریشاں ہے سخن کی فکر میں

(۱۰) مجھ میں اور مجنوں میں وحشت، سازِ دعویٰ ہے اسدؔ! — برگ برگِ بید ہے ناخن زدن کی فکر میں

(۱۱) ہوں ہیولائے دو عالم صورتِ تقریر اسدؔ! — فکر نے سونپی خموشی کی گریبانی مجھے — ص ۸۶

(۱۲) شعر کی فکر کو اسدؔ! چاہیے ہے دل و دماغ — وائے! کہ یہ فسردہ دل بے دل و بے دماغ ہے — ص ۱۱۹

(۱۳) فکر اچھی، پر ستائش ناتمام — عجزِ اعجازِ ستائش گر کھلا — ص ۱۳۱

(۱۴) فکر میری: گہر اندوزِ اشاراتِ کثیر — کلک میری: رقم آموزِ عباراتِ قلیل — ص ۱۴۳

(۱۵) ہمارے ذہن میں اس فکر کا ہے نام وصال — کہ گر نہ ہو تو کہاں جائیں، ہو تو کیوں کر ہو — ص ۱۹۷

دیکھیے:—(۱۶) جوہرِ فکر۔ (۱۷) دور اُفتادۂ چمنِ فکر۔ (۱۸) زانوئے فکر۔ (۱۹) سرتاسرِ فکر۔ (۲۰) کارگاہِ فکر۔ (۲۱) کمالِ فکر۔ (۲۲) نفسِ پیچیدنِ فکر۔ (۲۳) ہجومِ فکر۔

فکرِ اختراعِ جلوہ: دیکھیے: زانوئے فکرِ اختراعِ جلوہ۔

فکرِ اسدؔ: دیکھیے: پیروِ فکرِ اسدؔ۔

فکرِ پرواز: فکرِ پروازِ جنوں ہے، سببِ ضبط نہ پوچھ — اشک جوں بیضہ، مژہ سے تہِ پر پنہاں ہے — ص ۱۰۹

فکرِ تاریخِ سال: فکرِ تاریخِ سال میں مجھ کو — ایک صورت نئی نظر آئی — ص ۲۶۲

فکرِ تعمیرِ خرابی ہائے دل: کرے گر فکرِ تعمیرِ خرابی ہائے دل گردوں — نہ نکلے خشت مثلِ استخواں بیروں ز قالب ہا — ص ۲۳

فکرِ حیرت رم: بہ فکرِ حیرت رم آئنہ پرداز زانو ہے — کہ مشکِ نافہ، تمثالِ سوادِ چشمِ آہو ہے — ص ۹۸

فکرِ دنیا: فکرِ دنیا میں سر کھپاتا ہوں — میں کہاں اور یہ وبال کہاں! — ص ۱۸۳

فکرِ سخن: فکرِ سخن بہانۂ پردازِ خامشی — دودِ چراغ، سرمۂ آواز ہے مجھے — ص ۹۷

(۲) فکرِ سخن: یک انشا زندانیِ خموشی — دودِ چراغ: گویا زنجیرِ بے صدا ہے — ص۹۳

(۳) ہم زباں آیا نظر فکرِ سخن میں تو مجھے — مردمک ہے طوطیِ آئینۂ زانو مجھے — ص۷۸

(۴) رکھ فکرِ سخن میں تو معذور مجھے غالبؔ! — یہاں زورقِ خودداریِ طوفانیِ معنی ہے — ص۱۱۵

دیکھیے ——— :(۵) حیرتِ فکرِ سخن۔ (۶) سخت جانِ کاوشِ فکرِ سخن۔ (۷) نشۂ فکرِ سخن۔

فکرِ سخن سوے دماغ: جوہرِ آئنۂ فکرِ سخن سوے دماغ — عرضِ حسرت پسِ زانوے تامّل تاچند — ص۳۹

فکرِ سلامت: نہ فکرِ سلامت، نہ بیمِ ملامت — ز خود رفتگی ہاے حیرت سلامت — ص۳۳

فکرِ کشیدن ہاے نقشِ روے یار: ہے جہاں فکرِ کشیدن ہاے نقشِ روے یار — ماہتاب ہالہ پیرا گردۂ تصویر ہے — ص۹۵

فکرِ مضامینِ متیں: واسطے فکرِ مضامینِ متیں کے، غالبؔ! — چاہیے خاطرِ جمع و دلِ آرامیدہ — ص۱۷

فکرِ نالہ: فکرِ نالہ میں گویا حلقہ ہوں ز سرتاپا — عضو عضو جوں زنجیر یک دلِ صدا پایا — ص۳

فکرِ وصل: دیکھیے: مشقِ فکرِ وصل۔

فکرت[۱] احرامِ گریباں: بقدرِ لفظ و معنی فکرت احرامِ گریباں ہیں — وگرنہ کیجیے جو ذرّہ عریاں، ہم نمایاں ہیں — ص۶۳

فگار[۲]: (۱) دردِ دل لکھوں کب تک، جاؤں اُن کو دکھلادوں — انگلیاں فگار اپنی، خامہ خوں چکاں اپنا — ص۱۵۹

(۲) مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور — تن سے سوا فگار ہیں اِس خستہ تن کے پانو — ص۱۹۶

فلاخن باز[۳]: یہاں فلاخن باز کس کا نالۂ بیباک ہے؟ — جادہ تا کہسار موے چینیِ افلاک ہے — ص۱۰۶

فلاطوں[۴]: کہ بحثِ علم میں اطفالِ ابجدی اُس کے — ہزار بار فلاطوں کو دے چکے الزام — ص۲۶۳

فلسِ[۵] ماہی: (۱) عکسِ گل ہاے کس سے چشمہ ہاے باغ میں — فلسِ ماہی آئنہ پردازِ داغِ ماہ ہے — ص۹۲

(۲) بہ دست آوردنِ دل، گوہرِ دریاے شاہی ہے — وگرنہ خاتمِ دستِ سلیماں فلسِ ماہی ہے — ص۲۵۳

فلک[۶]: (۱) گردشِ محیطِ ظلم رہا جس قدر فلک — میں پایمالِ غمزۂ چشمِ کبود تھا — ص۱۲

---

[۱] فکرت : ایک بار [مرکب]۔

[۲] فگار : دوبار۔

[۳] فلاخن باز : ایک بار۔

[۴] فلاطوں : ایک بار۔

[۵] فلس : دوبار [مرکب]۔

[۶] فلک : بتیس بار [مفرد: پندرہ بار، مرکب: سترہ بار]۔
فلکی : ایک بار۔

(۲) ہے شفق سوزِ جگر کی آگ کی بالیدگی   ہر یک اختر ہے فلک پر قطرۂ اشکِ کباب   ص۳۱

(۳) ہے فلک بالانشینِ فیضِ خم گردیدنی   عاجزی سے ظاہرا رتبہ کوئی برتر نہیں   ص۶۶

(۴) رنجشِ دل یک جہاں ویراں کرے گی اے فلک!   دشت ساماں ہے غبارِ خاطرِ آزردگاں   ص۶۶

(۵) فلک کو دیکھ کے، کرتا ہوں اُس کو یاد اسدؔ!   جفا میں اُس کی، ہے انداز کار فرما کا   ص۱۳۸

(۶) افسوس! کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے   جن لوگوں کی تھی درخورِ عقدِ گہر انگشت   ص۱۶۳

(۷) فلک سے ہم کو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے!   متاعِ بردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر   ص۱۶۸

(۸) غمِ دُنیا سے گر پائی بھی فرصت سر اٹھانے کی   فلک کا دیکھنا، تقریب تیرے یاد آنے کی   ص۲۰۲

(۹) دے داد اے فلک! دلِ حسرت پرست کی   ہاں کچھ نہ کچھ تلافیِ مافات چاہیے   ص۲۱۹

(۱۰) فلک! نہ دور رکھ اُس سے مجھے کہ میں ہی نہیں   درازدستیِ قاتل کے امتحاں کے لیے   ص۲۳۶

(۱۱) تھا ایک گونہ ناز جو اپنے کمال پر   اُس ناز کا فلک نے لیا مجھ سے انتقام   ص۲۸۲

(۱۲) کیسا فلک اور مہرِ جہاں تاب کہاں کا   ہوگا دلِ بیتاب کسی سوختہ جاں کا   ص۲۸۳

(۱۳) ہم نشیں تارے ہیں اور چاند شہاب الدیں خاں   بزمِ شادی ہے فلک، کاہکشاں ہے سہرا   ص۲۸۸

(۱۴) ماہِ نَو ہوں کہ فلک عجز سکھاتا ہے مجھے   عمر بھر ایک ہی پہلو پہ سُلاتا ہے مجھے   ص۳۰۵

(۱۵) شکستِ گوشہ گیراں ہے فلک کو حاصلِ گردش   صدف سے آسیائے آب میں ہے دانہ گوہر کا   ص۳۳۳

دیکھیے ـــــ: (۱۶) پشتِ فلک۔ (۱۷)، (۱۸) پیرِ فلک [دوبار]۔ (۱۹) تُرکِ فلک۔ (۲۰) جلادِ فلک۔
(۲۱) خرشیدِ فلک۔ (۲۲) گردش آموزِ فلک۔ (۲۳) کجِ فلک۔

فلکِ آبگینہ فام: سچ ہے تم آفتاب ہو، جس کے فروغ سے   دریائے نور ہے فلکِ آبگینہ فام   ص۲۸۲

فلک العرش: فلک العرش ہجومِ خمِ دوشِ مزدور   رشتۂ فیضِ ازل، سازِ طنابِ معمار   ص۱۳۳

فلکِ پیر: (۱) ہاں اے فلکِ پیر! جواں تھا ابھی عارفؔ   کیا تیرا بگڑتا جو نہ مرتا کوئی دن اور   ص۱۷۱

(۲) ہم اور تم فلکِ پیر جس کو کہتے ہیں   فقیرِ غالبؔ مسکیں کا ہے کہن تکیہ   ص۳۰۳

فلک رُتبہ: وہ فلک رتبہ کہ بر توسنِ چالاک چڑھا   ماہ پہ ہالہ صفت حلقۂ فتراک چڑھا   ص۳۳۵

فلک زدہ: کیا غم ہے اُس کو جس کا علیؑ سا امام ہو اتنا بھی اے فلک زدہ کیوں بے حواس ہے! ص۷۵

فلکِ سفلہ: فکرِ سُفلہ بے محابا ہے اس ستمگر کو انفعال کہاں! ص۶۶

فلک منظر: اے شہنشاہِ فلک منظرِ بے مثل و نظیر! اے جہاں دارِ کرم شیوۂ بے شبہ و عدیل! ص۱۲۳

فلکِ ناانصاف: کچھ تو دے اے فلکِ ناانصاف! آہ و فریاد کی فرصت ہی سہی ص۲۲۱

فلکی: دیکھیے: منازلِ فلکی۔

فن[1]: (۱) نقدِ سخن کے واسطے ایک عیار آگہی شعر کے فن کے واسطے مایۂ اعتبار ایک ص۲۹۶

(۲) دیکھیے: بُتِ بیدادفن۔

فنِ شعر: دیکھیے ــــــ: (۱) دستورِ فنِ شعر۔ (۲) عرضِ فنِ شعر۔

فنِ صورت گری: فنِ صورت گری میں تیرا گرز گر نہ رکھتا ہو دستگاہِ تمام

اُس کے مضروب کے سروتن سے کیوں نمایاں ہو صورتِ ادغام؟ ص۱۳۸

فنا[2]: کو عشق ہے بے مقصداں! حیرت پرستاراں! نہیں رفتارِ عمرِ تیز رو پابندِ مطلب ہا ص۲۳

(۲) فنا کو سونپ، گر مشتاق ہے اپنی حقیقت کا فروغِ طالعِ خاشاک ہے موقوف گلخن پر ص۱۹۸

(۳) ہے خطِ عجزِ ما و تو اوّلِ درسِ آرزو ہے یہ سیاقِ گفتگو کچھ نہ سمجھ، فنا سمجھ ص۷۳

(۴) فنا کرتی ہے زائل سرنوشتِ کلفتِ ہستی سحر، از بہرِ شست وشوئے داغِ ماہ صابوں ہے ص۱۱۳

(۵) عشرتِ قطرہ ہے، دریا میں فنا ہوجانا درد کا حد سے گزرنا، ہے دوا ہوجانا ص۱۵۶

(۶) ہے مجھے ابرِ بہاری کا برس کر کھلنا روتے روتے غمِ فرقت میں فنا ہوجانا ص۱۵۶

(۷) پرتوِ خُور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہوتے تک ص۱۷۵

(۸) ہستی ہماری، اپنی فنا پر دلیل ہے یہاں تک مٹے کہ آپ ہم اپنی قسم ہوئے ص۲۲۶

(۹) جلوۂ خور سے فنا ہوتی ہے شبنم غالبؔ! کھودیا سطوتِ اسمائے جلالی نے مجھے ص۳۲۰

دیکھیے ــــــ: (۱۰) آرامِ فنا۔ (۱۱) اربابِ فنا۔ (۱۲) بیابانِ فنا۔ (۱۳) پروازِ فنا۔ (۱۴) حکیۂ آسائش

---

[1] فن : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔ [2] فنا : اُنتیس بار [مفرد: نو بار، مرکب: بیس بار]۔

فنا۔ (۱۵) جادۂ راہِ فنا۔ (۱۶) جلوۂ برقِ فنا۔ (۱۷) خطِ فنا۔ (۱۸) دورِ افتادۂ ذوقِ فنا۔ (۱۹)، (۲۰) ذوقِ فنا [دو بار]۔ (۲۱) رامشگرِ اربابِ فنا۔ (۲۲) سازِ ایمائے فنا۔ (۲۳) سرِ ذوقِ فنا۔ (۲۴) سررشتۂ فنا۔ (۲۵) شعلۂ شمشیرِ فنا۔ (۲۶) طرزِ اہلِ فنا۔ (۲۷) عرضِ جنونِ فنا۔ (۲۸) نوآموزِ فنا۔

فنا تعلیم درسِ بے خودی: فنا تعلیم درسِ بے خودی ہوں اُس زمانے سے ۔۔۔ کہ مجنوں 'لام الف' لکھتا تھا دیوارِ دبستاں پر ۔۔۔ ص ۱۹۷

فوارہ[۱]: وہ گرفتارِ خرابی ہوں کہ فوارہ نمط ۔۔۔ سیل، صیّاد کمیں خانۂ تعمیر آوے ۔۔۔ ص ۱۳

فوارۂ سیماب: (۱) لے زمیں سے آسماں تک فرش تھیں بیتابیاں ۔۔۔ شوخیِ بارش سے مہ فوارۂ سیماب تھا ۔۔۔ ص ۱۵

(۲) دیکھ وہ برقِ تبسم بس کہ دل بیتاب ہے ۔۔۔ دیدۂ گریاں مرا فوارۂ سیماب ہے ۔۔۔ ص ۳۰۳

فوت[۲] فرصتِ ہستی: ہنستا ہے فوتِ فرصتِ ہستی کا غم کوئی ۔۔۔ عمرِ عزیز صرفِ عبادت ہی کیوں نہ ہو ۔۔۔ ص ۱۹۴

فوج[۳]: (۱) بس کہ بخشی ہے فوج کو عزت ۔۔۔ فوج کا ہر پیادہ، ہے فرزیں ۔۔۔ ص ۲۸۱

(۲) فوج کی گردِ راہ مشک فشاں ۔۔۔ رہ رووں کے مشام عطر آگیں ۔۔۔ ص ۲۸۱

فوجِ دردوغم: اسدؔ از بس کہ فوجِ دردوغم سرگرمِ جولاں ہے ۔۔۔ غبارِ راہ ویرانی ہے ملکِ دل کی آبادی ۔۔۔ ص ۳۵۱

فوجداری[۴]: پھر کھلا ہے درِ عدالتِ ناز ۔۔۔ گرم بازارِ فوجداری ہے ۔۔۔ ص ۲۲۲

فولاد[۵]: دیکھیے ـــــ: (۱) جوہرِ فولاد۔ (۲) رنگِ خارۂ فولاد۔

فولادی: دیکھیے: شمشیرِ فولادی۔

فہرست[۶]: روشناسوں کی جہاں فہرست ہے ۔۔۔ وہاں لکھا ہے چہرۂ قیصر کھلا ۔۔۔ ص ۳۹

فہم[۷]: فہم زنجیریِ بے ربطیِ دل ہے یارب! ۔۔۔ کس زباں میں ہے لقب 'خوابِ پریشاں' میرا ۔۔۔ ص ۲۱

(۲) دیکھیے: بقدرِ فہم۔

فہمِ بے شمار اندیشہ: دیکھیے: کثرتِ فہمِ بے شمار اندیشہ۔

---

[۱] فوارہ : تین بار [مرکب]۔
[۲] فوت : ایک بار [مرکب]۔
[۳] فوج : چار بار [مفرد: تین بار، مرکب: ایک بار]۔
[۴] فوجداری : ایک بار [مرکب]۔
[۵] فولاد : دو بار [مرکب]۔
فولادی : ایک بار۔
[۶] فہرست : ایک بار۔
[۷] فہم : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔

فہمِ تصور: غالبؔ! ہے رتبہ فہمِ تصور سے کچھ پرے ہے عجز بندگی جو علی کو خدا کہوں ص۵۶

فہمِ مستاں: دیکھیے: تنگِ فہمِ مستاں۔

فہمیدِ مسک: دیکھیے: رشتۂ فہمیدِ مسک۔

فہمیدن[۱]: سازشِ صُلحِ بتاں میں ہے نہاں جنگیدن نغمہ و چنگ ہیں جوں تیر و کماں فہمیدن ص۳۵۰

فی الفور[۲]: وہ راؤ راجہ بہادر کہ حکم سے جن کے رواں ہو تار پہ فی الفور دانہ وار گرہ ص۲۷۹

فیروزہ[۳]: اِن ہیم کے بیجوں کو کوئی کیا جانے بھیجے ہیں جو ارمغاں شہِ والا نے
گِن کر دیویں گے ہم دُعائیں سو بار فیروزے کی تسبیح کے ہیں یہ دانے ص۳۳

فیض[۴]: (۱) فیض سے تیرے ہے اے شمعِ شبستانِ بہار! دلِ پروانہ چراغاں، پرِ بلبل گلزار ص۳۳
(۲) جانتا ہوں کہ اُس کے فیض سے تو پھر بنا چاہتا ہے ماہِ تمام ص۳۶
(۳) دیکھیے پاتے ہیں عشاق بتوں سے کیا فیض اک برہمن نے کہا ہے کہ یہ سال اچھا ہے ص۳۹

فیضِ ازل: دیکھیے: رشتۂ فیضِ ازل۔

فیضِ بے دلی: بہ فیضِ بے دلی نومیدیِ جاوید آساں ہے کشائش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا ص۳۳

فیضِ بیعتِ بیدل: ہے خامہ فیضِ بیعتِ بیدلؔ بہ کف، اسدؔ یک نیستاں قلمروِ اعجاز ہے مجھے ص۹۷

فیضِ تربیت: مجھ پہ فیضِ تربیت سے شاہ کے منصبِ مہر و مہ و محور کھلا ص۳۹

فیضِ جاں بخشی: مسیح جس سے کرے اخذِ فیضِ جاں بخشی ستم ہے، کشتۂ تیغِ جفا کہیں اُس کو ص۲۸۵

فیضِ چمن: سازِ یک ذرہ نہیں فیضِ چمن سے بیکار سایۂ لالۂ بے داغ، سویداے بہار ص۳۲

فیضِ خدا: دیکھیے: مظہرِ فیضِ خدا۔

فیضِ خلق: فیضِ خلق اُس کا ہی شامل ہے کہ ہوتا ہے سدا بوے گل سے نفسِ بادِ صبا عطر آگیں ص۳۲

فیضِ خمِ گردیدنی: دیکھیے: بالانشینِ فیضِ خمِ گردیدنی۔

---

[۱] فہمیدن : ایک بار۔
فہمید : ایک بار [مرکب]۔
[۲] فی الفور : ایک بار۔
[۳] فیروزہ : ایک بار۔
[۴] فیض : اٹھارہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: پندرہ بار]۔
فیض مآب : ایک بار۔

فیضِ رسانا: جاں پناہا! دل وجاں فیض رسانا! شاہا! — وصیِ ختمِ رُسُل تو ہے بہ فتوائے یقیں — ص ۱۳۲

فیضِ عشق: دلِ خونیں جگر بے صبر و فیضِ عشق مستغنی — الٰہی! یک قیامت خاور آ ٹوٹے بدخشاں پر — ص ۴۰

فیضِ مآب: دیکھیے: دُعائے بقائے جنابِ فیض مآب۔

فیضِ معنی: دیدہ تا دل اسدؔ! آئینۂ یک پرتوِ شوق — فیضِ معنی سے خطِ ساغرِ راقم سرشار — ص ۱۳۳

فیضِ ہوا: (۱) سونپے ہے فیضِ ہوا، صورتِ مژگانِ یتیم — سرنوشتِ دو جہاں ابر بہ یک سطرِ غبار — ص ۱۳۲

(۲) ہے یہ برسات وہ موسم کہ عجب کیا ہے اگر — موجِ ہستی کو کرے فیضِ ہوا، موجِ شراب — ص ۱۴۳

فیضِ ہوائے چمنِ نشوونما: اے خوشا! فیضِ ہوائے چمنِ نشوونما — بادہ پُرزور و نفس مست و مسیحا بیمار — ص ۳

ثقلِ[۱] گراں جسد: رعد کا کررہی ہے کیا دم بند! — برق کو دے رہا ہے کیا الزام!

تیرے ثقلِ گراں جسد کی صدا — تیرے رخشِ سبک عناں کا خرام — ص ۱۳۸

---

[۱] ثقل : ایک بار [مرتب]۔

ق

قابل[1]: (۱) عرضِ نیازِ عشق کے قابل نہیں رہا — جس دل پہ ناز تھا مجھے، وہ دل نہیں رہا — ص۱۵۳

(۲) منصبِ شیفتگی کے کوئی قابل نہ رہا — ہوئی معزولیِ انداز و ادا میرے بعد — ص۱۲۶

قابلِ تسخیر: آئنہ دام کو سبزے میں چھپاتا ہے عبث — کہ پری زادِ نظر قابلِ تسخیر نہیں — ص۵۶

قابلِ خدمت: بوڑھا ہوا ہوں، قابلِ خدمت نہیں اسدؔ — خیرات خوارِ محض ہوں، نوکر نہیں ہوں میں — ص۲۹۸

قاتل[2]: (۱) تیغ در کف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اِس طرح — مژدہ باد اے آرزوے مرگِ غالبؔ! مژدہ باد! — ص۳۸

(۲) قاتل بہ عزمِ ناز و دل از زخم در گداز — شمشیر آبدار و نگہ آبدار تر — ص۴۰

(۳) وحشت نہ کھینچ قاتل! حیرت نفس ہے بسمل — جب نالہ خوں ہو غافل! تاثیر کیا بلا ہے — ص۹۳

(۴) طلسمِ منتِ یک خلق سے رہائی دی — جہاں جہاں مرے قاتل کا مجھ پہ احساں ہے — ص۱۰۲

(۵) یہ قاتل وعدۂ صبر آزما کیوں؟ — یہ کافر فتنۂ طاقت رُبا کیا؟ — ص۱۵۸

(۶) اسدؔ بسمل ہے کس انداز کا! قاتل سے کہتا تھا — کہ مشقِ ناز کر، خونِ دو عالم میری گردن پہ — ص۱۹۸

(۷) بچتے نہیں مواخذۂ روزِ حشر سے — قاتل اگر رقیب ہے تو تم گواہ ہو — ص۱۹۶

(۸) شرع و آئین پر مدار سہی — ایسے قاتل کا کیا کرے کوئی؟ — ص۲۳۲

(۹) لڑتا ہے مجھ سے حشر میں قاتل کہ کیوں اُٹھا؟ — گویا ابھی سُنی نہیں آواز صور کی — ص۲۳۳

(۱۰) رہے نہ جان تو قاتل کو خوںبہا دیجے — کٹے زبان تو خنجر کو مرحبا کہیے — ص۲۳۸

---

[1] قابل : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔

[2] قاتل : بتیس بار [مفرد: بارہ بار، مرکب: بیس بار]۔

قاتلاں : ایک بار۔

(۱۱) ذرے کیوں میرا قاتل؟ کیا رہے گا اُس کی گردن پر وہ خوں جو چشمِ تر سے عمر بھر یوں دم بہ دم نکلے ص۲۲۹

(۱۲) غش آگیا جو پس از قتل میرے قاتل کو ہوئی ہے اُس کو مری لاش بے کفن تکیہ ص۳۰۳

دیکھیے ــــــ: (۱۳) آئینۂ بے مہریِ قاتل۔ (۱۴) الفتِ قاتل۔ (۱۵) پشتِ چشمِ شوخیِ قاتل۔ (۱۶) تار دامنِ قاتل۔ (۱۷) تیغِ قاتل۔ (۱۸) جوشِ حیرتِ اندازِ قاتل۔ (۱۹) حرصِ قاتل۔ (۲۰) خرامِ نازِ بے پروائیِ قاتل۔ (۲۱) خیال گریِ رفتارِ قاتل۔ (۲۲) درازدستیِ قاتل۔ (۲۳) دست و بازوے قاتل۔ (۲۴) زخمِ تیغِ قاتل۔ (۲۵) زہرِ قاتل۔ (۲۶) سطوتِ قاتل۔ (۲۷) شایانِ دست و خنجرِ قاتل۔ (۲۸) کفِ قاتل۔ (۲۹) لطفِ بے تحاشا رفتنِ قاتل۔ (۳۰) لطفِ نظارۂ قاتل۔ (۳۱) مشقِ خندۂ قاتل۔

قاتلِ تمکیں سنج:	مہر بجاے نامہ، لگائی بر لبِ پیکِ نامہ رساں		قاتلِ تمکیں سنج نے یوں خاموشی کا پیغام کیا	ص۲۷

قاتلاں: فسانِ تیغِ نازک، قاتلاں! سنگِ جراحت ہے دلِ گرمِ تپش، قاصد ہے پیغامِ تسلی کا ص۲۶

قادرنامہ[1]: پایا قادرنامے نے آج اختتام اک غزل تم اور پڑھ لو والسلام! ص۲۷۵

جس نے قادرنامہ سارا پڑھ لیا اس کو آمدنامہ کچھ مشکل نہیں ص۲۷۵

قارورہ[2]: ہوں دردِ ہلاکِ نامہ بر سے بیمار قارورہ مرا خونِ کبوتر ہے آج ص۲۵۷

قاروں[3]: اُلفتِ زر ہمہ نقصاں ہے، کہ آخر قاروں زیرِ بارِ غمِ دام و درمِ چند رہا ص۲۲۹

قاسم[4]: دیکھیے: حضرت قاسم و طپاں۔

قاصد[5]: (۱) دلِ گرمِ تپش قاصد ہے پیغامِ تسلی کا ص۲۶ [دیکھیے: قاتلاں]۔

(۲) ترے کوچے میں ہے مشاطۂ واماندگی قاصد بہ پروازِ زلفِ ناز ہے ہدہد کے شانے میں ص۵۸

(۳) تاچند نفسِ غفلتِ ہستی سے برآوے قاصد تپشِ نالہ ہے، یارب! خبر آوے ص۱۱۳

(۴) قاصد کو اپنے ہاتھ سے گردن نہ ماریے اُس کی خطا نہیں ہے، یہ میرا قصور تھا ص۱۴۸

(۵) قاصد کے آتے آتے خط اک اَور لکھ رکھوں میں جانتا ہوں جو وہ لکھیں گے جواب میں ص۱۸۸

---

[1] قادرنامہ : دوبار۔
[2] قارورہ : ایک بار۔
[3] قاروں : ایک بار۔
[4] قاسم : ایک بار [مرکب]۔
[5] قاصد : سات بار۔

(۶) گزرا اسدؔ مسرت پیغامِ یار سے ۔۔۔ قاصد پہ مجھ کو رشکِ سوال و جواب ہے ۔۔۔ ص ۲۰۶

(۷) وہ بدخو اور میری داستانِ شوقِ طولانی ۔۔۔ عبارت مختصر، قاصد بھی گھبرا جائے ہے مجھ سے ۔۔۔ ص ۲۲۵

قاصر[1]: کیوں کر نہ کروں مدح کو میں ختم دعا پر ۔۔۔ قاصر ہے ستائش میں تری میری عبارت ۔۔۔ ص ۱۲۷

قاضیِ حاجات[2]: ہاتھ میں تیرے رہے توسنِ دولت کی عنان! ۔۔۔ یہ، دعا شام و سحر قاضیِ حاجات سے ہے ۔۔۔ ص ۱۲۸

قاطع[3] اعمار: قاطعِ اعمار ہیں اکثر نجوم ۔۔۔ وہ بلائے آسمانی اور ہے ۔۔۔ ص ۲۳۷

قاعدہ[4]: امرِ جدید کا تو نہیں ہے مجھے سوال ۔۔۔ بارے، قدیم قاعدے کا چاہیے قیام ۔۔۔ ص ۲۸۳

قافِ[5] تریاق: وضع میں اس کو اگر سمجھیے قافِ تریاق ۔۔۔ رنگ میں سبزۂ نوخیزِ مسیحا کہیے ۔۔۔ ص ۱۳۲

قافلہ[6]: (۱) متاعِ عیش کا ہے قافلہ چلا آتا ۔۔۔ کہ جادہ رشتہ ہے اور ہے شتر قطار گرہ ۔۔۔ ص ۲۷۹

(۲) دیکھیے: جرسِ قافلہ۔

قافلۂ آبلہ منزل: دیکھیے: باریک قافلۂ آبلہ منزل۔

قافلۂ آرزو: دیکھیے: ہزار قافلۂ آرزو۔

قالب[7]: خشت، پشتِ دستِ عجز و قالب آغوشِ وداع ۔۔۔ پُر ہوا ہے سیل سے پیمانہ کس تعمیر کا؟ ۔۔۔ ص ۱۱

قالبِ خشتِ دیوار: (۱) خانۂ تنگ، ہجومِ دوجہاں کیفیت ۔۔۔ جامِ جمشید ہے یہاں قالبِ خشتِ دیوار ۔۔۔ ص ۴

(۲) وہ شہنشاہ کہ جس کی پئے تعمیرِ سرا ۔۔۔ چشمِ جبریل ہوئی قالبِ خشتِ دیوار ۔۔۔ ص ۱۳۲

قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست: چشم بندِ خلق غیر از نقشِ خود بینی نہیں ۔۔۔ آئنہ ہے قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست ۔۔۔ ص ۳۳

قالبِ خشتِ لحد: جفا شوخ و ہوس گستاخِ مطلب ہے، مگر عاشق ۔۔۔ نفَس در قالبِ خشتِ لحد دزدیدنی جانے ۔۔۔ ص ۱۱۵

قالبِ گل: ہے نزاکت بس کہ فصلِ گل میں معمارِ چمن ۔۔۔ قالبِ گل میں ڈھلی ہے خشتِ دیوارِ چمن ۔۔۔ ص ۵۹

قالب ہا: کرے گر فکرِ تعمیرِ خرابی ہائے دل گردوں ۔۔۔ نہ نکلے خشت مثلِ استخواں بیروں ز قالب ہا ۔۔۔ ص ۴۳

---

[1] قاصر : ایک بار۔
[2] قاضیِ حاجات: ایک بار۔
[3] قاطع : ایک بار [مرکب]۔
[4] قاعدہ : ایک بار۔
[5] قاف : ایک بار [مرکب]۔
[6] قافلہ : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔
[7] قالب : چھ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔
قالب ہا : ایک بار [مرکب]۔

قالی: دیکھیے ــــــ: (۱) ریشہ دارِ نیستانِ شیرِ قالی۔ (۲) شیر افگنِ میدانِ قالی۔

قالیں[1]: دیکھیے: خطوطِ روے قالیں۔

قامت[2]: (۱) حُسن و رعنائی میں وہمِ صد سروِ گردن ہے فرق ‏ ‏ سرو کے قامت پہ گِل یک دامنِ کوتاہ ہے ‏ ‏ ص ۹۲

(۲) بھرم کھل جائے ظالم تیرے قامت کی درازی کا ‏ ‏ اگر اِس طرۂ پُرپیچ و خم کا پیچ و خم نکلے ‏ ‏ ص ۲۲۹

(۳) سمجھ اِس فصل میں کوتاہیِ نشوونما غالبؔ ‏ ‏ اگر گُل، سرو کے قامت پہ پیراہن نہ ہو جاوے ‏ ‏ ص ۲۱۳

دیکھیے ــــــ: (۴) سروِ قامت۔ (۵) غرورِ طرحِ قامت۔ (۶) فتنۂ قامت۔ (۷) وصالِ لالہ عذارانِ سرو قامت۔ (۸) وصفِ قامت۔ (۹) یادِ قامت۔

قامت آرائی: دیکھیے: سراپا قامت آرائی۔

قامتِ خم: سازِ ایماے فنا ہے عالمِ پیری اسدؔ ‏ ‏ قامتِ خم سے ہے حاصل شوخیِ ابرو مجھے ‏ ‏ ص ۸۷

قامتِ خوباں: وہ جہاں مسند نشینِ بارگاہِ ناز ہو ‏ ‏ قامتِ خوباں، ہو محرابِ نیازستانِ عجز ‏ ‏ ص ۶۶

قامتِ رعنا: اُس قامتِ رعنا کی جہاں جلوہ گری ہے ‏ ‏ تسلیم فروشی، روشِ کبکِ دری ہے ‏ ‏ ص ۲۵۳

قامتِ نوخیز: ہے سوا نیزے پہ، اُس کے قامتِ نوخیز سے ‏ ‏ آفتابِ صبحِ محشر ہے گُلِ دستارِ دوست ‏ ‏ ص ۳۳

قامتِ ہستی: پا مرو یک انداز نہیں قامتِ ہستی ‏ ‏ طاقت اگر اعجاز کرے، غبغبِ خم باندھ ‏ ‏ ص ۷۱

قائل[3]: (۱) نہ حشر و نشر کا قائل نہ کیش و ملت کا ‏ ‏ خدا کے واسطے! ایسے کی پھر قسم کیا ہے؟ ‏ ‏ ص ۳۱۲

(۲) رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل ‏ ‏ جب آنکھ سے ہی نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے؟ ‏ ‏ ص ۲۲۲

(۳) ہم نہ تبلیغ کے مائل نہ غلو کے قائل ‏ ‏ دو دُعائیں ہیں کہ وہ دیتے ہیں تو اب کو ہم ‏ ‏ ص ۲۶۵

(۴) کس طرح پڑھتے ہو رک رک کر سبق ‏ ‏ ایسے پڑھنے کا تو میں قائل نہیں ‏ ‏ [قادر نامہ]

قائلِ خدا و نبی و امام: میں قائلِ خدا و نبی و امام ہوں ‏ ‏ بندہ خدا کا اور علی کا غلام ہوں ‏ ‏ ص ۲۹۹ [طبع ثانی]

قائم[4]: اسدؔ، پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے ‏ ‏ نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہاے چنگ آخر ‏ ‏ ص ۲۰

---

[1] قالین : ایک بار [مرکب]۔
قالی : دو بار [مرکب]۔

[2] قامت : پندرہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: بارہ بار]۔

[3] قائل : پانچ بار [مفرد: چار بار، مرکب: ایک بار]۔

[4] قائم : ایک بار۔

قبا[1]:	(۱)	بالیدگی نیاز قدِ جاں فزا، اسدؔ		در ہر نفَس بقدرِ نفَس ہے قبا بلند	ص۳۹
	(۲)	یہ بھی اک بے ادبی تھی کہ قبا سے بڑھ جائے		رہ گیا آن کے دامن کے برابر سہرا	ص۲۸۷

دیکھیے ـــــــ: (۳)، (۴) بندِ قبا [دوبار]۔ (۵) پیچیدگیِ بندِ قبا۔ (۶) تنگیِ قبا۔ (۷) گریبانِ قبا۔ (۸) موجۂ گلبندِ قبا۔ (۹) ہر قبا۔

قبائے جلوہ فزا: قبائے جلوہ فزا ہے لباسِ عریانی — بہ طرزِ گل رگِ جاں مجھ کو تار داماں ہے — ص۱۰۲

قبائے گل: دیکھیے: گل، جیبِ قبائے گل۔

قبائے یار: دیکھیے: بندِ قبائے یار۔

قبا[2] (کروں): خوش وحشتے کہ عرضِ جنونِ فنا کروں — جوں گردِ راہ جامۂ ہستی قبا کروں — ص۵۵

قبر[3]: گھستے گھستے پانو میں زنجیر آدھی رہ گئی — مر گئے، پر قبر کی تعمیر آدھی رہ گئی — ص۲۸۹

قبرِ کشتگاں: دیکھیے: شمعِ قبرِ کشتگاں۔

قبضۂ[4] تیغِ خمِ محراب: اثر میں یہاں تک اے دستِ دُعا عاجل تصرّف کر — کہ سجدہ، قبضۂ تیغِ خمِ محراب ہوجاوے — ص۱۰۵

قبضۂ شمشیر: ریزشِ خونِ وفا ہے، جرعہ نوشی ہائے یار — یہاں گلوئے شیشۂ مے، قبضۂ شمشیر ہے — ص۹۵

قبلہ[5]: (۱) بیٹھ محراب کی قبلے کی طرف رہتی ہے — محوِ نسبت ہیں، تکلّف ہمیں منظور نہیں — ص۱۱۶

(۲) ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود — قبلے کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں — ص۱۸۷

(۳) دیکھیے: سوئے قبلہ۔ ک

قبلہ و ابروے بت: قبلہ و ابروے بت یک رو خوابیدۂ شوق — کعبہ و بت کدہ، یک محملِ خوابِ سنگیں — ص۷

قبلۂ آلِ نبی: مظہرِ فیضِ خدا، جان و دلِ ختمِ رُسل — قبلۂ آلِ نبی، کعبۂ ایجادِ یقیں — ص۳۳

قبلۂ آئینہ: جوں پرِ طاؤس، جوہر تختہ مشقِ رنگ ہے — بس کہ ہے وہ قبلۂ آئینہ محوِ اختراع — ص۴۷

قبلۂ اہلِ نظر: معنیِ لفظِ کرم، بسملۂ نسخۂ حُسن — قبلۂ اہلِ نظر، کعبۂ اربابِ یقیں — ص۸

قبلۂ چشم و دل: قبلۂ چشم و دل بہادر شاہ — مظہرِ ذوالجلال و الاکرام — ص۱۳۷

---

[1] قبا : بارہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: دس بار]۔
[2] قبا (۲) : ایک بار۔
[3] قبر : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
[4] قبضہ : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔
[5] قبلہ : چودہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: بارہ بار]۔

قبلۂ حاجات: (۱) مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے — بھوں پاس آنکھ قبلۂ حاجات چاہیے ص۲۱۹

(۲) جنابِ قبلۂ حاجات! اِس بلاکش نے — بڑے عذاب سے کاٹے ہیں پانچ چار برس ص۲۶۳

قبلۂ کون ومکاں: قبلۂ کون و مکاں خستہ نوازی میں یہ دیر! — کعبۂ امن و اماں عقدہ کشائی میں یہ ڈھیل! ص۱۲۴

قبلۂ ناز: دیکھیے: پرستش گری قبلۂ ناز۔

قبلۂ مقصدِ نگاہِ نیاز: قبلۂ مقصدِ نگاہِ نیاز — پھر وہی پردۂ عماری ہے ص۲۲۳

قبلۂ نورِ نظر: قبلۂ نورِ نظر کعبۂ اعجازِ مسیح — مژۂ دیدۂ نخچیر سے نبضِ بیمار ص۶

قبلہ نما[1]: (۱) تیرے کوچے کا ہے مائل دلِ مضطر میرا — کعبہ ایک اور سہی، قبلہ نما اور سہی ص۳۱۱

(۲) قبلے کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں [دیکھیے: قبلہ ۲]

قبول[2]: (۱) رحمت اگر قبول کرے، کیا بعید ہے — شرمندگی سے عذر نہ کرنا گناہ کا ص۱۳۹

(۲) حریفِ مطلبِ مشکل نہیں فسونِ نیاز — دُعا قبول ہو یارب کہ عمرِ خضر دراز! ص۱۷۱

دیکھیے ـــــ: (۳) حسرتِ قبول۔ (۴) مرحبۂ حُسنِ قبول۔

قبولِ کم نگاہی: ہو قبولِ کم نگاہی تحفۂ اہلِ نیاز — اے دلِ وا بے جاں ناز! اے دینِ وائے ایمانِ عجز! ص۴۴

قتل[3]: (۱) صد رنگ گل کترنا، در پردہ قتل کرنا — تیغِ ادا نہیں ہے پابندِ بے نیامی ص۴۳

(۲) کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا! ص۱۵۰

(۳) آج واں تیغ و کفن باندھے ہوئے جاتا ہوں میں — عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لاویں گے کیا؟ ص۱۵۵

(۴) آ گا ہے میرے قتل کو، پر جوشِ رشک سے — مرتا ہوں اُس کے ہاتھ میں تلوار دیکھ کر ص۱۶۹

(۵) قتل کا میرے کیا ہے عہد تو بارے — وائے! اگر عہد اُستوار نہیں ہے ص۲۰۸

(۶) کرے ہے قتل لگاوٹ میں تیرا رُو دینا — تری طرح کوئی تیغِ نگہ کو آب تو دے ص۲۲۳

دیکھیے ـــــ: (۷) افسونِ عرضِ قتل۔ (۸) بعدِ قتل۔ (۹) بس از قتل۔ (۱۰) تسکینِ بعد از قتل۔ (۱۱) دمِ قتل۔
(۱۲) مژدۂ قتل۔ (۱۳) وقتِ قتل۔ ہنگامِ قتل۔

---

1. قبلہ نما : دو بار۔
2. قبول : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکب: تین بار]۔
3. قتل : بیس بار [مفرد: چھے بار، مرکب: چودہ بار]۔
قتل گہ : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

قتلِ اہلِ وفا: نہ ہووے کیوں کے اُسے فرضِ قتلِ اہلِ وفا — لہو میں ہاتھ کے بھرنے کو جو وضو جانے — ص ۹۹

قتلِ عاشق: اُٹھاوے کب وہ جانِ شرم تہمت قتلِ عاشق کی — کہ جس کے ہاتھ میں مانندِ خوں رنگِ حنا گم ہو — ص ۶۸

قتلِ عاشقِ دل دادہ: اسدؔ کو زیست تھی مشکل، وگرنہ سُن لیتا — کہ قتلِ عاشقِ دل دادہ تجھ کو آساں ہے — ص ۱۰۲

قتلِ رقیب: تمنّاے اسدؔ قتلِ رقیب اور شکر کا سجدہ — دعاے دل بہ محرابِ خمِ شمشیر بہتر ہے — ص ۱۰۸

قتلِ عشاق: قتلِ عشاق نہ غفلت کشِ تدبیر آوے — یارب! آئینہ بہ طاقِ خمِ شمشیر آوے — ص ۱۳

قتل گہ: ابھی ہم قتل گہ کا دیکھنا آساں سمجھتے ہیں — نہیں دیکھا شناور جوے خوں میں تیرے توسن کو — ص ۱۹۸

قتل گہِ اہلِ تمنا: دیکھیے: عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا۔

قتلِ یک عالم: دیکھیے: مستعدِ قتلِ یک عالم۔

قحطِ[1] غمِ اُلفت: ہے اب اس معمورے میں قحطِ غمِ اُلفت اسدؔ — ہم نے یہ مانا کہ دلّی میں رہے، کھاویں گے کیا؟ — ص ۱۵۵

قد[2]: (۱) تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند — اے طفلِ خود معاملہ! قد سے عصا بلند؟ — ص ۳۸

(۲) ہو فشارِ ضعف میں کیا ناتوانی کی نمود — قد کے جھکنے کی بھی گنجایش مرے تن میں نہیں — ص ۱۸۵

(۳) اگر وہ سرو قد گرمِ خرامِ ناز آجاوے — کفِ ہر خاکِ گلشن شکلِ قمری نالہ فرسا ہو — ص ۱۹۳

قدِ آدم: ترے سرو قامت سے یک قدِ آدم — قیامت کے فتنے کو کم دیکھتے ہیں — ص ۱۷۹

قدِ جاں فزا: بالیدگی نیازِ قدِ جاں فزا، اسدؔ — در ہر نفس بقدرِ نفس ہے قبا بلند — ص ۳۹

قدِ چمن رویاں: عروج نشہ ہے سرتا قدم قدِ چمن رویاں — بجاے خود وگرنہ سرو بھی مینائے خالی ہے — ص ۷۹

قدِ دل کش: سایے کی طرح ساتھ پھریں سرو و صنوبر — تو اس قدِ دل کش سے جو گلزار میں آوے — ص ۲۳۲

قد و رُخ: منظور تھی یہ شکل تجلّی کو نور کی — قسمت کھلی ترے قد و رُخ سے ظہور کی — ص ۲۴۳

قد و گیسو: قد و گیسو میں قیس و کوہکن کی آزمایش ہے — جہاں ہم ہیں، وہاں دار و رسن کی آزمایش ہے — ص ۲۴۴

قدِ یار: (۱) جب تک کہ نہ دیکھا تھا قدِ یار کا عالم — میں معتقدِ فتنۂ محشر نہ ہوا تھا — ص ۱۵۲

(۲) دیکھیے: عکسِ خیالِ قدِ یار۔

---

[1] قحط : ایک بار [مرتّب]۔

[2] قد : گیارہ بار [مفرد: دو بار، مرتّب: نو بار]۔

قدح[۱]: (۱) اُس قدح کا ہے دَور مجھ کو نقد — چرخ نے لی ہے جس سے گردشِ وام — ص۳۷

(۲) مرے قدح میں ہے صہبائے آتشِ پنہاں — بروئے سفرہ کبابِ دلِ سمندر کھینچ — ص۱۲۶

(۳) ہوں شراب، اگر خم بھی دیکھ لوں دوچار — یہ شیشہ و قدح و کوزہ و سبو کیا ہے — ص۲۳۲

دیکھیے ـــــ: (۴) بزمِ قدح۔ (۵) جوشِ قدح۔ (۶) دَورِ قدح۔ (۷) ردِ قدح۔ (۸) لبِ قدح۔ (۹) ہوں صد قدح شراب۔

قدحِ بادہ: مے کدے میں ہو اگر آرزوئے گل چیدن — بھول جا یک قدحِ بادہ بہ طاقِ گلزار — ص۱۳۲

قدح خوار: دیکھیے: ظرفِ قدح خوار۔

قدحِ عیش: شبِ اختر قدحِ عیش نے محمل باندھا — بارِ یک قافلۂ آبلہ منزل باندھا — ص۱۳

قدح نوشی: دیکھیے: وقتِ قدح نوشی۔

قدر[۲]: (۱) تھی وطن میں شان کیا غالبؔ کہ ہو غربت میں قدر — بے تکلف، ہوں وہ مشتِ خس کہ گلخن میں نہیں — ص۱۸۵

(۲) ہمیں پھر اُن سے اُمید اور اُنھیں ہماری قدر — ہماری بات ہی پوچھیں نہ وہ، تو کیوں کر ہو؟ — ص۱۹۷

(۳) علم ہی سے قدر ہے انسان کی — ہے وہی انسان جو جاہل نہیں — [قادر نامہ]

(۴) امامِ وقت کی یہ قدر ہے کہ اہلِ عناد — پیادہ لے چلیں اور ناسزا کہیں اُس کو! — ص۲۸۵

قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق: کریں گر قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق خود آرایاں — صدفِ دنداں گوہر سے بہ حسرت اپنے لب کاٹے — ص۹۷

قدرِ سنگِ سرِ رہ: قدرِ سنگِ سرِ راہ رکھتا ہوں — سخت ارزاں ہے گرانی میری — ص۲۳۱

قدر و منزلت: (۱) بے وطن سے باہر اہلِ دل کی قدر و منزلت — عزلت آبادِ صدف میں قیمتِ گوہر نہیں — ص۲۶

(۲) جو چاہیے، نہیں وہ مری قدر و منزلت — میں یوسفِ بہ قیمتِ اوّل خریدہ ہوں — ص۲۹۹

قدردانِ لفظ و معنی: اسدؔ، اربابِ فطرت قدردانِ لفظ و معنی ہیں — سخن کا بندہ ہوں، لیکن نہیں مشتاقِ تحسیں کا — ص۲۹

قدرت[۳]: (۱) اسدؔ، قدرت سے حیدر کی ہوئی ہر گبر و ترسا کو — شرارِ سنگِ بت، بہرِ بنائے اعتقاد، آتش — ص۲۷

(۲) وہ آئے گھر میں ہمارے، خدا کی قدرت ہے! — کبھی ہم اُن کو، کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں — ص۱۸۷

---

۱ قدح : تیرہ بار [مطبوعہ: دو بار، مرتب: گیارہ بار]۔

۲ قدر : آٹھ بار [مطبوعہ: چار بار، مرتب: چار بار]۔

قدرداں : دو بار [مرتب]۔

۳ قدرت : نو بار [مطبوعہ: تین بار، مرتب: چھے بار]۔

	(۳) کروں بیدادِ ذوقِ پرفشانی عرض، کیا قدرت!	کہ طاقت اُڑ گئی، اُڑنے سے پہلے، میرے شہپر کی	ص ۲۰۷
	(۴) دیکھیے: مدِ خامۂ قدرت۔		
قدرتِ ایجادِ فنا:	دیکھیے: عدمِ قدرتِ ایجادِ فنا۔		
قدرتِ برچیدنِ داماں:	اے اسدؔ، دسترسِ وصلِ تمنا معلوم	کاش! ہو قدرتِ برچیدنِ داماں مجھ سے	ص ۸۳
قدرتِ حق:	(۱) ان پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام	قدرتِ حق سے یہی، حوریں اگر واں ہو گئیں	ص ۱۹۱
	(۲) ملے دو مرشدوں کو قدرتِ حق سے ہیں دو طالب	نظام الدین کو خسروؔ، سراج الدین کو غالبؔ	ص ۲۹۳
قدم[ل]:	(۱) فتادگی میں قدم اُستوار رکھتے ہیں	بہ رنگِ جادہ سرِ کوے یار رکھتے ہیں	ص ۱۳
	(۲) عرش پر تیرے قدم سے ہے دماغِ گردِ راہ	آج تنخواہِ شکستن ہے کلہِ جبریل کی	ص ۹۱
	(۳) طبع کو اُلفتِ دُلدُل میں یہ سرگرمیِ شوق	کہ جہاں تک چلے اُس سے قدم اور مجھ سے جبیں	
	(۴) دلِ اُلفت نسبت و سینۂ توحید فضا	نگہِ جلوہ پرست و نفسِ صدق گزیں	ص ۱۳۵
	(۵) رکھتے ہو تم قدم مری آنکھوں سے کیوں دریغ	رتبے میں مہر و ماہ سے کم تر نہیں ہوں میں	ص ۱۹۱
	(۶) مُشکیں لباسِ کعبہ علی کے قدم سے جان	نافِ زمین ہے نہ کہ نافِ غزال ہے	ص ۲۰۵
	(۷) رنجِ رہ کیوں کھینچیے، واماندگی کو عشق ہے!	اُٹھ نہیں سکتا ہمارا جو قدم منزل میں ہے	ص ۲۳۱
	(۸) گدا سمجھ کے وہ چپ تھا، مری جو شامت آئے	اُٹھا اور اُٹھ کے قدم میں نے پاسباں کے لیے	ص ۲۳۶
	(۹) مسلکِ شرع کے ہیں راہ رو و راہ شناس	خضر بھی یعنی گر آ جائے تو لے اُن کے قدم	ص ۲۶۵

دیکھیے ____ : (۱۰) آہنگِ زمیں بوسِ قدم۔ (۱۱) بساطِ دستگہِ یک قدم۔ (۱۲) بے قدم۔ (۱۳) جنتِ نقشِ قدم۔ (۱۴) چشمِ نقشِ قدم۔ (۱۵) چند قدم۔ (۱۶) حیرت کدۂ نقشِ قدم۔ (۱۷) دو قدم۔ (۱۸) دوسرا قدم۔ (۱۹)__(۲۱) سرتا قدم [تین بار]۔ (۲۲) شیرازۂ اجزاے قدم۔ (۲۳)، (۲۴) صورتِ نقشِ قدم [دو بار]۔ (۲۵) گلدستۂ صد نقشِ قدم۔ (۲۶) مشقِ نقشِ قدم۔ (۲۷)__(۳۵) نقشِ قدم [نو بار]۔ (۳۶) نگاہِ دیدۂ نقشِ قدم۔ (۳۷)، (۳۸) ہر قدم [دو بار]۔ (۳۹)، (۴۰) یک قدم [دو بار]۔ (۴۱) یک قدم وحشت۔

[ل] قدم : اکتالیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: تینتیس بار]۔ قدم بوس : تین بار [مرکب]۔

قدم بوس: دیکھیے ـــــ: (۱) ادراکِ قدم بوس۔ (۲) منعِ قدم بوس۔

قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں: غم و عشرت، قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں ہے | دعاے مدعا گم کردگاں لبریزِ آمیں ہے | ص۸۹

قدمِ چند: زندگی کے ہوئے ناگہ نفسِ چند تمام | کوچۂ یار جو مجھ سے قدمِ چند رہا | ص۲۲۶

قدوم[۱] بتاں: دیکھیے: ہنگامِ انتظارِ قدومِ بتاں۔

قدیم[۲]: (۱) دستورِ فنِ شعر یہی ہے قدیم سے | یعنی دعا پہ مدح کا کرتے ہیں اختتام | ص۲۸۳

(۲) امرِ جدید کا تو نہیں ہے مجھے سوال | بارے، قدیم قاعدے کا چاہیے قیام | ص۲۸۳

(۳) دیکھیے: تریاکِ قدیم۔

قرار[۳]: (۱) خواہش کو احمقوں نے پرستش دیا قرار | کیا پوجتا ہوں اُس بتِ بیداگر کو میں؟ | ص۱۹۰

(۲) بتاؤ اُس مژہ کو دیکھ کر، کہ مجھ کو قرار | یہ نیش ہو رگِ جاں میں فرو، تو کیوں کر ہو؟ | ص۱۹۸

(۳) آ، کہ مری جان کو قرار نہیں ہے | طاقتِ بیدادِ انتظار نہیں ہے | ص۲۰۸

دیکھیے ـــــ: (۴) وداعِ قرار۔ (۵) صبر و قرار۔

قُربِ[۴] ہر روزہ: مہرِ تاباں کو ہو تو ہو اے ماہ! | قربِ ہر روزہ برسبیلِ دوام | ص۳۶

قُربِ بساطِ نگاہ: دیکھیے: دورگردِ قربِ بساطِ نگاہ۔

قُربِ کلیم: دیکھیے: رابطۂ قربِ کلیم۔

قربانِ[۵] اوج ریزیِ چشمِ حیا پرست: قربانِ اوج ریزیِ چشمِ حیا پرست | یک آسماں ہے مرتبۂ پشتِ پا بلند | ص۳۸

قربانِ سازِ یک درد: سوزِ نیِ دو عالم قربانِ سازِ یک درد | معراجِ نالہ نے، سکتہ ہزار جا ہے | ص۹۳

قربانِ لطفِ جورِ بے دل: اسدؔ قربانِ لطفِ جورِ بے دل | خبر لیتے ہیں، لیکن بے دلی سے | ص۹۱

قربانی[۶]: دیکھیے ـــــ: (۱)۔۔(۴) چشمِ قربانی [چار بار]۔ (۵) حیرت سوادِ چشمِ قربانی۔ (۶) سوادِ چشمِ قربانی۔

---

۱ قدوم : ایک بار [مرکب]۔

۲ قدیم : تین بار [مفرد: دو بار، مرکب: ایک بار]۔

۳ قرار : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دو بار]۔

۴ قرب : تین بار [مرکب]۔

۵ قربان : تین بار [مرکب]۔

۶ قربانی : چھے بار [مرکب]۔

قُرصِ[1] کافوری: گرمِ تکلیفِ دلِ رنجیدہ ہے از بس کہ چرخ — قرص کافوری ہے مہر از بہر سرما خوردگاں ص۹۹

قرض[2]: (۱) فلک سے ہم کو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے! — متاعِ بُردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر ص۱۹۸

گلوے شیشۂ مے:	ریزشِ خونِ وفا ہے جرعہ نوشی ہاے یار	یہاں گلوے شیشۂ مے، تیغۂ شمشیر ہے	ص۹۵
گلہ[3]:	(۱) اسدؔ! ساغر کشِ تسلیم ہو گردش سے گردوں کی	کہ ننگِ فہمِ مستاں ہے گلہ بدروزگاری کا	ص۱۹
	(۲) گر بعدِ مرگ وحشتِ دل کا گلا کروں	موجِ غبار سے پرِ یک دشت وا کروں	ص۵۶
	(۳) گلہ ہے شوق کو دل میں بھی تنگیِ جا کا	گہر میں محو ہوا اضطراب دریا کا	ص۱۳۷
	(۴) نوازش ہاے بیجا دیکھتا ہوں	شکایت ہاے رنگیں کا گلا کیا!	ص۱۵۷
	(۵) نفس، موجِ محیطِ بے خودی ہے	تغافل ہاے ساقی کا گلا کیا	ص۱۵۷
	(۶) تم سے بیجا ہے مجھے اپنی تباہی کا گلہ	اس میں کچھ شائبۂ خوبیِ تقدیر بھی تھا	ص۱۵۸
	(۷) تنگیِ دل کا گلہ کیا، یہ وہ کافر دل ہے	کہ اگر تنگ نہ ہوتا تو پریشاں ہوتا	ص۱۵۸
	(۸) جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو؟	اک تماشا ہوا، گلا نہ ہوا	ص۱۹۲
	(۹) ہے مجھ کو تجھ سے تذکرۂ غیر کا گلہ	ہر چند بر سبیلِ شکایت ہی کیوں نہ ہو	ص۱۹۳
	(۱۰) کرنے گئے تھے اس سے تغافل کا ہم گلہ	کی ایک ہی نگاہ کہ بس خاک ہو گئے	ص۲۲۹
	(۱۱) شکوے کے نام سے بے مہر خفا ہوتا ہے	یہ بھی مت کہہ، کہ جو کہیے تو گلا ہوتا ہے	ص۲۳۰
	(۱۲) جب توقع ہی اٹھ گئی غالبؔ!	کیوں کسی کا گلا کرے کوئی؟	ص۲۳۲
	(۱۳) کس کو سناؤں حسرتِ اظہار کا گلہ؟	دل فردِ جمع و خرجِ زباں ہاے لال ہے	ص۲۰۵

---

[1] گلنار : ایک بار [مرکب]۔

[2] گلو : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔

[3] گلہ : سترہ بار [مفرد: چودہ بار، مرکب: تین بار]۔

گلہ مند : ایک بار۔

(۱۴) آپ نے مسّیٔ الضّر کہا ہے تو سہی — یہ بھی، یا حضرتِ ایّوب! گلا ہے تو سہی — ص۳۱۰

گلہ مند: دل سخت نژند ہوگیا ہے گویا — اُس سے گلہ مند ہوگیا ہے گویا — ص۲۵۳

گلۂ اُلفت: دیکھیے: دامِ گلۂ اُلفت۔

گلۂ پا: دیدار طلب ہے دلِ واماندہ کہ آخر — نوکِ سرِ مژگاں سے رقم ہو گلۂ پا — ص۲۹

گلۂ کم سخنی: گو حوصلہ پا مردِ تغافل نہیں لیکن — خاموشیِ عاشق گلۂ کم سخنی ہے — ص۱۱۱

گلے[1]: (۱-۳) سب سے یہ گوشہ کنارے ہے، گلے لگ جا رے — آدمی کو کیوں پکارے ہے، گلے لگ جا رے
سر سے گر چادر اُتارے ہے، گلے لگ جا رے — [تضمین]

(۴) کھلے یہ گانٹھ، تو البتّہ دم نکل جاوے — بری طرح سے ہوئی ہے گلے کا ہار، گرہ — ص۲۷۹

گلی[2]: (۱) تماشا ہے کہ ناموسِ وفا رسوائے آئیں ہے — نفس تیری گلی میں خوں ہوا اور بازاررنگیں ہے — ص۸۹

(۲) ہاں وہ نہیں خدا پرست، جاؤ وہ بے وفا سہی — جس کو ہو دین و دل عزیز، اُس کی گلی میں جائے کیوں — ص۱۹۳

(۳) اپنی گلی میں مجھ کو نہ کر دفن بعدِ قتل — میرے پتے سے خلق کو کیوں تیرا گھر ملے — ص۲۳۶

گلیوں: گلیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو کہ میں — جاں دادۂ ہوائے سرِ رہگزار تھا — ص۱۵۳

گلیم[3]: یہ گلیم ہوں، لازم ہے میرا نام نہ لے — جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے — ص۲۸

گلیمِ بختِ سیہ: ہے گلیمِ سیہِ بختِ پریشاں کاکل — موئے بافتنِ ریشۂ سُنبل تا چند — ص۳۹

گم[4]: (۱) ابرِ نیساں سے ملے موجِ گہر کا تاواں — خلوتِ آبلہ میں گم کرے گر تو رفتار — ص۵

(۲) بہ روئے قیس دستِ شرم ہے مژگانِ آہو سے — مگر روزِ عروسی گم ہوا تھا شانہ لیلیٰ کا — ص۲۶

(۳) بہ عکسِ عجز ابروئے مہ تو حیرت ایما ہے — کہ بھاں گم کر جبینِ سجدہ فرسا آستانے میں — ص۵۸

(۴) دل دے کفِ تغافلِ ابروئے یار میں — آئینہ ایسے طاق پہ گم کر کہ تو نہ ہو — ص۱۸

(۵) موجِ گل ڈھونڈھ بہ خلوت کدۂ غنچۂ باغ — گم کرے گوشۂ میخانہ میں گر تو دستار — ص۱۰۰

---

[1] گلے : چار بار۔
[2] گلی : تین بار۔ گلیوں : ایک بار۔
[3] گلیم : دو بار مرکب ا۔
[4] گم : اکیس بار مفرد: پندرہ بار، مرکب ۔۔۔

(۶) کہتے ہو: نہ دیں گے ہم دل اگر پڑا پایا — دل کہاں کہ گم کیجیے، ہم نے مدعا پایا — ص ۱۳۳
(۷) غنچہ پھر لگا کھلنے، آج ہم نے اپنا دل — خوں کیا ہوا دیکھا، گم کیا ہوا پایا — ص ۱۳۳

[نو بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص ۶۸]:

(۸) مبادا بے تکلف فصل کا برگ و نوا گم ہو — مگر طوفانِ نے میں جنبشِ موجِ صبا گم ہو
(۹) سببِ وارستگاں کو ننگِ ہمت ہے، خداوندا! — اثر سرمے سے اور لب ہائے عاشق سے صدا گم ہو
(۱۰) نہیں جز دردِ تسکینِ کوشش ہائے بیدرداں — کہ موجِ گریہ میں صد خندۂ دنداں نما گم ہو
(۱۱) ہوئی ہے ناتوانی بے دماغِ شوخیِ مطلب — فرو ہوتا ہے سر سجدے میں، اے دستِ دعا! گم ہو
(۱۲) تجھے ہم مفت دیویں یک جہاں چینِ جبیں، لیکن — مبادا! اے پیچ و تابِ طبع، نقشِ مدعا گم ہو
(۱۳) بلا گردانِ تمکینِ بتاں صد موجۂ گوہر — عرق بھی جن کے عارض پر بہ تکلیفِ حیا گم ہو
(۱۴) اٹھاوے کب وہ جانِ شرم تہمت قتلِ عاشق کی — کہ جس کے ہاتھ میں مانندِ خوں رنگِ حنا گم ہو
(۱۵) کریں خوباں جو سیرِ حسن اسدؔ یک پردہ نازک تر — دمِ صبحِ قیامت در گریبانِ قبا گم ہو

گم کردگاں: دیکھیے: دعائے مدعا گم کردگاں۔

گم کردہ: (۱) شمع ہوں، لیکن بہ پا در رفتہ خارِ جستجو — مدعا گم کردہ ہر سو، ہر طرف جلتا ہوں میں — ص ۹۳
(۲) دیکھیے: آشیاں گم کردہ۔

گم کردہ رہ: نشے میں گم کردہ رہ آیا وہ مستِ فتنہ خو — آج رنگِ رفتہ، دورِ گردشِ ساغر ہوا — ص ۲۰

گم گشتگاں: دیکھیے: کلفتِ گم گشتگاں۔

گم گشتہ: دیکھیے: دلِ گم گشتہ۔

گماں۔گمان[۱]**:** (۱) اسدؔ سے ترکِ وفا کا گماں وہ معنی ہے — کہ کھینچیے پرِ طائر سے صورتِ پرواز — ص ۴۳
(۲) اس پہ گزرے نہ گماں ریو و ریا کا زنہار! — غالبِؔ خاک نشیں اہلِ خرابات سے ہے — ص ۱۴۸
(۳) ہے بس کہ ہر اک اُن کے اشارے میں نشاں اَور — کرتے ہیں محبت تو گزرتا ہے گماں اَور — ص ۱۴۰

---

[۱] گمان : اٹھارہ بار [مفرد: دس بار، مرکب: آٹھ بار]۔

(۴) ظالم! مرے گماں سے مجھے منفعل نہ چاہ — ہَے ہَے! خدا نکردہ، تجھے بے وفا کہوں! ص۱۷۸

(۵) ہوگئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر — عشق کا اُس کو گماں ہم بے زبانوں پر نہیں ص۱۸۳

(۶) ہم پر جفا سے ترکِ وفا کا گماں نہیں — اک چھیڑ ہے، وگرنہ مراد امتحاں نہیں ص۱۸۸

(۷) غلط نہ تھا ہمیں خط پر گماں تسلّی کا — نہ مانے دیدۂ دیدار جُو تو کیوں کر ہو ص۱۹۷

(۸) حال آنکہ ہے یہ سیلیِ خارا سے لالہ رنگ — غافل کو میرے شیشے پہ مے کا گمان ہے ص۲۰۳

(۹) جا داد بادہ نوشیِ رنداں ہے شش جہت — غافل گماں کرے ہے کہ گیتی خراب ہے ص۲۰۶

(۱۰) نفرت کا گماں گزرے ہے، میں رشک سے گزرا — کیوں کر کہوں: لو نام نہ اُن کا مرے آگے ص۲۴۹

دیکھیے: (۱۱-۱۵) بدگماں [پانچ بار]۔

گمانِ رنجشِ خاطر: ہم سے عبث ہے گمانِ رنجشِ خاطر — خاک میں عشاق کی غبار نہیں ہے ص۲۰۸

گمانِ غرورِ دانائی: وداعِ حوصلہ، توفیقِ شکوہ، عجزِ وفا — اسدؔ! ہنوز گمانِ غرورِ دانائی ص۱۱۰

گمانِ قطعِ زحمت: بہ گمانِ قطعِ زحمت نہ دوچار خامشی ہو — کہ زبانِ سرمہ آلود نہیں تیغِ اصفہانی ص۹

گمراہی[۱]: دیکھیے: خوفِ گمراہی۔

گمرہاں: بہ کامِ دل کریں کس طرح گمرہاں فریاد — ہوئی ہے لغزشِ پا لکنتِ زباں، فریاد! ص۳۷

گمرہیِ سکندر: لبِ نگار میں، آئینہ، دیکھ آبِ حیات — بہ گمرہیِ سکندر ہے محوِ حیرانی ص۹۶

گناہ[۲]: (۱) رحمت اگر قبول کرے، کیا بعید ہے — شرمندگی سے عذر نہ کرنا گناہ کا ص۱۳۹

(۲) تم جانو، تم کو غیر سے جو رسم و راہ ہو — مجھ کو بھی پوچھتے رہو تو کیا گناہ ہو ص۱۹۶

(۳) اِن دل فریبیوں سے نہ کیوں اُس پہ پیار آئے — روٹھا جو بے گناہ، تو بے عذر من گیا ص۲۹۳

گناہگار: حد چاہیے سزا میں عقوبت کے واسطے — آخر گناہگار ہوں، کافر نہیں ہوں میں ص۱۹۰

گناہوں: دیکھیے: (۱) کردہ گناہوں۔ (۲) ناکردہ گناہوں۔

---

[۱] گمراہی : ایک بار [مرکب]۔
گمرہی : ایک بار [مرکب]۔
گمرہاں : ایک بار۔

[۲] گناہ : تین بار [مفرد: دو بار]۔
گناہگار : ایک بار۔

[۳] گناہوں : دو بار۔

گنبدِ[۱] بے در: اُس کی اُمّت میں ہوں میں، میرے رہیں کیوں کام بند — واسطے جس شہ کے غالبؔ! گنبدِ بے در کھلا ص۱۶۱

گنبدِ تیز گرد، نیلی فام: آسماں کو، کہا گیا کہ کہیں — گنبدِ تیز گرد نیلی فام ص۱۵۵

گنج[۲]: (۱) شکوۂ یاراں غبارِ دل میں پنہاں کر دیا — غالبؔ! ایسے گنج کو شایاں یہی ویرانہ تھا ص۲۵

(۲) دیوانگاں ہیں حاملِ رازِ نہانِ عشق — اے بے تمیز! گنج کو ویرانہ چاہیے ص۸۲

گنجِ تنہائی: دیکھیے: پاسبانِ طلسمِ گنجِ تنہائی۔

گنجِ شرر: گریہ ہاے بے دلاں گنجِ شرر در آستیں — قہرمانِ عشق میں حسرت سے لیتے ہیں خراج ص۳۵

گنجِ محبت: دیکھیے: قفلِ درِ گنجِ محبت۔

گنج وتخت وافسر: دیکھیے: وارثِ گنج وتخت وافسر۔

گنج ہاے گراں مایہ: مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم! — تو نے وہ گنج ہاے گراں مایہ کیا کیے؟ ص۲۲۳

گنجایش[۳]: ہو فشارِ ضعف میں کیا ناتوانی کی نمود — قد کے جھکنے کی بھی گنجایش مرے تن میں نہیں ص۱۸۵

گنجایشِ عداوتِ اغیار: گنجایشِ عداوتِ اغیار یک طرف — یہاں دل میں ضعف سے ہوسِ یار بھی نہیں ص۱۸۳

گنجفہ باز[۴] خیال: محفلیں برہم کرے ہے گنجفہ بازِ خیال — ہیں ورق گردانیِ نیرنگِ یک بت خانہ ہم ص۱۷۷

گنجینہ[۵]: حق سے کیا مانگیے اُن کے لیے؟ جب ہو موجود — ملک و گنجینہ و خیل و سپہ و کوس و علم ص۲۶۵

گنجینۂ گوہر: (۱) خسروِ انجم کے آیا صرف میں — شب کو تھا گنجینۂ گوہر کھلا ص۱۳۹

(۲) دیکھیے: درِ گنجینۂ گوہر۔

گنجینۂ گہر: اس سے جو کوئی بہرہ ور ہوگا — سینہ، گنجینۂ گہر ہوگا ص۲۶۸

گنجینۂ معنی: گنجینۂ معنی کا طلسم اس کو سمجھیے — جو لفظ کہ غالبؔ! مرے اشعار میں آوے ص۲۳۲

گنہ[۶]: آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد — مجھ سے مرے گنہ کا حساب اے خدا! نہ مانگ ص۱۷۶

---

۱ گنبد : دوبار [مرکب]۔

۲ گنج : چھے بار [مفرد: دوبار، مرکب: چار بار]۔

گنج ہا : ایک بار [مرکب]۔

۳ گنجایش : دوبار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]۔

۴ گنجفہ باز : ایک بار [مرکب]۔

۵ گنجینہ : پانچ بار [مرکب]۔

۶ گنہ : ایک بار۔

[مزید دیکھیے: بے گنہ، بے گنہ کُش، خونِ بے گنہ]۔

گنہگار[1]: تماشائے گلشن: تمنّائے چیدن — بہار آفرینا! گنہگار ہیں ہم؟ ص۵۵

گنہگاروں: سرِ خطِ بند ہوا نامہ گنہگاروں کا — خونِ بہ بہ سے لکھا نقش گرفتاروں کا ص۲۸

گوارا[2]: (۱) رنجِ نومیدیِ جاوید گوارا رہیو! — خوش ہوں، گر نالہ زبونی کشِ تاثیر نہیں ص۱۸۲

(۲) ہم رشک کو اپنے بھی گوارا نہیں کرتے — مرتے ہیں، مگر اُن کی تمنّا نہیں کرتے ص۲۳۲

دیکھیے ـــــ: (۳) بادہ ہائے نابِ گوارا۔

گواہ[3]: (۱) جامِ جہاں نما ہے شہنشاہ کا ضمیر — سوگند اور گواہ کی حاجت نہیں مجھے ص۱۲۵

(۲) صادق ہوں اپنے قول میں، غالبؔ خدا گواہ — کہتا ہوں سچ، کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے ص۱۲۵

(۳) بچتے نہیں مواخذۂ روزِ حشر سے — قاتل اگر رقیب ہے، تو تم گواہ ہو ص۱۹۶

(۴) دیکھیے: احتیاجِ گواہ۔

گواہِ رنگیں: شفق بہ دعویِ عاشق گواہِ رنگیں ہے — کہ ماہ، دُزدِ حنائے کفِ نگاریں ہے ص۱۰۲

گواہِ عشق: پھر ہوئے ہیں گواہِ عشق طلب — اشکباری کا حکم جاری ہے ص۲۲۳

گودرز[4]: زورِ بازو میں مانتے ہیں تجھے — گیو، و گودرز و بیژن و رُہام ص۱۳۷

گور[5] (۱): (۱) بے خیالِ حُسن میں حُسنِ عمل کا سا خیال — خلد کا اک در ہے میری گور کے اندر کھلا ص۲۹۱

(۲) وائے! واں بھی شورِ محشر نے نہ دم لینے دیا — لے گیا تھا گور میں ذوقِ تن آسانی مجھے ص۲۳۲

دیکھیے ـــــ: (۳) دہانِ گور۔ (۴) لبِ گور۔ (۵) نوکِ زبانِ دہنِ گور۔

گورِ غریباں: خموشی میں نہاں، خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں — چراغِ مُردہ ہوں میں بے زباں گورِ غریباں کا ص۱۵۷

گور[6] (۲): چھوڑ دیتا تھا گور کو بہرام — ران پر داغِ تازے دے کے وہیں ص۲۸۱

---

[1] گنہگار : ایک بار۔
گنہگاروں : ایک بار۔
[2] گوارا : تین بار[مرکب: ایک بار]۔
[3] گواہ : چھے بار[مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔
[4] گودرز : ایک بار[مرکب]۔
[5] گور(۱) : چھے بار[مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔
[6] گور(۲) : ایک بار۔

گورمنٹ[۱]: خود بے تدارک اس کا گورمنٹ کو ضرور / بے وجہ کیوں ذلیل ہو، غالبؔ ہے جس کا نام ص ۲۸۳

گورے[۲]: گورے پنڈے پر نہ کر ان کے نظر / کھینچ لیتے ہیں یہ ڈورے ڈال کر ص ۲۶۶

گوش[۳]: (۱) ہوں ترے وعدہ نہ کرنے میں بھی راضی کہ کبھی / گوش، منت کشِ گلبانگِ تسلی نہ ہوا ص ۱۳۲

(۲) گوش مہجورِ پیام و چشم محرومِ جمال / ایک دل، تس پر یہ ناامیدواری، ہائے ہائے! ص ۲۰۳

(۳) میں تو دیوانہ ہوں اور ایک جہاں ہے غماز / گوش ہیں در پسِ دیوار، کہوں یا نہ کہوں ص ۲۹۸

دیکھیے ـــــــ: (۴) آشتیِ چشم و گوش۔ (۵) فردوسِ گوش۔

گوشِ حریفاں: دیکھیے: (۱)، (۲) پنبۂ گوشِ حریفاں [دوبار]۔

گوشِ دل: دیکھیے: پردگیِ گوشِ دل۔

گوشِ گل: (۱) یار معذورِ تغافل ہے، عزیزاں! شگفتہ / نالۂ بلبل بہ گوشِ گل شنیدن منع ہے ص ۱۱۳

(۲) بجا ہے، گر نہ سنے نالہ ہائے بلبلِ زار / کہ گوشِ گل نمِ شبنم سے پنبہ آگیں ہے ص ۲۱۳

گوشِ محبت: پھونکا ہے کس نے گوشِ محبت میں اے خدا! / افسونِ انتظار، تمنا کہیں جسے ص ۲۱۸

گوشِ نسریں عارضاں: وقتِ شب اُس شمع رو کے شعلۂ آواز پر / گوشِ نسریں عارضاں پروانۂ محفل ہوا ص ۲۹

گوشِ نصیحت نیوش: دیکھو مجھے، جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو / میری سنو، جو گوشِ نصیحت نیوش ہے ص ۲۳۰

گوش ہا: کس سے اے غفلت! تجھے تعبیرِ آگاہی ملے؟ / گوش ہا سیمابی و دل بے قرارِ نغمہ ہے ص ۸۹

گوشت[۴]: (۱) دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال / ہوگیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا ص ۱۵۹

(۲) فقط گوشت، سو بھیڑ کا ریشے دار / کہو، اُس کو کیا کھاکے ہم حظ اُٹھائیں؟ ص ۲۹۳

گوشہ[۵]: (۱) نے تیر کماں میں ہے نہ صیاد کمیں میں / گوشے میں قفس کے مجھے آرام بہت ہے ص ۲۲۵

(۲) جن کی مسند کا آسماں، گوشہ / جن کی خاتم کا آفتاب، نگیں ص ۲۸۰

---

[۱] گورمنٹ : ایک بار۔

[۲] گورے : ایک بار۔

[۳] گوش : تیرہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دس بار]۔

گوش ہا : ایک بار۔ [مزید دیکھیے: حلقۂ گوش]

[۴] گوشت : دو بار۔

[۵] گوشہ : سترہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: چودہ بار]۔

(۳) سب سے یہ گوشہ کنارے ہے، گلے لگ جا مرے — آدمی کو کیوں پکارے ہے، گلے لگ جا مرے — ص ۲۹۱

(۴) دیکھیے: کُلبۂ گوشہ۔

گوشہ گیراں: دیکھیے: شکستِ گوشہ گیراں۔

گوشہ گیری ہا: صفا کب جمع ہو سکتی ہے غیر از گوشہ گیری ہا — صدف بن قطرۂ نیساں اسدؔ گوہر نہیں ہوتا — ص ۲۲۵

گوشہ نشیں: دیکھیے: بے نوائے گوشہ نشیں۔

گوشۂ ابرو: ختم کر ایک اشارت میں عباراتِ نیاز — جوں مہِ نَو ہے نہاں گوشۂ ابرو میں جبیں — ص ۸

گوشۂ بساط: دیکھیے: (۱)، (۲) ہر گوشۂ بساط [دو بار]۔

گوشۂ تنہائی دل: دیکھیے: وحشت پرستِ گوشۂ تنہائی دل۔

گوشۂ دامن: بقدرِ حسرتِ دل چاہیے ذوقِ معاصی بھی — بھروں یک گوشۂ دامن، گر آبِ ہفت دریا ہو — ص ۱۹۴

گوشۂ دستار: گلے گر سنگ سر پر یار کے دستِ نگاریں سے — بجائے زخم، گل بر گوشۂ دستار ہو پیدا — ص ۳۱

دیکھ کر تجھ کو چمن بس کہ نمو کرتا ہے — خود بہ خود پہنچے ہے گل گوشۂ دستار کے پاس — ص ۱۷۳

گوشۂ غم خانہ: کل اسدؔ کو ہم نے دیکھا گوشۂ غم خانہ میں — دست بر سر، سر بہ زانوے دلِ مایوس تھا — ص ۲۱

گوشۂ مے خانہ: موجِ گل ڈھونڈھ بہ خلوت کدۂ غنچۂ باغ — گم کرے گوشۂ مے خانہ میں گر تو دستار — ص ۱۳۲

گومگو[۱]: ادب ہے اور یہی کشمکش، تو کیا کیجے؟ — حیا ہے اور یہی گومگو، تو کیوں کر ہو؟ — ص ۱۹۷

گوں[۲]: (۱) حسرت اے ذوقِ خرابی! کہ وہ طاقت نہ رہی — عشقِ پُر عربدہ کی گوں دلِ رنجور نہیں — ص ۱۸۵

(۲) زخمی ہوا ہے پاشنہ پائے ثبات کا — نے بھاگنے کی گوں نہ اقامت کی تاب ہے — ص ۲۰۶

گونہ[۳]: دیکھیے: (۱) اک گونہ (۲) صد گونہ۔

گوہر[۴]: (۱) صدف کی ہے ترے نقشِ قدم میں کیفیت — سرشکِ چشم اسدؔ کیوں نہ اُس میں گوہر ہو — ص ۱۶۷

(۲) توفیق بہ اندازۂ ہمت ہے ازل سے — آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا — ص ۱۵۲

(۳) گوہر کو عقدِ گردنِ خوباں میں دیکھنا — کیا اوج پر ستارۂ گوہر فروش ہے — ص ۲۳۰

---

۱ گومگو : ایک بار۔
۲ گوں : دو بار۔
۳ گونہ : دو بار [مرکب]۔
۴ گوہر : پینتیس بار [مفرد: سات بار، مرکب: اٹھائیس بار]۔

(۴) شکستِ گوشہ گیراں ہے فلک کو حاصلِ گردش صدف سے آسیائے آب میں ہے دانہ گوہر کا ص ۴۴۴

(۵) صفا کب جمع ہو سکتی ہے غیر از گوشہ گیری ہا صدف بن قطرۂ نیساں اسدؔ! گوہر نہیں ہوتا ص ۴۴۵

(۶) تھا جب قطرۂ بے دست و پا بالا دویدن سے ز بہرِ یادگاری ہا گرہ دیتا ہے گوہر کی ص ۴۵۳

(۷) روتا ہوں بس کہ در ہوسِ آرمیدگی جوں گوہر اشک کو ہے فرامش چکیدگی ص ۴۵۴

دیکھیے ______ :(۸) آئینہ بندیِ گوہر۔ (۹) برقِ خرمن زادِ گوہر۔ (۱۰) تابِ گراں باریِ گوہر۔ (۱۱) در گنجینۂ گوہر۔ (۱۲) دندانِ گوہر۔ (۱۳)، (۱۴)، (۱۵) رشتۂ گوہر [تین بار]۔ (۱۶) سودۂ گوہر۔ (۱۷) شکلِ گوہر۔ (۱۸) صد موجۂ گوہر۔ (۱۹) صورتِ رشتۂ گوہر۔ (۲۰) قیمتِ گوہر۔ (۲۱) گنجینۂ گوہر۔ (۲۲) لعل و زمرد و زر و گوہر۔

گوہر آگیں فرش: انجم چرخ: گوہر آگیں فرش نور: مے: ماہ: ساغرِ سیمیں ص ۴۸۰

گوہر افشانی: خدا نے تجھ کو عطا کی ہے گوہر افشانی درِ حضور پر اے ابر! بار بار برس ص ۴۶۴

گوہر بار: (۱) دیکھیے: آئینۂ ایجادِ کفِ گوہر بار۔ (۲) ابرِ گوہر بار۔ (۳) مژۂ گوہر بار۔

گوہرِ دریائے شاہی: یہ دست آوردِ دل گوہرِ دریائے شاہی ہے وگرنہ خاتمِ دستِ سلیماں فلسِ ماہی ہے ص ۴۵۳

گوہر شب تاب: دامنِ گردوں میں رہ جاتا ہے ہنگامِ وداع گوہرِ شب تاب اشکِ دیدۂ خرشید ہے ص ۱۰۴

گوہر شکست: دیکھیے: صدفِ گوہر شکست۔

گوہر غلطاں: رخِ روشن کی دمک، گوہرِ غلطاں کی چمک کیوں نہ دکھلاوے فروغِ مہ و اختر سہرا ص ۴۸۷

گوہر فروش: دیکھیے: ستارۂ گوہر فروش۔

گوہرِ مقصود: نہاں ہے گوہرِ مقصود جیبِ خود شناسی میں کہ یہاں غواص ہے تمثال اور آئینہ دریا ہے ص ۸۴

گوہرِ نایاب: (۱) غالبؔ! ز بس کہ سوکھ گئے چشم میں سرشک آنسو کی بوند گوہرِ نایاب ہو گئی ص ۹۶

(۲) کیوں اسے گوہرِ نایاب تصور کیجے کیوں اسے مردمکِ دیدۂ عنقا کہیے ص ۱۲۲

گوے[1]: (۱) تاک کے جی میں کیوں رہے ارماں آئے، یہ گوے اور یہ میداں ص ۱۳۰

---

[1] گوے : دو بار [مرتب: ایک بار]۔

(۲) آم کا کون مردِ میداں ہے؟ ثمر و شاخ: گوے و چوگاں ہے ص۳۰

گویا[۱]: کون گل سے ضعف و خاموشیِ بلبل کہہ سکے نے زبانِ غنچہ گویا، نے زبانِ خارِ باغ ص۴۸

گہ و بے گہ[۲]: رہے ہے یوں گہ و بے گہ کہ کوے دوست کو اب اگر نہ کہیے کہ دشمن کا گھر ہے، کیا کہیے؟ ص۴۲۷

گھاٹا[۳]: ہاں فراوانی اگر کچھ ہے، تو ہے آفات میں بجز غم و رنج و الم، گھاٹا ہے ہر یک بات میں ص۲۹۰

گھاس[۴]: اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ، ویرانی تماشا کر مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے درباں کا ص۱۵۷

گھائل[۵]: موت بس اُن کی ہے جو مر کے وہیں دفن ہوئے زیست اُن کی ہے جو اُس کوچے سے گھائل آئے ص۳۱۲

گھٹائیں[۶]: جس طرح باغ میں ساون کی گھٹائیں برسیں ہے اسی طور پہ یہاں دجلہ فشاں دستِ کرم ص۲۶۵

گہر[۷]: (۱) اے کرم! نہ ہو غافل، ورنہ ہے اسدؔ بے دل بے صدف گہر گویا پشتِ چشمِ نیساں ہے ص۸۹

(۲) گلہ ہے شوق کو دل میں بھی تنگیِ جا کا گہر میں محو ہوا اضطراب دریا کا ص۱۴۷

(۳) دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہوتے تک ص۱۷۵

(۴) دنداں کا خیال چشمِ تر کر ہر دانۂ اشک کو گہر کر ص۴۴۸

دیکھیے ______: (۵)، (۶) آبِ گہر [دو بار]۔ (۷) اوجِ طالعِ لعل و گہر۔ (۸) درخورِ عقدِ گہر۔ (۹) دندانِ گہر۔ (۱۰) علی بہادرِ عالی گہر۔ (۱۱) گنجینۂ گہر۔ (۱۲) محملِ کشِ موجِ گہر۔ (۱۳) موجِ گہر۔

گہر آبلہ: ضبطِ گریہ گہر آبلہ لایا آخر پاے صد موج بہ طوفاں کدۂ دل باندھا ص۱۳

گہر اندوزِ اشاراتِ کثیر: فکر میری: گہر اندوزِ اشاراتِ کثیر کلک میری: رقم آموزِ عباراتِ قلیل ص۱۲۳

گہربار[۸]: دیکھیے ______: (۱) ابرِ گہربار۔ (۲) رگِ ابرِ گہربار۔

گہرہاے راز: تاراج کاوشِ غمِ ہجراں ہوا اسدؔ! سینہ، کہ تھا دفینہ گہر ہاے راز کا ص۱۵۵

گہرہاے شاہوار: اُنھیں کی سالگرہ کی یہ شادمانی ہے کہ ہو گئے ہیں گہرہاے شاہوار، گرہ ص۲۷۹

---

۱ گویا : ایک بار۔
۲ گہ و بے گہ : ایک بار۔
۳ گھاٹا : ایک بار۔
۴ گھاس : ایک بار۔
۵ گھائل : ایک بار۔
۶ گھٹائیں : ایک بار۔
۷ گہر : سترہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: تیرہ بار]۔
۸ گہرہا : دو بار [مرکب]۔

گھر[1]:

(۱) میں بھی معذورِ جنوں ہوں اسد اے خانہ خراب!	پیشوا لینے مجھے گھر سے بیاباں نکلا	ص ۳۳
(۲) ضعفِ جنوں کو وقتِ تپش در بھی دور تھا	اک گھر میں مختصر سا بیاباں ضرور تھا	ص ۱۸
(۳) تھی میرے ہی جلانے کو اے آہ شعلہ ریز!	گھر پر پڑا نہ غیر کے کوئی شرار، حیف!	ص ۴۹
(۴) گر ہو بلدِ شوق مری خاک کو وحشت	صحرا کو بھی گھر سے کئی فرسنگ نکالوں	ص ۶۰
(۵) دل میں ذوقِ وصل و یادِ یار تک باقی نہیں	آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا، جل گیا	ص ۱۵۱
(۶) کوئی ویرانی سی ویرانی ہے!	دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا	ص ۱۵۲
(۷) کیا ہی رضواں سے لڑائی ہوگی	گھر ترا خلد میں گر یاد آیا	ص ۱۵۲
(۸) اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ	[دیکھیے: گھاس]۔	
(۹) گھر ہمارا، جو نہ روتے بھی، تو ویراں ہوتا	بحر گر بحر نہ ہوتا تو بیاباں ہوتا	ص ۱۵۸
(۱۰) ہے خبر گرم اُن کے آنے کی	آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا	ص ۱۶۳
(۱۱) آئے ہے بے کسیِ عشق پہ رونا غالبؔ!	کس کے گھر جائے گا سیلابِ بلا میرے بعد	ص ۱۶۶
(۱۲) نظر میں کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی	ہمیشہ روتے ہیں ہم دیکھ کر در و دیوار	ص ۱۶۷
(۱۳)،(۱۴) گھر جب بنالیا ترے در پر، کہے بغیر	جانے گا اب بھی تو نہ مرا گھر، کہے بغیر	ص ۱۶۹
(۱۵)،(۱۶) تم ماہِ شبِ چار دہم تھے مرے گھر کے	پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشا کوئی دن اور	ص ۱۷۱
(۱۷) ہوا ہوں عشق کی غارت گری سے شرمندہ	سوائے حسرتِ تعمیر گھر میں خاک نہیں	ص ۱۸۳
(۱۸) ہوگئے ہیں جمع اجزائے نگاہِ آفتاب	ذرّے، اُس کے گھر کی دیواروں کے روزن میں نہیں	ص ۱۸۵
(۱۹) کم نہیں وہ بھی خرابی میں، پہ وسعت معلوم!	دشت میں ہے مجھے وہ عیش کہ گھر یاد نہیں	ص ۱۸۶
(۲۰)،(۲۱) وہ آئے گھر میں ہمارے، خدا کی قدرت ہے	کبھی ہم اُن کو، کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں	ص ۱۸۷
(۲۲) نقصاں نہیں، جنوں میں بلا سے ہو گھر خراب	سو گز زمیں کے بدلے بیاباں گراں نہیں	ص ۱۸۸
(۲۳) لو وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ بے ننگ و نام ہے	یہ جانتا اگر، تو لٹاتا نہ گھر کو میں	ص ۱۹۰
(۲۴) چھوڑا نہ رشک نے کہ ترے گھر کا نام لوں	ہر یک سے پوچھتا ہوں کہ جاؤں کدھر کو میں؟	ص ۱۹۰
(۲۵) ایک ہنگامے پہ موقوف ہے گھر کی رونق	نوحۂ غم ہی سہی، نغمۂ شادی نہ سہی	ص ۲۰۹

---

[1] گھر : بیالیس بار۔

(۲۶) گھر میں تھا کیا کہ ترا غم اُسے غارت کرتا — وہ جو رکھتے تھے ہم اک حسرتِ تعمیر، سو ہے — ص ۲۳۲

(۲۷) وعدہ آنے کا وفا کیجیے، یہ کیا انداز ہے؟ — تم نے کیوں سونپی ہے میرے گھر کی دربانی مجھے — ص ۲۳۲

(۲۸) اُگ رہا ہے در و دیوار سے سبزہ غالبؔ! — ہم بیاباں میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے — ص ۲۳۳

(۲۹) اپنی گلی میں مجھ کو نہ کر دفن بعدِ قتل — میرے پتے سے خلق کو کیوں تیرا گھر ملے — ص ۲۳۶

(۳۰) وہ آویں گے مرے گھر، وعدہ کیسا، دیکھنا غالبؔ! — نئے فتنوں میں اب چرخِ کہن کی آزمائش ہے — ص ۲۳۵

(۳۱) رہے ہے یوں گہ و بے گہ، کہ کوئے دوست کو اب — اگر نہ کہیے کہ دشمن کا گھر ہے، کیا کہیے — ص ۲۳۷

(۳۲) مگر لکھوائے کوئی اُس کو خط، تو ہم سے لکھوائے — ہوئی صبح اور گھر سے کان پر رکھ کر قلم نکلے — ص ۲۵۰

(۳۳) چوک جس کو کہیں، وہ مقتل ہے — گھر بنا ہے نمونہ زنداں کا — ص ۲۶۰

(۳۴) گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے — زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا — ص ۲۶۰

(۳۵) جس کو منظور ہو کہ زر بھیجے — احسن اللہ خاں کے گھر بھیجے — ص ۲۶۸

(۳۶) گھر پھونکنے میں اپنے محابا نہیں ہم کو — گر چرخ بھی جل جائے تو پروا نہیں ہم کو — ص ۲۸۳

(۳۷) بگڑی ہے بہت بات، بنائے نہیں بنتی — اب گھر کو بغیر آگ لگائے نہیں بنتی — ص ۲۸۳

(۳۸) تم جو فرماتے ہو: دیکھ اے غالبِؔ آشفتہ سر! — ہم نہ تجھ کو منع کرتے تھے، گیا کیوں اُس کے گھر — ص ۲۹۳

(۳۹) اک گرم آہ کی تو ہزاروں کے گھر جلے — رکھتے ہیں عشق میں یہ اثر ہم جگر جلے — ص ۳۲۸

(۴۰) یہ آتشِ ہمسایہ کہیں گھر نہ جلاوے — کی ہے دلِ سوزاں نے مرے پہلو میں جا گرم — ص ۳۲۸

(۴۱) بے در و دیوار سا اک گھر بنایا چاہیے — کوئی ہمسایہ نہ ہو اور پاسباں کوئی نہ ہو — ص ۲۹۶

(۴۲) مسجد کے زیرِ سایہ اک گھر بنالیا ہے — یہ بندۂ کمینہ ہمسایۂ خدا ہے — ص ۳۱۲

گبری[۱]: دیکھیے: عداوت گبری۔

گھمنڈ[۲]: ہم کو ہے اس رازداری پر گھمنڈ — دوست کا ہے راز دشمن پر کھلا — ص ۱۳۰

گھنگے[۳]: دیکھیے: بچے گھنگے۔

گہوارہ[۴]: (۱) شاخِ گل جنبش میں ہے گہوارہ آسا ہر نفس — طفلِ شوخِ غنچۂ گل بس کہ ہے وحشی مزاج — ص ۳۰۵

(۲) لبِ عیسیٰ کی جنبش کرتی ہے گہوارہ جنبانی — قیامت، کشتۂ لعلِ بتاں کا خوابِ سنگیں ہے — ص ۲۱۷

---

۱ گبری : ایک بار۔
۲ گھمنڈ : ایک بار۔
۳ گھنگے : ایک بار۔
۴ گہوارہ : دو بار [مرتب: ایک بار]۔

گھونسلا[١]: درم و دام اپنے پاس کہاں؟ چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں؟ ص ۲۹۸

گیاوقت[٢]: مہرباں ہوکے بلا لو مجھے، چاہو جس وقت میں گیاوقت نہیں ہوں کہ پھر آ بھی نہ سکوں ص ۱۸۶

گیاہ[٣]: (۱) تھا میں گلدستۂ احباب کی بندش کی گیاہ متفرق ہوئے میرے رفقا میرے بعد ص ۳۸

(۲) غافل بہ وہمِ ناز خود آرا ہے، ورنہ یہاں بے شانۂ صبا نہیں طرۂ گیاہ کا ص ۱۳۹

گیتی[٤]: (۱) جا دادِ بادہ نوشیِ رنداں ہے شش جہت غافل گماں کرے ہے کہ گیتی خراب ہے ص ۲۰۶

دیکھیے ______: (۲) سرتاسرِ گیتی۔ (۳)، (۴) غمِ گیتی [دوبار]۔ (۵) نقشِ آبادِ گیتی۔

گِھرا[۵]: ظاہرا سر پنجۂ افتادگاں گھرا نہیں ورنہ کیا حسرت کشِ دامن یہ نقشِ پا نہیں ص ۶۵

گیرائی[٦]: (۱) تحیر ہے گریباں گیرِ ذوقِ جلوہ پیرائی ملی ہے جوہرِ آئینہ کو جوں بخیہ گیرائی ص ۹۲

(۲) نہیں کچھ سبحہ و زنار کے پھندے میں گیرائی وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمائش ہے ص ۲۲۲

(۳) دیکھیے: آفتِ گیرائی۔

گیسو[٧]: دیکھیے ______: (۱) حلقۂ گیسو۔ (۲) حلقۂ خمِ گیسو۔ (۳)، (۴) خمِ گیسو [دوبار]۔ (۵) قدوگیسو۔ (۶) مستعدِ شانۂ گیسوشدن۔

گیسوے دراز: دیکھیے: ذوقِ تارِ گیسوے دراز۔

گیسوے مشکیں: دیکھیے: جوشِ عکسِ گیسوے مشکیں۔

گیو[٨]: زور بازو میں مانتے ہیں تجھے گیو و گودرز و پیون و رہام ص ۱۳۷

گیہوں[٩]: نہ کھاتے گیہوں، نکلتے نہ خلد سے باہر جو کھاتے حضرتِ آدم یہ بیسنی روٹی ص ۱۳۳

ا گھونسلا : ایک بار۔
٢ گیاوقت : ایک بار۔
٣ گیاہ : دوبار۔
٤ گیتی : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔
۵ گھرا : ایک بار۔
٦ گیرائی : تین بار [مرکب: ایک بار]۔
٧ گیسو : آٹھ بار [مرکب]۔
٨ گیو : ایک بار [مرکب]۔
٩ گیہوں : ایک بار۔

ل

لاٹھی[1]:	آواز تری نکلے اور آواز کے ساتھ	لاٹھی وہ لگے کہ جس میں آواز نہ ہو	ص۳۳
لاجرم[2]:	لکھ سکا میں نہ اُسے شکوۂ پیماں شکنی	لاجرم، توڑ کے، عاجز قلمِ چند رہا	ص۳۲۹
لاچار[3]:	اسدؔ! شکوہ، کفر و دُعا، ناسپاسی	ہجومِ تمنّا سے لاچار ہیں ہم	ص۵۵
لازم[4]: (۱)	سیہ گلیم ہوں، لازم ہے میرا نام نہ لے	جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے	ص۱۲۸
(۲)	لازم تھا کہ دیکھو مرا رستا کوئی دن اور	تنہا گئے کیوں، اب رہو تنہا کوئی دن اور	ص۱۷۰
(۳)	لازم نہیں کہ خضرؔ کی ہم پیروی کریں	جانا کہ اک بزرگ ہمیں ہم سفر ملے	ص۲۳۷
لاشِ بے کفن[5]: (۱)	یہ لاشِ بے کفن اسدِؔ خستہ جاں کی ہے	حق مغفرت کرے! عجب آزاد مرد تھا	ص۱۵۵
(۲)	غش آگیا جو پس از قتل میرے قاتل کو	ہوئی ہے اُس کو مری لاشِ بے کفن، تکیہ	ص۳۰۳
لاغر[6]:	~~لاغر اتنا~~ ہوں کہ گر تو بزم میں جا دے مجھے	میرا ذمّہ، دیکھ کر گر کوئی بتلادے مجھے	ص۲۳۵
لافِ تمکیں[7]:	~~لافِ تمکیں فریب~~ سادہ دلی	ہم ہیں اور رازہائے سینہ گداز	ص۱۶۲
لافِ دانش:	~~لافِ دانش غلط و~~ نفعِ عبادت معلوم!	دُردِ یک ساغرِ غفلت ہے، چہ دنیا و چہ دیں	ص۱۳۲
لاکھ[8]:	شورِ رُسوائیِ دل دیکھ کہ یک نالۂ شوق	لاکھ پردے میں چھپا، پر وہی عریاں نکلا	ص۳
لاکھ باتیں:	تمیزِ زشتی و نیکی میں لاکھ باتیں ہیں	بہ عکسِ آئنہ یک فردِ سادہ رکھتے ہیں	ص۵۹

---

۱ لاٹھی : ایک بار

۲ لاجرم : ایک بار

۳ لاچار : ایک بار

۴ لازم : تین بار

۵ لاش : دوبار | مرکب |

۶ لاغر : ایک بار

۷ لاف : دوبار | مرکب |

۸ لاکھ : پانچ بار

۹ لاکھوں: پانچ بار

لاکھ تار: اس رشتے میں لاکھ تار ہوں، بلکہ سوا	اتنے ہی برس شمار ہوں، بلکہ سوا	ص۲۵۳

لاکھ جگر: کہتا ہے کون نالۂ بلبل کو بے اثر	پردے میں گل کے، لاکھ جگر چاک ہو گئے	ص۲۲۹

لاکھ عقدے: ~~لاکھ عقدے دل~~ میں تھے، لیکن ہر ایک	میری حدِّ وسع سے باہر کھلا	ص۳۹

لاکھوں: یوں سمجھیے کہ بیچ سے خالی کیے ہوئے	لاکھوں ہی آفتاب ہیں اور بے شمار چاند	ص۱۲۸

لاکھوں آرزوئیں: خموشی میں نہاں خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں	چراغِ مُردہ ہوں میں بے زباں گورِ غریباں کا	ص۱۵۷

لاکھوں بناو: لاکھوں لگاو: ایک چُرانا نگاہ کا	لاکھوں بناو: ایک بگڑنا عتاب میں	ص۱۸۹

لاکھوں تمنائیں: دائم الحبس اس میں ہیں لاکھوں تمنائیں اسدؔ	جانتے ہیں سینۂ پُرخوں کو زنداں خانہ ہم	ص۱۷۷

لاکھوں لگاو: دیکھیے: لاکھوں بناو۔

لاگ[1]: (۱) ~~لاگ ہو تو اس~~ کو ہم سمجھیں لگاو	جب نہ ہو کچھ بھی، تو دھوکا کھائیں کیا؟	ص۱۶۱

(۲) طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ	دوزخ میں ڈال دو کوئی لے کر بہشت کو	ص۱۹۷

(۳) ہوں خاکسار، پر نہ کسی سے ہے مجھ کو لاگ	نے دانۂ فتادہ ہوں، نے دامِ چیدہ ہوں	ص۲۹۹

لال[2]: عرضِ دردِ بے وفائی، وحشتِ اندیشہ ہے	خوں ہوا دل تا جگر، یارب زبانِ شکوہ لال!	ص۵۲

(۲) دیکھیے ______ : فردِ جمع وخرج زباں ہائے لال (۳) زبانِ لال

لالِ مادرزاد: بہرِ عرضِ حالِ، شبنم سے رقمِ ایجاد، گل	ظاہرا، ہے اس چمن میں لالِ مادر زاد، گل	ص۵۲

لال ڈگی[3]: ~~لال ڈگی پر کرے~~ گا جا کے کیا؟	پُل پہ چل، ہے آج دن اتوار کا	(قادرنامہ)

لالہ[3]: (۱) بس کہ یک رنگ ہیں دل، کرتی ہے ایجاد نسیم	لالے کے داغ سے، جوں نقطہ وخط، سنبل زار	ص۳

(۲) داغِ مُہرِ ضبط بیجا، مستیِ سعیِ سپند	دودِ مجمر، لالہ ساں دُردِ تہِ پیمانہ تھا	ص۲۵

(۳) داغِ ربطِ ہم ہیں اہلِ باغ، گر گل ہو شہید	لالہ، چشمِ حسرت آلودِ چراغِ کشتہ ہے	ص۸۰

---

۱ لاگ : تین بار

۲ لال : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]

۳ لالہ : پچیس بار [مفرد: سات بار، مرکب: اٹھارہ بار]

لالہ زار : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]

لالہ کاری: دو بار [مرکب: ایک بار]

لالہ ہا : ایک بار

(۴) وحشت انجمن ہے گل، دیکھ لالے کا عالم مثلِ دودِ مجمر کے داغ بال افشاں ہے ص۸۹

(۵) کارگاہِ ہستی میں لالہ، داغ ساماں ہے برقِ خرمنِ راحت خونِ گرمِ دہقاں ہے ص۲۱۷

(۶) نامرادِ جلوہ ہر عالم میں حسرت گل کرے لالہ، داغِ شعلہ فرسودِ چراغِ کشتہ ہے ص۸۰

(۷) یک ذرّۂ زمیں نہیں بیکار باغ کا یاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا ص۱۳۹

دیکھیے ______ : (۸)، (۹) داغِ لالہ [دو بار]۔ (۱۰) رنگِ لالہ۔ (۱۱) رنگِ تمکینِ گل و لالہ۔ (۱۲) سبزہ و برگِ گلِ لالہ۔ (۱۳) غنچۂ لالہ۔ (۱۴) گلِ لالہ۔ (۱۵) گل و ریحان و لالہ۔ (۱۶) گل و لالہ۔ (۱۷) ہر ایک گل و لالہ۔

لالہ رنگ: حال آنکہ ہے یہ سیلیِ خارا سے لالہ رنگ غافل کو میرے شیشے پہ مے کا گمان ہے ص۲۰۳

لالہ زار: (۱) جب اُس کے دیکھنے کے لیے آئیں بادشاہ لوگوں میں کیوں نمود نہ ہو لالہ زار کی ص۲۵۱

(۲) وقتِ خیالِ جلوۂ حُسنِ بتاں اسدؔ دکھلائے ہے مجھے دو جہاں لالہ زار، داغ ص۴۸

(۳) دیکھیے: ہوسِ سیرِ لالہ زار۔

لالہ عارضاں: ہے لالہ عارضاں، مجھے گلگشتِ باغ میں دیتی ہے گرمیِ گل و بلبل ہزار داغ ص۴۸

لالہ عذارانِ سروقامت: دیکھیے: وصالِ لالہ عذارانِ سروقامت۔

لالہ کاری: (۱) گل فشانی ہائے نازِ جلوہ کو کیا ہوگیا! خاک پر ہوتی ہے تیری لالہ کاری، ہائے ہائے! ص۲۰۳

(۲) دیکھیے: آمدِ فصلِ لالہ کاری۔

لالہ و گل: ~~لالہ و گل بہم~~ آئینۂ اخلاقِ بہار ہوں میں وہ داغ کہ پھولوں میں بسایا ہے مجھے ص۱۰۸

(۲) سب کہاں، کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہوگئیں خاک میں، کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں ص۱۹۱

لالہ و گل و نسریں: ہے رنگِ لالہ و گل و نسریں جدا جدا ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیے ص۲۲۰

لالہ ہا: یک چمن جلوۂ یوسف ہے بہ چشمِ یعقوب لالہ ہا داغ بر افگندہ و گل ہا بے خار ص۳

لالۂ بے داغ: سازِ یک ذرّہ نہیں فیضِ چمن سے بیکار سایۂ لالۂ بے داغ، سویدائے بہار ص۳۲

لالۂ مہ: شب کہ وہ گل باغ میں تھا جلوہ فرمائے اسدؔ! داغِ مہ، جوشِ چمن سے لالۂ مہ ہوگیا ص۳۳۶

لامِ[1] الف:		فنِ تعلیمِ درسِ بے خودی ہوں اُس زمانے سے	کہ مجنوں لام الف لکھتا تھا دیوارِ دبستاں پر	ص۱۶۷
لائق[2]:		ہم مشقِ فکرِ وصل و غمِ ہجر سے اسدؔ	لائق نہیں رہے ہیں غمِ روزگار کے	ص۸۰
لائقِ تعزیر:		یوسفؔ اُس کو کہوں اور کچھ نہ کہے، خیر ہوئی	گر بگڑ بیٹھے، تو میں لائقِ تعزیر بھی تھا	ص۱۵۸
لب[3]:	(۱)	جنبشِ ہر برگ سے، ہے گُل کے لب کو اختلاج	خُبثِ شبنم سے صبا ہر صبح کرتی ہے علاج	ص۳۵
	(۲)	سینے کا داغ ہے وہ نالہ کہ لب تک نہ گیا	خاک کا رزق ہے وہ قطرہ کہ دریا نہ ہوا	ص۱۹۲
	(۳)	کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب	گالیاں کھا کے بے مزا نہ ہوا	ص۱۹۲
	(۴)	اُس لب سے مل ہی جائے گا بوسہ کبھی تو، ہاں	شوقِ فضول و جرأتِ رندانہ چاہیے	ص۲۱۱
	(۵)	کرے ہے بادہ ترے لب سے کسبِ رنگِ فروغ	خطِ پیالہ، سراسر نگاہِ گلچیں ہے	ص۲۱۳
	(۶)	شورشِ باطن کے ہیں احباب منکر، ورنہ یہاں	دل، محیطِ گریہ و لب، آشنائے خندہ ہے	ص۲۱۵
	(۷)	نالہ جاتا تھا پرے عرش سے میرا، اور اب	لب تک آتا ہے، جو ایسا ہی رسا ہوتا ہے	ص۲۲۰
	(۸)	جاں لب پہ آئی تو بھی نہ شیریں ہوا دہن	از بس کہ تلخیِ غمِ ہجراں چشیدہ ہوں	ص۲۹۹
	(۹)	جاں، مطربِ ترانۂ ھَل مِن مزید ہے	لب، پردہ سنجِ زمزمۂ الاماں نہیں	ص۱۸۸
	(۱۰)	ممکن ہے کرے خضرؔ، سکندرؔ سے ترا ذکر؟	گر لب کو نہ دے چشمۂ حیواں سے طہارت	ص۱۲۷
	(۱۱)	کریں گر قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق، خود آرایاں	صدف، دندانِ گوہر سے بہ حسرت اپنے لب کاٹے	ص۹۷
	(۱۲)	جنوں، گرمِ انتظار و نالہ، بیتابی کمند آیا	سویدا تا بہ لب زنجیریِ دودِ سپند آیا	ص۱۱

دیکھیے ———: (۱۳) بوسۂ لب۔ (۱۴) پشتِ لب۔ (۱۵)، (۱۶)، (۱۷) تبخالۂ لب [تین بار]۔ (۱۸) تشنہ لب۔ (۱۹) جانِ برلب آمدہ۔ (۲۰) جنبشِ لب۔ (۲۱) خندہ زیرِ لب۔ (۲۲) خندۂ زیرِ لب۔ (۲۳) سخن برلب آوردگاں۔ (۲۴) صدمۂ یک جنبشِ لب۔ (۲۵) کف برلب۔ (۲۶) کف بہ لب۔ (۲۷) مُہرِ خموشی برلب۔ (۲۸) یک جنبشِ لب۔ (۲۹) شہیدِ تشنہ لبِ کربلا۔

---

[1] لام : ایک بار

[2] لائق : دو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: ایک بار]

[3] لب : ساٹھ بار [مفرد: بارہ بار، مرکب: اڑتالیس بار]

لبِ آلودۂ مسی : دیکھیے: موجِ تبسمِ لبِ آلودۂ مسی۔

لبِ افسوس : دیکھیے: یک لبِ افسوس۔

لبِ ایاغ: لطفِ خمارِ مے کو ہے در دل ہو گر اثر پنبۂ شیشۂ شراب کف بہ لبِ ایاغ ہے ص۱۱۵

لبِ بام: (۱) مانگے ہے پھر کسی کو لبِ بام پر ہوس زلفِ سیاہ رُخ پہ پریشاں کیے ہوئے ص۲۲۶

(۲) دیکھیے : یک خطِ پشتِ لبِ بام۔

لب بہ خندہ وا: خاکبازیِ امید: کارخانۂ طفلی یاس کو دو عالم سے لب بہ خندہ وا پایا ص۱۳

لب بے سوال: دیکھیے ____: عذر خواہِ لب بے سوال۔

لبِ بیمار: دیکھیے ____: تبخالِ لبِ بیمار۔

لبِ پیکِ نامہ رساں: مُہر بجائے نامہ، لگائی بر لبِ پیکِ نامہ رساں قاتلِ تمکیں سنج نے یوں خاموشی کا پیغام کیا ص۲۷

لبِ پیمانہ: دیکھیے ____: خالِ لبِ پیمانہ۔

لبِ تشنۂ تقریر: بجلی اک کوند گئی آنکھوں کے آگے، تو کیا بات کرتے کہ میں لب تشنۂ تقریر بھی تھا ص۱۵۸

لبِ خشک: ~~لب خشک در تشنگی~~ مُردگاں کا زیارت کدہ ہوں دل آزردگاں کا ص۱۴۸

لبِ خشکِ صدف: نہ رکھ چشمِ حصولِ نفع صحبت ہائے مُمسک سے لبِ خشکِ صدف آبِ گہر سے تر نہیں ہوتا ص۲۲۵

لبِ خونیں نوائے گل: دیکھیے ____: نالۂ لبِ خونیں نوائے گل۔

لبِ دریا: تھی جنوری مہینے کی تاریخ تیرھویں استادہ ہوگئے لبِ دریا پہ جب خیام ص۲۸۲

لبِ دوختن: دیکھیے ____: تختۂ لبِ دوختن۔

لبِ زخمِ جگر (۱) وحشتِ دل ہے اسدؔ! عالمِ نیرنگِ نشاط خندۂ گل بہ لبِ زخمِ جگر پنہاں ہے ص۱۱۰

(۲) اے بے خبراں! میرے لبِ زخمِ جگر پر بخیہ جسے کہتے ہو، شکایت ہے رفو کی ص۱۱۶

لبِ ساحل: اُن کو کیا علم کہ کشتی پہ مری کیا گزری دوست جو ساتھ مرے تا لبِ ساحل آئے ص۳۱۲

لبِ ساغر: تو وہ ساقی ہے کہ ہر موجِ محیطِ تجزیہ کھینچے خمیازے میں تیرے لبِ ساغر کا خمار ص۹

لبِ ساقی: کون ہوتا ہے حریفِ مئے مرد افگنِ عشق ہے مکرر لبِ ساقی میں صلا میرے بعد ص۱۶۶

لبِ سوفار: دیکھیے ــــــ: پشتِ لبِ سوفار۔

لبِ شیریں: دیکھیے ــــــ: بوسۂ لبِ شیریں۔

لبِ عیسیٰ: ~~لبِ عیسیٰ کی~~ جنبش کرتی ہے گہوارہ جنبانی قیامت، کشتۂ لعلِ بتاں کا خوابِ سنگیں ہے ص۲۱۷

(۲) اے زمزمۂ قُم! لبِ عیسیٰ پہ فغاں ہو اے ماتمیانِ شہِ مظلوم! کہاں ہو؟ ص۲۸۳

لبِ قدح: ہوا وصال سے، شوقِ دلِ حریص زیادہ لبِ قدح پہ کفِ بادہ جوشِ تشنہ لبی ہے ص۷۵

لبِ گزیدۂ معشوق: ~~لبِ گزیدۂ معشوق ہے~~ دلِ افگار کہ بخیہ، جلوۂ آثارِ زخمِ دنداں ہے ص۱۰۲

لبِ گور: بس کہ ہوں بعدِ مرگ بھی نگراں مردمک سے ہے خال بر لبِ گور ص۴۱

لبِ نازک: نہیں ہے کفِ لبِ نازک پہ فرطِ نشّۂ مے سے لطافت ہائے جوشِ حُسن کا سرشیر ہے پیدا ص۳۰

لبِ نگار: ~~لبِ نگار~~ میں آئینہ، دیکھ آبِ حیات بہ گریۂ سکندر ہے محوِ حیرانی ص۹۶

لب و دنداں: دیکھیے ــــــ: بقدرِ لب و دنداں۔

لبوں (۱) ہے دورِ قدح وجہِ پریشانیِ صہبا یک بار لگا دو خُمِ مے میرے لبوں سے ص۲۰۱

(۲) ہے بزمِ بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے تنگ آئے ہیں ہم ایسے خوشامد طلبوں سے ص۲۰۱

(۳) بیدادِ وفا دیکھ! کہ جاتی رہی آخر ہر چند مری جان کو تھا ربط لبوں سے ص۲۰۱

لبہا: دیکھیے ــــــ: تہِ لبہا۔

لبِ تفتہ: کب تلک پھیرے اسدؔ لب ہائے تفتہ پر زباں تابِ عرضِ تشنگی اے ساقیِ کوثر! نہیں ص۶۶

لب ہائے عاشق: سبب، وارستگاں کو ننگِ ہمت ہے، خداوندا! اثر سر سے اور لب ہائے عاشق سے صدا گم ہو ص۶۸

لب ہائے گوں: دیکھیے ــــــ: آرزوئے بوسۂ لب ہائے گوں۔

لباس[1]: ڈھانپا کفن نے داغِ عیوبِ برہنگی میں ورنہ ہر لباس میں ننگِ وجود تھا ص۱۴۳

لباسِ خانہ ویرانی: دیکھیے: قطعِ لباسِ خانہ ویرانی۔

لباسِ زعفرانی: دیکھیے: ترکِ لباسِ زعفرانی۔

---

[1] لباس: آٹھ بار [مرتّب]۔ لباسی: ایک بار [مرتّب]۔

لباسِ سفری: ہم آئے ہیں غالبؔ: رہِ اقلیمِ عدم سے یہ تیرگیِ حال: لباسِ سفری ہے ص ۲۵۳

لباسِ شمع: اسدؔ حسرت کشِ یک داغِ مشکل اندودہ ہے یارب! لباسِ شمع پر عطرِ شبِ دیجور ملتے ہیں ص ۶۳

لباسِ عریانی: قبائے جلوہ فزا ہے لباسِ عریانی بہ طرزِ گل، رگِ جاں مجھ کو تارِ داماں ہے ص ۱۰۲

لباسِ کعبہ: مشکیں لباسِ کعبہ علی کے قدم سے جان نافِ زمین ہے، نہ کہ نافِ غزال ہے ص ۲۰۵

لباسِ نظم: اسدؔ! اُٹھنا قیامت قامتوں کا وقتِ آرائش لباسِ نظم میں بالیدنِ مضمونِ عالی ہے ص ۷۹

لباسی: دیکھیے ـــــ: دیدار دوستانِ لباسی۔

لبریز[1]: (۱) غمِ شبیر سے ہو سینہ یہاں تک لبریز کہ رہیں خونِ جگر سے مری آنکھیں رنگیں ص ۳۵

(۲) دیکھنا میرے ہاتھ میں لبریز اپنی صورت کا اک بلوریں جام ص ۳۵ (حاشیے)

لبریزِ آئیں: غم و عشرت قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں ہے دعائے مدعا گم کردگاں لبریزِ آئیں ہے ص ۸۹

لبریزِ اشک: وہ دل جوں شمع بہرِ دعوتِ نظارہ لا، جس سے نگہ لبریزِ اشک و سینہ معمورِ تمنا ہو ص ۶۷

لبریزِ بہار: دیکھیے ـــــ: غنچۂ لبریزِ بہار۔

لبریزِ خمار: کس قدر عرض کروں ساغرِ شبنم یارب! موجۂ سبزۂ نوخیز ہے لبریزِ خمار ص ۳

لبریزِ نور: شاید کہ مرگیا ترے رخسار دیکھ کر پیمانہ رات ماہ کا لبریزِ نور تھا ص ۱۸

دیکھیے: جامِ لبریزِ سفالی۔

لت[2]: شوق کو یہ لت کہ ہر دم نالہ کھینچے جائیے دل کی وہ حالت کہ دم لینے سے گھبرا جائے ہے ص ۲۲۱

لجۂ[3] ریگِ رواں: نہ دوڑا ریشۂ دیوانگی صحنِ بیاباں میں کہ تارِ جادہ سے ہے لجۂ ریگِ رواں خالی ص ۲۵۵

لحد[4]: دیکھیے ـــــ: قالبِ خشتِ لحد۔

لحظہ[5]: دیکھیے ـــــ: ہر لحظہ۔

لختِ[6] جگر: لختِ جگر سے ہے رگِ ہر خار، شاخِ گل تا چند باغبانیِ صحرا کرے کوئی ص ۲۱۵

---

1. لبریز: آٹھ بار [مفرد: دو بار، مرکب: چھے بار]۔
2. لت: ایک بار۔
3. لجہ: ایک بار [مرکب]۔
4. لحد: ایک بار [مرکب]۔
5. لحظہ: ایک بار [مرکب]۔
6. لخت: ایک بار [مرکب]۔ لخت لخت: تین بار [مرکب]۔

(۲) تب نازِ گراں مایگیِ اشک بجا ہے — جب لختِ جگر دیدۂ خوں بار میں آوے — ص۲۳۲

(۳) دیکھیے ـــــــ: رسائیِ لختِ جگر۔

لختِ دل: (۱) یہ سیلِ اشک، لختِ دل ہے دامن گیر مژگاں کا — غریقِ بحر، جویائے خس و خاشاکِ ساحل ہے — ص۷۷

(۲) ہے تصور، صافیِ قطعِ نظر از غیرِ یار — لختِ دل سے لاوے ہے شمعِ خیال آباد، گل — ص۵۲

(۳) دیکھیے: اوراقِ لختِ دل۔ (۴) خطِ لختِ دل۔

لختِ دلِ کوہِ طور: اے وائے غفلتِ نگہِ شوق! ورنہ یہاں — ہر پارہ سنگ لختِ دلِ کوہِ طور تھا — ص۱۸

لخت لخت: دیکھیے ـــــــ: جگرِ لخت لخت۔

لخت لختِ دل: گریے سے بعدِ محبت میں ہوئی نام آوری — لخت لختِ دل نگینِ خانۂ زنجیر ہے — ص۹۵

لخت لختِ شیشۂ بشکستہ: باعثِ ایذا ہے برہم خوردنِ بزمِ سرور — لخت لختِ شیشۂ بشکستہ جز نشتر نہیں — ص۲۶

لذت[۱]: (۱) اس عمل میں عیش کی لذت نہیں ملتی اسدؔ! — زور نسبت مے سے رکھتا ہے نصارا کا نمک — ص۴۹

(۲) زخم سلوانے سے، مجھ پر چارہ جوئی کا ہے طعن — غیر سمجھا ہے کہ لذت زخمِ سوزن میں نہیں — ص۱۸۵

(۳) جنوں، تہمت کشِ تسکیں نہ ہو گر شادمانی کی — نمک پاشِ خراشِ دل ہے لذت زندگانی کی — ص۲۰۶

(۴) رفوئے زخم سے مطلب ہے لذت زخمِ سوزن کی — سمجھیو مت کہ پاسِ درد سے دیوانہ غافل ہے — ص۲۰۹

(۵) بس ہجومِ ناامیدی! خاک میں مل جائے گی — یہ جو اک لذت ہماری سعیِ بے حاصل میں ہے — ص۲۳۱

(۶) دیکھنا تقریر کی لذت! کہ جو اس نے کہا — میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے — ص۲۳۱

(۷) دیکھیے: بقدرِ لذتِ آزار۔ (۸) حسرتِ لذتِ آزار۔ (۹) حریصِ لذتِ آزار۔ (۱۰) سپاسِ لذتِ آزار دوست۔

لذتِ الم: غمِ زمانہ نے جھاڑی نشاطِ عشق کی مستی — وگرنہ ہم بھی اٹھاتے تھے لذتِ الم آگے — ص۲۲۷

لذتِ ایجادِ ناز: لذتِ ایجادِ ناز افسونِ عرضِ ذوقِ قتل — نعل آتش میں ہے تیغِ یار سے نخچیر کا — ص۱۱

---

[۱] لذت: ستائیس بار

[مفرد: چھ بار۔ مرکب اکیس بار]۔

لذّتِ بیداد: (۱) فسونِ یک دلی ہے لذّتِ بیداد دشمن پر کہ وجدِ برق جوں پروانہ بال افشاں ہے خرمن پر ص ۴۱

(۲) وہ التماسِ لذّتِ بیداد ہوں کہ میں تیغِ ستم کو پشتِ خمِ التجا کروں ص ۵۶

لذّتِ تقریرِ عشق: لذّتِ تقریرِ عشق پردگیِ گوشِ دل جوہرِ افسانہ ہے عرضِ تجمل ہنوز ص ۴۴

لذّتِ جگرسوزی: بہ پرفشانیِ پروانۂ چراغِ مزار ! کہ بعدِ مرگ بھی ہے لذّتِ جگر سوزی ص ۱۰۰

لذّتِ خوابِ سحر: وہ بادۂ شبانہ کی سرمستیاں کہاں اُٹھیے بس اب کہ لذّتِ خوابِ سحر گئی ص ۲۲۳

لذّتِ درد: دیکھیے ____: مائدۂ لذّتِ درد۔

لذّتِ دشنام: بوسہ کیسا، یہی غنیمت ہے کہ نہ سمجھیں وہ لذّتِ دشنام ص ۱۳۷

لذّتِ ریشِ جگر: عشرتِ پارۂ دل: زخمِ تمنا کھانا لذّتِ ریشِ جگر: غرقِ نمک داں ہونا ص ۱۵۰

لذّتِ سنگ: سر کھجاتا ہے، جہاں زخمِ سر اچھا ہوجائے لذّتِ سنگ بہ اندازۂ تقریر نہیں ص ۱۸۲

لذّتِ عرضِ گشادِ عقدۂ مشکل: پیکن گشتن ہائے دل: بزمِ نشاطِ گردباد لذّتِ عرضِ گشادِ عقدۂ مشکل نہ پوچھ ص ۴۲

لذّتِ غلطانیِ تپش: حیرت ہجومِ لذّتِ غلطانیِ تپش سیماب بالش و کمرِ دل ہے آئنہ ص ۶۹

لذّتِ فراغ: شق ہوگیا ہے سینہ، خوشا لذّتِ فراغ! تکلیفِ پردہ داریِ زخمِ جگر گئی ص ۲۲۳

لذّتِ کاوش: گریہ بے لذّتِ کاوش نہ کرے جراتِ شوق قطرۂ اشک، دلِ بر صفِ مژگاں زدہ ہے ص ۱۰۹

لذّت ہائے حسرت: دیکھیے ____: مشتاقِ لذّت ہائے حسرت۔

لذّت یاب: ناگہاں اس رنگ سے خونابہ ٹپکانے لگا دل کہ ذوقِ کاوشِ ناخن سے لذّت یاب تھا ص ۱۳۵

لرزاں[۱]: (۱) رہا نظارہ وقتِ بے نقابی آپ پر لرزاں سرشک آگیں مژہ سے دستِ از جاں شستہ بر رو تھا ص ۲۲

(۲) ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آبگینہ گداز ص ۳۳

لرزیدن[۲]: دیکھیے: پرافشاں بہ خود لرزیدن۔

لڑائی[۳]: (۱) کیا ہی رضواں سے لڑائی ہوگی گھر ترا خلد میں گر یاد آیا ص ۱۵۲

---

۱ لرزاں : دوبار۔

۲ لرزیدن: ایک بار۔

۳ لڑائی : تین بار۔

(۲) مجھ سے تمھیں نفرت سہی، نیّر سے لڑائی — بچّوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اور — ص ۱۷۱

(۳) یارانِ نبی میں تھی لڑائی کس میں؟ — الفت کی نہ تھی جلوہ نمائی کس میں؟ — ص ۴۴۰

لڑکپن[1]: میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسدؔ — سنگ اُٹھایا تھا کہ سر یاد آیا — ص ۱۵۲

لڑکوں[2]: (۱) قطرے میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جزو میں کُل — کھیل لڑکوں کا ہوا، دیدۂ بینا نہ ہوا — ص ۱۶۴

(۲) تھا موجدِ عشق بھی قیامت کوئی — لڑکوں کے لیے گیا ہے کیا کھیل نکال — ص ۴۵۳

لڑکے: واہ بے لڑکے! پڑھی اچھّی غزل — شوق اِبھی سے ہے تجھے اشعار کا — [قادرنامہ]

لڑیاں[3]: (۱) اِن کو لڑیاں نہ کہو، بحر کی موجیں سمجھو — ہے تو کشتی میں و لے بحر رواں ہے سہرا — ص ۴۸۸

(۲) رشک سے لڑتی ہیں، آپس میں اُلجھ کر لڑیاں — باندھنے کے لیے جب سر پہ، اُٹھایا سہرا — ص ۴۸۸

لشکر[4] (۱) سات اقلیم کا حاصل جو فراہم کیجے — تو وہ لشکر کا ترے نعل بہا ہوتا ہے — ص ۴۴۱

دیکھیے ــــــــ: (۲) رایتِ لشکر۔ (۳) سرِ لشکر۔ (۴) ملاذِ کشور و لشکر۔

لطف[5]: (۱) اے ترا لطف زندگی افزا! — اے ترا عہد فرّخی فرجام! — ص ۳۷

(۲) ظلم کر ظلم، اگر لطف دریغ آتا ہو — تو تغافل میں کسی رنگ سے معذور نہیں — ص ۱۸۵

(۳) تمھاری طرز و روش جانتے ہیں ہم، کیا ہے — رقیب پر ہے اگر لطف تو ستم کیا ہے — ص ۲۵۱

لطفِ آزادی: نظر بندِ تصوّر ہے قفس میں لطفِ آزادی — شکستِ آرزو کے رنگ کی کرتا ہوں صیّادی — ص ۳۵۱

لطفِ انداز برہنہ گوئیِ خوباں: کرے ہے لطفِ انداز برہنہ گوئیِ خوباں — بہ تقریبِ نگارش ہائے سطرِ شعلہ یاد، آتش — ص ۴۷

لطفِ بدخویاں: تکلّف برطرف، ہے جاں ستاں تر لطفِ بدخویاں — نگاہِ بے حجابِ ناز تیغِ تیز عریاں ہے — ص ۲۱۰

لطفِ بے تماشا رفتنِ قاتل: روانی ہائے موجِ خونِ بسمل سے ٹپکتا ہے — کہ لطفِ بے تماشا رفتنِ قاتل پسند آیا — ص ۱۲

لطفِ جلوہ ہائے معانی: دل سے اٹھا لطفِ جلوہ ہائے معانی — غیرِ گُل، آئینۂ بہار نہیں ہے — ص ۲۰۸

---

[1] لڑکپن: ایک بار۔

[2] لڑکوں: دو بار۔ لڑکے: ایک بار [بطورِ واحد]۔

[3] لڑیاں: دو بار۔

[4] لشکر: چار بار
[مفرد: ایک بار۔ مرکب: تین بار]

[5] لطف: پچیس بار۔ (مفرد: تین بار۔ مرکب: بائیس بار)

لطفِ جورِ بے دل: دیکھیے ـــــــ: قربانِ لطفِ جورِ بے دل۔

لطفِ چشمکِ عبرت: بے خود بہ لطفِ چشمکِ عبرت ہے چشمِ صید یک داغ حسرتِ نفَسِ ناکشیدہ کھینچ ص۳۶

لطفِ خاص: کس منہ سے شکر کیجیے اس لطفِ خاص کا پرسش ہے اور پائے سخن درمیاں نہیں ص۱۸۸

لطفِ خرام ساقی: ـــ لطفِ خرامِ ساقی و ذوقِ صدائے چنگ یہ جنتِ نگاہ، وہ فردوسِ گوش ہے ص۲۳۰

لطفِ خمارِ مے: ـــ لطفِ خمارِ مے کو ہے در دلِ ہمدگر اثر پنبۂ شیشۂ شراب کف بہ لبِ ایاغ ہے ص۱۱۵

لطفِ زخمِ انتظار: تماشا کردنی ہے لطفِ زخمِ انتظار اے دل! سوادِ داغِ مرہم، مردمک ہے چشمِ سوزن میں ص۵۸

لطفِ ساقی: دیکھیے ـــــــ: غرورِ لطفِ ساقی۔

لطفِ ساقیِ کوثر: دیکھیے ـــــــ: تر زبانِ شکرِ لطفِ ساقیِ کوثر۔

لطفِ عام: بہ امیدِ نگاہِ خاص ہوں محمل کشِ حسرت مبادا! ہو عناں گیرِ تغافل لطفِ عام اُس کا ص۲۳

لطفِ عشق: دیکھیے ـــــــ: نازِ لطفِ عشق۔

لطفِ عشقِ ہر یک: ـــ لطفِ عشق، ہر یک انداز دگر دکھلائے گا بے تکلف یک نگاہ آشنا ہو جائیے ص۸۸

لطفِ کرم: نذرِ خراشِ نالہ سرشکِ نمک اثر لطفِ کرم بدولتِ مہماں اُٹھائیے ص۴۳

لطف گستر: دیکھیے: سراسر لطف گستر۔

لطفِ نظارۂ قاتل: ـــ لطفِ نظارۂ قاتل دمِ بسمل آئے جان جائے تو بلا سے، پہ کہیں دل آئے ص۳۱۲

لطف و عنایاتِ شہنشاہ: بھیجی ہے جو مجھ کو شاہِ جم جاہ نے دال ہے لطف و عنایاتِ شہنشاہ پہ دال ص۲۵۳

لطف و کرم: ایک، وفا و مہر میں تازگی بساطِ دہر لطف و کرم کے باب میں زینتِ روزگار، ایک ص۲۹۶

لطفِ ہوا: دی لطفِ ہوا نے بہ جنوں طرفہ نزاکت تا آبلہ دعوائے تنک پیرہنی ہے ص۱۱

لطافت[۱]: لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی چمن، زنگار ہے آئینۂ بادِ بہاری کا ص۱۳۸

لطافت ہائے جوشِ حُسن: نہیں ہے کف لبِ نازک پہ فرطِ نشۂ مے سے لطافت ہائے جوشِ حُسن کا سرشیر ہے پیدا ص۳۰

---

۱ لطافت : ایک بار۔ لطافت : ایک بار۔

لطمہ[۱] موج: اہلِ بینش کو ہے طوفانِ حوادث: مکتب لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں ص۱۸۶

لطیف[۲] کلام: سلیم خاں، کہ وہ ہے نورِ چشمِ واصل خاں حکیم حاذق و دانا ہے وہ لطیف کلام ص۲۶۳

لعل: لعل سی کی ہے پئے زمزمۂ مدحتِ شاہ طوطیِ سبزۂ کہسار نے پیدا منقار ص۱۳۲

لعلِ[۳] جاں: دیکھیے ______: عقدۂ لعلِ جاں۔

لعلِ بیش بہا: آئے ہیں پارہ ہائے جگر درمیانِ اشک لایا ہے لعلِ بیش بہا کاروانِ اشک ص۵۰

لعل و زمرد: کس واسطے عزیز نہیں جانتے مجھے؟ لعل و زمرد و زر و گوہر نہیں ہوں میں؟ ص۱۹۱

لعل و گہر: دیکھیے ______: اوجِ طالعِ لعل و گہر۔

لغزشِ پا:(۱) قطعِ سفرِ ہستی و آرامِ فنا ہیچ رفتار، نہیں بیش تر از لغزشِ پا ہیچ ص۳۶

(۲) بہ کامِ دل کریں کس طرح گمرہاں فریاد؟ ہوئی ہے لغزشِ پا لکنتِ زباں، فریاد! ص۳۷

(۳) لغزشِ پا کو ہے بلد نغمۂ "یا علی مدد" ٹوٹے گر آئنہ اسدؔ! سبحہ کو خونبہا سمجھ ص۴۳

(۴) ہے مشقِ وفا، جانتے ہیں، لغزشِ پا تک اے شمع! تجھے دعویٰ ثابت قدمی ہے! ص۱۰۶

لغزشِ رفتارِ خامہ: ہے کشِ مضموں کو حُسنِ ربطِ خط کیا چاہیے لغزشِ رفتارِ خامہ مستیِ تحریر ہے ص۹۵

لغزشِ مستانہ:(۱) جوشِ بے کیفیتی ہے اضطراب آرا اسدؔ! ورنہ بسمل کا تڑپنا لغزشِ مستانہ تھا ص۲۵

(۲) لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا ہے اسدؔ! آتشِ مے سے بہارِ گرمیِ بازارِ دوست ص۳۳

لغو[۵]: ہرزہ ہے نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم لغو ہے آئنۂ فرقِ جنون و تمکیں ص۱۳۴

لفظ[۶]:(۱) دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلی نہ ہوا ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا ص۱۳۳

(۲) گنجینۂ معنی کا طلسم اُس کو سمجھیے جو لفظ کہ غالبؔ مرے اشعار میں آوے ص۲۳۴

(۳) دیکھیے ______: اوجِ دو مرتبۂ معنی و لفظ۔

لفظِ تکیہ کلام: روا رکھو نہ رکھو، تھا جو لفظِ "تکیہ کلام" اب اُس کو کہتے ہیں اہلِ سخن "سخن تکیہ" ص۳۰۳

لفظِ کرم: معنیِ لفظِ کرم، بسملۂ نسخۂ حُسن قبلۂ اہلِ نظر، کعبۂ اربابِ یقیں ص۸

---

۱ لطمہ : ایک بار۔[مرکب]۔

۲ لطیف : ایک بار[مرکب]۔

۳ لعل : پانچ بار[مرکب: چار بار]۔

۴ لغزش : سات بار[مرکب]۔

۵ لغو : ایک بار۔

۶ لفظ : آٹھ بار۔[مفرد: دو بار۔ مرکب: چھے بار]۔

لفظِ معنیٔ عنقا: وحشت کہاں کہ بے خودی انشا کرے کوئی ہستی کو لفظِ معنیٔ عنقا کرے کوئی ص ۸۷

لفظ و معنی: (۱) بقدرِ لفظ و معنی فکرت احرامِ گریباں ہیں وگرنہ کیجیے جو ذرہ عریاں، ہم نمایاں ہیں ص ۶۳

(۲) دیکھیے ——— : قدردانِ لفظ و معنی۔

لقا[۱]: ذرِ معنی سے مرا صفحہ: لقا کی داڑھی غمِ گیتی سے مرا سینہ: عمر کی زنبیل ص ۱۲۳

لقب[۲]: فہم، زنجیریٔ بے ربطیٔ دل ہے یارب! کس زباں میں ہے لقب "خوابِ پریشاں" میرا ص ۴۱

لقمان[۳]: تمام دہر میں اُس کے مطب کا چرچا ہے کسی کو یاد بھی لقمان کا نہیں ہے نام ص ۲۹۳

لکدکوب[۴] حوادث: ~~لکدکوبِ حوادث کا~~ تحمل کر نہیں سکتی مری طاقت کہ ضامن تھی بتوں کے ناز اُٹھانے کی ص ۲۰۳

لکنت[۵] زباں: بہ کامِ دل کریں کس طرح گمرہاں فریاد ہوئی ہے لغزشِ پا لکنتِ زباں، فریاد! ص ۳۷

لکھنؤ[۶]: ~~لکھنؤ آنے~~ کا باعث نہیں کھلتا، یعنی ہوسِ سیر و تماشا، سو وہ کم ہے ہم کو ص ۱۹۵

لکیریں[۷]: جاں فزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آگیا سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہوگئیں ص ۱۹۲

لگام[۸]: پھر غزل کی روش پہ چل نکلا توسنِ طبع چاہتا تھا لگام ص ۳۰۹

لگاو[۹]: (۱) لاگ ہو، تو اُس کو ہم سمجھیں لگاو جب نہ ہو کچھ بھی تو دھوکا کھائیں کیا ص ۱۶۱

(۲) لاکھوں لگاو: ایک چُرانا نگاہ کا لاکھوں بناو: ایک بگڑنا عتاب میں ص ۱۸۹

لگاوٹ[۱۰]: کرے ہے قتل لگاوٹ میں تیرا رو دینا تری طرح کوئی تیغِ نگہ کو آب تو دے ص ۲۲۳

لمبر[۱۱]: (۱) سر پہ چڑھنا تجھے پھبتا ہے، پر اے طرفِ کلاہ! مجھ کو ڈر ہے کہ نہ چھینے ترا لمبر سہرا ص ۲۸۷

(۲) سب صورتیں بدل گئیں ناگاہ یکقلم لمبر رہا، نہ نذر، نہ خلعت کا انتظام ص ۲۸۲

(۳) اُس بزمِ پُرفروغ میں اس تیرہ بخت کو لمبر ملا نشیب میں از روئے اہتمام ص ۲۸۲

---

۱ لقا : ایک بار۔

۲ لقب : ایک بار۔

۳ لقمان : ایک بار۔

۴ لکدکوب : ایک بار [مرتب]۔

۵ لکنت : ایک بار [مرتب]۔

۶ لکھنؤ : ایک بار۔

۷ لکیریں : ایک بار۔

۸ لگام : ایک بار۔

۹ لگاو : دو بار۔

۱۰ لگاوٹ : ایک بار۔

۱۱ لمبر : تین بار۔

لگن[1]: دھوتا ہوں جب میں پینے کو، اُس سیم تن کے پانو — رکھتا ہے ضد سے، کھینچ کے باہر لگن کے پانو — ص۱۹۶

لنگ[2]: دیکھیے ــــــــ: عذرِ لنگ۔

لنگر[3]: خامے سے پائی طبیعت نے مدد — بادباں بھی، اُٹھتے ہی لنگر، کھلا — ص۱۴۰

لنگرِ عیش: لنگرِ عیش پہ سرشار تماشائے دوام — کہ رہے خونِ خزاں سے بہ حنا پائے بہار — ص۷۷

لنگرِ وحشتِ مجنوں: عالمِ بے سروسامانیٔ فرصت مت پوچھ — لنگرِ وحشتِ مجنوں ہے بیاباں میرا — ص۲۱

لوح[4] ازل: دیکھیے ــــــــ: خطِ لوحِ ازل۔

لوحِ دبستاں: ہمیشہ مجھ کو طفلی میں بھی مشقِ تیرہ روزی تھی — سیاہی ہے مرے ایّام میں لوحِ دبستاں کی — ص۷۶

لوحِ جہاں: یارب! زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے؟ — لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرّر نہیں ہوں میں — ص۱۹۰

لوحِ مزار: دیکھیے ــــــــ: خطِ لوحِ مزار۔

لوح و قلم: تیری مدحت کے لیے ہیں دل و جاں، کام و زباں — تیری تسلیم کو ہیں لوح و قلم، دست و جبیں — ص۱۳۵

لَوحَشَ اللہ[5]: چشمِ بد دور! خسروانہ شکوہ — لَوحَشَ اللہ! عارفانہ کلام — ص۱۳۷

لوگ[6]: (۱) گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں — دربار دار لوگ بہم آشنا نہیں — ص۱۳۹

(۲) ہو جہاں گرمِ غزل خوانیٔ نَفَس لوگ جائیں، طبلۂ عنبر کھلا — ص۱۴۰

(۳) کچھ تو پڑھیے کہ لوگ کہتے ہیں — آج غالبؔ غزل سرا نہ ہوا — ص۱۶۳

(۴) غلطی ہائے مضامیں مت پوچھ — لوگ نالے کو رسا باندھتے ہیں — ص۱۸۱

(۵) کہتے ہیں، جیتے ہیں امید پہ لوگ — ہم کو جینے کی بھی امید نہیں — ص۱۸۳

(۶) پُل ہی پر سے پھیر لائے ہم کو لوگ — ورنہ تھا اپنا ارادہ پار کا — [قادرنامہ]

(۷) شاہدِ ہستیٔ مطلق کی کمر ہے عالم — لوگ کہتے ہیں کہ ہے، پر ہمیں منظور نہیں — ص۱۸۵

---

[1] لگن : ایک بار۔

[2] لنگ : ایک بار [مرکب]۔

[3] لنگر : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔

[4] لوح : پانچ بار [مرکب]۔

[5] لوحش اللہ : ایک بار۔

[6] لوگ : سولہ بار۔ لوگوں: پانچ بار

(۸) صاف دُردی کشِ پیمانۂ جم ہیں ہم لوگ — وائے! وہ بادہ کہ افشردۂ انگور نہیں — ص۱۸۶

(۹) نظر لگے نہ کہیں اُس کے دست و بازو کو — یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں — ص۱۸۷

(۱۰) اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ، انھیں کچھ نہ کہو — جو مے و نغمہ کو اندوہ رُبا کہتے ہیں — ص۱۸۷

(۱۱) یہ پری چہرہ لوگ کیسے ہیں؟ — غمزہ و عشوہ و ادا کیا ہے؟ — ص۲۳۸

(۱۲) تشنہ کشانِ عشق کی پوچھے ہے کیا خبر — وہ لوگ رفتہ رفتہ سراپا الم ہوئے — ص۲۲۶

(۱۳) نظارہ سوز ہے یہاں تک ہر ایک ذرۂ خاک — کہ لوگ جوہرِ تیغ قضا کہیں اُس کو — ص۲۸۵

(۱۴) آئیں جس بزم میں وہ، لوگ پکار اُٹھتے ہیں — لو، وہ برہم زنِ ہنگامۂ محفل آئے — ص۳۱۲

(۱۵) حیدرآباد بہت دور ہے، اِس ملک کے لوگ — اُس طرف کو نہیں جاتے ہیں، جو جاتے ہیں تو کم — ص۲۶۵

(۱۶) کہے گی خلق اِسے: داورِ سپہر شکوہ — لکھیں گے لوگ اِسے: خسرو ستارہ سپاہ — ص۲۷۸

لوگوں: (۱) ہوں سراپا سازِ آہنگِ شکایت، کچھ نہ پوچھ — ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے — ص۲۰۹

(۲) لوگوں کو ہے خرشیدِ جہاں تاب کا دھوکا — ہر روز دکھاتا ہوں میں اک داغِ نہاں اور — ص۱۴۰

(۳) جب اُس کے دیکھنے کے لیے آئیں بادشاہ — لوگوں میں کیوں نمود نہ ہو لالہ زار کی — ص۲۵۱

(۴) جن لوگوں کو ہے مجھ سے عداوت گہری — کہتے ہیں مجھے وہ رافضی اور دہری — ص۳۳

(۵) افسوس! کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے — جن لوگوں کی تھی درخورِ عقدِ گہر انگشت — ص۱۹۳

لولیانِ[۱] ماہ جبیں: دیکھیے ______: جلوۂ لولیانِ ماہ جبیں۔

لوہارو[۲]: سرِ آغازِ موسم میں، اندھے ہیں ہم — کہ دلّی کو چھوڑیں، لوہارو کو جائیں — ص۲۹۳

لہریں[۳]: صاف آتی ہیں نظر آبِ گہر کی لہریں — جنبشِ بادِ سحر نے جو ہلایا سہرا — ص۲۹۳

لہو[۴]: (۱) نہ ہووے کیونکے اُسے فرضِ قتلِ اہلِ وفا — لہو میں ہاتھ کے بھرنے کو جو وضو جانے — ص۹۹

(۲) نہیں معلوم کس کس کا لہو پانی ہوا ہوگا! — قیامت ہے سرشک آلودہ ہونا تیری مژگاں کا — ص۱۵۷

---

۱ لولیاں : ایک بار [مرتب]۔
۲ لوہارو : ایک بار۔
۳ لہریں : ایک بار۔
۴ لہو : آٹھ بار۔

(۳) رگِ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا — جسے غم سمجھ رہے ہو، یہ اگر شرار ہوتا — ص۱۹۰

(۴) زخم گر دب گیا، لہو نہ تھما — کام گر رک گیا، روا نہ ہوا — ص۱۲۲

(۵) ایسا آساں نہیں لہو رونا — دل میں طاقت، جگر میں حال کہاں — ص۱۸۲

(۶) ٹھا ہے سرِ انگشتِ حنائی کا تصور — دل میں نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی — ص۲۲۸

(۷) رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل — جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے؟ — ص۲۳۱

(۸) چپک رہا ہے بدن پر لہو سے پیراہن — ہمارے جیب کو اب حاجتِ رفو کیا ہے؟ — ص۲۳۱

لہنا[1]: غالب! کچھ اپنی سعی سے لہنا نہیں مجھے — خرمن جلے، اگر نہ ملخ کھائے کشت کو — ص۱۹۷

لئیم[2]: مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم! — تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کیے؟ — ص۲۲۳

لے[3]: فریاد کی کوئی لے نہیں ہے — نالہ پابندِ نے نہیں ہے — ص۲۲۸

لیالی[4]: دیکھیے ـــــــ: بردِ لیالی۔

لیالی و ایام: دیکھیے ـــــــ: صفحہ ہائے لیالی و ایام۔

لیل[5] و نہار: (۱) رات کو آگ اور دن کو دھوپ — بھاڑ میں جائیں ایسے لیل و نہار — ص۱۳۶

(۲) دیکھیے: اختلافِ لیل و نہار۔ (۳) نفَسِ لیل و نہار۔

لیلیٰ[6]: (۱) غمِ مجنوں عزادارانِ لیلیٰ کا پرستگر — خُمِ رنگِ سیہ، پیمانہ بر چشمِ آہو تھا — ص۲۲

(۲) بروئے قیس دستِ شرم ہے مژگانِ آہو سے — مگر روزِ عروسی گم ہوا تھا شانہ لیلیٰ کا — ص۲۹

(۳) ز بس دوشِ رمِ آہو پہ ہے محمل تمنا کا — جنونِ قیس سے بھی شوخیِ لیلیٰ نمایاں ہے — ص۸۱

(۴) تصرف وحشیوں میں ہے تصور ہائے مجنوں کا — سوادِ چشمِ آہو، عکسِ خالِ روئے لیلا ہے — ص۸۳

(۵) بیتابِ یادِ دوست ہم رنگِ تسلی ہے — غافل! تپشِ مجنوں محمل کشِ لیلیٰ ہے — ص۱۱۳

(۶) اختر سوختۂ قیس سے نسبت دیجے — خالِ مشکینِ رخِ دل کشِ لیلا کہیے — ص۱۲۲ [نچلی دل کے لیے]

---

[1] لہنا : ایک بار۔
[2] لئیم : ایک بار۔
[3] نے : ایک بار۔
[4] لیالی : دو بار [مرکب]۔
[5] لیل : تین بار [مرکب]۔
[6] لیلیٰ : سولہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: تیرہ بار]۔

(۷) کیوں اِسے تکمۂ پیراہنِ لیلیٰ لکھیے   کیوں اِسے نقش پئے ناقۂ سلمیٰ کہیے   ص۱۳۲ [؍؍ ؍؍]

(۸) مانعِ وحشت خرامی ہائے لیلیٰ کون ہے؟   خانۂ مجنونِ صحرا گرد بے دروازہ تھا   ص۱۳۶

(۹) ذرہ ذرہ ساغرِ مے خانۂ نیرنگ ہے   گردشِ مجنوں بہ چشمک ہائے لیلا آشنا   ص۱۳۹

(۱۰) قیامت ہے کہ سُن لیلیٰ کا دشتِ قیس میں آنا   تعجب سے وہ بولا: یوں بھی ہوتا ہے زمانے میں؟   ص۱۸۰

(۱۱) عاشق ہوں، پہ معشوق فریبی ہے مرا کام   مجنوں کو برا کہتی ہے لیلا مرے آگے   ص۲۲۹

دیکھیے ــــــــ: (۱۲) خیالِ طرۂ لیلیٰ۔ (۱۳) خیمۂ لیلیٰ۔ (۱۴) رگِ لیلیٰ۔ (۱۵) شمعِ سیہ خانۂ لیلیٰ۔

لیلیٔ معنیٰ: شوخیٔ اظہار غیر از وحشتِ مجنوں نہیں   لیلیٰ معنی اسدؔ! محمل نشینِ راز ہے   ص۸۲

لین دین[1]: میرا اپنا جدا معاملہ ہے   اور کے لین دین سے کیا کام   ص۱۳۶

(۲) ہے بارے اعتمادِ وفاداری اس قدر ـــ غالبؔ، ہم اِس میں خوش ہیں کہ نامہربان ہے ص۲۰۲

نامی:[2] دیکھیے: نامِ نامی۔

نامیہ:[3] دیکھیے: قوتِ نامیہ۔

ناند:[4] ہے چارشنبہ آخرِ ماہِ صفر، چلو ـــ رکھ دیں چمن میں، بھر کے مئے مشک بو کی ناند ص۱۲۸

نانہادہ:[5] دیکھیے: سر بہ پائے خُمِ نانہادہ۔

ناو:[6] ناو بھر کر ہی پروئے گئے ہوں گے موتی ـــ ورنہ کیوں لائے ہیں کشتی میں لگا کر سہرا ص۲۸۷

ناوک:[7] دیکھیے: (۱) پیکانِ ناوک۔ (۲) سوفشانیِ ناوک۔

ناوکِ بیداد: دیکھیے: ہدفِ ناوکِ بیداد۔

ناوکِ تاثیر: دیکھیے: زکانِ ناوکِ تاثیر۔

ناوک خوردگاں: دیکھیے: پرافشانیِ ناوک خوردگاں۔

ناوک خیز: دل سراپا وقفِ سودائے نگاہِ تیز ہے ـــ یہ زمیں مثلِ نیستاں سخت ناوک خیز ہے ص۸۵

ناوکِ صیاد: دیکھیے: غنچۂ پیکانِ شاخِ ناوکِ صیاد۔

۱۔ نامہرباں : دوبار۔
۲۔ نامی : ایک بار [مرکب]۔
۳۔ نامیہ : ایک بار [مرکب]۔
۴۔ ناند : ایک بار۔
۵۔ نانہادہ : ایک بار [مرکب]۔
۶۔ ناو : ایک بار۔
۷۔ ناوک : آٹھ بار [مرکب]۔

ناوک فگن: دیکھیے: شستِ بُتِ ناوک فگن۔

ناوکِ ناز: دشنۂ غمزہ جاں ستاں، ناوکِ ناز بے پناہ تیرا ہی عکسِ رُخ سہی، سامنے تیرے آئے کیوں ص ۱۹۳

ناہید[۱]: دیکھیے: رقصِ ناہید۔

نایاب[۲]: (۱) نالۂ دل میں شب اندازِ اثر نایاب تھا تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر، گو بیتاب تھا ص ۱۲۵

(۲) وحاں خود آرائی کو تھا موتی پرونے کا خیال یحاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا ص ۱۲۵

(۳)، (۴) دیکھیے: گوہرِ نایاب [دو بار]۔

نایافت[۳]: دیکھیے: طعنۂ نایافت۔

نائے ونوش[۴]: دیکھیے: ہوسِ نائے ونوش۔

نبات[۵]: دیکھیے: شاخِ نبات۔

نباتی: دیکھیے: روحِ نباتی۔

نَبرد[۶]: دیکھیے: بابِ نبرد۔

نَبردِ پیشہ: دیکھیے: عشقِ نبرد پیشہ۔

نَبردِ عشق: (۱) ہوئے ہیں پانو ہی پہلے نبردِ عشق میں زخمی نہ بھاگا جائے ہے مجھ سے، نہ ٹھہرا جائے ہے مجھ سے ص ۲۲۵

(۲) دیکھیے: ترکِ نبردِ عشق۔

نبضِ[۷] آرزو: دیکھیے: تپشِ نبضِ آرزو۔

نبضِ بیمار: قبلۂ نورِ نظر، کعبۂ اعجازِ مسیح مژۂ دیدۂ تحجیر سے نبضِ بیمار ص ۶

نبضِ بیمارِ وفا: رحم کر ظالم! کہ کیا بودِ چراغِ کشتہ ہے نبضِ بیمارِ وفا دودِ چراغِ کشتہ ہے ص ۲۱۰

نبضِ پری: بزمِ مے وحشت کدہ ہے کس کی چشمِ مست کا؟ شیشے میں نبضِ پری پنہاں ہے موجِ بادہ سے ص ۲۱۷

نبضِ جگر: وہ تبِ عشق تمنا ہے کہ پھر صورتِ شمع شعلہ تا نبضِ جگر ریشہ دوانی مانگے ص ۲۰۹

---

۱ ناہید : ایک بار [مرکّب]۔
۲ نایاب : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: تین بار]۔
۳ نایافت : ایک بار [مرکّب]۔
۴ نائے ونوش : ایک بار [مرکّب]۔
۵ نبات : ایک بار [مرکّب]۔
نباتی : ایک بار [مرکّب]۔
۶ نبرد : چار بار [مرکّب]۔
۷ نبض : دس بار [مرکّب]۔

نبضِ خار و خسِ آشیاں: دیکھیے: گرمیِ نبضِ خار و خسِ آشیاں۔

نبضِ خس: عجز سے اپنے یہ جانا کہ وہ بدخو ہوگا نبضِ خس سے تپشِ شعلۂ سوزاں سمجھا ص ۱۴۷

نبضِ دستِ بریدہ: ہے رشتۂ جاں فرطِ کشش سے مانندِ نبضِ دستِ بریدہ ص ۴۵۰

نبضِ دلِ بیمار: کروں گر عرضِ سنگینیِ کہسار اپنی بیتابی رگِ ہر سنگ سے نبضِ دلِ بیمار ہو پیدا ص ۳۱

نبضِ رگِ گل: نہیں ریزشِ عرق کی، اب اُسے ذوبانِ اعضا ہے تبِ خجلت نے یہ نبضِ رگِ گل میں حرارت کی ص ۹۷

نبود[۱]: دیکھیے: گرم حیرت بود و نبود۔

نبی[۲]: (۱) نبی کا ہو نہ جسے اعتقاد، کافر ہے رکھے امام سے جو بغض، کیا کہیں اُس کو؟ ص ۲۸۶

(۲)،(۳) خدا کے بعد نبی اور نبی کے بعد امام یہی ہے مذہبِ حق، وَالسّلام وَالاکرام ص ۲۹۷

(۴) وہ دوست نبی کے اور تم اُن کے دشمن لاحول ولا قوۃ الّا باللہ ص ۳۱۳

(۵) سمجھا تھا نبی نے اُن کو اپنا ہمدم ہے ہے! نہ کہو، کسے بُرا کہتے ہیں! ص ۳۱۳

دیکھیے:(۶) جانشینِ نبی۔(۷) دشمنِ آلِ نبی۔(۸) زمزمۂ نعتِ نبی۔(۹) قبلۂ آلِ نبی۔(۱۰) یارانِ نبی۔

نبیؐ و امام: دیکھیے: قائلِ خدا و نبیؐ و امام۔

نبیؐ و علی: ہمارا مُنہ ہے کہ دیں اُس کے حُسنِ صبر کی داد مگر نبیؐ و علی مرحبا کہیں اُس کو ص ۲۸۵

نثار[۳]: (۱) جان تم پر نثار کرتا ہوں میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے! ص ۲۳۸

(۲) خود آسماں ہے مہا راو راجہ پر صدقے کرے گا سینکڑوں اِس تار پر نثار گرہ ص ۲۷۸

(۳) دیکھیے: اسبابِ نثار۔

نثارِ برق: نیازِ عشق، خرمن سوز اسبابِ ہوس بہتر جو ہو جاوے نثارِ برق، مشتِ خار و خس بہتر ص ۲۹۳

نثاری[۴]: دیکھیے: رسم و راہِ نثاری۔

نثر[۵]: نثر اُس کی: ہے کارنامۂ راز نظم اُس کی: نگارنامۂ راز ص ۲۶۸

---

۱ نبود : ایک بار [مرکب]۔
۲ نبی : بارہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: سات بار]۔
۳ نثار : چار بار [مفرد: دو بار، مرکب: دو بار]۔
۴ نثاری : ایک بار [مرکب]۔
۵ نثر : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔
نثروں : ایک بار۔ نثرہا : ایک بار [مرکب]۔

دیکھیے: (۲) سوادِ اعظمِ نثر۔ (۳) نظمِ عالمِ نثر۔

نثرِ مدحت سرائے ابراہیم: نثرِ مدحت سرائے ابراہیم ہے مقرر جو اَب پئے تعلیم ص۲۶۷

نثروں: تین نثروں سے کام کیا نکلے اُن کے پڑھنے سے نام کیا نکلے ص۲۶۷

نثرہائے کہن: دیکھیے: درسِ نثرہائے کہن۔

نجات[1]: (۱) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں ص۱۹۳

(۲) شفا ہو آپ کو، غالبؔ کو بندِ غم سے نجات خدا کرے کہ یہ ایسا ہو سازگار برس ص۲۹۳

نجف[2]: دیکھیے: (۱) جادۂ دشتِ نجف۔ (۲) خاکِ صحرائے نجف۔ (۳) درِ شاہِ نجف۔ (۴) عزمِ سیرِ نجف۔ (۵) مجلس آرائے نجف۔

نجوم[3]: قاطعِ اعمار ہیں اکثر نجوم وہ بلائے آسمانی اور ہے ص۲۳۷

نخچیر[4]: (۱) لذّتِ ایجادِ ناز افسونِ عرضِ ذوقِ قتل نعل آتش میں ہے تیغِ یار سے نخچیر کا ص۱۱

(۲) تو مجھے بھول گیا ہو تو پتا بتلادوں کبھی فتراک میں تیرے کوئی نخچیر بھی تھا؟ ص۱۵۸

دیکھیے: (۳) بیاضِ دیدۂ نخچیر۔ (۴) دوشِ رمِ نخچیر۔ (۵)، (۶) دیدۂ نخچیر [دوبار]۔ (۷) رمِ نخچیر۔ (۸) مژۂ دیدۂ نخچیر۔

نخشب[5]: دیکھیے: مہِ نخشب۔

نخل[6]: (۱، ۲) تب ہوا ہے ثمر فشاں یہ نخل ہم کہاں ورنہ اور کہاں یہ نخل ص۳۱

نخلِ باغِ سلطاں: دیکھیے: نوبرِ نخلِ باغِ سلطاں۔

نخلِ رطب فشاں: بارے، آموں کا کچھ بیاں ہوجائے خامہ، نخلِ رطب فشاں ہوجائے ص۳۰

نخلِ شمع: برق آبیارِ فرصتِ رنگِ دمیدہ ہوں جوں نخلِ شمع ریشے میں نشوونما گرو ص۶۹

نخلِ طور: دیکھیے: ہر برگِ نخلِ طور۔

۱۔ نجات : دوبار۔
۲۔ نجف : پانچ بار [مرکب]۔
۳۔ نجوم : ایک بار۔
۴۔ نخچیر : سات بار [مفرد: دوبار، مرکب: پانچ بار]۔
۵۔ نخشب : ایک بار [مرکب]۔
۶۔ نخل : سات بار [مفرد: دوبار، مرکب: پانچ بار]۔

نخلِ ماتم: جوں نخلِ ماتم ابر سے مطلب نہیں مجھے رنگِ سیاہ نیل غبارِ سحاب ہے ص۵۴۲

نخوت[1]: (۱) لے گئی ساقی کی نخوت قلزم آشامی مری موجِ مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں ص۱۸۵

(۲) دیکھیے، لاتی ہے اُس شوخ کی نخوت کیا رنگ اُس کی ہر بات پہ ہم 'نامِ خدا' کہتے ہیں ص۱۸۸

نداوہ[2]: (۱) تنِ بہ بندِ ہوس در نداوہ رکھتے ہیں دلِ ز کارِ جہاں اوفتادہ رکھتے ہیں ص۵۹

(۲) معافِ بیہدہ گوئی ہیں ناصحانِ عزیز دلِ بہ دستِ نگارے نداوہ رکھتے ہیں ص۵۹

ندامت[3]: دیکھیے: سیلِ ندامت۔

ندیم[4]: (۱) رونے سے اے ندیم! ملامت نہ کر مجھے آخر کبھی تو عقدۂ دل وا کرے کوئی ص۲۱۵

(۲) تجھ سے تو کچھ کلام نہیں، لیکن اے ندیم میرا سلام کہیو، اگر نامہ بر ملے ص۲۳۶

(۳) سُن اے ندیم! برس گانٹھ کے یہ تاگے نے تجھے بتاؤں کہ کیوں کی ہے اختیار گرہ ص۲۷۹

(۴) دیدہ خوں بار ہے مدّت سے، ولے آج ندیم! دل کے ٹکڑے بھی کئی، خون کے شامل آئے ص۳۱۴

ندیمِ دوست: غالبؔ! ندیمِ دوست سے آتی ہے بوئے دوست مشغولِ حق ہوں بندگیِ بوتراب میں ص۱۹۰

نذر[5]: (۱) میں اور حظِّ وصل، خدا ساز بات ہے! جاں نذر دینی بھول گیا اضطراب میں ص۱۸۹

(۲) غالبؔ، گر اِس سفر میں مجھے ساتھ لے چلیں حج کا ثواب نذر کروں گا حضور کی ص۲۴۴

(۳) سو یہ نظر فروز قلم دان نذر ہے مسٹر کوان صاحبِ عالی مقام کی ص۲۶۳

(۴) سب صورتیں بدل گئیں ناگاہ یکقلم لمبر رہا، نہ نذر، نہ خلعت کا انتظام ص۲۸۴

نذرِ الطاف: اسدؔ! جاں نذرِ الطافے کہ ہنگامِ ہم آغوشی زبانِ ہر سرِ مو حالِ دل پُرسیدنی جانے ص۱۱۵

نذرِ امتحاں: دل کو ہم صرفِ وفا سمجھے تھے، کیا معلوم تھا یعنی یہ پہلے ہی نذرِ امتحاں ہو جائے گا ص۱۵۱

نذرِ تغافل: آئنہ امتحاں نذرِ تغافل اسدؔ شش جہت اسباب ہے وہمِ توکّل ہنوز ص۴۴

نذرِ خراشِ نالہ: نذرِ خراشِ نالہ سرشکِ نمک اثر لطفِ کرم بدولتِ مہماں اُٹھائیے ص۴۳

---

[1] نخوت : دوبار۔

[2] نداوہ : دوبار [مرکب]۔

[3] ندامت : ایک بار [مرکب]۔

[4] ندیم : پانچ بار [مفرد: چار بار، مرکب: ایک بار]۔

[5] نذر : چودہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: دس بار]۔

نذرِ خمار: سیرِ مُلکِ حُسن کر، مے خانہ ہا نذرِ خمار چشمِ مستِ یار سے ہے گردنِ مینا پہ باج ص۳۵

نذرِ دل‌فریبیِ عنواں: پھر چاہتا ہوں نامۂ دلدار کھولنا جاں نذرِ دل‌فریبیِ عنواں کیے ہوئے ص۲۲۶

نذرِ سبکباریِ اسدؔ: یک بختِ اوج نذرِ سبکباریِ اسدؔ سر پر وبالِ سایۂ بالِ ہُما نہ مانگ ص۵۱

نذرِ سمندر: رہتے ہیں افسردگی سے سخت بیدردانہ ہم شعلہ ہا نذرِ سمندر، بلکہ آتش خانہ ہم ص۵۴

نذرِ صدا: کوہ کو بیم سے اُس کے ہے جگر باختگی نہ کرے نذرِ صدا ورنہ متاعِ تمکیں ص۸

نذرِ کرم: پَے نذرِ کرم تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا بہ خوں غلتیدۂ صد رنگ دعویٰ پارسائی کا ص۱۳۶

نرگس[1]: (۱) سُنبل و دامِ کمیں خانۂ خوابِ صیّاد نرگس و جامِ سیہ مستیِ چشمِ بیدار ص۳

(۲) آئی یک عمر سے معذورِ تماشا نرگس چشمِ شبنم میں نہ ٹوٹا مژۂ خار ہنوز ص۴۳

(۳) شہِ گل نے کیا جب بند و بستِ گلشن آرائی عصائے سبز دے، نرگس کو خدمت دی نظارت کی ص۹۷

دیکھیے:(۴)،(۵) چشمِ نرگس[دوبار]۔(۶) شاخِ گلِ نرگس۔(۷)،(۸) گلِ نرگس[دوبار]۔(۹) گل و نرگس۔

(۱۰) گل ہائے نرگس۔(۱۱) نظارۂ نرگس۔

نرگسِ مخمور: گل کھلے، غنچے چٹکنے لگے اور صبح ہوئی سرخوشِ خواب ہے وہ نرگسِ مخمور ہنوز ص۴۵

نرگستاں[2]: (۱) تماشا کردنی ہے انتظارِ آبادِ حیرانی نہیں غیر از نگہ جوں نرگستاں فرشِ محفل ہا ص۴۳

(۲) دیکھیے: گردِ سوادِ نرگستاں۔

نردبانی[3]: شررِ اسیرِ دل کو ملے اوجِ عرضِ اظہار جو بہ صورتِ چراغاں کرے شعلہ نردبانی ص۱۰

نرم[4] رفتار: نرم رفتار ہو جس کوہ پہ وہ برق گداز رفتنِ رنگِ حنا ہے، تپشِ بالِ شرار ص۵

نرمی[5]: دیکھیے: باریکی و نرمی۔

نزار[6]: کیوں نہ درکار ہو مجھے پوشش جسم رکھتا ہوں، ہے اگرچہ نزار ص۱۳۶

نزار و زار و حزیں: اور پھر اب، کہ ضعفِ پیری سے ہوگیا ہوں نزار و زار و حزیں ص۲۸۱

۱۔ نرگس : بارہ بار[مفرد: تین بار، مرکّب: نو بار]۔
۲۔ نرگستاں : دو بار[مرکّب: ایک بار]۔
۳۔ نردبانی : ایک بار۔
۴۔ نرم : ایک بار[مرکّب]۔
۵۔ نرمی : ایک بار[مرکّب]۔
۶۔ نزار : دو بار[مرکّب: ایک بار]۔

نزاع [۱] : دیکھیے: گردِ میدانِ نزاع۔

نزاع جلوہ: دیکھیے: گردابِ گاہِ نزاع جلوہ۔

نزاکت [۲] : (۱) نزاکت ہے فسونِ دعویِ طاقت شکستن ہا شرارِ سنگ: اندازِ چراغ از چشم جُستن ہا ص ۲۲

(۲) ہے نزاکت بس کہ فصلِ گل میں معمارِ چمن قالبِ گل میں ڈھلی ہے خشتِ دیوارِ چمن ص ۵۹

(۳) دی لطفِ ہَوا نے بہ جنوں طرفہ نزاکت تا آبلہ دعوائے تنک پیرہنی ہے ص ۱۱۱

(۴) اِس نزاکت کا بُرا ہو، وہ بھلے ہیں تو کیا ہاتھ آویں تو انھیں ہاتھ لگائے نہ بنے ص ۲۳۶

(۵) اگرچہ تھا یہ ارادہ، مگر خدا کا شکر! اُٹھا سکا نہ نزاکت سے گل بدن، تکیہ ص ۳۰۳

(۶) دیکھیے: کارگہِ ربطِ نزاکت۔

نزاکت جلوہ: رچ گیا جوشِ صفائے زلف کا اعضا میں عکس ہے نزاکت جلوہ اے ظالم! سیہ فامی تری ص ۹۳

نزاکت ساماں: دیکھیے: طبعِ نزاکت ساماں۔

نزدیک [۳] : اک کھیل ہے اورنگِ سلیماں مرے نزدیک اک بات ہے اعجازِ مسیحا مرے آگے ص ۲۲۸

نزدیکِ پژمردن: خراب آبادِ غربت میں عبث افسوسِ ویرانی گُلِ از شاخ دور اُفتادہ ہے نزدیکِ پژمردن ص ۴۲۹

نزع [۴] : (۱) اسدؔ ہے نزع میں، چل بے وفا برائے خدا! مقامِ ترکِ حجاب و وداعِ تمکیں ہے ص ۲۱۳

دیکھیے ــــــ: (۲) دمِ نزع۔ (۳) کشمکشِ نزع۔ (۴) وقتِ نزع۔

نزع مخمور: نزع مخمور ہوں اُس دید کی دُھن میں، کہ مجھے رشتۂ سازِ ازل ہے نگہِ باز پسیں ص ۷

نزول [۵] : کیوں اندھیری ہے شبِ غم؟ ہے بلاؤں کا نزول آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کُھلا ص ۱۲۱

نژادِ [۶] آدم: دیکھیے: مرجع و مجمعِ اشرافِ نژادِ آدم۔

نژند [۷] : دل سخت نژند ہوگیا ہے گویا اُس سے گلہ مند ہوگیا ہے گویا ص ۲۵۳

نسب [۸] : دیکھیے ــــــ: (۱) آفتِ نسب۔ (۲) دلِ اُلفت نسب۔ (۳) غفلت نسب۔

---

۱ نزاع : دو بار [مرکب]۔

۲ نزاکت : آٹھ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: تین بار]۔

۳ نزدیک : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

۴ نزع : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔

۵ نزول : ایک بار۔

۶ نژاد : ایک بار [مرکب]۔

۷ نژند : ایک بار۔

۸ نسب : [مرکب]۔

نسب نامۂ نیرنگ: دیکھیے: یک فردِ نسب نامۂ نیرنگ۔

نسبت[1]: (۱) تجھ میں اور غیر میں نسبت ہے، ولیکن بہ تضاد وصیِ ختمِ رُسُل تو ہے بہ فتوائے یقیں ص۹

(۲) اِس عمل میں عیش کی لذّت نہیں ملتی اسدؔ زور نسبت مَے سے رکھتا ہے نصارا کا نمک ص۴۹

(۳) اخترِ سوختۂ قیسؔ سے نسبت دیجے خالِ مشکینِ رُخِ دل کشِ لیلاؔ کہیے ص۱۲۲ [بجلی ولی]

(۴) خستگی کا ہو بھلا، جس کے سبب سے سرِ دست نسبت اک گونہ مرے دل کو ترے ہات سے ہے ص۱۲۸

(۵) مرے شاہِ سلیماںؔ جاہ سے نسبت نہیں غالبؔ فریدونؔ و جمؔ و کیخسروؔ و داراب و بہمنؔ کو ص۱۹۹

(۶) گو وھاں نہیں، پہ وھاں کے نکالے ہوئے تو ہیں کعبےؔ سے اِن بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی ص۲۳۳

دیکھیے: (۷)، (۸) محوِ نسبت [دو بار]۔ (۹) ختم نسبتِ زلف۔

نسبتِ نام: نسبتِ نام سے اُس کے ہے یہ رُتبہ کہ رہے ابداً پشتِ فلک خم شدۂ نازِ زمیں ص۱۳۲

نسبتیں: بارے، نوکر بھی ہو گیا، صد شکر! نسبتیں ہو گئیں مشخّص چار ص۱۳۶

نسترن[2]: دیکھیے: دستۂ نسرین و نسترن۔

نسخہ[3](۱): نہ پایا دردمندِ دوریِ یارانِ یک دل نے سوادِ خطِّ پیشانی سے نسخہ مومیائی کا ص۱۶

بجائے دانہ خرمن یک بیاباں بیضۂ قمری مرا حاصل وہ نسخہ ہے کہ جس سے خاک پیدا ہو ص۶۷

نسخۂ آبِ حیواں: مشقِ نقشِ قدم: نسخۂ آبِ حیواں جادۂ دشتِ نجفؔ: عمرِ خضرؔ کا طومار ص۴

نسخۂ ادوارِ ظہور: تیرا پیمانۂ مَے: نسخۂ ادوارِ ظہور تیرا نقشِ قدم: آئینۂ شانِ اظہار ص۶

نسخۂ تہ بندیِ داغِ تمنّا: کیا یکسر گدازِ دل نیازِ جوششِ حسرت سویدا: نسخۂ تہ بندیِ داغِ تمنّا ہے ص۸۳

نسخۂ عرضِ دوا: عیسیٰؔ! طلسمِ حُسن تغافل ہے زینہار جُز پشتِ چشم، نسخۂ عرضِ دوا نہ مانگ ص۵۰

نسخۂ مرہم: نہ پوچھ نسخۂ مرہم جراحتِ دل کا کہ اُس میں ریزۂ الماس جُزوِ اعظم ہے ص۲۲۹

نسخہ[4](۲): ہو سخن کی جسے طلبگاری کرے اِس نسخے کی خریداری ص۲۶۸

---

[1] نسبت : دس بار [مفرد: چھے بار، مرکب: چار بار]۔
نسبتیں : ایک بار۔
[2] نسترن : ایک بار [مرکب]۔
[3] نسخہ(۱) : سات بار [مفرد: دو بار، مرکب: پانچ بار]۔
[4] نسخہ(۲) : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔
نسخہ ہا : ایک بار [مرکب]۔

نسخۂ تحفہ: کہا یہ جلد کہ تو اس میں سونچتا کیا ہے؟ لکھا ہے: نسخۂ تحفہ، یہی ہے سالِ تمام ص ۲۶۳

نسخۂ حسن: دیکھیے: بسملۂ نسخۂ حسن۔

نسخۂ نادر: عجیب نسخۂ نادر لکھا ہے ایک اُس نے کہ جس میں حکمت وطب ہی کے مسئلے ہیں تمام ص ۲۴۳

نسخہ ہاے وفا: دیکھیے: تالیفِ نسخہ ہاے وفا۔

نسریں[1]: دیکھیے ــــ: (۱) رنگِ لالہ وگل ونسریں۔ (۲) گل ونسریں۔

نسریں عارضاں: دیکھیے: گوشِ نسریں عارضاں۔

نسرین دستران: دیکھیے: دستۂ نسرین دستران۔

نسیاں[2]: دیکھیے: (۱) طاقِ نسیاں۔ (۲) نقش ونگار طاقِ نسیاں۔

نسیم[3]: (۱) بس کہ یک رنگ ہیں دل، کرتی ہے ایجاد نسیم لالے کے داغ سے، جوں نقطہ وخط، سنبل زار ص ۳

(۲) جس جا نسیم شانہ کشِ زلفِ یار ہے نافہ: دماغِ آہوے دشتِ تتار ہے ص ۲۱۷

(۳) بہار شوخ وچمن تنگ ورنگِ گل دل چسپ نسیم باغ سے پا در حنا نکلتی ہے ص ۲۵۲

(۴) دیکھیے: آزادیِ نسیم۔

نسیمِ عشق: دیکھیے: حریفِ وحشتِ نازِ نسیمِ عشق۔

نسیمِ مصر: نسیمِ مصر کو کیا پیرِ کنعاں کی ہوا خواہی اُسے یوسف کی بوے پیرہن کی آزمایش ہے ص ۲۳۳

نسیہ[4] ونقدِ دوعالم: نسیہ و نقدِ دو عالم کی حقیقت معلوم لے لیا مجھ سے مری ہمتِ عالی نے مجھے ص ۲۲۲

نشاط[5]: (۱) مقتل کو کس نشاط سے جاتی ہوں میں، کہ ہے پُر گل خیالِ زخم سے دامن نگاہ کا ص ۲۲۷

(۲) مَے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو؟ اک گونہ بے خودی مجھے دن رات چاہیے ص ۲۱۹

(۳) عجب نشاط سے جلاّد کے چلے ہیں ہم آگے کہ اپنے سایے سے سر، پانو سے ہے دو قدم آگے ص ۲۲۷

دیکھیے ــــ: (۴) آئینۂ صد رنگِ نشاط۔ (۵) داغِ تمناے نشاط۔ (۶) ضامنِ نشاط۔ (۷) عالمِ نیرنگِ نشاط۔

۱۔ نسریں : چار بار [مرکب]۔
۲۔ نسیاں : دو بار [مرکب]۔
۳۔ نسیم : چھے بار [مفرد: تین بار، مرکب: تین بار]۔
۴۔ نسیہ : ایک بار [مرکب]۔
۵۔ نشاط : ستائیس بار [مفرد: تین بار، مرکب: تیس بار]۔

(۴) یک جنبشِ نشاط۔

نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری: ہاں نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری، واہ واہ! پھر ہوا ہے تازہ سودائے غزل خوانی مجھے ص۲۳۲

نشاط آہنگ: مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے! خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا ص۱۲۵

نشاطِ بہار: مینائے مے ہے سرو، نشاطِ بہار سے بالِ تدرو، جلوۂ موجِ شراب ہے ص۲۰۶

نشاطِ تصور: دیکھیے: گرمیِ نشاطِ تصور۔

نشاطِ داغِ غمِ عشق: نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہار نہ پوچھ شگفتگی، ہے شہیدِ گُلِ خزانیِ شمع ص۱۸۳

نشاطِ دل: دیکھیے: بساطِ نشاطِ دل۔

نشاطِ دہر: دیکھیے: فرصتِ رنج ونشاطِ دہر۔

نشاطِ دید: دیکھیے: عرضِ نشاطِ دید۔

نشاطِ دیدۂ بینا: نشاطِ دیدۂ بینا ہے، کو خواب وچہ بیداری؟ بہم آوردہ مژگاں روبرو ہے تماشا ہے ص۸۳

نشاطِ عامِ عوام: مرحبا! اے سُرورِ خاصِ خواص حبذا! اے نشاطِ عامِ عوام ص۳۳۵

نشاطِ عشق: غمِ زمانہ نے جھاڑی نشاطِ عشق کی مستی وگرنہ ہم بھی اُٹھاتے تھے لذّتِ الم آگے ص۲۲۷

نشاطِ قریں: دیکھیے: مجلسِ نشاطِ قریں۔

نشاطِ کار: ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا! نہ ہو مرنا، تو جینے کا مزا کیا؟ ص۱۵۷

نشاطِ گردباد: دیکھیے: بزمِ نشاطِ گردباد۔

نشاط وسُرور: دیکھیے: صد نشاط وسُرور۔

نشان[ا]: (۱) تیرگیِ ظاہری ہے طبعِ آگہ کا نشاں غافلاں! عکسِ سوادِ صفحہ ہے گردِ کتاب ص۳۱

(۲) ظاہر ہیں میری شکل سے افسوس کے نشاں جوں شانہ پشتِ دست بہ دنداں گزیدہ ہوں ص۶۱

(۳) رنجشِ یارِ مہرباں، عیش وطرب کا ہے نشاں دل سے اُٹھے ہے جو غبار، گردِ سوادِ باغ ہے ص۱۱۶

(۴) ہے بس کہ ہر اک اُن کے اشارے میں نشاں اَور کرتے ہیں محبت تو گزرتا ہے گماں اَور ص۱۷۰

ا۔ نشان : سترہ بار [مفرد: سات بار، مرکب: دس بار]۔ نشاں دار : ایک بار [مرکب]۔

(۵) کہتے ہو: کیا لکھا ہے تری سرنوشت میں؟ گویا جبیں پہ سجدۂ بت کا نشاں نہیں ص۱۸۸

(۶) ہستی کا اعتبار بھی غم نے مٹا دیا کس سے کہوں کہ داغ، جگر کا نشان ہے ص۲۰۳

(۷) نشاں باقی نہیں ہے سلطنت کا مگر ہاں نام کو اورنگ زیبی ص۲۶۳

دیکھیے:(۸) امیر شاہ نشاں۔(۹) نام ونشاں۔

نشانِ اشک: سیل بنائے ہستیِ شبنم ہے آفتاب چھوڑے نہ چشم میں تپشِ دل نشانِ اشک ص۵۰

نشانِ بے قرارِ شوق: نشانِ بے قرارِ شوق جو مژگاں نہیں باقی کئی کانٹے ہیں اور پیراہنِ شکلِ نہالی ہے ص۷۹

نشانِ جگرِ سوختہ: قمری کفِ خاکستر و بلبل قفسِ رنگ اے نالہ نشانِ جگرِ سوختہ کیا ہے؟ ص۲۱۹

نشانِ حال: دیکھیے: آئینۂ نشانِ حال۔

نشانِ خالِ رخ: ہوا آئینہ جامِ بادہ عکسِ روئے گل گوں سے نشانِ خالِ رخ: داغ شرابِ پرتگالی ہے ص۷۹

نشانِ دادخواہی: اسدؔ! خوباں بھی دورِ چرخ سے رنجیدہ خاطر ہیں گریباں چاکیِ گل ہا، نشانِ دادخواہی ہے ص۳۵۳

نشانِ دارِ ناز: جیبِ نیازِ عشق نشاں دارِ ناز ہے آئینہ ہوں شکستنِ طرفِ کلاہ کا ص۱۹

نشانِ روشنیِ دل: نشانِ روشنیِ دل نہاں ہے تیرہ بختوں کا نہیں محسوس دودِ مشعلِ بزمِ سیہ پوشاں ص۳۲۹

نشانِ سوادِ دیارِ حسن: ہوا نشانِ سوادِ دیارِ حسن عیاں کہ خط، غبارِ زمیں خیزِ زلفِ مشکیں ہے ص۱۰۳

نشانی[1]: (۱) رنگ نے گل سے، دمِ عرضِ پریشانیِ بزم برگِ گل ریزۂ مینا کی نشانی مانگے ص۷۸

(۲) کافی ہے نشانی ترا چھلے کا نہ دینا خالی مجھے دکھلا کے بہ وقتِ سفر انگشت ص۱۹۳

(۳) ہوں تو خود رفتۂ بیدائے خیال بھول جانا ہے نشانی میری ص۲۳۱

نشتر[2]: (۱) بہارِ رنگِ خونِ گل ہے ساماں اشک باری کا جنونِ برق، نشتر ہے رگِ ابرِ بہاری کا ص۱۸

(۲) درد سے در پردہ دی مژگاں سیاہاں نے شکست ریزہ ریزہ استخواں کا پوست میں نشتر ہوا ص۲۰

(۳) صورتِ دیبا تپش سے میری غرقِ خوں ہے آج خارِ پیراہن رگِ بستر کو نشتر ہو گیا ص۲۹

(۴) باعثِ ایذا ہے برہم خوردنِ بزمِ سرور لختِ لختِ شیشۂ بشکستہ جز نشتر نہیں ص۶۶

---

[1] نشانی : تین بار۔

[2] نشتر : چودہ بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: چھے بار]۔

(۵) مژگاں خلیدۂ رگِ ابرِ بہار ہے نشتر بہ مغزِ پنبۂ مینا فرو نہ ہو ص۶۸

(۶) گرچہ ہوں دیوانہ، پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب؟ آستیں میں دشنہ پنہاں، ہاتھ میں نشتر کھلا ص۱۶۰

(۷) رگِ لیلیٰ کو خاکِ دشتِ مجنوں ریشگی بخشے اگر بووے بجائے دانہ دہقاں نوک نشتر کی ص۲۰۷

(۸) فزوں ہوتا ہے ہر دم جوشِ خوں باری، تماشا ہے نفس کرتا ہے رگ ہائے مژہ پر کام نشتر کا ص۲۳۳

(۹) دیکھیے: دعوتِ صد نشتر۔

نشترِ خار: یک بیاباں تپشِ بالِ شرر سے، صحرا مغزِ کہسار میں کرتا ہے فرو نشترِ خار ص۵

نشترِ خوں ریز: خوں چکاں ہے جادہ مانندِ رگِ سودائیاں سبزۂ صحرائے الفت نشترِ خوں ریز ہے ص۸۵

نشتر زار: دیکھیے: وقفِ نشتر زار۔

نشتر زارِ سودائے خیال: یادِ مژگاں میں بہ نشتر زارِ سودائے خیال چاہیے وقتِ تپش یک دست صد پہلو مجھے ص۸۷

نشترِ زنبور: بہ شیرینیِ خواب آلودہ مژگاں نشترِ زنبور خود آرائی سے آئینہ طلسمِ مومِ جادو تھا ص۲۲

نشترِ فصاد: ہے گدازِ موم، اندازِ چکیدن ہائے خوں نیشِ زنبورِ عسل ہے نشترِ فصاد یہاں ص۵۷

نشر[۱]: نہ حشر و نشر کا قائل، نہ کیش و ملت کا خدا کے واسطے! ایسے کی پھر قسم کیا ہے ص۳۱۲

نشستن[۲]: کیا کس شوخ نے ناز از سرِ تمکیں نشستن کا؟ کہ شاخِ گل کا خم، انداز ہے بالیں شکستن کا ص۲۷

نشستن ہا: دیکھیے: پا نشستن ہا۔

نشنیدن[۳]: میں اور صد ہزار نوائے جگر خراش تو اور ایک وہ نشنیدن کہ کیا کہوں! ص۱۶۸

نشو و نما[۴]: (۱) برس آبیارِ فرصتِ رنگِ دمیدہ ہوں جوں نخلِ شمع، ریشے میں نشو و نما گرو ص۶۹

(۲) نشو و نما ہے اصل سے غالبؔ فروع کو خاموشی ہی سے نکلے ہے جو بات چاہیے ص۲۱۹

دیکھیے ـــــ: (۳) حوصلۂ نشو و نما۔ (۴) سرِ نشو و نما۔ (۵) فرصتِ نشو و نما۔ (۶) فیضِ ہوائے چمنِ نشو و نما۔ (۷) کوتاہیِ نشو و نما۔ (۸) ہمتِ نشو و نما۔ (۹) یک نشو و نما۔

نشو و نمائے خندہ: دیکھیے: فرصتِ نشو و نمائے خندہ۔

۱۔ نشر : ایک بار [مرکب]
۲۔ نشستن : ایک بار۔ نشستن ہا : ایک بار۔
۳۔ نشنیدن : ایک بار۔
۴۔ نشو و نما : دس بار [مفرد: دو بار، مرکب: آٹھ بار]۔

نشہ[1]: (۱) گلشن و مے کدہ: سیلابیِ یک موجِ خیال   نشہ و جلوۂ گل: بر سرِ ہم فتنہ غبار   ص ۳
(۲) گر شہادت آرزو ہے، نشے میں گستاخ ہو   بالِ شیشے کا، رگِ سنگِ فساں ہوجائے گا   ص ۲۰
(۳) نشے میں گم کردہ رہ آیا وہ مستِ فتنہ خو   آج رنگِ رفتہ، دورِ گردشِ ساغر ہوا   ص ۲۰
(۴) نغمہ ہے، محوِ ساز رہ؛ نشہ ہے، بے نیاز رہ   رندِ تمام ناز رہ، خلق کو پارسا سمجھ   ص ۷۳
(۵) نشے کے پردے میں ہے محوِ تماشائے دماغ   بس کہ رکھتی ہے سرِ نشوونما موجِ شراب   ص ۱۲۳
(۶) دیجے ہیں جنت حیاتِ دہر کے بدلے   نشہ بہ اندازۂ خمار نہیں ہے   ص ۲۰۸
(۷) زندگی میں بھی رہا ذوقِ فنا کا مارا   نشہ بخشا غضب اِس ساغرِ خالی نے مجھے   ص ۳۲۰
دیکھیے:۔ (۸) اُفتادگیِ نشہ۔ (۹) بہارِ نشہ۔ (۱۰) سعیِ عروجِ نشہ۔ (۱۱) عروجِ نشہ۔ (۱۲) موجِ خمیازۂ یک نشہ۔

نشہ پیمائی: محملِ پیمانۂ فرصت ہے بروِشِ حباب   دعویِ دریا کشیّ و نشہ پیمائی عبث   ص ۳۳

نشہ فرسائے خمارِ بنگ: ہوں ز پا اُفتادۂ اندازِ یادِ حسنِ سبز   کس قدر ہے نشہ فرسائے خمارِ بنگ، دل   ص ۵۳

نشۂ اظہار: خمارِ ضبط سے بھی نشۂ اظہار پیدا ہے   تراوش شیرۂ انگور کی ہے مُفتِ افشردن   ص ۲۲۹

نشۂ ایجادِ جنوں: دیکھیے: دماغِ نشۂ ایجادِ جنوں۔

نشۂ ایجادِ ازل: کسوتِ تاک میں ہے نشۂ ایجادِ ازل   سُبحۂ عرضِ دو عالم بہ کفِ آبلہ دار   ص ۳

نشۂ بیباکیِ مستاں: غرورِ لطفِ ساقی نشۂ بیباکیِ مستاں   نم دامانِ عصیاں ہے طراوتِ موجِ کوثر کی   ص ۷۷

نشۂ تریاک: مے کشیدن سے مجھے نشۂ تریاک چڑھا   (ص ۳۴۵)

نشۂ خونِ جگر: ہے بے خمار نشۂ خونِ جگر اسدؔ   دستِ ہوس بہ گردنِ مینا نہ کھینچیے   ص ۱۰۶

نشۂ رنگ: نشۂ رنگ سے ہے واشدِ گل   مست کب بندِ قبا باندھتے ہیں   ص ۱۸۱

نشۂ صہبا: دیکھیے: نازبردارِ غرورِ نشۂ صہبا۔

نشۂ فکرِ سخن: تازہ نہیں ہے نشۂ فکرِ سخن مجھے   تریاکیِ قدیم ہوں دودِ چراغ کا   ص ۱۵۰

نشۂ گردش: دیکھیے: غرورِ نشۂ گردش۔

نشۂ محفل: دیکھیے: حجابِ نشۂ محفل۔

ا۔ نشہ: تینتیس بار [مفرد: سات بار، مرکب: چھبیس بار]۔   نشہ[2]: ایک بار۔

نشۂ مے: (۱) اے بہ ضبطِ حال خو نا کردگاں! جوشِ جنوں نشۂ مے ہے، اگر یک پردہ نازک تر ہوا ص۲۰

(۲) بے ہوس محمل بدوشِ شوخیِ ساقیِ مست نشۂ مے کے تصور میں نگہبانی عبث ص۳۳

(۳) نشۂ مے بے چمن، دودِ چراغِ کشتہ ہے جام، داغِ شعلہ اندودِ چراغِ کشتہ ہے ص۷۹

(۴) نشۂ مے کے اُتر جانے کے غم سے انگور صورتِ اشک بہ مژگانِ رگِ تاک چڑھا ص۲۲۵

(۵) خمیدن نشۂ مے میں، بے شرمِ زشت اعمالی دماغِ زہد میں آخر غرورِ بے گناہی ہے ص۲۵۴

(۶) ہے تمثالِ پری، نشۂ مینا آزادِ دلِ آئینہ طرب، ساغرِ بختِ بیدار ص۷

نشۂ واماندگی: دیکھیے: عروجِ نشۂ واماندگی۔

نشۂ وحشت: دیکھیے: حسرتِ نشۂ وحشت۔

نشہ ہا: نشہ ہا شادابِ رنگ و سازہا مستِ طرب شیشۂ مے، سروِ سبزِ جوئبارِ نغمہ ہے ص۲۱۳

نشیب[۱]: اُس بزمِ پُرفروغ میں اِس تیرہ بخت کو لبر ملا نشیب میں ازروے اہتمام ص۲۸۲

نشیب و فراز: نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود ہنوز تیرے تصور میں ہے نشیب و فراز ص۱۷۱

نصاب[۲]: دیکھیے: کتابِ طربِ نصاب۔

نصارا[۳]: اِس عمل میں عیش کی لذت نہیں ملتی اسدؔ زور نسبت مے سے رکھتا ہے نصارا کا نمک ص۴۹

نصرت الملک[۴]: نصرت الملک بہادر مجھے بتلا کہ مجھے تجھ سے جو اتنی ارادت ہے تو کس بات سے ہے؟ ص۱۲۷

نصیب[۵]: (۱) جسے نصیب ہو روزِ سیاہ میرا سا وہ شخص دن نہ کہے رات کو تو کیوں کر ہو؟ ص۱۹۷

(۲) میں یہ کیا جانوں کہ وہ کس واسطے ہوں پھر گئے؟ پر نصیب اپنا، اُنھیں جاتا سنا جوں، پھر گئے ص۲۹۱

(۳) دیکھیے: دلِ حسرت نصیب۔ (۴) ناسازیِ نصیب۔

نصیبِ آستیں: نصیبِ آستیں ہے حاصلِ روے عرق آگیں پھٹے ہے کہکشاں خرمن سے مہ کے خوشہ پرویں کا ص۲۸

نصیبِ تیرہ: نصیبِ تیرہ بلا گردشِ آفریں ہے اسدؔ زمیں سے ہوتے ہیں صد دامن آسماں پیدا ص۲۲۶

نصیبِ خاطرِ آگاہ: رشک ہے آسائشِ اربابِ غفلت پر اسدؔ پیچ و تابِ دل، نصیبِ خاطرِ آگاہ ہے ص۹۳

۱۔ نشیب : دوبار [مرکب: ایک بار]۔
۲۔ نصاب : ایک بار [مرکب]۔
۳۔ نصارا : ایک بار۔
۴۔ نصرت الملک : ایک بار۔
۵۔ نصیب : آٹھ بار [مفرد: دوبار، مرکب: چھے بار]۔
نصیبوں : ایک بار [مرکب]۔

نصیبِ نگہِ معنیِ ناز: پر یہ دولت تھی نصیبِ نگہِ معنیِ ناز کہ ہوا صورتِ آئینہ میں جوہر بیدار ص ۴

نصیبوں: غرّۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہ ہو اِس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن ص ۱۷۹

نصیحت[1] نیوش: دیکھیے: گوشِ نصیحت نیوش۔

نصیرِ[2] دولت و دیں: نصیرِ دولت و دیں اور معینِ ملّت و ملک بنا ہے چرخِ بریں جس کے آستاں کے لیے ص ۲۳۶

نضارت[3]: شۂ گل نے کیا جب بند و بستِ گلشن آرائی عصائے سبز دے، نرگس کو خدمت دی نضارت کی ص ۹۷

نطق[4]: زباں پہ بارِ خدایا! یہ کس کا نام آیا؟ کہ میرے نطق نے بوسے مری زباں کے لیے ص ۲۳۶

نظّارگی[5]: (۱) شب کہ تھا نظّارگی روئے بتاں کا اے اسدؔ گر گیا بامِ فلک سے صبح تشتِ ماہ تاب ۳۱

(۲) تکلّف برطرف، نظّارگی میں بھی سہی لیکن وہ دیکھا جائے، کب یہ ظلم دیکھا جائے ہے مجھ سے ص ۲۲۵

نظّارگیِ صنعتِ حق: نوروز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں نظّارگیِ صنعتِ حق اہلِ بصارت ص ۱۲۷

نظّارہ، نظارہ[6]: (۱) رہا نظّارہ وقتِ بے نقابی آپ پر لرزاں سرشک آگیں مژہ سے دستِ از جاں شستہ بر رو تھا ص ۲۲

(۲) تمثال گدازِ آئنہ ہے عبرتِ بینش نظّارہ تحیّر، چمنستانِ بقا ہیچ ص ۳۶

(۳) نظّارہ دیگر و دلِ خونیں نفس دگر آئینہ دیکھ، جوہرِ برگِ حنا نہ مانگ ص ۵۰

(۴) تماشا ہے علاجِ بے دماغی ہائے دل غافل! سویدا: مردمِ چشمِ پری، نظّارہ: افسوں ہے ص ۱۱۲

(۵) نظّارہ کیا حریف ہو اُس برقِ حسن کا جوشِ بہار، جلوے کو جس کے نقاب ہے ص ۲۰۶

(۶) کیوں نہ ہو چشمِ بتاں محوِ تغافل، کیوں نہ ہو یعنی اِس بیمار کو نظّارے سے پرہیز ہے ص ۲۱۳

(۷) نظّارے نے بھی کام کیا واں نقاب کا مستی سے ہر نگہ ترے رُخ پر بکھر گئی ص ۲۳۳

(۸) دل مدّعی و دیدہ بنا مدّعا علیہ نظّارے کا مقدمہ پھر روبکار ہے ص ۲۱۷

دیکھیے ــــــ: (۹) آفتِ نظّارہ۔ (۱۰) بہارِ حیرتِ نظّارہ۔ (۱۱) حیرتِ نظّارہ۔ (۱۲) دعوتِ نظّارہ۔ (۱۳) رشکِ نظّارہ۔ (۱۴) صبحِ بہار نظّارہ۔ (۱۵) عیدِ نظّارہ۔ (۱۶) کثرتِ نظّارہ۔ (۱۷) کلفتِ نظّارہ۔ (۱۸) وحشیِ خوکردۂ نظّارہ۔

۱۔ نصیحت : ایک بار [مرکّب]۔
۲۔ نصیر : ایک بار [مرکّب]۔
۳۔ نضارت : ایک بار۔
۴۔ نطق : ایک بار۔
۵۔ نظّارگی : تین بار [مرکّب: ایک بار]۔
۶۔ نظّارہ، نظارہ: اُنتیس بار [مفرد: آٹھ بار، مرکّب: اکیس بار]۔

نظارہ پرور: شب نظارہ پرور تھا خواب میں خرام اُس کا صبح موجۂ گل کو نقشِ بوریا پایا ص ۱۳

نظارہ سوز: (۱) جب وہ جمالِ دل فروز صورتِ مہرِ نیم روز آپ ہی ہو نظارہ سوز، پردے میں منہ چھپائے کیوں ص ۱۹۳

(۲) نظارہ سوز ہے یہاں تک ہر ایک ذرۂ خاک کہ لوگ جوہرِ تیغِ قضا کہیں اُس کو ص ۲۸۵

(۳) دیکھیے: برقِ نظارہ سوز۔

نظارہ و خیال: باہدگر ہوئے ہیں دل و دیدہ پھر رقیب نظارہ و خیال کا ساماں کیے ہوئے ص ۲۲۵

نظارۂ جمال: (۱) نے مژدۂ وصال، نہ نظارۂ جمال مدت ہوئی کہ آشتیِ چشم و گوش ہے ص ۲۳۰

(۲) دیکھیے: ذوقِ نظارۂ جمال۔

نظارۂ قاتل: دیکھیے: لطفِ نظارۂ قاتل۔

نظارۂ گل: دیکھیے: دولتِ نظارۂ گل۔

نظارۂ گلشن: دیکھیے: بادۂ نظارۂ گلشن۔

نظارۂ نرگس: تری طرف ہے بہ حسرت نظارۂ نرگس بہ کوریِ دل و چشمِ رقیب ساغر کھینچ ۱۶۶

نظام الدین[۱]: ملے دو مرشدوں کو قدرتِ حق سے ہیں دو طالب نظام الدین کو خسرو، سراج الدین کو غالب ص ۲۹۳

نظر[۲]: (۱) برگِ گل کا ہو جو طوفانِ ہوا میں عالم اُس کے جولاں میں نظر آئے ہے یوں دامنِ زیں ص ۹

(۲) عیادت سے زبس ٹوٹا ہے دل یارانِ غمگیں کا نظر آتا ہے موئے شیشہ، رشتۂ شمعِ بالیں کا ص ۲۸

(۳) کس رُتبے میں باریکی و نرمی ہے کہ جوں گل آتی نہیں پنجے میں بس اُس کے نظر انگشت ص ۳۲

(۴) شغلِ ہوس در نظر، لیک حیا بے خبر شاخِ گلِ نغمہ ہے نالۂ بلبل ہنوز ص ۴۴

(۵) اے اسدؔ! تیرگیِ بختِ سیہ ظاہر ہے نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز ص ۴۵

(۶) کرتا ہے بہ یادِ بُتِ رنگیں دلِ مایوس رنگِ ز نظر رفتہ حنائے کفِ افسوس ص ۴۶

(۷) ناگوارا ہے ہمیں احسانِ صاحب دولتاں ہے زرِ گل بھی نظر میں جوہرِ فولاد یہاں ص ۵۷

(۸) جلوہ نہیں ہے دردِ سر، آئنہ صندلی نہ کر عکس کجا و کو نظر، نقش کو مدعا سمجھ ص ۷۳

(۹) نظر راحت پہ میری، کر نہ وعدہ شب کے آنے کا کہ میری خواب بندی کے لیے ہوگا فسوں وہ بھی ص ۷۳

۱۔ نظام الدین : ایک بار۔

۲۔ نظر : اٹھاسی بار [مفرد: چھیالیس بار، مرکب: بیالیس بار]۔

نظرہائے : ایک بار [مرکب]۔

نظرے : ایک بار۔

(۱۰) نظر بہ نقصِ گدایاں کمال بے ادبی ہے کہ خارِ خشک کو بھی دعویِ چمن نسبی ہے ص۷۵

(۱۱) ہم زباں آیا نظر فکرِ سخن میں تو مجھے مردمک، ہے طوطیِ آئینۂ زانو مجھے ص۷۸

(۱۲) شورِ تمثال ہے کس رشکِ قمر کا یارب! آئنہ، بیضۂ بلبل نظر آتا ہے مجھے ص۸۸

(۱۳) نظر بہ غفلتِ اہلِ جہاں، ہوا ظاہر کہ عیدِ خلق پہ حیراں ہے چشمِ قربانی ص۹۶

(۱۴) نہیں ہے مزرعِ اُلفت میں حاصل غیرِ پامالی نظر دانہ سرشکِ بر زمیں اُفتادہ، آتا ہے ص۹۸

(۱۵) عکسِ خط تا سخنِ ناصحِ دانا سرسبز آئنہ، بیضۂ طوطی نظر آیا ہے مجھے ص۱۰۷

(۱۶) پرِ طاؤس تماشا نظر آیا ہے مجھے ایک دل تھا کہ بہ صد رنگ دکھایا ہے مجھے ص۱۰۷

(۱۷) وہ تشنۂ سرشارِ تمنا ہوں کہ جس کو ہر ذرہ بہ کیفیتِ ساغر نظر آوے ص۱۱۳

(۱۸) گرچہ از روئے ننگِ بے ہنری ہوں خود اپنی نظر میں اِتنا خوار ص۱۲۵

(۱۹) نظر آتا ہے یوں مجھے یہ ثمر کہ دواخانۂ ازل میں مگر ص۱۳۰

(۲۰) وہ دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح یہی انداز اور یہی اندام ص۱۳۵

(۲۱) ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ دیتے ہیں دھوکا یہ بازیگر، کھلا ص۱۳۹

(۲۲) صبح آیا جانبِ مشرق نظر اک نگارِ آتشیں رُخ، سر کھلا ص۱۳۹

(۲۳) نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا، غالبؔ کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشاں کا ص۱۵۷

(۲۴) نظر میں کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی ہمیشہ روتے ہیں ہم، دیکھ کر در و دیوار ص۱۶۷

(۲۵) مژدہ اے ذوقِ اسیری! کہ نظر آتا ہے دامِ خالی قفسِ مرغِ گرفتار کے پاس ص۱۷۳

(۲۶) پرتوِ خُور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہوتے تک ص۱۷۵

(۲۷) مزے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں سوائے خونِ جگر، سو جگر میں خاک نہیں ص۱۸۳

(۲۸) نظر لگے نہ کہیں اُس کے دست و بازو کو یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں ص۱۸۷

(۲۹) کس طرح کاٹے کوئی شب ہائے تارِ برشکال ہے نظر خوکردۂ اختر شماری، ہائے ہائے! ص۲۰۳

(۳۰) باغ، پاکر خفقانی یہ ڈراتا ہے مجھے سایۂ شاخِ گل، افعی نظر آتا ہے مجھے ص۲۱۶

(۳۱) نالہ، سرمایۂ یک عالم و عالم، کفِ خاک   آسماں بیضۂ قمری نظر آتا ہے مجھے   ص۲۱۶

(۳۲) جوشِ جنوں سے کچھ نظر آتا نہیں اسدؔ   صحرا ہماری آنکھ میں یک مشتِ خاک ہے   ص۲۱۶

(۳۳) اچھا ہے سر انگشتِ حنائی کا تصور   دل میں نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی   ص۲۲۸

(۳۴) دیا ہے خلق کو بھی، تا اُسے نظر نہ لگے   بنا ہے عیش تجمل حسین خاں کے لیے   ص۲۳۶

(۳۵) کوئی اُمید بر نہیں آتی   کوئی صورت نظر نہیں آتی   ص۲۳۷

(۳۶) داغِ دل گر نظر نہیں آتا   بو بھی اے چارہ گر! نہیں آتی؟   ص۲۳۸

(۳۷) فکرِ تاریخ سال میں مجھ کو   ایک صورت نئی نظر آئی   ص۲۶۲

(۳۸) رام پور اہلِ نظر کی ہے نظر میں وہ شہر   کہ جہاں ہشت بہشت آ کے ہوئے ہیں باہم   ص۲۶۵

(۳۹) گورے پنڈے پر نہ کر اِن کے نظر   کھینچ لیتے ہیں یہ ڈورے ڈال کر   ص۲۶۶

(۴۰)، (۴۱) یہ تو دیکھو کہ کیا نظر آیا   جلوۂ مدعا نظر آیا   ص۲۶۷ [دوبار]

(۴۲) یہاں زمیں پہ نظر جہاں تک جائے   ژالہ آسا بچھے ہیں دُرِّ ثمیں   ص۲۸۰

(۴۳) اخبارِ لودھیانہ میں میری نظر پڑی   تحریر ایک، جس سے ہوا بندہ تلخ کام   ص۲۸۲

(۴۴) کچھ اور ہی عالم ہے دل و چشم و زباں کا   کچھ اور ہی نقشا نظر آتا ہے جہاں کا   ص۲۸۳

(۴۵) صاف آتی ہیں نظر آب گہر کی لہریں   جنبشِ بادِ سحر نے جو ہلایا سہرا   ص۲۸۸

(۴۶) از بس کہ سکھاتا ہے غم، ضبط کے اندازے   جو داغ نظر آیا، اک چشم نمائی ہے   ص۳۱۰

دیکھیے ـــــ: (۴۷) آبروے شیوۂ اہلِ نظر۔ (۴۸) آغوشِ وداعِ نظر۔ (۴۹) آفتِ قالِ نظر۔ (۵۰) تا (۵۳) اہلِ نظر [چار بار]۔ (۵۴) برق سامانِ نظر۔ (۵۵) بزمِ نظر۔ (۵۶) بستنِ نظر۔ (۵۷)، (۵۸)، (۵۹) پاے نظر [تین بار]۔ (۶۰) پرفشانِ دامِ نظر۔ (۶۱) پری زادِ نظر۔ (۶۲)، (۶۳) پیشِ نظر [دوبار]۔ (۶۴)، (۶۵) تارِ نظر [دوبار]۔ (۶۶) حفِ نظر۔ (۶۷) دکانِ متاعِ نظر۔ (۶۸) ذوقِ نظر۔ (۶۹) سرِ تارِ نظر۔ (۷۰) سرمۂ مفتِ نظر۔ (۷۱) صافیِ قطعِ نظر۔ (۷۲) قبلۂ اہلِ نظر۔ (۷۳) قبلۂ نورِ نظر۔ (۷۴) قطعِ نظر۔ (۷۵) قلزمِ ذوقِ نظر۔ (۷۶) کمیں گاہِ نظر۔ (۷۷) ہمۂ نظر۔ (۷۸) مفتِ نظر۔ (۷۹) عمرِ صد نظر۔ (۸۰) نیرنگِ نظر۔ (۸۱) وداعِ نظر۔ (۸۲) ہر نظر۔ (۸۳) یک نظر بیش۔

نظرِ بد: زلفِ سیہ افعی، نظرِ بد قلمی ہے ہر چند خطِ سبز و زمرد رقمی ہے ص۱۰۶

نظر پرستی: نظر پرستی و بیکاری و خود آرائی رقیبِ آئنہ ہے حیرتِ تماشائی ص۱۱۰

نظرِ شبنمِ خورنا دیدہ: دیکھیے: چشمِ غفلت نظرِ شبنمِ خورنا دیدہ۔

نظرفروز: سُو یہ نظر فروز قلم دان نذر ہے مسٹر کووان صاحبِ عالی مقام کی ص۲۶۳

نظرفریب: میں چشمِ وا کشادہ و گلشن نظر فریب لیکن عبث کہ شبنمِ خرشید دیدہ ہوں ص۶۱

نظرہائے تیز تیز: تو اور سوئے غیر نظر ہائے تیز تیز میں اور دُکھ تری مژہ ہائے دراز کا ص۱۵۵

نظرے: نظرے سوئے گلستاں، نہیں غیر شیشہ ساماں جو گداز دل ہو مطلب تو چمن ہے سنگ جائی ص۹

نظرباز[۱]: دیکھیے: حُسنِ نظرباز۔

نظربازی[۲]: نظر بازی طلسمِ وحشت آبادِ پرستاں ہے رہا بیگانۂ تاثیر افسوں آشنائی کا ص۱۶

(۲) دیکھیے: آبلہ پایانِ صحرائے نظربازی۔ (۳) تکلیفِ نظربازی۔

نظربندِ تصور[۳]: ہے قفس میں لطفِ آزادی شکستِ آرزو کے رنگ کی کرتا ہوں صیادی ص۳۵۱

نظربندِ چشمِ گریاں: عذارِ یار، نظر بندِ چشمِ گریاں ہے عجب کہ پرتوِ خُور، شمعِ شبستاں ہے ص۱۰۳

نظربندی[۴]: تھی نظر بندی، کیا جب ردِّ سحر بادۂ گل رنگ کا ساغر کھلا ص۳۹

نظرگاہِ[۵] اہلِ وہم وخیال: وہ نظر گاہِ اہلِ وہم و خیال یہ ضیا بخشِ چشمِ اہلِ یقیں ص۲۸۰

نظرگاہِ حیا: شبنم بہ گلِ لالہ نہ خالی ز ادا ہے داغِ دلِ بیدرد نظر گاہِ حیا ہے ص۲۱۸

نظرگاہِ گلستانِ خیالِ ساقی: بہ نظر گاہِ گلستانِ خیالِ ساقی بےخودی، دامِ رگِ گل سے ہے پیمانہ شکار ص۳

نظم[۶]: نثر اس کی، ہے کارنامۂ راز نظم اس کی، نگارنامۂ راز ص۲۶۷

دیکھیے: لباسِ نظم

نظمِ عالمِ نثر: پاس ہے اب سوادِ اعظمِ نثر دیکھیے چل کے نظمِ عالمِ نثر ص۲۶۷

۱۔ نظرباز : ایک بار [مرکب]۔

۲۔ نظربازی : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔

۳۔ نظربند : دو بار [مرکب]۔

۴۔ نظربندی : ایک بار۔

۵۔ نظرگاہ : تین بار [مرکب]۔

۶۔ نظم : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔

نظیر[1]: دیکھیے: شہنشاہِ فلک منظرِ بے مثل و نظیر۔

نعتِ[2] نبی: دیکھیے: زمزمۂ نعتِ نبی۔

نعش[3]: (۱) گلیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو، کہ میں / جاں دادۂ ہوائے سرِ رہگزار تھا ص۱۵۳

(۲) اِس رنگ سے اُٹھائی کل اُس نے اسدؔ کی نعش / دشمن بھی، جس کو دیکھ کے، غمناک ہوگئے ص۲۲۹

نعل[4]: (۱) لذّتِ ایجادِ ناز، افسونِ عرضِ ذوقِ قتل / نعل آتش میں ہے تیغِ یار سے نخچیر کا ص۱۱

(۲) بیتابِ سیرِ دل ہے سرِ ناخنِ نگار / یعنی نعل ہے بہ آتشِ رنگِ حنا گرو ص۲۹

نعل در آتش: دشت تسخیرِ ہو گر گردِ خرامِ ~~ذلذل~~ / نعل در آتش ہر ذرہ ہے تیغِ کہسار ص۵

نعلِ واژگوں: مہِ نو سے ہے رہزن وار نعلِ واژگوں باندھا / نہیں ممکن بہ جولاں ہائے گردوں دخل پئے بردن ص۲۲۹

نعلِ واژوں: (۱) کاوشِ دُزدِ حنا، پوشیدہ افسوں ہے مجھے / ناخنِ انگشتِ خوباں، نعلِ واژوں ہے مجھے ص۹۹

(۲) ہجومِ گریہ سوے دل، خوشا! سرمایۂ طوفاں / برانگشتِ حسابِ اشک ناخن، نعلِ واژوں ہے ص۱۱۱

نعل بہا[5]: سات اقلیم کا حاصل جو فراہم کیجے / تو وہ لشکر کا ترے نعل بہا ہوتا ہے ص۲۲۱

نعمت[6]: دیکھیے: خداوندِ نعمت۔

نغز[7]: دیکھیے: کلامِ نغز۔

نغز گفتاری: دیکھیے: طرزِ نغز گفتاری۔

نغز گوے: دیکھیے: شاعرِ نغز گوے۔

نغمہ[8]: (۱) اسدؔ! پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے / نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہاے چنگ، آخر ص۳۰

(۲) نغمہ ہے، محوِ ساز رہ؛ نغمہ ہے، بے نیاز رہ / رندِ تمام ناز رہ، خلق کو پارسا سمجھ ص۴۳

(۳) نغمہ ہے کانوں میں اُس کے نالۂ مرغِ اسیر / رشتۂ پا یہاں نوا سامانِ بندِ ساز ہے ص۸۲

['نغمہ' سات بار بہ طورِ جزوِ ردیف، ص۸۶]:

۱۔ نظیر : ایک بار [مرکب]۔

۲۔ نعت : ایک بار [مرکب]۔

۳۔ نعش : دوبار۔

۴۔ نعل : چھے بار [مفرد: دوبار، مرکب: چار بار]۔

۵۔ نعل بہا : ایک بار۔

۶۔ نعمت : ایک بار [مرکب]۔

۷۔ نغز : تین بار [مرکب]۔

۸۔ نغمہ : چونتیس بار [مفرد: چار بار، مرکب: تیس بار]۔

(۴)،(۵) شوخیِ مضرابِ جولاں: آبیارِ نغمہ ہے — برگریزِ ناخنِ مطرب: بہارِ نغمہ ہے

(۶) کس سے اے غفلت! تجھے تعبیرِ آگاہی ملے؟ — گوش ہا سیمابی و دل بے قرارِ نغمہ ہے

(۷) سازِ عیشِ بے دلی ہے خانہ ویرانی مجھے — سیل، یہاں کوکِ صدائے آبشارِ نغمہ ہے

(۸) شُعلی خواں ہے بہ ذوقِ تارِ گیسوئے دراز — نالۂ زنجیرِ مجنوں رشتہ دارِ نغمہ ہے

(۹) شوخیِ فریاد سے ہے پردۂ زنبور، گل — کسوتِ ایجادِ بلبل خارخارِ نغمہ ہے

(۱۰) غفلت استعداد ذوق و مدعا غافل اسدؔ — پنبۂ گوشِ حریفاں پود و تارِ نغمہ ہے

['نغمہ' دو بار بہ طور جزو ردیف، ص ۲۱۴]

(۱۱) نشہ ہا شادابِ رنگ و سازہا مستِ طرب — شیشۂ مے، سروِ سبزِ جویبارِ نغمہ ہے

(۱۲) ہم نشیں! مت کہہ کہ برہم کر نہ بزمِ عیشِ دوست — واں تو میرے نالے کو بھی اعتبارِ نغمہ ہے

(۱۳) دور چشمِ بد تری بزمِ طرب سے! واہ واہ! — نغمہ ہو جاتا ہے واں گر نالہ میرا جائے ہے ص۲۲۱

(۱۴) ساقی بہ جلوہ دشمنِ ایمان و آگہی — مطرب بہ نغمہ رہزنِ تمکین و ہوش ہے ص۲۳۰

دیکھیے:— (۱۵) شاخِ گلِ نغمہ۔ (۱۶) صفتِ نغمہ۔ (۱۷) گلِ نغمہ۔ (۱۸) نے و نغمہ۔

نغمہ پیرائی: کیوں نہ طوطیِ طبیعت نغمہ پیرائی کرے — باندھتا ہے رنگِ گل آئینہ تا چاکِ قفس ص۴۵

نغمہ سرا: خامہ میرا، کہ وہ ہے باربدِ بزمِ سخن — شاہ کی مدح میں یوں نغمہ سرا ہوتا ہے ص۲۲۱

نغمہ سنج: (۱) ہوں گرمیِ نشاطِ تصور سے نغمہ سنج — میں عندلیبِ گلشنِ ناآفریدہ ہوں ص۶۱

(۲) آمد بہار کی ہے، جو بلبل ہے نغمہ سنج — اُڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی ص۲۳۳

نغمہ و چنگ: سازشِ صلحِ بتاں میں ہے نہاں جنگیدن — نغمہ و چنگ ہیں جوں تیر و کماں فہمیدن ص۲۵۰

نغمہ ہا: نغمہ ہا وابستۂ یک عقدۂ تارِ نفس — ناخنِ تیغِ بتاں شاید کہ مضرابی کرے ص۱۰۰

(۲) دیکھیے: ہجومِ نغمہ ہائے سازِ عشرت۔

نغمہ ہائے غم: نغمہ ہائے غم کو بھی اے دل غنیمت جانیے — بے صدا ہو جائے گا یہ سازِ ہستی ایک دن ص۱۷۹

نغمۂ بیدل: (۱) مطربِ دل نے مرے تارِ نفس سے غالبؔ — ساز پر رشتہ پئے نغمۂ بیدلؔ باندھا ص۱۳

(۲) آہنگِ اسدؔ میں نہیں جز نغمۂ بیدلؔ "عالم ہمہ افسانۂ ما دارد و ما ہیچ" ص۳۶

(۳) دیکھیے: شوخیِ نغمۂ بیدلؔ۔

نغمۂ بے دلاں: نغمۂ بے دلاں اسدؔ سازِ فسانگی نہیں بسملِ درد خفتہ ہوں، گریے کو ماجرا سمجھ ص۴۳

نغمۂ چنگِ خمیدہ: تسلیم سے یہ نالۂ موزوں ہوا حصول اے بے خبر! میں نغمۂ چنگِ خمیدہ ہوں ص۶۱

نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم: ہرزہ ہے نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم لغو ہے آئینۂ فرقِ جنون و تمکیں ص۱۳۲

نغمۂ شادی: ایک ہنگامے پہ موقوف ہے گھر کی رونق نوحۂ غم ہی سہی، نغمۂ شادی نہ سہی ص۲۰۹

نغمۂ شہرت: دیکھیے: صدائے نغمۂ شہرت۔

نغمۂ مطربانِ زہرہ نوا: نغمۂ مطربانِ زہرہ نوا جلوۂ لولیانِ ماہ جبیں ص۲۸۱

نغمۂ وجود و عدم: ہلاکِ بے خبری نغمۂ وجود و عدم جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد! ص۳۴۷

نغمۂ یا علی مدد: لغزشِ پا کو ہے بلد نغمۂ "یا علی مدد" ٹوٹے گر آئنہ اسدؔ! تجھ کو خوںبہا سمجھ ص۴۳

نفرت[۱]: (۱) اور میں وہ ہوں کہ گر جی میں کبھی غور کروں غیر کیا، خود مجھے نفرت مری اوقات سے ہے ص۱۲۸

(۲) مجھ سے تمھیں نفرت سہی، نیرؔ سے لڑائی بچوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اور ص۱۷۱

(۳) پلادے اوک سے ساقی! جو ہم سے نفرت ہے پیالہ گر نہیں دیتا، نہ دے، شراب تو دے ص۲۲۳

(۴) نفرت کا گماں گزرے ہے، میں رشک سے گزرا کیوں کر کہوں: لو نام نہ اُن کا مرے آگے ص۲۲۹

نفریں[۲]: دیکھیے: دماغِ نفریں۔

نفس[۳]: (۱) اے خوشا! فیضِ ہوائے چمنِ نشوونما بادہ پُرزور و نفس مست و مسیحا بیمار ص۳

(۲) ہے نفس مایۂ شوقِ دوجہاں ریگِ رواں پائے رفتار کم و حسرتِ جولاں بسیار ص۴

(۳) محرمِ دردِ گرفتاریِ ہستی معلوم! ہوں نفس سے، صفتِ نغمہ بہ بندِ رگِ تار ص۶

(۴) بادِ افسانۂ بیمار ہے عیسیٰؔ کا نفس استخواں ریزۂ موراں ہے سلیماںؔ کا نگیں ص۷

(۵) طاؤس در رکاب ہے ہر ذرہ آہ کا یارب! نفس غبار ہے کس جلوہ گاہ کا؟ ص۱۹

---

۱ نفرت : چار بار۔

۲ نفریں : ایک بار [مرکب]۔

۳ نفس : اسّی بار [مفرد: چھبیس بار، مرکب: چوّن بار]۔

نفس گرمی : ایک بار [مرکب]۔

(۶) نفس حیرت پرستِ طرزِ ناگیرائیِ مژگاں — مگر یک دست و دامانِ نگاہِ واپسیں پایا — ص۲۲

(۷) یادِ روزے کہ نفس سلسلۂ یارب تھا — نالۂ دل، بہ کمر دامنِ قطعِ شب تھا — ص۲۳

(۸) نفس در سینہ ہائے ہوگر رہتا ہے پیوستہ — نہیں ہے رشتۂ اُلفت کو اندیشہ گسستن کا — ص۲۷

(۹) تکلف عاقبت بیں ہے، دلا! بند قبا واکر — نفس بعدازوصالِ دوست تاواں ہے گسستن کا — ص۲۷

(۱۰) بس کہ مائل ہے وہ رشکِ ماہ تاب آئینے پر — ہے نفس تارِ شعاعِ آفتاب آئینے پر — ص۳۹

(۱۱) پیش از نفس بتاں کے کرم نے وفا نہ کی — تھا محملِ نگاہ بہ دوشِ شرار، حیف! — ص۴۹

(۱۲) نفس ہو نہ معزولِ شعلہ دُرودن — کہ ضبطِ تپش سے شرر کار ہیں ہم — ص۵۵

(۱۳) چشمِ پرواز و نفس خفتہ، مگر ضعفِ اُمید — شہپرِ کاہ پئے مژدہ رسائی مانگے — ص۷۸

(۱۴) آئینہ نفس سے بھی ہوتا ہے کدورت کش — عاشق کو غبارِ دل اک وجہِ صفائی ہے — ص۸۰

(۱۵) نہیں ہے مُردنِ صاحب دلاں، بجز کسبِ جمعیت — سویدا میں نفس، مانندِ خط نقطے میں، پنہاں ہے — ص۸۱

(۱۶) تماشا ہے کہ ناموسِ وفا رُسوائے آئیں ہے — نفس تیری گلی میں خوں ہوااور بازار رنگیں ہے — ص۸۹

(۱۷) نفس بہ نالہ رقیب و نگہ بہ اشک عدو — زیادہ اُس سے گرفتار ہوں کہ تو جانے — ص۹۸

(۱۸) نفس بہ نالہ رقیب و نگہ، بہ اشک عدو — زیادہ اُس سے گرفتار ہوں کہ تو جانے — ص۹۸

(۱۹) دلِ آگاہ تسکیں خیز بیدردی نہ ہو یارب! — نفس آئینہ دارِ آہ و بے تاثیر بہتر ہے — ص۱۰۸

(۲۰) تاچند نفس غفلتِ ہستی سے برآوے — قاصد تپشِ نالہ ہے، یارب خبر آوے! — ص۱۱۳

(۲۱) جفا شوخ و ہوس گستاخ مطلب ہے، مگر عاشق — نفس در قالبِ خشتِ لحد دُزدیدنی جانے — ص۱۱۵

(۲۲) ہو جہاں گرمِ غزل خوانی نفس — لوگ جانیں طبلۂ عنبر کھلا — ص۱۳۰

(۲۳) دل، گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر ہی سہی — گر نفس جادۂ سر منزلِ تقویٰ نہ ہوا — ص۱۳۳

(۲۴) یہاں نفس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بے خودی — جلوۂ گل، وہاں بساطِ صحبتِ احباب تھا — ص۱۳۵

(۲۵) وہی اک بات ہے جو یہاں نفس، وہاں نکہتِ گل ہے — چمن کا جلوہ باعث ہے مری رنگیں نوائی کا — ص۱۳۶

(۲۶) نفس، موجِ محیطِ بے خودی ہے	تغافل ہائے ساقی کا گِلا کیا!	ص ۱۵۷
(۲۷) نفس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ	اگر شراب نہیں، انتظارِ ساغر کھینچ	ص ۱۶۵
(۲۸) ہے تنگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو	ہے عارِ دل، نفس اگر آذر فشاں نہیں	ص ۱۸۸
(۲۹) پھر گرمِ نالہ ہائے شرر بار ہے نفس	مدت ہوئی ہے سیرِ چراغاں کیے ہوئے	ص ۲۲۵
(۳۰) جی جلے ذوقِ فنا کی ناتمامی پر نہ کیوں	ہم نہیں جلتے، نفس ہر چند آتش بار ہے	ص ۲۱۲
(۳۱) فزوں ہوتا ہے ہردم جوشِ خوں باری، تماشا ہے	نفس کرتا ہے رگ ہائے مژہ پر کام نشتر کا	ص ۳۳۳
(۳۲) اسدؔ افسردگی آوارۂ کفر و دیں ہے	یاد روزے کہ نفس در گروِ یارب تھا	ص ۳۳۳
(۳۳) منقار سے رکھتا ہوں بہم چاکِ قفس کو	تا گل ز جگر زخم میں ہے راہ نفس کو	ص ۳۵۰

دیکھیے ـــــ: (۳۴) آمد و رفتِ نفس۔ (۳۵) افسردۂ دُزدیدہ نفس۔ (۳۶) اک نفس۔ (۳۷) بقدرِ نفس۔ (۳۸) بقدرِ یک نفس۔ (۳۹) بیش از یک نفس۔ (۴۰-۴۴) تارِ نفس [پانچ بار]۔ (۴۵) تدبیرِ پیچ وتابِ نفس۔ (۴۶) چمن آرے نفس۔ (۴۷) حیرت نفس۔ (۴۸) رنگِ یک نفس۔ (۴۹) شوخیِ بالِ نفس۔ (۵۰) دلِ خونیں نفس۔ (۵۱) سرِ تارِ نفس۔ (۵۲) سیرِ گریبانِ نفس۔ (۵۳) مُغنّیِ آتش نفس۔ (۵۴) موجِ نفس۔ (۵۵) وابستۂ یک عقدۂ تارِ نفس۔ (۵۶) ہر نفس۔ (۵۷) ہر یک نفس۔ (۵۸) ہمہ یک نفس۔ (۵۹) یک تارِ نفس۔ (۶۰)، (۶۱) یک نفس [دوبار]۔

نفسِ آرمیدہ: دیکھیے: یک نفسِ آرمیدہ۔

نفسِ آشنا: دیکھیے: نوازشِ نفسِ آشنا۔

نفسِ اہلِ وفا: کس نے دیکھا نفسِ اہلِ وفا آتش خیز؟	کس نے پایا اثرِ نالۂ دل ہائے حزیں؟	ص ۳۳

نفسِ بادِ سحر: ہاں اے نفسِ بادِ سحر! شعلہ فشاں ہو	اے دجلۂ خوں! چشمِ ملائک سے رواں ہو	ص ۲۸۳

نفسِ بادِ صبا: فیضِ خُلق اُس کا ہی شامل ہے کہ ہوتا ہے سدا	بوئے گل سے نفسِ بادِ صبا عطر آگیں	ص ۳۳

نفسِ بے اثر: بھلا اُسے نہ سہی، کچھ مجھی کو رحم آتا	اثر مرے نفسِ بے اثر میں خاک نہیں	ص ۱۸۳

نفس پرور: قطرۂ مے بس کہ حیرت سے نفس پرور ہوا	خطِ جامِ مے سراسر رشتۂ گوہر ہوا	ص ۱۵۱

نفس پروردہ: ہے نفس پروردہ گلشن کس ہوائے بام کا؟	طوقِ قمری میں ہے سروِ باغ، ریحانِ سفال	ص ۵۲

نفسِ پیچیدنِ فکر: تنگی ہے، بر نفسِ پیچیدنِ فکر اے اسدؔ / وا شگفتن ہائے دل در رہنِ مضموں ہے مجھے ص۱۰۰

نفسِ جاں گداز: صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا، وگرنہ میں / طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا ص۱۵۵

نفسِ چند: (۱) زندگانی نہیں بیش از نفسِ چند اسدؔ / غفلت آرائیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح ص۳۶

(۲) زندگی کے ہوئے ناگہ نفسِ چند تمام / کوچۂ یار جو مجھ سے قدمِ چند رہا ص۳۳۶

نفسِ دزدیدن: (۱) بس کہ شرمندۂ بوئے خوشِ گل رویاں ہے / نکہتِ گل کو ہے غنچے میں نفسِ دزدیدن ص۲۵۰

(۲) فغان و آہ سے حاصل بجز دردِ سرِ یاراں / خوشا اے غفلت آگاہاں! نفس دزدیدن و مردن ص۳۳۹

نفسِ دزدیدہ: بس کہ مے پیتے ہیں اربابِ فنا پوشیدہ / خطِ پیمانۂ مے ہے نفسِ دزدیدہ ص۱۷

نفس دزدیدہ: دیکھیے: عزادارِ شہیدانِ نفس دزدیدہ۔

نفسِ سوختہ: (۱) باغِ خاموشیِ دل سے سخنِ عشق اسدؔ / نفسِ سوختۂ رمزِ چمن ایمائی ہے ص۱۰۳

(۲) دیکھیے: عرضِ تپاکِ نفسِ سوختہ۔

نفسِ شعلہ بار: دیکھیے: ناتمامیِ نفسِ شعلہ بار۔

نفسِ صدق گزیں: دلِ الفت نسب و سینۂ توحید فضا / نگہِ جلوہ پرست و نفسِ صدق گزیں ص۱۳۵

نفسِ عطر سائے گل: ایجاد کرتی ہے اسے تیرے لیے بہار / میرا رقیب ہے نفسِ عطر سائے گل ص۱۷۶

نفسِ قیس: نفسِ قیس کہ ہے چشم و چراغِ صحرا / گر نہیں شمعِ سیہ خانۂ لیلیٰ، نہ سہی ص۲۰۹

نفسِ گرمیِ احباب: افسردۂ تمکیں ہے نفسِ گرمیِ احباب / پھر شیشے سے عطرِ شررِ سنگ نکالوں ص۶۱

نفسِ لیل و نہار: گرد رہ اُس کی بھریں شیشۂ ساعت میں اگر / ہر نفس راہ میں ٹوٹے نفسِ لیل و نہار ص۵

نفسِ نارسا: دیکھیے: خجلت گدازیِ نفسِ نارسا۔

نفسِ ناکشیدہ: دیکھیے: یک داغِ حسرتِ نفسِ ناکشیدہ۔

نفع[ا]: دیکھیے: چشمِ حصولِ نفع۔

نفعِ عبادت: لافِ دانش غلط و نفعِ عبادت معلوم! / دُردِ یک ساغرِ غفلت ہے چہ دُنیا و چہ دیں ص۱۳۲

ا نفع : دوبار [مرتب]۔

نفی[1]: نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش گویا | دی ہے جائے دہن اُس کو دمِ ایجاد: نہیں | ص۱۸۶

نقاب[2]: (۱) مُنہ نہ کُھلنے پر ہے وہ عالم کہ دیکھا ہی نہیں | زلف سے بڑھ کر نقاب اُس شوخ کے مُنہ پر کُھلا | ص۱۶۱

(۲)، (۳) ہے تیوری چڑھی ہوئی اندر نقاب کے | ہے اک شکن پڑی ہوئی طرفِ نقاب میں | ص۱۸۹

(۴) آرایشِ جمال سے فارغ نہیں ہنوز | پیشِ نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں | ص۱۸۹

(۵) اُبھرا ہوا نقاب میں ہے اُن کے ایک تار | مرتا ہوں میں کہ یہ نہ کسی کی نگاہ ہو | ص۱۹۶

(۶) نظارہ کیا حریف ہو اُس برقِ حُسن کا؟ | جوشِ بہار جلوے کو جس کے نقاب ہے | ص۲۰۶

(۷) بے پردہ سوئے وادیِ مجنوں گزر نہ کر | ہر ذرّے کے نقاب میں دل بے قرار ہے | ص۲۱۷

(۸) نظارے نے بھی کام کیا وھاں نقاب کا | مستی سے ہر نگہ ترے رُخ پر بکھر گئی | ص۱۳۳

(۹) نہاں کیفیتِ مے میں ہے سامانِ حجاب اُس کا | بنا ہے پنبۂ مینا سے ساقی نے نقاب اُس کا | ص۳۲۷

دیکھیے: (۱۰) آئینہ پردازِ نقاب۔ (۱۱) طرفِ نقاب۔

نقابِ جلوۂ جانانہ: عاشق نقابِ جلوۂ جانانہ چاہیے | فانوسِ شمع کو پرِ پروانہ چاہیے | ص۸۲

نقابِ حُسن: دیکھیے: بندِ نقابِ حُسن۔

نقابِ خاک: شرمِ رُسوائی سے جا چھپنا نقابِ خاک میں | ختم ہے اُلفت کی تجھ پر پردہ داری، ہائے ہائے! | ص۲۰۳

نقابِ مہِ نو: دیکھیے: طرفِ نقابِ مہِ نو۔

نقابِ یار: نقابِ یار ہے غفلت نگاہیِ اہلِ بینش کی | مژہ پوشیدنی ہا پردۂ تصویرِ عریاں ہے | ص۸۱

(۲) کہاں ہے دیدۂ روشن کہ دیکھے بے حجابانہ | نقابِ یار ہے از پردہ ہائے چشمِ نابینا | ص۳۲۷

(۳) دیکھیے: بندِ نقابِ یار۔

نقاب[3]: تھی نگہ میری نہاں خانۂ دل کی نقاب | بے خطر جیتے ہیں اربابِ ریا میرے بعد | ص۳۸

نقاشِ[4] یک تمثالِ شیریں: کوہ کن نقاشِ یک تمثالِ شیریں تھا اسدؔ | سنگ سے سر مار کر، ہووے نہ پیدا آشنا | ص۱۳۹

---

۱ نفی : ایک بار۔
۲ نقاب : اٹھارہ بار [مفرد: نو بار، مرکب: نو بار]۔
۳ نقاب : ایک بار۔
۴ نقاش : ایک بار [مرکب]۔

نقب زن: ناخنِ دخلِ عزیزاں یکقلم ہے نقب زن پاسبانِ طلسمِ گنجِ تنہائی عبث ص ۳۴

نقبِ شعور: دیکھیے: کیس گرِ نقبِ شعور۔

نقد[1]: (۱) چارسوئے عشق میں صاحب دُکانی مفت ہے نقد ہے داغِ دل اور آتشِ زبانی مفت ہے ص ۱۱۴

(۲) اُس قدح کا ہے دور مجھ کو نقد چرخ نے لی ہے جس سے گردشِ وام ص ۳۷

(۳) دل و دیں نقد لا، ساقی سے گر سودا کیا چاہیے کہ اِس بازار میں ساغر متاعِ دستگرداں ہے ص ۲۱۰

نقدِ انجم: نقدِ انجم تا بہ کے از شیشہ بیروں ریختن؟ یعنی اے پیرِ فلک! شامِ جوانی مفت ہے ص ۱۱۴

نقدِ اندیشہ: دیکھیے: غفلت نقدِ اندیشہ۔

نقدِ داغِ دل: جو نہ نقدِ داغِ دل کی کرے شعلہ پاسبانی تو فسردگی نہاں ہے بہ کمینِ بے زبانی ص ۲۰۷

نقدِ دامِ تمنائے جلوہ: پرواز نقدِ دامِ تمنائے جلوہ تھا طاؤس نے اک آئنہ خانہ رکھا گرو ص ۴۹

نقدِ دو عالم: دیکھیے: نسیہ و نقدِ دو عالم۔

نقدِ سخن: نقدِ سخن کے واسطے ایک: عیارِ آگہی شعر کے فن کے واسطے مایۂ اعتبار: ایک ص ۲۹۶

نقدِ عشرت: نقشِ عبرت در نظر یا نقدِ عشرت در بساط دو جہاں وسعت بقدرِ یک فضائے خندہ ہے ص ۸۷

نقدِ صد دل: دو جہاں: گردشِ یک سجۂ اسرار نیاز نقدِ صد دل بہ گریبانِ سحر پنہاں ہے ص ۱۰۹

نقش[2]: (۱) سر خطِ بند ہوا نامہ گنہ گاروں کا خونِ ہدہد سے لکھا نقش گرفتاروں کا ص ۲۸

(۲) جوشِ گل کرتا ہے استقبالِ تحریرِ اسدؔ زیرِ مشقِ شعر ہے نقش از پئی احضارِ باغ ص ۴۸

(۳) زبس ہر شمع یہاں آئینۂ حیرت پرستی ہے کرے ہیں غنچۂ منقار طوطی نقش گلگیریں ص ۹۳

(۴) جلوہ نہیں ہے درد سر، آئنہ صندلی نہ کر عکس کجا و کو نظر، نقش کو مدعا سمجھ ص ۴۳

(۵) نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا؟ کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا ص ۱۳۲

(۶) نقش کو اُس کے، مصوّر پر بھی کیا کیا ناز ہیں! کھینچتا ہے جس قدر، اُتنا ہی کھنچتا جائے ہے ص ۲۲۲

(۷) گیا جو نامہ بر، وہاں سے بہ رنگِ باختہ آیا خطوط روئے قالیں نقش ہے پشتِ کبوتر کا ص ۳۳۳

---

[1] نقد : گیارہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: آٹھ بار]۔

[2] نقش : چھیاسی بار [مفرد: سات بار، مرکب: اناسی بار]۔

(۸) دیکھیے: صد رنگ نقش۔

نقشِ احضارِ چمن: تیری آرائش کا استقبال کرتی ہے بہار جوہر آئینہ ہے یہاں نقشِ احضارِ چمن ص ۵۹

نقشِ برآب: (۱) اسدؔ! ہر اشک ہے یہاں حلقہ بر زنجیر افزودن بہ بندِ گریہ ہے نقشِ برآب امیدِ رستن ہا ص ۲۳

(۲) ہر اشکِ چشم سے یک حلقۂ زنجیر بڑھتا ہے بہ بندِ گریہ ہے نقشِ برآب اندیشہ رستن کا ص ۲۷

(۳) ممکن نہیں کہ ہو دلِ خوباں میں کارگر تاثیرِ جُستنِ اشک سے نقشِ برآب ہے ص ۲۵۲

نقشِ بندِ آئنہ: مگر ہو مانعِ دامن کشی ذوقِ خود آرائی ہوا ہے نقشِ بندِ آئنہ سنگِ مزار اپنا ص ۱۵

نقشِ بندی ہائے دہر: دیکھیے: بہار نقش بندی ہائے دہر۔

نقشِ بوریا: شب نظارہ پرور تھا خواب میں خرام اس کا صبح موجۂ گل کو نقشِ بوریا پایا ص ۳

نقشِ پا: (۱) جلوہ رفتار سر جادۂ شرعِ تسلیم نقشِ پا جس کا ہے توحید کو معراجِ جبیں ص ۸

(۲) ہوسِ فروختن ہا، تب و تابِ سوختن ہا سرِ شمعِ نقشِ پا ہے بہ سپاسِ ناتوانی ص ۱۰

(۳) ظاہرا سر پنجۂ اُفتادگاں گیرا نہیں ورنہ کیا حسرت کشِ دامن یہ نقشِ پا نہیں ص ۶۵

(۴) داد از دستِ جفائے صدمۂ ضربِ المثل! گر ہمہ اُفتادگی جوں نقشِ پا ہوجایئے ص ۸۸

(۵) درسِ خرام تا کے خمیازۂ روانی؟ اس موجِ مے کو غافل! پیمانہ نقشِ پا ہے ص ۹۳

(۶) نقشِ پا کی صورتیں وہ دل فریب تو کہے، بت خانۂ آزر کھلا ص ۱۳۹

(۷) یکقلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت نقشِ پا میں ہے تبِ گرمیِ رفتار ہنوز ص ۱۷۳

(۸) آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب ہے نقشِ پا جو کان میں رکھتا ہے اُنگلی جادہ سے ص ۲۱۷

دیکھیے ــــــ: (۹) آغوشِ نقشِ پا۔ (۱۰) ایک نقشِ پا۔ (۱۱) حیرتِ نقشِ پا۔ (۱۲) دل فریبیِ اندازِ نقشِ پا۔ (۱۳) زنجیرِ نقشِ پا۔ (۱۴) گردِ شاخِ گلِ نقشِ پا۔

نقشِ پائے جستجو: گرمیِ شوقِ طلب ہے عین تا پاکِ وصال غافلاں! آئینہ داں ہے نقشِ پائے جستجو ص ۶۹

نقشِ پائے خضر: حیرتِ اندازِ رہبر ہے عناں گیر اے اسدؔ! نقشِ پائے خضر یہاں سدِّ سکندر ہوگیا ص ۳۰

نقشِ پائے مور: (۱) وقت اُس اُفتادہ کا خوش جو قناعت سے اسدؔ! نقشِ پائے مور کو تختِ سلیمانی کرے ص ۸۲

(۲) جس جگہ ہو مسند آرا جانشینِ مصطفیٰ اُس جگہ تختِ سلیماں نقشِ پاے مور ہے ص ۹۳

نقشِ پَیِ مور: ضعف سے نقشِ پَیِ مور ہے طوقِ گردن تیرے کوچے سے کہاں طاقتِ رم ہے ہم کو ص ۱۹۵

نقشِ پَیِ ناقۂ سلمیٰ: کیوں اسے حلقۂ پیراہنِ لیلیٰ لکھیے کیوں اسے نقشِ پَیِ ناقۂ سلمیٰ کہیے ص ۱۲۲

نقشِ تمکیں: کس قدر فکر کو ہے نالِ قلم موے دماغ کہ ہوا خوں نگہِ شوق میں نقشِ تمکیں ص ۸

نقشِ تمنا: گر صفحے کو نہ دیجیے پردازِ سادگی جُز خطِ عجز نقشِ تمنا نہ کھینچیے ص ۱۰۶

نقشِ حیرت: خیالِ سادگی ہاے تصور نقشِ حیرت ہے پرِ عنقا پہ رنگِ رفتہ سے کھینچی ہیں تصویریں ص ۶۳

نقشِ خود آرائی: درونِ جوہرِ آئینہ جوں برگِ حنا خوں ہے بتاں! نقشِ خود آرائی حیا تحریر بہتر ہے ص ۱۰۸

نقشِ خود بینی: چشم بندِ خلق غیر از نقشِ خود بینی نہیں آئنہ ہے قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست ص ۳۳

نقشِ خود کامی: دیکھیے: شست وشوے نقشِ خود کامی۔

نقشِ خیال: دیکھیے: حیرت کدۂ نقشِ خیال۔

نقشِ خیالِ یار: دیکھیے: پرتوِ نقشِ خیالِ یار۔

نقشِ داغ: دیکھیے: ریزشِ نقشِ داغ۔

نقشِ دلِ مور: نہ بندھا تھا بہ عدم نقشِ دلِ مور ہنوز تب سے ہے یہاں دہنِ یار کا مذکور ہنوز ص ۳۵

نقشِ رنگِ رفتہ: گر دکھاؤں صفحۂ بے نقشِ رنگِ رفتہ کو دستِ رو سطرِ تبسم یکقلم انشا کرے ص ۱۰۱

وا شگفتن ہائے دل: غنچگی ہے، بر نفسِ پیچیدنِ فکر اے اسدؔ! واشگفتن ہائے دل در رہنِ مضموں ہے مجھے ص۱۰۰

وا کشادہ: دیکھیے: چشمِ واکشادہ۔

وا گردیدہ: دیکھیے: چشمِ واگردیدہ۔

وا گستردنی: دیکھیے: منفعتِ واگستردنی۔

وا گسستہ: دیکھیے: زنّارِ واگسستہ۔

وابستہ[۱]: دیکھیے:(۱) خاطرِ وابستہ۔(۲)،(۳)،(۴) دلِ وابستہ۔(۵) کشادِ خاطرِ وابستہ۔

وابستۂ تن: دیکھ کر در پردہ گرمِ دامن افشانی مجھے کر گئی وابستۂ تن میری عریانی مجھے ص۲۳۲

وابستۂ یک عقدۂ تارِ نفس: نغمہ ہا وابستۂ یک عقدۂ تارِ نفس ناخنِ تیغِ بتاں شاید کہ مضرابی کرے ص۱۰۰

واپسیں[۲]: دیکھیے:(۱) دمِ واپسیں۔(۲) یک دست و دامانِ نگاہِ واپسیں۔

واجب[۳](۱):(۱) کس سے ممکن ہے تری مدح، بغیر از واجب شعلۂ شمع مگر شمع پہ باندھے آئیں ص۱۳۵

واجب[۴](۲): صحبتِ رنداں سے واجب ہے حذر جائے مے، اپنے کو کھینچا چاہیے ص۲۲۲

واحسرتا![۵]: واحسرتا کہ یار نے کھینچا ستم سے ہاتھ ہم کو حریصِ لذتِ آزار دیکھ کر ص۱۶۹

وادی[۶]: دیکھیے: ریگِ تفتۂ وادی۔

وادیِ پُرخار: (۱) کانٹوں کی زباں سوکھ گئی پیاس سے، یارب! اک آبلہ پا وادیِ پُرخار میں آوے ص۲۳۳

(۲) دیکھیے: سیرِ وادیِ پُرخار۔

وادیِ جوہرِ غبار: کس کا جنونِ دید تمنا شکار تھا ؟ آئینہ خانہ: وادیِ جوہر غبار تھا ص۱۷

وادیِ حسرت: جب کہ نقشِ مدعا ہووے نہ جز موجِ سراب وادیِ حسرت میں پھر آشفتہ جولانی عبث ص۳۳

وادیِ خیال: مستانہ طے کروں ہوں رہِ وادیِ خیال تا بازگشت سے نہ رہے مدعا مجھے ص۲۰۶

وادیِ طلب: میں وادیِ طلب میں ہوا جملہ تن عرق از بس کہ صرفِ قطرہ زنی تھا بسانِ اشک ص۵۰

وادیِ مجنوں: بے پردہ سوئے وادیِ مجنوں گزر نہ کر ہر ذرّے کے نقاب میں دل بے قرار ہے ص۲۱۷

وارستگاں: (۱) اسدؔ! وارستگاں باوصفِ ساماں بے تعلق ہیں صنوبر گلستاں میں بادلِ آزادہ آتا ہے ص۹۸

(۲) سبب، وارستگاں کو تنگ ہمت ہے، خداوندا! اثر شرمے سے اور لب ہائے عاشق سے صدا گم ہو ص۶۸

وارستگی[۷]: (۱) ضبط سے مطلب بجز وارستگی، دیگر نہیں دامنِ تمثالِ آبِ آئنہ سے تر نہیں ص۲۶

(۲) وارستگی بہانۂ بیگانگی نہیں اپنے سے کر، نہ غیر سے، وحشت ہی کیوں نہ ہو ص۱۹۳

۱۔ وابستہ : سات بار [مرکّب]۔
۲۔ واپسیں : دوبار [مرکّب]۔
۳۔ واجب (۱) : ایک بار۔ ۴۔ واجب (۲) : ایک بار۔
۵۔ واحسرتا : ایک بار۔
۶۔ وادی : آٹھ بار [مرکّب]۔
۷۔ وارستگی : چھے بار [مفرد: دوبار، مرکّب: چار بار]۔

دیکھیے ـــــ:(۳) تُہمتِ وارستگی۔ (۴) جنونِ رسوائے وارستگی۔ (۵)، (۶) دعویِ وارستگی [دوبار]۔

وارستہ[1]: وارستہ اِس سے ہیں کہ محبّت کیوں نہ ہو   کیجے ہمارے ساتھ، عداوت ہی کیوں نہ ہو   ص۱۹۳

وارستۂ ہرمذہب: (۱) آخِر کار گرفتارِ سرِ زلف ہوا   دلِ دیوانہ کہ وارستۂ ہر مذہب تھا   ص۲۳

(۲) دیکھیے: دلِ وارستۂ ہفتاد و دو ملّت بیزار۔

وارفتہ[2]: آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں یکسر   بس کہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گل و صبح   ص۳۶

وارث[3]: ملک کے وارث کو دیکھا خلق نے اب   فریبِ طُغرل و سنجر کُھلا   ص۱۴۰

وارثِ آدم: چاہے گر جنّت، جُز آدم وارثِ آدم نہیں   شوخیِ ایمانِ زاہد، سُستیِ تدبیر ہے   ص۹۵

وارثِ گنج و تخت و افسر: اِس خداوندِ بندہ پرور کو   وارثِ گنج و تخت و افسر کو   ص۱۳۱

وارثِ مُلک: وارثِ مُلک جانتے ہیں تجھے   ایرج و تور و خسرو و بہرام   ص۱۳۷

واژگوں[6]: دیکھیے ـــــ:(۱) جامِ واژگوں۔ (۲) نعلِ واژگوں۔

واژوں[7]: دیکھیے ـــــ:(۱)، (۲) نعلِ واژوں [دوبار]۔

واسطہ[8]: نے سبحہ سے علاقہ، نہ ساغر سے واسطہ   میں معرضِ مثال میں دستِ بریدہ ہوں   ص۲۹۹

واشُد[9]: طبع کی واشُد نے رنگِ یک گلستاں گُل کیا   یہ دلِ وابستہ گویا بیضۂ طاؤس تھا   ص۲۱

واشُدِ گُل: نقشۂ رنگ سے ہے واشُدِ گُل مست کب   بندِ قبا باندھتے ہیں   ص۱۸۱

واصل خاں[10]: سلیم خاں کہ وہ ہے نورِ چشمِ واصل خاں   حکیم حاذق و دانا ہے وہ لطیف کلام   ص۲۹۳

واعظ[11]: (۱) غالبؔ! بُرا نہ مان جو واعظ بُرا کہے   ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے   ص۲۱۸

(۲) جلاد سے ڈرتے ہیں نہ واعظ سے جھگڑتے   ہم سمجھے ہوئے ہیں اُسے جس بھیس میں جو آئے   ص۲۲۹

۱ـ وارستہ : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: دوبار]۔
وارستگاں : دوبار۔
۲ـ وارفتہ : ایک بار [مرکّب]۔
۳ـ وارث : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکّب: تین بار]۔
۶ـ واژگوں : دوبار [مرکّب]۔
۷ـ واژوں : دوبار [مرکّب]۔
۸ـ واسطہ : ایک بار۔
۹ـ واشُد : دوبار [مرکّب: ایک بار]۔
۱۰ـ واصل خاں : ایک بار۔
۱۱ـ واعظ : پانچ بار۔

(۳) واعظ! نہ تم پیو نہ کسی کو پلا سکو کیا بات ہے تمھاری شرابِ طہور کی! ص ۲۲۳

(۴) کہاں مے خانے کا دروازہ غالبؔ اور کہاں واعظ! پر اِتنا جانتے ہیں، کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے ص ۲۵۰

(۵) کوئی دُنیا میں مگر باغ نہیں ہے واعظ! خلد بھی باغ ہے، خیر، آب و ہوا اور سہی ص ۳۱۱

واقف[۱]: ضمانِ جادہ رو یا بدن ہے خطِ جامِ مے نوشاں وگرنہ منزلِ حیرت سے کیا واقف ہیں مدہوشاں ص ۲۲۹

واقعہ[۲]: تاب لائے ہی بنے گی غالبؔ! واقعہ سخت ہے اور جان عزیز ص ۱۷۳

واقعی[۳]: دل پر بھلا لگتا تھا داغ زخم لیکن داغ سے بہتر کُھلا ص ۱۳۰

(۲) منظور ہے گزارشِ احوالِ واقعی اپنا بیانِ حُسنِ طبیعت نہیں مجھے ص ۱۲۳

والا[۴]: دیکھیے:(۱) حضور والا۔ (۲) شہِ والا۔ (۳) نامِ والاے علی۔

والا جاہ: دیکھیے: ایلن برونِ والا جاہ۔

وَالسّلام[۵]: (۱) پایا قادرنامے نے آج اختتام اک غزل تم اور پڑھ لو، وَالسّلام ص ۲۷۵

(۲) خدا کے بعد نبی اور نبی کے بعد امام یہی ہے مذہبِ حق، وَالسّلام والاکرام ص ۲۹۷

واللہ[۶]: (۱) فریاد اسدؔ! بے نگہی ہاے بتاں سے سچ کہتے ہیں واللہ! کہ اللہ غنی ہے ص ۱۱۱

(۲) واللہ! کہ شب کو نیند آتی ہی نہیں سونا، سوگند ہوگیا ہے غالبؔ! ص ۲۵۳

والیِ[۷] ولایتِ عہد: وہ کہ ہے والیِ ولایتِ عہد عدل سے اُس کے ہے حمایتِ عہد ص ۳۱

وام[۸]: (۱) نگاہِ چشمِ حاسد وام لے اے ذوقِ خود بینی! تماشائی ہوں وحدت خانۂ آئینۂ دل کا ص ۱۷

(۲) بہرِ جاں پروردنِ یعقوب، بالِ خاک سے وام لیتی ہے پرِ پرواز، پیراہن کی بو ص ۶۹

(۳) اُس قدح کا ہے دَور مجھ کو نقد چرخ نے جس سے لی ہے گردشِ وام ص ۱۳۷

(۴) لوں وام بختِ خفتہ سے یک خوابِ خوش، ولے غالبؔ یہ خوف ہے کہ کہاں سے ادا کروں ص ۱۷۷

(۵) وکٹوریا کا دہر میں جو مدح خواں ہو شاہانِ عصر، چاہیے لیں عزّت اُس سے وام ص ۲۸۳

ا۔ واقف : ایک بار۔
۲۔ واقعہ : ایک بار۔
۳۔ واقعی : دو بار [مرکّب: ایک بار]۔
۴۔ والا : چار بار [مرکّب]۔
۵۔ وَالسّلام : دو بار۔
۶۔ واللہ : دو بار۔
۷۔ والی : ایک بار [مرکّب]۔
۸۔ وام : پانچ بار۔

واماندگانِ دید: عزلت گزینِ بزم ہیں واماندگانِ دید مینائے مے ہے آبلہ پائے نگاہ کا ص۱۹

واماندگی[۲]: (۱) سراسر تاختن کو شش جہت، یک عرصہ جولاں تھا ہوا واماندگی سے رہرواں کی فرق منزل کا ص۱۸

(۲) واماندگی، بہانہ و دل بستگی، فریب دردِ طلب بہ آبلۂ پا نہ کھینچیے ص۱۰۶

(۳) رنج رہ کیوں کھینچیے، واماندگی کو عشق ہے! اُٹھ نہیں سکتا، ہمارا جو قدم منزل میں ہے ص۲۳۱

دیکھیے:— (۴) باعثِ واماندگی۔ (۵) عذرِ واماندگی۔ (۶) عروجِ نشۂ واماندگی۔ (۷) گلِ باغِ واماندگی۔ (۸) مشاطۂ واماندگی۔

واماندگیِ شوق: (۱) سبحہ واماندگیِ شوق و تماشا منظور جادے پر زیورِ صد آئنہ منزل باندھا ص۱۳

(۲) دیر و حرم: آئینۂ تکرارِ تمنا واماندگیِ شوق تراشے ہے پناہیں ص۵۹

واماندگیِ وحشت: وحشتِ نالہ بہ واماندگیِ وحشت ہے جرسِ قافلہ یہاں دل ہے گراں باروں کا ص۴۸

واماندگیاں: اہلِ تدبیر کی واماندگیاں! آبلوں پر بھی حنا باندھتے ہیں ص۱۸۱

واماندہ[۳]: دیکھیے: دلِ واماندہ۔

واماندہ شدن: ہے تنگ ز واماندہ شدن حوصلۂ پا جو اشک گرا خاک میں، ہے آبلۂ پا ص۲۹

واماندۂ ذوقِ طربِ وصل: واماندۂ ذوقِ طربِ وصل نہیں ہوں اے حسرتِ بسیار! تمنا کی کمی ہے ص۱۰۶

واویلا[۴]: دیکھیے: پیش از مرگ واویلا۔

واہ[۵]: (۱) سات جلدوں کا پارسل پہنچا واہ! کیا خوب برمحل پہنچا ص۲۹۳

(۲) یاد آیا جو وہ کہنا کہ نہیں، واہ! غلط کی تصور نے بہ صحرائے ہوس راہ غلط ص۲۹۳

واہ بے لڑکے: واہ بے لڑکے پڑھی اچھی غزل شوق ابھی سے ہے تجھے اشعار کا ص۲۷۵

واہ واہ[۶]: (۱) وہ میوہ ہائے تازۂ شیریں کہ واہ! واہ! وہ بادہ ہائے ناب گوارا کہ ہائے ہائے! [قادرنامہ]

(۲) داد دیتا ہے مرے زخمِ جگر کی، واہ واہ! یاد کرتا ہے مجھے، دیکھے ہے وہ جس جا نمک ص۱۷۵

۱۔ واماندگاں : ایک بار [مرکب]۔
۲۔ واماندگی : گیارہ بار [مفرد: تین بار، مرکب: آٹھ بار]۔
واماندگیاں : ایک بار۔
۳۔ واماندہ : تین بار [مرکب]۔
۴۔ واویلا : ایک بار۔
۵۔ واہ : دو بار۔
واہ بے : ایک بار۔
۶۔ واہ واہ : چار بار۔

(۳) دور چشمِ بد تری بزمِ طرب سے، واہ واہ! نغمہ ہوجاتا ہے، وھاں گر نالہ میرا جائے ہے ص۲۲۱

(۴) ہاں نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری واہ واہ! پھر ہوا ہے تازہ سودائے غزل خوانی مجھے ص۲۳۲

وائے[۱]: وائے دیوانگیِ شوق! کہ ہر دم مجھ کو آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا ص۱۵۰

(۲) وائے! گر میرا ترا انصاف محشر میں نہ ہو اب تلک تو یہ توقع ہے کہ وھاں ہوجائے گا ص۱۵۱

(۳) صاف دُردی کشِ پیمانۂ جم ہیں ہم لوگ وائے وہ بادہ! کہ افشردۂ انگور نہیں ص۱۸۶

(۴) وائے! محرومیِ تسلیم و بدا! حالِ وفا جانتا ہے کہ ہمیں طاقتِ فریاد نہیں ص۱۸۶

(۵) مرتے مرتے دیکھنے کی آرزو رہ جائے گی وائے ناکامی! کہ اُس کافر کا خنجر تیز ہے ص۲۱۳

(۶) چمنِ دہر میں ہوں سبزۂ بیگانہ اسدؔ! وائے! اے بے خودی و تہمتِ آرامیدن ص۲۵۰

(۷) شعر کی فکر کو اسدؔ! چاہیے ہے دل و دماغ وائے! کہ یہ فسردہ دل بے دل و بے دماغ ہے ص۱۱۶

(۸) قتل کا میرے کیا ہے عہد تو بارے وائے! اگر عہد اُستوار نہیں ہے ص۲۰۸

(۹) وائے! وھاں بھی شورِ محشر نے نہ دم لینے دیا لے گیا تھا گور میں ذوقِ تن آسانی مجھے ص۲۳۲

[نیز دیکھیے: اے وائے]۔

وبال[۲]: فکرِ دُنیا میں سر کھپاتا ہوں میں کہاں اور یہ وبال کہاں! ص۱۸۳

وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ: ضعف سے ہے، نے قناعت سے، یہ ترکِ جستجو ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم ص۱۷۷

وبالِ دوش: شوریدگی کے ہاتھ سے ہے سر وبالِ دوش صحرا میں اے خدا کوئی دیوار بھی نہیں! ص۱۸۳

وبالِ سایۂ بالِ ہُما: یک بخت اوج نذرِ سبکباری اسدؔ سر پر وبالِ سایۂ بالِ ہما نہ مانگ ص۵۱

وبالِ ہزار آرزو: سر پر مرے وبالِ ہزار آرزو رہا یارب! میں کس غریب کا بختِ رمیدہ ہوں؟ ص۶۲

وجدِ[۳] برق: فسونِ یک دلی ہے لذّتِ بیداد دشمن پر کہ وجدِ برق جوں پروانہ بال افشاں ہے خرمن پر ص۴۱

وجدِ ذوق: یاد ہیں غالبؔ! تجھے وہ دن کہ وجدِ ذوق میں زخم سے گرتا تو میں پلکوں سے چنتا تھا نمک ص۱۷۵

وجود[۴]: (۱) تنگی رفیقِ رہ تھی، عدم یا وجود تھا میرا سفر بہ طالعِ چشمِ حسود تھا ص۱۲

۱۔ وائے : نَو بار۔

۲۔ وبال : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔

۳۔ وجد : دو بار [مرکب]۔

۴۔ وجود : نَو بار [مفرد: ایک بار، مرکب: آٹھ بار]۔

(۲) نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود — ہنوز تیرے تصور میں ہے نشیب و فراز — ص۱۷۱

(۳) ہے تجلی تری سامانِ وجود — ذرہ بے پرتوِ خرشید نہیں — ص۱۸۳

(۴) ڈھانپا کفن نے داغِ عیوبِ برہنگی — میں ورنہ ہر لباس میں ننگِ وجود تھا — ص۱۳۳

(۵) عالم جہاں بہ عرضِ بساطِ وجود تھا — جوں صبح، چاکِ جیب مجھے تار و پود تھا — ص۱۲

وجودِ بحر: ہے مشتمل نمودِ صُوَر پر وجودِ بحر — یہاں کیا دھرا ہے قطرہ و موج و حباب میں — ص۱۸۹

وجودِ سایۂ نور: دیکھیے: مفیضِ وجودِ سایہ و نور۔

وجود و عدم: (۱) پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا — آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہو گئے — ص۲۲۹

(۲) ہلاکِ بے خبری نغمۂ وجود و عدم — جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد! — ص۳۷

وجہ[۱]: دل کے خوں کرنے کی کیا وجہ، ولیکن ناچار — پاسِ بے رونقیِ دیدہ اہم ہے ہم کو — ص۱۹۵

[نیز دیکھیے: بے وجہ]۔

وجہِ پریشانیِ صہبا: ہے دورِ قدح وجہِ پریشانیِ صہبا — یک بار لگا دو خُمِ مے میرے لبوں سے — ص۲۰۱

وجہِ تسلی: دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلی نہ ہوا — ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا — ص۱۳۳

وجہِ حیرتِ اظہارِ حال: ضبطِ سوزِ دل ہے وجہِ حیرتِ اظہارِ حال — داغ ہے مُہرِ دہن جوں چشمِ قربانی مجھے — ص۳۶

وجہِ سیہ مستیِ اربابِ چمن: پوچھ مت وجہِ سیہ مستیِ اربابِ چمن — سایۂ تاک میں ہوتی ہے ہَوا موجِ شراب — ص۱۹۳

وجہِ صفائی: آئینہ نَفَس سے بھی ہوتا ہے کدورت کش — عاشق کو غبارِ دل اک وجہِ صفائی ہے — ص۸۰

وحدت[۲]: کثرت آرائیِ وحدت ہے پرستاریِ وہم — کر دیا کافر ان اصنامِ خیالی نے مجھے — ص۲۲۲

وحدت خانۂ دل: نگاہِ چشمِ حاسد وام لے اے ذوقِ خود بینی! — تماشائی ہوں وحدت خانۂ آئینۂ دل کا — ص۱۷

وحشت[۳]: وحشت و شیفتہ اب مرثیہ کہویں شاید — مر گیا غالبِ آشفتہ نوا، کہتے ہیں — ص۱۸۷

وحشت[۴]: وحشت اگر رسا ہے، بے حاصلی ادا ہے — پیمانۂ ہَوا ہے مُشتِ غبارِ صحرا — ص۲۶

(۲) کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنا؟ — سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دعا ہیچ — ص۳۶

۱۔ وجہ : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔
۲۔ وحدت : دو بار [مرکب]۔
۳۔ وحشت : ایک بار [مرکب]۔
۴۔ وحشت : ۸۹ بار [مفرد: پچیس بار، مرکب: چونسٹھ بار]۔
وحشت کدہ : تین بار [مرکب: دو بار]۔
وحشتناک : ایک بار۔
وحشت ہا : ایک بار [مرکب]۔
وحشی : ایک بار۔

(۳) یہ کیا وحشت ہے اے دیوانے پیش از مرگ واویلا! رکھی بیجا بنائے خانۂ زنجیر شیون پر ص۴۱

(۴) نہیں برق و شرر جز وحشت و ضبطِ تپیدن ہا بلا گردانِ بے پروا خرامی ہائے یار آتش ص۴۷

(۵) ہوں بہ وحشت انتظار آوارۂ دشتِ خیال اک سفیدی مارتی ہے دور سے چشمِ غزال ص۵۲

(۶) وہ بے دماغ منتِ اقبال ہوں کہ میں وحشت بہ داغ سایۂ بالِ ہما کروں ص۵۶

(۷) گر ہو بلدِ شوق مری خاک کو وحشت صحرا کو بھی گھر سے کئی فرسنگ نکالوں ص۶۰

(۸) مجھ میں اور مجنوں میں وحشت، سازِ دعویٰ ہے اسدؔ برگ برگِ بید ہے ناخن زدن کی فکر میں ص۸۳

(۹) وحشت کہاں کہ بے خودی انشا کرے کوئی ہستی کو لفظِ معنیٔ عنقا کرے کوئی ص۸۷

(۱۰) وحشت نہ کھینچ قاتل حیرت نفس ہے بسمل جب نالہ خوں ہو غافل تاثیر کیا بلا ہے ص۹۳

(۱۱) وحشت بہارِ نشہ و گل ساغرِ شراب چشمِ پری شفق کدۂ راز ہے مجھے ص۹۷

(۱۲) جس طرف سے آئے ہیں، آخر اُدھر ہی جائیں گے مرگ سے وحشت نہ کر، راہِ عدم بیہودہ ہے ص۱۰۳

(۱۳) اگر وحشت عرق افشانِ بے پروا خرامی ہو بیاضِ دیدۂ آہو کفِ سیلاب ہوجاوے ص۱۰۵

(۱۴) حیرت، حجابِ جلوہ و وحشت، غبارِ چشم پائے نظر بہ دامنِ صحرا نہ کھینچیے ص۱۰۶

(۱۵) زہے شب زندہ دارِ انتظارستاں! کہ وحشت سے مژہ، پیچک میں مہ کی سوزنِ آسا چیدنی جانے ص۱۱۵

(۱۶) روئے سخن کسی کی طرف ہو تو روسیاہ سودا نہیں، جنوں نہیں، وحشت نہیں مجھے ۱۳۵

(۱۷) عرض کیجے جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں کچھ خیال آیا تھا وحشت کا کہ صحرا جل گیا ص۱۵۱

(۱۸) نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی ہوا جامِ زمرد بھی مجھے داغِ پلنگ آخر ص۱۶۸

(۱۹) وارستگی بہانۂ بیگانگی نہیں اپنے سے کر، نہ غیر سے، وحشت ہی کیوں نہ ہو ص۱۹۳

(۲۰) عشق نے پکڑا نہ تھا غالبؔ ابھی وحشت کا رنگ رہ گیا، تھا دل میں جو کچھ ذوقِ خواری، ہائے ہائے! ص۲۰۳

(۲۱) وحشت پہ میری عرصۂ آفاق تنگ تھا دریا، زمین کو عرقِ انفعال ہے ص۲۰۵

(۲۲) چاک کی خواہش اگر وحشت بہ عریانی کرے صبح کے مانند زخمِ دل گریبانی کرے ص۲۱۱

(۲۳) بیکسی ہائے شبِ ہجر کی وحشت، ہے ہے! سایہ خورشیدِ قیامت میں ہے پنہاں مجھ سے ص۲۲۰

(۲۴)، (۲۵) عشق مجھ کو نہیں، وحشت ہی سہی میری وحشت تری شہرت ہی سہی ص۲۲۰

دیکھیے ـــــ: (۲۶) پردۂ وحشت۔ (۲۷) جگر گوشۂ وحشت۔ (۲۸) چارہ سازیِ وحشت۔ (۲۹) حسرتِ نظّارۂ وحشت۔ (۳۰) داغِ مشک آلودۂ وحشت۔ (۳۱) دل تنگیِ وحشت۔ (۳۲) دیباچۂ وحشت۔ (۳۳) ربطِ یک شیرازۂ وحشت۔ (۳۴) سرمایۂ وحشت۔ (۳۵) شوخیِ وحشت۔ (۳۶) شورِ وحشت۔ (۳۷) عرضِ وحشت۔ (۳۸) غبارِ دشتِ وحشت۔ (۳۹) گرمیِ وحشت۔ (۴۰) موے دماغِ وحشت۔ (۴۱) نورِ چشمِ وحشت۔ (۴۲) نیازِ کلفتِ وحشت۔ (۴۳) واماندگیِ وحشت۔ (۴۴) یک قدم وحشت۔

وحشتِ آتشِ دل: وحشتِ آتشِ دل سے شبِ تنہائی میں صورتِ دود رہا سایہ گریزاں مجھ سے ص۲۱۱

وحشت آبادِ پرستاں: دیکھیے: طلسمِ وحشت آبادِ پرستاں۔

وحشت آبادِ تسلی: دیکھیے: غریبِ وحشت آبادِ تسلی۔

وحشت افزا گریہ ہا: وحشت افزا گریہ ہا موقوفِ فصلِ گل اسدؔ! چشمِ دریا بار، ہے میر آبِ سرکارِ چمن ص۵۹

وحشت انجمن: وحشت انجمن ہے گل، دیکھ لالے کا عالم مثلِ دودِ مجمر کے داغ بال افشاں ہے ص۸۹

وحشتِ اندیشہ: عرضِ دردِ بے وفائی وحشتِ اندیشہ ہے خوں ہوا دل تا جگر، یارب زبانِ شکوہ لال! ص۵۲
دیکھیے: خار خارِ وحشتِ اندیشہ۔

وحشتِ بجا: پروازِ آشیانۂ عنقاے ناز ہے بال پری بہ وحشتِ بجا نہ کھینچیے ص۱۰۶

وحشتِ بے ربطیِ پیچ و خمِ ہستی: وحشتِ بے ربطیِ پیچ و خمِ ہستی نہ پوچھ ننگِ بالیدن ہیں جوں موے سرِ دیوانہ ہم ص۵۳

وحشتِ بے قرار جلوۂ مہتاب: موج سے پیدا ہوئے پیراہنِ دریا میں خار گریہ، وحشتِ بے قرارِ جلوۂ مہتاب تھا ص۱۵

وحشت پرستِ گوشۂ تنہا دل: اسدؔ! وحشت پرستِ گوشۂ تنہا دل ہوں بہ رنگِ موج مے خمیازۂ ساغر ہے رم میرا ص۱۶

وحشتِ پرواز: پرورشِ نالہ ہے وحشتِ پرواز سے ہے تہِ بال پری بیضۂ بلبل ہنوز ص۴۴

وحشتِ تسخیر: دیکھیے: خرابِ وحشتِ تسخیر۔

وحشتِ تنہائی: نالہ: خونیں ورق و دل: گلِ مضمونِ شفق چمن آرائے نفس وحشتِ تنہائی ہے ص۱۰۳

وحشتِ جنونِ بہار: ہے وحشتِ جنونِ بہار اس قدر کہ ہے بال پری بہ شوخیِ موجِ صبا گرو ص۶۹

وحشتِ جیب دریدہ: دیکھیے: نازِ وحشتِ جیب دریدہ۔

وحشتِ چشمِ پری: خود آرا وحشتِ چشمِ پری سے شب وہ بد خو تھا کہ موم آئینۂ تمثال کو تعویذِ بازو تھا ص ۲۱

وحشت خرامی ہائے تجلّی: مانعِ وحشت خرامی ہائے تجلّی کون ہے؟ خانۂ مجنونِ صحرا گرد بے دروازہ تھا ص ۱۳۶

وحشتِ خوابِ عدم: وحشتِ خوابِ عدم شورِ تماشا ہے اسدؔ! جو مژہ جوہر نہیں آئینۂ تعبیر کا ص ۱۱

وحشتِ دردِ بے کسی: وحشتِ دردِ بے کسی بے اثر اِس قدر نہیں رشتۂ عمرِ خضر کو نالۂ نارسا سمجھ ص ۴۲

وحشتِ دل: وحشتِ دل سے پریشاں ہے چراغانِ خیال باندھوں ہوں آئنے پر چشمِ پری سے آئینہ ص ۸

(۲) عشق کمیں گاہِ درد، وحشتِ دل دور گرد دامِ تہِ سبزہ ہے حلقۂ کاکل ہنوز ص ۴۳

(۳) وحشتِ دل ہے اسدؔ! عالمِ نیرنگِ نشاط خندۂ گل بہ لبِ زخمِ جگر پنہاں ہے ص ۱۱۰

(۴) خونے تری افسردہ کیا وحشتِ دل کو معشوقی و بے حوصلگی طرفہ بلا ہے ص ۲۱۹

وحشت رقمی ہا: دیکھیے: سازِ وحشت رقمی ہا۔

وحشتِ زخمِ وفا: وحشتِ زخمِ وفا دیکھ کہ سر تا سرِ دل بخیہ جوں جوہرِ تیغ آفتِ گیرائی ہے ص ۱۰۴

وحشت سراغ: عدم، وحشت سراغ و ہستی، آئیں بندِ رنگینی دماغِ دو جہاں پر سنبل و گل یک شبخوں ہے ص ۱۱۱

وحشتِ شکیبائی: دیکھیے: نازکیٔ وحشتِ شکیبائی۔

وحشت شناسی: دیکھیے: کمیں گاہِ وحشت شناسی۔

وحشتِ شورِ تماشا: وحشتِ شورِ تماشا ہے کہ جوں نکہتِ گل نمکِ زخمِ جگر بال فشانی مانگے ص ۸۷

وحشتِ شوقِ خروش آمادہ: دیکھتا ہوں وحشتِ شوقِ خروش آمادہ سے فالِ رُسوائی سرشکِ سر بہ صحرا دادہ ہے ص ۸۹

وحشتِ طاؤس: دیکھیے: صیدِ وحشتِ طاؤس۔

وحشتِ طبیعتِ ایجاد: ہے وحشتِ طبیعتِ ایجاد یاس خیز یہ درد وہ نہیں کہ نہ پیدا کرے کوئی ص ۲۱۵

وحشتِ علمی: دیکھیے: سرلشکرِ وحشت علمی۔

وحشتِ غالبؔ: کیوں نہ وحشتِ غالبؔ باج خواہِ تسکیں ہو کشتۂ تغافل کو خصمِ خوں بہا پایا ص ۳

وحشتِ فرصتِ یک جَیب کشش: وحشتِ فرصتِ یک جَیب کشش نے کھویا صورتِ رنگِ حنا ہاتھ سے دامانِ بہار ص۹

وحشت کشِ درسِ سرابِ سطرِ آگاہی: نہ ہو وحشت کشِ درسِ سرابِ سطرِ آگاہی غبارِ راہ ہوں، بے مدعا ہے پیچ و خم میرا ص۱۶

وحشت گاہِ امکاں: بہ وحشت گاہِ امکاں اتفاقِ چشم مشکل ہے مہ و خرشید باہم سازِ یک خوابِ پریشاں ہیں ص۶۳

وحشتِ مجنوں: (۱) شوخیِ اظہار، غیر از وحشتِ مجنوں نہیں لیلیِٰ معنی اسدؔ! محمل نشینِ راز ہے ص۸۲

(۲) عالم غبارِ وحشتِ مجنوں ہے سر بسر کب تک خیالِ طرّۂ لیلا کرے کوئی ص۲۱۵

(۳) دیکھیے: لنگرِ وحشتِ مجنوں۔

وحشتِ ناز: دیکھیے: سلسلۂ وحشتِ ناز۔

وحشتِ نازِ نسیمِ عشق: حریفِ وحشتِ نازِ نسیمِ عشق جب آؤں کہ مثلِ غنچہ سازِ یک گلستاں دل مہیا ہو ص۶۷

وحشتِ نالہ: وحشتِ نالہ بہ واماندگیِ وحشت ہے جرسِ قافلہ یعنی دل ہے گراں باروں کا ص۲۸

وحشتِ ہستی: دیکھیے: جنونِ وحشتِ ہستی۔

وحشت ہا: دیکھیے: باوجودِ یکِ وحشت ہا۔

وحشتے: خوش وحشتے کہ عرضِ جنونِ فنا کروں جوں گردِ راہ جامۂ ہستی قبا کروں ص۵۵

وحشت کدہ: بزمِ مے وحشت کدہ ہے کس کی چشمِ مست کا؟ شیشے میں نبضِ پری پنہاں ہے موجِ بادہ سے ص۲۱۷

وحشت کدۂ بزمِ جہاں: ہم نے وحشت کدۂ بزمِ جہاں میں جوں شمع شعلۂ عشق کو اپنا سروساماں سمجھا ص۱۷

وحشت کدۂ تلاش: ہے خلقِ حسد قماش لڑنے کے لیے وحشت کدۂ تلاش لڑنے کے لیے ص۲۵۳

وحشتناک: بس کہ سودائے خیالِ زلف وحشتناک ہے تا دلِ شب آبنوسی شانہ آسا چاک ہے ص۱۰۶

وحشی[1]: (۱) وحشی بن صیاد نے ہم رم خوردوں کو کیا رام کیا رشتۂ چاکِ جَیبِ دریدہ صرفِ قماشِ دام کیا ص۲۶

(۲) قید میں ہے ترے وحشی کو وہی زلف کی یاد ہاں کچھ اک رنجِ گراں باریِ زنجیر بھی تھا ص۱۵۸

---

[1] وحشی : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔
وحشیوں : ایک بار۔

دیکھیے: (۳) دلِ وحشی۔ (۴) غالبِ وحشی۔

وحشیِ خو کردۂ نظارہ: وحشیِ خو کردۂ نظارہ ہے حیرت، جسے حلقۂ زنجیر بجز چشمِ تماشائی نہیں ص۶۵

وحشی مزاج: شاخِ گل جنبش میں ہے گہوارہ آسا ہر نفس طفلِ شوخِ غنچۂ گل بس کہ ہے وحشی مزاج ص۳۵

وحشیوں: تصرف وحشیوں میں ہے تصورہائے مجنوں کا سوادِ چشمِ آہو، عکسِ خالِ روئے لیلا ہے ص۸۴

وداع[1]: (۱) آغوشِ گل کشودہ برائے وداع ہے اے عندلیب! چل کہ چلے دن بہار کے ص۲۱۰

دیکھیے: (۲)، (۳)، (۴) آغوشِ وداع [تین بار]۔ (۵) ہنگامِ وداع۔ (۶) یک آغوشِ وداع۔

وداعِ انجمن: فرصتِ یک چشمِ حیرت، شش جہت آغوش ہے ہوں سپند آسا وداعِ انجمن کی فکر میں ص۶۲

وداعِ بہار: دیکھیے: وقتِ وداعِ بہار۔

وداعِ تمکیں: اسدؔ ہے نزع میں، چل بے وفا برائے خدا! مقامِ ترکِ حجاب و وداعِ تمکیں ہے ص۲۱۳

وداعِ جلوہ: دیکھیے: آغوشِ وداعِ جلوہ۔

وداعِ حوصلہ: وداعِ حوصلہ توفیقِ شکوہ، عجزِ وفا اسدؔ! ہنوز گمانِ غرورِ دانائی! ص۱۱۰

وداعِ خزاں: ہر رنگِ گردش آئنہ ایجادِ درد ہے اشکِ سحاب جز بہ وداعِ خزاں نہیں ص۵۷

وداعِ دل: دیکھیے: فراغت گاہِ آغوشِ وداعِ دل۔

وداعِ قرار: بساطِ ہیچ کسی میں بہ رنگِ ریگِ رواں ہزار دل بہ وداعِ قرار رکھتے ہیں ص۶۳

وداعِ نظر: (۱) بزمِ وداعِ نظر، یاس طرب نامہ بر فرصتِ رقصِ شرر بوسہ بہ پیغام ہے ص۹۹

(۲) دیکھیے: آغوشِ وداعِ نظر۔

وداعِ ہوش: ہم رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش مجبور یہاں تلک ہوئے، اے اختیار حیف! ص۱۷۳

وداعِ یار: بعد از وداعِ یار بہ خوں درتپیدہ ہیں نقشِ قدم ہیں ہم کفِ پائے نگار کے ص۸۰

وداعِ یوسفستاں: دیکھیے: آغوشِ وداعِ یوسفستاں۔

ودیعت[2] خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں: ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں ہوں نگینِ نامِ شاہد ہے مرے ہر قطرہ خوں تن میں ص۱۸۰

۱۔ وداع : انیس بار [مرتب]۔ ۲۔ ودیعت : تین بار [مرتب]۔

ودیعتِ مژگانِ یار: ایک ایک قطرے کا مجھے دینا پڑا حساب خونِ جگر ودیعتِ مژگانِ یار تھا ص۱۵۳

ودیعتِ ناز: بہ نیم غمزہ ادا کر حقِ ودیعتِ ناز نیامِ پردۂ زخمِ جگر سے خنجر کھینچ ص۱۶۶

وردِ[۱] اسمِ حق: وردِ اسمِ حق سے دیدارِ صنم حاصل ہوا رشتۂ تسبیح تارِ جادۂ منزل ہوا ص۲۹

ورزشِ[۲] قصۂ کہن: ورزشِ قصۂ کہن کب تک؟ داستانِ شبِ دکن کب تک؟ ص۲۶۷

ورطۂ[۳] ملامت: نہ جانوں کیونکے مٹے داغِ طعنِ بدعہدی تجھے کہ آئنہ بھی ورطۂ ملامت ہے ص۲۱۳

ورع[۴]: دیکھیے:(۱) اہلِ ورع۔(۲) بعدِ یک عمرِ ورع۔

ورق[۵]: ورق تمام ہوا اور مدح باقی ہے سفینہ چاہیے اِس بحرِ بے کراں کے لیے ص۲۳۶

(۲) [دیکھیے: خونیں ورق]۔

(۳) ہر ورق۔[دیکھیے: ورقِ انتخاب]۔

ورقِ انتخاب: بے چشمِ دل، نہ کر ہوسِ سیرِ لالہ زار یعنی یہ ہر ورق، ورقِ انتخاب ہے ص۷۶

ورق شماری: دیکھیے: ابتدائے ورق شماری۔

ورقِ گردانده: خلق ہے صفحۂ عبرت سے سبق ناخواندہ ورنہ ہے چرخ و زمیں یک ورقِ گردانده ص۱۷

ورق گردانیِ نیرنگِ یک بت خانہ: محفلیں برہم کرے ہے گنجفہ بازِ خیال ہیں ورق گردانیِ نیرنگِ یک بت خانہ ہم ص۱۷۷

ورقِ ناخواندہ: کوئی آگاہ نہیں باطنِ ہمدیگر سے ہے ہر اک فرد جہاں میں ورقِ ناخواندہ ص۱۷

وزارت[۶]:(۱، ۲) آصف کو سلیماں کی وزارت سے شرف تھا ہے فخرِ سلیماں، جو کرے تیری وزارت ص۱۲۷

وزن[۷]: میں جو گردوں کو بہ میزانِ طبیعت تولا تھا یہ کم وزن کہ ہم سنگِ کفِ خاک چڑھا ص۲۲۵

وسع[۸]: دیکھیے: حدِّ وسع۔

وسعت[۹]: (۱) کم نہیں وہ بھی خرابی میں، پہ وسعت معلوم! دشت میں ہے مجھے وہ عیش کہ گھر یاد نہیں ص۱۸۶

۱۔ ورد : ایک بار [مرکب]۔
۲۔ ورزش : ایک بار [مرکب]۔
۳۔ ورطہ : ایک بار [مرکب]۔
۴۔ ورع : دو بار [مرکب]۔
۵۔ ورق : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: سات بار]۔
۶۔ وزارت : دو بار۔
۷۔ وزن : ایک بار [مرکب]۔
۸۔ وسع : ایک بار [مرکب]۔
۹۔ وسعت : بارہ بار [مفرد: دو بار، مرکب: دس بار]۔
وسعت کدہ : ایک بار [مرکب]۔

(۲) بقدرِ شوق نہیں ظرفِ تنگنائے غزل — کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے — ص ۲۳۶

(۳) دیکھیے: دو جہاں وسعت۔

وسعتِ جولانِ یک جنوں: ملی نہ وسعتِ جولانِ یک جنوں ہم کو — عدم کو لے گئے دل میں غبارِ صحرا کا — ص ۱۷

وسعتِ جیبِ جنونِ تپشِ دل: وسعتِ جیبِ جنونِ تپشِ دل مت پوچھ — محملِ دشت بہ دوشِ رمِ نخچیر آیا — ص ۲۷

وسعتِ رحمتِ حق: وسعتِ رحمتِ حق دیکھ، کہ بخشا جاوے — مجھ سا کافر کہ جو ممنونِ معاصی نہ ہوا — ص ۱۳

وسعتِ سعیِ کرم: وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سرِ خاک — گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہر بار ہنوز — ص ۱۲۲

وسعتِ صحرا: ہے ذرّہ ذرّہ تنگیِ جا سے غبارِ شوق — گر دام یہ ہے، وسعتِ صحرا شکار ہے — ص ۲۱۷

وسعت گہِ تمنا: گر یاس سر نہ کھینچے، تنگی عجب فضا ہے — وسعت گہِ تمنا: یک بام و صد ہوا ہے — ص ۹۳

وسعتِ مشرب: وسعتِ مشرب نیازِ کلفتِ وحشت اسدؔ! — یک بیاباں سایۂ بالِ ہما ہو جائیے — ص ۸۸

(۲) دردِ ناپیدا و بیجا تہمتِ وارستگی — پردہ دارِ یادگی ہے وسعتِ مشرب مجھے — ص ۸۶

وسعتِ مے خانۂ جنوں: نہ پوچھ وسعتِ مے خانۂ جنوں غالبؔ! — جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز — ص ۱۴۲

وسعت کدۂ شوق: دیکھیے: پیمانۂ وسعت کدۂ شوق۔

وسمۂ[۱] ابرو: چاہیے درمانِ ریشِ دل بھی تیغِ ناز سے — مرہمِ زنگار ہے وہ وسمۂ ابرو مجھے — ص ۷۸

وسواس[۲] قریں: دیکھیے: فطرتِ وسواس قریں۔

وسیع[۳]: رام پور ایک بڑا باغ ہے از روئے مثال — دل کش و تازہ و شاداب و وسیع و خرّم — ص ۲۶۵

وصال[۴]: (۱) دوستو! مجھ ستم رسیدہ سے — دشمنی ہے وصال کا مذکور — ص ۳۲

(۲) ہوا وصال سے شوقِ دلِ حریص زیادہ — لبِ قدح پہ کفِ بادہ، جوشِ تشنہ لبی ہے — ص ۷۵

(۳) وصال جلوہ تماشا ہے، پر دماغ کہاں — کہ دیجے آئنۂ انتظار کو پرواز — ص ۱۷۱

(۴) وہ فراق اور وہ وصال کہاں! — وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں! — ص ۱۸۲

۱۔ وسمہ : ایک بار [مرتّب]۔
۲۔ وسواس : ایک بار [مرتّب]۔
۳۔ وسیع : ایک بار [مرتّب]۔
۴۔ وصال : بائیس بار [متفرد: چھے بار، مرتّب: سولہ بار]۔

(۵) ہمارے ذہن میں اس فکر کا ہے نام وصال — کہ گر نہ ہو تو کہاں جائیں، ہو تو کیوں کر ہو — ص۱۹۷

(۶) اس طرح کے وصال سے، یارب! — کیا مٹے دل سے داغِ ہجراں کا — ص۲۶۰

دیکھیے:(۷) آرائشِ بزمِ وصال۔(۸) خیالِ وصال۔(۹) شبِ وصال۔(۱۰) صبحِ وصال۔(۱۱) طاقتِ وصال۔(۱۲) عینِ ناپاکِ وصال۔(۱۳) فرصتِ وصال۔(۱۴) گستاخیِ وصال۔(۱۵) مژدۂ وصال۔(۱۶) وعدۂ وصال۔(۱۷) جاہ و جلالِ عہدِ وصالِ بتاں۔

وصالِ دوست: تکلّف عافیت میں ہے، دلا! بندِ قبا وا کر — نفس بعد از وصالِ دوست، تاواں ہے گُستن کا — ص۲۷

وصالِ عندلیب: ہے مگر موقوف بروقتِ دگر کارِ اسدؔ — اے شبِ پروانہ و روزِ وصالِ عندلیب! — ص۳۲

وصالِ لالہ عذارانِ سرو قامت: اسدؔ! بہارِ تماشائے گلستانِ حیات — وصالِ لالہ عذارانِ سرو قامت ہے — ص۸۶

وصالِ یار: (۱) یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا — اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا — ص۱۵۹

(۲) دیکھیے: شامِ وصالِ یار۔

وصفِ[1] دُلدُل: وصفِ دلدل ہے مرے مطلعِ ثانی کی بہار — جنّتِ نقشِ قدم سے ہوں میں اس کے گل چیں — ص۹

وصفِ قامت: کبھی وہ مصرعِ برجستہ وصفِ قامت میں — کہ سرو ہو نہ سکے جس کا مصرعِ ثانی — ص۹۶

وصفِ کمر: دیکھیے: ردِ وصفِ کمر۔

وصل[2]: (۱) وصل میں بختِ سیہ نے سُنبلستاں گُل کیا — رنگِ شب، تہ بندیِ دودِ چراغِ خانہ تھا — ص۲۵

(۲) وصل میں دل انتظارِ طرفہ رکھتا ہے، مگر — فتنہ تاراجِ تمنا کے لیے درکار ہے — ص۸۳

(۳) جو بہ شامِ غم چراغِ خلوتِ دل تھا اسدؔ! — وصل میں وہ سوزِ شمعِ مجلسِ تقریر ہے — ص۹۵

(۴) عشق: بے ربطیِ شیرازۂ اجزائے حواس — وصل: زنگارِ رُخِ آئنۂ حُسنِ یقیں — ص۳۳

(۵) گر ترے دل میں ہو خیال، وصل میں شوق کا زوال — موجِ محیطِ آب میں مارے ہے دست و پا کہ یوں — ص۱۷۸

(۶) میں مضطرب ہوں وصل میں خوفِ رقیب سے — ڈالا ہے تم کو وہم نے کس پیچ و تاب میں — ص۱۸۹

(۷) ہے وصل، ہجر عالمِ تمکین و ضبط میں — معشوقِ شوخ و عاشقِ دیوانہ چاہیے — ص۲۱۱

---

۱ وصف : تین بار [مرکّب]۔

۲ وصال : تئیس بار [مفرد: نو بار، مرکّب: چودہ بار]۔

(۸) یار سے چھیڑ چلی جائے اسدؔ! گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی ص۲۲۱

(۹) خوش ہوتے ہیں، پر وصل میں یوں مر نہیں جاتے آئی شبِ ہجراں کی تمنا مرے آگے ص۲۲۹

دیکھیے:—— (۱۰) تحیر کدۂ فرصتِ آرائشِ وصل۔ (۱۱) حظِ وصل (۱۲) خیالِ وصل۔ (۱۳) دستگہِ وصل۔ (۱۴) ذوقِ وصل۔ (۱۵) شوقِ وصل۔ (۱۶) مشقِ فکرِ وصل۔ (۱۷) مضمونِ وصل۔ (۱۸) واماندۂ ذوقِ طربِ وصل۔ (۱۹) دسترسِ وصلِ تمنا۔

وصلِ آئینہ رُخاں: وصلِ آئینہ رُخاں ہم نفسِ یک دیگر ہیں دعا ہائے سحر گاہ سے خواہاں گل و صبح ص۳۶

وصلِ دُختِ رز: دیکھیے: عقدِ وصلِ دُختِ رز۔

وصلِ غیر: دیکھیے: (۱) ذکرِ وصلِ غیر۔ (۲) سپندِ بزمِ وصلِ غیر۔

وصلِ ہر رنگ جنوں: بوئے گل فتنۂ بیدار و چمن جامۂ خواب وصلِ ہر رنگ جنوں کسوتِ رُسوائی ہے ص۱۰۳

وصیِ[1] ختمِ رُسُل: (۱) تجھ میں اور غیر میں نسبت ہے ولیکن بہ تضاد وصیِ ختمِ رُسُل تو ہے بہ اثباتِ یقیں ص۹

(۲) جاں پناہا! دل و جاں فیض رسانا! شاہا! وصیِ ختمِ رُسُل تو ہے بہ فتوائے یقیں ص۱۳۴

وضع[2] (۱): (۱) دیکھیے: حجابِ پاسِ وضع۔

(۲) کب مجھے کوئے یار میں رہنے کی وضع یاد تھی آئنہ دار بن گئی حیرتِ نقشِ پا کہ یوں ص۱۷۸

(۳) وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے، ہم اپنی وضع کیوں چھوڑیں سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سرگراں کیوں ہو؟ ص۱۹۹

وضعِ احتیاط: پھر وضعِ احتیاط سے رُکنے لگا ہے دم برسوں ہوئے ہیں چاک گریباں کیے ہوئے ص۲۲۵

وضعِ زرافشاندنی: برگ ریزی ہائے گل ہے وضعِ زرافشاندنی باج لیتی ہے گلستاں سے گل اندامی تری ص۹۳

وضعِ سوز و نم و رم و آرام: آتش و آب و باد و خاک نے لی وضعِ سوز و نم و رم و آرام ص۱۳۸

وضع[3] (۲): (۱) دیکھنے میں ہیں گرچہ دو، پر ہیں یہ دونوں یار ایک وضع میں گو ہوئی دو سر، تیغ ہے ذوالفقار ایک ص۲۹۶

(۲) وضع میں اس کو اگر سمجھیے قافِ تریاق رنگ میں سبزۂ نوخیزِ مسیحا کہیے ص۱۳۲

وضو[4]: (۱) بے درد، سر بہ سجدۂ الفت فرو نہ ہو جوں شمع غوطہ داغ میں کھا، گر وضو نہ ہو ص۶۷

۱۔ وصی : دو بار [مرکب]۔
۲۔ وضع (۱) : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔
۳۔ وضع (۲) : دو بار۔
۴۔ وضو : تین بار۔

(۲) نہ ہووے کیوں کے اُسے فرضِ قتلِ اہلِ وفا لہو میں ہاتھ کے بھرنے کو جو وضو جانے ص۹۹

(۳) گو زندگیِ زاہدِ بیچارہ عبث ہے اتنا ہے کہ رہتی تو ہے تدبیرِ وضو کی ص۱۱۶

وطن[۱]: (۱) ہے وطن سے باہر اہلِ دل کی قدر و منزلت عزلت آبادِ صدف میں قیمتِ گوہر نہیں ص۶۶

(۲) کیا رہوں غربت میں خوش، جب ہو حوادث کا یہ حال نامہ لاتا ہے وطن سے نامہ بر اکثر کھلا ص۱۶۱

(۳) مجھ کو دیارِ غیر میں مارا وطن سے دور رکھ لی مرے خدا نے مری بیکسی کی شرم ص۱۷۷

(۴) تھی وطن میں شان کیا غالبؔ! کہ ہو غربت میں قدر بے تکلف ہوں وہ مُشتِ خس کہ گلخن میں نہیں ص۱۸۵

دیکھیے ـــــ: (۵) بے مہریِ یارانِ وطن۔ (۶) رشتۂ حبّ الوطن۔ (۷)، (۸) صبحِ وطن [دو بار]۔ (۹) غریبِ تسلّی گہِ وطن۔ (۱۰) ہجرِ یارانِ وطن۔

وظیفہ خوار[۲]: غالبؔ! وظیفہ خوار ہو، دو شاہ کو دُعا وہ دن گئے جو کہتے تھے: نوکر نہیں ہوں میں ص۱۹۱

وعدہ[۳]: (۱) نظر راحت پہ میری، کر نہ وعدہ شب کے آنے کا کہ میری خواب بندی کے لیے ہوگا فسوں وہ بھی ص۴۷

(۲) ہوں ترے وعدہ نہ کرنے میں بھی راضی کہ کبھی گوش منت کشِ گلبانگِ تسلّی نہ ہوا ص۱۳۳

(۳) ترے وعدے پر جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا کہ خوشی سے مر نہ جاتے، اگر اعتبار ہوتا ص۱۶۰

(۴) تم اُن کے وعدے کا ذکر اُن سے کیوں کرو غالبؔ یہ کیا کہ تم کہو اور وہ کہیں کہ یاد نہیں ص۱۹۳

(۵) سر اُڑانے کے جو وعدے کو مکرر چاہا ہنس کے بولے کہ ترے سر کی قسم ہے ہم کو ص۱۹۵

(۶) وعدہ آنے کا وفا کیجیے، یہ کیا انداز ہے؟ تم نے کیوں سونپی ہے میرے گھر کی دربانی مجھے ص۲۳۲

(۷) وہ آویں گے مرے گھر، وعدہ کیسا، دیکھنا غالبؔ نئے فتنوں میں اب چرخِ کُہن کی آزمائش ہے ص۲۳۵

(۸) صبح سے دیکھیں گے رستہ یار کا جمعے کے دن وعدہ ہے دیدار کا [قادرنامہ]

دیکھیے ـــــ: (۹) فسونِ وعدہ۔ (۱۰) ہوسِ وعدہ۔

وعدۂ دلدار: ہیچ آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی مجھے وہ آئے یا نہ آئے، پہ یہاں انتظار ہے ص۲۱۷

وعدۂ دیدارِ دوست: دیکھیے: پیامِ وعدۂ دیدارِ دوست۔

وعدۂ سیرِ گلستاں: وعدۂ سیرِ گلستاں ہے، خوشا طالعِ شوق! مژدۂ قتل مقدّر ہے جو مذکور نہیں ص۱۸۵

---

۱ وطن : دس بار [مفرد: چار بار، مرکب: چھے بار]۔
۲ وظیفہ خوار : ایک بار۔
۳ وعدہ : سترہ بار [مفرد: آٹھ بار، مرکب: نو بار]۔
وعدے : ایک بار۔

وعدۂ صبر آزما: (۱) سر بر ہوئی نہ وعدۂ صبر آزما سے عمر   فرصت کہاں کہ تیری تمنا کرے کوئی   ص۲۱۵

(۲) یہ قاتل وعدۂ صبر آزما کیوں؟   یہ کافر فتنۂ طاقت رُبا کیا!   ص۱۵۸

وعدۂ وصال: چربِ پہلوے خیال، رزقِ دو عالم احتمال   کل ہے جو وعدۂ وصال، آج بھی اے خدا! مجھ   ص۴۳

وعدۂ وفا: اسدؔ فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا   وگرنہ دلبریِ وعدۂ وفا معلوم!   ص۵۳

وعدے: ضد کی ہے اور بات، مگر خو بری نہیں   بھولے سے اُس نے سینکڑوں وعدے وفا کیے   ص۲۲۳

وفا[ا]: (۱) نہ وفا کو آبرو ہے، نہ جفا تمیز جو ہے   چہ حسابِ جاں فشانی؟ چہ غرورِ دل ستانی   ص۹

(۲) پیش از نفَس بتاں کے کرم نے وفا نہ کی   تھا محملِ نگاہ بہ دوشِ شرار، حیف!   ص۴۹

(۳) دل ہی نہیں کہ منّتِ درباں اُٹھائیے   کس کو وفا کا سلسلہ جنباں اُٹھائیے   ص۴۷

(۴) کی وفا ہم سے، تو غیر اس کو جفا کہتے ہیں   ہوتی آئی ہے کہ اچھّوں کو بُرا کہتے ہیں   ص۱۸۷

(۵) وفا کیسی؟ کہاں کا عشق؟ جب سر پھوڑنا ٹھہرا   تو پھر اے سنگ دل! تیرا ہی سنگِ آستاں کیوں ہو؟   ص۲۰۰

(۶) وعدہ آنے کا وفا کیجے، یہ کیا انداز ہے؟   تم نے کیوں سونپی ہے میرے گھر کی دربانی مجھے   ص۲۳۲

(۷)، (۸) ہم کو اُن سے وفا کی ہے اُمید   جو نہیں جانتے وفا کیا ہے   ص۲۳۸

(۹) بھولے سے اُس نے سینکڑوں وعدے وفا کیے   [دیکھیے: وعدے]۔

(۱۰) وفا مقابل و دعواے عشق بے بنیاد   جنونِ ساختہ و فصلِ گُل قیامت ہے!   ص۲۱۳

(۱۱) تیری وفا سے کیا ہو تلافی کہ دہر میں   تیرے سوا بھی ہم پہ بہت سے ستم ہوئے   ص۲۲۹

(۲۱) غیر سے، دیکھیے کیا خوب نباہی اُس نے   نہ سہی ہم سے، پر اُس بت میں وفا ہے تو سہی   ص۳۱۱

دیکھیے ـــــ: (۱۳) آرزوے شہیدِ وفا۔ (۱۴) اسیرِ ستم کشکشِ دامِ وفا۔ (۵۱) اندوہِ وفا۔ (۶۱) بزمِ وفا۔ (۷۱) بستنِ پیمانِ وفا۔ (۸۱) بناے عہدِ وفا۔ (۹۱) بہارِ ریاضِ مہر و وفا۔ (۲۰) بیدادِ وفا۔ (۲۱)، (۲۲) بیگانۂ وفا [دو بار]۔ (۲۳) پاسِ ناموسِ وفا۔ (۲۴)، (۲۵)، (۲۶) پیمانِ وفا [تین بار]۔ (۲۷) تالیفِ نسخہ ہاے وفا۔ (۲۸) (۲۹) (۳۰) ترکِ وفا [تین بار]۔ (۳۱) تعزیتِ مہر و وفا۔ (۳۲) جادۂ راہِ وفا۔ (۳۳) حالِ وفا۔ (۳۴) حرفِ وفا۔ (۳۵) خارخارِ جنونِ وفا۔ (۳۶) خجلت کشِ وفا۔ (۳۷) خریدارِ وفا۔ (۳۸) خونِ وفا۔ (۳۹) خوں گشتۂ رشکِ وفا۔ (۴۰) دشمنِ اربابِ وفا۔ (۴۱) دلبریِ وعدۂ وفا۔ (۴۲) ریزشِ خونِ وفا۔ (۴۳) سر رشتۂ وفا۔ (۴۴) شہیدِ وفا۔ (۴۵) صرف

ا؎ وفا : ایک بار۔

وفا۔ (۴۶) صورتِ عہدِ وفا۔ (۴۷) عجزِ وفا۔ (۴۸) عہدِ وفا۔ (۴۹) غارت گرِ جنسِ وفا۔ (۵۰) فریبِ وفا خوردگاں۔ (۵۱) قتلِ اہلِ وفا۔ (۵۲) گرفتارِ وفا۔ (۵۳) محلِ مضمونِ وفا۔ (۵۴) محوِ وفا۔ (۵۵) مشقِ وفا۔ (۵۶) منکرِ وفا۔ (۵۷) موجِ سرابِ دشتِ وفا۔ (۵۸) مہر و وفا۔ (۵۹) ناموسِ وفا۔ (۶۰) نبضِ بیمارِ وفا۔ (۶۱) نَفَسِ اہلِ وفا۔ (۶۲) نقشِ وفا۔ (۶۳) وحشتِ زخمِ وفا۔ (۶۴) وفورِ وفا۔ (۶۵) ہوائے کشتِ وفا۔

وفا پرست: دیکھیے: جانِ وفا پرست۔

وفا و مہر: ایک وفا و مہر میں تازگیِ بساطِ دہر — لطف و کرم کے باب میں زینتِ روزگار ایک — ص ۲۹۶

وفا و مہر و محبت: ہندوستان کی بھی عجب سرزمین ہے — جس میں وفا و مہر و محبت کا ہے وفور — ص ۲۶۳

وفاہا: دیکھیے: آسایشِ وفاہا۔

وفائے حوصلہ: بہانہ جوئیِ رحمت: کمیں گرِ تقریب — وفائے حوصلہ و رنجِ امتحاں تجھ سے — ص ۱۱۲

وفائے دلبراں: وفائے دلبراں ہے اتفاقی، ورنہ اے ہمدم! — اثر فریادِ دل ہائے حزیں کا کس نے دیکھا ہے — ص ۲۲۰

وفائے فرصتِ رنج و نشاطِ دہر: دیکھی وفائے فرصتِ رنج و نشاطِ دہر — خمیازہ یک درازیِ عمرِ خمار تھا — ص ۱۷

وفائے گل: دیکھیے: ہلاکِ فریبِ وفائے گل۔

وفادار[1]: دل دیا جان کے کیوں اُس کو وفادار، اسدؔ — غلطی کی کہ جو کافر کو مسلماں سمجھا — ص ۱۳۷

وفاداری: گئے وہ دن کہ نادانستہ غیروں کی وفاداری — کیا کرتے تھے تم تقریر، ہم خاموش رہتے تھے — ص ۱۲۳

وفاداری بہ شرطِ اُستواری اصلِ ایماں ہے — مرے بت خانے میں تو کعبے میں گاڑو برہمن کو — ص ۱۹۹

نہیں کچھ سبحہ و زنّار کے پھندے میں گیرائی — وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمایش ہے — ص ۲۳۳

دیکھیے: اعتمادِ وفاداری۔

وفاق[2]: دیکھیے: مےکدۂ وفاق۔

وفور[3]: ہندوستان کی بھی عجب سرزمین ہے — جس میں وفا و مہر و محبت کا ہے وفور — ص ۲۶۳

وفورِ اشک: وفورِ اشک نے کاشانے کا کیا یہ رنگ — کہ ہو گئے مرے دیوار و در، در و دیوار — ص ۱۶۷

وفورِ شوق: کفر ہے غیر از وفورِ شوق، رہبر ڈھونڈھنا — راہِ صحرائے حرم میں ہے جرس ناقوس و بس — ص ۳۶

---

[1] وفادار : ایک بار۔
وفاداری : چار بار [مفرد: ایک بار۔ مرکب: تین بار]۔
[2] وفاق : ایک بار [مرکب]۔
[3] وفور : چار بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تین بار]۔

وفورِ وفا: وفورِ وفا ہے، ہجومِ بلا ہے سلامت ملامت، ملامت سلامت ص۳۳

وقار و تمکیں[۱]: کس قدر ہرزہ سرا ہوں کہ عیاذاً باللہ! یک قلم خارجِ آدابِ وقار و تمکیں ص۱۳۳

وقت[۲]: (۱) وقت اُس اُفتادہ کا خوش جو قناعت سے، اسدؔ! نقشِ پائے مور کو تختِ سلیمانی کرے ص۸۲

(۲) وقت ہے، گر بلبلِ مسکیں زلیخائی کرے یوسفِ گل جلوہ فرما ہے بہ بازارِ چمن ص۵۹

(۳) تا ترے وقت میں ہو عیش و طرب کی توفیر تا ترے عہد میں ہو رنج و الم کی تقلیل ص۱۳۳

(۴) رنگِ شکستہ، صبحِ بہارِ نظارہ ہے یہ وقت ہے شگفتنِ گل ہائے ناز کا ص۱۵۵

(۵) پھر ہوا وقت کہ ہو بال کُشا موجِ شراب دے بطِ مے کو دل و دستِ شنا، موجِ شراب ص۱۹۳

(۶) ہوش اُڑتے ہیں مرے جلوۂ گل دیکھ، اسدؔ! پھر ہوا وقت کہ ہو بال کُشا موجِ شراب ص۱۹۳

(۷) مند گئیں، کھولتے ہی کھولتے آنکھیں، غالبؔ! یار لائے مری بالیں پہ اُسے، پر کس وقت! ص۱۶۵

(۸) رات کے وقت مے پیے، ساتھ رقیب کو لیے آوے وہ یاں خدا کرے، پر نہ خدا کرے کہ یوں ص۱۷۸

(۹) مہرباں ہو کے بلالو مجھے، چاہو جس وقت میں گیا وقت نہیں ہوں کہ پھر آ بھی نہ سکوں ص۱۸۹

(۱۰) دیکھنا حالت مرے دل کی ہم آغوشی کے وقت ہے نگاہِ آشنا، تیرا سرِ ہر مو مجھے ص۲۰۹

(۱۱) آگ سے، پانی میں بجھتے وقت اُٹھتی ہے صدا ہر کوئی درماندگی میں نالے سے ناچار ہے ص۲۱۳

(۱۲) آیا تھا وقت ریل کے کھلنے کا بھی قریب تھا بارگاہِ خاص میں خلقت کا اژدہام ص۲۸۳

(۱۳) اے پرتوِ خورشیدِ جہاں تاب! اِدھر بھی سایے کی طرح ہم پہ عجب وقت پڑا ہے ص۲۱۹

(۱۴) دیکھیے: امامِ وقت۔ خوب وقت۔

وقتِ آرائش: اسدؔ! اُٹھنا قیامت قامتوں کا وقتِ آرائش لباسِ نظم میں بالیدنِ مضمونِ عالی ہے ص۷۹

وقتِ اضطراب: دل کو توڑا جوشِ بیتابی سے، غالبؔ کیا کیا! رکھ دیا پہلو بہ وقتِ اضطراب آئینے پر ص۳۰

وقتِ بند: گزرا جو آشیاں کا تصور بہ وقتِ بند مژگانِ چشم دام ہوئے خار و خس تمام ص۵۵

وقتِ بے نقابی: رہا نظارہ وقتِ بے نقابی آپ پر لرزاں سرشک آگیں مژہ سے دستِ از جاں شستہ بر رو تھا ص۲۲

وقتِ تپش: ضعفِ جنوں کو وقتِ تپش در بھی دور تھا اک، گھر میں مختصر سا بیاباں ضرور تھا ص۱۸

---

۱ وقار : ایک بار [مرکب]۔ وقتوں : ایک بار۔

۲ وقت : اڑتالیس بار [مفرد: ۱۴ بار، مرکب: ۳۴ بار]۔ ۳ وقتے : ایک بار۔

وقتِ حسن افروزیِ زینت ترازاں: وقتِ حسن افروزیِ زینت ترازاں جاے گل ہر نہالِ شمع میں اک غنچۂ گلگیر ہے ص ۹۵

وقتِ حسن ترازی: عکسِ رُخ افروختہ تھا تصویر بہ پشتِ آئینہ شوخ نے وقتِ حسن ترازی تمکیں سے آرام کیا ص ۲۶

وقتِ خود آرائی: کجا جوہر؟ چہ عکسِ خط؟ جہاں وقتِ خود آرائی دلِ آئینہ زیرِ پاے خیلِ مور ملتے ہیں ص ۶۳

وقتِ خیالِ جلوۂ حسنِ بتاں: وقتِ خیالِ جلوۂ حسنِ بتاں، اسدؔ! دکھلائے ہے مجھے دو جہاں لالہ زار، داغ ص ۴۸

وقتِ دگر: ہے مگر موقوف بروقتِ دگر کار اسدؔ اے شبِ پروانہ و روزِ وصالِ عندلیب! ص ۳۲

وقتِ دید: نگہ اُس چشم کی افزوں کرے ہے ناتوانائی پرِ بالش ہے وقتِ دید مژگانِ تماشائی ص ۹۲

وقتِ رزم: جمِ رُتبہ میکوؔ بہادر کہ وقتِ رزم ترکِ فلک کے ہاتھ سے وہ چھین لیں حُسام ۲۸۲

وقتِ سرگونی: بہ وقتِ سرگونی ہے تصور، انتظارستاں نگہ کو آبلوں سے شغل ہے اختر شماری کا ص ۱۹

وقتِ سفر: (۱) دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا ص ۱۵۲

(۲) کافی ہے نشانی، ترا چھلّے کا نہ دینا خالی مجھے دکھلا کے بہ وقتِ سفر انگشت ص ۱۶۳

وقتِ سیرِ باغ: ہم طبعِ نازکِ خوباں سے، وقتِ سیرِ باغ ریشۂ زیرِ زمیں کو بھی دویدن منع ہے ص ۱۱۳

وقتِ شام: جادۂ رہ خُور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع ص ۱۶۳

وقتِ شب: (۱) وقتِ شب اُس شمع رو کے شعلۂ آواز پر گوشِ نسریں عارضاں پروانۂ محفل ہوا ص ۲۹

(۲) ہے عرق افشاں مشی سے ادہمِ مشکینِ یار وقتِ شب اختر گنے ہے چشمِ بیدارِ رکاب ص ۳۱

وقتِ گلستن: نہ دیجے پاسِ ضبطِ آبرو وقتِ گلستن بھی تحمل پیشۂ تمکین رہیے آئنہ آسا ص ۲۲۷

وقتِ عنایات: کثرتِ اندوہ سے حیران و مضطر ہے اسدؔ یا علیؑ! وقتِ عنایات و دمِ تائید ہے ص ۱۰۳

وقتِ قتل: کو بہ وقتِ قتل حقِ آشنائی اے نگاہ! خنجرِ زہراب دادہ سبزۂ بیگانہ تھا ص ۲۵

وقتِ قدح نوشی: خراباتِ جنوں میں ہے اسدؔ! وقتِ قدح نوشی بہ عشقِ ساقیِ کوثرؔ بہارِ بادہ پیمائی ص ۹۲

وقتِ قہقہہ: ہاتھ پہ گر ہاتھ مارے یار وقتِ قہقہہ کرمکِ شب تاب آسا مہ پر افشانی کرے ص ۸۲

وقتِ کعبہ جوئی ہا: بہ وقتِ کعبہ جوئی ہا جرس کرتا ہے ناقوسی کہ صحرا فصلِ گل میں رشک ہے بت خانۂ چیں کا ص ۲۸

وقتِ گریہ:	ز بس نکلا غبارِ دل بہ وقتِ گریہ آنکھوں سے	اسدؔ! کھائے ہوئے ذرّے نے آنکھوں میں بصارت کی	ص ۹۷
وقتِ گزشتن:	جوں بوئے گل ہوں گرچہ گراں بارِ مشتِ زر	لیکن اسدؔ! بہ وقتِ گزشتن جریدہ ہوں	ص ۶۱
وقتِ مناجات:	سر، پائے خُم پہ چاہیے ہنگامِ بے خودی	رو سوئے قبلہ وقتِ مناجات چاہیے	ص ۲۲۰
وقتِ مے:	بس کہ خوباں باغ کو دیتے ہیں وقتِ مے شکست	بال اُگ جاتا ہے شیشے کا رگِ گل کے تلے	ص ۴۵۳
وقتِ مے پرستی:	ہم سے کھل جاؤ بہ وقتِ مے پرستی ایک دن	ورنہ ہم چھیڑیں گے، رکھ کر عذرِ مستی، ایک دن	ص ۱۷۹
وقتِ نزع:	غرورِ ضبط وقتِ نزع ٹوٹا بے قراری سے	نیازِ پرفشانی ہوگیا صبر و شکیب آخر	ص ۴۱
وقتِ وداعِ بہار:	چھڑکے ہے شبنم آئینۂ برگِ گل پہ آب	اے عندلیب! وقتِ وداعِ بہار ہے	ص ۲۱۷
وقتوں:	اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ، انھیں کچھ نہ کہو	جو مے و نغمہ کو اندوہ رُبا کہتے ہیں	ص ۱۸۷
وقتے:	اے خوشا! وقتے کہ ساقی یک خمستاں وا کرے	تار و پودِ فرشِ محفل پنبۂ مینا کرے	ص ۱۰۱
وقفِ[1] احباب:	صرفِ اعدا اثرِ شعلہ و دودِ دوزخ	وقفِ احبابِ گل و سنبلِ فردوسِ بریں	ص ۳۵۱
وقفِ بسترِ سنجاب:	نازشِ ایامِ خاکستر نشینی کیا کہوں	پہلوئے اندیشہ وقفِ بسترِ سنجاب تھا	ص ۳۵
وقفِ درد:	پہلو تہی نہ کر غم و اندوہ سے اسدؔ	دل وقفِ درد کر کہ فقیروں کا مال ہے	ص ۷۵
وقفِ سودائے نگاہِ تیز:	دل سراپا وقفِ سودائے نگاہِ تیز ہے	یہ زمیں مثلِ نیستاں سخت ناوک خیز ہے	ص ۸۵
وقفِ عرضِ عقدہ ہائے متصل:	حاصلِ دل بستگی ہے عمرِ کوتہ اور بس	وقفِ عرضِ عقدہ ہائے متصل تارِ نفس	ص ۴۵
وقفِ کشمکش:	تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے	مرا سر رنجِ بالیں ہے، مرا تن بارِ بستر ہے	ص ۲۱۳
وقفِ نشترزار:	در خیال آبادِ سودائے سرِ مژگانِ دوست	صد رگِ جاں جادہ آسا وقفِ نشتر زار ہے	ص ۸۳
وکٹوریا[2]:	وکٹوریا کا دہر میں جو مدح خوان ہو	شاہانِ عصر، چاہیے لیں عزت اُس سے وام	ص ۲۸۳
وکیل[3]:	جاں در ہوائے یک نگہِ گرم ہے اسدؔ!	پروانہ ہے وکیل ترے داد خواہ کا	ص ۱۳۹
وکیلِ حضرت اللہ:	اے اسدؔ! مایوس مت ہو از درِ شاہِ نجف	صاحبِ دل ہا وکیلِ حضرتِ اللہ ہے	ص ۴۵۶

۱۔ وقف : سات بار [مرتب]۔
۲۔ وکٹوریا : ایک بار۔
۳۔ وکیل : دوبار [مرتب: ایک بار]۔

ولاے[۱] ساقیِ کوثر: مانعِ بادہ کشی ناداں ہے، لیکن اے اسدؔ! بے ولاے ساقیِ کوثر کشیدن منع ہے ص ۱۱۳

ولایت[۲] عہد: دیکھیے: والیِ ولایت عہد۔

ولولے[۳]: مارا زمانے نے اسد اللہ خاں تمھیں وہ ولولے کہاں؟ وہ جوانی کدھر گئی؟ ص ۲۳۳

ولی[۴]: (۱) امامِ ظاہر و باطن، امیرِ صورت و معنی علی ولی، اسد اللہ، جانشینِ نبی ہے ص ۷۵

(۲) دیکھیو! غالبؔ سے گر اُلجھا کوئی ہے ولی پوشیدہ اور کافر کھلا ص ۱۴۰

(۳) یہ مسائلِ تصوف، یہ ترا بیان غالبؔ! تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا ص ۱۶۰

ولی عہدی[۵]: ولی عہدی میں شاہی ہو مبارک! عنایاتِ الٰہی ہو مبارک! ص ۲۹۷

وہم[۶]: (۱) یاس: تمثالِ بہار آئنۂ استغنا وہم: آئینۂ پیدائیِ تمثالِ یقیں ص ۷

(۲) ز بس خوں گشتۂ رشکِ وفا تھا وہم بسمل کا چرایا زخم ہاے دل نے پانی تیغِ قاتل کا ص ۱۷

(۳) میں مضطرب ہوں وصل میں خوفِ رقیب سے ڈالا ہے تم کو وہم نے کس پیچ و تاب میں ص ۱۸۹

(۴) جز نام، نہیں صورتِ عالم مجھے منظور جز وہم نہیں، ہستیِ اشیا مرے آگے ص ۲۲۸

دیکھیے:(۵) پرستاریِ وہم۔(۶) گرہِ وہم۔(۷) یک وہم۔

وہمِ ترازان: اے وہم ترازانِ مجازی و حقیقی عشاق، فریبِ حق و باطل سے جدا ہیں ص ۲۹۹

وہمِ تماشا: دامانِ دل بہ وہمِ تماشا نہ کھینچیے اے مدعی! خجالتِ بیجا نہ کھینچیے ص ۱۰۵

وہمِ توانائی: کرے ہے دست فرسودِ ہوس وہمِ توانائی پرِ افشاندہ در کنجِ قفس، تعویذِ بازو ہے ص ۹۸

وہمِ توکل: آئنۂ امتحاں نذرِ تغافل اسدؔ شش جہت اسباب ہے وہمِ توکل ہنوز ص ۲۲

وہمِ زر: فریبِ بہرِ تسکینِ ہوس درکار ہے، ورنہ بہ وہمِ زر گرہ میں باندھتے ہیں برقِ حاصل ہا ص ۲۳

وہمِ صد سرو گردن: حُسن و رعنائی میں وہمِ صد سرو گردن ہے فرق سرو کے قامت پہ گُل یک دامنِ کوتاہ ہے ص ۹۲

وہمِ ضعیف: دیکھیے: ایک وہمِ ضعیف۔

وہمِ طربِ ہستی: وہمِ طربِ ہستی ایجادِ سیہ مستی تسکیں دو صد محفل یک ساغرِ خالی ہے ص ۱۱۵

---

۱ ولا : ایک بار [مرکب]۔
۲ ولایت : ایک بار [مرکب]۔
۳ ولولے : ایک بار۔
۴ ولی : تین بار۔
۵ ولی عہدی : ایک بار۔
۶ وہم : اکتیس بار [مفرد: چار بار، مرکب بستر ہ بار]۔

وہمِ غفلت: وہمِ غفلت مگر احرامِ فسردن باندھے ورنہ ہر سنگ کے باطن میں شرر پنہاں ہے ص۱۱۰

وہمِ غیر: اُتنا ہی مجھ کو اپنی حقیقت سے بُعد ہے جتنا کہ وہمِ غیر سے ہوں پیچ و تاب میں ص۱۸۹

وہمِ مدعا: دیکھیے: عجز آبادِ وہمِ مدعا۔

وہمِ ناز: غافل بہ وہمِ ناز خود آرا ہے، ورنہ یہاں بے شانۂ صبا نہیں طرّہ گیاہ کا ص۱۳۸

وہمِ وجود: دیکھیے: بیاباں نوردِ وہمِ وجود۔

وہم وخیال: دیکھیے: نظر گاہِ اہلِ وہم وخیال۔

ویراں[۱]: (۱) بس کہ ہے مے خانہ ویراں جوں بیابانِ خراب عکسِ چشمِ آہوے رم خوردہ ہے داغِ شراب ص۳۱

(۲) رنجشِ دل یک جہاں ویراں کرے گی اے فلک! دشت ساماں ہے غبارِ خاطرِ آشفتگاں ص۶۶

(۳) گھر ہمارا، جو نہ روتے بھی تو ویراں ہوتا بحر گر بحر نہ ہوتا تو بیاباں ہوتا ص۱۵۸

(۴) یوں ہی گر روتا رہا غالبؔ، تو اے اہلِ جہاں! دیکھنا اِن بستیوں کو تم کہ ویراں ہوگئیں ص۱۹۲

(۵) غمِ عشاق نہ ہو سادگی آموزِ بتاں کس قدر خانۂ آئینہ ہے ویراں مجھ سے ص۲۱۱

(۶) دل پھر طوافِ کوے ملامت کو جائے ہے پندار کا صنم کدہ ویراں کیے ہوئے ص۲۲۵

(۷) دیکھیے: خراج دہِ ویراں۔ (۸) خیالِ خانہ ویراں۔

ویراں تر: آرزوے خانہ آبادی نے ویراں تر کیا کیا کروں، گر سایۂ دیوار سیلابی کرے ص۱۰۰

ویراں ساز: دیکھیے: عشقِ خانہ ویراں ساز۔

ویراں سازیِ حیرت: دیکھیے: خانہ ویراں سازیِ حیرت۔

ویراں کار: دیکھیے: حُسنِ ویراں کار۔

ویرانہ[۲]: (۱) بس کہ جوشِ گریہ سے زیر و زبر ویرانہ تھا چاکِ موجِ سیل تا پیراہنِ دیوانہ تھا ص۲۵

(۲) شکوۂ یاراں غبارِ دل میں پنہاں کردیا غالبؔ! ایسے گنج کو شایاں یہی ویرانہ تھا ص۲۵

(۳) ہے فروغِ ماہ سے ہر موج اک تصویرِ چاک سیل سے فرشِ کتاں کرتے ہیں تا ویرانہ ہم ص۵۳

۱۔ ویراں : بارہ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: چھے بار]۔ ۲۔ ویرانہ : پانچ بار۔

(۴) دیوانگاں ہیں حاملِ رازِ نہانِ عشق اے بے تمیز! گنج کو ویرانہ چاہیے ص۸۲

(۵) بے ذوقِ گریہ، عزمِ سفر کیجیے اسدؔ! رختِ جنونِ سیل بہ ویرانہ کھینچیے ص۱۰۵

ویرانی[۱]: (۱) بس کہ ویرانی سے کفر و دیں ہوئے زیر و زبر گردِ صحرائے حرم تا کوچۂ زنّار ہے ص۸۳

(۲) نگہِ معمارِ حسرت ہا چہ آبادی؟ چہ ویرانی؟ کہ مژگاں جس طرف وا ہو، بہ کفِ دامانِ صحرا ہے ص۸۴

(۳)،(۴) کوئی ویرانی سی ویرانی ہے! دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا ص۱۵۲

(۵) اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ، ویرانی تماشا کر مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے درباں کا ص۱۵۷

(۶) دیکھیے: افسوسِ ویرانی۔(۷) جوشِ ویرانی۔(۸)،(۹)،(۱۰) خانہ ویرانی [تین بار]۔

(۱۱) غبارِ راہِ ویرانی۔(۱۲) قطعِ لباسِ خانہ ویرانی۔(۱۳) خانہ ویرانیِ اُمید۔(۱۴) من جملۂ اسبابِ ویرانی۔

ویرانیِ دل ہا: بسانِ جوہرِ آئینہ، از ویرانیِ دل ہا غبارِ کوچہ ہائے موج ہے خاشاکِ ساحل ہا ص۴۳

ویرانیے: ویرانیے جز آمد و رفتِ نفس نہیں ہے کوچہ ہائے نَے میں غبارِ صدا بلند ص۳۸

---

[۱] ویرانی : چودہ بار [مفرد: پانچ بار، مرکب: نو بار]۔

[۲] ویرانیے : ایک بار۔

ہ

ہات[۱] [بہ قافیہ بات]: خستگی کا ہو بھلا، جس کے سبب سے سرِ دست — نسبت اک گونہ مرے دل کو ترے ہات سے ہے — ص۱۲۸

ہاتفِ[۲] غیب: ہاتفِ غیب سُن کے یہ، چیخا — میری تاریخ، اُن کا تاریخا — ص۲۹۳

ہاتھ[۳]: (۱) وحشتِ فرصتِ یک جُنبشِ کشش نے کھویا — صورتِ رنگِ حنا ہاتھ سے دامانِ بہار — ص۶

(۲) پا پُر از آبلہ راہِ طلبِ مے میں ہوا — ہاتھ آیا نہیں یک دانۂ انگور ہنوز — ص۴۵

(۳) مضمونِ وصل ہاتھ نہ آیا، مگر اُسے — اب طائرِ پریدۂ رنگِ حنا کہوں — ص۵۶

(۴)، (۵) ہاتھ پر ہو ہاتھ تو درسِ تاسف ہی سہی — شوق مفتِ زندگی ہے اے بہ غفلت مُردگاں! — ص۶۶

(۶) اُٹھاوے کب وہ جانِ شرم تہمت قتلِ عاشق کی — کہ جس کے ہاتھ میں مانندِ خوں رنگِ حنا گم ہو — ص۶۸

(۷)، (۸) ہاتھ پر گر ہاتھ مارے یار وقتِ قہقہہ — کرمکِ شب تاب آسا مہ پر افشانی کرے — ص۸۲

(۹) نہ ہووے کیوں کہ اُسے فرض قتلِ اہلِ وفا — لہو میں ہاتھ کے بھرنے کو جو وضو جانے — ص۹۹

(۱۰) جنوں نے مجھ کو بنایا ہے مدّعی میرا — ہمیشہ ہاتھ میں میرے مرا گریباں ہے — ص۱۰۲

(۱۱) ہاتھ میں تیرے رہے توسنِ دولت کی عناں! — یہ دعا شام و سحر قاضیِ حاجات سے ہے — ص۱۲۸

(۱۲) کانوں پہ ہاتھ دھرتے ہیں، کرتے ہوئے سلام — اِس سے ہے یہ مراد کہ ہم آشنا نہیں — ص۱۳۶

(۱۳) دیکھنا میرے ہاتھ میں لبریز — اپنی صورت کا اک بلوریں جام — ص۱۳۶

---

[۱] ہات : ایک بار۔

[۲] ہاتف : ایک بار [مرکّب]۔

[۳] ہاتھ : چھبّیس بار۔
ہاتھوں : پانچ بار۔

(۱۴) ہاتھ سے رکھ دی کب ابرو نے کماں؟ — کب کمر سے غمزے کی خنجر کھلا؟ ص ۱۳۰

(۱۵) قاصد کو اپنے ہاتھ سے گردن نہ ماریے — اُس کی خطا نہیں ہے، یہ میرا قصور تھا ص ۱۳۸

(۱۶) گرچہ ہوں دیوانہ، پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب — آستیں میں دشنہ پنہاں، ہاتھ میں نشتر کھلا ص ۱۶۰

(۱۷) آتا ہے میرے قتل کو، پر جوشِ رشک سے — مرتا ہوں اُس کے ہاتھ میں تلوار دیکھ کر ص ۱۶۹

(۱۸) واحسرتا! کہ یار نے کھینچا ستم سے ہاتھ — ہم کو حریصِ لذّتِ آزار دیکھ کر ص ۱۶۹

(۱۹) شوریدگی کے ہاتھ سے ہے سر وبالِ دوش — صحرا میں اے خدا کوئی دیوار بھی نہیں! ص ۱۸۳

(۲۰) اِس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا! — لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں ص ۱۸۳

(۲۱) رَو میں ہے رخشِ عمر، کہاں دیکھیے تھمے — نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں ص ۱۸۹

(۲۲)،(۲۳) جاں فزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آگیا — سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہوگئیں ص ۱۹۲

(۲۴) حاصل سے ہاتھ دھو بیٹھ اے آرزو خرامی! — دل جوشِ گریہ میں ہے ڈوبی ہوئی اسامی ص ۲۰۳

(۲۵) ہاتھ ہی تیغ آزما کا کام سے جاتا رہا — دل پہ اک لگنے نہ پایا زخمِ کاری، ہائے ہائے! ص ۲۰۳

(۲۶) بیکاریِ جنوں کو ہے سر پیٹنے کا شغل — جب ہاتھ ٹوٹ جائیں تو پھر کیا کرے کوئی ص ۲۱۵

(۲۷) ہاتھ دھو دل سے، یہی گرمی گر اندیشے میں ہے — آبگینہ تندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے ص ۲۲۱

(۲۸) لکھتے رہے جنوں کی حکایاتِ خوں چکاں — ہر چند اِس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے ص ۲۲۶

(۲۹) میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالبؔ — مفت ہاتھ آئے تو بُرا کیا ہے ص ۲۳۸

(۳۰) اِس نزاکت کا بُرا ہو، وہ بھلے ہیں تو کیا — ہاتھ آویں تو اُنھیں ہاتھ لگائے نہ بنے ص ۲۳۶

(۳۱) تمھیں نہیں ہے سرِ رشتۂ وفا کا خیال — ہمارے ہاتھ میں کچھ ہے، مگر ہے کیا؟ کہیے ص ۲۴۷

(۳۲) گو ہاتھ کو جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے — رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے ص ۲۴۹

(۳۳) جو ہاتھ کہ ظلم سے اُٹھایا ہوگا — کیوں کر مانوں کہ اُس میں تلوار نہیں ص ۲۵۳

(۳۴) ہم رُتبہ میکلوڈ بہادر کہ وقتِ رزم — تُرکِ فلک کے ہاتھ سے وہ چھین لیں حسام ص ۲۸۲

(۳۵) ظاہر کرے ہے جنبشِ مژگاں سے مدعا — طفلانہ ہاتھ کا ہے اشارہ زبانِ اشک ص ۵۰

(۳۶) اسدؔ! خوشی سے مرے ہاتھ پانْو پھول گئے — کہا جو اُس نے: ذرا میرے پانْو داب تو دے — ص ۲۲۳

ہاتھوں: (۱) شوقِ بے پروا کے ہاتھوں، مثلِ ساز نادرست — کھینچتا ہے آج نالے خارج از آہنگ دل — ص ۵۳

(۲) پانْو میں جب وہ حنا باندھتے ہیں — میرے ہاتھوں کو جدا باندھتے ہیں — ص ۵۸

(۳) خدا شرمائے ہاتھوں کو! کہ رکھتے ہیں کشاکش میں — کبھی میرے گریباں کو، کبھی جاناں کے دامن کو — ص ۱۹۸

(۴) بجز زخمِ تیغِ ناز، نہیں دل میں آرزو — جَیبِ خیال بھی ترے ہاتھوں سے چاک ہے — ص ۲۱۶

(۵) دل کے ہاتھوں سے، کہ ہے دشمنِ جانی میرا — ہوں اک آفت میں گرفتار، کہوں یا نہ کہوں — ص ۲۹۸

ہار[1]: کھلے یہ گانٹھ تو البتہ دم نکل جاوے — بری طرح سے ہوئی ہے گلے کا ہار، گرہ — ص ۲۷۹

ہالہ[2]: خط جو رُخ پر جانشینِ ہالۂ مہ ہو گیا — ہالہ، دودِ شعلۂ جوّالۂ مہ ہو گیا — ص ۲۲۵

ہالہ پیرا: دیکھیے: ماہ تابِ ہالہ پیرا۔

ہالہ صفت: وہ فلک رتبہ کہ بر توسنِ چالاک چڑھا — ماہ پہ ہالہ صفت حلقۂ فتراک چڑھا — ص ۲۲۵

ہالۂ دیگر: حلقۂ گیسو کھلا دورِ خطِ رُخسار پر — ہالۂ دیگر بہ گردِ ہالۂ مہ ہو گیا — ص ۲۲۵

ہالۂ مہ: (۱) دیکھیے: ہالہ[۱]۔

(۲) دیکھیے: گردِ ہالۂ مہ [تحت: ہالۂ دیگر]۔

ہائے[3]: (۱) کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہائے! اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا — ص ۱۵۰

(۲) گریہ نکالے ہے تری بزم سے مجھ کو — ہائے! کہ رونے پہ اختیار نہیں ہے — ص ۲۰۸

ہائے ہائے[4]: (۱) گر مصیبت تھی تو غربت میں اُٹھا لیتا اسدؔ — میری، دلّی ہی میں ہونی تھی یہ خواری، ہائے ہائے — ص ۷۵

(۲) غالبؔ خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں — روئیے زار زار کیا، کیجیے ہائے ہائے کیوں — ص ۱۹۳

[بہ طور ردیف چار بار، ص ۱۳۳]:

(۳) کلکتے کا جو ذکر کیا تو نے ہم نشیں! — اک تیر میرے سینے میں مارا کہ ہائے ہائے!

(۴) وہ سبزہ زار ہائے مُطرّا کہ ہے غضب! — وہ نازنیں بتانِ خود آرا کہ ہائے ہائے!

---

[1] ہار : ایک بار۔
[2] ہالہ : چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔
[3] ہائے : دو بار۔
ہائے ہائے : اُنیس بار۔

(۵) صبر آزما وہ اُن کی نگاہیں کہ حف نظر!
طاقت رُبا وہ اُن کا اشارا کہ ہاے ہاے!

(۶) وہ میوہ ہاے تازۂ شیریں کہ واہ واہ!
وہ بادہ ہاے ناب گوارا کہ ہاے ہاے!

[تیرہ بار بہ طور ردیف، ص ۲۰۴]:

(۷)، (۸) دردسے میرے، ہے تجھ کو بے قراری، ہاے ہاے!
کیا ہوئی ظالم تری غفلت شعاری؟ ہاے ہاے!

(۹) تیرے دل میں گر نہ تھا آشوبِ غم کا حوصلہ
تو نے پھر کیوں کی تھی میری غم گساری؟ ہاے ہاے!

(۱۰) کیوں مری غم خوارگی کا تجھ کو آیا تھا خیال؟
دشمنی اپنی تھی میری غم گساری، ہاے ہاے!

(۱۱) عمر بھر کا تو نے پیمانِ وفا باندھا تو کیا!
عمر کو بھی تو نہیں ہے پایداری، ہاے ہاے!

(۱۲) زہر لگتی ہے مجھے آب و ہواے زندگی
یعنی تجھ سے تھی اِسے ناسازگاری، ہاے ہاے!

(۱۳) گل فشانی ہاے نازِ جلوہ کو کیا ہو گیا؟
خاک پر ہوتی ہے تیری لالہ کاری، ہاے ہاے!

(۱۴) شرمِ رُسوائی سے جا چھپنا نقابِ خاک میں
ختم ہے اُلفت کی تجھ پر پردہ داری، ہاے ہاے!

(۱۵) خاک میں ناموسِ پیمانِ محبت مل گئی
اُٹھ گئی دُنیا سے راہ و رسمِ یاری، ہاے ہاے!

(۱۶) ہاتھ ہی تیغ آزما کا کام سے جاتا رہا
دل پہ اک لگنے نہ پایا زخمِ کاری، ہاے ہاے!

(۱۷) کس طرح کاٹے کوئی شب ہاے تارِ برشکال
ہے نظر خو کردۂ اختر شماری، ہاے ہاے!

(۱۸) گوش مہجورِ پیام و چشم محرومِ جمال
ایک دل، تس پر یہ ناامیدواری، ہاے ہاے!

(۱۹) عشق نے پکڑا نہ تھا غالبؔ ابھی وحشت کا رنگ
رہ گیا تھا دل میں جو کچھ ذوقِ خواری، ہاے ہاے!

ہتھکنڈے[ا]: خستگی کا تم سے کیا شکوہ، کہ یہ
ہتھکنڈے ہیں چرخِ نیلی فام کے — ص ۲۵۰

ہجر[ب]: (۱) غیر یوں کرتا ہے میری پُرسش اس کے ہجر میں
بے تکلف دوست ہو جیسے کوئی غم خوارِ دوست — ص ۱۶۳

(۲) یہ ہم جو ہجر میں دیوار و در کو دیکھتے ہیں
کبھی صبا کو، کبھی نامہ بر کو دیکھتے ہیں — ص ۱۸۷

(۳) ہے وصل، ہجر عالمِ تمکین و ضبط میں
معشوقِ شوخ و عاشقِ دیوانہ چاہیے — ص ۲۱۱

(۴) گرمِ فریاد رکھا شکلِ نہالی نے مجھے
تب اماں ہجر میں دی بردِ لیالی نے مجھے — ص ۲۲۲

ا ہتھکنڈے: ایک بار۔

ب ہجر: تیرہ بار [مفرد: چار بار، مرکب: نو بار]۔

دیکھیے ـــــ: (۵) بیکسی ہائے شبِ ہجر۔ (۶) تب و تابِ ہجر۔ (۷) شامِ ہجر۔ (۸) شب و روزِ ہجر۔ (۹) شب ہائے ہجر۔ (۱۰) شب ہائے ہجرِ یار۔ (۱۱) غمِ ہجر۔

ہجرِ یار: کہوں کیا، دل کی کیا حالت ہے ہجرِ یار میں غالبؔ! — کہ بیتابی سے ہر یک تارِ بستر، خارِ بستر ہے ص ۲۱۳

ہجرِ یارانِ وطن: طاقتِ رنجِ سفر بھی نہیں پاتے اتنی — ہجرِ یارانِ وطن کا بھی الم ہے ہم کو ص ۷۰

ہجراں[۱]: (۱) اس طرح کے وصال سے یارب! — کیا مٹے دل سے داغ ہجراں کا ص ۲۶۰

دیکھیے ـــــ: (۲) تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں۔ (۳) تلخیِ غمِ ہجراں۔ (۴) شبِ ہجراں۔ (۵) شب ہائے ہجراں۔ (۶) شکوۂ ہجراں۔

ہجری[۲]: دیکھیے: سالِ ہجری۔

ہجومِ[۳] اشک: وھاں خود آرائی کو تھا موتی پرونے کا خیال — یھاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا ص ۱۳۵

ہجومِ برق: بہارِ گل، دماغِ نشۂ ایجادِ مجنوں ہے — ہجومِ برق سے چرخِ وزیں میں یک قطرۂ خوں ہے ص ۱۱۱

ہجومِ بلا: وفور وفا ہے، ہجومِ بلا ہے — سلامت ملامت، ملامت سلامت ص ۳۳

ہجومِ تمنا: (۱) اسدؔ! شکوہ کفر و دعا ناسپاسی — ہجومِ تمنا سے لاچار ہیں ہم ص ۵۵

(۲) دیکھیے: کیفیتِ ہجومِ تمنا۔

ہجومِ خار و خس: بجائے غنچہ و گل، ہے ہجومِ خار و خس یھاں تک — کہ صرف بخیۂ دامن ہوا ہے خندہ گلچیں کا ص ۲۸

ہجومِ خانہ بردوشاں: پریشانی اسدؔ! در پردہ ہے سامانِ جمعیت — کہ ہے آبادیِ صحرا ہجومِ خانہ بردوشاں ص ۳۴۹

ہجومِ خمِ دوشِ مزدور: فلک العرش: ہجومِ خمِ دوشِ مزدور — رشتۂ فیضِ ازل: سازِ طنابِ معمار ص ۳۳۲

ہجومِ دردِ غریبی: سر پہ ہجومِ دردِ غریبی سے ڈالیے — وہ ایک مشتِ خاک کہ صحرا کہیں جسے ص ۲۱۸

ہجومِ دو جہاں کیفیت: خانۂ تنگ: ہجومِ دو جہاں کیفیت — جامِ جمشید ہے یھاں قالبِ خشتِ دیوار ص ۴

ہجومِ ریزشِ خوں: ہجومِ ریزشِ خوں کے سبب رنگ اُڑ نہیں سکتا — حنائے پنجۂ صیاد، مرغِ رشتہ برپا ہے ص ۸۴

ہجومِ سادہ لوحی: ہجومِ سادہ لوحی پنبۂ گوشِ حریفاں ہے — وگرنہ خواب کی مضمر ہیں افسانے میں تعبیریں ص ۹۴

---

[۱] ہجراں: چھے بار [مفرد: ایک بار، مرکب: پانچ بار]۔ [۲] ہجری: ایک بار [مرکب]۔ [۳] ہجوم: چوبیس بار [مرکب]۔

ہجومِ سرشک: دیکھیے: آں سوے ہجومِ سرشک۔

ہجومِ ضبطِ فغاں: ہجومِ ضبطِ فغاں سے مری زبانِ خموش — بہ زنگ بستۂ زہرابِ دادہ پیکاں ہے — ص ۱۰۲

ہجومِ عجز: بوسۂ پا، انتخابِ بدگمانی ہاے حُسن — یہاں ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز — ص ۴۴

ہجومِ غم: ہجومِ غم سے یہاں تک سرنگونی مجھ کو حاصل ہے — کہ تارِ دامن و تارِ نظر میں فرق مشکل ہے — ص ۲۰۸

ہجومِ فکر: ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے — کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آبگینہ گداز — ص ۴۳

ہجومِ گریہ: ہجومِ گریہ سوے دل، خوشا سرمایۂ طوفاں! — برانگشتِ حسابِ اشک ناخن نعلِ واژوں ہے — ص ۱۱۱

ہجومِ گریہ کا سامان کب کیا میں نے — کہ گر پڑے نہ مرے پانو پر در و دیوار — ص ۱۶۷

ہجومِ لذتِ غلتانیِ تپش: حیرت ہجومِ لذتِ غلتانیِ تپش — سیماب بالش و کمرِ دل ہے آئنہ — ص ۷۰

ہجومِ مژدۂ دیدار: ہجومِ مژدۂ دیدار و پروازِ تماشا ہا — گلِ اقبالِ خس ہے چشمِ بلبل آشیانے میں — ص ۵۸

ہجومِ ناامیدی: بس ہجومِ ناامیدی! خاک میں مل جائے گی — یہ جو اک لذت ہماری سعیِ بے حاصل میں ہے — ص ۲۳۱

ہجومِ نالہ: ہجومِ نالہ حیرت عاجزِ عرضِ یک افغاں ہے — خموشی، ریشۂ صد نیستاں سے خس بہ دنداں ہے — ص ۲۱۰

ہجومِ نغمہ ہاے سازِ عشرت: وہاں ہجومِ نغمہ ہاے سازِ عشرت تھا اسدؔ — ناخنِ غم یہاں سرِ تارِ نفَس مضراب تھا — ص ۱۵

ہدف[۱]: تیر کو تیرے تیرِ غیر: ہدف — تیغ کو تیری تیغِ خصم: نیام — ص ۱۳۸

ہدفِ ناوکِ بیداد: کیوں نہ ٹھہریں ہدفِ ناوکِ بیداد کہ ہم — آپ اٹھا لاتے ہیں، گر تیر خطا ہوتا ہے — ص ۲۳۰

ہدہد[۲]: (۱) ترے کوچے میں ہے مشاطۂ واماندگی قاصد — پرِ پروازِ زلفِ ناز ہے ہدہد کے شانے میں — ص ۵۸

(۲) دیکھیے: خونِ ہدہد۔ (۳) فرقِ ہدہد۔

ہدیہ[۳]: جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغِ جگر ہدیہ — مبارک باد اسدؔ! غم خوارِ جانِ دردمند آیا — ص ۱۳۲

ہذیانِ[۴] تحریر: دیکھیے: خامۂ ہذیانِ تحریر۔

ہر[۵] ادا: دیکھیے: مخمورِ ہر ادا۔

---

۱ ہدف : دو بار [مرکب: ایک بار]۔

۲ ہدہد : تین بار [مفرد: ایک بار، مرکب: دو بار]۔

۳ ہدیہ : ایک بار۔

۴ ہذیاں : ایک بار [مرکب]۔

۵ ہر : ایک سو باون بار۔

ہر استخواں:	نوازشِ نفسِ آشنا کہاں، ورنہ	بہ رنگِ نَے ہے نہاں در ہر استخواں فریاد	ص ۳۷
ہر اشک:	اسدؔ! ہر اشک ہے یک حلقہ بر زنجیرِ افزودن	بہ بندِ گریہ ہے نقشِ برآب اُمیدِ رستن ہا	ص ۴۳
ہر اشکِ چشم	ہر اشکِ چشم سے یک حلقۂ زنجیر بڑھتا ہے	بہ بندِ گریہ ہے نقشِ برآب اندیشہ رستن کا	ص ۲۷
ہر انگشت:	میں اُلفتِ مژگاں میں جو انگشت نما ہوں	لگتی ہے مجھے تیر کے مانند ہر انگشت	ص ۳۲
	(۲) خوں دل میں جو میرے نہیں باقی، تو پھر اُس کی	جوں ماہیِ بے آب تڑپتی ہے ہر انگشت	ص ۳۲
ہر بات:	(۱) بلائے جاں ہے غالبؔ! اُس کی ہر بات	عبارت کیا، اشارت کیا، ادا کیا	ص ۱۵۸
	(۲) دیکھیے، لاتی ہے اُس شوخ کی نخوت کیا رنگ	اُس کی ہر بات پہ ہم "نامِ خدا" کہتے ہیں	ص ۱۸۸
ہر بُتِ پیغارہ جو:	دیکھیے: دہانِ ہر بُتِ پیغارہ جو۔		
ہر بُتِ خرشید طلعت:	بس کہ تیرے جلوۂ دیدار کا ہے اشتیاق	ہر بُتِ خرشید طلعت آفتابِ بام ہے	ص ۱۰۱
ہر برس:	تم سلامت رہو ہزار برس	ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار!	ص ۱۲۷
ہر برگ:	دیکھیے: جُنبشِ ہر برگ۔		
ہر برگِ گل:	کس کا خیال آئنۂ انتظار تھا؟	ہر برگِ گل کے پردے میں دل بے قرار تھا	ص ۱۷
ہر برگِ نخلِ طور:	بزمِ خوباں بس کہ جوشِ جلوہ سے پُرنور ہے	پشتِ دستِ عجز یعنی ہر برگِ نخلِ طور ہے	ص ۹۳
ہر بلہوس:	ہر بلہوس نے حُسن پرستی شعار کی	اب آبروئے شیوۂ اہلِ نظر گئی	ص ۲۳۳
ہر بُنِ مو:	(۱) ضبطِ جنوں سے ہر بُنِ مو ہے ترانہ خیز	یک نالہ بیٹھیے تو نیستاں اُٹھائیے	ص ۴۳
	(۲) ہنوز محرمیِ حُسن کو ترستا ہوں	کرے ہے ہر بُنِ مو کام چشمِ بینا کا	ص ۱۳۷
	(۳) ہر بُنِ مو سے دمِ ذکر نہ ٹپکے خوناب	حمزہ کا قصہ ہوا، عشق کا چرچا نہ ہوا	ص ۱۹۳
ہر بیاباں:	ذرّہ ورے مجنوں کے کس کس داغ کو پروازِ عرض	ہر بیاباں، یک بیاباں حسرتِ تعمیر ہے	ص ۹۵
ہر بیگانہ:	گر نہیں پاتا درونِ خانہ ہر بیگانہ، جا	بر درِ نکشودۂ دل پاسبانی مفت ہے	ص ۱۱۳
ہر پارہ سنگ:	اے وائے غفلتِ نگہِ شوق! ورنہ یہاں	ہر پارہ سنگ لختِ دلِ کوہِ طور تھا	ص ۱۸
ہر پارۂ ابر:	حسرتِ جلوۂ ساقی ہے کہ ہر پارۂ ابر	سینہ بیتابی سے ملتا ہے بہ تیغِ کہسار	ص ۲

ہر پارۂ دل: یک تار نفس میں، جوں طنابِ صباغ — ہر پارۂ دل بہ رنگِ دیگر ہے آج — ص ۱۱۸

ہر پلک: ہنر پیدا کیا ہے میں نے حیرت آزمائی میں — کہ جوہر آئنے کا، ہر پلک ہے چشمِ حیراں کی — ص ۷۶

ہر پیادہ: بس کہ بخشی ہے فوج کو عزت — فوج کا ہر پیادہ، ہے فرزیں — ص ۲۸۱

ہر پیکرِ تصویر: نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا؟ — کاغذی ہے، پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا — ص ۱۳۲

ہر تار: تب چاکِ گریباں کا مزا ہے دلِ نالاں! — جب اک نفس الجھا ہوا ہر تار میں آوے — ص ۲۳۳

ہر تارِ بستر: (۱) بہ ذوقِ شوخیِ اعضا تکلف بارِ بستر ہے — معافِ پیچ و تابِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے — ص ۸۵

(۲) تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے — مرا سر رنجِ بالیں ہے، مرا تن بارِ بستر ہے — ص ۲۱۲

ہر تارِ زلف: حلقے ہیں چشم ہائے کشادہ بہ سوئے دل — ہر تارِ زلف کو نگہِ سرمہ سا کہوں — ص ۱۶۸

ہر تپش: ریگِ روان و ہر تپش درسِ تسلیِ شعاع — آئنہ توڑا اے خیال! جلوے کو خوبہا سمجھ — ص ۴۲

ہر تمنا: دیکھیے: گدازِ ہر تمنا۔

ہر جا: (۱) اسدؔ! ہر جا سخن نے طرحِ باغِ تازہ ڈالی ہے — مجھے رنگِ بہارِ ایجادیِ بیدلؔ پسند آیا — ص ۱۲

(۲) ہے سرنوشت میں رقمِ وا شکستگی — ہوں جوں خطِ شکستہ بہ ہر جا شکستہ دل — ص ۵۱

ہر جزوِ آشیاں: ہے بوئے گل غریبِ تسلیِ گہِ وطن — ہر جزوِ آشیاں پہ پرواز ہے مجھے — ص ۹۷

ہر چشمِ آہو: دیکھیے: پیمانۂ ہر چشمِ آہو۔

ہر حلقۂ زنجیر: گرفتاری میں فرمانِ خطِ تقدیر ہے پیدا — کہ طوقِ قمری از ہر حلقۂ زنجیر ہے پیدا — ص ۳۰

ہر خار: (۱) دیکھیے: بُنِ ہر خار۔ (۲) سرِ ہر خار۔ (۳) نوکِ ہر خار۔ (۴) رگِ ہر خار۔

ہر خاک بہ گردوں شدہ: دیکھیے: کفِ ہر خاک بہ گردوں شدہ۔

ہر خاک گلشن: دیکھیے: کفِ ہر خاک گلشن۔

ہر خلوت وجلوت: نگاہِ عبرت افسوں گاہ برق و گاہ مشعل ہے — ہوا ہر خلوت وجلوت سے حاصل ذوقِ تنہائی — ص ۹۲

ہر داغِ تازہ: ~~ہر داغِ تازہ~~ یک دلِ داغ انتظار ہے — عرضِ فضائے سینۂ دردِ امتحاں نہ پوچھ — ص ۷۰

ہر داغِ دل: دکھاؤں گا تماشا، دی اگر فرصت زمانے نے — مرا ہر داغِ دل، اک تخم ہے سروِ چراغاں کا — ص ۱۵۶

ہر دانہ: موسمِ گل میں مےِ گل گوں حلالِ مے کشاں — عقدِ وصلِ دُختِ رز انگور کا ہر دانہ تھا ص۲۵

ہر دانۂ اشک: دنداں کا خیال چشمِ تر! کر — ہر دانۂ اشک کو گہر کر ص۳۳۸

ہر دانۂ صیاد: ہے زخم آفریں آرائشِ بیداد یہاں — اشکِ چشمِ دام ہے ہر دانۂ صیاد یہاں ص۵۷

ہر در: دیکھیے: شایستۂ ہر در۔

ہر درد: پیدا ہوئی ہے، کہتے ہیں، ہر درد کی دوا — یوں ہو تو چارۂ غمِ اُلفت ہی کیوں نہ ہو ص۱۹۳

ہر دردمندے: دیکھیے: دلِ ہر دردمندے۔

ہر در و دیوار: ہوئی ہے کس قدر ارزانیِ مے جلوہ — کہ مست ہے ترے کوچے میں ہر در و دیوار ص۱۶۷

ہر در و دیوارِ غم کدہ: ہے سبزہ زار ہر در و دیوارِ غم کدہ — جس کی بہار یہ ہو، پھر اُس کی خزاں نہ پوچھ ص۲۰۱

ہر دشت: دیکھیے: جادۂ ہر دشت۔

ہر ذرہ: (۱) طاؤس در رکاب ہے ہر ذرہ آہ کا — یارب! نفَس غبار ہے کس جلوہ گاہ کا؟ ص۱۹

(۲) ہر ذرہ یک دلِ پاک، آئینہ خانہ ہے خاک — تمثالِ شوقِ بیباک صد جا دو چار صحرا ص۲۶

(۳) طاؤسِ خاک، حُسنِ نظر باز ہے مجھے — ہر ذرہ، چشمکِ نگہِ ناز ہے مجھے ص۹۷

(۴) وہ تشنۂ سرشارِ تمنا ہوں کہ جس کو — ہر ذرہ بہ کیفیتِ دیگر نظر آوے ص۱۱۳

(۵) موجِ سرابِ دشتِ وفا کا نہ پوچھ حال — ہر ذرہ مثلِ جوہرِ تیغ آبدار تھا ص۱۵۳

(۶) بے پردہ سوے وادیِ مجنوں گزر نہ کر — ہر ذرّے کے نقاب میں دل بے قرار ہے ص۲۱۷

دیکھیے ______: (۷) بدمستیِ ہر ذرہ۔ (۸) جامِ ہر ذرہ۔ (۹) سرِ ہر ذرہ۔ (۱۰) نعل در آتشِ ہر ذرہ۔ (۱۱) نقشِ ہر ذرہ۔

ہر ذرۂ خاک: ~~ہر ذرۂ خاک~~ عرضِ تمنائے رفتگاں — آئینہ ہا شکستہ و تمثال ہا گرو ص۶۹

ہر ذرۂ خاک: ساغرِ جلوۂ سرشار ہے ہر ذرۂ خاک — شوقِ دیدار بلا آئنہ سامان نکلا ص۱۳

ہر ذرۂ نیرنگ سواد: جلوہ تمثال ہے ہر ذرۂ نیرنگ سواد — بزمِ آئینۂ تصویر نما مشتِ غبار ص۴

ہر رات: پروانے کا نہ غم ہو تو پھر کس لیے اسدؔ — ہر رات شمع شام سے لے تا سحر جلے ص۳۰۲

ہر رشتہ:	حیرت فروشِ صد نگرانی ہے اضطرار	ہر رشتہ چاکِ جَیب کا تارِ نظر ہے آج	ص۳۲
ہر رنگ:	ہر رنگ میں جلا اسدؔ فتنہ انتظار	پروانۂ تجلیِ شمعِ ظہور تھا	ص۱۸
	(۲) عشق کو ہر رنگ شانِ حُسن ہے مدِّ نظر	مصرعِ بروچمن ہے حسبِ حالِ عندلیب	ص۳۲
	(۳) بیکاریِ تسلیم بہ ہر رنگ چمن ہے	گر خاک ہو، گلدستۂ صد نقشِ قدم باندھ	ص۷۱
	(۴) شوق، ہر رنگ رقیبِ سرو ساماں نکلا	قیس تصویر کے پردے میں بھی عُریاں نکلا	ص۱۴۳
	(۵) بخشے ہے جلوۂ گل ذوقِ تماشا، غالبؔ!	چشم کو چاہیے ہر رنگ میں وا ہوجانا	ص۱۵۶
	(۶) غمِ ہستی کا اسدؔ! کس سے ہو جُز مرگ علاج	شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہوتے تک	ص۱۷۵
	(۷) ہے رنگِ لالہ و گل و نسریں جدا جدا	ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیے	ص۲۲۰
ہر رنگ جنوں:	دیکھیے: وصلِ ہر رنگ جنوں۔		
ہر رنگِ سوز	ہر رنگِ سوز پردۂ یک ساز ہے مجھے	بالِ سمندر آئنۂ ناز ہے مجھے	ص۹۶
ہر رنگ گردش	ہر رنگ گردش آئنہ ایجادِ درد ہے	اشکِ سحاب جُز بہ وداعِ خزاں نہیں	ص۵۷
ہر زخمِ نمایاں:	ذوقِ سرشار سے بے پردہ ہے طوفاں میرا	موجِ خمیازہ ہے ہر زخمِ نمایاں میرا	ص۲۱
ہر سبزۂ نوخاستہ:	سرمایۂ وحشت ہے دلا! سایۂ گلزار	ہر سبزۂ نوخاستہ یک بالِ پری ہے	ص۲۵۳
ہر سرِ انگشت:	کثرتِ انشائے مضمونِ تحیّر سے اسدؔ!	ہر سرِ انگشت نوکِ خامۂ فرسودہ ہے	ص۱۰۳
ہر سرِ راہ:	یہ اُس کے عدل سے اضداد کو ہے آمیزش	کہ دشت و کوہ کے اطراف میں بہ ہر سرِ راہ	ص۲۷۷
ہر سرِ مو:	دیکھیے: زبانِ ہر سرِ مو۔		
ہر سلحشور:	بس کہ فعالِ ما یُرید ہے آج	ہر سلحشور انگلستاں کا	ص۲۶۰
ہر سنگ:	دیکھیے: رگِ ہر سنگ۔		
ہر سنگ و خشت:	ہر سنگ و خشت ہے صدفِ گوہرِ شکست	نقصاں نہیں، جنوں سے جو سودا کرے کوئی	ص۲۱۵
ہر سینکڑے:	ہر سینکڑے کو ایک گرہ فرض کریں	ایسی گرہیں ہزار ہوں بلکہ ہوا	ص۲۵۳
ہر شب:	(۱) صبح تا پیدا ہے کلفت خانۂ ادبار میں	توڑتا ہوتا ہے رنگِ یک نفس ہر شب مجھے	ص۸۶

(۲) پھونکتا ہے نالہ ہر شب صور اسرافیل کی — ہم کو جلدی ہے مگر تو نے قیامت ڈھیل کی — ص۹۱

(۳) ساقی گری کی شرم کرو آج، ورنہ ہم — ہر شب پیا ہی کرتے ہیں مے جس قدر ملے — ص۲۳۶

ہر شمع: (۱) دیکھیے: رشتۂ ہر شمع۔

(۲) گرمی ہے زباں کی سببِ سوختنِ جاں — ہر شمع شہادت کو ہے یھاں سر بسر انگشت — ص۳۲

(۳) زبس ہر شمع یھاں آئینۂ حیرت پرستی ہے — کرے ہیں غنچۂ منقارِ طوطی نقش گلگیریں — ص۶۳

ہر شکستِ قیمتِ دل: خود فروشی ہائے ہستی بس کہ جائے خندہ ہے — ہر شکستِ قیمتِ دل میں صدائے خندہ ہے — ص۸۷

ہر صبح: (۱) جلوۂ ریگِ رواں دیکھ کے، گردوں ہر صبح — خاک پر توڑے ہے آئینۂ نازِ پرویں — ص۸

(۲) جنبشِ ہر برگ سے ہے گل کے لب کو اختلاج — تبِ شبنم سے صبا ہر صبح کرتی ہے علاج — ۳۵

ہر صریرِ خامہ: بت پرستی ہے بہارِ نقش بندی ہائے دہر — ہر صریرِ خامہ میں یک نالۂ ناقوس تھا — ص۲۱

ہر طرف: (۱) دیکھیے: ہر سو[۱]۔

(۲) سطحِ گردوں پر پڑا تھا رات کو — موتیوں کا ہر طرف زیور کھلا — ص۳۹

(۳) آزادیِ نسیم مبارک! کہ ہر طرف — ٹوٹے پڑے ہیں حلقۂ دامِ ہوائے گل — ص۱۷۶

(۴) ہے جوشِ گل بہار میں یھاں تک کہ ہر طرف — اُڑتے ہوئے، الجھتے ہیں مرغِ چمن کے پانو — ص۱۹۶

ہر عالم: نامرادِ جلوہ ہر عالم میں حسرت گل کرے — لالہ، داغِ شعلہ فرسود چراغِ کشتہ ہے — ص۸۰

ہر عضو: ہر عضو غم سے ہے شکن آسا شکستہ دل — جوں زلفِ یار ہوں میں سراپا شکستہ دل — ص۵۱

ہر غنچہ: اسدؔ! بارگہِ شوکتِ گل ہے — دل فرشِ رہِ ناز ہے، بیدلؔ اگر آوے — ص۱۱۳

ہر فعل: جس کا ہر فعل صورتِ اعجاز، ص۷-۱۳۔

ہر فغاں: آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ — تارِ نفس: کمندِ شکارِ اثر ہے آج — ص۱۶۵

ہر قبا: چوں کہ بالائے ہوس پر ہر قبا کوتاہ ہے — بر ہوس ہائے جہاں دامن فشانی مفت ہے — ص۱۱۳

ہر قدم: (۱) سفرِ عشق میں کی ضعف نے راحت طلبی — ہر قدم سایے کو میں اپنے شبستاں سمجھا — ص۱۴۷

(۲) ہر قدم دوریِ منزل ہے نمایاں مجھ سے — میری رفتار سے بھاگے ہے بیاباں مجھ سے — ص۲۱۱

ہر قطرہ خوں: ہزاروں دل دیے جوشِ جنونِ عشق نے مجھ کو — سیہ، ہو کر سویدا ہو گیا ہر قطرہ خوں تن میں ص۱۸۱

(۲) ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں ہوں — نگینِ نامِ شاہد ہے مرے ہر قطرہ خوں تن میں ص۱۸۰

ہر قطرہ عرق: بدگمانی نے نہ چاہا اُسے سرگرمِ خرام — رُخ پہ ہر قطرہ عرق دیدۂ حیراں سمجھا ص۱۳۷

ہر قطرۂ اشک: رویا میں ہزارہا آنکھ سے صبح تلک — ہر قطرۂ اشک دیدۂ پُرنم تھا ص۲۵۲

ہر قطرۂ شربت: شرمندۂ اُلفت ہوں مداوا طلبی سے — ہر قطرۂ شربت مجھے اشکِ شکری ہے ص۲۵۳

ہر قول: جس کا ہر فعل: صورتِ اعجاز — جس کا ہر قول: معنیِ الہام ص۱۳۷

ہر کاغذِ آتش زدہ: دیکھیے: دامِ کاغذِ آتش زدہ۔

ہر کام: بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا — آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا ص۱۵۰

ہر کفِ خاک: ہر کفِ خاک جگر تشنۂ صد رنگ ظہور — غنچے کے مے کدے میں مستِ تامل ہے بہار ص۳

(۲) ہو وہ سرمایۂ ایجاد جہاں گرمِ خرام — ہر کفِ خاک ہے وھاں گردۂ تصویرِ زمیں ص۳۴

ہر گام: ہر گام آبلے سے ہے دل در تہِ قدم — کیا بیم اہلِ درد کو سختیِ راہ کا ص۱۹

(۲) ہووے ہے جادۂ رہ رشتۂ گوہر ہر گام — جس گزرگاہ سے میں آبلہ پا جاتا ہوں ص۲۹۸

(۳) دیکھیے: نقشِ ہر گام۔

ہر گردباد: ہر گردباد حلقۂ فتراکِ بے خودی — مجنونِ دشتِ عشق تحیر شکار تر ص۴۱

ہر گردبادِ دشت: غرورِ نشۂ گردش اگر کیفیت افزا ہو — نہاں ہر گردبادِ دشت میں جامِ سفالی ہے ص۷۹

ہر گل: دیکھیے: آتشِ رنگِ رُخِ ہر گل۔

ہر گوشۂ بساط: ہیں بس کہ جوشِ بادہ سے شیشے اُچھل رہے — ہر گوشۂ بساط ہے سر شیشہ باز کا ص۱۵۵

یا شب کو دیکھتے تھے کہ ہر گوشۂ بساط — دامانِ باغبان و کفِ گل فروش ہے ص۲۳۰

ہر لباس: ڈھانپا کفن نے داغِ عیوبِ برہنگی — میں ورنہ ہر لباس میں ننگِ وجود تھا ص۱۳۳

ہر لحظہ: بوسہ دیتے نہیں اور دل پہ ہے ہر لحظہ نگاہ — جی میں کہتے ہیں کہ مفت آئے تو مال اچھا ہے ص۲۲۹

ہر مذہب: دیکھیے: وارستۂ ہر مذہب۔

ہر ورق: بے چشمِ دل نہ کر ہوسِ سیرِ لالہ زار — یعنی یہ ہر ورق، ورقِ انتخاب ہے — ص ۷۶

ہراک[۱] دل: مرا شمول ہراک دل کے پیچ و تاب میں ہے — میں مدعا ہوں تپشِ نامۂ تمنا کا — ص ۱۷

ہراک تیزرَو: چلتا ہوں تھوڑی دور ہراک تیز رَو کے ساتھ — پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو مَیں — ص ۱۹۰

ہراک سال: گرہ کی ہے یہی گنتی کہ تا بہ رُوزِ شمار — ہوا کرے گی ہر اک سال آشکار گرہ — ص ۲۷۸

ہراک فرد: کوئی آگاہ نہیں باطنِ ہمدِگر سے — ہے ہر اک فرد جہاں میں ورقِ ناخواندہ — ص ۷۱

ہراک ناچیز: بادشاہی کا جہاں یہ حال ہو غالبؔ! تو پھر — کیوں نہ دلّی میں ہراک ناچیز نوابی کرے — ص ۱۰۱

ہرایک[۲]: لاکھ عقدے دل میں تھے لیکن ہر ایک — میری حدِ وسع سے باہر کھلا — ص ۱۳۹

ہرایک اشارہ: پرسش طرزِ دلبری کیجیے کیا کہ بن کہے — اُس کے ہرایک اشارے سے نکلے ہے یہ ادا کہ یوں — ص ۱۷۸

ہرایک بات: ہرایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے؟ — تمھیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے! — ص ۲۳۱

ہرایک چینِ پیشانی: یہ سرنوشت میں میری ہے اشک افشانی — کہ موجِ آب ہے ہر ایک چینِ پیشانی — ص ۹۶

ہرایک داغِ جگر: بہ یادِ قامت اگر ہو بلند آتشِ غم — ہر ایک داغِ جگر آفتابِ محشر ہو — ص ۶۷

ہرایک ذرّہ: دیکھ اے اسدؔ بہ دیدۂ باطن کہ ظاہرا — ہر ایک ذرہ غیرتِ صد آفتاب ہے — ص ۳۵۲

ہرایک ذرّۂ خاک: نظارہ سوز ہے یہاں تک ہرایک ذرّۂ خاک — کہ لوگ جوہرِ تیغِ قضا کہیں اُس کو — ص ۲۸۵

ہرایک ذرّۂ عاشق: ہرایک ذرّۂ عاشق ہے آفتاب پرست — گئی نہ خاک ہوئے پر ہوائے جلوۂ ناز — ص ۱۷۲

ہرایک شے: ہر چند ہر ایک شے میں تو ہے — پر تجھ سی کوئی شے نہیں ہے — ص ۲۲۸

ہرایک قطرہ: ہرایک قطرے کے ساتھ آئے جو ملک، وہ کہے — امیر کلب علی خاں جییں ہزار برس — ص ۲۶۳

ہرایک گل و لالہ: دوڑے ہے پھر ہرایک گل و لالہ پر خیال — صد گلستاں نگاہ کا ساماں کیے ہوئے — ص ۲۲۶

ہربار[۳]: یعنی ہر بار صورتِ کاغذِ باد — ملتے ہیں یہ بدمعاش لڑنے کے لیے — ص ۲۵۳

ہردم[۴]: (۱) وائے دیوانگیِ شوق! کہ ہردم مجھ کو — آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا — ص ۱۵۰

(۲) اے شاہِ جہاں گیرِ جہاں بخشِ جہاں دار! — ہے غیب سے ہردم تجھے صد گونہ بشارت — ص ۱۲۷

۱ـ ہراک : پانچ بار۔
۲ـ ہرایک : گیارہ بار۔
۳ـ ہربار : ایک بار۔
۴ـ ہردم : پانچ بار۔

	(۳) وھاں کنگرِ استغنا ہردم ہے بلندی پر	یھاں نالے کو اور اُلٹا دعواے رسائی ہے	ص ۲۰۱
	(۴) شوق کو یہ لت کہ ہر دم نالہ کھینچے جایئے	دل کی وہ حالت کہ دم لینے سے گھبرا جائیے ہے	ص ۲۲۱
	(۵) فزوں ہوتا ہے ہردم جوشِ خوں باری، تماشا ہے	نفس کرتا ہے رگ ہاے مژہ پر کام نشتر کا	ص ۲۳۳
ہر دو سو[1]:	چشم بر چشم پئے ہے بہ تماشا مجنوں	ہر دو سو خانۂ زنجیر نگہ کا بازار	ص ۲
ہر روز[2]:	لوگوں کو ہے خرشیدِ جہاں تاب کا دھوکا	ہر روز دکھاتا ہوں میں اک داغِ نہاں اور	ص ۱۷۰
ہر روزہ:	دیکھیے: قربِ ہر روزہ۔		
ہر سو[3]:	(۱) شمع ہوں لیکن بہ پادر رفتہ خارِ جستجو	مدعا گم کردہ ہر سو، ہر طرف جلتا ہوں میں	ص ۹۳
	(۲) اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ، ویرانی تماشا کر	مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے درباں کا	ص ۱۵۷
	(۳) چار موج اُٹھتی ہے طوفانِ طرب سے ہر سو	موجِ گل، موجِ شفق، موجِ صبا، موجِ بہار	ص ۱۶۳
ہر یک[4]:	(۱) جوں چشم، باز ماندہ ہے ہر یک بہ سوے دل	رکھتا ہے داغ تازہ کا یھاں انتظار داغ	ص ۵۱
	(۲) محیطِ دہر میں بالیدن، از ہستی گزشتن ہے	کہ یھاں ہر یک حباب آسا شکست آمادہ آتا ہے	ص ۹۸
	(۳) چھوڑا نہ رشک نے کہ ترے گھر کا نام لوں	ہر یک سے پوچھتا ہوں کہ جاؤں کدھر کو میں؟	ص ۱۹۰
	(۴) یارانِ نبی سے رکھ تولا، یا اللہ	ہر یک ہے کمالِ دیں میں یکتا، یا اللہ!	
	(۵) دیکھیے: لطفِ عشق ہر یک۔		
ہر یک اختر:	ہے شفق، سوزِ جگر کی آگ کی بالیدگی	ہر یک اختر، ہے فلک پر قطرۂ اشکِ کباب	ص ۳۱
ہر یک بات:	(۱) ہوئی مدت کہ غالبؔ مرگیا، پر یاد آتا ہے	وہ ہر یک بات پر کہنا کہ یوں ہوتا تو کیا ہوتا!	ص ۱۶۰
	(۲) بجز غم و رنج و الم، گھاتا ہے ہر یک بات میں		ص ۲۹۰
ہر یک پارۂ دل:	بہار ہے یھاں تک اشکوں میں غبارِ کلفتِ خاطر	کہ چشمِ تر میں ہر یک پارۂ دل، پاے در گل ہے	ص ۷۷
ہر یک تارِ بستر:	کہوں کیا، دل کی کیا حالت ہے ہجرِ یار میں غالبؔ!	کہ بیتابی سے ہر یک تارِ بستر خارِ بستر ہے	ص ۲۱۳

۱۔ ہر دو سو : ایک بار۔ ۳۔ ہر سو : تین بار۔

۲۔ ہر روز : ایک بار۔ ہر روزہ: ایک بار [مرکب]۔ ۴۔ ہر یک : بیس بار۔

ہریک حلقہ: یاد کر وہ دن کہ ہریک حلقہ تیرے دام کا — انتظارِ صید میں اک دیدۂ بے خواب تھا ص۱۳۵

ہریک حلقۂ گرداب: شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا — شعلۂ جوالہ ہر یک حلقۂ گرداب تھا ص۱۳۵

ہریک خار: حسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمی ہائے ناز — عشق نے وا کی ہے ہریک خار سے مژگانِ عجز ص۴۴

ہریک عضوِتن: ہے تماشا گاہِ سوزِ تازہ ہر یک عضوِ تن — جوں چراغانِ دوالی صف بہ صف جلتا ہوں میں ص۴۳

ہریک قطرۂ خوں: بیاں کیا کیجیے بیدادِ کاوش ہائے مژگاں کا — کہ ہریک قطرۂ خوں، دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا ص۱۵۶

ہریک گردباد: بس کہ وہ پاکوبیاں در پردۂ وحشت ہیں یاد — ہے غلافِ دلچۂ خرشید ہر یک گردباد ص۳۸

ہریک گردبادِ گلستاں: زبس طوفانِ آب و گِل ہے، غافل! کیا تعجب ہے — کہ ہریک گردبادِ گلستاں گرداب ہو جاوے ص۱۰۵

ہریک مکاں: ~~ہریک مکاں~~ کو ہے مکیں سے شرف اسدؔ — مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اداس ہے ص۲۰۵

ہریک موئے زلف: بس کہ ہریک موئے زلف افشاں سے ہے تارِ شعاع — پنجۂ خرشید کو سمجھے ہیں دستِ شانہ ہم ص۵۳

ہریک نفس: یک نفس ہریک نفس جاتا ہے قسطِ عمر میں — حیف ہے اُن کو! جو سمجھیں زندگانی مفت ہے ص۱۱۳

ہرزہ[۱]: ~~ہرزہ ہے نغمۂ~~ زیر و بمِ ہستی و عدم — لغو ہے آئنۂ فرقِ جنون و تمکیں ص۱۳۴

(۲) نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود — ہنوز تیرے تصور میں ہے نشیب و فراز ص۱۷۱

ہرزہ درا: (۱) اسدؔ اے ہرزہ درا! نالہ بہ غوغا تا چند — حوصلہ تنگ نہ کر بے سبب آزاروں کا ص۲۸

(۲) ہوش اے ہرزہ درا! تہمتِ بیدردی چند؟ — نالہ در گردِ تمنائے اثر پنہاں ہے ص۱۰۹

ہرزہ دوی: اے ہرزہ دوی! منتِ تمکینِ جنوں کھینچ — تا آبلہ محمل کشِ موجِ گہر آوے ص۱۱۴

ہرزہ سرا: کس قدر ہرزہ سرا ہوں کہ عیاذاً باللہ! — یکقلم خارجِ آدابِ وقار و تمکیں ص۱۳۴

ہرزہ عنواں: نہ انشا معنیِ مضموں، نہ املا صورتِ موزوں — عنایت نامہ ہائے اہلِ دُنیا ہرزہ عنواں ہیں ص۹۲

ہرزہ گرد: عشق کے تغافل سے ہرزہ گرد ہے عالم — روئے شش جہت آفاق، پشتِ چشمِ رنداں ہے ص۸۹

ہزار[۲]: (۱) نہ بخشی فرصتِ یک شبستاں جلوۂ خور نے — تصور نے کیا ساماں ہزار آئینہ بندی کا ص۲۶

ا؎ ہرزہ : آٹھ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: سات بار]۔ ہزاراں ہزار : ایک بار۔

۲؎ ہزار : چونتیس بار [مفرد: چار بار، مرکب: تیس بار]۔ ہزاروں : چار بار۔

	(۲) عشاق اشکِ چشم سے دھوویں ہزار داغ	دیتا ہے اور، جوں گُل و شبنم، بہار داغ	ص ۴۸
	(۳) ہر سینکڑے کو ایک گرہ فرض کریں	ایسی گرہ ہیں ہزار ہوں بلکہ ہوا	ص ۲۵۴
	(۴) یہ جتنے سینکڑے ہیں، سب ہزار ہوجاویں	دراز اس کی ہو عمر اس قدر، سخن کوتاہ	ص ۲۷۸

دیکھیے ـــــ: (۵) سو ہزار گرہ۔ (۶) سامانِ صد ہزار نمک داں۔ (۷) صد ہزار نوائے جگر خراش۔ (۸) کئی ہزار برس۔

ہزار آرزو:	سر پر مرے وبالِ ہزار آرزو رہا	یارب! میں کس غریب کا بختِ رمیدہ ہوں	ص ۶۴
ہزار آشفتگی:	بہ رنگِ گل اگر شیرازہ بندِ بے خودی رہیے	ہزار آشفتگی مجموعۂ یک خواب ہوجاوے	ص ۱۰۵
ہزار آفت	ہزار آفت و یک جانِ بے نوائے اسدؔ	خدا کے واسطے، اے شاہِ بیکساں فریاد!	ص ۳۷
ہزار آنکھ:	رویا میں ہزار آنکھ سے صبح تلک	ہر قطرۂ اشک دیدۂ پُرنم تھا	ص ۲۵۴
ہزار آئینہ:	بہ رنگِ کاغذِ آتش زدہ، نیرنگِ بیتابی	ہزار آئینہ دل باندھے ہے بالِ یک تپیدن پر	ص ۱۶۸
ہزار اُمیدواری:	بہ ہزار اُمیدواری رہی ایک اشک باری	نہ ہوا حصولِ زاری بجز آستیں فشانی	ص ۱۰
ہزار اندیشہ:	دیکھیے: عبادت ہزار اندیشہ۔		
ہزار بار:	(۱) دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں	روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں؟	ص ۱۹۴
	(۲) جانا پڑا رقیب کے در پر ہزار بار	اے کاش! جانتا نہ ترے رہگزر کو میں	ص ۱۹۰
	(۳) کہ بحثِ علم میں اطفالِ ابجدی اُس کے	ہزار بار فلاطوں کو دے چکے الزام	ص ۲۶۴
ہزار برس:	(۱) تم سلامت رہو ہزار برس	ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار!	ص ۱۴۷
	(۲) فقط ہزار برس پر کچھ انحصار نہیں	کئی ہزار برس، بلکہ بے شمار برس	ص ۲۶۴
	(۳) امیر کلبِ علی خاں جییں ہزار برس، ۲۶۴۔		
ہزار تیغ بہ زہراب دادہ:	بہ رنگِ سبزہ، عزیزانِ بد زباں یکدست	ہزار تیغ بہ زہراب دادہ رکھتے ہیں	ص ۶۰
ہزار جا:	موزونیِ دو عالم قربانِ سازِ یک درد	مصراعِ نالۂ نے، سکتہ ہزار جا ہے	ص ۹۴
ہزار جستجو:	دیکھیے: سامانِ ہزار جستجو۔		

ہزار جسم: ہوکر شہید عشق میں، پائے ہزار جسم — ہر موجِ گردِ راہ مرے سر کو دوش ہے — ص ۳۲۰

ہزار حیف: نامہ بھی لکھتے ہو تو بہ خطِ غبار، حیف! — رکھتے ہو مجھ سے اتنی کدورت، ہزار حیف!

ہزار داغ: ہے لالہ عارضاں مجھے گلگشتِ باغ میں — دیتی ہے گرمیِ گل و بلبل ہزار داغ — ص ۴۸

ہزار دانے: ہزار دانے کی تسبیح چاہتا ہے بنے — بلا مبالغہ درکار ہے ہزار گرہ — ص ۲۷۹

ہزار دل: (۱) ہوا ہے گریۂ بیباک، ضبط سے تسبیح — ہزار دل پہ ہم ایک اختیار رکھتے ہیں — ص ۶۴

(۲) بساط ہیچ کسی میں بہ رنگِ ریگِ رواں — ہزار دل بہ وداعِ قرار رکھتے ہیں — ص ۶۴

ہزار شکر: ہزار شکر کہ سیّد غلام بابا نے — فرازِ مسندِ عیش و طرب جگہ پائی — ص ۲۶۲

ہزار عکس: دیکھیے: عرضِ جوہر خط و خالِ ہزار عکس۔

ہزار قافلۂ آرزو: ہزار قافلۂ آرزو بیاباں مرگ — ہنوز محملِ حسرت بہ دوشِ خود رائی — ص ۱۱۰

ہزار گرہ: دیکھیے: ہزار دانے۔

ہزاراں ہزار: اور پھر ہندسہ تھا بارہ کا — با ہزاراں ہزار زیبائی — ص ۲۶۳

ہزاروں: (۱) پر افشاں ہوگئے شعلے ہزاروں — رہے ہم داغ اپنی کاہلی سے — ص ۹۱

(۲) ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے — بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے — ص ۲۲۹

(۳) اک گرم آہ کی تو ہزاروں کے گھر جلے — رکھتے ہیں عشق میں یہ اثر ہم جگر جلے — ص ۳۰۲

(۴) ہزاروں دل دیے جوشِ جنونِ عشق نے مجھ کو — سیہ ہوکر سویدا ہوگیا ہر قطرہ خوں تن میں — ص ۱۸۱

ہزبر[۱]: ہزبر پنجے سے لیتا ہے کام شانے کا — کبھی جو ہوتی ہے اُلجھی ہوئی دُمِ روباہ — ص ۲۷۷

ہستی[۲]: (۱) ہے گرفتاریِ نیرنگِ تماشا، ہستی — پرِ طاؤس سے دل پاے بہ زنجیر آیا — ص ۲۷

(۲) دو عالم کی ہستی پہ خطِ فنا کھینچ — دل و دستِ اربابِ ہمت سلامت — ص ۳۳

(۳) آہنگِ عدم نالہ بہ کہسار گرو ہے — ہستی میں نہیں شوخیِ ایجادِ صدا ہیچ — ص ۳۶

(۴) حیرت ہمہ اسرار، پہ مجبورِ خموشی — ہستی، نہیں جز بستنِ پیمانِ وفا، ہیچ — ص ۳۶

۱۔ ہزبر : ایک بار۔

۲۔ ہستی : اکسٹھ بار [مفرد: سترہ بار، مرکب: چوالیس بار]۔

(۵) تمثالِ ناز: جلوۂ نیرنگِ اعتبار	ہستی عدم ہے، آئنہ گر روبرو نہ ہو	ص ۶۸
(۶) ہستی: فریب نامۂ موجِ سراب ہے	یک عمر نازِ شوخیِ عنواں اٹھایئے	ص ۷۳
(۷) وحشت کہاں کہ بے خودی انشا کرے کوئی	ہستی کو لفظِ معنیِ عنقا کرے کوئی	ص ۸۷
(۸) محیطِ دہر میں بالیدن، از ہستی گزشتن ہے	کہ یہاں ہر یک حباب آسا شکست آمادہ آتا ہے	ص ۹۸
(۹) فرصت آئینہ و پروازِ عدم تا ہستی	یک شرر بالِ دل و دیدہ چراغاں زدہ ہے	ص ۱۰۹
(۱۰) عدم وحشت سراغ و ہستی آئینہ بندِ رنگینی	دماغِ دو جہاں پر سنبل و گل یک شبیخوں ہے	ص ۱۱۱
(۱۱) ہستی کا اعتبار بھی غم نے مٹا دیا	کس سے کہوں کہ داغ، جگر کا نشان ہے	ص ۲۰۳
(۱۲) ہستی کے مت فریب میں آجائیو اسدؔ!	عالم تمام، حلقۂ دامِ خیال ہے	ص ۲۰۵
(۱۳) مری ہستی، فضائے حیرت آبادِ تمنا ہے	جسے کہتے ہیں نالہ، وہ اسی عالم کا عنقا ہے	ص ۲۲۰
(۱۴) اپنی ہستی ہی سے ہو، جو کچھ ہو	آگہی گر نہیں، غفلت ہی سہی	ص ۲۲۰
(۱۵) ہستی ہماری، اپنی فنا پر دلیل ہے	یہاں تک مٹے کہ آپ ہم اپنی قسم ہوئے	ص ۲۲۶
(۱۶) ہستی ہے نہ کچھ عدم ہے غالبؔ	آخر تو کیا ہے؟ اے نہیں ہے!	ص ۲۲۹
(۱۷)، (۱۸) عزت پہ اہلِ نام کی ہستی کی ہے بنا	عزت جہاں گئی، تو نہ ہستی رہی نہ نام	ص ۲۸۲
(۱۹) شکر سمجھو اسے یا کوئی شکایت سمجھو	اپنی ہستی سے ہوں بیزار، کہوں یا نہ کہوں	ص ۲۹۸

دیکھیے ـــــ: (۲۰) بزمِ ہستی۔ (۲۱) بہارِ فرصتِ ہستی۔ (۲۲) جامۂ ہستی۔ (۲۳) جنونِ وحشتِ ہستی۔ (۲۴) خرقۂ ہستی۔ (۲۵) خطِ پرکارِ ہستی۔ (۲۶) خونِ دو عالم ہستی۔ (۲۷) خود فروشی ہائے ہستی۔ (۲۸) داغِ حسرتِ ہستی۔ (۲۹) رازِ ہستی۔ (۳۰) رونقِ ہستی۔ (۳۱)، (۳۲) سازِ ہستی [دوبار]۔ (۳۳) سپند آہنگیِ ہستی۔ (۳۴) سرمنزلِ ہستی۔ (۳۵) سرنوشتِ کلفتِ ہستی۔ (۳۶) شرحِ ہنگامۂ ہستی۔ (۳۷) عالمِ ہستی۔ (۳۸) عشرت کوشیِ ہستی۔ (۳۹) غفلتِ ہستی۔ (۴۰) غشِ ہستی۔ (۴۱) فالِ ہستی۔ (۴۲) فرصتِ ہستی۔ (۴۳) فوتِ فرصتِ ہستی۔ (۴۴) فرصت آرامِ غمِ ہستی۔ (۴۵) فریبِ ہستی۔ (۴۶) قامتِ ہستی۔ (۴۷) قطعِ سفرِ ہستی۔ (۴۸) قیدِ ہستی۔ (۴۹) کارگاہِ ہستی۔ (۵۰) کاشانۂ ہستی۔ (۵۱) کشاکش ہائے ہستی۔ (۵۲) کلفت کشیِ ہستی۔ (۵۳)، (۵۴) موجِ ہستی [دوبار]۔ (۵۵) ناگزیرِ الفتِ ہستی۔ (۵۶) وحشتِ بے ربطیِ پیچ و خمِ ہستی۔ (۵۷) وہمِ طربِ ہستی۔

ہستیِ اشیا: جُز نام، نہیں صورتِ عالم مجھے منظور — جُز وہم، نہیں ہستیِ اشیا مرے آگے ص۲۴۸

ہستیِ شبنم: دیکھیے: سیلِ بنائے ہستیِ شبنم۔

ہستیِ مطلق: دیکھیے: شاہدِ ہستیِ مطلق۔

ہستی و عدم: دیکھیے: نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم۔

ہشت[1] بہشت: رام پور اہلِ نظر کی ہے نظر میں وہ شہر — کہ جہاں ہشت بہشت آ کے ہوئے ہیں باہم ص۲۶۵

ہشت و چار: دیکھیے: عاشقِ ہشت و چار۔

ہشیار[2]: دیکھا اسدؔ کو خلوت و جلوت میں بارہا — دیوانہ گر نہیں ہے تو ہشیار بھی نہیں ص۱۸۴

ہشیار تر: سادہ و پُرکار تر، غافل و ہشیار تر — مانگے ہے شمشاد سے شانۂ سنبل ہنوز ص۴۳

ہشیاری: دیکھیے: بے خودی و ہشیاری۔

ہفت[3] اختر: دیکھیے: مقصدِ چرخ و ہفت اختر۔

ہفت اقلیم: دیکھیے: صانعِ ہفت چرخ و ہفت اقلیم۔

ہفت چرخ: دیکھیے: صانعِ ہفت چرخ و ہفت اقلیم۔

ہفت دریا: دیکھیے: آبِ ہفت دریا۔

ہفتاد[4] و دو ملت: دیکھیے: دلِ وارستۂ ہفتاد و دو ملت بیزار۔

ہفتہ[5]: دیکھیے: سہ ہفتہ۔

ہلاک[6]: (۱) مستی، بہ ذوقِ غفلتِ ساقی ہلاک ہے — موجِ شراب، یک مژۂ خوابناک ہے ص۲۱۶

(۲) بہ ضربِ تیشہ وہ اِس واسطے ہلاک ہوا — کہ ضربِ تیشہ پہ رکھتا تھا کوہکن تکیہ ص۳۰۳

ہلاکِ حسرتِ پابوس: مشہدِ عاشق سے کوسوں تک جو اُگتی ہے حنا — کس قدر یارب ہلاکِ حسرتِ پابوس تھا! ص۱۵۳

ہلاکِ بے خبری: ہلاکِ بے خبری نغمۂ وجود و عدم — جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد ص۳۷

ہلاکِ فریبِ وفائے گل: ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ وفائے گل — بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل ص۱۷۶

۱۔ ہشت : دو بار [مرکب]۔
۲۔ ہشیار : دو بار [مرکب: ایک بار]۔
ہشیاری : ایک بار [مرکب]۔
۳۔ ہفت : تین بار [مرکب]۔
۴۔ ہفتاد : ایک بار [مرکب]۔
۵۔ ہفتہ : ایک بار [مرکب]۔
۶۔ ہلاک : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکب: چار بار]۔

ہلاک نامہ بر: دیکھیے: دردِ ہلاک نامہ بر۔

ہلال[۱] (۱) اگر وہ آفتِ نظارہ جلوہ گستر ہو — ہلال، ناخنکِ دیدہ ہائے اختر ہو — ص ۹۷

(۲) ہلال آسا تہی رہ، گر کشادن ہائے دل چاہے — ہوا مہ کثرتِ سرمایہ اندوزی سے تنگ آخر — ص ۴۰

(۳) ہر مہینے میں جو یہ بدر سے ہوتا ہے ہلال — آستاں پر ترے مہ ناصیہ سا ہوتا ہے — ص ۲۲۱

دیکھیے ____: (۴) آئینۂ طاقِ ہلال۔ (۵) اندازِ ہلال۔ (۶) پہلوے ہلال۔ (۷) گُلِ شاخِ ہلالِ عید۔

ہلالِ مہِ محرم: بہارِ تعزیتِ آبادِ عشق ماتم ہے — کہ تیغِ یار ہلالِ مہِ محرم ہے — ص ۱۰۲

ہلاہلِ[۲] حسرت: دیکھیے: خونابۂ ہلاہلِ حسرت۔

ہل من مزید[۳]: دیکھیے: مطربِ ترانۂ ہل من مزید۔

ہم[۴] دیکھیے: (۲) داغِ ربطِ ہم۔ (۳) ذوقِ گرفتاریِ ہم۔ (۴) رزقِ ہم۔

ہم آغوشی[۵]: (۱) غالبؔ! مجھے ہے اُس سے ہم آغوشی آرزو — جس کا خیال، ہے گلِ جیبِ قبائے گل — ص ۱۷۹

(۲) دیکھنا حالت مرے دل کی ہم آغوشی کے وقت — ہے نگاہِ آشنا تیرا سرِ ہر مو مجھے — ص ۲۰۹

(۳) دیکھیے: ہنگامِ ہم آغوشی۔

ہم پیشہ[۶]: ہم پیشہ و ہم مشرب و ہم راز ہے میرا — غالبؔ کو برا کیوں کہو، اچھا، مرے آگے — ص ۲۳۹

ہم چشم[۷]: نہ آفتاب، ولے آفتاب کا ہم چشم — نہ بادشاہ، ولے مرتبے میں ہمسرِ شاہ — ص ۲۷۷

ہم چشمیِ ساغر: دیکھیے: حریفِ نازشِ ہم چشمیِ ساغر۔

ہمدگر[۸] [باہدگر]: ہوگئے باہدگر جوشِ پریشانی سے جمع — گردشِ جامِ تمنا، دورِ گردوں ہے مجھے — ص ۱۰۰

(۲) باہدگر ہوئے ہیں دل و دیدہ پھر رقیب — نظارہ و خیال کا ساماں کیے ہوئے — ص ۲۲۵

(۳) خود پرستی سے رہے باہدگر ناآشنا — بے کسی میری شریک، آئینہ تیرا آشنا — ص ۱۹

۱۔ ہلال : آٹھ بار [مفرد: تین بار، مرکب: پانچ بار]۔
۲۔ ہلاہل : ایک بار [مرکب]۔
۳۔ ہم من مزید: ایک بار [مرکب]۔
۴۔ ہم : تین بار [مرکب]۔
۵۔ ہم آغوشی : تین بار [مرکب: ایک بار]۔
۶۔ ہم پیشہ : ایک بار [مرکب]۔
۷۔ ہم چشم : ایک بار [مرکب]۔ ہم چشمی : ایک بار [مرکب]۔
۸۔ ہمدگر سات بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چھے بار]۔

(۴) جوہر آئینہ جُز رمزِ سرِ مژگاں نہیں — آشنا کی ہمدگر سمجھے ہے ایما آشنا — ص۱۹

دیکھیے ــــــــ: (۵) آئنہ دارِ ہمدگر۔ (۶) دلِ ہمدگر۔ (۷) سینہ ہائے ہمدگر۔

ہمدم[۱]: (۱) قفس میں مجھ سے رودادِ چمن کہتے نہ ڈر ہمدم! — گری ہے جس پہ کل بجلی، وہ میرا آشیاں کیوں ہو — ص۲۰۰

(۲) نہ کرتا کاش نالہ، مجھ کو کیا معلوم تھا ہمدم! — کہ ہوگا باعثِ افزائشِ دردِ دروں وہ بھی — ص۲۰۲

(۳) وفائے دلبراں ہے اتفاقی، ورنہ اے ہمدم! — اثر فریادِ دل ہائے حزیں کا کس نے دیکھا ہے — ص۲۲۰

(۴) وہ داد و دیدِ گراں مایہ شرط ہے ہمدم! — وگرنہ مُہرِ سلیمان و جامِ جم کیا ہے — ص۳۱۲

(۵) سمجھا تھا نبی نے اُن کو اپنا ہمدم — ہے ہے! نہ کہو بُرا، کسے بُرا کہتے ہیں؟ — ص۳۱۳

ہمدمی: نہیں گر ہمدمی آساں، نہ ہو، یہ رشک کیا کم ہے — نہ دی ہوتی خدایا! آرزوئے دوست، دشمن کو — ص۱۹۸

ہمدوشی[۲]: دیکھیے: تصور ہائے ہمدوشی۔

ہمدیگر[۳]: (۱) دیکھیے: شکوۂ سنجِ رشکِ ہمدیگر۔

(۲) دیکھیے: باطنِ ہمدیگر۔

ہمراز[۴]: دیکھیے: ہم پیشہ۔

ہمرنگِ تسلّی[۵]: بیتابیِ یادِ دوست ہمرنگِ تسلّی ہے — غافل! تپشِ مجنوں محمل کشِ لیلیٰ ہے — ص۱۱۳

ہمرہاں[۶]: دیکھیے: ستمِ ہمرہاں۔

ہمزباں[۷]: ہمزباں آیا نظر فکرِ سخن میں تو مجھے — مردمک ہے طوطیِ آئینۂ زانو مجھے — ص۷۸

(۲) تا کرے نہ غمّازی، کرلیا ہے دشمن کو — دوست کی شکایت میں ہم نے ہمزباں اپنا — ص۱۵۹

(۳) پاتا ہوں اُس سے داد کچھ اپنے کلام کی — روح القدس اگرچہ مرا ہمزباں نہیں — ص۱۸۸

(۴) رہیے اب ایسی جگہ چل کر جہاں کوئی نہ ہو — ہم سخن کوئی نہ ہو اور ہمزباں کوئی نہ ہو — ص۱۹۵

(۵) ہم سخن اور ہمزباں حضرت قاسم و طپاں — ایک طپش کا جانشیں، درد کا یادگار ایک — ص۲۹۶

۱۔ ہمدم : پانچ بار۔
ہمدمی : ایک بار۔
۲۔ ہمدوشی : ایک بار [مرکب]۔
۳۔ ہمدیگر : دو بار [مرکب]۔
۴۔ ہمراز : ایک بار [مرکب]۔
۵۔ ہمرنگ : ایک بار [مرکب]۔
۶۔ ہمرہاں : ایک بار [مرکب]۔
۷۔ ہمزباں : پانچ بار۔

ہمسایہ[1]: (۱) بے در و دیوار سا اک گھر بنایا چاہیے | کوئی ہمسایہ نہ ہو اور پاسباں کوئی نہ ہو ص۱۹۵

(۲) وہ آرہا مرے ہمسایے میں تو سایے سے | ہوئے فدا در و دیوار پر در و دیوار ص۱۶۷

(۳) دیکھیے: آتشِ ہمسایہ۔(۴) یک سرِ دو خانہ ہمسایہ۔

ہمسایۂ خدا: مسجد کے زیرِ سایہ اک گھر بنالیا ہے | یہ بندۂ کمینہ ہمسایۂ خدا ہے ص۳۱۴

ہم سخن[2]: (۱) ہم سخن تیشے نے فرہاد کو شیریں سے کیا | جس طرح کا بھی کسی میں ہو کمال، اچھا ہے ص۲۳۹

(۲) یہ رشک ہے کہ وہ ہوتا ہے ہم سخن تم سے | وگرنہ خوفِ بد آموزیِ عدو کیا ہے ص۲۳۱

(۳) دیکھیے: تحتِ ہمزباں [نمبر ۴]۔ [ہم سخن کوئی نہ ہو اور ہمزباں کوئی نہ ہو]۔

(۴) دیکھیے: تحتِ ہمزباں [نمبر ۵]۔ [ہم سخن اور ہمزباں حضرت قاسم و طپاں]۔

ہمسر[3] شاہ: نہ آفتاب، ولے آفتاب کا ہم چشم | نہ بادشاہ، ولے مرتبے میں ہمسرِ شاہ ص۲۷۷

ہمسری: دود میرا، سنبلستاں سے کرے ہے ہمسری | بس کہ ذوقِ آتشِ گل سے سراپا جل گیا ص۲۰

ہمسفر[4]: قیامت ہے کہ ہووے مدّعی کا ہمسفر، غالبؔ! | وہ کافر جو خدا کو بھی نہ سونپا جائے ہے مجھ سے ص۲۲۵

(۲) لازم نہیں کہ خضر کی ہم پیروی کریں | جانا کہ اک بزرگ ہمیں ہمسفر ملے ص۲۳۷

ہم سنگ[5] کفِ خاک: میں جو گردوں کو بہ میزانِ طبیعت تولا | تھا یہ کم وزن کہ ہم سنگِ کفِ خاک چڑھا ص۳۲۵

ہم طرحی[6]: دیکھیے: (۱) بے قرار داغ ہم طرحی۔ (۲) رشکِ ہم طرحی۔

ہم فتنہ[7]: دیکھیے: سرِ ہم فتنہ۔

ہم کلامی[8]: دیکھیے: دعوائے ہم کلامی۔

ہم مشرب[9]: دیکھیے: تحت ''ہم پیشہ'' [ہم پیشہ و ہم مشرب و ہمراز ہے میرا]۔

ہمنائی[10] چشمِ خوباں: دیکھیے: نازشِ ہم نائیِ چشمِ خوباں۔

۱۔ ہمسایہ : پانچ بار [مفرد: دو بار، مرکب: تین بار]۔
۲۔ ہم سخن : چار بار۔
۳۔ ہمسر : ایک بار [مرکب]۔ ہمسری : ایک بار۔
۴۔ ہمسفر : دو بار۔
۵۔ ہم سنگ : ایک بار [مرکب]۔
۶۔ ہم طرحی : ایک بار [مرکب]۔
۷۔ ہم فتنہ : ایک بار [مرکب]۔
۸۔ ہم کلامی : ایک بار [مرکب]۔
۹۔ ہم مشرب : ایک بار [مرکب]۔
۱۰۔ ہمنائی : ایک بار [مرکب]۔

همنشیں[1]: (۱) وہ بات چاہتے ہو کہ جو بات چاہیے — صاحب کے ہم نشیں کو کرامات چاہیے — ص ۱۱۶

قلقے کا جو ذکر کیا تو نے ہمنشیں! — اک تیر میرے سینے میں مارا کہ ہائے ہائے! — ص ۱۲۳

(۳) ہمنشیں! مت کہہ کہ برہم کر نہ بزمِ عیشِ دوست — وھاں تو میرے نالے کو بھی اعتبارِ نغمہ ہے — ص ۲۱۴

(۴) ہمنشیں تارے ہیں اور چاند شہاب الدیں خاں — بزمِ شادی ہے فلک، کاہکشاں ہے سہرا! — ص ۲۸۸

همنشینیِ رقیباں: ہمنشینیِ رقیباں گرچہ ہے سامانِ رشک — لیکن اُس سے ناگوارا تر ہے بدنامی تری — ص ۹۳

ہم نفسِ[2] یک دیگر: وصلِ آئینہ رُخاں ہم نفسِ یک دیگر — ہیں دعا ہائے سحر گاہ سے خواہاں گل و صبح — ص ۳۷

ہم نفسوں: کی ہم نفسوں نے اثرِ گریہ میں تقریر — اچھے رہے آپ اُس سے، مگر مجھ کو ڈبو آئے — ص ۲۳۸

ہُما[3]: سایہ اُس کا، ہُما کا سایہ ہے — خلق پر وہ خدا کا سایہ ہے — ص ۱۳۱

دیکھیے ــــــ: (۲) بالِ ہُما۔ (۳) داغ سایۂ بالِ ہُما۔ (۴) وبالِ سایۂ بالِ ہُما۔ (۵) یک بیاباں سایۂ بالِ ہُما۔

ہمایوں[4]: (۱) دیکھیے: باغِ ہمایونِ تقدس آثار۔

ہمت[5]: جوابِ سنگ دلی ہائے دشمناں، ہمت — ز دستِ شیشۂ دل ہائے دوستاں فریاد! — ص ۳۷

دیکھیے ــــــ: (۲) اندازۂ ہمت۔ (۳) اہلِ ہمت۔ (۴) توسنِ ہمت۔ (۵) دل و دستِ اربابِ ہمت۔ (۶) عجزِ ہمت۔ (۷) تنگیِ ہمت۔ (۸) ہنگامۂ زبونیِ ہمت۔

ہمتِ باطل: دیکھیے: تنگیِ ہمتِ باطل۔

ہمتِ دشوار پسند: تھی نو آموزِ فنا ہمتِ دشوار پسند — سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا — ص ۱۳۲

ہمتِ صدعارف: دیکھیے: رفعتِ ہمتِ صدعارف۔

ہمتِ عالی: نسیہ و نقدِ دو عالم کی حقیقت معلوم — لے لیا مجھ سے مری ہمتِ عالی نے مجھے — ص ۲۲۲

ہمتِ مردانہ: دیکھیے: وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ۔

ہمتِ نشوونما: ہمتِ نشو و نما میں یہ بلندی ہے کہ سرو — پہ قمری سے کرے صیقلِ تیغ کہسار — ص ۳

---

[1] ہمنشیں : چار بار۔
ہمنشینی : ایک بار [مرکب]۔
[2] ہم نفس : ایک بار [مرکب]۔ ہم نفسوں : ایک بار۔
[3] ہُما : پانچ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: چار بار]۔
[4] ہمایوں : ایک بار [مرکب]۔
[5] ہمت : چودہ بار [مفرد: ایک بار، مرکب: تیرہ بار]۔

ہموار[1]:	زنّار باندھ، سبحۂ صد دانہ توڑ ڈال	رہ رو چلے ہے راہ کو ہموار دیکھ کر	ص۱۶۹
ہمہ[2]:	(۱) کوہ و صحرا ہمہ، معموریِ شوقِ بلبل	راہِ خوابیدہ، ہوئی خندۂ گل سے بیدار	ص۱۳۲
	(۲،۳) نقشِ معنی ہمہ، خمیازۂ عرضِ صورت	سخنِ حق ہمہ، پیمانۂ ذوقِ تحسیں	ص۱۳۲
	(۴) گرچہ ہے کس کس برائی سے، و لے باایں ہمہ	ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اُس محفل میں ہے	ص۲۳۱
ہمہ اسرار:	حیرت ہمہ اسرار، پہ مجبورِ خموشی	ہستی، نہیں جُز بستنِ پیمانِ وفا، ہیچ	ص۳۶
ہمہ اُفتادگی:	داد از دستِ جفائے صدمۂ ضرب المثل	گر ہمہ اُفتادگی جوں نقشِ پا ہوجایئے	ص۸۸
ہمہ افسردن:	دیدن: ہمہ بالیدن، کردن ہمہ افسردن	خوش تر زِ گل و غنچہ چشم و دلِ ساقی ہے	ص۱۱۳
ہمہ بالیدن:	دیکھیے: ہمہ افسردن۔		
ہمہ بدگمانی:	ہمہ ناامیدی، ہمہ بدگمانی	میں دل ہوں فریبِ وفا خوردگاں کا	ص۱۳۸
ہمہ ناامیدی:	دیکھیے: ہمہ بدگمانی۔		
ہمہ بیتابِ تردّد شکنی:	کوشش، ہمہ بیتابِ تردّد شکنی ہے	صد جُنبشِ دل، یک مژہ برہم زدنی ہے	ص۱۱۰
ہمہ بے مدّعائی:	از دلِ ہر درد مندے جوشِ بیتابی زدن	اے ہمہ بے مدّعائی یک دُعا ہوجایئے	ص۳۵۲
ہمہ تنگی:	پرواز تپش رنگی، گلزار ہمہ تنگی	خوں ہو قفسِ دل میں اے ذوقِ پرافشانی!	ص۱۰۹
ہمہ حیرت:	میں ہمہ حیرت، جنوں بیتابِ دورانِ خمار	مردمِ چشمِ تقاضا نقطۂ پرکارِ باغ	ص۳۸
ہمہ خوابِ گراں:	غفلتِ افسردگی تہمتِ تمکیں نہ ہو	اے ہمہ خوابِ گراں! حوصلہ بدنام ہے	ص۹۹
ہمہ دست:	آئینہ و شانہ ہمہ دست و ہمہ زانو	اے حُسن! مگر حسرتِ پیماں شکنی ہے!	ص۱۱۱
ہمہ زانو:	دیکھیے: ہمہ دست۔		
ہمہ ذوقِ قصہ خوانی:	بہ فراقِ رفتہ یاراں، خط و حرف مو پریشاں	دلِ غافل از حقیقت ہمہ ذوقِ قصہ خوانی	ص۹
ہمہ نادانی:	بستنِ عہدِ محبت ہمہ نادانی تھا	چشمِ نکشودہ رہا عقدۂ پیماں مجھ سے	ص۸۳
ہمہ نقصاں:	الفتِ زر ہمہ نقصاں ہے کہ آخر قارُوں	زیرِ بارِ غمِ دام و درم چند رہا	ص۳۳۶

۱۔ ہموار : ایک بار۔

۲۔ ہمہ : اکیس بار [مرتب]۔

همہ یک نفس تپش: همہ یک نفس تپش سے تب وتابِ ہجر مت پوچھ — کہ ستم کشِ جنوں ہوں نہ بقدرِ زندگانی ص ۱۰

ہمیشہ[۱]: (۱) نہیں ہے باز گشتِ سیلِ غیر از جانبِ دریا — ہمیشہ دیدۂ گریاں کو آبِ رفتہ در جو تھا ص ۲۲

(۲) ہمیشہ مجھ کو طفلی میں بھی مشقِ تیرہ روزی تھی — سیاہی ہے مرے ایام میں لوحِ دبستاں کی ص ۷۶

(۳) اسدؔ ہمیشہ پئے کفشِ پائے سیم تناں — شعاعِ مہر سے کرتا ہے چرخ زردوزی ص ۱۰۰

(۴) خانہ زاد اور مرید اور مدّاح — تھا ہمیشہ سے یہ عریضہ نگار ص ۱۲۶

(۵) نظر میں کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی — ہمیشہ روتے ہیں ہم، دیکھ کر در و دیوار ص ۱۶۷

(۶) آئے ہو کل اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں؟ — مانا کہ ہمیشہ نہیں، اچھا کوئی دن اور ص ۱۷۰

(۷) یعنی بہ حسبِ گردشِ پیمانۂ صفات — عارف ہمیشہ مستِ مئِ ذات چاہیے ص ۲۲۰

(۸) قسم جنازے پہ آنے کی میرے کھاتے ہیں غالبؔ! — ہمیشہ کھاتے تھے جو میری جان کی قسم آگے ص ۲۲۸

(۹) نام منکوؔ جن کا ہے مشہور — یہ ہمیشہ بہ صد نشاط و سُرور ص ۲۷۶

ہمیشہ بہار: دیکھیے: گلشنِ ہمیشہ بہار۔

ہنجار[۲]: میری تنخواہ جو مقرر ہے — اُس کے ملنے کا ہے عجب ہنجار ص ۱۲۶

ہندؔ[۳]: (۱) ہے اصلِ تخم ہندؔ سے، اور اِس زمین سے — پھیلا ہے سب جہان میں یہ میوہ دور دور ص ۲۶۳

(۲) ہندؔ میں اہلِ تسنن کی ہیں دو سلطنتیں ص ۲۶۵

(۳) ہندؔ میں اسدؔ نالاں، نالہ در صفاہاں ہے ص ۳۵۳

(۴) دیکھیے: بیضۂ طوطیِ ہندؔ۔

ہندؔ و سندؔ: دیکھیے: اقلیمِ ہندؔ و سندؔ۔

ہندسہ[۴]: (۱) اور پھر ہندسہ تھا بارہ کا — با ہزاراں ہزار زیبائی ص ۲۶۳

(۲) ہند سے پہلے سات سات کے دو — دیے ناگاہ مجھ کو دکھلائی ص ۲۶۳

---

۱ ہمیشہ : دس بار [مفرد: نو بار، مرکب: ایک بار]۔
۲ ہنجار : ایک بار۔
۳ ہندؔ : پانچ بار [مفرد: تین بار، مرکب: دو بار]۔
۴ ہندسہ : دو بار۔

ہندوستان[۱]: ہندوستاں سایۂ گل، پاے تخت تھا — جاہ و جلالِ عہدِ وصالِ بتاں نہ پوچھ — ص ۷۰

(۲) ہندوستان کی بھی عجب سرزمین ہے — جس میں وفا و مہر و محبت کا ہے وفور — ص ۲۶۳

(۳) دیکھیے: فرماں روائے کشورِ ہندوستان۔

ہنر[۲]: ہنر پیدا کیا ہے میں نے حیرت آزمائی میں — کہ جوہر آئنے کا، ہر پلک ہے چشمِ حیراں کی — ص ۷۶

(۲) ہم کہاں کے دانا تھے؟ کس ہنر میں یکتا تھے؟ — بے سبب ہوا غالبؔ! دشمن آسماں اپنا — ص ۱۵۹

دیکھیے ــــــ: (۳) بہاے متاعِ ہنر۔ (۴) عرضِ ہنر۔ (۵) فضائلِ علم و ہنر۔ (۶) متاعِ ہنر۔

ہنرمندی: عیب کا دریافت کرنا، ہے ہنرمندی اسدؔ! — نقص پر اپنے ہوا جو مطلع، کامل ہوا — ص ۲۹

ہنسی[۳]: (۱) دے وہ جس قدر ذلت، ہم ہنسی میں ٹالیں گے — بارے، آشنا نکلا اُن کا پاسباں، اپنا — ص ۱۵۹

(۲) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی — اب کسی بات پر نہیں آتی — ص ۲۳۷

ہنگام[۴] انتظارِ قدومِ بتاں: ہنگامِ انتظارِ قدومِ بتاں اسدؔ! — ہے بر سرِ مژہ نگراں دیدبانِ اشک — ص ۵۰

ہنگامِ بےخودی: سر، پاے خُم پہ چاہیے ہنگامِ بے خودی — رو سوے قبلہ وقتِ مناجات چاہیے — ص ۲۲۰

ہنگامِ تصور: ہنگامِ تصور دریوزہ گرِ بوسہ — یہ کاسۂ زانو بھی اک جامِ گدائی ہے — ص ۸۰

(۲) بہ ہنگامِ تصور ہوں ساغرِ زانو سے پیتا ہوں — مَیِ کیفیتِ خمیازہ ہاے صبح آغوشاں — ص ۲۲۹

ہنگامِ سماع: شمع سے ہے بزم انگشتِ تحیّر در دہن — شعلۂ آوازِ خوباں پر بہ ہنگامِ سماع — ص ۴۷

ہنگامِ شب: صافیِ رخ سے ترے ہنگامِ شب — عکسِ داغِ مہ، ہوا عارض پہ خال — ص ۵۱

ہنگامِ قتل: آشیاں بندِ بہارِ عیش ہوں ہنگامِ قتل — یعاں پہ پروازِ رنگِ رفتہ، بالِ تیر ہے — ص ۹۵

ہنگامِ کمال: حُسنِ مہ گرچہ بہ ہنگامِ کمال اچھا ہے — اُس سے میرا مہِ خرشید جمال اچھا ہے — ص ۲۳۹

ہنگامِ وداع: دامنِ گردوں میں رہ جاتا ہے ہنگامِ وداع — گوہرِ شب تاب، اشکِ دیدۂ خرشید ہے — ص ۱۰۳

ہنگامِ ہم آغوشی: اسدؔ! جاں نذرِ الطافے کہ ہنگامِ ہم آغوشی — زبانِ ہر سرِ مو حالِ دل پُرسیدنی جانے — ص ۱۱۵

۱۔ ہندوستان : تین بار [مفرد: دو بار، مرکّب: ایک بار]۔
۲۔ ہنر : چھے بار [مفرد: دو بار، مرکّب: چار بار]۔
ہنرمندی : ایک بار۔
۳۔ ہنسی : دو بار۔
۴۔ ہنگام : دس بار [مرکّب]۔

ہنگامہ[۱]: (۱) بازیِ خور فریب ہے اہلِ نظر کا ذوق ہنگامہ، گرمِ حیرتِ بود و نبود تھا ص ۱۲
(۲) گرچہ تو وہ ہے کہ ہنگامہ اگر گرم کرے رونقِ بزمِ مہ و مہر تری ذات سے ہے ص ۱۲۸
(۳) ایک ہنگامے پہ موقوف ہے گھر کی رونق نوحۂ غم ہی سہی، نغمۂ شادی نہ سہی ص ۲۰۹
(۴) جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود پھر یہ ہنگامہ اے خدا! کیا ہے؟ ص ۲۳۸
(۵) دو رات میں تمام ہے ہنگامہ ماہ کا حضرت کا عزّ و جاہ رہے گا علی الدّوام ص ۲۸۲
(۶) یہ رات بھر کا ہے ہنگامہ، صبح ہوتے تک رکھو نہ شمع پر اے اہلِ انجمن! تکیہ ص ۳۰۳
(۷) دیکھیے: باوجودِ یک جہاں ہنگامہ۔

ہنگامہ آرا: اپنی، رُسوائی میں کیا چلتی ہے سعی یار ہی ہنگامہ آرا چاہیے ص ۲۲۳

ہنگامۂ زبونیِ ہمت: ہنگامۂ زبونیِ ہمت ہے انفعال حاصل نہ کیجیے دہر سے، عبرت ہی کیوں نہ ہو ص ۱۹۳

ہنگامۂ محفل: دیکھیے: برہم زنِ ہنگامۂ محفل۔

ہنگامۂ ہستی: دیکھیے: شرحِ ہنگامۂ ہستی۔

ہنگامۂ یارب: یاد ہے شادی میں بھی ہنگامۂ یارب، مجھے سبحۂ زاہد ہوا ہے خندہ زیرِ لب مجھے ص ۲۱۳

ہَوا[۲]: [۱] ہَوا نے ابر سے کی موسمِ گل میں نمد بافی کہ تھا آئینۂ خور پر تصوّرِ زنگ بستن کا ص ۲۷
(۲) برہم ہے بزمِ غنچہ بہ یک جنبشِ نشاط کاشانہ بس کہ تنگ ہے، غافل! ہَوا نہ مانگ ص ۵۰
(۳) حیرت اگر خرام ہے، کارِ نگہ تمام ہے گر کفِ دست بام ہے، آئنے کو ہَوا سمجھ ص ۷۳
(۴) ضعف سے گریہ مبدّل بہ دمِ سرد ہوا باور آیا ہمیں پانی کا ہَوا ہوجانا ص ۱۵۶
(۵) پوچھ مت وجہِ سیہ مستیِ اربابِ چمن سایۂ تاک میں ہوتی ہے ہَوا موجِ شراب ص ۱۹۳
(۶) مجھ سے کہا جو یار نے جاتے ہیں ہوش کس طرح؟ دیکھ کے میری بےخودی، چلنے لگی ہَوا کہ یوں ص ۱۷۸
(۷) تیرے توسن کو صبا باندھتے ہیں ہم بھی مضموں کی ہَوا باندھتے ہیں ص ۱۸۱

۱۔ ہنگامہ : بارہ بار [مفرد: چھے بار، مرکب: چھے بار]۔
۲۔ ہَوا [۲،۱] : چھیالیس بار [مفرد: ستّرہ بار، مرکب: انتیس بار]۔

ہواخواہ : ایک بار۔ ہواخواہی : ایک بار۔
ہواداروں : ایک بار۔

(۸) آہ کا کس نے اثر دیکھا ہے!	ہم بھی ایک اپنی ہوا باندھتے ہیں	ص ۱۸۱
(۹) گر غبار ہوئے پر ہوا اُڑا لے جائے	وگرنہ تاب و تواں بال و پر میں خاک نہیں	ص ۱۸۳
(۱۰) اک شرر دل میں ہے، اُس سے کوئی گھبرائے گا کیا	آگ مطلوب ہے ہم کو، جو ہوا کہتے ہیں	ص ۱۸۸
(۱۱) نہ پوچھ سینۂ عاشق سے آبِ تیغِ نگاہ	کہ زخمِ روزنِ در سے ہوا نکلتی ہے	ص ۲۱۸
(۱۲) اُڑتی پھرے ہے خاک مری کوے یار میں	بارے، اب اے ہوا! ہوسِ بال و پر گئی	ص ۲۳۳
(۱۳) سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں؟	ابر کیا چیز ہے؟ ہوا کیا ہے؟	ص ۲۳۸
(۱۴) ہے ہوا میں شراب کی تاثیر	بادہ نوشی ہے بادپیمائی	ص ۲۵۱
(۱۵) بھوکے نہیں ہیں سیرِ گلستاں کے ہم، ولے	کیوں کر نہ کھائیے کہ ہوا ہے بہار کی	ص ۲۵۱
(۱۶) انھیں کی سالگرہ کے لیے بناتا ہے	ہوا میں بوند کو ابرِ تگرگ بار، گرہ	ص ۲۷۹
(۱۷) اُس شعلے نے گلگوں کو جو گلشن میں کیا گرم	پھولوں کو ہوئی بادِ بہاری وہ ہوا گرم	ص ۳۳۸

دیکھیے: (۱۸) پردۂ ہوا۔ (۱۹) پیمانۂ ہوا۔ (۲۰) خوبیِ ہوا۔ (۲۱) سوارِ ہوا۔ (۲۲) طوفانِ ہوا۔ (۲۳، ۲۴)
فیضِ ہوا [دوبار]۔ (۲۵) لطفِ ہوا۔ (۲۶) یک بام و صد ہوا۔ [مزید دیکھیے: آب و ہوا]۔

ہوا خواہ:	کیا شمع کے نہیں ہیں ہوا خواہ اہلِ بزم	ہو غم ہی جاں گداز تو غم خوار کیا کریں!	ص ۱۹۱
ہوا خواہی:	نسیمِ مصر کو کیا پیرِ کنعاں کی ہوا خواہی	اُسے یوسف کی بوے پیرہن کی آزمائش ہے	ص ۲۲۳
ہواداروں:	پھر وہ سوے چمن آتا ہے خدا خیر کرے!	رنگ اُڑتا ہے گلستاں کے ہواداروں کا	ص ۲۸
ہواے بام:	ہے نفَس پروردہ گلشن کس ہواے بام کا	طوقِ قمری میں ہے سرو باغ، ریحانِ سفال	ص ۵۲
ہواے پرفشانی:	ہواے پرفشانی برقِ خرمن ہاے خاطر ہے	بہ بالِ شعلۂ بیتاب ہے پروانہ زار آتش	ص ۶۷
ہواے تند:	بجز پروازِ شوقِ ناز، کیا باقی رہا ہوگا!	قیامت اک، ہواے تند ہے خاکِ شہیداں پر	ص ۱۶۷
ہواے جلوۂ ناز:	ہر ایک ذرۂ عاشق ہے آفتاب پرست	گئی نہ خاک ہوئے پر ہواے جلوۂ ناز	ص ۱۶۲
ہواے چمن:	بیگانۂ وفا ہے ہواے چمن ہنوز	وہ سبزہ سنگ پر نہ اُگا کوہکن ہنوز	ص ۳۲
ہواے چمنِ جلوہ:	بہ ہواے چمنِ جلوہ ہے طاؤس پرست	باندھے ہے پیرِ فلک موجِ شفق سے زُنّار	ص ۳

ہوائے چمن نشو و نما: دیکھیے: فیضِ ہوائے چمن نشو و نما۔

ہوائے خرامِ ناز: دل، ہوائے خرامِ ناز سے پھر محشرستانِ بے قراری ہے ص ۲۲۳

ہوائے دل: دیکھیے: تازہ واردانِ بساطِ ہوائے دل۔

ہوائے دلبراں: میں کہا: اے دل! ہوائے دلبراں بس کہ تیرے حق میں رکھتی ہے زیاں ص ۲۶۶

ہوائے دیدار: شکلِ طاؤس کرے آئنہ خانہ پرواز ذوق میں جلوے کے تیرے بہ ہوائے دیدار ص ۱۳۳

ہوائے سرِ رہگزار: دیکھیے: جاں دادۂ ہوائے سرِ رہگزار۔

ہوائے سیرِ گل: ہوائے سیرِ گل آئینۂ بے مہریِ قاتل کہ اندازِ بہ خوں غلطیدنِ بسمل پسند آیا ص ۱۳۳

ہوائے صبح: ہوائے صبح یک عالم گریباں چاکیِ گل ہے دہانِ زخم پیدا کر، اگر کھاتا ہے غم میرا ص ۱۶

ہوائے صیقل: دیکھیے: اعجازِ ہوائے صیقل۔

ہوائے کامرانی: اگر آرزو ہے راحت تو عبث بہ خوں تپیدن کہ خیال ہو تعب کش بہ ہوائے کامرانی ص ۱۰

ہوائے کشتِ وفا: دل سے ہوائے کشتِ وفا مٹ گئی کہ واں حاصل، سوائے حسرتِ حاصل نہیں رہا ص ۱۵۳

ہوائے گفتار: پشتِ لبِ تبسمِ خط کھینچے ہے بیجا، یعنی سبز ہے موجِ تبسم بہ ہوائے گفتار ص ۳

ہوائے گل: (۱) دیکھیے: دل بے ہوائے گل۔ (۲) حلقۂ دامِ ہوائے گل۔

ہوائے گلشن: دیوانگی اسدؔ کی حسرت کشِ طرب ہے سر میں ہوائے گلشن، دل میں غبارِ صحرا ص ۲۶

ہوائے یک نگہِ گرم: جاں، در ہوائے یک نگہِ گرم ہے اسدؔ پروانہ ہے وکیل ترے داد خواہ کا ص ۱۳۹

ہوس[1]: (۱) شر و شورِ آرزو سے تب و تابِ عجز بہتر نہ کرے اگر ہوس پر غمِ بے دلی گرانی ص ۱۰

(۲) بہ ہوس دردِ سرِ اہلِ سلامت تا چند؟ مشکلِ عشق ہوں، مطلب نہیں آساں میرا ص ۲۱

(۳) ہے ہوس محمل بہ دوشِ شوخیِ ساقیِ مست نشۂ مے کے تصور میں نگہبانی عبث ص ۳۳

(۴) شوقِ عناں گسل اگر درپئے جنوں ہوس کرے جادۂ سیرِ دو جہاں یک مژہ خوابِ پا سمجھ ص ۴۲

(۵) اے ہوس! عرضِ بساطِ نازِ مشتاقی نہ مانگ جوں پرِ طاؤس یکسر داغِ مشک اندودہ ہے ص ۱۰۳

۱۔ ہوس : چوّن بار [مفرد: نو بار، مرکب: پینتالیس بار]۔ ہوس ہا : ایک بار [مرکب]۔

(۶) ہوں خلوتِ فسردگیِ انتظار میں ‏ ‏ وہ بے دماغ، جس کو ہوس بھی تپاک ہے ‏ ‏ ص۱۱۰

(۷) گر نہیں نکہتِ گل کو ترے کوچے کی ہوس ‏ ‏ کیوں ہے گردِ رہِ جولانِ صبا ہو جانا ‏ ‏ ص۱۵۶

(۸) ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا! ‏ ‏ نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا! ‏ ‏ ص۱۵۷

(۹) فروغِ شعلۂ خس یک نفَس ہے ‏ ‏ ہوس کو پاسِ ناموسِ وفا کیا! ‏ ‏ ص۱۵۷

(۱۰) مانگے ہے پھر کسی کو لبِ بام پر ہوس ‏ ‏ زلفِ سیاہ رُخ پہ پریشاں کیے ہوئے ‏ ‏ ص۲۲۶

